

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

ابتدائیہ

دستک	مشتاق احمد قریشی	10
گفتگو	عمران احمد	12
اقراء	طاہر قریشی	19

مغرب سے انتخاب

اُلٹے بانس	اسرار احمد	61
مردِ آہن	سید احتشام	65
نئی شناخت	شیم امان	83

سلسلے وار ناول

دیدبان	ارشد علی ارشد	21
قلندر ذات	امجد جاوید	87
جگت سنگھ	شیم نوید	221

ابن صفی

ابن صفی کا تخلیقی و ادبی رجحان	محمد عارف اقبال (نئی دہلی)	215

پبلشر مشتاق احمد قریشی پرنٹر جمیل حسن مطبوعہ ابن حسن پرنٹنگ پریس ہاکی اسٹیڈیم کراچی
دفتر کا پتا: 7 فرید چیمبرز عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

متفرق کہانیاں

سنگ دل	خلیل جبار	131
پرچھائیں	وقار الرحمن	139
اندھی عقیدتیں	محمد حنیف قادری	143
آخری خواہش	ساحل دعا بخاری	165
پہلا قدم	جاوید احمد صدیقی	169
بند گلی	علی اختر	173
فطری لغزش	خان شفیق	187
نجات رہائی	سویرا فلک	195
جال و صیاد	ریاض بٹ	199

مستقل سلسلے

روحانی علاج	حافظ شبیر احمد	209
خوشبوئے سخن	عمر اسرار	211
ذوق آگہی	عفان احمد	213

خط و کتابت کا پتہ: "آنچل" پوسٹ بکس نمبر 75 کراچی 74200 فون 021-35620771/2
فیکس 021-35620773 ای میل info@aanchal.com.pk

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

دستک

مشتاق احمد قریشی

میں ابن بطوطہ نہیں ہوں.....!

گزشتہ دنوں ہمارے کرم فرما جناب عبدالحمید صاحب جو خود بڑے اچھے شاعر اور ادیب ہیں۔ ملاقات کے لئے گھر تشریف لائے تو انہوں نے بڑی حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔ قریشی صاحب آپ تو بڑے ہی چھپے رستم نکلے ہمیں یہ تو معلوم ہے کہ آپ شاعر بھی ہیں آپ کا ایک شعری مجموعہ بھی کوئی تیس برس پہلے شائع ہو چکا ہے جس پر ملک بھر کے تمام جید نقادوں شاعروں نے آپ کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا تھا۔ اس کے بعد بھی آپ کی نثر کی کتابیں شائع ہو چکی ہیں لیکن کبھی آپ نے ذکر نہیں فرمایا کہ آپ ابن بطوطہ بھی تخلص کرتے ہیں۔ میں نے بڑی حیرانگی سے دریافت کیا حضرت یہ آپ کیا فرمارہے ہیں میں نے تو کبھی ابن بطوطہ کے نام کو بطور تخلص لکھا نہ استعمال کیا یہ خبر آپ کو کہاں سے ملی۔ میرے لئے تو یہ خبر ہے وہ بھی غیر معمولی۔ بولے حیرت ہے قریشی صاحب آپ کے گھر کے سامنے اتنا بڑا بورڈ ناظم صاحب نے لگوا رکھا ہے۔ جس میں جلی حروف میں اردو اور انگریزی میں لکھا ہوا "ابن بطوطہ اسٹریٹ" میں نے ہنستے ہوئے کہا۔ جناب اس سے میرا کیا تعلق' کہنے لگے کیوں آپ کا کیوں تعلق نہیں آپ اسی اسٹریٹ میں رہتے ہیں۔ ارے جناب میں جب آپ کے گھر کی طرف آرہا تھا تو بڑی سڑک پر داخل ہوتے ہی سب سے پہلے اسٹیٹ بنک کی عمارت ملی اس کے ساتھ والی گلی کے آغاز پر تاج الدین صدیقی کے نام کا تختہ لگا ہوا ہے اس کے بعد والی گلی حضرت میر تقی میر کے نام سے منسوب ہے پھر آپ والی گلی ہے جس کو ابن بطوطہ کے نام سے سجایا گیا ہے۔ میں غلط فہمی میں کئی گلیاں آگے نکل گیا آپ کے بعد یا آگے والی گلی کو ابھی کوئی نام نہیں دیا گیا۔ غالباً کوئی سیاسی مجبوری رہی ہوگی کیونکہ گلی کے نکڑ پر ہی ایک حکومتی سیاسی پارٹی کا غالباً دفتر بنا ہوا ہے مجھے ایسا ہی لگا۔ اس کے بعد والی گلی کے نکڑ پر حضرت راغب مراد آبادی قبلہ نام نامی لکھا ہوا ہے اس سے آگے جناب سحر انصاری شاید وہاں رہتے ہوں ان کا نام لکھا تھا اور پھر شاید چراغوں میں روشنی نہ رہی پھر معروف کرکٹرز کے نام پر تسلیم عارف جاوید میاں کے نام لکھے ہوئے ہیں میں لوٹ کر جب آپ کی گلی میں آیا تو میں یہی سمجھا کہ جس طرح میر تقی میر' راغب مراد آباد' سحر انصاری کی ادبی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے غالباً آپ کی پچاس سالہ ادبی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کے نام کی تختی آپ کے گھر کے سامنے لگا کر آپ کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا ہوگا۔ لیکن شاید یہ وہ ابن بطوطہ ہوں گے جو مشہور تاریخ دان جغرافیہ دان عظیم مسلمان سیاح تھے۔ جس نے مراکش سے لے کر ہندوستان اور چین تک کا سفر کیا۔ اس سفر میں وہ جنوبی عرب' یمن' عدن' جنوبی افریقہ' مشرقی افریقہ' ممباسہ' عمان' مصر' شام' ایشائے کوچک ترکی اور بحری راستے ہندوستان کا سفر کیا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

جس میں وہ لنکا، بنگال، کمبوڈیا، پیکنگ، کینٹن، ساٹرا، مالا بار، ظفار، پہنچا تھا یہ وہی معروف سیاح ہوگا جس کے نام سے آپ کی یہ گلی منسوب کی گئی ہے کیا وہ کہیں سے آپ کا کوئی نسبی رشتہ دار تو نہیں تھا کہ آپ کے حوالے سے آپ کے کسی جد امجد کے نام سے آپ کی یہ گلی منسوب کردی گئی ہو۔ میں نے حمید صاحب کی بات پر ہنستے ہوئے کہا جناب آپ بھی تو کم تاریخ داں نہیں ہیں آپ نے تو ابن بطوطہ کی پوری تاریخ ہی بیان کردی ہے۔ یہ تو علاقہ ناظم کا اختیار ہے کہ جسے چاہیں اسے نواز دیں میں کیا میری بساط کیا۔ کہنے لگے نہیں نہیں۔ یہ تو کل اوٹ پہاڑ والی بات ہوئی کہ سامنے کی چیز نظر نہ آئے اور دور کی سوجھے۔ ٹھیک ہے جب اردو ادب کے لوگوں کے نام لیے جارہے ہوں تو ان کے درمیان ایک مسافر ایک سیاح کا نام کچھ مناسب نہیں تھا شاعروں کے ساتھ کسی شاعر کا ہی نام آنا چاہئے تھا یا تو ان کے آگے پیچھے بھی اور دیگر مسافروں سیاحوں کے نام آتے۔ میں نے کہا حضرت کوئی اور بات کیجئے۔ اللہ بڑا مسبب الاسباب ہے وہ ہر عمل سے پہلے اس کے اسباب پیدا کرتا ہے یقیناً اس میں بھی اللہ تعالیٰ کی کوئی نہ کوئی مصلحت ہوگی یہ تو آپ کی محبت ہے کہ آپ نے اس ناچیز کے بارے میں ایسا محسوس کیا مجھے تو میرے محلے والے اس حیثیت سے قطعی نہیں جانتے بس اتنا جانتے ہیں کہ ایک صاحب جو کسی اخبار سے متعلق ہیں اللہ اللہ خیر صلا۔ نہ ہی میں نے کبھی کوشش کی نہ کسی کو تجسس ہوا پھر میں کیسے کسی سے کوئی شکوہ کرسکتا ہوں۔ آپ یہ بتائیں کہ موجودہ حالات میں پاکستان کہاں کھڑا ہے؟

ایک لمبی ٹھنڈی سانس لے کر گویا ہوئے پاکستان۔ یہ ہمارا وطن ہے اس کے لئے بڑی قربانیاں دی گئی ہیں اور عوام اب تک مسلسل قربانیاں ہی دے رہے ہیں اور شاید ایک عرصے تک مزید قربانیاں دیتے رہیں گے۔ مجھے یاد ہے کہ میرے بچپن میں گندم ایک روپے میں ایک من آیا کرتا تھی اس سے ہی اندازہ کرلیجئے کہ دیگر چیزوں کے کیا دام ہوں گے۔ ہاں اس وقت بڑے اچھے عہدیداروں کی تنخواہ سو ڈیڑھ سو روپے ہوا کرتی تھی اگر اس سے حساب کیا جائے تو آگے کی مہنگائی مہنگائی نہیں لگے گی کیونکہ آج اچھے عہدیداروں کو لاکھوں میں تنخواہیں ملتی ہیں۔ اگر تناسب لگایا جائے تو تقریباً اتنا ہی بنے گا۔ ہاں تب میں اور اب میں یہ فرق آ گیا ہے کہ تب حکمران چور ڈاکو لٹیرے نہیں ہوتے تھے خادم ہوتے تھے ملک وقوم کی خدمت کے جذبے لئے ہوتے تھے۔ اب تو خدمت خلق کے نام پر خود اپنی خدمت خلق کرنے والوں نے قبضہ کر رکھا ہے۔ اللہ ہماری اور ہمارے وطن عزیز کی حفاظت فرمائے۔ ہم نے ایک طویل زور دار آمین کہہ کر باتوں کا رخ موڑ دیا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

گفتگو

عمران احمد

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار جس شخص نے ظلم کیا اس پر جس سے معاہدہ ہو چکا یا اس کے حق کو نقصان پہنچایا یا اس کو تکلیف دی اس کی طاقت سے زیادہ دیا اس کی رضا مندی کے بغیر اس سے کوئی چیز لے لی تو میں سے قیامت کے دن جھگڑوں گا۔" (ابوداؤد)

عزیزان محترم ...... سلامت باشد

جس وقت آپ یہ سطور پڑھ رہے ہوں گے ماہ صیام کا ایک عشرہ جسے مغفرت کا عشرہ بھی کہتے ہیں گزر چکا ہوگا اور امت مسلمہ اللہ رب العزت کی رحمتوں کی بارش میں نہا رہی ہوگی کیونکہ یہ اس کا وعدہ ہے بے شک وہ اپنے وعدے میں سچا ہے ہماری بار بار کی نافرمانیوں، گستاخیوں، بغاوتوں کے باوجود وہ ہمیں نواز رہا ہے۔ ہر سال ہمیں رمضان المبارک دکھا نا نوازنا ہی تو ہے اگر وہ ہماری غلطیوں سے صرف نظر نہ کرے تو ہم رمضان کا کوئی بھی عشرہ نہ دیکھ سکیں۔ اس کے باوجود ہم بحیثیت قوم اور امت ناشکرے ہیں۔ اگر ہم نے اس کی رحمتوں سے سبق سیکھا ہوتا اگر قرآن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوتے تو اس ماہ مقدس میں گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی نہ کرتے، مہنگا بیچنے والے دکاندار اور ریڑھی والے باہر سے نہیں آئے وہ بھی ہم سے ہیں اور وہی سب سے زیادہ لوٹ مار کر رہے ہیں اور وہ بھی قسم کھا کر وہ دن قبل ایک خبر جو یقیناً آپ کی نظروں سے بھی گزری ہوگی ایک بار پھر آپ سے شیئر کرنے کو دل چاہتا ہے۔ ایک بھارتی صوبے کی خاتون وزیراعلیٰ جو ہندو ہیں انہوں نے صوبے کی تمام مساجد میں افطار اور سحر کے لئے ہزاروں ٹن چاول تحفہ میں بھجوانے کا اعلان کیا ہے تاکہ اس کی مسلمان رعایہ کسی پریشانی کے بغیر اپنی عبادات کر سکے۔ ایک خبر یہ بھی ہے کہ ملک بھر میں حکومتی دعووں کے باوجود ہر شے کی قیمت میں سو فیصد سے زائد کا اضافہ کر دیا گیا ہے اور کئی شہروں میں سحری اور افطار کے دوران بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے حال پر رحم کرنے کی توفیق دے۔ آمین

نارتھ ناظم آباد کراچی سے شیخ محمد ابراھیم رقم طراز ہیں کسی بھی ڈائجسٹ کے لیے یہ میرا پہلا خط ہے آپ میرا شمار اپنے خاموش قارئین میں کر سکتے ہیں۔ ہاں اپنے بارے میں، میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ نئے افق تب سے میرے زیر مطالعہ ہے جب یہ ابن صفی میگزین تھا اور اس کی ادارت میرے عظیم پسندیدہ مصنف ابن صفی مرحوم اور اظہر کلیم مرحوم (اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کو جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے) کیا کرتے تھے۔ کیا وقت تھا جب ہمیں کیسی کیسی شاہ کار کہانیاں پڑھنے کو ملا کرتی تھیں۔ ایک سے بڑھ کر ایک انتخاب ہوتا تھا پھر ابن صفی میگزین نئے افق میں تبدیل ہو گیا تب بھی اس کے معیار میں کوئی کمی نہ آئی لیکن مشیت ایزدی نے ایک ایک کر کے کئی بڑے لکھنے والے ہم سے چھین لیے پہلے ابن صفی گئے پھر اظہر کلیم ہم سے جدا ہوئے اقبال کاظمی، ایس ایم الیاس، محمد ظفر اور کون کون سے نگینے تھے جو اپنی جگمگاہٹ سے قارئین کے اداس ذہنوں، لمحوں میں روشنی بکھیر دیا کرتے تھے۔ بہر حال محترم مشتاق احمد قریشی المعروف ڈاکٹر ایم اے قریشی نے بھی محترم ابن صفی صاحب کی شاگردی کا خوب حق ادا کیا۔ خود بھی خوب لکھا اور لکھنے والوں سے بھی کیا خوب

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

لکھوایا۔ اب تو انہوں نے بھی اپنی راہ تبدیل کرلی ہے۔ اب وہ فکشن کے بجائے اس راہ پر چل نکلے ہیں جس راہ پر چلنے کی ہر مومن تمنا کرتا ہے اللہ انہیں ان کے ارادوں میں استقامت بخشے، عمران میاں میرے اس ابتدائیہ کو پڑھ کر آپ کو اندازہ ہوگیا ہوگیا ہوگا کہ میں آپ کو برخوردار کہہ سکتا ہوں یعنی میں آپ کا اس وقت کا قاری ہوں جب آپ نے اس عالم فانی میں قدم بھی رنجہ نہیں فرمایا ہوگا۔ تو میاں میرا مقصد آپ کو بچہ جان کر تنقید کرنا نہیں ماشاء اللہ آپ اپنی ٹیم کے ہمراہ اچھی کوشش کررہے ہیں لیکن وہ بات نہیں جو کبھی تھی۔ آپ پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ اس چراغ کو جسے محترم ابن صفی اور آپ کے والد مشتاق احمد قریشی نے روشن کیا جس لو کو مرحوم اظہر کلیم نے تیز کیا آپ بھی اس کی روشنی کو کم نہ ہونے دیں گو آپ اپنے وقت کے مطابق نئے لکھنے والوں کو ترجیح دے رہے ہیں ان کی خوب حوصلہ افزائی بھی کررہے ہیں لیکن صاحبزادے وہ بات کہاں جو میر میں تھی ابھی کچھ پرانے لکھنے والے باقی ہیں جن کے نام نئے افق کی فہرست میں دیکھے برس گزر گئے کبھی کبھار ان سے بھی ملاقات کرادیا کریں گو آپ نئے دور کے ہیں ہوسکتا ہے آپ کا مزاج ان سے نہ ملے لیکن نئی نسل کو ان سے متعارف کرانے، پرانی یادیں تازہ کرنے کے لیے ان سے رابطہ ضرور رکھیں یقین رکھیں آپ کو ان سے اب بھی سیکھنے کو بہت کچھ ملے گا سیکھنے سے مراد آپ پر تنقید نہیں انسان ماں کی گود سے لحد کی آغوش تک سیکھتا ہی رہتا ہے ویسے ایک بات پر تو آپ خراج تحسین کے مستحق ضرور ہیں کہ آپ حب الوطنی پر مبنی تحریروں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں آپ کی چاروں سلسلے وار کہانیاں، دیدبان، قلندر ذات، آتش زیرپا اور حکمت سنگھ اس کی واضح مثال ہیں۔ دوسرے کہانیوں میں ڈلگرتی یعنی فحش نگاری اور عامیانہ پن پر آپ کی گرفت سخت ہے، جس کی وجہ سے نئے افق ایک فیملی میگزین کہلاتا ہے۔ امید ہے آپ میری باتوں کو مائنڈ نہیں کریں گے اور اسے مثبت لیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کی پوری ٹیم کو نیک ہدایت دے اور نئے افق کو ترقی دینے کی صلاحیتوں سے نوازے، آمین۔ اللہ حافظ۔

ناز سلوش ذشے کراچی سے فرماتی ہیں محترم عمران بھیا، اسلام علیکم! امید واثق ہے کہ آپ کا اسٹاف، میرے قارئین اور نئے افق کے وہ تمام نئے ساتھی جو ابھی میرے نام سے واقف نہیں سب خیر خیریت سے ہوں گے۔ پہلے تو میں معذرت خواہ ہوں اپنی اتنی طویل غیر حاضری کے لیے، دیکھیے دیکھیے خفا مت ہوں قصور کچھ حد تک میرا بھی مگر بہت حد تک حالات نے ایسا مصروف رکھا کہ ہر ماہ خط لکھ لینے کے باوجود میں اسے دفتر تک نہیں پہنچا سکی، وجہ تو آپ کو علم بھی ہوگا کہ میری شادی خانہ آبادی ہوچکی ہے اور اس خوب صورت حادثہ کو گیارہ ماہ گزر گئے دوسرا 15 مئی کو اللہ تعالیٰ نے میری گود میں اپنی رحمت اتار دی اور مجھے ماں بننے کا اعزاز دیا۔ 15 مئی کو میری بیٹی پریشے خاشعہ ناصر نے مجھے دنیا کی سب سے بڑی خوشی دی۔ میری سب قارئین سے التماس ہے کہ میری بیٹی کی صحت یابی کے لیے دعا کریں۔ پہلے میں سرحد پار (میرپور آزاد کشمیر) رہا کرتی تھی تو ہر ماہ تواتر سے شامل ہوا کرتی تھی مگر اب جب نئے افق کے شہر (کراچی) میں آگئی ہوں تو طویل عرصہ سے غیر حاضر ہوں۔ وجہ پوسٹ آفس سے دوری بھی ہے کچھ میں اپنے کام خود سے کرنے کی عادی ہوں اور کراچی جاکر پہلے سے قطعاً مختلف ماحول ملا ہے۔ مجھے راستوں کا علم نہیں حالات سب کے سامنے ہیں منٹوں میں کچھ سے کچھ ہوجاتا ہے پھر شادی کے بعد نئے گھر نئی زندگی اور نئے ماحول کو سمجھنے، اس میں ڈھلنے اور اپنے لیے وقت نکالنے میں بہت وقت لگتا ہے اس لیے میں امید کرتی ہوں کہ نا صرف ایڈیٹر صاحب بلکہ میرے سب قارئین میری مجبوری کو سمجھتے ہوئے مجھے معاف کردیں گے۔ وعدہ نہیں کرتی پر ہر ماہ کوشش ضرور کروں گی کہ آپ تک کچھ نہ کچھ پہنچاتی رہا کروں۔ سال سے اوپر نئے افق سے غائب رہی ہوں تو اتنے عرصے میں نئے افق میں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

بہت سی تبدیلیاں بھی دیکھنے کو ملیں بہت سے قارئین بچھڑ گئے بہت سے نئے لوگوں نے ساتھ دیا، کچھ قارئین کے عزیز حالات میں رہے تو بہت سے ساتھیوں کے عزیز و اقارب جہان فانی سے کوچ کر گئے۔ یہی دنیا ہے خود میری پیاری نانو 10 اپریل کو وفات پا گئیں ہمیں دعائیں دینے والے ہاتھ ہمارے لیے فکر مند رہنے والا ایک وجود، ڈانٹنے والے لب، محبت سے دیکھنے والی آنکھیں..... سب مٹی میں جا سوئے۔ آج وہ تو کل ہماری باری ہے۔ نانو کے بغیر ان کا گھر ویرانہ تھا۔ میں خود کو بہلاتی رہی مگر جانے والے واپس کب آتے ہیں۔ ان کے غم میں امی بھی بیمار ہیں قارئین سے التماس ہے کہ پلیز میری امی اور نانو کے لیے خاص طور پر دعا کریں کہ خدا امی کو صحت کاملہ اور نانو کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ اپنی باتیں بہت ہو گئیں اب رسالے کی طرف آتی ہوں گو کہ پچھلے تمام شمارے (تقریباً دو سال سے) میں مصروفیات کی وجہ سے مکمل پڑھ نہیں پائی تھی پر ایک نظر دیکھے ضرور۔ کہانیوں کا انتخاب خوب رہا نیز سرورق بھی منفرد اور جاذب نظر تھے نئے لکھنے والوں کی تعداد میں بھی خاص طور پر اضافہ ہوا اور یہی نئے افق کی انفرادیت ہے کہ نئے آنے والوں کو مایوس نہیں کرتا میں خود کہتی ہوں اگر آج سے سات سال قبل نئے افق میں میری پہلی کہانی شائع نہ ہوتی تو شاید آج میں رائٹر نہ ہوتی۔ جون کا شمارہ ابھی کی طرف الماری میں پڑا تھا سرورق پر کہیں بھی جون کی تپش کا احساس نہیں تھا البتہ درخت کے نیچے بچپن کو دیکھتی اکلوتی آنکھ میں الجھن کی جھلک دیواروں پر دھوپ اتری ہوئی تھی۔ یعنی میرے دل کے ویرانے کی طرح سرورق بھی ویران سا تھا۔ صفحات پلٹتے ہوئے نئے افق کی بہت سی ویب سائٹس کا بھی علم ہوا یہ اچھی بات ہے ساتھ ہی چونکا دینے والی بات نئے افق کی قیمت ہے۔ مارکیٹ میں رسالوں کی اکثریت 50، 60 یا 70 روپے سے بھی تجاوز کر چکی ہے جبکہ نئے افق اتنے برس گزر جانے کے بعد بھی فقط 40 روپے کا ہے جبکہ اس کا معیار صفحات اور تحاریر کا انتخاب بہت سے رسائل سے بڑھ کر ہے۔ سلام ہے عمران بھیا کو کہ جو آج بھی اتنا معیاری پرچہ ہمیں اتنے سستے میں فراہم کر رہے ہیں۔ حالانکہ مہنگائی کے بھوت نے سب کی جان لے رکھی ہے۔ فہرست میں کچھ پرانے ساتھی تھے اور کچھ نئے گو ابھی پریشانی کی وجہ سے کہانیاں نہیں پڑھ پائی۔ پھر بھی یقین سے کہتی ہوں کہ ایک سے بڑھ کر ایک ہوں گی۔ گفتگو کی طرف آتی ہوں خطوط کی تعداد نے بہت مایوس کیا کہاں تو چھ سات سال قبل یہ حال تھا کہ 20، 25 خط شامل ہوا کرتے تھے خوب نوک جھونک اور پیار ملا کرتا تھا بزرگوں کی دعائیں ہمیں حوصلہ دیتی تھیں، صدارتی کرسی کی مبارک باد ملا کرتی تھی اور ہم اکثر اسی چکر میں پرچہ ملنے کے اگلے دن ہی خط لکھنے بیٹھ جایا کرتے تھے اور کہاں آج 9 خط شامل ہیں جن میں سے 5 میرے پرانے ساتھی ہیں۔ طاہرہ جبیں تارا بہن کا صدارتی تبصرہ اچھا لگا انکل فقیر محمد بخش لنگاہ کی صحت کی خرابی کا پڑھ کر دکھ ہوا۔ ان کا تبصرہ بہت منفرد ہوا کرتا تھا۔ جس میں لفظ "کلیہ" مجھے بہت اچھا لگتا تھا۔ اللہ پاک انہیں جلد صحت یاب کرے، آمین۔ ادیب سمیع چمن کی اس بات سے میں بھی اتفاق کرتی ہوں۔ معیاری کہانیوں کے ساتھ بہت سی تحاریر میں نکا کر فحاشی لکھی جاتی ہے بعض کہانیوں پر جنسی ادب ہونے کا گمان ہوتا ہے اور یہ بات میں بہت دفعہ فون پر بھی ادارے کو بتا چکی ہوں پر آج کل کا ادیب نجانے کیوں اسی چیز کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑ گیا ہے۔ ٹھیک ہے ہمارے معاشرے میں یہ سب ہو رہا ہے پر معاشرتی اذیت سے بچنے کے لیے جو لوگ ادب کی طرف آتے ہیں وہ واقعی ذہنی مریض بن جاتے ہیں۔ اس چیز سے نئے اور پرانے سبھی لکھنے والوں کو اجتناب کرنا چاہیے اور ایسی تحاریر سامنے لانی چاہیے جو بالکل منفرد ہوں۔ ابن مقبول انکل، کشمیری بیٹی کا سلام قبول کریں، کبھی آپ نے مجھے کشمیری بیٹی کہا تھا آج بھی وہ محبت بھرا احساس باقی ہے پہلے تو میں اکیلی ناز سلوش ذشے کی پر اب ایک ننھی پری "پریشے خاشعہ ناصر" کی بھی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

آمد ہو چکی ہے سو جو کبھی کبھار لکھنے کا موقع مل جاتا تھا اب وہ سب بھی گیا 24 گھنٹے سارے کے سارے اسی کے ساتھ گزر جاتے ہیں اف کتنا مشکل ہے ماں بننا ...... اللہ پاک ریحانہ سعیدہ کے ماموں اور بشیر احمد بھٹی کے بیٹے کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور ان کا اگلا جہاں آسان کرے آمین۔ عمر فاروق ارشد گفتگو کی جان لگتے ہیں انہوں نے ٹھیک کہا کہ قاری کو تبصرے کا پورا حق ہے کچھ سال قبل میں بھی ایسے تیخ تبصرے کیا کرتی تھی لکھنے والا اپنے انداز سے لکھتا ہے اور پڑھنے والا اپنے انداز سے پڑھتا ہے ٹھیک ہے تنقید کرو مگر ایسی کہ لکھنے والے کا دل نہ ٹوٹنے کیونکہ پڑھنے والا قاری تو ہو سکتا ہے مگر ہر بندہ لکھاری نہیں ہو سکتا۔ رائٹرز کے دل بہت حساس ہوتے ہیں جہاں کوئی چیز پسند نہ آئے اسے بہت محبت سے پوائنٹ آؤٹ کر دینا چاہیے تنقید برائے اصلاح کرو، نہ کہ تنقید برائے تنقید امید ہے سمجھ گئے ہوں گے۔ مارچ کی ایک کہانی شیطانی گروہ کے شیطانی عزائم کا پڑھ کر مجھے مارچ ہی میں کسی نیوز چینل پر نشر ہونے والی وہ خبر یاد آ گئی جس میں مزار قائد کے بارے میں دکھایا گیا تھا مزار قائد میں ہمارے محسن قائداعظم کی اصل قبر (جس کا رستہ اطراف میں ہے) کے پاس زنا اور بدکاری جیسا گھناؤنا کام برسوں سے جاری تھا وہاں موجود سیکیورٹی اور ان کا ہیڈ اس کام کے سرپرست تھے اور جب نیوز چینل والوں نے سارا بھانڈا پھوڑا تو ان کے پاس سوائے بغلیں جھانکنے کے اور کوئی کام نہیں تھا۔ میرا خیال ہے خط کو یہیں روک دینا چاہیے زندگی رہی اور فرصت نے ساتھ دیا تو جلد حاضر ہوں گی۔ سب کے لیے دعا گو۔

(نازو شہر قائد میں آمد، شادی اور پھر ایک ننھی پری کی ماں بننے کی مبارک باد قبول کریں آپ اپنی رائے اے ای میل پر بھی دے سکتی ہیں اگر وقت ملے تو لیکن پہلے اپنے گھر اور بچی کو دیکھیں)

ابن مقبول جاوید احمد صدیقی...... راولپنڈی۔ انتہائی محترم عمران جی اسلام علیکم! سادہ سا برفانی ٹائٹل، نیلگوں اور سفید رنگوں کا امتزاج بڑا اچھا لگا سادگی بھی اچھی چیز ہے۔ فہرست دیکھ کر تسلی ہوئی کہ نئے افق دن بدن بہترین معیار اختیار کرتا جا رہا ہے دستک میں مشتاق صاحب نے جس مسئلہ کو بیان کیا ہے اصل وجہ ہی یہ ہے ہم دوسروں پر انگلی اٹھانے کی بد عادت میں مبتلا ہیں اور یہ نہیں دیکھتے کہ تین انگلیاں تو ہماری اپنی طرف اشارہ کر رہی ہوتی ہیں اور یہ معاشرے میں ناسور اور کینسر کی حیثیت اختیار کر گیا ہے اس کی جڑ دولت کی بھوک، پیسے کا حصول، حقوق العباد کا فقدان اور بے حسی اور ماتم ہی اپنا ہر وقت کرتے رہنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہر معاشرتی برائی سے بچائے اور ہدایت دے آمین۔ گفتگو میں عمران صاحب کے ایڈیٹوریل میں کہاوت نے تو آنکھیں ہی کھول دیں زبردست جناب۔ ستمبر کے پراسرار نمبر کا پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ گفتگو میں پہلے تو جناب محمد بخش صابر لنگاہ کے بیٹے کی شادی کی بے حد مبارک باد اور ان گنت نیک دعائیں۔ میری تمام قارئین اور نئے افق کی مجلس ادارت و کارکنان سے درخواست ہے کہ میرے بیٹے تیسرے اور آخری نمبر کی شادی خانہ آبادی اگست کی آخری تاریخوں میں ہے اس کے لیے خاص برکت اور خیریت کے لیے دعاؤں کی درخواست ہے۔ ریحانہ سعیدہ بیٹی کا تبصرہ بہت اچھا تھا، متوازن اور گہرائی لیے ہوئے۔ شجاع حسین جعفری بھئی ذرا تفصیل سے تبصرہ لکھا کریں پڑھ کر مزہ بھی آئے اور یہ محمد اسلم جاوید صاحب تو بے حد جلدی میں تھے کہ چاند پر جانے والا راکٹ چھوٹ جائے گا۔ منگلا والے ریاض حسین قمر بھی خوب آئے تبصرہ اور باتیں دل کو لگیں۔ عمر فاروق ارشد جی تبصرہ بے حد مختصر تھا مزہ نہیں آیا۔ ریاض بٹ جی اس دفعہ کیوں غیر حاضر ہو گئے اللہ آپ کو کمر کی تکلیف سے نجات عطا فرمائے۔ ادیب سمیع چمن جی اس خاموشی کو توڑنے والے عمران جی کے معاون بھٹی صاحب آ گئے ہوں گے عمران صاحب پرچہ میں کئی تبدیلیاں کر رہے ہیں اور پرچے کو بہترین معیاری پرچوں کے ساتھ لا کھڑا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

کیا ہے۔ اول تو اتنے صفحات کے ساتھ اتنی کم قیمت یقیناً ان لوگوں کی بڑی ہمت ہے۔ بدیسی کہانیوں میں دونوں ہی چونکا دینے والی تھیں۔ پراسرار ہاتھ اچھا رہا مگر ماورائی اور بے حد ہٹ کر کہانی تھی۔ رانگ نمبر معاشرتی برائیوں میں سے ایک کے گرد گھومنے والی کہانی تھی۔ تین سوال خان صاحب کی نصیحت آموز رہی۔ انجانے فیصلے بھی زرین قمر نے انجانے میں ہی لکھی ہے واقعات کو لمبا کھینچ لیا گیا۔ آخری خواہش بے حد فکر انگیز کہانی ہے۔ موضوع عام سا مگر عبرتناک ہے۔ سید عبداللہ پھر غیر حاضر آپ نے ادھورا ناول مکمل کیا یا نہیں کئی پرانے تبصرہ نگار اور لکھاری چھوٹی چھوٹی باتوں پر ناراض ہو کر ہمیں چھوڑ چکے ہیں کیوں بھئی۔ خوشبوئے سخن میں ریحانہ سعیدہ ٹاپ پر تھیں۔ باقی غزلیں بھی اچھی تھیں انشاءاللہ آئندہ ماہ ملاقات ہوگی۔ والسلام

ساحل دعا بخاری..... بصیر پور۔

محترم عمران احمد قریشی، السلام علیکم! آگ اگلتے سورج کے آگے سفید اور سرمئی بادل سایہ فگن تھے ہلکی ہوا سرمستی کی مانند سرسراری تھی سامنے انار کے درخت سے جھانکتے سرخی مائل سبز اناروں پر گلہریاں دانت بار بار گاڑتی تھیں۔ خاموش فضا میں گاہے بگاہے کوئل کی پیاسی کوک دراڑیں ڈال جاتی تھیں ایسے میں نئے افق ملا تو ہم خود بھی جھوم اٹھے، سرورق ہمارے خوابوں کی عکاسی کر رہا تھا سحر انگیز..... دستک میں مشتاق انکل ہمارے اذہان پہ دستک دے رہے تھے مگر بہت کم جگہ اس دستک کو شرف باریابی نصیب ہوتی ہے پھر گفتگو میں جھانکا عمران بھائی نے بجا فرمایا کاش ہم کو بھی مخلص حکمران نصیب ہوں لیکن یہ نہ تھی ہماری قسمت کرسی صدارت ریحانہ سسٹر کے حصے میں آئی اچھا لکھا آپ نے، عالیہ انعام الٰہی ویلکم بیک اب آتی رہیے گا ہماری ہم نام دعا مسلم غصے میں تھیں۔ شجاع صاحب اور ریاض حسین قمر یاد رکھنے کا شکریہ ہمارے فیورٹ عمر فاروق کا تبصرہ قدرے مختصر تھا ریاض بٹ اور ادیب سمیع ناصر نے بھی اچھا لکھا آتش زیر پا اصل رائٹر کے ہاتھ سے نکل کر سنبھل نہیں پائی اور تیزی اتنی جلدی دی اینڈ۔ حالانکہ کہانی ابھی مزید پھیلاؤ مانگتی تھی کئی ایک جھول بھی تھے مثلاً پاوندوں پہ حملہ کرنے والے نزدگالوں کو سرے سے نظر انداز کر دیا گیا ذیشان اور بابا کی مرشد کا دم سادھ لینا سمجھ میں نہیں آیا اتنی زبردست کہانی کا اینڈ نہایت عجلت میں کر دیا گیا کاش بھٹی صاحب خلیل نہ ہوتے تو ہم اتنی سحر انگیز تحریر سے محروم نہ ہوتے خیر دیدبان اچھا سلسلہ ہے۔ شافی کا کردار بہت اچھا جا رہا ہے روشن نواز کی بجائے عاصم نواز کی بات ماننی چاہیے اور ڈیوڈ کاش ہم اپنے ہاتھ سے اس کی گردن مروڑ سکیں جگت سنگھ نے سزا بھگت لی رہا بھی ہو گیا اور اب پھر دیو کے لیے برسرِپیکار ہے۔ مختصر کہانی تین سوال بہترین رہی۔ اللہ بزرگ و برتر ہر کسی کی ہر قسم کی پریشانی دور فرمائے اور ہر جائز حاجت پوری کرے آخر میں سب کو سلام اور بہت ساری دعائیں اور عید مبارک۔

مبارک حسین چیچہ وطنی سے لکھتے ہیں۔

محترم عمران احمد قریشی! السلام علیکم، سب سے پہلے تو اتنا معیاری پرچہ نکالنے پر مبارکباد قبول کریں۔ جولائی کا شمارہ حسب معمول وقت مقررہ پر مل گیا تھا، سرورق ہمیشہ کی طرح دیدہ زیب اور منفرد تھا سب سے پہلے مشتاق احمد قریشی صاحب کی دستک پڑھی انہوں نے بالکل بجا فرمایا کہ معاشرتی برائیوں میں ہر شخص مجرم ہوتا ہے۔ اگر ہر شخص خود اپنا احتساب کرلے تو معاشرے سے تمام برائیوں کا خاتمہ ہو جائے آج ہر شخص اپنے گریبان میں جھانکنے کے بجائے دوسروں پر تنقید کرنے پر لگا ہوا ہے۔ گفتگو میں ریحانہ سعید کو صدارتی کرسی سنبھالنے پر مبارکباد، گفتگو کے تمام غیر حاضر ساتھی جلد از جلد حاضری لگوائیں۔ "اقرأ" میں طاہر قریشی آداب معاہدہ کے حوالے خوب صورت بیان دیتے ملے۔ اب بات ہو جائے کہانیوں کی سب سے پہلے اپنا پسندیدہ ناول جگت سنگھ پڑھا جس کو تہمینہ نوید انتہائی اچھے طریقے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

سے آگے لے جا رہے ہیں۔ اس کے بعد ”آتش زیر پا“ کا انتہائی خوب صورت اختتام کرنے پر بدر سعید کو مبارک باد۔ ”دیدبان“ بھی انتہائی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اب دیکھیں آگے کیا کیا راز فاش ہوتے ہیں۔ مغرب سے دونوں انتخاب اچھے تھے۔ جبکہ متفرق کہانیوں میں محمد اعظم خان کی آخری خواہش نمبرون رہی، باقی بھی اچھی تھیں۔ خوش بوئے سخن اور ذوق آگہی میں تمام انتخاب لاجواب تھا کسی ایک کی تعریف کرنا دوسرے سے زیادتی ہوگی۔ آخر میں دعا ہے کہ اللہ نئے افق کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین۔ والسلام

حسن اختر پریتم...... کراچی۔ محترم و مکرم جناب عمران احمد صاحب سلام شوق امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔ امید واثق ہے آپ اور آپ کا ساتھی عملہ پوری لگن اور تندہی سے مصروف کار ہوں گے۔ اللہ رب العزت آپ سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور سب کو ڈھیروں خوشیاں عطا فرمائے۔ خوب صورت ٹائٹل والا جولائی کا شمارہ میرے سامنے ہے۔ بزرگوار جناب مشتاق احمد قریشی صاحب کی دستک ہمارے لیے چشم کشا ہے۔ گفتگو کے آغاز میں آپ نے جو احادیث ہم تک پہنچائی ہے ان سے ایمان کو بہت تازگی نصیب ہوتی ہے آقا کریم کی زبان سے نکلا ایک ایک لفظ ہی ہمارے دلوں کا زنگ صاف کرنے کے لیے کافی ہے۔ اقرا میں جناب طاہر قریشی صاحب ہمیشہ ہی ہمارے لیے زندگی گزارنے کے سنہرے اصولوں سے متعلقہ احادیث سے ہماری رہنمائی فرماتے ہیں۔ قسط وار کہانیاں اپنی مثال آپ ہیں خاص کر امجد جاوید کی قلندر ذات ٹاپ پر جارہی ہے۔ باقی کہانیاں اور مغرب سے انتخاب اپنی اپنی جگہ پر خوب ہیں۔ تمام مصنفین لائق صد مبارک باد ہیں۔ روحانی مسائل کا حل دکھ درد کے ماروں کے لیے اچھا سلسلہ ہے۔ خوشبوئے سخن میں تمام غزلیں خوب تھیں، ذوق آگہی میں بھی تمام دوستوں کا انتخاب خوب تھا۔ نیک تمناؤں کے ساتھ اللہ حافظ۔

محمد شفا کورنگی، کراچی۔ السلام علیکم! دعا ہے کہ اللہ پاک نئے افق کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ جولائی کا سرورق انتہائی دلکش تھا۔ مصور کو ڈھیروں مبارک باد۔ مشتاق احمد قریشی صاحب کی دستک حسب سابق لاجواب ہے۔ گفتگو میں حدیث نے دل میں روشنی کی ایک لہر بھر دی۔ گفتگو میں صدارتی کرسی ریحانہ سعید نے حاصل کی مبارک باد۔ آپ کا تبصرہ دل سے پسند کیا گیا۔ بڑا بھرپور تبصرہ تھا۔ اقرا میں جناب طاہر احمد قریشی نے دینی سبق پیش کرکے دل کے سوتے جگا کر رکھ دیے۔ روحانی علاج دکھی بہن بھائیوں کی بھرپور خدمت ہے۔ خوشبوئے سخن طاہرہ اسرار صاحب نے بھرپور لگن سے سجائی۔ ذوق آگہی کا تمام انتخاب اچھا تھا۔ میری طرف سے عفان احمد کو دعائیں اور مبارک باد کا پیغام پیش ہے۔ شمیم نوید کی ”جگت سنگھ“ اچھی جا رہی ہے۔ مگر کلچر اور ثقافت غیر مذہب کے بجائے اپنے مذہب اور علاقے سے بھی لی جاسکتی ہے جس سے کہانی کو چار چاند لگ جاتے۔ میری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ والسلام

زین الدین شانی...... ریلوے کالونی، کراچی۔ السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ کیسے مزاج ہیں سب ساتھیوں کے امید ہے کہ بخیریت ہوں گے۔ جولائی کے شمارے کا ٹائٹل بھی حسب معمول اچھا تھا۔ خطوط کی محفل ہمیشہ کی طرح مہک رہی تھی۔ تبصرے ایک سے بڑھ کر ایک تھے۔ مختصر تحریریں بہترین تھیں۔ خصوصاً مغرب سے جو انتخاب ہوتا ہے وہ دل کو بھا جاتا ہے۔ اب رہ گئی میری فیورٹ کہانی ”قلندر ذات“ تو جناب ہمیشہ کی طرح اس بار بھی یہی ٹاپ پر تھی۔ لکھاری بہت بہترین انداز میں تصویر کے دونوں رخ ہمیں دکھاتے جارہے ہیں۔ امید ہے کہ آنے والے دنوں میں مزید نکھر کر سامنے آئے گی۔ اب آتا ہوں غزلوں کی جانب۔ تمام ساتھیوں کا انتخاب خوب تھا۔ شمارے کو مجموعی طور پر اچھا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

کہہ سکتے ہیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ نئے افق کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور ہم سب کو صراط مستقیم پر رکھتے ہوئے اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

ثمینہ پیرزادہ خدا کی بستی حیدر آباد سے فرمائی ہیں۔ جولائی کا نئے افق ملا آپ نے گفتگو میں درست فرمایا کہ یہ چھاتے سورج کی تپش کو کم کرنے کا سبب بنے گا واقعی حیدرآباد جہاں سورج سوا نیزے پہ آجاتا ہے ہر طرف آگ برستی محسوس ہوتی ہے نئے افق نے مجھے تو ایک دن کے لیے موسم کے احساس سے چھٹکارا دلا یا دیکھ دن اس لیے لکھا کہ میں پورا پرچا ایک ہی دن میں ایک ہی نشست میں پڑھ لیتی ہوں اپنے میاں کے گھر آنے سے پہلے پہلے، پھر پیرزادہ صاحب آتے ہی قبضہ کر لیتے ہیں ہاں بیا آپ حالات کا جو تجزیہ کرتے ہیں اس وقت آپ کے لہجے میں اتنی تلخی اتنی کاٹ ہوتی ہے کہ بعض اوقات مجھے (دیگر قارئین کا نہیں کہہ سکتی) خود سے شرم اور خوف آنے لگتا ہے آپ کو پڑھ کر یوں لگتا ہے جیسے واقعی ہم کسی عذاب سے دوچار ہیں کسی کی بددعا کا شکار ہیں واقعی میں آج ہم اپنے پڑوسیوں سے وہ ہم سے خوف زدہ محسوس ہوتے ہیں سمجھ میں نہیں آتا ہم کس طرف جا رہے ہیں کیا واقعی وہ وقت آگیا ہے جس کا ہم سے وعدہ کیا گیا ہے کیا دنیا ختم ہونے کو ہے آپ درست کہتے ہیں اللہ ہم پر رحم کرے بلکہ ہمیں خود اپنے پر رحم کرنا چاہیے گفتگو میں عالیہ انعام لیے بہت عرصہ بعد میں ان کی آمد اچھی لگی ان کا انداز تحریر ان کی سلجھی ہوئی گفتگو مجھے بہت اچھی لگتی ہے عالیہ آپ ہر ماہ لکھتی رہا کریں دیکھیں آپ کو دیکھ کر مجھ جیسی خاموش پڑھنے والی کو بھی زبان مل گئی ہے آپ یقین کریں کہ یہ کسی بھی ڈائجسٹ میں میرا پہلا خط ہے بہر حال ایک غیر حاضری نہ کیا کریں، بہت عرصہ ہوا آپ کی کوئی نظم بھی نہیں آئی لہٰذا آئندہ ماہ..... آپ سمجھ گئی نا، ریحانہ سعید والا ہور کا خط بھی خوب صورت تھا اچھا لگا ریحانہ جی بہت دنوں سے کوئی کہانی نہیں آئی کیا بات ہے؟ اس ماہ کی کہانیوں میں بھیانک چہرہ اور پراسرار ہاتھ بالکل بچکانہ لگیں ایسی کہانیوں سے گریز کیا کریں۔ ہمارے حیدرآباد کے بھائی خلیل جبار بہت اچھے جا رہے ہیں قسط وار ناول تمام کے تمام بہت ہی اچھے جا رہے ہیں۔ اللہ زور قلم زیادہ کرے آمین

مصنفین سے گزارش

- ☆ مسودہ صاف اور خوشخط لکھیں۔
- ☆ صفحے کے دائیں جانب کم از کم ڈیڑھ انچ کا حاشیہ چھوڑ کر لکھیں۔
- ☆ صفحے کے ایک جانب لکھیں۔
- ☆ خوشبوئے سخن کے لیے جن اشعار کا انتخاب کریں شاعر کا نام ضرور تحریر کریں۔
- ☆ ذوق آگہی کے لیے بھیجے جانے والے تمام انتخاب کے کتابی حوالے ضرور دیں
- ☆ فوٹو اسٹیٹ کہانی قابل قبول نہیں ہوگی۔ اصل مسودہ ارسال کریں اور فوٹو اسٹیٹ کروا کر اپنے پاس محفوظ رکھیں کیونکہ ادارے نے ناقابل اشاعت کہانیوں کی واپسی کا سلسلہ بند کر دیا ہے۔
- ☆ مسودے کے آخری صفحہ پر اردو میں اپنا مکمل نام پتا اور موبائل فون نمبر ضرور خوشخط تحریر کریں۔
- ☆ کہانیوں پر آپ کے تبصرے ہمیں ہر ماہ کی 2 تاریخ کو وصول ہو جانے چاہئیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

اقرأ

ترتیب: طاہر قریشی

گزشتہ سے پیوستہ

آداب معاہدہ

اللہ تعالیٰ نے جس دین کامل کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ انسانوں تک پہنچایا ہے اس میں ایمان کے بعد جن باتوں پر بہت زیادہ تاکید بیان کی گئی ہے وہ اچھے اخلاق اختیار کرنا ہے اور برے اخلاق سے حفاظت کرنا ہے۔

انسان کی زندگی میں اخلاق کی بڑی اہمیت ہے اگر انسان کے اخلاق اچھے ہوں تو اس کی اپنی زندگی بھی قلبی سکون اور خوش گواری سے گزرے گی اور دوسروں کے لیے بھی اس کا وجود رحمت اور چین کا باعث ہوگا اور اگر انسان کے اخلاق برے ہوں تو وہ خود بھی زندگی کے لطف و مسرت سے محروم رہے گا اور جن لوگوں سے اس کا واسطہ اور تعلق ہوگا ان کی زندگیاں بھی بدمزہ اور تلخ ہوں گی۔ یہ تو خوش اخلاقی اور بداخلاقی کے دنیاوی زندگی میں ظاہر ہونے والے نتائج ہیں جن کا ہر انسان اپنی روزمرہ زندگی میں مشاہدہ کر رہا ہے لیکن مرنے کے بعد آنے والی ابدی زندگی میں اچھے اور برے اخلاق کے اس سے زیادہ اہم نتائج نکلنے والے ہیں۔ خوش اخلاقی کا نتیجہ ارحم الراحمین کی رضا اور جنت ہے اور بداخلاقی کا انجام خداوند قہار کا غضب اور جہنم کی آگ ہے۔

ان ہی اخلاقی خوبیوں میں سے ایک خوبی عہد کی پابندی ہے۔ جس کے بارے میں سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۳۴ میں فرمایا۔

ترجمہ: ”اور تم عہد کو پورا کیا کرو بے شک عہد کے بارے میں قیامت کے دن پوچھا جائے گا۔“

اس بارے میں تین الفاظ بولے جاتے ہیں۔ وعدہ، عہد اور معاہدہ۔

وعدہ اور عہد دونوں عربی زبان کے الفاظ ہیں دونوں کا معنی تقریباً ایک جیسا ہے یعنی قول و قرار کسی بات کو پختہ کر کے طے کر لینا لیکن اردو زبان میں ان دونوں لفظوں کے استعمال میں کچھ فرق بھی کر لیا جاتا ہے۔ اگر کسی بات کو عام انداز میں ذکر کر دیا جائے تو وعدہ کرنا کہتے ہیں اور بہت ہی پختہ کر دیا جائے تو عہد کہتے ہیں اور جب دو انسانوں یا دو قوموں کے درمیان کوئی بات طے ہو جائے تو اسے معاہدہ کہتے ہیں اور کبھی یہ فرق بھی کیا جاتا ہے کہ اگر ایک شخص یکطرفہ قول و قرار کرے تو اسے وعدہ کہتے ہیں اور دو طرف سے قول و قرار ہو تو اسے عہد کہتے ہیں۔ عہد دو طرح کے ہیں ایک وہ عہد جو بندے اور اللہ کے درمیان ہو جیسے ازل میں بندہ کا یہ عہد کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہمارا رب ہے اس عہد کا اثر یہ ہوتا ہے کہ انسان پر اللہ کی اطاعت لازم ہو جاتی ہے۔ یہ عہد تو اسلامی تعلیمات کے مطابق ہر انسان نے ازل میں کیا ہے اور پھر دنیا میں وجود میں آنے کے بعد مومن کا عہد جو اس نے کلمہ شہادت کے اقرار کے ذریعہ کیا ہے اس معاہدہ پر عمل کرنا بہرصورت واجب ہے۔

دوسری قسم عہد کی وہ ہے جو ایک انسان دوسرے انسان سے کرتا ہے اس میں تمام تجارتی معاملات سیاسی اور دوسرے تمام معاہدوں کی صورتیں شامل ہیں۔ اس قسم کے تمام عہد اگر ان میں اسلامی تعلیمات یعنی احکام شرعیہ کے خلاف کوئی بات نہ ہو تو ان کا پورا کرنا بھی واجب ہوتا ہے اور اگر اس عہد میں کوئی خلاف شرع بات ہو یا غیر شرعی کام کا عہد کیا ہو تو

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

دوسرے فریق کو اطلاع کر کے اس معاہدہ کو ختم کر دینا واجب ہے۔ اگر کوئی سے دو فریق کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا معاہدہ کر لیں پھر ایک فریق معاہدہ پر عمل نہ کرے تو عدالت میں دعویٰ دائر کر کے معاہدہ پر عمل کرایا جا سکتا ہے۔

اگر کوئی شخص کسی سے یکطرفہ وعدہ کر لیتا ہے کہ میں آپ کو فلاں چیز دوں گا یا فلاں وقت آپ سے ملوں گا یا آپ کا فلاں کام کر دوں گا۔ اس کا پورا کرنا بھی انسان کے ذمہ واجب ہوتا ہے بسا اوقات وعدہ کو بھی عہد کے مفہوم میں داخل سمجھا جاتا ہے لیکن پھر بھی وہ فرق موجود رہے گا کہ اگر یکطرفہ وعدہ یا عہد ہو تو اسے عدالت کے ذریعہ جبراً پورا نہیں کروایا جا سکتا جب کہ دو طرفہ معاہدہ میں عدالت سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

یکطرفہ عہد یا وعدہ کی پابندی بھی شرعاً لازمی ہے۔ اگر کوئی شخص بلا عذر شرعی عہد کی پابندی نہ کرے وہ شرعی طور پر گنہگار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں جواب دہ ہوگا ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ: "اور تم عہد کو پورا کرو بے شک عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا۔"

اور سورۃ المومن کے آغاز میں مومنین کی فلاح و کامیابی کے جو اصول بیان فرمائے ان میں ایک اصول آیت نمبر ۸ میں فرمایا۔

ترجمہ: "اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کا خیال رکھتے ہیں۔"

طبرانی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ العدۃ دین۔ "یعنی وعدہ بھی ایک طرح کا قرض بنتا ہے۔" لہٰذا اگر کسی کو کچھ دینے کا یا کسی کا کام کرنے کا عہد کیا جائے تو پھر اسے پورا کرنا اپنے اوپر قرض کی طرح سمجھنا چاہیے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود اپنی زندگی میں عہد کی پابندی کس قدر فرماتے تھے اس کا اندازہ ابوداؤد کی اس روایت سے ہوتا ہے جس کے راوی عبداللہ بن ابی الحمساء ہیں کہتے ہیں کہ اس دور کی بات ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کا اعلان نہیں فرمایا تھا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے خرید و فروخت کا ایک معاملہ کیا جو کچھ میں نے دینا تھا اس کا کچھ حصہ میں نے دے دیا اور کچھ ادا کرنا باقی رہ گیا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ کیا کہ میں باقی حصہ ابھی اسی جگہ لے کر آتا ہوں۔ پھر میں بھول گیا اور تین دن بعد مجھے یاد آیا میں اسی وقت وہ لے کر وہاں پہنچا عبداللہ بن ابی الحمساء کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی جگہ موجود ہیں۔ آپ نے فرمایا۔

ترجمہ: "تم نے مجھے بڑی مشکل اور مشقت میں ڈالا میں تمہارے انتظار میں تین دن سے یہاں ہوں۔"

(جاری ہے)

بشکریہ: "درس حدیث" مولانا حافظ فضل الرحیم اشرفی

نائب مہتمم واستاد الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

قسط نمبر 3

دیدبان

ارشد علی ارشد

صیہونی قوتیں صدیوں سے مسلم امہ کے خلاف ہر محاذ پر سرگرم ہیں۔ مسلمانوں میں جنم لینے والے فرقوں اور فسادات کے پس پشت میں بھی انہی کا ہاتھ کارفرما ہے۔ کبھی ان کی سازشیں حسن بن صباح کے روپ میں سامنے آتی ہیں تو کبھی غلام احمد قادیانی کی شکل میں خلافت ترکی کا خاتمہ کر کے انہوں نے پورے عالم کو مختلف ٹکڑوں میں تقسیم کیا اور اب ان کا نشانہ مسلم دنیا کی واحد ایٹمی طاقت پاکستان ہے' جو ہمہ وقت خار کی طرح تکلیف پہنچا رہا ہے زیر نظر ناول انہی سازشوں کے پس منظر میں ہے۔ گو اس کے حالات و واقعات خیالی ہیں' اس کے کسی کردار و علاقہ کا تعلق حقیقت سے نہیں ہے لیکن اس کا تھیم اور خمیر اصل واقعات سے ہی اٹھایا گیا۔

وطن پرستوں کے لیے بطور خاص دلوں کو جھنجوڑتا ہوا ایک دلچسپ ناول

سارے انسان میٹھا یا پھر نمکین پسند کرتے۔ پانی کے وسیع چشموں کو چھیڑتے وقت اس نظام قدرت کو سامنے رکھا گیا تھا تاکہ بات بھی بن جائے اور حالات بھی حد سے زیادہ نہ بگڑے۔ گویا سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔ کامیاب تجربے کے بعد یہ بات واضح ہوئی تھی پانی کا اثر کسی پر ستر فیصد ہوا تھا کسی پر پچاس اور کسی پر دس فیصد اپنا کرتب دکھایا تھا۔ کئی بندوں کو چھیڑا تک نہیں تھا۔ اس طرح ڈاکٹرز کے پاس مختلف اوقات میں مختلف مریض آتے تھے جن کی کوئی مدت بھی معین نہیں تھی۔ کبھی کوئی ایک مریض مہینے بھر میں آجاتا تھا اور کبھی اس سے بھی زیادہ عرصہ بیت جاتا تھا۔ اسپتال کی لیبارٹری ٹیسٹ نے بہرحال لوگوں کے دل و دماغ میں یہ بات بٹھا دی تھی کہ چشموں کا پانی اب سو فیصد صاف و شفاف نہیں رہا۔ دیہات میں مختلف باتیں محو گردش تھیں۔ جن لوگوں کا جنوں پریوں پر عقیدہ پہلے سے پختہ تھا وہ ہر جگہ کہتے تھے۔

پہاڑوں سے نکلتے وقت کسی ناراض جن نے پانی کو آلودہ کر دیا ہے۔ اب یہ پانی پہلے جیسا صاف نہیں ہو سکتا۔

جوزف اینڈ کمپنی سیکڑوں دیہات میں عمدگی سے نیسلے کا منرل واٹر پہنچا چکی تھی۔ ڈاکٹرز اور این جی اوز کی سروے رپورٹ نے بھی ان کا پورا ساتھ دیا تھا۔ اعلیٰ سوسائٹی کے لوگوں نے باقاعدہ گھروں میں دودھ کی طرح پانی کی بڑی بوتلیں منگوالی تھیں اور آتے جاتے سفر میں منرل واٹر کی بوتل ہمراہ رکھنا ضروری سمجھتے تھے۔ منرل واٹر کا استعمال بڑھ رہا تھا۔ ہر چھوٹی بڑی دکان پر نیسلے منرل واٹر کے بیسیوں کارٹن پڑے نظر آتے تھے۔ شہروں میں پہلے سے منرل واٹر بکثرت استعمال ہو رہا تھا۔ بلکہ لوگ منرل واٹر کی بوتل ہاتھ میں رکھنا فیشن سمجھتے تھے۔

پلان کے مطابق جب تمام دیہات، قصبوں اور دور دراز علاقوں میں بھی منرل واٹر کا رواج عام ہو جائے گا تب اس پلان کا اگلا قدم اٹھایا جائے گا۔

پاکستان میں سالانہ شرح اضافہ آبادی 1.8 فی صد ہے۔ مرد و عورت میں نسبت 108 اور 100 ہے یعنی انسان کو تولیدی، دو دو قسم کے جراثیم X کروموسومز اور Y کروموسومز کے ساتھ کام کرتا ہے۔ مرد کے اندر ایکس اور وائی دونوں کروموسومز ہوتے ہیں۔ عورت میں ایک ہوتا ہے۔ اگر مرد کا ایکس عورت کے کروموسومز سے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

ٹکرائے تو اللہ کے حکم سے نومولود مذکر پیدا ہوتا ہے اور وائی ٹکرائے تو مونث۔ منرل واٹر میں ایسے قطرے ملائے جائیں گے جو وائی کروموسوم کو زیادہ اور ایکس کو کم کریں تاکہ پاکستان میں مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی تعداد بڑھائی جائے۔ انہی سیاق وسباق کے ساتھ یہ منصوبہ پورے مسلم ممالک میں جاری وساری تھا۔ ورلڈ بینک اور اقوام متحدہ کی نظر خاص سے چند بڑی کمپنیوں کو اشیائے صرف کے ٹھیکے دیئے گئے تھے۔ ان کمپنیوں نے ہالینڈ کے دارالحکومت ہیگ میں منعقدہ ورلڈ واٹر فورم کو اسپانسر کیا تھا۔ اس میں تار پور جیسے علاقوں میں موجود صاف وشفاف پانی کے قدرتی ذخائر سے مختلف بیماریاں پھیلنے کیا منفی پروپیگنڈہ کیا گیا تھا۔ مصنوعی پانی کی اہمیت اور اس کے استعمال کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا گیا تھا۔ مصنوعی پانی کی خرید وفروخت کے لیے اربوں ڈالرز مالیت کے نئے منصوبے اور طریقے منظور کیے گئے تھے۔

❁ ❁ ❁

شانی دوستوں کے ہمراہ کوئٹہ شہر میں حوالات کی ہوا کھا رہا تھا۔ ان پر لزام تھا کہ انہوں نے ایک معزز خاتون شبری کے گھر میں گھس کر توڑ پھوڑ کی ہے اور اسے ہراساں کیا ہے۔ معزز خاتون ذکیہ بائی نے ڈرامہ ٹیم کھیلی تھی۔ فارم ہاؤس میں مجرا کرنے کے لیے دو لاکھ روپے بھیجے تھے اور وہاں سے لوٹتے ہی ساجد کو فون ملا دیا تھا۔

"ساجد بابو! تمہارے لیے خوشخبری ہے۔"

"تمہاری سب سے اچھی خوبی یہ ہے ذکیہ بائی کہ تم ہمیشہ اچھی خبر سناتی ہو۔ بولو۔"

"مجھے اس کتے کا سراغ مل گیا ہے جس نے تم پر ہاتھ اٹھانے کی گستاخی کی۔" ذکیہ بائی نے لہجے میں نفرت کا بھرپور تاثر دینے کی کوشش کی تھی۔

"یہ بہت بڑی خوشخبری ہے۔ ذکیہ بائی جلدی بولو۔ مجھے میرا انتقام کہیں چین سے بیٹھنے نہیں دیتا۔"

"اب تمہیں چین مل جائے گا ساجد بابو! مگر......"

"مگر کیا ذکیہ بائی؟ جو چاہیے بولو۔"

"اس کے لیے خرچہ کرنا پڑے گا۔ مجھے یہ پتہ ہے وہ کس کے ساتھ رہتا ہے۔ مگر میں یہ جان نہیں پائی وہ کہاں رہتا ہے۔"

"پیسوں کی فکر مت کرو مجھے ہر صورت میں اس کمینے تک پہنچنا ہے۔"

"شانی کا دوست شہزاد کوئٹہ میں ہی رہتا ہے۔ انتہائی عیاش لڑکا ہے۔ مجھے یقین ہے پیسوں کے عوض نہیں شانی تک پہنچا دے گا۔"

"جتنا پیسا مانگتا ہے دریغ مت کرو۔ مجھے ایک بار شانی تک پہنچا دو۔ پھر دیکھو میں کیسے اپنا انتقام لیتا ہوں۔"

"ٹھیک ہے ساجد بابو! ایک دو روز میں شانی تمہارے قدموں میں ہوگا۔"

شہزاد نے اپنی خدمات کے پچاس ہزار روپے لیے تھے۔ ذکیہ بائی نے ساجد سے ایک لاکھ روپے ہتھیائے تھے۔ شہزاد نے اپنا نام خفیہ رکھنے اور ولید کو بچانے کی ضمانت بھی لی تھی۔ شہزاد نے ولید کو بروقت اطلاع دے کر حقائق سے آگاہ کر دیا تھا۔ تین دن بعد پولیس کارروائی میں ولید کے سوا سب دوست تار پور میں موجود تھے۔ انہیں تار پور کی مقامی پولیس نے گرفتار کر کے کوئٹہ پولیس کے حوالے کیا تھا۔

شانی، مظہر، امجد اور فراز بے حد پریشان تھے۔ اچانک آنے والی افتاد سے وہ مکمل طور پر بے خبر تھے۔ تھانے میں شانی کے دوستوں کو سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا گیا تھا۔ جبکہ شانی کو تارچر سیل میں رکھا گیا تھا۔ حوالدار خالد بلوچ، کانسٹیبل اللہ یار اور کانسٹیبل کریم اس کے میزبان تھے۔ شانی کے ہاتھ پشت پر باندھ کر قمیض اتاری گئی تو اس کی مضبوط باڈی دیکھ کر لحظہ بھر پولیس والے ٹھٹک گئے تھے۔ بھاری توند والے اللہ یار نے دبلے پتلے حوالدار خالد بلوچ کی طرف دیکھا تھا۔ 6 فٹ ایک انچ قد، مضبوط کسرتی جسم اور چھلکتی ہوئی بازوؤں کی مچھلیاں دیکھ کر انہیں شانی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کے غیر معمولی ہونے کا احساس ہو چکا تھا۔

ساجد حوالات کے ٹارچر سیل میں داخل ہوا۔ اس کا پہلا تاثر بھی پولیس جیسا تھا۔ تاہم اس کے لیے اطمینان بخش بات شانی کی بے بسی تھی۔ مگر پھر بھی ساجد نے ہاتھوں کے ساتھ پاؤں بھی بندھوا دیے تھے۔ ساجد کے تیور انتہائی خطرناک لگ رہے تھے۔ ساجد کو دیکھ کر پولیس والوں نے بھی شانی کی طرف تیوریاں چڑھالی تھیں۔

ہم نواز نے حالات کا جائزہ لیا اور شانی کو متنبہ کیا۔

"شانی خود پر کنٹرول رکھنا تمہاری کوئی الٹی سیدھی حرکت تمہارے خلاف کیس کو مضبوط کر دے گی۔ میں دیکھ کے آیا ہوں تمہاری ممی نے اذان اور کامران کو اطلاع دے دی ہے یقیناً وہ لوگ ضمانت کا جلد بندوبست کر لیں گے۔"

"میرے کہنے پر رک جاتے تو نوبت یہاں تک نہ پہنچتی۔ اب گھر والوں کو اصل ماجرہ پتہ چلے گا تو کیا سوچیں گے؟ ان کا لاڈلا بیٹا کوٹھوں میں جا کر مجرا دیکھتا ہے، بلکہ شانی کرتا ہے۔" عاصم نواز کی بات انتہائی تلخی کی حد تک تھی۔

اس نے ایک اور کوشش کی تھی کیونکہ شانی کو غلط کاموں سے روکنا عاصم نواز کی اولین ترجیح تھی۔ روشن نواز خاموش تھا کیونکہ شانی جو کچھ کرتا تھا اس میں روشن نواز کی خواہشیں پوشیدہ ہوتی تھیں۔

"ساجد میاں! ہم چلتے ہیں چوئے پیچھے اب یہ تمہارا کیس ہے۔ کیسے نمٹاتے ہو تمہاری مرضی پر منحصر ہے۔" حوالدار خالد بلوچ نے قانون کی ڈور بائیس سالہ ساجد کے ہاتھ تھما کر ایم این اے فاروق بلوچ کے ساتھ وفاداری کا پورا پورا ثبوت دیا تھا۔

ساجد کے ہاتھ میں ہنٹر تھا۔ ٹارچر سیل میں ماحول حبس زدہ ہو گیا تھا۔

"تم کیا سمجھتے ہو مجھ پر ہاتھ اٹھا کر سکون سے رہ پاؤ گے؟ میں نے آج تک کسی سے شکست نہیں کھائی ہے۔"

"دھیرے لہجے میں بات کرنا شانی۔" ہم نواز نے ایک بار پھر شانی کو پرسکون رہنے کی ہدایت کی۔

"اب بولتے کیوں نہیں ہو۔ اس دن تو بہت اچھل کود کر رہے تھے۔" ساجد نے نفرت آمیز لہجے میں پوچھا۔

"دیکھو ساجد ہماری کوئی دشمنی نہیں ہے اور بہتر بھی یہی کہ ہم کوئی دشمنی نہ پالیں ہمیں ......" شانی کی بات ادھوری رہ گئی تھی۔ ہنٹر کی تیز ضرب نے اسے سسکنے پر مجبور کر دیا تھا۔

"میں تم جیسے کمینے شخص سے دوستی کروں گا۔ ذلیل انسان۔" ساجد نے غصے میں کہتے ہوئے ہنٹر ایک بار پھر لہرایا اس بار شانی کے سینے پر دو سرخ نشان واضح نظر آنے لگے تھے۔

"ساجد! ایک بار پہلے اسی غلطی کا مزہ تم چکھ چکے ہو دوبارہ وہ غلطی نہ دہراؤ تو اچھا رہے گا۔"

"کیا کر لو گے تم میرا؟ بولو... تم میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔" ساجد کا غصہ عروج پر تھا۔ اس نے لگاتار ہنٹر برسانا شروع کر دیا تھا۔ ہنٹر کی تیز ضربیں شانی کے صبر کو للکار رہی تھیں۔ ہم نواز اور عاصم نواز اس کی ہمت باندھ رہے تھے۔ شانی نے ہاتھوں کو تیز حرکت دینا شروع کر دی تھی۔ ادھر ساجد غصے میں پاگل ہو رہا تھا۔ اسے اس بات کی کوئی فکر نہیں تھی کہ مسلسل برسنے والے ہنٹر کی ضربیں شانی کے جسم پر کہاں کہاں برس رہی ہیں۔

ساجد پر ایک جنون طاری تھا۔ وہ تابڑ توڑ حملے کر رہا تھا۔ مگر یہ حملے زیادہ دیر جاری نہ رہ سکے۔ درد سے تڑپتے لوٹ پوٹ ہوتے اور ہاتھوں کو مسلسل حرکت دینے سے شانی کے ہاتھ کھل گئے تھے۔ ساجد کو ہوش اس وقت آیا جب ہنٹر کو شانی کے ہاتھوں نے پکڑ لیا۔ ساجد کے چہرے پر حیرت اور خوف منجمد ہو کر رہ گیا۔ شانی پاؤں کھول کر کھڑا ہو چکا تھا۔ کمرے کا دروازہ اندر سے لاک تھا۔

شانی نے زور کا جھٹکا دیا۔ خوف سے کانپتے ہاتھ ہنٹر کو سنبھال نہیں پائے ساجد لڑکھڑا کر فرش پر گر چکا تھا۔

"میں نے کہا تھا نہ یہ غلطی پھر سے مت دہراؤ۔" شانی کا خونخوار لہجہ ساجد کے بدن میں خوف کی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

سنسناہٹ دوڑ رہا تھا۔

"شانی اسے چھوڑ دو۔ کچھ مت کہنا۔ یہ تمہارے حق میں بہت اچھا ہوگا۔" ہم نواز نے شانی کو نئی راہ دکھائی تھی۔

"ساجد سے صلح کر کے معاملہ یہیں رفع دفع کرلو۔"

"میں بزدل نہیں ہوں ہم نواز۔"

"شانی! گندگی میں جتنا ہاتھ مارو اس میں بدبو اتنی تیزی سے پھیلے گی۔"

"ہم نواز ٹھیک کہتا ہے۔ اس گندگی سے دور رہو۔" عاصم نواز اور ہم نواز دونوں نے امن کی کوشش کی مگر ناکام رہے۔ شانی صبر کا دامن چھوڑ چکا تھا۔ کمرہ ساجد کی چیخوں سے گونج رہا تھا۔ ایسے ہی ہنٹر ساجد کے جسم پر بھی پڑے تھے مگر تب چیخیں نہیں صرف سسکیاں تھیں۔ مگر اب بھیانک چیخوں سے کمرہ لرز رہا تھا۔ ساجد کے منہ سے ایسی کربناک چیخیں نکل رہی تھیں کہ ان کا پہچان لینا مشکل تھا۔ باہر والے اندر والوں کی حالت سے بے خبر تھے وہ سمجھ رہے تھے کھیل اب شروع ہوا ہے۔ پانچ منٹ بعد ساجد کی قوت برداشت جواب دے گئی۔ شانی نے غصے سے ہنٹر دیوار پر دے مارا۔ اس کی سانس پھول گئی تھی۔

دروازے پر دستک ہوئی اور حوالدار کی آواز سنائی دی۔

"ساجد میاں! دروازہ کھولو باقی حساب کتاب ہم کر لیں گے۔" قدموں کی چاپ سے شانی نے اندازہ لگایا آنے والے دو یا دو سے زیادہ ہیں۔ اس نے ہم نواز کی طرف سوالیہ نگاہ سے دیکھا۔

"دروازہ کھولنا پڑے گا۔ جو کچھ تم کر بیٹھے ہو اس کی سزا اب بھگتنا پڑے گی۔"

"اب اس سے آگے مزید کوئی غلطی مت کرنا۔" عاصم نواز نے شانی کو یاد دلایا کہ وہ غلطی پہ غلطی کر رہا ہے۔

شانی نے دروازہ کھول دیا اندر داخل ہونے والا پہلا شخص حوالدار خالد بلوچ تھا۔ اندر کا منظر دیکھ کر وہ انتہائی حیرت سے صرف "اوئے" کہہ پایا اس کے پیچھے آنے والے دونوں کانسٹیبل بھی کبھی شانی کو دیکھتے اور کبھی بے ہوش پڑے ہوئے ساجد کو۔ حیرت کے شدید ترین جھٹکے نے ان کی سوچوں اور حرکات پر روک لگادی تھی۔

"کھڑے کیوں ہو۔ پکڑو اس حرامزادے کو۔" حوالدار کی چیختی ہوئی آواز نے انہیں چونکا دیا۔ حوالدار نے شانی کی طرف جھپٹتے ہوئے گالی دی۔

"تیری ماں کی......" گالی کے الفاظ ابھی پوری طرح لبوں سے باہر نہیں نکلے تھے کہ شانی نے غصے میں اسے گریبان سے پکڑ کر ہوا میں معلق کر دیا۔ حوالدار کے منہ سے گھٹی گھٹی آواز نکل رہی تھیں۔ ہوا میں اس کی دونوں ٹانگیں ماہی بے آب کی طرح حرکت کر رہی تھیں۔

"شانی کیا کر رہے ہو؟ پاگل مت بنو چھوڑو اسے۔" عاصم نواز نے اسے سختی سے روکنا چاہا مگر گالی کے الفاظ شانی کے اندر جیسے ہتھوڑے برسا رہے تھے۔ شانی نے عاصم نواز پر انتہائی غصے میں پاؤں رکھ دیا۔ ہم نواز اور روشن نواز بے بسی سے عاصم نواز کا تڑپنا دیکھ رہے تھے۔ شانی نے عاصم نواز کو کچل ڈالا تھا اب وہ کسی بھی قسم کی روک ٹوک سے آزاد تھا۔ دروازہ بند کر کے تینوں اہلکاروں کی اس نے خوب درگت بنائی تھی۔ حوالات کی چابیاں لے کر شانی اپنے دوستوں کے پاس پہنچا اور تیز لہجے میں بولا۔

"چلو جلدی کرو۔ ہمیں تھانے سے بھاگنا ہے۔"

دوستوں نے اس کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا تھا۔

"اگر ہم تمہارے ساتھ فرار ہو گئے تو اس جرم میں برابر کے شریک ہو جائیں گے جو ہم نے نہیں کیا۔"

شانی اکیلا ہی تھانے سے بھاگ آیا تھا۔ اس ساری کارروائی میں دس سے پندرہ منٹ لگے تھے۔ باہر آتے ہی شانی کو ذکیہ بائی کا خیال آیا اسے سبق سکھانا ضروری تھا۔ ساجد نے ہم نواز کو دیکھا وہ بہت الجھا ہوا تھا۔ روشن نواز کی اداسی بھی دو چند تھی۔ جو کچھ ہوا تھا یقیناً ان کی مرضی کے خلاف ہوا تھا مگر شانی ماں کی گالی کیسے برداشت کرسکتا تھا۔ اس نے ہم نواز سے ذکیہ بائی کا پتہ لگانے کے لیے اس کے کوٹھے پر جانے کا حکم دیا۔ ہم نواز نے آکر جو کچھ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اسے بتایا اس سے گرم مزاج شانی مزید آگ بگولہ ہوگیا۔ وہ اب تک یہی سوچ رہا تھا کہ پولیس ان تک کیسے پہنچی ذکیہ بائی کے کوٹھے پر ولید اور شہروز مہوش کی اداؤں سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔ اس بات سے شانی کے سامنے حقیقت کھل چکی تھی۔

جس وقت شانی ذکیہ بائی کے کوٹھے کی طرف اڑا جا رہا تھا اس وقت ٹارچر سیل روم میں سیلیا عاصم نواز کی لاش پر کھڑا قہقہے لگا رہا تھا۔

"میں نے کہا تھا نا آنے والا ہر دن شانی کے لیے تباہی لائے گا۔ اب دیکھو میں اسے ایک منٹ بھی چین سے بیٹھنے نہیں دوں گا۔" سیلیا خوشی سے چلاتے ہوئے بلند قہقہے لگا رہا تھا۔

❁.....❁.....❁

اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان بنا کر نمونے اپنی قدرت سے تخلیق کیے۔ اس کے بعد مختلف مخلوقات کو پیدا فرمایا اور ان کے رزق کا انتظام کیا۔ پتھر میں موجود کیڑے کو بھی رزق اللہ تعالیٰ کے حکم سے پہنچ رہا ہے۔ پھر ایک جیتا جاگتا انسان جسے خود اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات کا لقب عطا کیا ہے وہ کیسے راتوں کو بھوکا سوئے۔ یا قحط زدہ حالت میں مر جائے۔ یہ انسانوں کا پیدا کردہ نظام زندگی ہے۔ مغرب نے کرہ ارض کے تمام وسائل اپنی مٹھی میں جکڑ لیے ہیں اور دھیرے دھیرے ان پر کلی طور سے قابض ہوتا جا رہا ہے۔ قدرتی وسائل پر مغرب ایک سانپ بن کر بیٹھا ہوا ہے اور یہ ایسا زہریلا سانپ ہے جس کا ڈسا پانی بھی نہیں مانگتا۔ آج بھی زمین کے خزانے اور وسائل انسانی آبادی، 6,525,170,264 سے کئی گنا زیادہ ہے۔ زمین کے کل رقبہ 510.072 ملین مربع کلومیٹر میں موجود خزانے اتنے وسیع ہیں کہ انسانی آبادی کو چار سے ضرب دی جائے تب بھی ان کی کمی واقع نہیں ہوگی۔ مغرب جب بھی وسائل کی کمی کا ڈھنڈورا پیٹتا ہے تو اس میں اس کا اپنا مفاد پنہاں ہوتا ہے۔ وہ ایسے حالات پیدا کر رہے ہیں کہ سب کچھ ہوتے ہوئے بھی دنیا کو کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ جنہیں دکھائی دیتا ہے وہ کچھ کر نہیں سکتے۔ جیسے پاکستان کو ہی لے لیجیے! بلوچستان اور سندھ کے معدنی ذخائر پنجاب کی زرخیز ترین زمین اور مثالی نہری انظام پورے پاکستان کے لیے بہت زیادہ ہے اس کے باوجود پاکستان گندم تک درآمد کر رہا ہے۔ یہ حالات کی ستم ظریفی اور ہمارے امریکہ جیسے باصلاحیت دوست کا کمال ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے وسائل یکجا کیے جائیں تو یہ پورے ممالک عالم اسلام کی کفالت کر سکتے ہیں۔ مگر حالات یہ ہیں کہ سعودی عرب مسلسل خسارے میں جا رہا ہے اور اگر سعودی عرب کے فرمانروا شاہ فیصل جیسے رہنما مسلمانوں کے لیے کچھ کرنے کا فریضہ سر انجام دیتے ہیں تو انہیں اس غلطی کی پاداش میں قتل کر دیا جاتا ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو اپنے ملک کے لیے ایٹمی پروگرام کا آغاز کرتا ہے تو اسے تختہ دار پر لٹکا دیا جاتا ہے لیکن مغرب کے ہاتھ خون آلود ہونے کے باوجود چہرہ سفید ہے۔ وہ آزاد ہیں، جنگل میں خونخوار شیر کی طرح جہاں چاہے دہاڑتا پھرے جو مرضی آئے کرے اس پر کوئی روک نہیں ہے۔

نیو ورلڈ آرڈر نے جس کے کرتا دھرتا مغرب کے باسی ہیں انسانی زندگی کو کس طرح متاثر کیا ہے یہ سادہ لوح لوگ کبھی جان نہیں پائیں گے۔ ہر سال کرہ ارض کے موسم میں بڑی واضح تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ یہ تبدیلیاں ہر شخص محسوس کر سکتا ہے۔ تاہم ان کا سبب ہر کوئی نہیں جان پاتا۔ اگرچہ مغربی میڈیا اسے قدرتی عمل قرار دیتا ہے۔ مگر حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اصل میں انہیں اپنے شیطانی منصوبوں پر پردہ پوشی مقصود ہے۔

قدرت انسانیت پر انتہائی مہربان ہے اللہ تعالیٰ نے کرہ ارض کے لیے ایک مضبوط دفاعی نظام قائم کر رکھا ہے۔ سورج کی مہلک شعاعیں مختلف ستاروں اور سیاروں سے آنے والی تابکاری لہریں، الٹرا وائلیٹ ریز جیسی خطرناک شعاعوں سے اگر انسانیت محفوظ ہے تو یہ قدرت

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

کے قائم کردہ دفاعی نظام کی مرہون منت ہے۔
1886-86ء میں امریکی یہودی سائنسدان نکولا ٹیلا اے سی پاور ALTERNATIVE CURRENT بجلی اور اس کی ترسیل کا نظام ایجاد کیا۔ فی سیکنڈ 60 ارتعاشات ہرٹز کی اے سی بجلی کے پاور گرڈ زمین پر پھیل جائیں تو کرہ ارض معمول کی فریکوئنسی 7.8 ہرٹز کی بجائے الگ رفتار سے اچھلنے لگے گا۔ جب یہ 7.8 ہرٹز پر مختلف رفتار سے اچھلے گا تو اس سے ریڈیائی لہریں آیونی زمین کی فضا، اور موسم میں تبدیلی لائے گا۔ ناروے میں قطب شمالی کے پاس مزید تجربات جاری ہیں۔ اگر کامیاب ہوئے تو موسم میں حسب منشا تبدیلی لانا ممکن ہو جائے گا۔

راکٹوں، سپروں کے ذریعے بادلوں پر بیریم پاؤڈر وغیرہ کیمیائی مادہ چھڑک کر دنیا مصنوعی بارش کا نظارہ کر چکی ہے۔ جب کہ بارش کو روکنے کا عمل بھی جاری ہے۔ یوں موسم، پانی، خوراک، دوا اور علاج مغرب مسلسل طور پر قبضے میں کرنے کے لیے آئے روز نئے منصوبے بناتا ہے۔ دوا میں مکمل طور پر ملٹی نیشنل کمپنیوں کے قبضے میں جا چکی ہیں۔ یہ تمام ملٹی نیشنل کمپنیاں یہودیوں کی ملکیت ہیں۔ اب وہ دن دور نہیں جب ڈاکٹر جان کوس کی بات عملی شکل میں نظر آجائے گی۔

تمام ضروری اور غیر ضروری ادویات، معلومات، ڈاکٹرز، نرسوں، ہیلتھ کیئر ورکروں و مشکل پیچیدہ دنیا جنگ میں رہنے دیا جا رہا ہے۔ کوئی دوا یا علاج اس وقت تک تجویز نہیں ہوتی جب تک متعلقہ شہر، گاؤں یا قصبے کا ذمہ دار بیرونی کنٹرولر اس کی تحریری اجازت نہیں دیتا۔

''ہم اندھیرے میں بھٹک رہے ہیں۔ ہمیں داخلی مسائل میں الجھایا جا رہا ہے۔ بھائی بھائی کا دشمن بن چکا ہے۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے خون کا پیاسا ہے۔ کیوں؟ میں پوچھتا ہوں آخر کیوں؟''

سابقہ ڈی ایس پی امجد بخاری کہتے کہتے آخری بات پر آبدیدہ ہو گیا تھا۔ اس کے سامنے بیٹھے ہوئے تین نوجوانوں کے چہروں پر عمیق سنجیدگی در آئی تھی۔

یہ ایک لائبریری نما کمرہ تھا۔ گہری سنجیدگی کے سبب ماحول میں گھمبیرتا کی چادر تنی ہوئی تھی۔ رنجیدہ لہجے میں امجد بخاری محو گفتگو تھا۔

''خفیہ ہاتھ ایسی پلاننگ کرتے ہیں کہ میں خود تیرہ برس پولیس کے انتہائی اہم عہدے پر فائز رہنے کے باوجود کچھ سمجھ نہ پایا تھا۔''

''سر آپ کون سی پوسٹ پر تھے؟''

''میں کوئٹہ میں ڈی ایس پی کے عہدے پر تعینات تھا۔ دوسرے پولیس آفیسرز کی طرح بندھے ٹکے انداز میں ڈیوٹی پوری کر رہا تھا۔ وقت کے کیلنڈر میں ہندسوں کے دن بھرتے ہوئے ایک واقعے نے میری آنکھیں کھول دیں۔ کوئٹہ شہر سے 80 کلومیٹر دور نثار پور میں میرا دوست جمال خان رہتا ہے۔ وہ میرے پاس اپنا مسئلہ لے کر آیا تھا۔ جب میں نے ان کی پریشانی کی وجہ جانی تو ٹیک لگی ہوئی کمر جیسے ڈولتی سی بائیں بھری تھی۔'' امجد بخاری نے لحظ بھر کو اپنے سامنے بیٹھے ہوئے تین نوجوانوں کو دیکھا جن کی عمریں بائیس سے چھبیس سال کے درمیان تھیں۔ وہ پوری توجہ سے اس کی باتیں سن رہے تھے۔ ان کے سامنے تپائی پر چائے کا تھرماس اور چار کپ پڑے ہوئے تھے۔ ایک بار وہ چائے پی چکے تھے۔

امجد بخاری نے انہیں نثار پور اور پراسرار پہاڑیوں میں ہونے والی پراسرار اموات کا پورا قصہ سنایا تھا۔

''جب ہوم منسٹری نے تفتیشی ٹیم اپنی مرضی سے میرے ساتھ روانہ کی تھی میں تبھی شک میں پڑ گیا تھا۔ پھر ٹیم نے جھوٹی رپورٹ بنا کر نثار پور کے لوگوں کو جھوٹے دلاسے دیے تب میرا ضمیر میرے سامنے کھڑا ہو گیا۔ میں ضمیر کی عدالت میں سرخرو نہ ہو پاتا اس لیے استعفیٰ دے دیا اور سیدھا نثار پور کی پہاڑیوں میں جا پہنچا۔''

''سر! کیا واقعی وہاں جن اور پریوں کے مسکن تھے؟'' امجد بخاری کے سامنے کرسی پر بیٹھے ہوئے نوجوان نے پوچھا۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"نہیں قاسم وہاں جن و بھوتوں کا نہیں بلکہ پاکستان دشمن عناصر کا ڈیرہ ہے۔" امجد بخاری کی بات سن کر تینوں نوجوانوں نے چونک کر انہیں دیکھا۔

"سر! کیا وہاں کسی خطرناک گروہ کا خفیہ ٹھکانہ ہے؟" قاسم کے ساتھ بیٹھے ہوئے نوجوان نے تجسس آمیز لہجے میں دریافت کیا۔ اس کے چہرے پر ہلکی داڑھی تھی۔ جسامت کے لحاظ سے وہ دوسروں سے کمزور تھا۔

حمزہ وہاں پاکستان کے دشمنوں کا ٹھکانہ ہے۔ غیر ملکی گروہ ہے جو اپنا کام کر رہا ہے۔

اوہ! تینوں بری طرح چونک پڑے۔ غیر ملکی گروہ۔ انہوں نے یک زبان دہرایا۔ امجد بخاری نے انتہائی گہری نظروں سے انہیں دیکھا۔ تینوں نوجوانوں کے چہروں پر دبا دبا جوش امڈ آیا تھا اور وہ لاشعوری طور پر اپنے اندر بے چینی محسوس کرنے لگے تھے۔ یہ بات امجد بخاری کے لیے اطمینان بخش تھی۔ اسے اپنے انتخاب پر خوشی ہو رہی تھی۔

"ہاں غیر ملکی گروہ جن کا مقصد پاکستان کو ٹکڑوں میں تبدیل کرنا ہے۔"

"ہم ایسے ہاتھ کاٹ دیں گے سر جو پاکستان کی طرف اٹھنے کی جرات کرے گا۔ وہ آنکھ نکال دیں گے جو ہمارے پیارے پاکستان کو ناپاک نظروں سے دیکھے گی۔" تیسرے نوجوان نے کہا۔

"مجھے تم جیسے نوجوانوں پر فخر ہے طلحہ اور مجھے اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل یقین ہے جب تک میرے ملک میں تم جیسے نوجوان موجود ہیں ان شاء اللہ ہمارے پاکستان کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔"

"ان شاء اللہ" حمزہ، قاسم اور طلحہ نے کورس میں پورے دلی جذبات کے ساتھ جواب دیا۔

"سر ہماری ٹریننگ جلد مکمل کروا دیجئے ہم اس گروپ سے ٹکرانا چاہتے ہیں۔"

"ابھی نہیں۔ ابھی ہمارے پاس وہ وسائل نہیں ہیں کہ ہم موساد، بلیک واٹر اور را جیسے پاور فل جدید اسلحہ سے لیس تنظیموں سے ٹکرا سکیں۔"

"تو کیا وہ گروپ..... انہی تین تنظیموں کا مشترکہ گروپ ہے۔" امجد بخاری نے حمزہ کی بات پوری کرتے ہوئے بتایا۔

"تم لوگ اپنی ٹریننگ دل جوئی سے مکمل کرو۔ ابھی مجھے بہت کچھ کرنا ہے جب وقت آئے گا ہم ان شاء اللہ ان سے ضرور ٹکر لیں گے اور ہم انہیں بتائیں گے کہ پاکستان میں منفی سرگرمیوں کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔"

"ہم اس وقت کا بے چینی سے انتظار کریں گے سر ہم ان کا ایسا حشر کریں گے کہ وہ اپنی تنظیموں کے لیے نشان عبرت بن جائیں گے۔"

"شاباش میرے بچوں یہی جذبہ میرے حوصلے کو بے بہا تقویت دیتا ہے۔ میں اعلیٰ حکام پر یقین نہیں کر سکتا۔ میں جانتا ہوں اس گروپ کی پشت پناہی پر ہمارے ملک کے اپنے موجود ہیں۔ مفاد پرست، ضمیر فروش اور فکری بالغ لوگ۔ کچھ لوگ ان کا ساتھ دے رہے ہیں۔ اس لیے میں نے محب وطن پاکستانیوں کا گروپ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ ابھی ہم چھ ہیں چار ہم اور دو ہمارے انسٹرکٹر مگر مجھے بھروسہ ہے اللہ تعالیٰ کی ذات پر کل ہم دس ہوں گے پرسوں بیس اور پھر بہت جلد ہم سیکڑوں ہزاروں میں چلے جائیں گے۔"

"سر! آپ فکر نہ کریں ہم ان شاء اللہ تعداد کے محتاج نہیں ہوں گے۔ ہم میں اتنی ہمت ہے کہ ہم دشمنان پاکستان کو صفحۂ ہستی سے مٹا دیں۔ 1965ء کی جنگ میں اسلحہ نہیں جذبہ لڑا تھا۔ ہمارے نوجوانوں نے توپوں کا جواب توپ سے نہیں دیا تھا جان کا نذرانہ پیش کیا تھا۔ آج بھی وہ جذبہ موجود ہے سر۔ بس موقع ملنے کی بات ہے۔"

"مجھے فخر ہے تم پر میرے وطن کے جانباز جوانو! میں اس بات کا قائل ہوں جنگ میں اسلحہ نہیں جذبہ کام آتا ہے اور ایسا جذبہ نہ پاکستانی فوج میں ناپید ہے اور عوام میں اس کا فقدان ہے۔ مگر فی الحال قلیل تعداد سے میدان میں میں نہیں اترنا چاہتا۔ ہمیں کچھ انتظار کرنا ہوگا۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"ٹھیک ہے سر! آپ ہم سے بہتر سمجھتے ہیں۔"

"آؤ میں کھانے کا کہہ کر آیا تھا یقیناً تیار ہو چکا ہوگا۔" امجد بخاری نے کرسی پیچھے دھکیلتے ہوئے کہا۔ اس کی تقلید میں حمزہ، قاسم اور طلحہ بھی کھڑے ہو چکے تھے۔

❁ ......❁ ❁

حالات و واقعات نے یک دم پلٹا کھایا تھا۔ شانی نادانستگی میں جو کچھ کر چکا تھا وہ اس کے لیے وبال جان بن رہا تھا۔ اس کے ہاتھ میں پچھتاؤں کے سوا کچھ نہیں تھا۔ عاصم نواز اور ہم نواز دونوں نے اسے روکنا چاہا تھا لیکن جذبات میں وہ کسی کی نہ سن سکا اور سنتا بھی کیسے؟ سیلہا نے اپنا کمال فن دکھایا شانی پر کئی قسم کے الزامات عائد ہو چکے تھے۔ اس نے معزز خاتون شیری ذکیہ کے مکان میں گھس کر توڑ پھوڑ کی اور اسے ہراساں کیا تھا۔ حوالدار اور دو کانسٹیبل پر حملہ کیا تھا۔ پولیس تھانے میں قانون کی دھجیاں اڑا کر فرار ہوا تھا اور ایک بار پھر ذکیہ خاتون کے مکان میں جا کر اس کے مہمانوں ولید اور شہزاد کو مار مار کر اسپتال پہنچا دیا تھا۔ پولیس پوری تگ و دو کے ساتھ اس کی تلاش میں سرگرم تھی۔ شانی حوالات سے بھاگا ہوا مفرور ملزم تھا۔ ہم نواز نے گھر کے حالات کا جائزہ لے کر اسے بتا دیا تھا۔

بیگم کلثوم کو جیسے ہی خبر ملی تھی شانی کو دوستوں کے ساتھ ناکردہ جرم میں گرفتار کر لیا گیا ہے تو انہوں نے فوراً تھانے رابطہ کیا تھا۔ مگر وہاں سے پتہ چلا ملزمان کو کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے کیونکہ ان کے خلاف ایف آئی آر کوئٹہ تھانے میں درج کرائی گئی تھی۔ کوئٹہ میں اذان اور کامران سے رابطہ کرنے میں اس نے دیر نہیں کی تھی۔ دونوں نے یقین دلایا تھا۔ "می آپ فکر نہ کریں ہم ابھی ضمانت کا بندوبست کرتے ہیں۔" گھر میں یکدم ہی پریشانی کود آئی تھی۔ کنزہ اور منزہ کے چہروں پر ہوائیاں اڑ گئی تھیں۔ جب تک ڈیڈی زندہ تھے وہ تمام فکر و اندیشوں سے دور تھیں۔ اب بات اور تھی بڑے بھائی اپنی دنیا میں مگن تھے۔ شانی ہی تھا جس کی ذات سے ان کی ساری امیدیں اور خوشیاں وابستہ تھیں۔

بیگم کلثوم بیٹوں کو فون کر کے چین سے نہیں بیٹھی تھیں وہ خود کوئٹہ پہنچ گئی تھیں۔ مگر کوئٹہ سے ملنے والی خبر پچھلی خبر سے زیادہ پریشان کن تھی۔ کامران نے انہیں بتایا شانی تھانے میں پولیس والوں کی درگت بنا کر فرار ہو چکا ہے۔ بیگم کلثوم کے لیے یہ بات ہضم کرنا بہت مشکل تھا وہ سکتے کی سی کیفیت میں یہ روداد سن رہی تھیں۔ معصوم شانی جس نے کبھی کسی سے لڑائی نہیں کی وہ اس قدر باغیانہ پن پہ کیسے اتر آیا ہے۔ پریشانیوں نے بیگم کلثوم کا در دیکھ لیا تھا۔ وہ شانی کے معاملے میں الجھی ہوئی تھیں کہ انہیں ایک اور اندوہناک خبر سننا پڑی۔ کنزہ صبح سے گھر واپس نہیں لوٹی تھی۔ شانی مرد تھا اچھے برے حالات سے نمٹ سکتا تھا مگر کنزہ ایک معصوم لڑکی تھی اس کا غائب ہو جانا سب سے بڑی پریشانی تھی۔ بیگم کلثوم سب کچھ چھوڑ کر کامران کے ساتھ شارپور پلٹ آئی تھیں۔

ہم نواز نے شانی کو گھر کے سارے حالات سے آگاہی دے دی تھی۔ گھر کے حالات سے آگاہی دی تو بات ممی کے کوئٹہ جانے تک محدود تھی کنزہ کی گمشدگی کا شانی کو فی الحال پتہ نہیں تھا۔ وہ سیدھا گھر پہنچا گھر کی نگرانی کے بارے میں ہم نواز کو اس نے خاص ہدایات جاری کی تھیں۔ گھر میں منزہ شانی سے لپٹی ہچکیوں میں روئے جا رہی تھی۔

"شانی بھیا! یہ سب کیا ہو رہا ہے۔ پلیز شانی خود کو ان آفتوں سے دور رکھو ورنہ ہم جیتے جی مر جائیں گے۔"

"کچھ نہیں ہوگا پگلی! چھوٹا موٹا کیس ہے جلد نمٹ جائے گا ممی سے رابطہ کرو میں ان سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ کنزہ کہاں ہے؟" شانی کے سوال پر منزہ لرز کر رہ گئی۔ شام ڈھلنے کو تھی صبح کو نکلی کنزہ تا حال گھر کو واپس نہیں لوٹی تھی۔ نمبر ڈائل کرتے ہوئے اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔ شانی نے منزہ کی حالت دیکھی تو اسے احساس جرم شدت سے ستانے لگا۔ اس حالت کا موجب وہی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تھا۔ عاصم نواز کی بات نہ مان کر اس نے بڑی غلطی کی تھی۔ مگر اب تیر کمان سے نکل چکا تھا۔ سانپ گزر جائے تو لکیر پیٹنے کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ روشن نواز تب سے اب تک اداسیوں کی لپیٹ میں تھا۔ شانی نے اس معاملے میں مدد کرنے کے لیے ہم نواز سے التماس کی تھی۔

منزہ کے ہاتھوں میں اس قدر لرزش تھی کہ وہ نمبر ملا نہیں پا رہی تھی۔ شانی نے آگے بڑھ کر ریسیور لیتے ہوئے کہا۔

"تم بیٹھو منزہ اور ریلیکس ہو جاؤ۔ ان شاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔" کہتے ہوئے شانی نے نمبر ملایا۔

"ہیلو ممی! میں شانی بات کر رہا ہوں۔"

"ہاں شانی! تم گھر پر ہو بیٹا؟ تم ٹھیک تو ہو نا؟"

"جی ممی! میں بالکل ٹھیک ہوں۔"

"بیٹا! کنزہ کہاں ہے، وہ گھر لوٹی؟" ریسیور میں ممی کی پریشان کن آواز سنائی دے رہی تھی۔

"کنزہ...... ! مجھے نہیں پتہ ممی! کنزہ کہاں ہے؟" شانی کہتے ہوئے منزہ کو دیکھنے لگا۔ منزہ کا چہرہ دھواں دھواں ہو رہا تھا۔ اسے کسی بڑی گڑبڑ کا احساس ہونے لگا تھا۔

"ہیلو شانی! میں کامران بول رہا ہوں۔ ہم لوگ راستے میں ہیں اور آدھے گھنٹے میں گھر پہنچ جائیں گے ہمارے آنے تک تم گھر میں ہی رہنا۔"

"او کے بھائی! مگر کنزہ......" شانی کی بات ادھوری رہ گئی تھی۔ ادھر کامران بول رہا تھا۔

"ہم وہاں آ کے ہیں پھر بات ہو گی۔" کہتے ہوئے کامران نے رابطہ کاٹ دیا۔

"کنزہ کہاں ہے منزہ؟"

"پتہ نہیں شانی! ہم سب تمہارے لیے بہت پریشان تھے۔ ممی کوئٹہ نکل گئی تھیں اور ہم گھر میں آنسو بہا رہے تھے اچانک کنزہ کو ڈیڈی کے دوست ریٹائرڈ میجر شفقت خان کا خیال آیا میرے منع کرنے کے باوجود کہ ممی کو آنے دو پھر کوئی فیصلہ کریں گے وہ ان کے گھر کی طرف نکل گئی تھی۔ وہ انکل کو ساری صورت حال بتا کر ان سے مدد کی اپیل کرنا چاہتی تھی۔ دو گھنٹے گزر جانے کے بعد وہ گھر نہ لوٹی تو مجھے تشویش لاحق ہوئی۔ میں نے انکل شفقت کے گھر فون کر کے پوچھا وہاں سے پتہ چلا کہ کنزہ وہاں آئی ہی نہیں۔" منزہ آنکھوں میں آئے اشکوں کو کافی دیر سے روک رہی تھی۔ تفصیل بتاتے ہوئے ضبط نہ کر سکی اور پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی۔ شانی نے آگے بڑھ کر اسے سینے سے لگایا۔ یہ منظر دیکھ کر روشن نواز اور ہم نواز بھی رو رہے تھے۔ روشن نواز اداسیوں کی اتھاہ گہرائیوں میں گرا ہوا تھا۔

شانی نے تسلی آمیز انداز میں منزہ کے شانے تھپتھپائے۔ مگر اسے خود پر کنٹرول رکھنا دشوار ہو رہا تھا۔ وہ دور خلاؤں میں کھویا ہوا تھا۔ سب ٹھیک کیسے ہوگا؟ کھوکھلے الفاظ ان کے دکھوں کا مداوا نہیں کر سکتے تھے۔

ہم نواز کوئی بیچ کی راہ نکالنے میں مگن تھا۔ روشن نواز کے پاس اداسیوں کے سوا کچھ نہ تھا۔

شانی کو باہر کے حالات کا جائزہ لینے کا خیال آیا۔ اس نے ہم نواز کو باہر جا کر حالات سے آگاہی پانے کا حکم دیا۔ ہم نواز نے اسے آ کر بتایا پولیس کی نفری گھر کی طرف آ رہی ہے۔ یہ سن کر شانی بے حد پریشان ہو چکا تھا۔ نہ وہ منزہ کو گھر میں اکیلا چھوڑ سکتا تھا نہ خود گھر میں رہ سکتا تھا۔ وہ انتہائی مشکل صورت حال سے دوچار ہو چکا تھا۔

وہ ان دیکھی منزل کی طرف گامزن تھا اور نہ ہی کوئی واضح لائحہ عمل تھا۔ بنا سوچے سمجھے چل رہا تھا۔ کانٹے دار جھاڑیوں نے اسے کئی خراشیں پہنچائی تھیں۔ جنگل میں لگڑ بھگڑ، گیدڑ، بھیڑیوں اور کئی قسم کے جانوروں کی آوازیں وقتاً فوقتاً کانوں میں گونج رہی تھیں۔ جنگل میں جا بجا پانی کے چشمے تھے وہ چلتے چلتے کسی چشمے کے پاس رک کر پانی پیتا اور پھر چل پڑتا۔ نہ جانے کتنی دیر یونہی چلتا رہا بدن میں تھکاوٹ کا احساس شدت اختیار کر گیا تو وہ دور نظر آنے والے سلسلہ کوہ کی طرف ہو لیا۔ یہاں سے پانی کا بڑا چشمہ گزرتا تھا۔ یہ چشمہ آگے جا کر دریا میں جا ملتا

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تھا۔ دریا پہاڑیوں کے گرد چکر کاٹ کر دوسری طرف نکلتا تھا۔ وہ پہاڑی کی جڑ میں بیٹھ گیا۔ پہاڑی میں ایک بڑا شگاف تھا جس کے ارد گرد جھاڑیاں تھیں۔ سوچوں کا انبار تھا جو اس کے گرد لپٹ گیا تھا۔ وہ ہو رہا تھا جو وہ نہیں چاہتا تھا اور جو وہ چاہتا تھا وہ ہوتا دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

پولیس نے ان کے دروازے پر دستک دی تو اس کا بھاگنے کا قطعی ارادہ نہیں تھا۔ مگر منزہ نے پولیس سے دروازے پر جا کر بات کی تو پتہ چلا ان کے پاس گھر کی تلاشی کے وارنٹ موجود ہیں۔ منزہ نے بحث و مباحثے میں بہر حال آدھا گھنٹہ لے لیا اس دوران بیگم کلثوم کامران کے ساتھ پہنچ چکی تھیں۔ کامران پولیس والوں کے ساتھ بات کرنے لگا۔ بیگم کلثوم براہ راست اندر چلی گئی تھیں۔ شانی کو گلے سے لگا کر وہ کافی دیر روئی تھی۔ شانی اپنے کیے پر شرمندہ تھا۔ ممی سے معافی کا طلبگار تھا مگر بیگم کلثوم کو شانی سے زیادہ کنزہ کی فکر کھائے جا رہی تھی اور وہ کوئی حتمی فیصلہ کرنے سے قاصر تھیں۔ شانی کو فی الحال پولیس کی کسٹڈی میں دینا خطرناک تھا یقیناً وہ اسے ٹارچر کرتے۔ شانی کا تب تک منظر سے غائب رہنا سودمند تھا جب تک کامران اور اذلان ضمانت کا مکمل بندوبست نہ کر لیتے۔

کامران جان گیا تھا پولیس کے تیور اچھے نہیں ہیں۔ وہ کسی بھی بہانے کو خاطر میں لانے والے نہیں تھے۔ انہیں ہر صورت گھر کی تلاشی لینی تھی۔ شانی نے بھاگنے کا حتمی فیصلہ کر لیا۔ گھنے جنگلات اس کے لیے محفوظ ترین ٹھکانے تھے۔ حفظ ماتقدم کے طور پر اس نے ڈیڈی کا ریوالور ساتھ رکھنے کا فیصلہ کیا۔ وہ جانتا تھا ڈیڈی کے دو ریوالور ہیں ایک ریوالور بیڈ روم میں اور دوسرا اسٹڈی روم میں رکھتے تھے۔

شانی اسٹڈی روم میں ریوالور تلاش کر رہا تھا۔ دوران تلاش اس کے ہاتھ ڈیڈی کی ڈائری لگ گئی۔ اس نے ڈائری کو ویسے ہی سرسری سا الٹ پلٹ کر دیکھا مگر چند سطریں اس کی نظر سے گزریں وہ چند سطریں حیران کن تھیں۔ وقت نہیں تھا کہ وہ ڈائری پڑھتا اس لیے ریوالور اور ڈائری لے کر عقبی دیوار پھلانگ کر باہر نکل آیا تھا۔ گھنے جنگلات میں اس کا ملنا محال تھا۔

پہاڑی کی جڑ میں بیٹھ کر اس نے طویل سانس خارج کی۔ چند منٹ اس نے آنکھیں بند رکھ کر خود کو ریلیکس کرنے کی ناکام کوشش کی۔ سامنے پہاڑی سے آبشار گر رہی تھی۔ عام حالات میں یہ ایک دلکش منظر تھا۔ مگر اس وقت شانی کافی الجھا ہوا تھا۔

کنزہ کہاں جا سکتی ہے؟ یہ سوال بار بار اسے ڈس رہا تھا۔ ہم نواز شانی کی دیکھی بھالی یا بتائی گئی جگہ تک جا سکتا تھا از خود کسی نئی جگہ جانا اس کے دائرہ اختیار میں نہیں تھا۔ وہ کنزہ کو ڈھونڈ نہیں سکتا تھا صرف شانی کی بتائی ہوئی جگہ پر جا کر معلومات لے سکتا تھا۔ شانی اسے ہر ممکنہ جگہ بھیج چکا تھا مگر کنزہ کا کہیں سراغ نہیں ملا۔ روشن ڈوارڈ اداسیوں میں گھرا ہوا بالکل خاموش تھا۔ شانی نہ جانے کتنی دیر یونہی بیٹھا رہا اچانک اسے ڈائری کا خیال آیا اس نے چونک کر ڈائری کھولی اس کی نظریں تیزی سے تحریر پر دوڑنے لگیں۔

شانی کی تلاش میں میں نے پراسرار پہاڑیوں میں جانے کا فیصلہ کیا تو میرے ذہن میں شاہ پور کے دوسرے عام لوگوں کی طرح نقشہ جنات و پریوں کا مسکن ہی بنا ہوا تھا۔ مگر وہاں جا کر پتہ چلا اصل ماجرہ کچھ اور ہے۔

صداقت علی خان اور اس سے پہلے ہونے والی اموات میں کسی پراسرار مخلوق کا ہاتھ نہیں تھا بلکہ وہ انسانی بھیڑیوں کا شکار ہوئے تھے۔ میری کوشش تھی پہلی مڈبھیڑ میں کسی ایک پر قابو پا سکوں مگر میں اپنی کوشش میں کامیاب نہیں ہو سکا گھر پہنچ کر میں فیصلہ کرنے سے محروم رہا کہ اصل حالات کا پولیس یا پھر کسی جان پہچان کے اعلیٰ افسر کو بتا دوں میری چھٹی حس کہہ رہی ہے معاملہ انتہائی سنگین ہے۔ میں الجھ کر رہ گیا ہوں۔ عین ممکن ہے حکام بالا سارے معاملے سے آگاہ ہوں اس صورت میں میری شنوائی نہیں ہوگی۔ مجھے خود ہی شانی کی تلاش میں ایک

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

بار پھر پہاڑیوں کی طرف جانا ہوگا۔ ہوسکتا ہے دوسرے لوگوں کی طرح میں بھی پراسرار موت کے شکنجے کا شکار ہو جاؤں لیکن مجھے بہرحال جانا ہے۔ اپنے بیٹے کو تلاش کرنا ہے اللہ تعالیٰ میری مدد فرمائے۔

شانی کے جواں سال چہرے پر فکرمندی کے شدید ترین آثار اُمڈ آئے تھے۔ اس نے ہم نواز کی طرف رائے طلب نظروں سے دیکھا۔

"مجھے لگتا ہے ان پہاڑیوں سے منسوب جنات و پریوں کی ساری کہانیاں من گھڑت ہیں۔ یہاں کوئی گروپ غیر قانونی سرگرمیوں میں مصروف ہے یا پھر ان کے ٹھکانے ہیں۔" ہم نواز نے کہتے ہوئے یاد دلایا۔

"شانی! تم یاد کرو گھر آ کر تمہیں ڈیڈی کی موت کے بارے میں تفصیل بتائی گئی تھی۔ ڈیڈی کی موت انہی پراسرار پہاڑیوں میں واقع ہوئی تھی اور حسب سابق انہیں جن بھوتوں کی کارستانی قرار دے کر خاموشی اختیار کر لی گئی۔"

مجھے وہاں چلنا چاہیے۔ شانی نے خود کلامی کی۔ اس کے چہرے پر پرسوچ لہریں دوڑ گئی تھیں۔ اس نے ہم نواز سے کہا۔

"تم پراسرار پہاڑیوں پر جاؤ ہم نواز۔" کہتے ہوئے شانی چٹان سے کھڑا ہو چکا تھا۔ اس نے آٹھ دس میٹر پہاڑی سے دور ہٹ کر اوپر دیکھا۔ وہ اپنی لوکیشن کا یقین کرنا چاہتا تھا۔ جہاں وہ کھڑا ہے اس سے متصل تین پہاڑیاں پراسرار کہی جاتی تھیں۔ اس نے ہم نواز کو تینوں پہاڑیوں کا بتایا۔

"جا کر اچھی طرح چیک کرو ڈیڈی کو وہاں کیا نظر آیا تھا۔"

چند لمحوں بعد ہم نواز نے آ کر اسے تفصیل بتائی جسے سن کر شانی محاورتاً نہیں حقیقتاً اچھل پڑا۔ ہم نواز کہہ رہا تھا۔

"شانی تمہارے ڈیڈی کا شک صد فیصد درست تھا۔ جہاں ہم موجود ہیں اس سے تیسری پہاڑی پر آٹھ افراد کا گروپ موجود ہے۔ چھ مرد اور دو لڑکیاں یہ آٹھوں افراد غیر ملکی ہیں۔"

"غیر ملکی؟"

"ہاں شانی! اور دوسری اہم بات کنزہ اسی گروپ کے پاس موجود ہے۔"

"کک..... کیا کہہ رہے ہو؟"

ہم نواز کنزہ یہاں پہاڑیوں میں وہ بھی غیر ملکی گروہ کے قبضے میں۔ شانی کو پاؤں تلے زمین سرکتی محسوس ہوئی۔ لحظہ بھر اس کی سوچیں ماؤف ہو گئی تھیں۔

"ہاں میں دیکھ چکا ہوں۔ ہمیں جلد کچھ کرنا ہوگا۔ مجھے کنزہ کی عزت......"

"بس کرو۔" شانی جلدی سے بولا۔

"چلو۔" اس نے انتہائی سختی سے ہم نواز کی بات کاٹ دی۔ شانی نے ریوالور نکال کر گولیاں چیک کیں اور تقریباً دوڑتا ہوا موٹی چٹان کے راستے پر چڑھنے لگا۔

❁ ❁.....❁

شانی ان راستوں پر چلتے ہوئے جوش و جذبے میں شانی کیسے دو ہزار فٹ بلندی پر پہنچا اسے کچھ خبر نہیں تھی۔ ہوش تب آیا جب وہ مطلوبہ جگہ پہنچ چکا تھا۔ ہم نواز کی نشاندہی پر وہ عین صحیح جگہ تک پہنچا تھا۔ یہاں جوزف اور جو تھم، باس تھامس کے روانہ کیے گئے چھ ایجنٹوں کے ہمراہ قیام پذیر تھے۔ ان چھ افراد میں دو دو سادہ کے۔ تین باس تھامس کے گروپ یعنی بلیک واٹر کے اور ایک انڈین را کا ایجنٹ تھا۔

کنزہ کو جوزف نے بہت پہلے دیکھا تھا۔ مشرقی حسن کی تصویر کنزہ اس کے دل میں بیٹھ گئی تھی تاہم زریبا کے اعتراض پر وہ خاموش ہو گیا تھا۔ مگر اس کے واپس پلٹتے ہی جوزف کنزہ کو اٹھوا لایا تھا۔ کنزہ کو پہاڑوں تک لانے میں ان کے مقامی ساتھیوں نے مدد کی تھی۔ ان کا یہاں ایک مضبوط نیٹ ورک تھا۔

شانی ایک بڑے پتھر کی اوٹ میں کھڑا وہاں کا جائزہ لے رہا تھا۔ جہاں چھوٹے سے میدان کی شکل میں پہاڑ کی زمین چپٹی تھی میدان میں کئی چھوٹے بڑے پتھر

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

پڑے تھے۔ چھوٹے موٹے درخت، پودے گھاس پھوس اور جھاڑیاں بھی موجود تھیں۔ چند بڑے شگاف نظر آ رہے تھے اور کچھ غار نظروں سے اوجھل تھے۔ کچھ شانی دیکھ سکتا تھا شانی کے اشارے پر ہم نواز یک بار پھر جائزہ لینے جا چکا تھا۔ اس نے آ کر بتایا۔

"یہاں بہت سے غار ہیں جو ان لوگوں کے زیر استعمال ہیں۔ مصنوعی بجلی کا بندوبست ہے، ضروریات زندگی کی تمام مراعات میسر ہیں۔ یہ لوگ یہاں شہریوں جیسی زندگی گزار رہے ہیں۔ کنزہ سامنے نظر آنے والے غار میں قید ہے اسی وقت اس کے پاس ایک لڑکی اور لڑکا موجود ہیں۔ باقی افراد دوسرے غاروں میں ہیں۔ ہم بالا ہی بالا سامنے والے غار میں پہنچ سکتے ہیں۔" ہم نواز کے کہنے پر شانی بالکل پتھروں کی آڑ سے نکل کر سامنے والے غار کی طرف بڑھا۔ اندر روشنی کے آثار تھے۔ چند لمحے شانی نے اندر کی سن گن لی۔ نسوانی قہقہے اور مرد کے چند انگلش میں ادا کیے گئے فقرے اس کے کانوں میں ٹکرائے اس نے دائیں بائیں دیکھا وہ اکیلا کھڑا تھا۔ ریوالور پر گرفت مضبوط کرتے ہوئے وہ اندر داخل ہو گیا تھا۔

"ہینڈز اپ۔" اس نے داخل ہوتے ہوئے غرا کر کہا۔ چند لمحوں میں وہ تیز نظروں سے اندر کا جائزہ لے چکا تھا۔ کنزہ زمین پر پتھر کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔ اس کے ہاتھ پشت پر بندھے تھے۔ وہ محویت سے شانی کو دیکھ رہی تھی۔ حیرت کے شدید ترین جھٹکے نے اس کے لب سی دیئے تھے۔

جوزف کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ یہاں تک کوئی غیر متعلق شخص پہنچ سکتا ہے وہ بھی ایسے کہ انہیں خبر تک نہ ہوئی۔ وہ سکتے کی سی کیفیت میں دیدے پھاڑے شانی کو دیکھ رہا تھا۔ جس کی عقابی نظریں اسی پر جمی ہوئی تھیں۔ نیم برہنہ لڑکی جو اس کے پہلو میں بیٹھی ہوئی تھی اس کی حالت بھی جوزف جیسی تھی۔

"تت تم یہاں کیسے پہنچے؟" حیرت سے جوزف کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کیا بولے اور کیا کہے۔ وہ سلو موشن میں اٹھ کر کھڑا ہو چکا تھا۔

"اپنے چہرے دوسری طرف کر لو۔ ہری اپ۔ کوئی غلط حرکت مت کرنا ورنہ میں گولی چلانے سے باز نہیں آؤں گا۔" شانی کے لہجے میں پختگی اور اعتماد تھا۔ بلیک واٹر کا جوزف جیسا کائیاں ایجنٹ سمجھ چکا تھا شانی اپنے کہے پر عمل کر گزرے گا۔ ہاتھ اٹھا کر جوزف نے چہرہ پھیر لیا تھا۔ لڑکی نے اس کی پیروی کی۔

"شانی...... تم...... بھائی......" کنزہ فرط جذبات میں کچھ بھی کہہ نہیں پا رہی تھی۔ اس کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ آنسوؤں میں شانی کا دھندلا چہرہ کنزہ کو نئے حوصلے بخش رہا تھا۔ شانی نے جوزف اور لڑکی پر نظریں رکھتے ہوئے آگے بڑھ کر کنزہ کے ہاتھ کھول دیئے۔ کنزہ جذبات میں آ کر اس سے لپٹنا چاہ رہی تھی مگر شانی نے اسے اشارے سے روک دیا۔ شانی کی نظریں متواتر جوزف اور لڑکی پر جمی ہوئی تھیں۔ مگر بیچ میں کہیں نظر چوک گئی تھی جوزف نے اس پر چھلانگ لگا دی کنزہ کے منہ سے چیخ نکلی اور وہ دو قدم پیچھے ہٹ گئی۔ جوزف شانی سے ٹکرایا اور شانی پچھلی دیوار سے۔

شانی دانستہ گولی چلانے میں سے گریز کر رہا تھا۔ ریوالور پر سائلنسر نہیں تھا۔ گولی کی آواز دوسرے لوگوں کو متوجہ کرنے کا موجب بن سکتی تھی۔ جوزف کے ٹکرانے سے ریوالور اس کے ہاتھ سے نکل چکا تھا۔ جوزف نے اس کے چہرے پر مکہ مارنا چاہا مگر شانی کے بروقت چہرہ ہٹانے سے اس کا مکہ دیوار سے جا ٹکرایا۔ شانی نے چہرہ ایک لمحہ کے لیے ہٹایا تھا دوسرے لمحے اس نے سر کی ٹکر جوزف کی لمبی ناک پر ماری جوزف بے اختیار دو قدم پیچھے ہٹ گیا۔ شانی نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر اس کے سینے پر ٹک جڑ دی۔ جوزف لڑکھڑاتا ہوا پیچھے جا گرا۔

"شانی......" کنزہ کی چیختی ہوئی آواز پر شانی نے چونک کر وہاں دیکھا۔ جوزف کی ساتھی لڑکی اس کا گرا ہوا ریوالور اٹھا رہی تھی۔ وہ شانی سے صرف ایک میٹر کے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

فاصلے پر تھی۔ شانی نے ہوا میں اچھل کر لڑکی کو بوٹ کی ضرب رسید کی جو شاید اس کی کنپٹی پر لگی تھی۔ لڑکی لہرا کر زمین پر گر گئی۔

جوزف غصے میں گالیاں دیتا ہوا شانی کی طرف لپکا، شانی نے پھرتی سے قریب پڑا ہوا نوکیلا پتھر ہاتھ میں لے لیا اور جیسے ہی جوزف اس پر حملہ آور ہوا نوکیلا پتھر اس کے سر کی گہرائی میں اترتا چلا گیا۔ جوزف کے سر سے خون کا فوارہ ابل پڑا تھا۔ اس کے حلق سے تیز غراہٹ کی آواز نکلی۔ وہ کٹے ہوئے شہتیر کی طرح زمین پر گر چکا تھا۔ کنزہ کے لیے یہ منظر دیکھنا دشوار تھا۔ چند منٹوں نے شانی نے میدان مار لیا تھا اب اس کی باہیں کھل چکی تھیں۔ وہ کنزہ کو بلا رہا تھا۔

"شانی!" کنزہ بھاگ کر بھائی کی محفوظ باہوں میں سما گئی۔

"شانی! جلدی نکلو۔ باقی لوگوں کو شک ہو گیا ہے وہ باہر نکل رہے ہیں۔" ہم نواز نے شانی کو خبر دی شانی نے فوراً کنزہ کا ہاتھ پکڑا اپنا ریوالور اٹھایا اور غار سے باہر نکل گیا۔ مگر باہر اسے رک جانا پڑا۔ میدان میں بوتھم اپنے تین ساتھیوں کے ساتھ موجود تھا۔ انہوں نے حیرت سے ایک دوسرے کو دیکھا ان کی حالت بھی جوزف جیسی تھی۔ وہ ناقابل یقین نظروں سے شانی اور کنزہ کو دیکھ رہے تھے۔ کنزہ کے چہرے پر خوف و ہراس امڈ آیا تھا۔ شانی نے اسے اپنے پیچھے کر لیا۔ اب وقت نہیں تھا احتیاط کا دامن چھوڑنا ناگزیر تھا۔ اس نے ریوالور سیدھا کرتے ہوئے ٹریگر دبا دیا ایک منٹ میں کئی گولیاں داغی تھیں لیکن صرف ایک بندہ ڈھیر ہوا تھا کیونکہ بوتھم کے ساتھ ایک اور آدمی نے دائیں بائیں چھلانگیں لگا دی تھیں۔

"کنزہ سامنے پتھر کی اوٹ میں چلی جاؤ جلدی۔" شانی نے چیختے ہوئے کنزہ کو پتھر کی طرف ہلکا سا دھکا دیا اور خود بھی بائیں جانب چھلانگ لگا دی۔ بوتھم کی طرف سے پھینکے گئے پتھر سے وہ بال بال بچا تھا۔ چونکہ بوتھم اور جوزف کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ یہاں تک بھی کوئی پہنچ سکتا ہے۔ وہ بھی ایسے کہ انہیں خبر تک نہ ہو اس لیے وہ خالی ہاتھ تھے۔

بوتھم پتھروں کی آڑ لیتا ہوا شانی کے عقب میں پہنچ چکا تھا۔ شانی نے آہٹ پا کر پیچھے دیکھا مگر تب تک دیر ہو چکی تھی بوتھم نے اسے دبوچ لیا۔ جھٹکا لگنے سے ریوالور ہاتھ سے نکل گیا تھا۔ بوتھم اور اس کے تمام ساتھی کڑیل جوان تھے مگر شانی بھی ان سے کم نہ تھا۔ شانی دیوانہ وار لڑ رہا تھا۔ وہ خم ٹھونک کر میدان میں اترا تھا۔ لڑتے ہوئے ڈیڈی کی شبیہ اس کی آنکھوں میں انگارے بھر رہی تھی۔

درسِ عبرت

"حق بات کہنے سے کبھی گریز نہ کرو خواہ تمہارے سر پر تلوار ہی کیوں نہ لٹک رہی ہو۔ کیا تم موت سے ڈرتے ہو۔ حالاں کہ رب کائنات نے موت کا ایک دن اور ایک وقت مقرر کر دیا ہے۔ پھر موت سے ڈر کر سچی بات کہنے میں ہچکچاہٹ اختیار کرنا، انتہائی بزدلی اور ایمان کی کمزوری ہے۔ کمزور اور بزدل قوم کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ زمین کی پیٹھ کا بوجھ بن کر زندہ رہے۔ کمزور اور ضعیف ایمان ایسا گھن ہے جو اندر ہی اندر قوم کو کھا جاتا ہے۔ مشکلات کے راستے سے ڈر کر اللہ کے راستے سے فرار اختیار کرنا بغاوت ہے اور باغی کی سزا تم جانتے ہی ہو۔ کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارا حشر بھی وہی ہو جو تم سے پہلی قوموں کا ہوا ہے۔ کیا کھنڈروں میں ڈھلی ہوئی بستیاں جو قہر خداوندی کا نشانہ بنیں اور صفحۂ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹ گئیں، تمہاری عبرت کے لیے کم ہیں؟ جہاد ایمان کی روح ہے اور مجاہدین کا ستون، جہاد سے انکار کفر ہے اور کفر ظلمت قلب۔ دل سیاہ ہو تو انسان انسانیت کے دائرے سے نکل جاتا ہے۔ دل کی بستی تاریک ہو تو انسان خدا کو بھول کر عیش و عشرت میں کھو جاتا ہے۔ دل ہی ظلمت نگر ہو تو تیغ و سناں جو انسان کے زیور ہیں، ان کی جگہ طاؤس و رباب لے لیتے ہیں۔ جب قومیں طاؤس و رباب کی رسیا ہو جاتی ہیں تو مٹ جاتی ہیں اور ان کی تباہی دوسروں کے لیے عبرت کا درس بن جاتی ہے۔"

(امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

جن سے اس کا دل و دماغ دہک رہا تھا۔

بوتھم کے ہاتھ میں چاقو تھا۔ چاقو سے اس نے شانی کے سینے پر وار کیا۔ جسے آخری لمحہ میں شانی نے دیکھ لیا وہ خود کو بچانے کے لیے ایک طرف سرکنا چاہتا مگر چاقو کا پھل اس کے بازو میں پیوست ہو گیا تھا۔ درد کی تیز لہر شانی کے جسم میں سرایت کر گئی۔ اس کے منہ سے تیز سسکی نکلی۔ بوتھم نے چاقو کو نیچے کی طرف کھینچا تاکہ بازو میں چیرا لگا سکے۔ مگر شانی نے زخم کی پروا نہ کرتے ہوئے گھٹنا بوتھم کی تھوڑی پر رسید کیا۔ بوتھم کے منہ سے کربناک چیخ بلند ہوئی۔ غالباً اس کی زبان دانتوں تلے دب کر کٹ چکی تھی۔ بوتھم کی چیخ نے شانی کو نئی توانائی بخشی۔

ان لوگوں نے اس کے ڈیڈی کو مارا تھا۔ اسے تڑپا تڑپا موت کے حوالے کیا تھا۔ یہ ڈیڈی کے قاتل ہیں۔ انہوں نے کنزہ کو اغوا کیا ہے۔ خیالات کا سمندر اس کے اندر موجزن تھا۔ وہ جوش اور ولولے سے لڑنے لگا۔ اس نے بوتھم اور بوتھم کے ایک ساتھی کو ڈھیر کر دیا تھا۔ شانی کا چہرہ جذبات کی حدت سے تمتما رہا تھا۔ چھری اور حد میں خوف سے دبکی کنزہ کانپتے وجود کے ساتھ بھائی کو لڑتا دیکھ رہی تھی۔ اسے جو کچھ یاد تھا وہ پڑھ کر پھونک چکی تھی۔ شانی اس کا بھائی اس کی خاطر موت کی وادی میں اتر کر موت سے پنجہ آزمائی کر رہا تھا۔ معاً کنزہ نے دیکھا بوتھم کا قریب جانے والا تیسرا ساتھی شانی کا نشانہ لے رہا تھا۔ کنزہ کو چند سیکنڈ میں فیصلے کی دہلیز پار کرنا تھی۔ یہ وہ شانی اس شخص سے دور تھا۔

ڈوئل نے ریوالور اٹھاتے ہی شانی پر فائر کر دیا تھا۔ مگر کنزہ فیصلے کی دہلیز پار کر چکی تھی۔ وہ شانی کے سامنے دیوار بن کر کھڑی ہو گئی۔ ڈوئل کی چلائی گئی گولی کنزہ کے سینے میں اتر چکی تھی۔ وہ شانی کی باہوں میں جھول رہی تھی۔

"کنزہ.....!" شانی چیخا۔ شانی کا سارا خون اس کے چہرے پر جم چکا تھا۔ ڈوئل نے دوسرا فائر کرنا چاہا مگر کلک کی آواز نے اس کی حسرت پوری نہیں ہونے دی۔ ریوالور کا چیمبر خالی ہو چکا تھا۔ اس نے غصے میں شانی پر ریوالور کھینچ مارا۔ شانی نے کنزہ کو زمین پر لٹایا اور دھاڑتا ہوا ڈوئل پر ٹوٹ پڑا۔

"یو باسٹرڈ۔" اس کے سر پر خون سوار ہو چکا تھا۔ ڈوئل کی گردن اس کے آہنی ہاتھوں میں دبی ہوئی تھی۔ ڈوئل مچھلی بے آب کی طرح تڑپ رہا تھا۔ اس کی آنکھیں باہر ابل پڑی تھیں۔ شانی پوری قوت سے اس کا گلا دبا رہا تھا۔ چند منٹوں میں ڈوئل تڑپ تڑپ کر دم توڑ چکا تھا۔ شانی نے انتہائی نفرت سے دور پھینکا اور بھاگ کر کنزہ کے پاس پہنچا۔

کنزہ کا خون بے تحاشا بہہ چکا تھا۔ وہ آخری سانسیں لے رہی تھی۔ سانسوں کی مالا ٹوٹنے کو بے تاب تھی۔ شانی نے بیٹھ کر اس کا سر اپنی گود میں لے لیا۔

"کنزہ..... کنزہ..... آنکھیں کھولو پلیز کنزہ۔" وہ اس کے گال تھپتھپا رہا تھا اور دیوانگی انداز میں بول رہا تھا۔

"کنزہ..... بہت ..... آنکھیں کھولو۔ تمہیں کچھ نہیں ہو گا۔ آنکھیں کھولو میری بہنا! آنکھیں۔"

آنسوؤں کی جھڑی لگ چکی تھی۔ 2 ہزار فٹ بلند پہاڑیاں اس پر انتہائی اداس تھیں۔ کنزہ نے زندگی کی آخری توانائی کو یکجا کیا وہ دھیرے دھیرے آنکھیں کھولنے کی کوشش کرنے لگی۔

"کنزہ.....!" شانی کے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر گر رہے تھے۔ دل کی دھڑکن بہت دھیمی رفتار سے جاری تھی۔

"یہ کیا کیا پگلی بہنا تم نے....."

"شانی! ہمیشہ بہن ہی بھائی بہن پر قربان....."

تھرتھراتے لبوں سے ٹوٹے پھوٹے الفاظ کا خروج شانی کے دل کو خنجر کی طرح چیر رہا تھا۔ کنزہ بمشکل کہہ رہی تھی۔ سانس اکھڑ رہی تھی۔ شاید اس کا وقت ختم ہو چکا تھا۔

"شانی! بہنیں ہی بھائی پر قربان....." لب چپ اور الفاظ ٹوٹ چکے تھے۔ بہن نے بھائی کے لیے جان قربان کر دی تھی۔

"کنزہ.....!" شانی کی زوردار چیخ بے تحاشا گولیوں کی آواز میں دب گئی تھی۔ پیچھے سے اس پر فائر کیے گئے

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تھے۔ خوش قسمتی سے گولیوں کا ہدف قریبی پتھر بنا تھا۔

"شانی! اٹھو۔ جلدی کرو ان لوگوں کے پاس جدید اسلحہ ہے۔" ہمزو نے چیخ کر احساس دلایا۔

کنزو ہمیشہ کے لیے خاموش ہو چکی تھی۔ اس کے قاتلوں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کے لیے شانی کا زندہ رہنا ضروری تھا۔ شانی ایک طرف درختوں اور پتھروں کی اوٹ میں گھس چکا تھا۔ مگر آنے والوں نے اسے دیکھ لیا تھا۔ اب شانی کو بھاگنا پڑا۔ شانی جہاں بھاگ رہا تھا۔ تقریباً ڈیڑھ میٹر کا راستہ تھا۔ ڈیڑھ میٹر کے بعد گہری کھائی تھی۔ راستہ دس میٹر کے بعد پہاڑی کے ساتھ دوسری طرف گھوم رہا تھا۔ شانی پتھروں اور جھاڑیوں کو پھلانگتا ہوا موڑ کی طرف بھاگ رہا تھا تا کہ اس کی اوٹ میں پناہ لے سکے مگر وہ جیسے ہی موڑ مڑا پاؤں تلے سے زمین نکل گئی تھی۔ وہ ہاتھ پاؤں مارنے لگا۔ مگر کوئی سہارا ہاتھ نہیں آیا۔ یہ ڈیڑھ میٹر کا راستہ دراصل ایک چھجہ تھا جو باہر کو نکلا ہوا تھا۔ موڑ کے بعد گہری کھائی کا خلا تھا۔ اس خلا میں شانی گرتا جا رہا تھا۔ دو ہزار فٹ کی بلندی سے وہ موت کے بھیانک منہ کی طرف بڑھ رہا تھا۔ تیز ہواؤں نے اس کا دماغ سلا دیا تھا۔ وہ بے ہوشی کے عالم میں گر رہا تھا۔

❀……❀……❀

بحرالکاہل میں فلپائن اور جاپان کے کچھ علاقے ایسے ہیں جنہیں شیطانی سمندر کہا جاتا ہے۔ اصل میں جہاں سمندر کو جاپان کے مقامی لوگ مانو اومی (MANOUMI) کہتے ہیں۔ جس کے معنی شیطان کا سمندر ہے۔ شیطانی سمندر کا علاقہ تکون کی شکل میں ہے۔ یہ جاپان اور فلپائن کے مشترکہ علاقوں پر مشتمل ہے۔ یہ تکون جاپان کے ساحلی شہر یوکوہاما سے فلپائن کے جزیرے گوام تک اور گوام سے واپس جاپان کے ماریانہ جزائر تک اور جاپان سے یوکوہاما تک بنتی ہے۔ ماریانہ جزائر پر دوسری جنگِ عظیم میں امریکہ نے قبضہ کر لیا تھا۔ شیطانی سمندر کو ڈریگن تکون بھی کہا جاتا ہے۔ یہ شیطانی سمندر برمودا تکون کی طرح انتہائی پراسرار ہے۔ یہ اس قدر خطرناک ہے کہ جاپان کی حکومت نے باقاعدہ سرکاری اعلان کے ذریعے عوام کو اس علاقے سے ہمیشہ دور رہنے کا حکم جاری کر رکھا ہے۔ یہاں پر کئی آبدوزیں، طیارے، جہاز اور افراد غائب ہو چکے ہیں۔ ان میں ایسے جہاز اور آبدوزیں بھی شامل تھیں جن میں خطرناک ایٹمی مواد بھرا ہوا تھا اور دنیا کے ذہین ترین لوگ یہاں غائب ہوئے ہیں۔ 1952ء تا 1956 جاپان نے اپنے پانچ بڑے فوجی جہاز اس علاقے میں کھوئے ہیں لاپتہ افراد کی تعداد 700 سے اوپر ہے۔ یہ سب پراسرار واقعہ تھا کہ جاپانی حکومت نے سو سے زائد سائنسدان ایک جہاز پر روانہ کیے تا کہ اس پراسرار معمہ کا کھوج لگایا جا سکے۔ مگر شومئی قسمت معمہ حل کرنے والے سائنسدان خود معمہ بن گئے۔ اس کے علاوہ فرانسیسی جہاز جیرانیم 24 نومبر 1974ء کو خوشگوار موسم ہونے کے باوجود عملے کے 29 افراد سمیت یہاں غائب ہو چکا ہے۔

لائبیریا کے مال بردار جہاز بانا لونا اور مانچورسار شیطانی سمندر کا شکار بن چکے ہیں۔ اس میں سے حیرت انگیز بات یہ تھی مانچورسار جہاز کے چاروں طرف سمندر میں آگ لگ گئی تھی۔ پانی کی لہریں آگ کی لپٹیں پھینک رہی تھیں۔ مثلث کی شکل میں بڑھنے والی آگ نے جہاز کو گھیرا اور اسے چوبیس افراد کے ساتھ غائب کر دیا۔

یونانی جہاز اجیوسں جیورجس 29 افراد کے عملے اور 16565 ٹن وزن کے ساتھ شیطانی سمندر کی بھینٹ چڑھ چکا ہے۔ شیطانی سمندر کے واقعات برمودا تکون سے زیادہ ہیں۔ مگر برمودا تکون کی طرح شیطانی سمندر میں رونما ہونے والے ان عجیب و غریب واقعات کی آج کی جدید ترین ٹیکنالوجی بھی کوئی سراغ نہیں لگا سکی ہے۔

یہ بات سوچتے ہوئے گرو کے چہرے پر طنزیہ مسکراہٹ دوڑ گئی۔ گرو نے ایک چکر شیطانی سمندر کے گرد کاٹا۔ گرو کی آنکھوں میں اطمینان کی دبیز تہہ چڑھ گئی تھی۔ شیطانی سمندر کے گوشے گوشے میں گرو کی سربلندی کے جھنڈے بلند تھے۔ جہاں کوئی نہیں جا پاتا

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

وہاں گرو کی حاکمیت قائم تھی۔ دنیا کی سالمیت امن و سکون، محبتیں، رشتے ناتے اور جینے کا مسلمہ قانون جو قدرت نے انسانوں کے لیے وضع کیا اسے ختم کرنے کے لیے شیطانی سمندر کی سطح، گہرائی اور فضاؤں میں بھرپور طریقے سے کام جاری تھا۔ دنیا کی تباہی و بربادی اور موجودہ سسٹم کو فنا کرکے پوری دنیا پر حسب منشا مملکت قائم کرنا گرو کا دیرینہ خواب تھا۔ گرو کی فتح و کامرانی میں غیر مسلم ممالک بھرپور کردار ادا کر رہے تھے۔ ایسے ممالک گرو کو بہت عزیز تھے اس لیے گرو چاہتا تھا آزادی کا مجرد تصور صرف اپنے ہمنوا ممالک کے لیے مختص کیا جائے اور جو گرو کے اخذ کردہ قانون کی پاسداری سے انکاری ہوں اس ملک کی گستاخی اور بے ادبی کا سر کچل کر اسے غلامی کی زنجیروں میں جکڑ لیا جائے۔ یہ غلامی خواہ عسکری ہو، نظریاتی، ظاہری یا باطنی جو بھی ہو بہرحال یہ ممالک گرو کے ہمیشہ مطیع رہیں۔ گرو ان کی بالادستی چاہتا تھا جو ان کے حکم کے تابع ہوں۔ جو گرو کے خلاف دفاعی ہتھیار استعمال کرتے ہیں انہیں ناکارہ بنا دیا جائے گا۔ ان کے خلاف ایسی پالیسیاں مرتب کی جا چکی تھیں کہ وہ گرو اور اس کے حواریوں کے رحم و کرم پر چلے جا رہے تھے۔ گرو نے شیطانی سمندر اور برمودا تکون میں اپنے خفیہ ٹھکانے بنا رکھے تھے۔ گرو کے پاس ایسی طاقت موجود تھی کہ اپنی منشاء کے مطابق طیارے، جہاز اور انسانوں کو بمعہ اسباب ان ٹھکانوں میں کھینچ لیتا تھا۔ کئی دانشور اور ذہین ترین دماغ، سائنسدان اور ماہرین گرو کے قبضے میں جا چکے تھے۔ گرو کی کارروائی میں ایسی مربوط پلاننگ ہوتی تھی کہ باہوش اور باخبر لوگ جو حالات و واقعات کا گہرا مشاہدہ کرتے ہیں وہ بھی ان واقعات میں فقط لکیر پیٹتے رہ جاتے ہیں۔ کوئی مثبت پہلو آج تک ان کے ہاتھ نہیں لگا تھا۔ ہاں البتہ اقوام عالم میں ایسے چند ممالک اور افراد ضرور شامل ہیں جنہیں گرو نے از خود ان خفیہ ٹھکانوں میں جانے کا شرف بخشا تھا۔ کیونکہ انہی ممالک میں میڈیا کی طاقت سے ان ٹھکانوں کو دیومالائی کہانیوں میں لپیٹ کر دنیا کی آنکھوں میں چڑھا دیا تھا۔ اب دنیا انہیں اس عینک سے دیکھتی ہے جو عینک ان کی آنکھوں میں چڑھا دی گئی ہے۔ دنیا نہیں جانتی ہے گرو اپنے حواری ممالک کے ساتھ مل کر تمام مملکتوں کی جڑیں متواتر کھوکھلی کرنے میں مگن ہے۔ گرو اکثر اپنا تخت شیطانی سمندر کے سینے پر بچھاتا تھا۔ چیلے اس کے سامنے بیٹھ کر اپنی کارگزاری سناتے ہیں اور انعام و اکرام وصول کرتے ہیں۔ داد و تحسین سمیٹتے ہیں اور اپنے مشن کے لیے نئی ہدایات پاتے ہیں اور آئندہ کی پلاننگ ترتیب دیتے ہیں۔

سیلبا سے اس بار گرو بے انتہا خوش نظر آتا تھا۔ گرو نے اسے شاباش دیتے ہوئے کہا۔

"سیلبا! میں ہر چیلے کی ذہانت، فراست اور دانشوری کا قائل ہوں کہ وہ میرے چیلے ہیں اور میری منشاء کے مطابق چل کر کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔ ان کے اسرار و رموز میں میری دی ہوئی تعلیم کارفرما ہوتی ہے۔ جس کے سبب وہ ہمیشہ سرخرو رہتے ہیں۔ مگر سیلبا تم نے اپنے کمال فن میں بہتر مہارت دکھائی ہے۔ شاہانی مجھے بوڑھے جن کی سحر انگیز باتوں میں ڈوبا ہوا دکھائی دیتا تھا۔ اگر اسے اپنی پلاننگ کے حصار میں قید نہ کرتے تو وہ آج مکمل انسان ہوتا۔ اس کا اندر باہر روشن ہوتا اور وہ ہماری پہنچ سے کوسوں دور نکل جاتا۔ مگر اب کے وہ خواہشات کا اسیر ہے۔ ذلیل و خوار ہے اور ہمیشہ در در کی ٹھوکریں اس کا مقدر بن چکی ہیں۔"

گرو کی باتیں سن کر سیلبا کی گردن فخر کی بلند ترین سطح پر پہنچ رہی تھی۔

گرو کا بلند قہقہہ سمندر کی فضاؤں کو چیر رہا تھا۔

"ہاہاہاہاہا...... میں دنیا کے تمام نظام کو جلد کردوں گا۔ اپنے حربوں سے ساری دنیا پر قابض ہو جاؤں گا اور مجھے روکنے ٹوکنے والا کوئی نہیں ہے۔"

گرو کی چالاک ہنسی میں چیلے ساتھ دے رہے تھے۔ گرو کہہ رہا تھا۔

"میرا ہر چیلا سیلبا کی طرح ذہین، چالاک اور غیر

SCANNED BY DIGESTPK

معمولی عقل وفہم کا مالک ہے۔" گرو سیلہا کی تعریف کر رہا تھا اور سیلہا خوشی سے پھولے نہیں سما رہا تھا۔ گرو دوں اربوں چیلوں کے سامنے گرو اس کی عقل و دانش کو تسلیم کرتے ہوئے تعریفیں کر رہا تھا۔ اس کا مان بڑھا رہا تھا۔

سیلہا نے محسوس کر لیا تھا آج گرو کا موڈ بہت اچھا ہے۔ سیلہا کو ایک بات کافی عرصے سے کھٹک رہی تھی مگر وہ اس کا جواب نہیں پا سکا تھا۔ ابتداء میں جب اسے شانی کا مشن سونپا گیا تھا تب پہلے دن کی صبح کے مناظر وہ تا حال نہیں بھولا تھا۔ گھنا جنگل میدان، تمام درخت، پودے، جانور، پہاڑ زمین بوس کیسے ہوئے تھے۔ یہ سوال وہ پہلے بھی گرو سے پوچھ چکا تھا۔

گرو نے کہا تھا یہ تیرے لیے نہیں ہے جس کے لیے وہ دیکھنا نہیں چاہتے، جو دیکھتے ہیں وہ اوروں کو بتاتے نہیں۔

سیلہا کو وہ راز جاننے کی خواہش روز اول سے تھی۔ آج نادر موقع تھا جس سے فائدہ اٹھا کر اس نے گرو سے پوچھ لیا۔

گرو نے لمحہ بھر سوچا پھر اپنے چیلوں پر نظریں دوڑائیں سیلہا کا سوال ایسا تھا کہ تمام چیلے اس کا جواب سننے کے خواہش مند نظر آتے تھے۔ گرو نے سب کو مخاطب کرتے ہوئے کہنا شروع کیا۔

"مجھے کچھ قدرت کے اہم رازوں سے آشنائی ہے۔ کچھ راز زمین کے باسی بھی جان لیتے ہیں۔ زمین کے یہ باسی مسلمانوں کے طبقے سے ہیں۔ دیکھا جائے تو وہ لوگ اندر کے روشن انسان ہیں اور وہی ہمارے دشمنان خاص ہیں۔ وہ یہ راز جانتے ہیں کہ علی الصبح ہر چیز رب کائنات کے سامنے سجدہ ریز ہوتی ہے۔ سیلہا اس صبح تم نے بھی سجدے کے مناظر دیکھے تھے۔ بس فرق یہ ہے کہ یہ مناظر ہر انسان کو نظر نہیں آتے وہ جان سکتے ہیں پر دیکھ نہیں سکتے۔ اس لیے کوئی ان مناظر سے سبق نہیں سیکھ سکتا۔ لہٰذا صبح بھی غفلت کی نیند سوئے رہتے ہیں۔" گرو نے دیکھا سیلہا کچھ مزید پوچھنا چاہ رہا ہے۔

"مزید کچھ مت پوچھنا سیلہا فی الحال تمہارے لیے اتنا ہی کافی ہے ہاں وقت آیا تو میں خود تمہیں مزید بتاؤں گا۔"

"گرو! ہم لب کشائی کی بنا اجازت کے جرأت کیسے کر سکتے ہیں۔ آپ ہی حق اور سچ ہو جو بہتر سمجھتے ہو بتا دیتے ہو۔" سیلہا نے انتہائی مودبانہ لہجے میں کہا۔

"مجھے ابھی اسرائیل جانا ہے۔ تین منٹ بعد میری وہاں میٹنگ ہے تم سب اپنے اپنے کاموں پر لوٹ جاؤ۔" گرو نے میٹنگ برخاست کرنے کا اشارہ دیدیا تھا۔ چیلے حق گرو، سچ گرو کے نعرے لگاتے ہوئے روانہ ہونے لگے۔

❁.....❁.....❁

امجد بخاری نے گروپ کو بہت استحکام بخشا تھا۔ جو ایسے جاں نثار پاکستانی سپوت تیار کر رہا تھا جو دشمنان اسلامی جمہوریہ پاکستان کا سر کچل سکیں۔ انہیں نیست و نابود کر سکیں اور ان کا ناپاک وجود پاک سرزمین سے ہمیشہ کے لیے مٹا سکیں۔ اس مقصد میں اسے خاطر خواہ کامیابی ملی تھی۔ طلحہ، حمزہ، قاسم، عبداللہ، شرجیل، شاہ میر اور اویس اور کئی دوسرے نوجوان اس کے ہاتھ پہ بیعت کر چکے تھے۔ ان نوجوانوں نے خون کے آخری قطرے تک پاکستان کی حفاظت کرنے کا عہد کیا تھا اور قسمیں اٹھائی تھیں۔ جب یہ نوجوان عملی طور پر میدان میں اترنے کے قابل ہوئے تو امجد بخاری نے حمزہ، طلحہ اور اویس کو پراسرار پہاڑیوں میں روانہ کیا۔ کیونکہ وہاں کوئی غیر ملکی گروہ متحرک ہے۔ بجز اس کے امجد بخاری کے پاس کوئی معلومات یا شواہد موجود نہیں تھے۔ قبل اس کے وہ اس قابل نہیں تھا کہ وہ عملی قدم اٹھا پاتا۔ کسی سرکاری آفیسر پہ اعتماد کرنے کو دل آمادہ نہیں تھا۔ اسے معلوم تھا قانون کا وقار مجروح کرنے والے بہت ہیں۔ ہمارے بہت سے اعلیٰ حکام پر غیر ملکی اثر و نفوذ کارفرما رہتا ہے۔ لاقانونیت اور اختیارات کے غلط استعمال کے کئی کیس اس کی نظروں کے سامنے سے گزرے تھے۔ اس لیے امجد بخاری اپنے زور بازو پر یقین رکھتا تھا۔

حمزہ، طلحہ اور اویس کو روانہ کرتے ہوئے امجد بخاری

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

نے ان کے ساتھ ہلکی سی میٹنگ کی تھی۔

"تم لوگ پہلی بار پاکستان کے دشمنوں سے ٹکرانے جا رہے ہو۔ نیک مشن میں روانگی سے پہلے دو رکعت نماز نفل ادا کر لیا کرو۔ جذبہ شہادت کو ہمیشہ ملحوظ رکھو اور ہر نئے مشن کو اپنا آخری مشن سمجھ کر نکلو۔"

"ہمیں اس دن فخر حاصل ہوگا سر! جس دن ہم پاکستان کے دفاع میں موت کو گلے لگائیں گے۔"

"حمزہ اس گروپ کو کمان کرے گا۔ اپنی پوری طاقت اور تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تکمیل مشن کی کوشش کرنی ہے۔ کیونکہ تم لوگوں کا مقابلہ انٹیلی جنس ایجنٹوں سے ہوگا۔ جو اپنے کام میں ماہر ترین لوگ سمجھے جاتے ہیں۔"

"آپ بے فکر رہیے سر! ہم ان شاء اللہ انہیں دوسروں کے لیے مقام عبرت بنا دیں گے۔"

"یہ بین الاقوامی تنظیموں کے ایجنٹ ہیں ان کے پاس جدید ترین اسلحہ اور جدید آلات ہوں گے۔ جن کی بدولت وہ اکثر فتح حاصل کرتے ہیں اگر بات دو بدو لڑائی پر آجائے تو تب ان کی بہادری اور جرات مندی کا بخوبی پتہ لگ جاتا ہے۔ ان ظاہری شیروں میں بھیڑوں کی روح ہوتی ہے۔ یہ شیر کی کھال اوڑھ کر دندناتے ہیں مگر حقیقی شیر سے واسطہ پڑ جائے تو ان کی ساری اکڑ ناک کے راستے نکل آتی ہے۔"

"ایک بار انہیں ہمارے مد مقابل آنے دیں سر! وہ موت سے پناہ مانگیں گے اور زندگی کی بھیک کے لیے گڑگڑائیں گے۔"

امجد بخاری نے انہیں تعریفی نظروں سے دیکھا یہ وہ سرمایہ تھا جن کے جذبات پاکستان کے حوالے سے گرانقدر تھے۔ ان کے بدن امجد بخاری نے ماہر انسٹرکٹر کی نگرانی میں کندن بنا دیئے تھے۔ امجد بخاری نے انہیں سینے سے لگا کر رخصت کیا تھا۔

پانچ فٹ گیارہ انچ قد کا پچیس سالہ حمزہ کڑیل نوجوان تھا اس نے کمپیوٹر میں انجینئرنگ کیا ہوا تھا وہ غیر معمولی ذہانت کا مالک تھا۔ طلحہ اور اویس بھی کم و بیش انہی خصوصیات کے مالک تھے۔

امجد بخاری کے بتائے گئے نقشے کے مطابق وہ پراسرار پہاڑیوں میں پہنچ گئے تھے۔ حمزہ نے اویس اور طلحہ کو دائیں بائیں پھیلا کر ہدایات کی کہ کوئی غیر معمولی چیز تلاش کی جائے کیونکہ بقول امجد بخاری کے دو سو فٹ تک انہوں نے غیر ملکیوں کی نقل و حرکت دیکھی تھی۔ اس کے بعد وہ کہاں غائب ہو جاتے تھے یہ پتہ نہیں لگ سکا تھا۔

ان کی خوش بختی تھی کہ پہلے قدم پر انہیں کامیابی مل چکی تھی۔ اویس نے 25mm کا سانگ دیکھ لیا تھا جو اوپر سے نیچے لٹک رہا تھا۔ لوہے کی باریک تاروں سے بنائے گئے سانگ کی 13 ٹن وزن اٹھانے کی کپیسٹی تھی۔ جہاں یہ لٹک رہا تھا وہاں دو آمنے سامنے پہاڑیاں تھیں۔ دونوں کے درمیان خلا تھا۔ ایک پہاڑی جس پر وہ کھڑے ہوئے تھے ڈھائی تین میٹر کی سل باہر کو نکل کر چھجہ بنا رہی تھی۔ سانگ اسی سل کے ساتھ منسلک نیچے بالکل سیدھا لٹک رہا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں تھا کہ مجوزہ سانگ اوپر سامان اور بندوں کی ترسیل کے لیے استعمال ہوتا ہے مگر کیسے؟ اس سوال کا جواب ذہن تلاش کر رہا تھا۔

"اویس! یہاں پہاڑی کی جڑ میں کوئی غیر معمولی چیز دیکھنے کی کوشش کرو۔" حمزہ نے ادھر ادھر نگاہیں دوڑاتے ہوئے کہا۔

"میں بھی تمہاری مدد کرتا ہوں۔ طلحہ تم کہیں اوٹ میں چھپ کر ہمیں کور کرو ایسا نہ ہو کہ ہم بے خبری میں مارے جائیں۔"

"حمزہ! آپ کے خیال میں یہاں کوئی الیکٹرک بٹن وغیرہ ہو سکتا ہے؟" اویس نے ہاتھ سے جھاڑیاں ہٹاتے ہوئے پوچھا۔

"الیکٹرک بٹن کا امکان بہت کم ہے پھر بھی ہمیں جدید آلات کو مد نظر رکھتے ہوئے کوئی انوکھی چیز تلاش کرنی ہے۔"

"حمزہ! خیال کرنا یہ دو تین میٹر کی سل ہے نیچے گہری کھائیاں ہیں تھوڑی سی چوک ہمیں موت کی نیند سلا دے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

گی۔" اویس نے حمزہ کو سل کے کنارے پر جاتے دیکھ کر تنبیہی لہجے میں بتایا۔

"ہاں میں دیکھ رہا ہوں۔" حمزہ نے اسے تسلی دی۔ حمزہ نے سلنگ کو ہاتھ میں پکڑ کر ہلایا اس سلنگ سے بندے لٹک کر اوپر جاتے رہے ہیں یقیناً اس سے منسلک کوئی لفٹ نما چیز ہوگی اور عین ممکن ہے وہ اس وقت اوپر ہو۔ حمزہ نے اوپر دیکھنے کی کوشش مگر ایک حد تک سلنگ نظر آئی تھی اس کے بعد وہ کچھ دیکھنے سے قاصر تھا۔

"میرا خیال بھی کچھ ایسا ہی ہے حمزہ ہمیں انتظار کرنا چاہیے۔ ہوسکتا ہے اوپر سے نیچے کوئی آئے۔ ہم اس پر نہ صرف قابو پا سکتے ہیں بلکہ اس کی سواری پر اوپر بھی جا سکتے ہیں۔"

"شاید ہمیں ایسا ہی کرنا ہوگا۔ گھنی جھاڑیوں میں کچھ ملنا ناممکن لگتا ہے۔"

"نہیں حمزہ جب اللہ تعالیٰ مدد فرمائے تو سب کچھ ممکن ہوجاتا ہے یہ دیکھو۔" اویس جو ایک چھوٹے سے غار میں جھانک رہا تھا سیدھا ہوتے ہوئے بولا۔ حمزہ نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ اویس کے ہاتھوں میں بچوں کے پلے اسٹیشن کی کی طرح کا ریموٹ پکڑا ہوا تھا۔

"واؤ!" حمزہ بچوں کی طرح خوشی سے اچھل پڑا اس نے ریموٹ لے کر اسے غور سے دیکھا۔ ریموٹ پر چار بٹن تھے اور ایک گول اسٹک لگی ہوئی تھی۔ تھوڑی دیر بغور جائزہ لینے کے بعد حمزہ نے بسم اللہ پڑھتے ہوئے ایک بٹن دبا دیا۔ بٹن دبتے ہی سلنگ میں ہلچل مچی دونوں نے چونک کر اسے دیکھا۔ حمزہ تیز لہجے میں بولا۔

"ہمیں ایک طرف چھپ جانا چاہیے تم دائیں طرف کے بڑے پتھر کے پیچھے چلے جاؤ میں یہاں جھاڑیوں میں بیٹھ جاتا ہوں۔" وہ دونوں بھی طلو کی طرح سوورچہ بند ہوگئے۔ انہیں آدھا گھنٹہ انتظار کرنا پڑا تھا۔ اوپر سے ایک لفٹ نما جالی دار بکس سلنگ کے ساتھ آہستہ آہستہ رینگتا ہوا نیچے آیا۔ بکس سلنگ کے آخری سرے سے چار میٹر پہلے رک گیا تھا۔ جہاں بکس رکا تھا اس کے سامنے وہاں دو بڑے بڑے پتھر پڑے ہوئے تھے جن پر چڑھ کر بکس کے اندر با آسانی پہنچا جا سکتا تھا۔

حمزہ نے دس منٹ مزید انتظار کیا مگر بکس میں کوئی نقل و حرکت نظر نہ آئی تو وہ باہر نکل آیا۔ اس نے اویس اور طلو کو اشارے سے باہر بلایا۔

"طلو! تمہیں یہیں رکنا ہے میں اور اویس اوپر جا رہے ہیں زیادہ دیر ہوجائے تو تم اپنی مرضی سے کوئی بھی قدم اٹھا سکتے ہو۔"

"ٹھیک ہے حمزہ اس ریموٹ کا کیا کروں؟"

"اویس اسے اپنی جگہ سابقہ زاویے پر رکھ دو یقیناً ایک ریموٹ اوپر بھی ہوگا۔"

⁂

حمزہ اور اویس آخری موسٹ میں اوپر پہنچے تھے۔ انہوں نے شانی کو حمزہ کے پاس بیٹھ کر روتے دیکھا تھا۔ ابھی وہ حالات کا جائزہ لے رہے تھے کہ شانی پر فائر ہوئے اور وہ ایک طرف بھاگ پڑا تھا۔

"یہ کیا ہو رہا ہے؟" حمزہ اویس نے سرگوشی کی مگر حمزہ نے اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ دونوں نے ریوالور اپنے ہاتھوں میں لے لیے تھے۔

شانی اس سل پر بھاگا تھا جس نے دو تین میٹر باہر نکل کر چھجہ بنا رکھا تھا اور جس کے ایک کونے میں سلنگ لٹک رہا تھا۔ شانی سلنگ کی مخالف سمت بھاگا تھا اس کے پیچھے دو غیر ملکی بھاگ رہے تھے ان میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی تھی دونوں کے ہاتھوں میں اسٹین گنیں تھیں۔

حمزہ اور اویس تیز نگاہوں سے ماحول کا جائزہ لے رہے تھے۔ کافی دیر گزر جانے کے باوجود بھاگنے والے لوگ واپس نہیں پلٹے۔ نہ ہی مزید کوئی ہلچل کے آثار نظر آئے۔ اویس کے انداز میں اضطراب تھا۔ فطرتاً وہ جذباتی لڑکا تھا وہ میدان میں کودنے کو بے چین ہو رہا تھا۔ وہ سرک کر حمزہ کے قریب ہوا اور بولا۔

"ہمیں باہر نکل کر دیکھنا چاہیے وہ لوگ کہاں گئے ہیں؟"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

"ہاں چلو۔" حمزہ نے اس بار اس کی تائید کی تھی۔ وہ لوگ بکس کے پاس پہنچے تھے تو بکس کو غائب پایا۔

"یقیناً ان میں سے کوئی نیچے گیا ہے۔" اویس نے بکس نہ پا کر خیال ظاہر کیا۔

"ہوں....." حمزہ نے پرسوچ ہنکارا بھرا۔ سب سے پہلے بھاگنے والا لڑکا اس کی مخالف سمت بھاگا تھا۔ حمزہ نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"پھر وہ کہاں گیا؟ تم یہیں رکو میں دیکھ کے آتا ہوں۔"

وہ احتیاط سے آگے بڑھنے لگا مگر راستے کے کنارے پہنچ کر اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے آگے گہری کھائی تھی۔ اس کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ دوڑ گئی۔ وہ معاملے کی تہہ تک پہنچ گیا تھا۔ پاکستانی لڑکا یہاں سے بھاگتا ہوا نیچے کھائی میں گر چکا تھا۔ اسے دیکھنے کے لیے یقیناً غیر ملکی بکس میں بیٹھ کر نیچے جا چکے ہیں۔ حمزہ واپس پلٹ آیا اس نے اویس کو وہیں ایک طرف رکنے کو کہا اور خود جائزہ لینے کے لیے اس طرف بڑھا جس طرف سے وہ لوگ بھاگ کر آئے تھے۔

حمزہ جیسے جیسے وہاں گھوم رہا تھا اس کی حیرانگی میں اضافہ ہو رہا تھا۔ وہاں جدید ترین اسلحہ اور آلات موجود تھے۔ لیبارٹری کے آثار بھی دکھائی دیے۔ مصنوعی بجلی جگمگ کر رہی تھی۔ جدید ترین جنریٹر موجود تھے۔ وہ حیران و پریشانی سے سوچ رہا تھا اتنا بھاری اور وافر مقدار میں سامان یہاں کتنے عرصے میں پہنچا ہوگا اور اسے کون لایا ہوگا۔ وہاں چھ لاشیں بھی پڑی ہوئی تھیں پانچ غیر ملکی مردوں کی اور ایک مقامی لڑکی کی۔ ایک لڑکی غار میں بے ہوش پڑی ہوئی تھی۔ مکمل جائزہ لینے کے بعد وہ شش و پنج میں پڑ گیا تھا۔ اس موقع پر اسے کون سا فیصلہ لینا چاہیے۔ حمزہ کے جوان شاداب چہرے پر فکر و غم کے گہرے بادل چھا گئے تھے۔

❁......❁......❁

جیسے گھپ اندھیرے میں روشنی کی کرن پھوٹ کر اندھیرے کے سحر کو توڑ دیتی ہے ایسے ہی شانی کو سوئے ہوئے دماغ میں بیداری کی کرن پیدا ہوئی۔ وہ کئی منٹ تک خالی الذہن لیٹا رہا۔ آنکھیں کھلی ہوئی تھیں مگر ان میں اشیاء کی شناسائی کے آثار نہیں تھے۔ سن ہوتے ہوئے بدن میں درد دھیرے دھیرے چیونٹیوں کی طرح رینگنے لگا تھا۔ دماغ میں ٹیسوں نے دستک دینا شروع کر دی تھی۔ اسے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے دماغ میں بہت کی نامعلوم آوازوں کا شور برپا ہے۔ یہ شور بہت سے جانوروں کے مل کر چلانے کے مشابہ تھا۔

وہ کچی مٹی کی اینٹوں سے بنے ہوئے کمرے میں لیٹا ہوا تھا۔ کمرے کی دیواریں 18 انچ سے بھی زیادہ موٹی تھیں۔ جن پر مٹی کا لیپ دیا گیا تھا۔ دیوار میں چھوٹا سا خانہ تھا خانے میں دیا ٹمٹما رہا تھا۔ چھت کے ساتھ موٹے چمڑے کا خودساختہ پنکھا دو چھوٹی زنجیروں سے بندھا ہوا لٹک رہا تھا۔ رسی کھینچنے سے آگے پیچھے پینگ لینے کی وجہ سے یہ ہوا پیدا کرتا تھا۔ بانس کی کرسی، مٹی کے چند برتن، دو چار پائیاں یہ کمرے کا کل اثاثہ تھے۔ دروازے کی جگہ بانس کی چک لٹک رہی تھی۔ شانی کے ذہن میں آہستہ آہستہ گزرے واقعات تازہ ہونے لگے۔ ذکیہ بائی کے کوٹھے سے شروع ہونے والی فلم پراسرار پہاڑوں تک پہنچی تو کنزہ کے خیال نے اسے اٹھنے پر مجبور کر دیا تھا لیکن درد کی تیز لہر نے اس کی کوشش ناکام بنا دی۔ اس کے منہ سے بے اختیار کراہ نکل گئی۔ شانی کے بالائی جسم پر جابجا پٹیاں بندھی ہوئی تھیں۔ پٹیوں کا محرک اس کا دو ہزار فٹ گہری کھائی میں گرنا تھا۔ پہاڑوں کی اس قدر گہری کھائی میں گرنے والے جسم کے چیتھڑے ملنا بھی ناممکن ہوتا ہے مگر شانی کی خوش قسمتی تھی جس سل کے چھجے سے وہ گرا تھا اس کے عین نیچے دریا خم کھا کر گزرتا تھا۔ سل اور دریا کے درمیان کوئی روک نہیں تھی۔ شانی سیدھا دریا میں گرا تھا۔ جسم پر لگنے والی چوٹوں کا اصل سبب پہاڑ پر ہونے والی لڑائی تھی۔ زخموں میں بازو کا زخم سب سے گہرا تھا۔ جس میں چاقو کا پورا پھل اترا تھا۔ کنزہ کی موت کا خیال شانی کے دماغ میں ہتھوڑے جیسی ضربیں لگا رہا تھا۔ اس کا دماغ پھوڑے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کی طرح دکھ رہا تھا۔ روشن نواز ساکت و جامد تھا یوں جیسے زندگی جن طنابوں سے بندھی تھی وہ ٹوٹ کر تار تار ہو چکی ہیں۔ ہم نواز اور روشن نواز شانی کے ہمراہ غم کے گہرے سمندر میں ڈوبے ہوئے تھے۔ کنزہ کی ناگہانی موت کا اثر انہیں ہرا اور دکھوں کے بنڈل سونپ گیا تھا۔

"ہم نواز... !" شانی کی غم میں ڈوبی مدھم آواز ہم نواز کی سماعت تک رسائی حاصل نہ کر سکی۔

"روشن!" ہم نواز کی طرف سے جواب نہ پا کر شانی نے روشن نواز کو پکارا۔ روشن نواز سسکیوں میں مصروف رہا تھا۔

"شانی! یہ کیا ہو گیا؟ کنزہ ہم سے بچھڑ گئی۔ ہمیشہ کے لیے۔" روشن نواز کی ہچکیاں تھمنے کا نام نہیں لے رہی تھیں۔ ہم نواز کی آہیں بھی بلند ہونے لگی تھیں۔

شانی دوران دیکھے خلاؤں میں کھویا ہوا تھا۔ آنکھوں سے آب غم رواں تھا۔ درد کی یہ چٹان جو کنزہ کی موت ان کے سامنے کھڑی کر گئی تھی اسے وہ اور اس کے گھر والے کیسے پاٹ سکیں گے۔

شانی نے ایک بار پھر اٹھنے کی کوشش کی اپنے اندر کی ساری قوت جمع کر کے وہ بیٹھنے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ مگر اسے اتنے زور سے چکر آیا کہ وہ بے اختیار سر پکڑ کر رہ گیا۔ اسے لگا کمرہ پھرکی کی طرح گھوم رہا ہے۔ وہ پھر سے لیٹ گیا۔

"ہم نواز پلیز جاؤ دیکھو میری بہن..." لفظ اتنے بھاری بھرکم ہو گئے تھے کہ لب ان کا بوجھ اٹھانے سے انکاری تھے۔ لب تھرتھرا رہے تھے مگر الفاظ کے معنی سمجھ سے بالاتر تھے۔ وہ پھر سے ہمت کر کے بولا۔

"ہم نواز پہاڑوں میں جاؤ دیکھو کنزہ کی لاش کہاں ہے؟" روشن نواز شانی کی ابتر ہوتی ہوئی حالت دیکھ کر ہم نواز سے بولا۔

"ہم نواز ہمیں جلد حالات سے آگاہ کرو۔"

سوچوں کے انبار تھے جو ہم نواز پر اترے ہوئے تھے تاہم وہ جا چکا تھا۔ روشن نواز غمزدہ نظروں سے شانی کے سوجے ہوئے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔

آہٹ پا کر شانی نے گردن موڑ کر دیکھا۔ بوسیدہ کپڑوں میں ملبوس پچاس پچپن سالہ شخص اندر داخل ہو رہا تھا۔ اس کی ظاہری حالت خستہ حالی کی غماض تھی۔ وہ سیدھا شانی کے پاس آیا۔ شانی کی کھلی ہوئی آنکھیں دیکھ کر خوشی سے بولا۔

"تمہیں ہوش آ گیا بیٹا اللہ کا شکر ہے اللہ نے تمہیں بھی بچا لیا اور میری بیٹی کو بھی۔" وہ ایک ہی سانس میں بولنے لگا۔ مسلسل بولنا اس کی عادت تھی چونکہ وہ رکا نہیں بلکہ کہہ رہا تھا۔

"اب کیسا محسوس کر رہے ہو؟" اس نے شفقت سے شانی کے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔ پھر جواب سنے بغیر ہی بولا۔

"میں نے حکیم نصیر ماہوج سے دوا اور مرہم لا دیا تھا۔ ان کی مرہم پٹی میں جادو ہے دیکھنا ایک دو دن میں تم بالکل ٹھیک ہو جاؤ گے۔"

شانی اس کی مزید کوئی بات سننے کے لیے خاموشی سے لیٹا ہوا تھا۔ توقع کے عین مطابق وہ پھر بولا۔

"رمضان مچھیرا میرا جگری دوست ہے مچھلیاں کیسے پکڑی جاتی ہیں یہ دیکھنا بیٹی بروج کا شوق تھا۔ میں نے رمضان سے کہا تو وہ بولا۔"

"یار فردوس یہ کون سی انوکھی بات ہے کل ہی چلو میرے ساتھ دکھا دیتے ہیں۔ ہم باپ بیٹی رمضان کے ساتھ دریا پر چلے گئے۔ وہاں بیٹی بروج کو الگ ہی خوشی ملی کہ وہ دریا کے اندر دور تک چلی گئی۔ بالی عمر ہے بیٹا کچھ نہ پائی۔ دریا کی منہ زور لہریں اسے اپنے ساتھ بہا لے گئی تھیں۔" کہتے ہوئے اس کا لہجہ بے حد اداس ہو گیا تھا۔ مگر وہ رکا نہیں۔

"بیٹی بروج ڈوب گئی اور ہمارے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے بس پھر کیا تھا۔ رمضان اور اس کے ساتھی مچھیرے دریا میں کود پڑے بیٹی بروج سے پہلے تم ہاتھ لگ گئے اس کے بعد میری بیٹی بھی مل گئی اللہ نے دونوں کو بچا لیا۔ ہے نا اس وش (خوبصورت) رب کے وش کام۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کہتے ہوئے فردوس کو خیال آیا کہ پچھلے کئی منٹ سے وہی بولے جا رہا ہے۔ اس نے شانی کے ماتھے پہ ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

"تم بولتے نہیں بیٹا؟"

"میں کہاں ہوں؟"

شانی بمشکل کہہ پایا۔ وہ ہنوز خود کو مکمل طور سے سنبھال نہیں پا رہا تھا۔

"بیٹا! تم میرے گھر میں ہو۔" شانی کو اس قدر سادہ جواب کی توقع نہیں تھی۔ چند لحظ خاموش رہنے کے بعد وہ بولا۔

"آپ کا گھر کہاں ہے؟" شانی کو خدشہ تھا موصوف پھر سے اسٹارٹ ہو جائے گا۔

"تمہیں نہیں پتہ میرا گھر کہاں ہے؟" حیرانی میں ڈوبی آواز سن کر شانی کو لگا کہ وہ احمقوں کی دنیا میں پھنس گیا ہے لیکن فردوس نے کمال ذہانت کا ثبوت دیتے ہوئے کہا۔

"بیٹا! ہمارا گھر گوریہ بستی میں ہے۔ بستی میں زیادہ مچھیرے رہتے ہیں مگر میں مچھیرا نہیں۔ مچھلیاں نہیں پکڑتا اپنے برتن بناتا ہوں جی اور......"

"آپ کو پتہ ہے نثار پور کہاں ہے؟" شانی نے اسے مزید بولنے سے روک دیا۔

"نثار پور؟ جن و پریوں کی پہاڑیوں والا نثار پور؟"

"جی وہی نثار پور۔"

"وہ کسے نہیں پتہ بیٹا! یہاں سے بہت دور ہے پورے چار گھنٹے لگتے ہیں۔ بیٹا تم نثار پور کے رہنے والے ہو؟" فردوس جب بولنے پر آتا تھا تو بلاتکان اسٹاپ بولتا تھا۔

"ہاں میں نثار پور کا رہنے والا ہوں مجھے واپس جانا ہے آج ہی ابھی۔"

"ٹھیک ہے بیٹا! میں تمہیں رحیم بیٹا کے ساتھ گدھا گاڑی میں بٹھا دیتا جب وہ برتن لے کر جاتا۔ مگر بیٹا حکیم صاحب نے تمہارے لیے آرام کرنے کا حکم دیا ہے اور ہم حکیم نصیر کا حکم ٹال نہیں سکتے۔ تم فکر مت کرو تمہیں یہاں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔"

شانی نے خاموشی سے آنکھیں موند لی تھیں۔ فی الحال کچھ کہنا فضول تھا۔ وہ خود کچھ حرکت کرنے سے قاصر تھا۔ جبکہ فردوس حکیم نصیر کی حکم عدولی کرنے پر آمادہ نظر نہیں آتا تھا۔

ہم نواز پلٹ آیا تھا۔

"شانی۔" ہم نواز بولا تو اس کی آواز میں سوز والم کی عجب کہانی غم کا انوکھا تاثر تھا۔

"بولو ہم نواز! مقدر نے کون سا اندوہناک کھیل کھیلا ہے میرے ساتھ۔"

"شانی! میں نثار پور پہنچا تو کنزہ کی تدفین ہو رہی تھی۔ جنازے میں لوگوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر تھا۔ تمہارے گھر میں بھی تل دھرنے کی جگہ نہیں تھی اس لیے کہ کنزہ کی لاش پراسرار پہاڑیوں کی جڑ میں ملی تھی۔ لوگوں کی پرانی تیاس آرئیاں لوٹ آئی تھیں۔ تمہاری ممی پر کئی بار غشی کے دورے پڑ چکے ہیں۔ وہ دہرے غم میں تڑپ رہی ہے۔ بیٹی کا دائمی غم اور شانی کا پولیس سے فرار۔ کامران ملک ان کے ساتھ سارے خاندان نے شرکت کی تھی اور میں تمہیں بتاؤں شانی جنازے میں بہت سے پولیس اہلکار سادہ لباس میں شریک تھے۔ ان کا خیال تھا تم بہن کے جنازے کو کندھا دینے ضرور آؤ گے۔ کیونکہ شانی تو مفرور قاتل ہے۔ جس حوالدار کو تم نے تھانے میں پیٹا تھا وہ اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے فوت ہو چکا ہے۔ ہم نواز تفصیل بتائے جا رہا تھا۔ مگر شانی کنزہ کی تدفین سے آگے کچھ نہ سن سکا تھا۔

❁......❁......❁

مکمل صحت یابی میں بروج کو ایک اور شانی کو تین دن لگے تھے۔ بروج کو کوئی جسمانی چوٹ نہیں لگی تھی۔ دریا میں بہنے سے اس کے دل میں خوف بیٹھ گیا تھا ورنہ وہ صحیح سلامت تھی۔ شانی کے زخموں کا درد بے تحاشہ تھا۔ اس لیے اسے چلنے پھرنے میں تین دن لگے تھے۔ دو دن بروج اس کے آس پاس رہی تھی۔ کئی بار شانی کو پانی اور کھانا بھی اسی نے دیا تھا۔ جب اس کی ماں شانی

SCANNED BY DIGESTPK

کے پاس کمرے میں آتی ساتھ بروج کا ہونا لازمی تھا۔ بروج سحر انگیز حسن کی مالک تھی۔ لوگوں نے نثار پور کی پہاڑیوں میں پریوں کے قصے کہانیاں گڑھ رکھی تھیں مگر کسی نے پری دیکھی نہیں تھی۔ شانی کی نگاہیں بروج کی صورت میں پری دیکھ چکی تھی۔ انتہائی مخدوش اور نامناسب حالات میں بھی وہ نظروں پہ پہرے بٹھانے سے قاصر تھا۔ روشن نواز نے شانے سے دو ہاتھ آگے پھرتی دکھائی تھی۔ بروج کی پہلی جھلک میں ہی وہ زیرو زبر ہو چکا تھا اور بروج کی خوبصورت آنکھوں میں پکے ڈیرے جما کر بیٹھ گیا تھا۔ عام حالات میں بروج کے سنگ گزرنے والے لمحات نہایت فرحت آمیز اور خوش کن ثابت ہوتے لیکن شانی درد کی راہوں میں پاؤں دھرے چل رہا تھا۔ دو دن میں بروج نے شانی کی حد سے بڑھ کر خدمت کی تھی۔ بروج کی گفتگو گھنگرو کی طرح چھن چھن کرتی ہوئی کانوں میں موسیقی کی لے چھیڑ دیتی تھی۔ اس کے لہجے کی مٹھاس رس گھول دیتی تھی۔ ہم نواز کا خیال تھا شانی اور روشن نواز دونوں ہی بروج کے حسن پر فریفتہ ہو چکے ہیں مگر فی الحال اس بات کی پرکھ یا پہچان نہیں رکھتے تھے کیونکہ دونوں کنزہ کی موت اور شانی کے ساتھ پیش آنے والے حالات میں بری طرح الجھے ہوئے تھے۔

بروج جب بھی کوئی چیز دینے کمرے میں آتی اداؤں میں منفرد شرمیلا پن لے کر آتی۔ جسے دیکھ کر انوکھے لطف کا احساس جاگ اٹھتا تھا۔ بروج کی ماں اور بہنوں کا خیال تھا جب سے وہ دریا میں غوطہ لگا کر آئی ہے اس کے حسن میں مزید نکھار آ گیا ہے۔ محلے کی سہیلیاں تو باقاعدہ اسے چھیڑتی بھی تھیں۔

"دریا کی گہرائی میں کیسے دیکھ لیا تھا کہ تیرے حسن کو چار چاند لگ گئے۔"

خود بروج ہاتھ میں ٹوٹا شیشہ لے کر دیکھتی تو شرما کر خود میں سمٹ جاتی۔ اس کا حسن واقعی غیر معمولی حد تک بڑھ گیا تھا۔

شانی میں بروج کی دلچسپی شانی کا جھکاؤ اور روشن نواز کا رویہ ہم نواز کو سخت پریشان کر رہا تھا۔ کیونکہ وہ مستقبل کی کھڑکی سے جھانک کر حالات کی کڑیاں جوڑ رہا تھا۔ شانی پر قتل کا مقدمہ درج ہو چکا تھا۔ وہ تھانے کے لاک اپ سے بھاگا ہوا مجرم تھا اور اس کے مدمقابل ایم این اے کا بیٹا ساجد اور تھانے کا پورا عملہ تھا۔ شانی کو فی الحال حالات کو سدھارنا تھا اگر وہ یونہی ان دیکھی منزل کی طرف بھاگتا رہا تو اس دلدل کی گہری کھائی میں مزید دھنستا چلا جائے گا۔ ہم نواز نے شانی کو سمجھانے کی غرض سے کہا۔

"شانی! میں دیکھ رہا ہوں تمہارا جھکاؤ بروج کی طرف بڑھ رہا ہے اور بروج کی حرکات و سکنات میں بھی محبتیں پھوٹ رہی ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ ٹھیک نہیں ہے۔" شانی کے بولنے سے پیشتر روشن نواز بول اٹھا۔

"ہم نواز! پیار وہ جذبہ ہے جس پر کسی کو اختیار نہیں ہوتا۔ یہ بے اختیار ہے اور اسے جب ہونا ہوتا ہے ہو کر رہتا ہے۔ حالات و واقعات اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتے۔"

"روشن نواز! تم حالات کو سمجھو۔ شانی اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے مخدوش حالات اسے چاروں طرف سے گھیر چکے ہیں۔ ابھی اسے بہت سی گتھیاں سلجھانی ہیں۔ کنزہ کی موت کے بعد گھر میں بھونچال آیا ہوا ہے۔ ممی اور منزہ کو سہارا دینا شانی کی ذمہ داری ہے۔ کامران اور اذان جس طرح اپنی اپنی فیملیوں میں ڈوبے ہوئے ہیں وہ اس ذمہ داری سے مبرا نظر آتے ہیں۔ مگر جب شانی خود کو تھانے میں پیش کرے گا۔ وہ چاروناچار اس کا مقدمہ لڑیں گے۔ شانی نے جو کچھ تھانے میں کیا اپنے دفاع میں کیا۔ تھانے میں ساجد کی موجودگی اس کی پوزیشن مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہوگی اور......"

"ہم نواز! میں تمہارے تجزیے سے متفق ہوں مگر پیار بھی نعمت سے کم نہیں اور یہ نعمت مقدر سے ملتی ہے۔ بروج حسن کی دیوی ہے اگر وہ شانی سے متاثر ہے اور شانی اس کے حسن میں ڈوبا چلا جا رہا ہے تو اس میں کیا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

مضمر نقص ہے۔"

"روشن نواز! تم اپنی فطرت کے مطابق جذباتی باتیں کرتے ہو۔ تم حالات کو الگ زاویے سے دیکھ رہے ہو اور میں الگ زاویے سے دیکھتا ہوں۔"

شانی دونوں کی گفتگو سن رہا تھا۔ ہم نواز کی بات پر وہ بولا۔

"ہم نواز! جو تم نے سوچا اور کہا وہ اٹل حقیقت ہے۔ بروج کے حسن میں مقناطیسی کشش ہے میں چاہنے کے باوجود خود کو روک نہیں پاتا اور گزرنے والے ہر لمحے میں میرا جھکاؤ اس کی طرف بڑھ رہا ہے۔ جبکہ مجھے ان حالات میں یہ زیب نہیں دیتا مگر میں بالکل بے بس ہو چکا ہوں۔ حالانکہ مجھے ابھی حالات کا مقابلہ کرنا ہے۔ اپنا گھر سنبھالنا ہے، کیس لڑنا ہے اور وہ غیر ملکی گروہ بھی میرے اعصاب پر سوار ہے۔ ان لوگوں کے مقاصد کیا ہیں۔ وہ پہاڑوں میں کیا کرتے پھر رہے ہیں۔ جدید ترین سامان سے لیس یہ گروپ اتنا منظم کیسے ہوا۔ یقیناً انہیں مقامی لوگوں کا تعاون حاصل رہا ہے۔ وہ سب میرے ڈیڈی اور بہن کے قاتل ہیں۔ میں انہیں کبھی بخش نہیں سکتا۔ میرا کیس حل ہوتے ہو میں اس گروپ کی تہہ تک پہنچ کر انہیں نیست و نابود کر دوں گا۔"

"شانی! فی الحال ہمیں جوش سے نہیں ہوش سے کام لینا۔" ہم نواز نے اسے باور کرایا کہ وہ ایک بار پھر ہوش کا دامن جھٹک رہا ہے۔ "ہمیں سر دست یہاں سے چلنا چاہیے کیونکہ میں محسوس کر رہا ہوں جتنی دیر یہاں ٹھہریں گے۔ یہاں اپنا بہت کچھ گنوا دیں گے۔ یہاں سے جلدی نکلنا ہی ہمارے حق میں بہتر ہے۔"

ہم نواز کی تجویز پر شانی نے عمل کیا تھا ویسے بھی وہ تندرست تھا اور وہاں رکنے کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔ شانی نے اپنے محسن فردوس کا بہت شکریہ ادا کیا۔ فردوس بہت سادہ اور مخلص انسان تھا۔ زندگی کے اصل راز ایسے ہی سادہ لوگوں میں پوشیدہ ہوتے ہیں۔ یہی لوگ جو خلوص و محبت سے لبالب بھرے ہوتے ہیں۔

"ناکو (چچا) فردوس میں آپ کا بے حد مشکور ہوں آپ نے میرے لیے تکالیف اور پریشانیاں اٹھائی ہیں میں آپ کا احسان کبھی نہیں بھولوں گا۔ زندگی رہی تو اس کا ازالہ کرنے کی کوشش کروں گا۔"

"شانی بیٹا! میں نے جو کچھ کیا اپنے رب کی خوشنودی کے لیے کیا ہے۔ میں اجر کی توقع بھی اسی ذات سے رکھتا ہوں۔ انسان کے ساتھ کی جانے والی نیکی کا بدلہ دنیا میں مل جائے تو آخرت میں نہ ملنے کا ڈر رہتا ہے۔ شانی کو گوریہ بستی کے سادہ اور احمق شخص نے ششدر کر دیا تھا۔ وہ ان لوگوں سے خلوص کے ساتھ ملا۔ فردوس کی بیوی، دو بیٹیاں اور بیٹا رحیم سب نے اسے عزیز ترین ہستی کی طرح الوداع کیا تھا۔ تاہم وقت رخصت بروج گھر پر نہیں تھی۔ ماں نے بتایا کسی سہیلی کے گھر نکل گئی ہے۔ روشن نواز بروج کا متلاشی تھا۔ شانی ترچھی نگاہوں سے صحن کا جائزہ لے رہا تھا مگر پانچ افراد کی موجودگی کے باوجود صحن بہت اداس اور سونا سونا لگ رہا تھا۔

بروج گھر نہیں لوٹی تھی اور شانی چلا آیا تھا۔ اس کے پاؤں انتہائی سست روی سے اٹھ رہے تھے۔ جاتے سمے نامعلوم اداسی اس کے وجود کو گھیر چکی تھی۔ گوریہ بستی کو اسے پیدل عبور کرنا تھا اس کے بعد کسی سواری کے ملنے کی امید تھی۔

شاید وہ گوریہ بستی کی آخری گلی تھی۔ قدم منوں بھاری محسوس ہو رہے تھے۔ روشن نواز اسے ٹوک رہا تھا۔

"چند لمحوں کے لیے کسی بہانے فردوس کے کچے مکان میں لوٹ جاؤ شاید بروج گھر واپس آ گئی ہو۔ شاید بے مثال حسن کا دیدار نصیب ہو جائے۔"

شانی روشن نواز کے سامنے ہتھیار ڈال کر کمزور نہیں ہونا چاہتا تھا۔ اس لیے چلتا رہا مگر آخری موڑ مڑتے ہی زمین نے اس کے قدم تھام لیے۔ سامنے بروج کھڑی تھی۔ شانی کی طرح روشن نواز بھی اسے دیکھ کر چہک اٹھا تھا۔ ان کے اندر روشنی کے نئے دیئے جلنے لگے تھے۔ جبکہ ہم نواز سوچ کی اتھاہ گہرائیوں میں اتر چکا تھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"آپ واپس جا رہے ہیں؟"

"یہ بستی تمہاری ہے بروج' میں تو مسافر تھا۔ چند دنوں کا مہمان واپس جانا میری مجبوری ہے۔"

"جانے والوں کو روکنا مشکل ہوتا ہے۔ مگر جانے والے لوٹ بھی آتے ہیں۔ کیا میں لوٹ آنے کی توقع رکھوں؟"

شانی کشمکش میں کھڑا ہوا تھا۔ بروج کبھی اسے دیکھتی اور کبھی دیکھ کر نگاہیں جھکا لیتی۔ شانی کے اندر الجھنوں کے جھکڑ چلنے لگے تھے۔

"ہر جانے والا لوٹ کر آیا نہیں کرتا بروج۔" شانی کے لہجے میں نہ چاہتے ہوئے بھی اداسی در آئی تھی۔ اس کی نگاہیں فضاؤں میں بھٹک رہی تھیں۔ بروج نے پلکوں کی چادر اٹھا کر اس کے خوبصورت اداس چہرے کو دیکھا۔ یہ کیسا اجنبی تھا جو بہت اپنا لگ رہا تھا۔ جس نے پچھلے دو دنوں سے اسے اضطراب کی نئی دنیا بخشی تھی۔ لذت بھری بے چینی اور خوشبوؤں بھری اداسی سونپی تھی۔

"جانے والا جب لوٹ آنے کا وعدہ کرتا ہے تو وعدے کی زنجیر اس کے پاؤں میں چھنکتی رہتی ہے اور وہ کبھی نہ کبھی اس چھنک کو محسوس کر کے واپس پلٹ آتا ہے۔"

"میں کوئی ایسا وعدہ نہیں کرتا بروج جو مجھ سے پورا نہ ہو سکے۔"

"وعدے اُمیدیں دلاتے ہیں شانی! اور اُمیدیں زندگی کو نئی حرارت بخشتی ہیں۔ آپ لوٹ کر آئیں نہ آئیں میرے ہاتھ میں وعدے کی ڈور تھما جائیں میں زندگی کی ٹوٹتی سانسوں کو اس سے حرارت دیتی رہوں گی۔"

وہ عجیب لمحات تھے جو اجنبی ایک دوسرے کو زندگی کی ڈور تھمانا چاہتے تھے مگر تھما نہیں پا رہے تھے۔ بروج نے کہتے ہوئے ہاتھ آگے بڑھا رکھا تھا۔ دونوں کا درمیانی فاصلہ تین میٹر کا تھا۔ بروج کا ہاتھ شانی کے سامنے ہوا میں معلق تھا۔

زندگی میں کوئی ایک لمحہ ایسا ضرور آتا ہے جب ہم فیصلے کی دہلیز پر رک جاتے ہیں جب فیصلہ کرتے ہیں تو بسا اوقات یہ فیصلہ ساری زندگی پر انتہائی گہرے اثرات مرتب کرتا ہے۔ وہ بھی لمحوں کی بات تھی شانی فیصلے کی دہلیز پر جما کھڑا تھا۔ ہم نواز خاموش اور روشن نواز بے حد خوش تھا۔ چند لمحے خاموشی کی نذر ہو گئے۔ وقت ساکت تھا جیسے تھم گیا ہو۔ قریبی گھر سے کسی عورت کی ڈانٹ ڈپٹ جاری تھی۔ چند پرندے فضا میں پر مار رہے تھے۔ شانی کو کوئی ان دیکھی الجھن پیش قدمی سے روک رہی تھی۔ مگر وہ ہار گیا تھا۔ محبت جیت گئی تھی۔ اس نے خاموشی سے بروج کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا مگر کہا کچھ نہیں۔ شاید مزید کچھ کہنے کو تھا ہی نہیں۔ وہ بنا کچھ کہے کچے راستے پر چل پڑا تھا۔ دو اداس آنکھیں اسے دیر تلک پیچھے سے جاتا دیکھتی رہی تھیں۔

ڈیوڈ اس حال میں اپنی مخصوص کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ جس کرسی پر بیٹھ کر پہلی بار آٹھ ممالک کے نمائندوں کے سامنے نیو ورلڈ آرڈر کا منصوبہ پیش کیا تھا۔ ابتدائی چند میٹنگز میں کل ملا کر نو افراد شریک ہوئے تھے اور ہال میں دس کرسیاں رکھی گئی تھیں لیکن بعد میں دو کرسیوں کا اضافہ کر دیا تھا۔ کیونکہ ڈیوڈ نے انتہائی ہوشیاری سے اپنے خفیہ منصوبوں کی تکمیل کے لیے دو مسلم رہنماؤں کو ان میں شامل کر لیا تھا۔ مسلم رہنماؤں کے ساتھ ڈیوڈ نے اقتدار و اختیارات مختلف مراعات اور وسیع فوائد دینے کا وعدہ کیا تھا۔ نیو ورلڈ آرڈر میں شامل ہونے والے نام نہاد مسلم رہنما اپنی عاقبت نااندیشی میں یہ جاننے سے قاصر تھے کہ ان کی حیثیت نیو ورلڈ آرڈر مثالی حکومت میں فقط کٹھ پتلی سی ہوگی۔ ان رہنماؤں کے توسط سے اہم اسلامی ممالک میں مادہ پرست، ذاتی سہولیات زندگی، خوشحالی اور ذاتی مفادات کو ترجیح دینے والے اسلامی لیڈروں کو وہ مٹھی میں لے چکے تھے۔ ایسے لیڈر جو ان کی تقلید کو باعث فخر سمجھتے تھے۔ وہ لیڈر فخر سے اپنے ممالک کو یورپ کے کسی ملک کے برابر کھڑا کر دینے کا دعویٰ کرتے تھے۔ ان کی ڈور نیو ورلڈ آرڈر کے آقاؤں کے ہاتھوں میں تھی۔ جنہوں نے

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

انہیں فکری ارتداد میں ڈبو دیا تھا۔ اب وہ اپنے اپنے ممالک میں بڑی جانفشانی سے فرقہ وارانہ فسادات، سماجی طبقات اور منفی انداز میں عوامی مسائل کو اجاگر کر رہے تھے۔ تمام اہم اسلامی ممالک میں اسلامی قانون کا تصور بالکل مٹا دیا گیا تھا اور وہ جمہوریت کو اعلیٰ و ارفع نظام حکومت سمجھتے تھے اور عوام کے ذہنوں کو آئے روز پست کرنے میں سرگرم عمل تھے۔ وہ ہر سنجیدہ سوچ جو نیو ورلڈ آرڈر کے خلاف جاری تھی انہیں کچلنے کے لیے اپنا کردار احسن طریقے سے نبھا رہے تھے۔ لوگوں کی ذہنی قوتوں کو پراگندہ کیا جا رہا تھا اور بہت سے اسلامی ممالک کے مسائل فصاحت و بلاغت بیان بازی، اخباری کالموں اور ٹی وی ٹاک شو میں الجھ کر رہ گئے تھے۔ یہ مسائل ظاہری نمود و نمائش اور زبانی دعوؤں میں حل ہو رہے تھے۔ مگر حقیقت کا روپ دھارنے کا نام نہیں لیتے تھے۔

ڈیوڈ کے لیے سب سے بڑی کامیابی یہ تھی کہ یہ سب کچھ واحد اسلامی ایٹمی طاقت پاکستان میں بھی ہو رہا تھا۔

ڈیوڈ ہال میں بیٹھا ہوا اب تک کیے گئے اقدامات پر غور کر رہا تھا۔ جب اس نے ایک مثالی حکومت کا آئیڈیا پیش کیا تھا تب اس کے ہموار رفیقوں کی تعداد محدود تھی مگر بتدریج اس کے مطیع افراد کی لسٹ طویل تر ہوتی چلی گئی تھی۔ ڈیوڈ نے ان افراد سے مل کر ایسے پلان ترتیب دیے تھے کہ دنیا کی معیشت، وسائل، ٹیکنالوجی اور توانائی کے تمام اہم ذرائع ان کی مٹھی میں چلے آتے تھے۔ ذہین ترین دماغ شب و روز جدید ترین آلات ایجاد کرنے میں مصروف تھے۔

وہ سپرمین، بے مثال آدمی، محیر العقول، مہارت کا ناقابل تسخیر آدمی بنانے میں کامیاب ہو چکے تھے۔ مگر اسے منظر عام پر لانے سے اجتناب کیا گیا تھا۔ فی الحال اس کا خفیہ رکھا جانا مقصود تھا۔ انہوں نے اپنی جدید لیبارٹریز میں ممتاز سائنسدان، ذہین انجینئر، ماہر معاشیات، بیرسٹر، کامیاب ترین سیاستدان اور اعلیٰ عسکری دماغ کو یکجا کیا ان

کی یادداشتیں حاصل کی گئیں پھر انہیں کمپیوٹر میں ڈاؤن لوڈ کیا گیا اور پھر اسے ایک دماغ میں اپ لوڈ کر دیا گیا۔ اس طرح انہیں حسب منشاء نتیجہ ملا تھا۔ وہ ایک مثالی آدمی بنانے میں کامیاب ہو چکے تھے۔ اس عمل میں نقصان دہ پہلو یہی تھا کہ جن افراد کی یادداشت لے کر کمپیوٹر میں ڈاؤن لوڈ کی گئی تھی وہ پہلے پاگل ہوئے اور بعد میں ابدی نیند سو گئے۔ اگر وہ از خود ابدی نیند نہیں سوئے تو انہیں زہر کا انجکشن لگا کر موت کے حوالے کر دیا گیا۔ چونکہ وہ اب نارمل انسان بن چکے تھے۔ اس طرح انہوں نے یکمشت کئی اہم ترین افراد کھو دیے تھے لیکن ڈیوڈ کے خیال میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا کیونکہ ان کی صلاحیتیں بہرحال محفوظ ہو چکی تھیں۔ اس اہم کامیابی کے ساتھ ساتھ وہ لوگ خلاؤں، سمندروں، چاند ستاروں اور تمام سیاروں میں اپنی طاقت کا سکہ جما چکے تھے۔ برمودا ٹرائی اینگل میں مقناطیسی لہروں پر بہت حد تک قابو پا چکے تھے۔
تاہم ڈیوڈ کو معلوم تھا کہ ان پر مزید عبور حاصل کرنا اب ضروری نہیں رہا اس لیے کہ ڈیوڈ بذات خود ان لہروں پر سو فیصد عبور رکھتا تھا۔ جس حد تک عبور دیا گیا تھا وہ نیو ورلڈ آرڈر کے ممالک کو خوش کرنے کے لیے حاصل کیا گیا تھا۔ ورنہ ڈیوڈ جانتا تھا وہ لہریں کیسی ہیں۔ ان میں غائب ہونے والے جہاز، طیارے اور انسان کہاں جاتے ہیں اور کیسے غائب ہوتے ہیں۔ اڑن طشتریوں کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی تھا۔ مصنوعی بارش برسانا اور قدرتی بارش کو روکنا اب خوابوں اور خیالوں کی باتیں نہیں رہی تھیں۔

زمین کی نبض کو چھیڑنے کا پروگرام متواتر جاری تھا۔ زمین کا کمک مسلسل 7 سائیکل فی سیکنڈ سے بڑھ رہا تھا جس کا مطلب تھا کہ عنقریب وہ وقت کو تھام لینے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

بین الاقوامی متحدہ ادارہ کا کمال فن مسلسل عروج پر تھا۔ یہ ادارے کی مسلسل کامیابی کی وجہ تھی کہ آج وہ اس پوزیشن میں آ کھڑے ہوئے تھے کہ جس ملک پر جب چاہیں حملہ آور ہو جائیں۔ کسی بھی معمولی جواز کے ساتھ وہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

اس ملک پر دھاوا بول کر قبضہ جما لیتے تھے۔ لاشوں کے ڈھیر لگا دینے کے باوجود حالات کو ایسا رخ دیا جاتا تھا کہ دنیا انہیں حق بجانب سمجھتی تھی۔ جن ممالک پر عسکری اثر و رسوخ نہیں چل سکتا تھا وہاں اقتصادی بحرانوں کے ذریعے منفی نظام کو جامد کیا گیا تھا۔ معاشی بحران اور وسائل میں کمی لائی گئی تھی۔ ایسے ممالک کو قرضوں کے بوجھ تلے دبا کر غلام بنا لیا گیا ہے۔ جو ممالک قرضہ لینے یا ان کے رعب و دبدبہ میں آنے سے دور تھے وہاں اندرونی مداخلت کے ذریعے انتشار، بدنظمی پھیلا کر خانہ جنگی کی کیفیت پیدا کر دی گئی تھی۔ جس سے نیو ورلڈ آرڈر کو امید ہو چلی تھی کہ ایسے تمام ملک بھی بہت جلد سرنگوں ہو جائیں گے بہت جلد ان کے ہاتھوں میں کشکول ہوگا اور لبوں پر فریاد ہوگی۔ وہ انہیں رو کر پکاریں گے قرضہ مانگیں گے اور ملک میں امن و امان بحال کرنے کے لیے ان کی خدمت حاصل کرنے کے لیے منتیں کریں گے۔

فرانس اور سوئزر لینڈ میں کائنات کی تخلیق کا راز جاننے کے لیے جو تجربہ شروع کیا گیا تھا وہ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں تھا۔

ڈیوڈ نے ہال پر طائرانہ نظر ڈالی۔ گیارہ خالی کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔ دس کرسیاں میٹنگ میں بندوں سے پر ہو جاتی تھیں۔ مگر سامنے کی بڑی کرسی ہمیشہ خالی رہتی تھی۔ ڈیوڈ کو اس دن کا بے چینی سے انتظار تھا جس دن بڑی والی کرسی پر بیٹھنا تھی۔ ڈیوڈ کے نزدیک اب وہ دن دور نہیں تھا۔ کیونکہ بیسان کے باغات ویران ہو رہے تھے۔ زغر کا چشمہ خشک ہو رہا تھا اور عرب بھی لمبی لمبی بلڈنگیں بنا رہے تھے۔ حالات کے پیش نظر ہی ڈیوڈ کچھ کر رہا تھا وہ سب کچھ آنے والے مسیحا بے مثال، طاقتور اور دنیا پر حکومت کرنے والے ناقابل تسخیر لیڈر کی جھولی میں ڈال دینے کے لیے کر رہا تھا۔ آنے والا طاقتور لیڈر ڈیوڈ کا آخری ہتھیار تھا جو انہیں دنیا کا اصل حکمران بنائے گا۔ یہ دنیا ان کے تابع ہونا تھی۔ ڈیوڈ نے آنکھیں موند لیں اس کے دماغ میں مستقبل کی حکومت کا تصور چل رہا تھا۔ ایسی حکومت جسے کبھی زوال نہیں ہوگا۔ جس کو کوئی مادی طاقت مٹا نہیں پائے گی۔ وہ سوچتا رہا اور نئے پلان ترتیب دیتا رہا۔

❀......❀......❀

تھامس کا دماغ سائیں سائیں کر رہا تھا۔ وہ انتہائی بے چینی سے آفس میں ٹہل رہا تھا۔ اضطراری کیفیت میں بار بار ہونٹ کاٹ رہا تھا۔ کبھی ہتھیلی پر غصے سے مکا مار دیتا کبھی کرسی پر بیٹھ جاتا کبھی اٹھ کر پھر سے ٹہلنے لگتا تھا۔ پاکستان سے موصول شدہ رپورٹ نے اس کے دماغ کی چولیں ہلا دی تھیں۔ اس ناکامی کا اس نے کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا۔ اسے فوراً جنرل میٹنگ میں طلب کر لیا گیا تھا اور اس واقعے کی باز پرس کی گئی تھی۔ کیونکہ اس مشن کی کمان براہ راست اس کے ہاتھ میں تھی۔ بات صرف بلیک واٹر کی نہیں تھی۔ بلکہ اس میں را اور موساد کے مشترکہ ایجنٹس بھی موجود تھے آٹھ افراد میں سے گروپ کے پانچ افراد لقمہ اجل بن چکے تھے۔ ایک لڑکی غائب تھی۔ جیم اور ڈورتی زندہ بچے تھے۔ تھامس کو اس ناکامی کے سبب میٹنگ میں اچھی خاصی سبکی کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ یہ معمولی واقعہ نہیں تھا۔ موساد، را اور بلیک واٹر کے مایہ ناز ایجنٹس جن کی ٹریننگ، تربیت اور تیاری میں لاکھوں کروڑوں ڈالرز خرچ ہوتے ہیں۔ جنہیں انتہائی مشکل ترین مراحل سے گزرنا پڑتا تھا اذیتیں، مصیبتیں اور کئی سنگلاخ راہوں سے گزر کر وہ عملی میدان میں قدم رکھتے ہیں۔ انہیں جان سے مار دینا کسی عام آدمی یا گروپ کا کام نہیں تھا۔

تھامس سے سخت الفاظ میں باز پرس کی گئی تھی۔ اس سارے معاملے میں کون سی ایسی کوتاہی سرزد ہوئی کہ انتہائی شاطر اور عیار ایجنٹس بے خبری میں مارے گئے تھے۔ جدید ترین اسلحہ ہونے کے باوجود انہیں استعمال کا موقع نہیں ملا تھا۔ تھامس نے اپنی شرمندگی کا ازالہ کرنے کے لیے ذہین و فہیم، چالاک عیار، سفاک اور ماہر ایجنٹ جان رائٹ کی پاکستان روانگی کی منظوری لے لی تھی۔ وہ جان کا بے چینی سے منتظر تھا۔ جان آدھے گھنٹے بعد آفس میں داخل ہوا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

رسمی علیک سلیک کے بعد تھامس براہ راست موضوع پر آتے ہوئے بولا۔

"جان رائٹ! میں سخت ترین ذہنی انتشار کا شکار ہوں۔" تھامس نے کرسی کی طرف اشارہ کیا۔ جان رائٹ تھینک یو کہتا ہوا کرسی پر بیٹھ گیا۔

"میں نے آپ کو فائل بھجوائی تھی۔ تھامس کی پریشان نگاہیں جان پر مرکوز تھیں۔

"جی ہاں میں یہاں آنے سے پہلے فائل پڑھ چکا ہوں۔ رپورٹ انتہائی پریشان کن اور ناقابل یقین ہے۔"

"میرا دماغ سن ہو گیا ہے۔ جب مجھے اس واقعے کی مفصل رپورٹ ملی تھی۔" تھامس کے لہجے میں ہنوز پریشانی جھلک رہی تھی۔

"تھامس! ہمارے پانچ افراد موت کے منہ میں چلے گئے ہیں۔ لڑکی غائب ہے، اسلحہ اور کمپیوٹر فلاپی بھی موجود نہیں جبکہ اس کا محرک ایک بائیس تیئس سالہ لڑکے شانی کو بتایا گیا ہے۔"

"ہاں...... رپورٹ ولیم نے تیار کی جو جوزف کے بعد اس مشن کا انچارج ہے۔ ولیم اور ڈورتی چشم دید گواہ بھی ہیں کہ ان پر حملہ کرنے والا شانی اکیلا تھا۔"

"یہ بات حلق سے نہیں اتر رہی تھامس۔" جان رائٹ مطمئن ہوتا نظر نہیں آ رہا تھا۔ تھامس اس کے سخت گیر چہرے کو دیکھ رہا تھا۔ جوزف نے اپنی جسمانی تسکین کے لیے مقامی لڑکی کنزہ کو اٹھایا۔ جسے چھڑانے اس کا بھائی شانی وہاں پہنچا اور تہلکہ مچا دیا ایسا تہلکہ جس میں بہترین ایجنٹس موت کے گھاٹ اتر گئے ہیں۔ تھامس یہ سب کسی فلمی سٹوری کا کوئی سین لگتا ہے۔

"جان! یہ بات طے ہے کہ حملے کے وقت شانی تنہا تھا اور ہمارے آدمی بے خبری میں مارے گئے ہیں۔ کیونکہ جوزف اور بوتھم کئی عرصے سے کام کر رہے ہیں دو ہزار فٹ بلندی پر ان کے علاوہ کسی بھی شخص کا پہنچنا ناممکن تھا۔"

پھر بھی شانی ان کے سر پر پہنچ گیا۔ جان رائٹ کے لہجے میں ہلکا سا طنز تھا۔

"وہ کیسے پہنچا اور اب کہاں ہے اس کا کھوج آپ کو لگانا ہے۔ تھامس اس کا طنز نظر انداز کر کے بولا۔ "شانی کے مرنے یا زندہ بچ جانے کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔"

"شانی گہری کھائی میں گر گیا تھا۔ ولیم اور ڈورتی اس کے پیچھے گئے تھے۔ ان کی غیر موجودگی میں بے ہوش ہیلری جدید اسلحہ اور کمپیوٹر فلاپی غائب پائے گئے۔ اس کا صاف مطلب یہ ہوا کہ شانی کی نگرانی میں مزید بندے موجود تھے۔ جب میدان صاف ہوا تو وہ اپنا کام دکھا گئے۔"

"ہوں......" تھامس نے طویل ہنکارا بھرا۔ پریشانی میں وہ اب تک ان باتوں پر غور نہ کر سکا تھا۔ جان رائٹ نے اسے اب حالات کو نئے رخ سے دیکھنے پر مجبور کر دیا تھا۔

"شانی کے دوسرے ساتھیوں کی موجودگی صد فی صد ہو سکتی ہے جان۔ اس میں بس سوال یہی اٹھتا ہے کہ وہ شانی کی مدد کے لیے لڑائی میں شریک نہیں ہوئے۔ دوسری بات کنزہ کی موت پہاڑی کے اوپر دو ہزار فٹ بلندی پر واقع ہوئی تھی جبکہ اس کی لاش پہاڑی کی جڑ میں پائی گئی۔"

"تھامس ولیم اور ڈورتھی نے سنگین غلطی کی ہے۔ وہ دونوں اکٹھے شانی کے پیچھے چلے گئے حالانکہ شانی دو ہزار فٹ بلند کھائی میں گرا تھا۔ یقیناً اس کی ہڈیاں سرمہ ہو گئی ہوں گی۔"

"جان یہ گتھی سلجھانے کے لیے آپ کو پاکستان جانا ہوگا۔"

"مجھے آرڈر مل چکے ہیں۔ تھامس اور میں بالکل تیار ہیں۔ کیا ویزے کے لیے مجھے پاسپورٹ بھجوانا ہوگا۔ پاکستان کے لیے ہمیں ویزے کی ضرورت نہیں جان۔ ہماری ایجنسی یہ کام کرے گی۔ آپ تیاری کریں اور شانی کو نظر انداز نہیں کرنا ہے۔ اس کی موت کی تصدیق ضروری ہے اور اگر خوش قسمتی سے زندہ بچ گیا ہے تو اس کا پکڑا جانا اس سے بھی ضروری ہے۔ اس کے توسط سے آپ ہیلری اور اس کے بچانے والے بندوں تک پہنچ سکتے ہیں۔"

"میں سمجھتا ہوں یہ میرا کام ہے۔ آپ بے فکر رہیے۔ مجھے وہ فائل چاہیے جس میں پاکستان کے مقامی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

گروپوں کی تفصیل موجود ہے۔ جو ہمارے لیے کام کر رہے ہیں۔"

"میں بھجوا دوں گا۔" تھامس نے بلا تامل کہا۔

"ولیم اور ڈورتھی کا موجودہ ٹھکانا کہاں ہے؟" جان رائٹ نے پوچھا۔

"ہوم منسٹر عبدالبارق ان کا میزبان ہے۔" تھامس نے اسے مزید تفصیل سے آگاہ کیا۔

"او کے تھامس' چلتا ہوں اور آپ کو کو مزید ٹینشن لینے کی چنداں ضرورت نہیں۔"

"مجھے پتہ ہے جان۔ تم میری شرمندگی کا ازالہ کر دو گے۔" تھامس نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ جان رائٹ اس پہلے کھڑا ہو چکا تھا۔

"سی یو تھامس۔" جان رائٹ نے مصافحہ کے لیے ہاتھ آگے بڑھاتے ہوئے کہا۔ تھامس نے گرمجوشی سے اس کا ہاتھ پکڑ کر ٹیک کیئر جان کہا تو جان رائٹ کمرے سے باہر نکل گیا۔ اس کے بعد تھامس ایک فائل پر جھک گیا' جس پر موٹے حروف سے پاکستان لکھا ہوا تھا۔

❁.....❁.....❁

حمزہ، طلحہ اور اویس نے غیر معمولی کارکردگی دکھائی تھی۔ حمزہ نے کئی بروقت فیصلے کیے تھے۔ جو بہت عمدہ اور حسب حال فیصلے تھے۔ شافی کے کھائی میں گر جانے اور غیر ملکیوں کے پیچھے چلے جانے کے بعد حمزہ نے دس منٹ میں وہاں کے چپے چپے کا جائزہ لے لیا تھا۔ بکس کا ریموٹ اس کے ہاتھ میں تھا۔ عجلت میں نیچے جانے والوں نے اسے یونہی پھینک دیا تھا۔

"اویس! تم طلحہ کی خبر گیری کرو کہیں وہ نیچے جانے والوں سے ٹکرا نہ گیا ہو احتیاط سے جانا۔ اویس مل جائے تو اسے لے کر اوپر آ جاؤ بے ہوش لڑکی اور لڑکی کی لاش کو نیچے پہنچاؤ۔ میں یہاں کچھ کمپیوٹرز دیکھ چکا ہوں۔ شاید ان میں ہمارے مطلب کی انفارمیشن موجود ہو۔ ہری اپ۔" حمزہ کے انداز و اطوار میں انوکھا جذبہ جھلک رہا تھا۔ اویس بھی اسی جذبے سے لبالب بھرا ہوا تھا۔ او کے کہتے ہوئے نیچے چلا گیا تھا۔

حمزہ نے کمپیوٹرز کا جائزہ لیا۔ اس کے خیال میں دو پرسنل کمپیوٹرز تھے جبکہ ایک سپر کمپیوٹر تھا۔ اس نے سپر کمپیوٹر سے فلاپی حاصل کی اور لیبارٹری کی تلاشی لینے لگا۔ لیبارٹری کی موجودہ حالت اس کے غیر استعمال ہونے کا پتہ دیتی تھی۔ تاہم کچھ آثار ایسے ضرور تھے جس سے اندازہ ہوتا تھا کہ اسے ماضی قریب میں خوب اچھی طرح استعمال کیا گیا ہے۔ لیبارٹری سے حمزہ نے چند شیشے کی چھوٹی بوتلیں اٹھائی تھیں ان میں کیمیکل بھرا ہوا تھا۔ اس کے بعد تمام غاروں میں جا کر چھوٹے سائز کا جو بھی جدید اسلحہ تھا اسے قبضے میں کیا۔ اس دوران اویس اور طلحہ اوپر آ چکے تھے۔

"طلحہ! تم نے غیر ملکی مرد اور لڑکی کو نیچے دیکھا تھا؟" انہیں دیکھتے ہی حمزہ نے سوال پوچھا۔ پھر فوراً گردن اویس کی طرف کرتے ہوئے بولا۔

"اویس بکس پر نظر رکھنا۔"

"میں دیکھ رہا ہوں حمزہ۔"

"میں نے انہیں دیکھا تھا۔ تاہم چھیڑنے کی کوشش اس لیے نہیں کی کہ ان کے چہروں کی بدحواسی میرے دل کو تسلی دے رہی تھی کم از کم تم دونوں خیریت سے ہو۔"

"گڈ میں بھی چاہتا تھا۔ انہیں چھیڑا نہ جائے۔ کیونکہ انہیں لوٹ کر واپس آنا ہے۔ ہمارے پاس وقت بہت کم ہے۔ وہ لوگ کسی بھی وقت آ سکتے ہیں۔" حمزہ نے تحسین آمیز نگاہ سے اسے دیکھا۔

"تم ٹھیک کہتے ہو حمزہ! ہمیں جلدی کرنا ہو گی۔" طلحہ نے اس کی تائید میں کہا۔

"تم دونوں بے ہوش لڑکی اور مرنے والی لڑکی کو نیچے لے کر جاؤ۔ لاش کو پہاڑی کی جڑ میں رہنے دو اور بے ہوش لڑکی کو ساتھ لے جانا ہے۔ طلحہ تم لڑکی اور سامان لے کر تیسری بلڈنگ پہنچ کر سر جی کو اطلاع دو۔" سر جی امجد بخاری کا کوڈ نام تھا۔ امجد بخاری نے اپنے ہیڈ کوارٹر کو بلڈنگ کا نام دیا تھا۔ سیکنڈ ہیڈ کوارٹر کو دوسری بلڈنگ اور

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

تیسری بلڈنگ کے نام سے ایک بلڈنگ لی گئی تھی۔ جس کا بلڈنگ اور دوسری بلڈنگ سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ حمزہ نے وہاں سے حاصل شدہ سامان اور لڑکی کو اس لیے تیسری بلڈنگ لے جانے کا فیصلہ کیا تھا کہ کچھ سامان انتہائی جدید ٹیکنالوجی کا تھا۔ اس سے عین ممکن ہے وہ لوگ جگہ کا تعین کر لیں۔ اس لیے اسے بلڈنگ یا دوسری بلڈنگ سے دور رکھا جانا بہتر تھا۔ طلحہ کو ہدایت جاری کرنے کے بعد اویس سے مخاطب ہوا۔

"تم نے فی الحال نیچے رہ کر یہاں کی نگرانی کرنی ہے۔ وہ لوگ واپس آکر یہاں کی یہ صورت حال دیکھ کر کسی دوسرے ٹھکانے کا رخ کریں گے تم نے اس کا تعاقب کرنا ہے اس طرح ہم ان کے ایک اور خفیہ ٹھکانے تک پہنچ سکتے ہیں۔"

"ٹھیک ہے حمزہ اور تمہارا کیا ارادہ ہے؟"

"میں دریا کی طرف جاؤں گا۔ جس کھائی میں پاکستانی لڑکا گرا ہے۔ اس کے عین نیچے دریا ہے گو کہ اس بات کا امکان دس فیصد سے بھی کم ہے کہ انتہائی بلندی سے دریا میں گرنے کے باوجود بھی بچ جائے۔ مگر اللہ تعالیٰ چاہے تو یہ ناممکن نہیں۔ وہ لڑکا بہت ہی دلیر اور کمال کا لڑکا ہے۔ ہمارے لیے بہت سودمند ثابت ہوگا۔" حمزہ نے چند منٹوں میں سارا پروگرام ترتیب دیا تھا۔ طلحہ اور اویس نے اس کی باتوں پر عمل کرنے میں کوئی کوتاہی یا تاخیر نہیں کی تھی۔

❀......❀......❀

جہاں لڑکا گرا تھا۔ وہاں دریا کا بہاؤ درازوا گاؤں کی طرف جاتا تھا۔ کھائی کے نیچے کا جائزہ لینے کے بعد حمزہ درازوا گاؤں تک پیدل چل کے گیا تھا۔ دریا کے ایک طرف پہاڑی سلسلہ تھا اور دوسری طرف مختلف دیہات تھے۔ پہاڑی سلسلے کے ساتھ ساتھ گھنے دراز جنگلات بھی کافی دور تک جاتے تھے۔ دیگر تمام دیہات دریا سے کافی ہٹ کر آباد تھے۔ تاہم درازوا گاؤں سے آگے مچھیروں کی کئی بستیاں دریا کے نزدیک آباد تھیں۔ لیکن اتنی جلدی دریا میں بہہ جانے والے شخص کے بارے میں کوئی معلومات ملنا بہت مشکل تھا۔ درازوا گاؤں تک کسی کو کچھ خبر نہیں تھی۔ کسی بھی شخص کو زندہ یا مردہ دریا سے نہیں نکالا گیا تھا۔ حمزہ کو ناکامی ہوئی تھی۔ وہ سر جی کے پاس دوسرے دن پہنچا تھا۔ سر جی نے اسے بلا تاخیر تفصیل بتانا شروع کر دی تھی۔

"جس لڑکی کو تم لوگ اٹھالائے ہو اس کا نام زورتھی ہے اور یہ بلیک واٹر کی ایجنٹ ہے۔ بلیک واٹر، موساد اور را کے ایجنٹ مشترکہ مشن پر ہیں۔ یہ مشن کون سا ہے۔ فی الحال یہ پتہ چل نہیں سکا۔"

"سر جی! وہاں میں نے لیبارٹری کے آثار دیکھے ہیں۔ اپنی ساخت اور جسامت سے یہ ایک جدید لیبارٹری لگتی ہے کہیں ان کا کوئی سائنسی مشن تو نہیں؟" حمزہ

تارپور کا علاقہ بہت بڑا ہے۔ اس کے گرد و نواح میں تقریباً ایک دوسرے میں گتھم گتھا دو سو دیہات ہیں۔ یہاں منرل واٹر کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا کیونکہ یہ تمام دیہات سلسلہ کوہ سے آنے والے قدرتی پانی سے سیراب ہوتے تھے۔ جو پینے کے لیے ٹھنڈا اور میٹھا پانی تھا۔ مگر گزشتہ ایک سال میں افواہ پھیل گئی کہ پہاڑیوں کا پانی مضر صحت ہو چکا ہے۔ مجھے پہلے سے شک تھا کہ یہ اس غیر ملکی گروپ کی کارستانی ہے۔ تم نے جو محلول کی بوتلیں لائی ہیں وہ مضر صحت کیمیکل ہے۔ یقیناً یہ کیمیکل اس لیبارٹری میں تیار ہوا اور پھر اسے پانی میں ملا دیا گیا ہے۔"

"او کے تو سر جی! اس قدر مربوط پلاننگ محض پانی کی فروخت کے لیے ہے۔"

"یہ بات محض منرل واٹر کی فروخت تک محدود نہیں۔ اس کے انتہائی گہرے مقاصد ہیں۔ اس پر پھر کبھی بات کریں گے۔ فی الحال بس یہ سوچنا ہے کہ لیبارٹری کا کام ختم ہو چکا ہے۔ اس کے لیے بلائے گئے سائنسدانوں کا جو بھی گروپ تھا یقیناً واپس ہو چکا ہے۔ موجودہ گروپ کیونکر سرگرم ہے اس بات کا پتہ چلنا ضروری ہے۔"

"سر جی! انشاء اللہ پتہ چل جائے گا اور ہم انہیں تہس نہس کر دیں گے۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"انشاءاللہ حمزہ! اللہ تعالیٰ ہماری مدد فرمائے۔"

"سر جی! میں اویس کو نگرانی کے لیے چھوڑ گیا تھا اور اسے ہدایت کی تھی کہ سر جی کو براہ راست رپورٹ دینا۔ میں وہی بتانے جا رہا تھا۔"

"حمزہ، سر جی نے کہنا شروع کیا۔ اویس ڈیوٹی پر ڈٹا رہا۔ تمہارے اندازے کے مطابق وہ غیر ملکی مرد اور لڑکی واپس لوٹنے تھے اور توقع کے عین مطابق بدلے ہوئے حالات دیکھ کر وہاں سے ضروری اشیاء اٹھا کر نکل گئے تھے۔ اویس نے ان کا تعاقب کیا ضرور تھا لیکن دیہاتوں میں رش نہ ہونے کے سبب جلد ٹریپ کر لیا گیا تھا۔ شہر آتے ہی وہ لوگ اسے ڈاج دے کر غائب ہو گئے تھے۔"

"او نو! یہ بری خبر ہے۔ اس کا مطلب ہے سر جی ہم فی الحال اندھیرے میں جا پہنچے ہیں۔"

"ایسی بات نہیں ہے۔ سپر کمپیوٹر سے لی گئی فلاپی سے کچھ ڈیٹا ملا ہے۔ جس کے اشارے ایم این اے فاروق بلوچ تک جاتے ہیں۔"

"ایم این اے فاروق بلوچ......؟" حمزہ نے انتہائی حیرت سے دہرایا۔

"ہاں حمزہ! ایم این اے جیسے پاکستانی عوام نے اپنا مسیحا سمجھ کر ووٹ دیئے اسے اسمبلی تک پہنچایا اور وہ......" سر جی نے انتہائی دکھ بھرے لہجے میں کہتے ہوئے فقرہ ادھورا چھوڑ دیا۔ شاید یہ بات ان کی برداشت سے باہر تھی۔

"میں انتہائی حیران ہوں سر جی یہ کیسے لیڈر ہیں ہمارے؟"

"حیران ہونے کی ضرورت نہیں حمزہ! ایسی کالی بھیڑیں ملیں گی۔ جو ذاتی مفادات، عیش و عشرت اور بینک بیلنس کے لیے ملک کو داؤ پر لگائے ہوئے ہیں۔"

"لعنت ہے سر جی! ایسی دولت عیش و عشرت پر جس کی بنیاد غداری پر رکھی گئی ہو۔ دعا کریں سر جی! ایسے لوگ میرے سامنے آ جائیں۔ خدا قسم ان کی بوٹی بوٹی کر کے انہیں ایسا نشان عبرت بناؤں جسے دیکھ کر ان کی آنے والی نسلیں بھی پاکستان سے غداری کا تصور نہ کر سکیں۔" حمزہ کے چہرے پر غصہ، چنگاریاں بن کر اتر رہا تھا۔ اس کے لہجے میں شدید ترین نفرت تھی۔ سر جی نے اس کے جذبہ حب الوطنی کو دل ہی دل میں سراہا۔

"حمزہ! اس ملک میں اگر ایم این اے فاروق بلوچ جیسے غدار بستے ہیں تو اس ملک کا اثاثہ حمزہ جیسے نوجوان بھی موجود ہیں۔" سر جی نے آگے بڑھ کر محبت سے اس کی پیٹھ تھپتھپاتے ہوئے کہا۔

"سر جی! میں نے مقامی لڑکی کی لاش اس خیال سے بہاری کی جڑ میں ڈال دی تھی کہ نثار پور کا کوئی بندہ اسے دیکھ کر تھانے یا اس کے گھر اطلاع پہنچا دے۔"

"حمزہ! تمہارا یہ فیصلہ بھی بروقت اور بالکل درست تھا لیکن نثار پور کے لوگ وہاں نہیں جاتے۔ انہیں بھری پنچائیت میں ڈرا دیا گیا تھا۔ اس لیے میں نے شاہ میل کو بھجوا کر یہ کام کروا دیا ہے۔"

"سر جی! ڈورتھی اب کہاں ہے؟"

"اسے میں نے تیسری بلڈنگ میں رہنے دیا ہے۔ تین لڑکے نگرانی پر مامور کر دیئے ہیں۔ تم چاہو تو اسے کل مل سکتے ہو تا کہ ہمیں مزید معلومات حاصل ہو سکیں۔"

"میں اس سے ضرور ملوں گا اور انشاءاللہ مزید کامیابی ملے گی۔"

امجد بخاری کی نظر میں یہ ان کے لیے بہت بڑی کامیابی تھی۔ وہ اس سے بہت آگے تک جا سکتے تھے۔ مگر یہ چوتھے دن کی بات تھی جب وہ حمزہ، شہریار اور شاہ میل کے ساتھ بیٹھے میٹنگ کر رہے تھے۔ فون کی گھنٹی نے ان کی میٹنگ میں خلل ڈالا تھا۔ سر جی نے ریسیور اٹھاتے ہوئے کہا۔

"یس پلیز! امجد بخاری بات کر رہا ہوں۔"

دوسری طرف سے اسے جو کچھ کہا گیا تھا اسے سن کر سر جی کے چہرے پر پریشانی در آئی تھی۔ تفصیل سنتے وقت حمزہ، شہریار اور شاہ میل سر جی کے چہرے کے اتار چڑھاؤ محسوس کر رہے تھے۔ انہوں نے ایک دوسرے کی

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

طرف پریشان نظروں سے دیکھا۔ پانچ منٹ کی کال نے سرجی کو انتہائی پریشان کر دیا تھا۔

"خیریت تو ہے سرجی؟" ان کے ریسیور رکھتے ہی شہریار نے پوچھا۔ چند ثانیے توقف کے بعد سرجی نے غمزدہ لہجے میں بولا۔

"تیسری بلڈنگ پر حملہ ہوا ہے۔ حملہ آور وردی کو چھڑا کر لے گئے ہیں۔" یہ خبر ان سب کے لیے غیر متوقع تھی۔ مگر دوسری خبر نے انہیں ذہنی طور پر مفلوج کر دیا۔

"اویس شہید ہو چکا ہے۔ جمال اور عبداللہ شدید زخمی ہیں۔" سرجی کی اداسی برقرار تھی۔

"انا للہ و انا الیہ راجعون۔" حمزہ نے آسمان کی طرف چہرہ اٹھا کر کہا۔ اس کی آنکھیں بند تھیں۔ بند آنکھوں سے آنسوؤں کے قطرے راستہ بنا رہے تھے۔ ان کے گروپ کی پہلی شہادت اویس کے مقدر میں لکھی تھی۔

❁ ❁ ❁

کنزہ کی ناگہانی موت پر صبر کا پتھر رکھ لینا بیگم کلثوم اور اس کے بچوں کے لیے بہت مشکل تھا۔ اوپر سے شانی کی پریشانی دوہرے عذاب اور امتحان کا شکار تھے۔ ان کے گرد تاریکی کے سائے دراز ہوتے جا رہے تھے۔ اسد محمود خان کی وفات کے بعد تقدیر کی بگاڑ نے ان کا درد دیکھ لیا تھا۔ گزرنے والا ہر لمحہ پریشانی اور غم سونپ رہا تھا۔

مقدر کی دوسری کارستانی سے وہ بے خبر تھے۔ گھر کی خفیہ نگرانی مسلسل جاری تھی۔ نگرانی کے بارے میں شانی کو علم تھا۔ گوریا بستی سے لوٹنا شانی کے لیے بہت گراں گزرا تھا۔ اداسی کا ایک ہالہ تھا جو اس کے گرد لپٹ گیا تھا۔ دو جھیل جیسی گہری آنکھیں اس کے اندر تک اتر گئی تھیں۔ کلیوں کی طرح مہکتا اور چمکتا چہرہ آنکھوں کے پردوں میں رچ بس گیا تھا۔

مگر فی الحال اسے جانا تھا۔ گوریا بستی سے نکلتے ہی اس نے ہم نواز کو بھجوا دیا تھا۔ جس نے آکر اطلاع دے دی تھی کہ نگرانی تاحال جاری ہے۔

"ہم نواز کچھ بھی ہو۔ مجھے گھر جانا ہے۔ ممی کے سینے میں جذب کنزہ کا غم ہلکا کرنا ہے۔ منزہ کو باہوں میں لے کر اس کا درد بانٹنا ہے۔"

"شانی! تمہیں جانا چاہیے۔" روشن نواز نے فوراً اس کی تائید کر دی تھی۔

"میں خود بھی محسوس کر رہا ہوں۔ اس موقع پر تمہیں ممی اور کنزہ کے پاس ہونا چاہیے۔ ان کا غم بانٹنا چاہیے اور انہیں تسلی دینا چاہیے کیونکہ وہ صرف کنزہ کی موت کو نہیں رو رہی ہوں گی۔ شانی! تمہارے غم نے بھی انہیں ہلکان کر رکھا ہوگا۔ میں نہیں چاہتا کہ تم کسی بھی طرح نگرانی کرنے والوں کے ہتھے چڑھ جاؤ۔" ہم نواز نے روشن نواز کی باتوں کو یکسر مسترد کر دیا تھا۔ نگرانی میں پولیس اہلکار بھی ہیں اور وہ بندے یا تو کسی حساس ادارے سے تعلق رکھتے ہیں یا پھر کوئی پرائیویٹ گروپ ہے۔ وہ بھی مسلسل نگرانی پر مامور ہیں۔"

"اتنا کچھ ہو جانے کے بعد یہ قیاس بعید از امکان نہیں تھا۔ مجھے تلاشنے کے لیے نگرانی ہو رہی تھی۔ مگر میں ان کے خوف سے مزید نہیں چھپ سکتا۔ پہلے کی بات اور تھی اب میری بہن کی موت ہوئی ہے۔ مجھے ہر صورت گھر جانا ہے۔ تم میری مدد کرو۔"

"کوئی بھی جذباتی قدم اٹھانے سے پہلے سوچ لو شانی۔"

"جانے دو ہم نواز۔ شانی ٹھیک کہتا ہے۔ ممی اور منزہ کو شانی کی ضرورت ہے۔ یار ان کا شانی کے سوا کون ہے جو انہیں سینے سے لگا کر درد کا بوجھ ہلکا کرے۔ اذان اور کامران شادیاں کر کے اور بچے پیدا کر کے یوں گھر سے بے فکر ہو چکے ہیں جیسے اب یہ ان کی ذمہ داری میں شامل نہیں۔" روشن نواز شانی کے ساتھ کھڑا تھا۔ ہم نواز اس بار خاموش ہو گیا تھا۔

"ہم نواز! کیا تم نگرانی کرنے والوں کو کسی بھی طرح الجھا نہیں سکتے؟"

"میں چاہتا ہوں میرے گھر کے نگراں کسی معاملے میں وقتی طور پر الجھ جائیں۔ ان کی توجہ بٹے اور میں عقبی راستے سے اندر داخل ہو جاؤں۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"نہیں شانی! میں ایسا نہیں کر سکتا۔ تمہیں کوئی طریقہ بتا سکتا ہوں مگر از خود انہیں کسی معاملے میں الجھا نہیں سکتا۔"

"تو پھر یہ رسک مجھے لینا ہی ہوگا۔" شانی کے لہجے میں قطعیت تھی۔

"ہم نواز! تم طریقہ کار کی بات کر رہے تھے۔"

"شانی! تم حلیہ بدل کر مین گیٹ سے اندر جاؤ۔ ان کی توجہ مین گیٹ سے زیادہ عقبی راستے اور دائیں بائیں کی گلیوں پر مرکوز ہے۔ شاید انہیں تمہارے سیدھے راستے آنے کی توقع نہیں ہے۔"

"بات معقول ہے۔" شانی نے سوچتے ہوئے کہا۔

ہم نواز کا آئیڈیا قابل عمل تھا۔ مگر مسئلہ حلیہ بدلنے کا تھا۔ اپنے ایک مزارع نذیر کے گھر چلا گیا۔ نذیر کی پگڑی، ڈھیلے ڈھالے پرانے کپڑے، پاؤں میں پھٹی چپل اور زمین پر کام کرنے والے ہاتھوں میں اٹھائے گئے اوزار وہ مکمل مزارع کا روپ دھار چکا تھا۔ مزارع نذیر اسے حیرت سے دیکھتا رہا تھا۔ شانی اسے مطمئن کر کے گھر کی طرف چل پڑا۔

"ہم نواز! تم مجھے کور کرنا۔ پہرہ داروں کی ہلکی سی بھی غیر معمولی حرکت فوراً بتانا۔"

"ٹھیک ہے شانی! تم بے فکر رہو۔"

شانی کی چال بھی اجڈ دیہاتیوں جیسی تھی۔ اس نے پگڑی کا ایک پلو دانستہ چہرے کے سامنے گرا رکھا تھا۔ جس سے چہرہ بہت حد تک چھپ گیا تھا۔ اس کی خوش قسمتی تھی کہ مین دروازہ کی ذیلی کھڑکی کھلی تھی۔ ورنہ جو بھی باہر آتا شانی کے لیے مشکل بنتی۔ وہ بلا تامل گھر میں داخل ہو گیا۔

"ارے کون ہے؟ کہاں منہ اٹھائے جا رہے ہو؟" وہ ابھی پورچ میں داخل ہوا تھا۔ کہ مالی کی عقب سے آواز سنائی دی۔

"طالب چچا! میں ہوں شانی۔"

"شانی بابو!" مالی کے قدم تھم گئے۔ وہ پریشان نظروں سے شانی کو سر تا پاؤں دیکھے جا رہا تھا۔

"آپ فوراً دروازے پر جاؤ اور کسی کو بھی اندر آنے مت دینا۔" شانی کے لہجے میں اس بار ایسی تیزی اور تحکم تھا کہ مالی مزید کچھ بولے بغیر مین گیٹ کی طرف بڑھ گیا۔

ڈرائنگ روم میں ممی اور منزہ دونوں موجود تھیں۔ اس کی آواز سن کر دونوں صوفے سے یوں اچھل کر کھڑی ہوئیں جیسے صوفے میں بم پھٹ گیا ہو۔

"شانی...!" دونوں کے منہ سے بیک وقت حیرت سے نکلا۔ شانی بھاگ کر ان سے لپٹ گیا تھا۔

یہ دوسرا موقع تھا۔ وقت نے انہیں اس قدر بے چینی اور شدت کے ساتھ ملایا تھا گھر کی سوگوار فضا میں خوشی نے ہلکی سی انگڑائی لی تھی۔ چند دن پہلے اس گھر میں کنزہ کی لاش پڑی ہوئی تھی۔ گھر میں آہیں سسکیاں اور رونے کی دل دہلا دینے والی آوازیں گونج رہی تھیں مگر اس وقت غم کا یہ بوجھ صرف بیگم کلثوم اور منزہ اٹھائے ہوئی تھیں۔ شانی کے لوٹنے سے خوشی کی جو ہلکی سی کرن پھوٹی تھی اس کا دورانیہ بہت مختصر ثابت ہوا۔ اس کی جگہ غم کی ہچکیاں بلند ہونے لگی تھیں۔

"شانی بیٹا... ! کنزہ میری بچی دنیا میں نہیں رہی۔" بیگم کلثوم کی زبان ان کا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔ منزہ کے آنسوؤں کی جھڑی بھی رواں تھی۔ شانی ساکت و جامد تھا۔

"ممی! کنزہ میری بہن شہید ہوئی ہے۔ بہن نے بھائی کی خاطر موت کو گلے لگایا ہے۔"

"شانی! تم کیا کہہ رہے ہو تم......؟ کنزہ کی موت کے بارے میں جانتے ہو۔"

"ممی! کنزا نے میرے ان ہاتھوں میں جان دی۔" شانی نے دونوں ہاتھ اپنے سامنے پھیلاتے ہوئے کہا۔

"م... میں کچھ بھی نہیں شانی۔" بیگم کلثوم حیرانی سے شانی کے سپاٹ چہرے کو دیکھے جا رہی تھیں۔ منزہ بھی ناقابل فہم نظریں شانی پر پیوست کیے ہوئی تھی۔

"ممی! کنزہ کے سینے میں اترنے والی گولی کنزہ کے لیے نہیں میرے لیے تھی۔ میری بہادر بہن نے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

مجھے بچا کر خود موت کو گلے لگا لیا ہے۔" جواباً شانی نے ساری روداد سنائی۔ جسے سن کر بیگم کلثوم کھڑی ہوتے ہوئی بولیں۔

"شانی بیٹا! میرے ساتھ آؤ۔ تم بھی آؤ منزہ۔" ان کا رخ بیڈروم کی طرف تھا۔

بیڈروم میں جاتے ہی وہ کسی چیز کو کھوجنے لگیں۔ شانی اور منزہ بھی کو دیکھ رہے تھے۔

"ممی! آپ کیا تلاش کر رہی ہیں؟"

"منزہ! تمہارے ڈیڈی کی پرسنل ڈائری تھی۔ ڈائری نہیں مل رہی بیٹا۔" بیگم کلثوم کے لہجے میں پریشانی تھی۔

"ممی! ڈیڈی کی ایک ڈائری مجھے اسٹڈی سے ملی تھی وہ میں ساتھ لے گیا تھا۔ جو پہاڑیوں میں گر گئی ہے۔" شانی کی بات سن کر بیگم کلثوم کے متحرک ہاتھ تھم گئے۔ وہ گھوم کر شانی سے بولیں۔

"بیٹا! تم نے ڈائری پڑھی تھی؟"

"اپنی گمشدگی کے بارے میں پڑھا تھا۔ اس کے سوا کچھ نہیں۔" بیگم کلثوم چل کر ان کے پاس بیٹھ گئی تھیں۔

"بیٹا! تمہارے ڈیڈی کی خواہش تھی کہ ہمارے بیٹوں میں سے کوئی ایک فوج میں جا کر وطن عزیز کی خدمت کرے لیکن کامران اور اذان دونوں بزنس کو ترجیح دیتے تھے۔ بحالت مجبوری انہیں خاموش ہونا پڑا۔ ورنہ وہ فوج کو جاب کی نظر سے نہیں دیکھتے تھے۔ قومی فریضہ سمجھتے تھے۔ یہ خواہش حسرت بن کر ان کے ساتھ چلی گئی....."

بیگم کلثوم چند ثانیے کے لیے رک گئیں۔ انہوں نے اداس نظروں سے بچوں کو دیکھا اور پھر بولیں۔

"حالات کچھ ایسے رونما ہوئے کہ ہمیں کامران اور اذان کی اکٹھی شادیاں کرنا پڑیں۔ بعد کے حالات اس سے بھی زیادہ سرعت سے بدلے اور ہمارے بیٹے بیویوں کو لے کر کوئٹہ جا بسے ایسے میں تمہارے ڈیڈی نے کہا تھا۔ میں شانی کو مجبور نہیں کروں گا۔ شانی بھی اپنے مستقبل کی راہ خود منتخب کر سکتا ہے۔"

"کاش ممی! آج ڈیڈی زندہ ہوتے۔ ہمارے دکھوں کا مداوا کر سکتے۔" شانی کی تھرتھراتی آواز کمرے کی سوگواری میں مزید اضافہ کر گئی تھی۔ منزہ بار بار نم آنکھیں صاف کر رہی تھی۔ بیگم کلثوم شانی کے پاس گئیں۔

"شانی! کھڑے ہو جاؤ بیٹا۔" ماں کے حکم کی تعمیل میں شانی کھڑا ہوا تھا۔

"مجھے لگتا ہے بیٹا تمہارے ڈیڈی کی ادھوری خواہش پوری ہونے والی ہے۔"

"وہ کیسے ممی ؟"

"مقدر کی فسوں کاریاں اپنی جگہ پر پھولی ہیں۔ ہمیں انہیں قسمت کا لکھا جان کر برداشت کرنا ہوگا اور مجھے ایک اہم قدم اٹھانا ہے۔" شانی اور منزہ کی سوالیہ نگاہیں ممی پر مرکوز تھیں۔

"شانی بیٹا! تمہیں وطن عزیز کی خدمت کرنا ہوگی۔ مرحوم باپ کی خواہش کو پورا کرنا ہوگا۔ شہید بہن کی روح کو خوش کرنا ہوگا۔"

"میں کیسے ممی...؟"

"اس ملک سے تمام سازشی ٹولے کو مٹا دو ان تمام سازشی عناصر کا قلع قمع کر دو۔ جنہوں نے پاکستان کو بلوچی، سندھی، پنجابی، پٹھان اور مہاجر میں بانٹ رکھا ہے۔ جنہوں نے فرقہ واریت کو ہوا دے کر ذاتی مقاصد کے محل تعمیر کیے ہیں۔ جنہوں نے ملک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا ہے۔ عوام کو نوچا ہے۔ بیٹا! جس غیر ملکی گروپ کی گولی میری بہادر بیٹی نے سینے پر کھائی ہے تم انہیں نیست و نابود کر دو۔"

"میں سلام پیش کرتا ہوں آپ کی عظمت کو ممی! آپ عظیم ماں ہو۔ جو شوہر کی موت کا غم دل سے لگائے بیٹھی ہے۔ جواں بیٹی کی موت کا صدمہ ابھی تازہ ہے۔ دو بیٹے اس سے دور اپنی دنیا میں مگن ہیں اور پھر بھی آپ مجھے وطن پر قربان ہونے کے لیے بخوشی روانہ کر رہی ہیں۔ ممی میں وعدہ کرتا ہوں میں پاکستان سے تمام دشمنان وطن کو مٹا دوں گا۔ انہیں نشان عبرت بنا دوں گا۔"

بیگم کلثوم نے شانی کو آگے بڑھ کر سینے سے لگا لیا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"اللہ تعالیٰ تمہاری رکھوالی کرے بیٹا۔" ماں نے محبت سے بیٹے کے شانے تھپتھپائے۔ منزہ نم آنکھوں سے یہ منظر دیکھے جا رہی تھی۔ بیڈ روم میں عجیب قسم کی فضا ہلکورے لے رہی تھی۔

"شانی! صورت حال بگڑ گئی ہے۔ نگرانی کرنے والے دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہو رہے ہیں۔" فوراً ہم نواز نے آکر اطلاع دی۔

"ممی! ہم پر حملہ ہو چکا ہے۔ آپ لوگ بیڈ روم کا دروازہ اندر سے لاک کر دیں۔" شانی نے باہر کی جانب دوڑ لگاتے ہوئے انہیں خبردار کیا۔

"شانی بیٹا! کس نے حملہ کیا ہے۔" عقب سے اسے ممی نے زور سے پکارا تھا، مگر یہ وقت کچھ سننے یا سوچنے کا نہیں، عمل کرنے کا تھا۔ شانی پھرتی سے باہر نکل آیا تھا۔

"ہم نواز! بندے کس طرف ہیں؟"

"دو عقبی دیوار پھلانگ کر داخل ہوئے ہیں اور دو مین گیٹ سے مالی کو دھکیلتے ہوئے۔" ہم نواز ابھی تفصیل بتا رہا تھا کہ باہر سے فائرنگ کی آواز گونج اٹھی۔ تھوڑا دھیان دینے پر شانی کو اندازہ ہوا۔ دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا ہے۔ ہم نواز نے اس کے خیال کی تائید کر دی تھی۔ گھر میں داخل ہونے والے چار بندوں پر پولیس نے فائرنگ کھول دی تھی۔ جواباً وہ بھی فائرنگ کر رہے تھے۔ شانی اس موقع سے فائدہ اٹھا سکتا تھا۔ اس وقت کھڑکی سے لگا وہ باہر کا جائزہ لے رہا تھا۔ وہ تنہا تھا عجلت میں بیڈ روم سے ریوالور لانا بھی بھول گیا تھا۔ وہ فوراً بیڈ روم کی طرف بھاگا۔

"ممی! مجھے ڈیڈی کا ریوالور چاہیے۔" بیڈ روم کے دروازے پر پہنچ کر اس نے تیز آواز میں کہا۔ دروازہ فوراً کھل گیا تھا۔

"شانی! سامنے دراز میں ہوگا۔" بیگم کلثوم نے ایک طرف اشارے سے بتایا۔

"ممی! میرے لیے دعا کیجئے گا۔ میں انشاء اللہ ڈیڈی کی خواہش ضرور پوری کروں گا۔" شانی کہتے ہوئے ریوالور میں گولیاں لوڈ کر رہا تھا۔

"اللہ تمہارا حامی و ناصر ہو بیٹا۔" بیگم کلثوم کا چہرہ سپاٹ تھا۔ انہوں نے ایک بار پھر شانی کے شانوں پر تھپکی دی۔ اس عمل نے شانی کے جذبات کو ہمت بخشی تھی۔ وہ لمحوں میں باہر نکل گیا تھا۔ بیگم کلثوم کے چہرے پر اب غم یا اداسی کی بجائے اطمینان بھری لہر تھی۔ منزہ حیرت سے ممی کو دیکھ رہی تھی۔ ایک سوال اسے الجھا رہا تھا۔ شانی کو حملے کا بیٹھے بٹھائے کیسے پتہ چل گیا تھا؟

❁......❁......❁

"یہ مشن اتنا اہم ہے جان، جس کے لیے آپ کو بطور خاص بھیجا گیا ہے۔"

"ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا ولیم! چھوٹے سے چھوٹے دشمن کو بھی کمزور مت سمجھو اور کمزور ترین کام کو آسان سمجھ کر سست روی سے مت کرو ورنہ شکست تمہارا مقدر بنے گی۔"

"میرا مقصد کچھ اور تھا جان! پاکستان اتنا اہم ملک ہے جسے ہم نے ٹاپ آف دی لسٹ رکھا ہوا ہے۔" ولیم نے اپنے سوال کو دوسرا رخ دے دیا تھا۔

"میں نے محسوس کیا ہے پاکستان پر ہمارے بڑے زیادہ توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ نسبت دوسرے اسلامی ممالک کے۔" جان رائٹ نے ولیم کو دیکھا۔ پھر ڈورتھی، کولن، ہیلری مقامی شخص حیدر عباس پر اچٹتی نظر ڈالی۔ اسے ولیم کا سوال حیدر عباس کی موجودگی میں اچھا نہیں لگا تھا۔ حیدر عباس ان کا وفادار ساتھی تھا۔ وہ اور اس کا گروپ ان کے اشاروں پر ناچتا تھا، مگر جان کسی بھی ایسے ٹاپک پر بلا تکلف گفتگو پسند نہیں کرتا تھا۔ جو مشن کے اہم رموز کو ہٹ کرتا ہو۔

"مستقبل قریب میں تم خود اس اہمیت کو دیکھ لو گے۔ پاکستان کردار اسلامی دنیا میں تم پر عیاں نہیں ہوا جب ہو جائے گا تمہیں خود بخود اندازہ ہو جائے گا۔" جان نے واضح الفاظ کی بجائے مبہم انداز میں جواب دیا تھا۔

بات کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے وہ حیدر عباس سے مخاطب ہوا۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"حیدر عباس! تم ہمارے سچے خیر خواہ ہو۔ میں تم پر یقین کر سکتا ہوں؟" جان کا انداز سوالیہ تھا۔ حیدر عباس کو جان کی منطق سمجھ نہیں آئی تھی۔ ایک طرف وہ اسے سچا خیر خواہ کہہ رہا تھا اور دوسری طرف اعتماد کا پوچھ رہا تھا۔ حیدر عباس نے اندرونی کیفیت کو چھپاتے ہوئے کہا۔

"جان! میں نے متعدد بار تھامس کے لیے کئی اہم کارنامے سرانجام دیے ہیں۔ ان میں تازہ ترین ہیلری کی رہائی ہے۔"

"جان! حیدر عباس نے ہیلری کو چھڑانے میں بہت پھرتی دکھائی تھی۔" ولیم نے حیدر عباس کو تعریفی نظروں سے دیکھا۔

"جب میں اور ڈورتھی نے پہاڑیوں کے بدلے حالات دیکھے تو ہمیں پتہ چل گیا تھا کہ یقیناً اس کی نگرانی بھی ہو رہی ہوگی اس لیے ہمیں وہاں سے نکلتے ہی اپنے تعاقب کا پتہ چل گیا تھا۔ تعاقب کرنے والا نوجوان شاید نوآموز تھا۔ ہم چاہتے تو اس پر باآسانی قابو پا سکتے تھے مگر میں نے فیصلہ کیا کہ اسے ڈاج دے کر اس کا تعاقب کیا جائے تاکہ ہیلری کے بارے میں کچھ پتہ چل سکے۔ ہم نے اسے ڈاج دیا اور پھر اسی کا تعاقب شروع کر دیا۔ وہ سیدھا وہاں پہنچا جہاں ہیلری کو قید رکھا گیا تھا۔ ہم نے فوراً حیدر عباس کو ساری صورت حال سے آگاہ کیا اور اس نے فوراً سے پہلے وہاں حملہ کر دیا۔ بدقسمتی سے وہاں سے ہمارے ہاتھ کوئی ایسا ثبوت نہیں آیا جس سے ہم اندازہ کر سکتے کہ یہ کون لوگ تھے۔ وہاں کوئی شخص زندہ بھی نہ بچ سکا۔ حیدر عباس اور کرم خان کا بطور خاص تھامس نے مجھے بتایا تھا۔" جان رائٹ نے تفصیل سننے کے بعد کہا۔

"میں ان لوگوں کی فائلیں پڑھ چکا ہوں۔ مجھے امید ہے حیدر عباس کے ساتھ کام کرتے ہوئے تم اپنی پوری صلاحیتوں کے جوہر دکھاؤ گے۔"

"جان! میں آپ کی توقعات سے بڑھ کر ثابت ہوں گا۔ میرا گروپ اپنے کام میں مشاق ہے۔ بس مجھے کسی اہم مشن کا انتظار ہے۔"

"گڈ حیدر عباس! میں ایسے ہی لوگوں کو پسند کرتا ہوں۔ میری ڈکشنری میں سست روی اور کاہلی کے لفظ نہیں ہیں۔ میں باتوں اور دعوؤں پر عمل کو ترجیح دیتا ہوں۔ حکمت عملی بناؤ اور فوراً عمل کر گزرو۔ ظاہری نمود و نمائش کی لمبی چوڑی میٹنگ کو میرا نظریہ نہیں مانتا۔"

"ہمیں آپ کے بارے میں سب کچھ پتہ ہے جان! آپ میدان کے کھلاڑی ہیں اور میدان میں ہی کچھ ہوتا ہوا دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ آپ ہمیں حکم کریں ہم آپ کے نظریات کو عملی جامہ پہنائیں گے۔"

"شانی! ہمیں شدید دھوکا پہنچا چکا ہے۔ اس غلطی کی پاداش میں ہمارے مخالف حریفوں کی لسٹ میں شامل ہے۔ اس لیے مجھے اپنے مشن پر توجہ مرکوز کرنی ہے۔ مگر شانی کو بھی قرار واقعی سزا دینی ہے۔ شانی کہاں ہے زندہ یا مردہ ہے ابھی تک تم لوگوں کو نہیں پتہ؟"

"نہیں جان! وہ دو ہزار فٹ بلند گہری کھائی میں گرا تھا اور یقیناً مر چکا ہوگا....." جان نے ہیلری کی بات کاٹ دی تھی۔ اس کے انداز میں طنز تھا۔

"قیاس آرائی سے کام بنتے نہیں بگڑتے ہیں۔ شانی زندہ یا مردہ۔ مجھے صد فیصد درست تصدیق چاہیے۔"

"مجھے شانی عام نوجوان نہیں لگتا جان! اس کے ہاتھوں ہمارے مایہ ناز بندے موت کے منہ میں چلے گئے ہیں۔ ہمیں اسے نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔" ولیم نے کہا۔

"دنیا معجزات کا مجموعہ ہے۔ اس امر کا امکان بہرحال موجود ہے کہ شانی زندہ بچ گیا ہو۔ کیونکہ وہ عین دریا کے اوپر گرا تھا۔ شانی کے گھر میں کتنے افراد ہیں؟"

"شانی کی بہن منزہ، ممی بیگم کلثوم کے علاوہ تین ملازم ہیں۔ بڑے بھائی ان سے الگ کوئٹہ شہر میں رہتے ہیں۔ شانی کی ممی اور بہن کو اٹھا لاؤ۔ شانی زندہ ہوا تو سامنے آجائے گا۔ اس کے گھر کی نگرانی کے لیے دو تین شاطر بندے چھوڑ دو۔ جیسے ہی بلی تھیلے سے باہر آئے دبوچ لو۔"

"گھر کی نگرانی تو میں آل ریڈی کروا رہا ہوں۔ اب اس کی فیملی کو اٹھا لیتا ہوں۔" حیدر عباس نے اطلاع دی۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"حیدر عباس! اب تم جا سکتے ہو۔ تمہارا رابطہ ولیم سے ہی رہے گا۔"

"ٹھیک ہے جان!" حیدر عباس کھڑا ہو چکا تھا۔ اس کا قد چھ فٹ کو چھو رہا تھا۔ شانے چوڑے اور آنکھوں میں عیاری تھی۔ اس نے سب سے ہاتھ ملایا اور بائی کہتا ہوا باہر نکل گیا۔ جان اور ولیم اردو بول سکتے تھے بلیک واٹر کے اکثر ایجنٹ دنیا کی بہت سی اہم زبانوں پر عبور رکھتے تھے۔

"ولیم! حیدر عباس کی نگرانی پر رحمان کو لگا دو۔" حیدر عباس کے نکلتے ہی جان نے ولیم سے کہا۔

"او کے جان! ویسے ایک بات کہوں؟"

"بولو......"

"حیدر عباس ہمارا قابل اعتماد ساتھی ہے فرقہ وارانہ وارداتوں میں اس کا کردار لاثانی ہے۔"

"میں جانتا ہوں ولیم! پھر بھی جو کہا ہے اس پر عمل کرو۔" جان نے نسبتاً تحکمانہ لہجے میں کہا۔

"ولیم! جتنے بھی مقامی گروپ ہیں اس کی نگرانی تم ہی کرو گے۔ میرا کسی سے براہ راست رابطہ نہیں رہے گا۔"

"ٹھیک ہے جان! میں سمجھتا ہوں۔"

"او کے اب میں چلتا ہوں۔" جان وہاں سے نکل کر ہوم منسٹر عبدالباری کے پاس پہنچا۔ وہ اپنے مشن کی جلد تکمیل چاہتا تھا۔

❁......❁......❁

وقفے وقفے سے فائرنگ جاری تھی۔ شانی کھڑکی سے لگا باہر جھانک رہا تھا۔ وہ کسی آدمی کو دیکھ نہیں پایا تھا۔ وہاں سے ہٹ کر وہ سامنے چلا آیا۔ کمرے کی کھڑکی سے پورچ اور مین گیٹ نظر آ رہا تھا۔ تھوڑا سا آگے نکل کر لان میں دیکھا جا سکتا تھا۔ فائرنگ کی آواز لان کی طرف سے آ رہی تھی۔ شانی نے سر باہر نکال کر دیکھا ایک شخص درخت کے عقب میں چھپا فائرنگ کر رہا تھا۔ اس کا رخ بیرونی طرف تھا۔ شانی کو وہ ایک رخ سے دکھائی دے رہا تھا۔ شکل و صورت سے مقامی شخص لگتا تھا۔

"ہم نواز باہر سے کون فائرنگ کر رہا ہے۔" شانی کو کچھ اندازہ نہ ہوا تو اس نے ہم نواز سے مدد چاہی۔ ہم نواز نے اسے بتایا۔

"شانی باہر پولیس کے اہلکار ہیں۔ اندر والوں کو وہ تمہارے آدمی سمجھ رہے ہیں۔ اپنی دانست میں وہ شانی کے گروپ سے لڑ رہے ہیں۔ اب تک اندر کے دو، باہر ایک پولیس مین ہلاک ہو چکا ہے۔"

"اوہ! میرے لیے یہ صورت حال بہت خراب ہے۔ اندر کے آدمی مارے بھی جائیں تو انہیں میرے کھاتے میں ڈال دیا جائے گا۔ یعنی میرا گروپ جس نے پولیس اہلکار پر فائرنگ کی اور ایک پولیس والے کو مار دیا گیا ہے۔"

"شانی! بظاہر ایسا ہی لگتا ہے۔"

"مجھے اب کیا کرنا چاہیے ہم نواز؟ میں خود کو حالات کے حصار میں کسا ہوا محسوس کرتا ہوں۔"

"ممی اور منزہ کو ساتھ لے کر نکلنا بہتر رہے گا۔ تم نہ گرفتاری دے سکتے ہو نہ انہیں گھر میں تنہا چھوڑ سکتے ہو۔"

"تمہارے دو دشمن ہیں۔ نوید گروپ اور پولیس۔" ہم نواز ٹھیک کہہ رہا تھا۔ ممی اور منزہ کو بھی یہاں سے نکالنا ہوگا۔ باہر سے فائرنگ میں تیزی آ گئی تھی۔ شاید فیصلہ کن معرکہ شروع ہو چکا تھا۔ شانی تذبذب میں تھا۔ وہ کس کا ساتھ دے۔ پولیس کا یا سول گروپ کا جس نے اس کے گھر پر چڑھائی کی تھی۔ اس کے ریوالور سے کوئی گولی خارج نہیں ہوئی تھی۔ باہر سے فائرنگ بند ہو گئی تھی۔ ہم نواز نے اسے بتایا۔

"اندر کے سارے آدمی مارے جا چکے ہیں۔ تین پولیس والے بھی خالق حقیقی سے جا ملے ہیں۔ صرف ایک بچا ہے۔" شانی بھاگ کر اندر داخل ہوا۔

"ممی! منزہ جلدی کریں ہمیں گھر سے نکلنا ہوگا۔"

"شانی! تم ٹھیک تو ہو ناں؟"

"ممی میں ٹھیک ہوں۔ آپ لوگ جلدی کیجیے پلیز۔"

وہ انہیں گاڑی تک لے آیا۔ ملازم ایک کمرے میں خوفزدہ حالت میں دبک کر بیٹھے تھے۔ اتنا وقت نہیں تھا کہ انہیں کچھ بتایا جاتا۔ ممی اور منزہ اس کی پیروی میں گاڑی کے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

اندر بیٹھ چکی تھی۔

"ہم نواز مجھے کوئٹہ جانا ہے۔ راستوں کو چیک کرتے رہنا۔"

"فکر مت کرو شانی میں نظر رکھے ہوئے ہوں۔ تم چلتے جاؤ۔"

"شانی! یہ کون لوگ ہو سکتے ہیں؟"

"ممی! میرا شک ہے غیر ملکی گروپ کو مقامی لوگوں کی مدد حاصل ہے۔ کیونکہ ان کے بغیر غیر ملکیوں کا قدم جمانا ممکن نہیں۔ ہمارے گھر حملہ کرنے والے وہی غدار ہو سکتے ہیں۔ اچھا ہوا جہنم واصل ہو گئے ہیں۔"

"اب ہم کہاں جا رہے ہیں؟" منزہ کے لہجے میں پریشانی تھی۔ تاہم ابتدا کا خوف کم ہو چکا تھا۔ وہ کافی حد تک سنبھل گئی تھی۔

"میں آپ لوگوں کو اذان بھائی کے گھر چھوڑ دیتا ہوں۔"

"اور تم شانی؟"

"میری زندگی کا ایک مقصد بن چکا ہے۔ مجھے اپنے مقصد کے حصول کے لیے نکلنا ہے۔" شانی کہتے کہتے خاموش ہو گیا تھا۔ ہم نواز نے اسے عجیب خبر سنائی تھی۔ یہ انتہائی غیر متوقع اور افسوسناک خبر تھی۔ شانی کا دل ہواسیوں کی اتھاہ گہرائیوں میں گر چکا تھا۔ اس کے گھر کو بم دھماکوں میں اڑا دیا گیا تھا۔ اس کا آبائی گھر منہدم ہو چکا تھا۔ خوش قسمتی سے وہ نکل آئے تھے ورنہ گھر کے ملبے تلے دبے ہوئے ہوتے۔ یہ افسوسناک خبر وہ ممی اور منزہ کو فی الحال نہیں بتا سکتا تھا۔

ہم نواز کہہ رہا تھا بم اتنا طاقتور تھا کہ گھر خس و خاشاک کی طرح اڑ کر پرزے پرزے ہو چکا ہے۔ قریبی گھروں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ شانی کا دل مسوس ہو کر رہ گیا تھا۔ وہ چہرے کے تاثرات پوشیدہ نہ کر سکا تھا۔ ممی اسے بغور دیکھ رہی تھی۔

"شانی! تم ایک دم بہت رنجیدہ ہو گئے ہو۔"

"نہیں ممی ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ ہاں البتہ یہ پریشانی ضرور ہے کہ میں آپ لوگوں کو گھر سے نکال لایا ہوں۔"

"شانی بیٹا! اس بات کی فکر کرنا چھوڑ دو۔ ہم ایک گھر سے نکلے ہیں تو دوسرے گھر جا رہے ہیں۔ کامران اور اذان کے گھر میرے اپنے گھر ہیں بیٹا۔" بیگم کلثوم نے کہنے کو شانی کی تشفی کے لیے کہہ دیا تھا۔ مگر وہ جانتی تھیں ایسا نہیں ہے یہ بس مصلحت کا تقاضا ہے۔ وہ اسد غفور خان کی ہلاکت اور شانی کی غیر موجودگی میں بیگم کلثوم شدت سے گھر میں مرد کی کمی محسوس کرتی تھی۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے وہ کامران یا اذان کو روکنا چاہتی تھی مگر اسے مایوسی ہوئی۔ اب بھی اس کے دل میں کئی بدترین خدشات جنم لے رہے تھے۔ مگر جانا مجبوری تھا۔ شانی نے جہاں ٹیکسی ملنے کا امکان تھا گاڑی چھوڑ دی تھی۔ اذان کے گھر تک اس نے تین ٹیکسیاں بدلی تھیں۔ اذان نے حال ہی میں یہ نیا گھر لیا تھا۔ اسی لیے شانی کو امید تھی کہ اسے ڈھونڈنے والے اتنی جلدی یہاں تک نہیں پہنچ پائیں گے۔ مگر اذان کو جب اصل صورت حال کا علم ہوا تو وہ واضح بائیں بغلیں جھانکنے لگا۔ اس کے رویے اور باتوں سے عیاں تھا کہ وہ ممی اور منزہ کو اپنے گھر رکھ کر اپنی بیوی بچوں کے لیے مشکلات نہیں خرید سکتا۔ شانی اسے انتہائی تاسف بھری نگاہوں سے دیکھ رہا تھا۔ اسے اذان کا رویہ بہت گراں گزر رہا تھا۔

"اذان بھائی! یہ ماں ہے ہماری اور یہ بہن ہیں۔ آپ انہیں گھر رکھنے سے کیوں خوفزدہ ہیں؟"

"میں ان سے نہیں آنے والے حالات سے خوفزدہ ہوں۔ میں بہت پرسکون زندگی گزار رہا ہوں۔ میں اپنی ہنستی بستی زندگی میں کوئی طوفان آتا نہیں دیکھ سکتا۔"

"چاہے یہ طوفان آپ کی ماں اور بہن کو اپنی لپیٹ میں لے لے۔" شانی نے انتہائی طنزیہ لہجے میں کہا۔ اذان نے اسے سخت نظروں سے گھورا۔

"یہ طوفان میں نے نہیں تم نے پیدا کیا ہے۔"

"اذان بھائی! یہ حالات تھے جنہوں نے یہ مصائب

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کھڑے کر دیے ہیں آپ پلیز حالات کو سمجھو۔"

"میں سمجھ رہا ہوں۔ اپنے کیے کا سارا بوجھ تم ہم پر تھوپ کر خود نکل رہے ہو۔"

"کیا مطلب اذان بھائی! ماں، بہن بوجھ ہوتی ہیں کیا؟" شانی کو زبردست شاک لگا تھا۔ بیگم کلثوم کو اس رویے کا پہلے سے خدشہ تھا۔ اذان کی بات پر شانی کے اندر غصے کی لہر دوڑ گئی تھی۔ اگر اذان اس سے چھوٹا ہوتا تو وہ تھپڑ مارنے سے دریغ نہ کرتا۔ اس نے بڑی مشکل سے ضبط کا دامن تھام رکھا تھا۔ بیگم کلثوم اور منزہ خاموش ہو گئی تھیں۔ اذان کی باتوں نے انہیں مایوس کیا تھا۔ اذان کی بیوی منہ بسورے صوفے پر خاموشی سے بت بنی بیٹھی تھی۔ اس کے لب خاموش تھے مگر چہرہ اور آنکھیں اندرونی جذبات کا اظہار کر رہی تھیں۔ وہ شانی کو متنفر نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔

"اذان بھائی میں چھپنے کے لیے کہیں نہیں بھاگ رہا۔ میں سب ٹھیک کر دوں گا۔ میں اس طوفان کا منہ موڑ دوں گا جس نے ہمارے گھر کا رخ کیا ہے۔"

"طوفان کا منہ موڑ دوں گا۔" اذان نے طنزیہ انداز میں اس کی بات دہرائی۔ "گھر کا اتنا ہی خیال تھا تو پہلے سوچ لیتا۔ ایسے حالات پیدا ہی کیوں کیے کہ گھر چھوڑ کر بھاگنا پڑا۔"

"حالات میں نے نہیں مقدر نے پیدا کیے ہیں۔"

"اپنے کیے کا الزام مقدر کو مت دو۔"

"اذان بھائی! یہ فضول بحث ہے۔ آپ ممی اور منزہ کو اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔ ہاں یا نہ۔" شانی چاہتے ہوئے بھی لہجے کی تلخی کو روک نہ سکا تھا۔

"شانی بیٹا! اذان ٹھیک کہہ رہا ہے۔ ہمارا یہاں ٹھہرنا اس کی فیملی کے لیے خطرے کا باعث بنے گا۔ جو میں نہیں چاہتی۔"

"ممی۔" اذان فوراً اٹھ کر ممی کے پاس چلا آیا تھا۔

"ممی! آپ پلیز میری مجبوری سمجھیں۔ میں......"

"اذان بھائی! منمنانے کی ضرورت نہیں ہے۔" شانی نے تمام آداب کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کہا۔

"آپ کو ممی اور منزہ کو ایک ہفتے کے لیے اپنے پاس رکھنا ہو گا۔"

"شانی! تم کس لہجے اور انداز میں بات کر رہے ہو۔"

"جو آپ سن اور دیکھ رہے ہو۔"

"یہ بات ہے تو جاؤ میں کسی کی ذمہ داری نہیں لیتا۔ جو تم نے گل کھلائے ہیں اس کی سزا بھی تمہی کو ملنی چاہیے۔ انہیں اپنے ساتھ لے جاؤ۔"

اذان کی ہٹ دھرمی شانی کے ضبط توڑ گئی۔ اس نے جینز میں سے ریوالور نکال لیا۔

"اذان بھائی! جی تو چاہتا ہے اس کی تمام گولیاں آپ کے سینے میں اتار دوں۔ کس ہٹ دھرمی سے آپ سگی ماں اور بہن کو دھتکار رہے ہو۔" شانی کا جنون دیکھ کر اذان کانپ کر رہ گیا تھا۔ اس کی بیوی کے چھکے چھوٹ گئے تھے۔ جن آنکھوں میں شانی کے لیے نفرت نظر آ رہی تھی وہاں خوف اور ڈر نے جگہ بنالی تھی۔

"شانی! خود کو سنبھالو بیٹا۔ تمہارا بڑا بھائی ہے۔" بیگم کلثوم عجیب صورت حال میں گرفتار تھی۔ منزہ کے پاس آنسو بہانے کے سوا کچھ نہیں تھا۔

"شانی! تم اس کے علاوہ کر بھی کیا سکتے ہو۔ تم جیسے شخص سے یہی امید کی جا سکتی ہے۔ جو طوائفوں کے کوٹھے پر ہنگامہ آرائی کرے۔ طوائف کو فارم ہاؤس میں لا کر نچائے ایسے اوباش اور عیاش بھائی سے اچھے کی امید نہیں رکھی جا سکتی۔"

"بس اذان بس۔" شانی حلق کے بل چیخا۔ بیگم کلثوم کھڑی ہو چکی تھیں۔ وہ سمجھ گئی تھی حالات خطرناک صورت اختیار کر رہے ہیں۔ شانی انتہائی جذباتی تھا اور اذان اسے مسلسل غصہ دلا رہا تھا۔ ایسے میں کچھ بھی ہو سکتا تھا۔ وہ شانی کو بازو سے پکڑ کر بولیں۔

"آؤ شانی چلیں۔ ہمیں اذان کی پرسکون زندگی میں بھونچال لانے کا کوئی حق نہیں ہے۔ میں اس کی خوشیوں میں پریشانیوں کو نہیں دھکیل سکتی۔ میں ماں ہوں۔ جو بچوں

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کو دکھ نہیں دیتی بلکہ ان کے دکھ سمیٹتی ہوں۔"

"ممی! پلیز آپ مجھے معاف کر دیں میں " اذان کے چہرے پر الجھن اور بے بسی کے گہرے آثار تھے۔

"میں ابھی تم سے ناراض نہیں ہوئی اذان بیٹا۔ میں نے تمہیں معاف کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں معاف کرے۔"

شانی ممی اور منزہ کے ساتھ باہر نکل آیا تھا۔ اس کے اندر پچھتاوؤں کے تیز ترین جھکڑ چلنے لگے تھے۔ اس کی غیر معمولی غلطیوں کی وجہ سے ماں اور بہن در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہو گئی تھی۔ شانی کے اندر شرمندگی اور پچھتاوے کا آتش فشاں پھٹ گیا تھا۔

"شانی! میں نے تمہیں کیا کہا تھا؟ میری باتیں یاد ہیں۔" دفعتاً اس کی سماعت سے عاصم نواز کی آواز سنائی دی۔ وہ بری طرح چونک پڑا۔ عاصم نواز جسے اس نے اپنے ہاتھوں سے مار دیا تھا۔ جس پر پاؤں رکھ کر سر کچل دیا تھا۔ وہ اس کے سامنے کھڑا اسے اپنی باتیں یاد کرا رہا تھا۔ وہ باتیں جو تب شانی کو گراں لگتی تھیں۔ فضول اور لایعنی محسوس ہوتی تھی۔ اب وہ بہت قیمتی اور بامقصد ہو گئی تھی۔ انہیں نہ مان کر شانی نے بہت بڑی غلطی کی تھی۔ شانی کا بے رونق چہرہ انتہائی سخت اور سپاٹ نظر آ رہا تھا۔ اس کے اندر دل پر آب نمکین گر رہا تھا۔ اس نے بچوں کی طرح روتے ہوئے عاصم نواز کے قدموں میں سر رکھ دیا۔

"مجھے ..... مجھے معاف کر دو عاصم نواز۔ میں تمہارا ہی نہیں گھر والوں کا بھی مجرم ہوں۔" شانی کی آنکھیں مسلسل آنسو بہا رہی تھی۔

"شانی! تم مرد ہو اور مرد روتے ہوئے اچھے نہیں لگتے۔ بیٹا تم نے ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔" شانی ممی کی آواز پر چونک گیا۔ چند لمحے وہ بھول گیا تھا کہ وہ کہاں ہے۔ ممی اس کے سامنے کھڑی تھی۔ شانی نے آستین سے فوراً آنسو صاف کیے۔ ممی کہہ رہی تھی۔

"شانی! انسان ایک ایسی گٹھری ہے جس میں برائی نیکی، بدی سب بندھی پڑی ہے۔ اگر گٹھری کو کھول کر دیکھا جائے تو غلطیوں کی تعداد زیادہ ہو گی کیونکہ انسان غلطی کی پیداوار ہے۔ بیٹا غلطی ہو جانا اتنی بری بات نہیں اس پر شرمندہ نہ ہونا بہت بری بات ہے۔ کیونکہ بیٹا شرمندگی ازالہ کی پہلی سیڑھی ہے۔ تم بھی پہلی سیڑھی پر قدم جمائے کھڑے ہو۔ اپنے مشن کو پورا کرو ساری غلطیوں کا ازالہ ہو جائے گا۔"

"ممی! انشاء اللہ ایسا ہی ہو گا۔ شانی نے پر عزم لہجے میں جواب دیا۔

"آپ اور منزہ کو کامران بھائی کے پاس....."

"نہیں بیٹا! ہمیں وہاں نہیں جانا۔ بلکہ مجھے اپنے بھائی کے گھر جانا ہے۔" وہ باتیں کرتے ہوئے مین روڈ تک نکل آئے تھے۔ دو گاڑیاں اچانک برق رفتاری سے آ کر ان کے سامنے رک گئیں۔ ان میں چار نقاب پوش باہر آئے اور آناً فاناً انہیں گن پوائنٹ پر دھکیلتے ہوئے گاڑیوں میں ٹھونس دیا۔ واقعہ اتنی تیزی اور ہوشیاری سے ہوا تھا کہ شانی کو مدافعت کا موقع نہیں مل سکا تھا۔ اسے الگ گاڑی میں بٹھایا گیا تھا۔ ممی اور منزہ کو لے جانے والی دوسری گاڑی تھی۔ شانی نے کچھ دیر مزاحمت کرنے کی کوشش کی تھی۔ مگر ریوالور کا دستہ اس کی کنپٹی پر اتنے زور سے پڑا تھا کہ وہ ہوش و حواس کی دنیا سے بے گانہ ہو چکا تھا۔

❁.....❁.....❁

ڈیوڈ تیز قدموں سے اندر داخل ہوا۔ ہال میں اس کے استقبال کے لیے تین اشخاص کھڑے تھے۔ سب سے پہلے اسرائیل کا مایہ ناز سائنسدان، جدید ریسرچ لیبارٹری کا انچارج ہاورڈ تھا جس نے آگے بڑھ کر ڈیوڈ سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا۔

"آیئے مسٹر ڈیوڈ! ہم آپ کو اپنی عظیم تجربہ گاہ میں خوش آمدید کہتے ہیں۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

الٹے بانس

اسرار احمد

ایک چالاک اور شاطر قاتل کا احوال' اس نے اپنی بیوی کے قتل کا ایک صاف ستھرا اور بے داغ منصوبہ بنایا اور اس پر عمل درآمد بھی کرلیا' اس کے پاس واردات سے دوری کا ثبوت اور گواہ بھی تھا لیکن وہ پھر بھی قتل کے الزام میں گرفتار ہوگیا۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا' کبھی کبھی حالات بڑے عجیب وغریب انداز میں پیش آتے ہیں۔ آپ کوئی شے تلاش کرتے ہیں اور وہ آپ کو نہیں ملتی پھر یکایک آپ کی نظر اس پر پڑتی ہے اور آپ چیخ پڑتے ہیں۔ ''وہ رہی۔'' کبھی آپ اپنے دوستوں کے ساتھ ان کی بیویوں کے رویے پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ ... اور پھر آپ خود کسی پیاری سی لڑکی سے شادی کر لیتے ہیں۔ شروع شروع میں آپ اس کی ہر بات کے جواب میں کہتے ہیں۔ ''ہاں جان...... نہیں...... جان ... جیسا تم کہو جان...... وغیرہ وغیرہ۔ لیکن پھر محبت کی گرمی کم ہونے لگتی ہے اور آپ انہی دوستوں کی صف میں کھڑے ہوجاتے ہیں اور دوسرے دوست آپ کے حال پر ہمدردی کا اظہار کرنے لگتے ہیں۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا...... کبھی کبھی حالات بڑے عجیب اور ناقابل یقین ہوتے ہیں جیسے کہ پچھلے اکتوبر میں میرے ساتھ پیش آیا۔ میں بذریعہ ٹرین لندن جارہا تھا کہ ایک شخص میرا ہم سفر بن گیا اور ہم دونوں نے اس طرح گفتگو چھیڑ دی گویا نہ جانے کتنے پرانے دوست ہوں۔

کتنی عجیب بات ہے' ایک شخص جسے آپ نے پہلے کبھی دیکھا تک نہیں وہ اتفاقیہ ملاقات پر آپ سے اس طرح گھل مل جاتا ہے' گویا شناسائی نہ جانے کتنی پرانی ہو حالانکہ آپ اس سے اس کا نام تک پوچھنے کی زحمت بھی نہیں کرتے لیکن میں نے یہ زحمت کی تھی۔ اس کا نام کرسٹوفر جونز تھا۔ ایک عام سا نام...... اور وہ ایک عام سا ہی آدمی تھا۔

کتنی حیرت کی بات ہے کہ میں اس رات اسی کے بارے میں سوچ رہا تھا اور حیران ہورہا تھا' کیا ہم دوبارہ بھی مل سکیں گے؟ اور ساتھ ہی یہ بھی سوچ رہا تھا کہ آج این کے بغیر یہ گھر کتنا سونا سونا سا لگ رہا ہے...... کہ ... اچانک ہی دروازے کی اطلاعی گھنٹی بج اٹھی' میں نے اسے زیادہ اہمیت نہیں دی اور اک شان استغنا سے بڑھ کر دروازہ کھول دیا۔

سامنے دو افراد کھڑے تھے۔ دونوں خوب کیم شحیم تھے۔ ان میں سے ایک نسبتاً قوی ہیکل تھا۔ اس نے مجھے مخاطب کیا۔ ''کیا تمہارا نام آرتھر اسٹریکر ہے؟''

''ہاں ...'' میں نے اس سے اتفاق کیا اور انہیں اندر آنے کی دعوت دی۔

وہی قوی ہیکل دوبارہ مخاطب ہوا۔ ''میرا نام سارجنٹ ڈان ہے اور یہ سارجنٹ اسمتھ ہے۔ ہم اسکاٹ لینڈ یارڈ سے تعلق رکھتے ہیں۔''

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

میں اس کی تردید کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتا تھا لہٰذا سر کو اثبات میں جنبش دے کر رہ گیا۔

"میں تم پر یہ واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم تمہاری بیوی کی موت کے سلسلے میں تفتیش کرنے آئے ہیں۔ مقامی پولیس اس کیس کی تحقیقات کر رہی ہے۔" وہ خاموش ہو گیا اور کافی دیر تک خاموش رہا پھر اپنے پھیپھڑوں میں ڈھیر ساری ہوا بھر لینے کے بعد گویا ہوا۔ "ہم دراصل کرسٹوفر جونز کی موت کے سلسلے میں آئے ہیں۔" اس نے انکشاف کیا۔

"موت.....؟" میں حیرت سے گنگ ہو گیا۔

"قتل۔" اس نے تصحیح کی اور قدرے سفاکی سے بولا۔ "جس رات تمہاری بیوی کا انتقال ہوا تھا' اس رات تم نے لندن کا سفر اختیار کیا تھا تو اسی ٹرین اور اسی اپارٹمنٹ میں سفر کیا تھا جس میں کرسٹوفر سفر کر رہا تھا۔ اس بات کا تم پہلے ہی اعتراف کر چکے ہو۔"

ان سے بحث کرنے کا کوئی فائدہ نہیں تھا۔

وہ مجھے اپنے ساتھ لندن لے گئے۔ تمام وقت میں یہی سوچتا رہا کہ یہ ناممکن ہے' لیکن یہ ناممکن نہیں تھا کیونکہ حقیقت میرے سامنے تھی۔ تفتیش کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ چل نکلا۔ سب سے پہلے شناخت پریڈ ہوئی۔ ایک گھبرائی گھبرائی سی عورت لائی گئی جسے میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ میں نے دیکھا کہ وہ مجھے دیکھ کر اثبات میں سر ہلا رہی تھی۔ اس کے بعد ایک اور عورت حاضر کی گئی۔ میں نے اس کی طرف دیکھا تھا تو وہ میری طرف غور سے دیکھنے لگی تھی۔ اس وقت وہ ہمارے اسٹیشن پر بوفے ٹرالی دھکیل رہی تھی۔ مجھے پہچانتے ہی اس کے

وحدانیت

لوگوں کی اکثر یہ رائے ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعائیں نہیں سنتا کیا کبھی ہم نے یہ غور کیا ہے کہ ہم دعائیں کیا مانگتے ہیں۔ ان کی نیت کیا ہوتی ہے کیا ہم کامل یقین سے دعائیں مانگتے ہیں۔ نہیں قطعی نہیں مانگتے اگر ہم دعا مانگ بھی رہے ہوتے ہیں تو اس میں ہماری بھلائی اور دوسرے کا نقصان ہوتا ہے۔ مثلاً اے اللہ! تو آج اتنی بارش دے کہ دل بھر جائے اس دعا سے ہمارا دل تو بھر جاتا ہے مگر دوسروں کا حال برا ہوتا ہے۔ دعا میں کاملیت نہیں ہوتی۔ اللہ مجھے فلاں چیز دے میں اس سے یہ دو کر دوں گا بھلا رب العزت کیسے وہ دعا قبول کر سکتا ہے جس میں ایک انسان کا بھلا ہو رہا ہو اور دس کا نقصان۔ میرا ایمان ہے کہ جب بھی سچے دل سے نفع نقصان سوچے بغیر دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے۔ کہتے ہیں انسان سخت مشکل میں ہو تو اگر وہ کوئی دعا مانگے تو وہ قبول ہو جاتی ہے۔ اس وقت کی دعا کسی بھی نفع نقصان سے پاک ہو کر دل میں ایمان پختہ رکھ کر قبول ہونے کے یقین سے مانگی جاتی ہے اور قبول ہوتی ہے۔

حنا ناز ..... پنڈدادن خان

ہونٹ بھنچ گئے پھر اس نے بھی اثبات میں سر ہلا دیا۔ اس کے بعد ٹکٹ کلکٹر آیا اس نے مجھے اتنی افسردہ نگاہوں سے دیکھا گویا میں کوئی ایسی بوڑھی سی غریب عورت ہوں جس کے پاس ٹکٹ نہ ہو اور جس کا دنیا میں کوئی دوست' کوئی ہمدرد اور کوئی غم گسار نہ ہو پھر اس نے بھی بڑی ادا سی اور بڑی ہی سوگواری کے ساتھ دھیرے سے اپنا

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

میرا اثبات میں ہلا کر میرے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دی۔

اس کے بعد قانونی کارروائیوں کا آغاز ہوا اور میں نے اس قوی ہیکل سارجنٹ ڈان کو بیان دیتے سنا جو کہہ رہا تھا۔ "ملزم نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ جس رات اس کی بیوی ہلاک ہوئی تھی' اس رات وہ مسٹر کرسٹوفر جونز کے ساتھ اسی ٹرین اور اسی کمپارٹمنٹ میں سفر کر رہا تھا۔" اس نے مزید بتایا کہ جونز جب گھر واپس نہ پہنچا تو اس کی بیوی نے وہ رات کس پریشانی کے عالم میں گزاری کیونکہ گزشتہ شام ہی اس کی آمد متوقع تھی...... اور پھر انہوں نے کسی طرح کرسٹوفر کی لاش' ریڈنگ اور میڈن لینڈ کے درمیان' ریلوے کے پشتے پر مسخ شدہ حالت میں دریافت کی...... اور پھر بوفے ٹرالی والی اس بوڑھی عورت نے کٹہرے میں کھڑے ہو کر بیان دیا کہ اس نے مجھے ٹرین میں سوار ہوتے اور کمپارٹمنٹ میں جونز سے باتیں کرتے دیکھا تھا اور اسے یقین تھا کہ یہ وہی رات تھی اور یہ بھی یقین تھا کہ وہ شخص میں ہی تھا۔ اس کے بعد میری جانب اپنی افسردہ اور سوگوار نظروں سے دیکھتے ہوئے بیان دیا کہ یقیناً اس نے مجھے کمپارٹمنٹ میں جونز کے ساتھ گفتگو کرتے دیکھا تھا اور پھر ریڈنگ گزرنے کے بعد میڈن لینڈ کے قریب پہنچنے تک اس نے دوبارہ مجھے اسی کمپارٹمنٹ میں تنہا دیکھا تھا۔ اس نے یہ اقرار بھی کیا کہ میں بے حد گھبرایا ہوا نظر آ رہا تھا' لیکن اس وقت اسے کسی قسم کا شبہ نہیں ہوا تھا...... لیکن جب مسٹر جونز کی لاش دریافت ہوئی تو اسے میری گھبراہٹ یاد آ گئی اور ساتھ ہی اس کی وجہ

سچ جو دل کو بھا جائے

☆ غلطی ماننے اور گناہ چھوڑنے میں کبھی دیر مت کیجیے کیونکہ سفر جتنا طویل ہوتا جائے واپسی اتنی ہی دشوار ہوتی ہے۔

☆ شکر ادا کرتے رہو اس رب کا جو برداشت سے زیادہ دکھ نہیں دیتا مگر اوقات سے زیادہ سکھ دیتا ہے۔

☆ زمانہ بُرے لوگوں کی بُرائی کی وجہ سے خراب نہیں ہوتا بلکہ اچھے لوگوں کی خاموشی کی وجہ سے خراب ہو جاتا ہے۔

☆ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کا سب سے بڑا راز یہ ہے کہ پریشانیوں میں گھرا ہونے کے باوجود ہمت اور حوصلے سے آگے بڑھا جائے۔

☆ موت کی طرح جدائی بھی محبوب کی یاد کو دھندلا دیتی ہے اور ہمیں محسوس بھی نہیں ہوتا کہ وقت نے بیچ میں کیسی کیسی دیواریں کھڑی کر دی ہیں۔

☆ ہماری خوش قسمتی یہ ہے کہ ہم اللہ کو ایک مانتے ہیں لیکن ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہم اللہ کی ایک نہیں مانتے۔

☆ ہر حال میں رب کا شکر ادا کرتے رہو بے شک خالق کائنات وہ جانتا ہے جو ہم نہیں جانتے۔

☆ ہماری ہر آزمائش کے پیچھے ہماری بھلائی پوشیدہ ہے کہ ہر آزمائش انسان کو کندن بناتی ہے اور نکھار پیدا کرتی ہے۔

☆ ناکامی جرم نہیں' مقصد کا پست ہونا جرم ہے۔

عاصمہ امداد علی...... گوجرانوالہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

بھی سمجھ میں آ گئی.....اور ہاں..... اسے یقین تھا کہ یہ سانحہ اسی رات پیش آیا تھا پھر نہ جانے میں نے اسے یہ ڈان کو یہ کہتے سنا کہ کرسٹوفر جونز سے جو ٹکٹ حاصل ہوا تھا' اس پر میرا فون نمبر تحریر تھا جونز نے یہ فون نمبر لکھا تھا اس طرح وہ تاریخ پایہ ثبوت کو پہنچ گئی۔ ٹکٹ کلکٹر نے دوبارہ زور دے کر کہا کہ میں ریڈنگ اسٹیشن پر تو جونز کے ساتھ تھا لیکن میڈن لینڈ اسٹیشن پر تنہا دکھائی دیا تھا۔ میں دراصل اپنے انداز گفتگو کی وجہ سے اسے یاد رہ گیا تھا۔ اس نے کہا۔ ''میں لوگوں کی حرکات و سکنات کا مشاہدہ کرنے میں دلچسپی رکھتا ہوں۔ اگر ایسا نہ کروں تو بلا ٹکٹ سفر کرنے والے مجھے آسانی سے تنجہ دینے میں کامیاب ہو جائیں۔ بہر حال' یہ مشاہدہ ایک طرح سے میری فطرت ثانیہ بن گیا ہے اور میں نے اس ذات شریف کے انداز گفتگو میں خصوصی دلچسپی لی تھی۔''

''اس کے انداز گفتگو میں ایسی کیا خاص بات ہے؟'' اس سے سوال کیا گیا۔

''یہ ہر جملے کے آغاز میں کہتا ہے' جیسا کہ میں نے عرض کیا۔''

چلیے صاحب چھٹی ہوئی۔ میرا یہ اعتراف بھی اس سلسلے میں معاون ثابت ہوا تھا کہ میں نے اس رات لندن کا سفر اختیار کیا تھا۔ وہ لوگ قتل کے محرک کا سراغ لگانے میں کامیاب نہیں ہو سکے تھے لیکن جرم بہر حال جرم ہی تھا۔ بھلا میں کیا کہہ سکتا تھا؟ البتہ میں یہ ضرور جانتا تھا کہ بوڑھے ٹرالی والی بڑھیا کو مغالطہ ہو گیا تھا اور ٹکٹ کلکٹر سفید جھوٹ بول رہا تھا اور میں اس کی وجہ بھی خوب اچھی طرح جانتا تھا جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ بعض اوقات بڑے عجیب و غریب واقعات رونما ہوتے ہیں اور یہ بھی اپنی نوعیت کا عجیب و غریب ہی واقعہ تھا۔ دراصل کرسٹوفر جونز سے میری ملاقات پچھلے اکتوبر میں لندن کے سفر کے دوران ہوئی تھی اور میں نے اسے اپنی بیوی کو قتل کرنے کے منصوبے سے آگاہ کرتے ہوئے موقع واردات سے اپنی عدم موجودگی ثابت کرنے کے لیے بطور گواہ تیار کیا تھا اور اس کے لیے ایک ہزار پونڈ کی پیش کش کی تھی۔ وہ رضامند ہو گیا تھا اور ہم نے تاریخ مقرر کر لی تھی لیکن ہمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ ٹکٹ کلکٹر نے ہماری یہ باتیں سن لی ہیں اور وہ ہمارے منصوبے سے آگاہ ہو گیا ہے..... نہ صرف یہ بلکہ اس نے وہ تاریخ بھی نوٹ کر لی ہے جس روز مجھے اپنی بیوی کا قصہ پاک کرنا تھا۔ لہٰذا اس نے کرسمس سے دو روز قبل کرسٹوفر کو طے شدہ دن لندن کے سفر کے دوران ہلاک کر کے گاڑی سے نیچے پھینک دیا اور وہ ایک ہزار پونڈ اس سے حاصل کر لیے جو میں نے اسے روز کرسٹوفر جونز کو ادا کیے تھے لیکن میں نے اس کے ساتھ لندن کا سفر نہیں کیا تھا۔ بھلا میں اس رات ٹرین پر اس کے ساتھ کس طرح موجود ہو سکتا تھا' جس رات میں نے اپنی بیوی کو قتل کیا تھا.....؟ لیکن اگر میں یہ کہتا کہ میں نے اس رات کرسٹوفر جونز کے ساتھ لندن کا سفر نہیں کیا تھا تو ظاہر ہے یہ ثابت کرنا کوئی مشکل کام ہوگا کہ میں ہی اپنی بیوی کا قاتل ہوں.....!

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

مردِ آہن

سید احتشام

وقت کسی کا نہیں ہوتا' وہ بس اسی کا ساتھ دیتا ہے جو دانش مندی سے اسے استعمال کرسکے' اس کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی تھا۔ اس کی ایک حماقت نے آنے والے اچھے وقت سے اسے دور کر دیا تھا' مگر اس نے پھر بھی ہمت نہ ہاری اور وقت کے بے لگام گھوڑے کو قابو کرنے میں کامیاب ہو گیا۔

جیل میں میری تین سالہ اسیری کی آخری رات بوند بوند ٹپک رہی تھی۔ میں بڑی دیر سے عالم بے چینی میں اپنے مقدر کی سحر کے طلوع ہونے کا منتظر تھا لیکن ایسا لگتا تھا کہ شب اسیری کی گھڑیاں طویل ہوگئی ہیں اور وہ سحر کبھی طلوع نہ ہوگی جو میری رہائی کا پیغام لائے گی۔ ہوسکتا ہے یہ محض میرا احساس ہو لیکن اس احساس نے طبیعت کو اضطراب آشنا کردیا تھا۔ میں نے اسیری کے یہ تین سال بے حد خاموشی سے گزار دیے تھے لیکن یہ نہیں جانتا تھا کہ اس زنداں سے رہائی کے بعد باہر کے شور شرابے کو کس طرح قبول کروں گا۔ میں نے غسل کرکے لباس پہنا اور سائرن بجنے کا انتظار کرنے لگا پھر سائرن کی آواز بلند ہوتے ہی محافظ نے میری کوٹھری کا دروازہ کھول دیا اور مسکرا کر مجھ سے مخاطب ہوا۔ "مبارک گھڑی آگئی ہے نا چارلی؟"

میں نے جواب دینا چاہا لیکن میرے حلق میں جیسے کوئی گولا پھنس گیا تھا۔ میں محض اثبات میں سر ہلا کر رہ گیا اور مجھے میس میں پہنچا دیا گیا۔

ناشتہ آیا تو میں بے دلی سے زہر مار کرنے لگا۔ میری زبان ناشتے میں موجود چیزوں کا ذائقہ محسوس کرنے سے قاصر رہی۔ بھوک کا احساس بھی دم توڑ چکا تھا۔ میں میس ہال سے باہر نکلا تو سامنے کھڑے ہوئے محافظ نے پوچھا۔ "تمہارا نام چارلی وہائٹ ہے؟" میرے اثبات میں جواب دینے پر وہ مجھے ایک چھوٹے سے کمرے میں لے گیا جہاں ایک ہینگر پر میرے کپڑے ٹنگے ہوئے تھے۔ "لباس پہن کر اپنے جسم پر موجود یہ کپڑے سپلائی کلرک کے حوالے کردو پھر وہاں سے سیدھے نچلی منزل پر وارڈن کے دفتر میں چلے جاؤ۔" محافظ نے ہدایت دی۔

میں اس کی ہدایت پر عمل کرکے وارڈن کے دفتر پہنچ گیا۔ اس کی میز پر میری رہائی کے کاغذات رکھے ہوئے تھے۔ اس نے ان پر نگاہ ڈال کر میری جانب دیکھا اور گویا ہوا۔ "میں تم سے کچھ گفتگو کرنا چاہتا ہوں وہائٹ۔ تمہاری کارکردگی یہاں کے عام قیدیوں کے مقابلے میں کہیں بہتر رہی ہے لہٰذا میں نہیں چاہتا کہ تم یہاں واپس آؤ لیکن اس وقت تمہارے ذہن پر اتنا دباؤ ہے اور دل خود ترسی کے جذبات سے لبریز ہے کہ میں اس سے زیادہ کہنا مناسب نہیں سمجھتا۔" اتنا کہہ کر اس نے ایک سربمہر لفافہ' ایک رسید' چند نوٹ اور چند سکے میز کے کونے پر رکھ دیے۔ "یہ رہے تمہارے پیسے جو تم نے یہاں آتے وقت جمع کرائے تھے۔ اب اس رسید پر دستخط کرکے اپنی رقم اٹھالو۔" وہ بولا۔

میں نے دستخط کرکے رقم اور لفافہ اٹھا لیا اور میری نگاہوں میں اپنی بیوی جینھ کی شکل گھوم گئی۔ یہ لفافہ یقیناً اس نے بھیجا تھا۔ جیل کے پادری فادر ریلے نے مجھے جینھ کے بارے میں اطلاع فراہم کی تھی۔ اس نے بتایا تھا کہ جینھ پامیٹو سٹی کے ایک جنرل اسٹور میں کلرک کی حیثیت سے ملازمت کررہی ہے لیکن کیا وہ زوے کے بارے میں جانتی ہے؟ ہاں وہ اسے اچھی طرح جانتی تھی لیکن اگر اس نے طلاق کا مقدمہ دائر کردیا تھا تو اس کے کاغذات مجھ تک نہیں پہنچے تھے۔ میں نے رقم گنی۔ یہ ایک سو چھبیس ڈالر اور پچاس سینٹ تھے۔ میں نے لفافہ کھولنے کی زحمت نہیں کی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"خدا حافظ وہائٹ۔" میرے کانوں سے وارڈن کی آواز ٹکرائی۔

وارڈن اپنی نشست کی پشت گاہ سے ٹک گیا اور وہی محافظ مجھے لے کر جیل کے پھاٹک کی سمت روانہ ہو گیا۔ میں اس کے ساتھ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا احاطہ عبور کر کے آہنی پھاٹک سے باہر آ گیا۔ چہار سو دھوپ پھیلی ہوئی تھی۔ یہی دھوپ جیل کی دیواروں کے پیچھے بھی تھی لیکن وہاں اس میں وہ چمک نہیں تھی جو یہاں جیل کے باہر تھی۔ میری آنکھیں چندھیا گئیں۔ میں چند لمحے کھڑا پارکنگ لاٹ میں موجود کاروں کا جائزہ لیتے ہوئے سوچنے لگا۔ اگر بیتھ مجھے لینے آئی ہے تو میں اس کے ساتھ چلا جاؤں گا۔ اگر نہیں تو پھر سینیور سیپو کی تلاش میں نکل کھڑا ہوں گا اور اسے شناخت کر کے ہلاک کر دوں گا۔ سینیور سیپو ایک پراسرار شخص تھا۔ میں اس سے آج تک نہیں ملا تھا نہ ہی اس کے صحیح نام یا حلیے سے واقف تھا۔ مقدمے کے دوران وکیل استغاثہ نے اس بات پر کافی واویلا مچایا تھا لیکن میں بھلا کیا کہہ سکتا تھا۔ مجھے اس کا صرف یہی نام معلوم تھا۔

پارکنگ لاٹ میں مجھے بیتھ کہیں نظر نہیں آئی۔ اس کا واضح مطلب یہ تھا کہ میں نے اسے کھو دیا۔ میں نے مایوسی سے سانس کھینچی۔ میں نے زندگی میں کیا کھویا اور کیا پایا تھا؟ ایک طرف اپنی بیوی اور اپنی فشنگ بوٹ کھو دی تھی اور ساتھ ہی تین سال کی قید حصے میں آئی تھی۔ دوسری طرف ہوانا میں شراب نوشی کا لطف اٹھایا تھا۔ ایک محبوبہ پال رکھی تھی اور خود کو اپنے ہم پیشہ کپتانوں سے کہیں عقل مند تصور کرتا رہا تھا اور اب زندگی بھر کی پونجی ایک سو چھبیس ڈالر اور پچاس سینٹ کی شکل میں میری جیب میں پڑی ہوئی تھی۔ میں نے اب تک یہی منافع کمایا تھا۔ اچانک میری نظر زدو پر پڑی۔ وہ پیلے رنگ کی ایک چھوٹی سی جیپ کی اسٹیئرنگ سیٹ پر بیٹھی ہوئی تھی۔ میں اس کی طرف بڑھا۔ اس نے ہاتھ لہرا کر مجھے اپنی جانب متوجہ کیا۔ "ہیلو ہنی۔"

میں اس کے قریب پہنچ گیا اور وہ ساتھ والی نشست پر کھسک گئی۔ "آؤ بیٹھو۔ اب تم ڈرائیو کرو گے۔" اس نے دعوت دی۔

"میں......؟" میں نے حیرت سے کہا۔ "ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ہی؟ کیا تم مجھے قانون شکنی پر مجبور کرنا چاہتی ہو؟"

اس نے ایک لمحے کے لیے سوچا۔ "اچھا میں ڈرائیو کروں گی۔" دوسرے ہی لمحے وہ بول پڑی اور میرے جیپ میں سوار ہونے سے پہلے ہی اپنے پرس سے ہوانا بینک کی پاس بک نکال کر مجھے تھما دی جو کہ میری گرفتاری کے وقت سے اس کے پاس بطور امانت رکھی ہوئی تھی۔ "غلط خطوط پر سوچنے کی کوشش مت کرو۔" وہ بولی۔ "کسی نے بھی تمہیں پھنسانے کی کوشش نہیں کی تھی۔ مقدمے کی سماعت کے دوران باس خود کو ظاہر نہیں کر سکتا تھا کیونکہ اس صورت میں حالات مزید بگڑ جاتے۔"

گویا میں اب بھی اس گروہ کے لیے اہمیت رکھتا تھا اور سینیور سیپو میرے ایام اسیری کے دوران ہر ماہ میرے اکاؤنٹ میں ایک ہزار ڈالر جمع کراتا رہا تھا۔

"اب تو خوش ہو؟" زدو نے دریافت کیا۔

"ہاں۔" میں نے جواب دیا اور تلخی سے سوچا۔ "بیتھ جہنم میں جائے۔ مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں۔ دنیا کی کسی چیز سے سروکار نہیں۔ سینیور سیپو کو ہلاک کرنے کی ضرورت بھی کیا ہے۔ میں اس مرغی کو کیوں ہلاک کروں جو اب تک سونے کے انڈے دیتی رہی ہے؟" میں جیپ میں سوار ہو گیا اور زدو نے جیپ اسٹارٹ کر دی۔ ہمارا رخ جنوب کی طرف تھا۔

"ہماری منزل کیا ہے؟" میں نے اس سے پوچھا۔

"مغربی ساحل۔" اس نے جواب دیا۔ "وہاں میں نے ایک جزیرے میں ایک کیبن کرائے پر لیا ہے لیکن ہم زیادہ عرصہ قیام نہیں کریں گے۔ ہمارے گروہ کا ایک فرد اپنی بوٹ پر ہمیں ہوانا لے جائے گا۔ ٹھیک ہے؟"

"ہاں بے شک۔" میں نے اس کے بے داغ

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

شانوں پر لہراتی ہوئی زلفوں کی جانب دیکھ کر کہا۔ کچھ دیر ڈرائیو کرنے کے بعد اس نے جیپ سڑک کے کنارے روک دی اور رَم کی ایک بوتل نکال کر میرے حوالے کر دی۔ "اب تم اطمینان سے پیتے رہو اور رنگین خواب دیکھتے رہو۔" اس نے کہا اور جیپ دوبارہ اسٹارٹ کر دی۔ سفر کافی طویل تھا۔ ہمیں دو جگہ رک کر پیٹ بھرنا پڑا۔ رَم کی بوتل بھی خالی ہو گئی تھی۔ چنانچہ میں نے کراس سٹی سے نئی بوتل خرید لی۔

ہم سہ پہر میں کیبن پہنچے جو ساحل کے ایک ویران حصے میں کھجور کے درختوں میں گھرا ہوا تھا۔ اس کے عقب سے ایک ریتلی سڑک گزرتی تھی اور اس سے قریب ترین مکان کم از کم ایک میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ سامنے کی جانب نیلا اور بے کنار سمندر پھیلا ہوا تھا۔ میں غسل کرنا چاہتا تھا اور ساتھ ہی کافی پینے کی بھی خواہش ہو رہی تھی۔ میں نے زدو کو اپنی دونوں خواہشوں سے آگاہ کیا۔ وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی۔ "تم سمندر سے کافی عرصہ...... دور رہے ہو جب ہی پانی دیکھ کر طبیعت تیرنے کو مچل اٹھی...... خیر...... جاؤ...... وارڈ روب میں تیراکی کا لباس موجود ہے۔ میں کافی چولہے پر چڑھا دیتی ہوں۔" اس نے کہا اور اسٹوو کی جانب متوجہ ہو گئی۔ میں بیڈ روم کی طرف بڑھ گیا لیکن جوں ہی اس کا دروازہ بند کیا میری سماعت سے کسی کی مردانہ آواز ٹکرائی۔

"تم اسے لے آئیں؟"

میں نے دروازہ کھول کر زدو سے دریافت کیا۔ "یہ کون ہے؟"

اسٹوو کے پاس کھڑی ہوئی زدو میری جانب دیکھ کر مسکرائی۔ "تمہارے کان بج رہے ہیں ہنی۔ جاؤ غسل کرو۔ واپس آؤ گے تو کافی تمہیں تیار ملے گی۔"

اس وقت میں نے اس آواز کو اہمیت نہیں دی اور دروازہ بند کر کے اپنا کوٹ اتار کر ہینگر سے لٹکانے لگا۔ اسی کوشش میں کوٹ کی جیب سے ایک لفافہ نکل کر فرش پر گر گیا۔ اس پر نگاہ پڑتے ہی میں پہچان گیا۔ یہ وہی لفافہ تھا جو جیل سے رخصت ہوتے وقت وارڈن نے میرے حوالے کیا تھا۔ میں نے بستر پر بیٹھ کر لفافہ کھولا اور اس کے اندر سے دس دس ڈالر کے دو نوٹ اور پانچ ڈالر کا ایک نوٹ نکل کر گر پڑا۔ میں نے اس طرف توجہ نہیں دی بلکہ اس کے اندر موجود خط کی جانب متوجہ ہو گیا۔

"جانم! ہو سکا تو میں تمہاری رہائی کے موقعے پر وہاں موجود ہوں گی لیکن اگر یہ ممکن نہ ہو سکا تو خدارا برا نہ ماننا کیونکہ میں ملازمت کر رہی ہوں۔ لہٰذا اس صورتِ حال کے پیشِ نظر میں آخری ہفتے کی تنخواہ ٹرین کے کرائے کے طور پر ارسال کر رہی ہوں اور انتہائی بے چینی سے تمہاری منتظر ہوں۔

فقط تمہاری جیتھ"

خط پڑھ کر میری کیفیت عجیب سی ہو گئی۔ جیتھ اب بھی مجھ سے محبت کرتی تھی اور میری منتظر تھی اور میں ایک بار پھر زدو کے چکر میں پڑ کر یہاں بیٹھا ہوا تھا۔ میں ان ہی خیالات میں گھرا نہ جانے کب تک کھڑا رہا کہ اچانک زدو کی آواز نے مجھے چونکا دیا۔ "کیا بات ہے ڈارلنگ تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے اتنی دیر سے وہاں کیا کر رہے ہو؟"

"ہاں طبیعت تو بالکل ٹھیک ہے۔" میں نے وہیں سے جواب دیا اور صحیح سمت میں سوچنے لگا۔ "اگر جیتھ میری زندگی سے نکل گئی تو اس زندگی میں کچھ بھی نہیں رہ جائے گا۔ دولت، عیش و عشرت اور زدو کوئی شے جیتھ کا نعم البدل نہیں ہو سکتی۔ وہ میری بیوی تھی اور میری زندگی تھی۔ میں اسے دل و جان سے چاہتا تھا۔ میں نے کوٹ ہینگر سے اتار لیا اور دروازہ کھول کر زدو کے پاس آ گیا۔ "سوری زدو۔" میں نے اسے مخاطب کیا۔ "اس وقت سے میری اور تمہاری راہیں جدا ہوتی ہیں۔ میں پامیلو سٹی میں اپنی بیوی کے پاس واپس جا رہا ہوں۔"

"تم مذاق تو نہیں کر رہے ہو؟" اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔

"میں زندگی میں اتنا سنجیدہ کبھی نہیں ہوا تھا جتنا کہ اس وقت ہوں۔" میں نے جواب دیا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

غصے کی شدت سے اس کا چہرہ بگڑ گیا اور آنکھیں سکڑ گئیں۔ "تم نے یا تو پی رکھی ہے یا پھر پاگل ہو گئے ہو۔ ماہی گیری کر کے اور کشتی چلا کر تم کتنا کما لو گے؟"

"اس کے باوجود میں بیتھ کے پاس جا رہا ہوں۔ وہاں کوئی ملازمت حاصل کر لوں گا اور اپنے پرانے آبائی مکان کو از سرِ نو آراستہ کروں گا اور ہمارے بچے اس کے آنگن میں کھیلیں گے۔"

یکایک اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ "نہیں...." وہ دہشت سے چیخی۔ میں سمجھا کہ وہ مجھ سے مخاطب ہے لیکن دوسرے ہی لمحے میرے سر کے عقبی حصے پر ایک شدید ضرب پڑی۔ میری آنکھوں کے سامنے چنگاریاں رقص کرنے لگیں۔ میں نے شدتِ کرب سے پلٹ کر حملہ آور کو دیکھنے کی کوشش کی لیکن ایک دھندلی سی تصویر کے سوا مجھے کچھ بھی نظر نہ آ سکا۔ اسی وقت دوسری ضرب پڑی اور میں ہوش و خرد سے بیگانہ ہو گیا.... بے ہوش ہوتے ہوئے میں نے دھماکے کی آواز سنی تھی اور پھر میرا ذہن گہری تاریکی میں ڈوبتا چلا گیا۔

ہوش آیا تو دیکھا کہ میں فرش پر پڑا ہوں۔ میرے حواس کام نہیں کر رہے تھے۔ ذہن پر دھند سی چھائی ہوئی تھی پھر آہستہ آہستہ یہ دھند چھٹنے لگی.... مجھے یاد آیا کہ ابھی چند لمحے پیشتر میں نے بیتھ کا خط پڑھا تھا اور زو کو اپنی روانگی سے آگاہ کیا تھا لیکن اس اثنا میں کسی نامعلوم شخص نے میرے سر پر ریوالور کے دستے سے ضرب لگا کر مجھے بے ہوش کر دیا تھا لیکن کیوں؟ میں یہ سمجھنے سے قاصر رہا.... میں زو سے جذباتی طور پر وابستہ نہیں تھا نہ ہی میں نے اس سے یہ پوچھا تھا کہ میری تین سالہ اسیری کے دوران اس کی کیا مصروفیات تھیں؟ میری نگاہ میں اس کی کوئی اہمیت نہیں تھی لیکن شاید اس کا کوئی بوائے فرینڈ مجھے یہاں دیکھ کر حسد کا شکار ہو گیا تھا۔ یہ اسی حاسد شخص کا کارنامہ ہو گا لیکن جب اس مردود نے مجھے یہ کہتے ہوئے سن لیا تھا کہ میں اپنی بیوی کے پاس واپس جا رہا ہوں تو پھر اسے مجھ پر حملہ کرنے کی کیا ضرورت تھی....؟ میں نے حیرت سے سوچا اور پھر میرے ذہن میں وہ آواز گونج اٹھی جو میں نے بیڈ روم کا دروازہ بند کرتے وقت سنی تھی۔

"تم اسے لے آئیں؟" زو نے مجھے جھنجلایا تھا.... یقیناً.... ہمارے علاوہ بھی کوئی اس کیبن میں پہلے سے موجود تھا۔ اس جملے کی روشنی میں دیکھا جائے تو اس کا مطلب یہی نکلتا تھا کہ زو مجھے یہاں کسی کے حوالے کرنے لائی تھی لیکن پھر وہ دہشت سے چیخی کیوں تھی اور حملہ آور کو مجھے ضرب لگانے سے منع کیوں کیا تھا؟ سوچتے سوچتے میرا دماغ تھک گیا مگر میں کسی فیصلے پر نہ پہنچ سکا۔ تنگ آ کر میں نے سوچنا ترک کر دیا۔ کیبن کسی مچھلی کے بیوپاری کے دل کی مانند تاریک ہو رہا تھا۔ میں نے اٹھ کر لائٹ جلانی چاہی لیکن سوئچ ڈھونڈنے میں ناکام رہا اور ماچس کی تیلی جلائی۔ اس کی روشنی میں میں نے مینٹل پر رکھے ہوئے ٹائم پیس میں وقت دیکھا۔ اس کے مطابق میں کئی گھنٹے بے ہوش رہا تھا۔ اس وقت بارہ بجنے میں صرف چند منٹ رہ گئے تھے۔ رم کی بوتل میز پر رکھی ہوئی تھی۔ میں نے اسے کھول کر چند گھونٹ بھرے اور دوسری تیلی جلا کر بیڈ روم میں داخل ہوا لیکن اے کاش کہ نہ داخل ہوا ہوتا۔ بستر پر زو پشت کے بل دراز تھی۔

اس کی آنکھیں پھٹی ہوئی تھیں اور چھت کو گھور رہی تھیں لیکن وہ کسی خاص شے پر مرکوز نہیں تھیں۔ میں نے ایک اور تیلی جلائی اور اس کے قریب پہنچ کر اس کا جائزہ لیا۔ وہ مر چکی تھی۔ گویا وہ اس گولی سے مری تھی جس کا دھماکا میں نے بے ہوش ہوتے وقت سنا تھا اور وہ اس وقت سے مردہ تھی جس وقت میں بے ہوش ہوا تھا۔ وہ تیلی بھی بجھ گئی تو میں نے دوسری جلا کر کمرے کا جائزہ لیا۔ کمرے میں ابتری پھیلی ہوئی تھی۔ ایک کرسی الٹی پڑی تھی۔ بستر کے قریب رم کی بوتل ٹوٹ کر بکھری ہوئی تھی جب کہ دوسری فرش پر کھلی پڑی تھی اور ساری شراب قالین پر بہہ گئی تھی پھر میری نگاہ زو کے بے جان ہاتھ میں پکڑی ہوئی کسی سیاہ شے پر پڑی۔ میں نے وہ شے جھک کر اس کے ہاتھ سے لے لی۔ یہ مچھلی پکڑنے والی لوہے کی سلاخ

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

تھی۔ مجھے اسی سے مضروب کیا گیا تھا۔ میں دوسرے کمرے میں آیا۔ یہاں میرا کوٹ پڑا تھا۔ میں نے اس کی جیبیں ٹٹولیں۔ ایک جیب میں وہ پستول موجود تھا جس سے زو ہلاک کی گئی تھی۔ میں تصور کی آنکھوں سے آئندہ روز اخبار میں شائع ہونے والی اس خبر کی سرخی پڑھ سکتا تھا۔ "جیل سے رہا ہونے والے قیدی نے رہائی کی خوشی میں منعقد کی جانے والی تقریب کے موقعے پر شراب کے نشے میں اپنی محبوبہ کو ہلاک کر دیا۔" اسی لمحے دیوار گیر گھڑی نے وقت گزرنے کا اعلان کیا۔ پورے بارہ بج چکے تھے۔ ماچس کی تیلی میری انگلیوں کو جلانے لگی تھی لیکن مجھے جلن کا احساس نہیں ہوا۔ دوسرے کمرے میں زو کی لاش پڑی تھی اور میں قاتل کی حیثیت سے یہاں موجود تھا۔ میں کھڑکی کے پاس آ کھڑا ہوا۔ رات گہری سیاہ تھی لیکن آسمان کے آنچل میں ستارے ٹنکے ہوئے تھے۔ یہ ستارے تھے یا آنسوؤں کے قطرے تھے؟ سمندر اتر گیا تھا۔ میرے دل میں کبھی زندہ رہنے کی اتنی شدید خواہش نہیں ابھری تھی جیسی کہ اس وقت ابھر رہی تھی۔ مجھے زو سے کہے گئے الفاظ یاد آ گئے۔ "میں چیچ کے پاس جا رہا ہوں۔ وہاں کوئی ملازمت حاصل کر لوں گا اور اپنے پرانے مکان کو از سر نو آراستہ کروں گا اور ہمارے بچے اس کے آنگن میں کھیلیں گے۔" لیکن مجھے یہ نہیں معلوم تھا کہ تقدیر مجھ پر ہنس رہی تھی۔ میں اپنی بیوی کے پاس نہیں بلکہ ریفورڈ کی جیل میں واپس جانے والا تھا۔ کم سے کم نصف درجن محافظوں نے مجھے زو کی جیپ میں سوار ہوتے دیکھا تھا پھر ہم گیبز ویل اور کراس سٹی میں کھانا کھانے کے لیے رکے تھے جہاں کی ویٹرس اس بات کی گواہی دے سکتی تھی کہ اس نے مقتولہ زو کو میرے ہمراہ دیکھا تھا اور میں بری طرح پی رہا تھا۔ زو کی جیپ کیبن کے سامنے بدستور کھڑی تھی۔ دانش مندی کا تقاضا یہ تھا کہ میں جیپ دوڑاتا ہوا قریبی فون بوتھ پہنچ جاؤں اور ریاستی پولیس کو اس واقعے کی اطلاع کر دوں لیکن کیا وہ میری کہانی پر یقین کریں گے؟ کوئی بھی یقین نہیں کرے گا۔ میں قاتل کا حلیہ بتانے سے قاصر تھا۔ وہ میرے لیے سینیور سیپو کی طرح نامعلوم تھا۔ "سینیور سیپو" میں بڑبڑایا اور اس کے ساتھ ہی میرا ذہن ماضی میں چلا گیا۔ میری بربادی کا آغاز ایک ٹیلی فون کال سے ہوا تھا۔ "ہیلو کیپٹن وہائٹ میں سینیور سیپو بول رہا ہوں...... فوری پانچ ہزار ڈالر کمانے کے بارے میں کیا خیال ہے؟"

"مجھے کیا کرنا پڑے گا؟" میں نے اس سے دریافت کیا۔

"یہاں سے اسی میل دور ایک اسفنجی بوٹ اینڈروس اینکرا پولس خلیج میں کھڑی ہے۔ اس بوٹ سے چند واٹر پروف پیکٹ لانے ہیں۔ یہ پیکٹ تمہاری بوٹ کے چارہ رکھنے والے گڑھے میں بہ آسانی آ جائیں گے۔" اس آواز نے جواب دیا تھا۔

میں نہیں جانتا تھا کہ ان پیکٹوں میں کیا ہو گا؟ مجھے اس سے پوچھتے ہوئے خوف محسوس ہوا۔ کہیں میں ان پانچ ہزار ڈالروں سے ہاتھ نہ دھو بیٹھوں۔ مجھے اس رقم کی اشد ضرورت تھی۔

وہ آغاز تھا اس کے بعد مجھے ویرا کروز کا سفر کرنے کی ہدایت ملی۔ اس کے بعد "پنارڈل ریو" اور پھر "ہوانا" جہاں زو سے میری ملاقات ہوئی۔ اس کے بعد یہ سلسلہ چل نکلا اور میں اس دلدل میں پھنستا چلا گیا۔ مجھے جس شخص سے ملنے کی ہدایت کی جاتی اس سے ملتا اور اس سے جو چیز حاصل کرنے کا حکم ہوتا وہ چیز لا کر ہدایت کے بموجب مختلف جگہوں پر پہنچا دیتا لیکن میں نے خود کو ایک بات کا پابند کر لیا تھا اور وہ یہ کہ میں دوسرے ملکوں سے آدمیوں کو اسمگل نہیں کروں گا۔ ایک دفعہ انکار کرنے کے بعد سینیور سیپو نے مجھے دوبارہ اس بات پر مجبور نہیں کیا تھا۔ کوسٹ گارڈ کے سارے جوان مجھ سے اچھی طرح واقف تھے۔ ان کا بوڑھا آفیسر میرے باپ کا شناسا تھا۔ لہٰذا مجھے کسی نے نہیں روکا لیکن ایک روز انہیں شک ہو گیا اور انہوں نے میری بوٹ روک کر اس کی تلاشی لی۔ مچھلیوں کے چارے والا گڑھا ان پیکٹوں سے بھرا ہوا تھا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

اوران پیکٹوں میں چالیس بیش قیمت فرانسیسی گھڑیاں اور فرانسیسی خوشبویات کی شیشیاں موجود تھیں جن کی کوئی ڈیوٹی ادا نہیں کی گئی تھی۔ میں گرفتار کرلیا گیا اور مجھ پر اسمگلنگ کے الزام میں مقدمہ چلا کر جیل میں ڈال دیا گیا۔ اس دوران سینیور سیپو کسی موقعے پر بھی سامنے نہیں آیا تھا۔ میں نے اب تک فون پر محض اس کی آواز سنی تھی میرا معاوضہ ڈاک کے ذریعے ارسال کر دیا جاتا تھا۔ جب قانون نے مجھ پر ہاتھ ڈالا تو بھی اس نے خود کو ظاہر نہیں کیا۔ لہٰذا جب مقدمے کے دوران وکیلِ استغاثہ نے مجھ سے دریافت کیا تھا کہ میں کس کے لیے یہ کام کر رہا تھا تو میں جواب میں سینیور سیپو کا نام لینے کے علاوہ انہیں کچھ نہ بتا سکا تھا۔

اور اب زوئی قتل کردی گئی تھی اور میں اس میں ملوث ہو گیا تھا لیکن جب سینیور سیپو اس موقعے پر سامنے نہیں آیا تھا تو اس موقعے پر کیوں آتا؟ آسمان پر چمکتے ستاروں کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے ہوئے میرے کانوں میں اس پیاری سی لڑکی کے الفاظ گونج رہے تھے۔ ”غلط خطوط پر سوچنے کی کوشش مت کرو۔ کسی نے بھی تمہیں پھنسانے کی کوشش نہیں کی تھی۔ مقدمے کی سماعت کے دوران باس خود کو ظاہر نہیں کرسکتا تھا کیونکہ اس صورت میں حالات مزید بگڑ جاتے۔“ زوئی اس بات میں وزن تھا۔ سینیور سیپو نے میرا کچھ نہیں بگاڑا تھا بلکہ وہ تو ہر ماہ ایک ہزار ڈالر میرے اکاؤنٹ میں جمع کرتا رہا تھا اور اب میرا بینک بیلنس چھتیس ہزار ڈالر تھا۔ اس کے علاوہ زوئی مجھے اس کی ہدایت پر ہوانا لے جارہی تھی جہاں ایک شاندار مستقبل باہیں پھیلائے میرا منتظر تھا۔ سینیور سیپو نے یہ سب کچھ میری بہتری ہی کے لیے سوچا تھا۔ میں اسے مورد الزام نہیں ٹھہرا سکتا۔ یہ میرا اس مقتولہ کا اور اس کے قاتل کا ذاتی معاملہ تھا۔

رات سرد تھی میں نے کوٹ پہن کر سگریٹ سلگایا ہی تھا کہ میری نگاہ چوتھائی میل کے فاصلے پر دو عدد متحرک ہیڈلائٹس پر پڑی۔ کار ہائی وے سے اس ریتلی سڑک پر مڑ گئی جو کیبن کے عقب سے گزرتی تھی۔ میں جلدی سے کھڑکی کے دونوں پٹ کھول کر باہر کود گیا اور جیب میں پڑے ہوئے پستول پر ہاتھ رکھ کر تاریکی میں ایک درخت کے پیچھے چھپ کر انتظار کرنے لگا۔ چند ہی سیکنڈ میں ہیڈلائٹس قریب آکر کیبن کے سامنے رک گئیں۔ یہ نیلے اور سفید رنگ کی مخصوص پولیس کار تھی۔ ان میں سے ایک نے اس میں سے برآمد ہوتے ہوئے خیال آرائی کی۔ ”یہ جگہ اس قدر سنسان ہے مجھے وہ اطلاع غلط معلوم ہوتی ہے۔“

”ممکن ہے۔“ اس کے ساتھی نے تائید کی اور کار کی سرچ لائٹ سے اطراف کا جائزہ لیا۔ میں بمشکل چند انچ سے بچ گیا پھر اس نے ساحل کی جانب روشنی پھینکی۔

”بالکل ویرانی ہے۔“ وہ بولا...... پھر دوسرے ہی لمحے ”خیر جاؤ دروازے پر دستک دے کر ان لوگوں کو جگاؤ اور پوچھو کہ وہ چیخ کس کی تھی؟“ اس نے اپنے ساتھی کو ہدایت کی۔

اس کے ساتھی نے بڑھ کر دروازے پر زور زور سے دستک دی۔ ساتھ ہی بلند آواز میں بولا۔ ”ریاستی پولیس۔“

لیکن اندر سے جواب نہ ملنے پر وہ دروازے پر دباؤ ڈال کر اندر گھس گیا اور فلیش لیمپ کی روشنی میں آگے بڑھتا چلا گیا۔ ایک لمحے کے بعد اس نے سیٹی بجائی۔ ساتھ ہی بیڈروم روشن ہوگیا اور اس نے چیخ کر اپنے ساتھی کو متوجہ کیا۔ ”تم یہاں آؤ۔ اس مچھیرے نے غلط اطلاع نہیں دی تھی۔ چیخنے والی مردہ پڑی ہے۔“

اس کے اس جملے نے وضاحت کردی کہ قاتل نے لاش کے دریافت کرلیے جانے کا انتظار کیا تھا لیکن جب ایسا نہیں ہوا تو اس نے فون پر ریاستی پولیس کو مطلع کردیا تھا۔ وہ یقیناً مجھے پھانسنا چاہتا تھا اور اس کی یہ خواہش تھی کہ میں اگر ہوش میں آبھی گیا تو زیادہ دور نہ جاسکوں۔ مجھے توقع تھی کہ دوسرا پولیس والا اندر جاتے وقت اپنی کار کی چابی اگنیشن میں چھوڑ جائے گا لیکن اس نے یہ غلطی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

نہیں کی۔ ڈرائیونگ سیٹ سے اترتے ہوئے اس نے چابی اپنے بیلٹ میں اڑس لی اور ریوالور نکال کر کیبن کے اندر چلا گیا۔

میں بہ آہستگی جیپ کی جانب بڑھا۔ اب سے چند لمحے پیشتر میں خود ریاستی پولیس کو فون کر کے اس واقعے سے آگاہ کرنا چاہتا تھا لیکن اب میں ان سے دور بھاگ رہا تھا کیونکہ میں ریفورڈ واپس نہیں جانا چاہتا تھا' یا مرنا نہیں چاہتا تھا۔ کم از کم بیتھ سے ملے بغیر میں ایسا نہیں چاہ سکتا تھا۔ جیپ کی چابی اگنیشن میں بدستور موجود تھی۔ میں اس کی آڑ میں پولیس کار کی طرف بڑھا اور بے حد خاموشی سے اس کا ہڈ اٹھا کر اس کے اندر موجود تاروں کا گچھا کھینچ دیا پھر اتنی ہی خاموشی سے اپنی جیپ میں سوار ہو کر جیپ اسٹارٹ کر دی۔ انجن سناٹے میں غرایا اور اس کی غراہٹ میں میں نے کسی کی چیخ سنی۔ "یہ کون ہے؟"

میں نے جیپ کو بے حد تیزی سے یوٹرن دیا اور اپنے پیچھے گرد و غبار کا طوفان اٹھا کر ایکسیلیٹر پر پیر کا دباؤ بڑھاتا چلا گیا۔ جیپ بری طرح اچھل رہی تھی اور پولیس کے دونوں سپاہی چیختے ہوئے اس کے پیچھے بھاگ رہے تھے۔ میں نے ان کی کار کو عارضی طور پر ناکارہ کر دیا تھا اور اس طرح مجھے پانچ یا دس منٹ کی مہلت مل گئی تھی۔ اب میری جیپ ہائی وے پر آندھی کی رفتار سے بھاگتی چلی جا رہی تھی لیکن میں جانتا تھا کہ چند ہی منٹ میں ساری سڑکیں بلاک کر دی جائیں گی اور ان اطراف کے سارے قصبوں کی پولیس ہر طرح سے چوکنا ہو جائے گی۔

اس لمحے قصبے کے واحد پیٹرول پمپ سے ایک پرانی سی کار روانہ ہوئی جس پر آئیووا کی نمبر پلیٹ لگی ہوئی تھی۔ کار کا حلیہ بتا رہا تھا کہ اس کا مالک سیاح ہے۔ میں ڈرائیو کرتا ہوا قصبے کے دوسرے سرے پر واقع دریا کے پل تک پہنچ گیا اور پل کے عین وسط میں جیپ روک کر اتر گیا۔ پل کے جنگلے میں ایک جگہ خلا تھا۔ میں نے جیپ کو دھکا دے کر اس خلا کے ذریعے نیچے لڑھکا دیا۔ ایک لمحے کے بعد زبردست چھپاکا ہوا۔ میرے پیچھے آنے والے سیاح نے قریب پہنچ کر اپنی کار روک دی اور کھڑکی سے سر باہر نکال کر مجھ سے پوچھا۔ "کیا ہوا؟ کیا تمہاری کار بے قابو ہو گئی تھی؟"

"نہیں۔" میں نے جواب دیا۔ "میں نے خود اسے دھکا دے دیا ہے۔" یہ کہتا ہوا میں اس کی کار کا دروازہ کھول کر اندر بیٹھ گیا پھر اسے بند کر کے پستول کی نال اس کی پسلی سے لگا دی۔ "سنو۔" میں نے کہا۔ "جہاں یہ سڑک یو ایس 19 سے ملتی ہے اس جگہ ناکہ بندی ہو گی لیکن مجھے اس ناکہ بندی سے پہلے وہاں سے گزر جانا ہے۔ تمہاری کھٹارہ کی انتہائی رفتار کیا ہے؟"

اس نے دزدیدہ نظروں سے پستول کی جانب دیکھ کر تھوک نگلا۔ "نن..... نوے میل فی گھنٹہ۔"

"بس پھر اسی رفتار سے ہانکو۔" میں نے کہا اور کار روانہ ہو گئی۔

.....☆☆☆.....

ہو سکتا ہے پولیس نے اندازہ لگا لیا ہو کہ میں فرار ہو کر پالسیٹو سٹی ہی پہنچوں گا۔ لہٰذا میں نے ادھر کا رخ نہیں کیا بلکہ مختلف مقامات پر سواریاں بدل بدل کر ٹمپا پہنچ گیا اور دن کا بیشتر وقت ملبوسات خریدنے میں گزار دیا پھر نیا لباس اور نیا اسپورٹس کوٹ پہننے کے بعد میں کسی فشنگ بوٹ کے کپتان کے بجائے جنوبی علاقے کا سیاح نظر آنے لگا لیکن ٹمپا کے اخبارات چیخ چیخ کر میرا راز افشا کر رہے تھے۔ شام کے اخبار کی سرخی یہ تھی۔

"سابق قیدی نے اپنی محبوبہ کو ہلاک کر دیا۔" اس کی کہانی وہی تھی جس کی مجھے توقع تھی۔ اخبار کے مطابق میں نے اسے ہلاک کر دیا۔ اخبار نے یہ بھی رپورٹ دی تھی کہ مجھے مختلف مقامات پر دیکھا گیا ہے۔ یہ رپورٹ بالکل درست تھی۔ شاید قانون ابھی اس معاملے کی چھان بین کر رہا تھا پھر جوں ہی وہ کسی فیصلے پر پہنچ جائے گا۔ میرے گرد جال تنگ ہونا شروع ہو جائے گا۔ بیتھ پالسیٹو سٹی میں ہے ممکن ہے پولیس اس مکان پر چھاپہ مارے جس میں وہ سکونت پذیر ہے۔ میں ٹمپا سے بذریعہ طیارہ

SCANNED BY DIGESTPK

پامیوسٹی پہنچ گیا لیکن ہوائی مستقر سے بذریعہ ٹیکسی اس پتے پر پہنچنے کی ہمت نہیں ہوئی جو اس نے اپنے خط میں درج کیا تھا۔ میں اسی شہر میں پیدا ہوا تھا اور شروع سے یہیں مقیم تھا۔ سارے ٹیکسی ڈرائیورز مجھے پہچانتے تھے اور میں بھی انہیں پہچانتا تھا۔ صرف یہی نہیں بلکہ میں قانون کے محافظوں کو بھی پہچانتا تھا۔ میرا ایک ہم جماعت کیپن اس وقت محکمہ سراغ رسانی کا لیفٹیننٹ انچارج تھا۔ میں ہوائی مستقر سے جتنی تیزی سے نکل سکتا تھا نکل کر مضافاتی بندرگاہ جانے والی سڑک پر گامزن ہوگیا جہاں دن اور رات میں کوئی فرق نہیں تھا۔ وہاں پہنچا تو تاریکی پھیل چکی تھی۔ میں جلد از جلد بیتھ کے پاس پہنچنا چاہتا تھا تاکہ اسے تمام واقعات سے آگاہ کرسکوں پھر اپنے ایک دو ہم پیشہ لڑکوں سے ملنا چاہتا تھا جو میرے ہمدرد تھے۔ اس کے بعد میں سینیور سپیو سے رابطہ قائم کرنا چاہتا تھا تاکہ اس سے آئندہ اقدام کے بارے میں دریافت کرسکوں۔ اگر اس نے مجھے دوبارہ اپنے گروہ میں شامل کرنے سے انکار کردیا تو ہوانا بینک میں پڑے ہوئے چھتیس ہزار ڈالر سے میں بہت کچھ کرسکوں گا۔

آسمان پر چاند چمکنے لگا تھا اور سمندر چڑھ آیا تھا۔ رات کے ایک بجے میں نے اپنی جگہ سے حرکت کی۔ بیتھ کی جائے قیام وہاں سے ایک میل سے بھی کم فاصلے پر واقع تھی۔ میں جلد ہی پہنچ گیا۔ یہ ایک چھوٹا سا کاٹیج تھا اور اس اسٹور سے زیادہ دور نہیں تھا جہاں وہ ملازمت کرتی تھی۔ کاٹیج کی حالت خستہ تھی۔ شرم و احساس ندامت سے میرے کوٹ کے کالر میں گویا آگ لگ گئی اور گردن جھلسنے لگی۔ اسے ایسے خستہ حال کاٹیج میں نہیں رہنا چاہیے تھا۔ وہ یقیناً خلیج کے اس پار میرے مکان میں رہ سکتی تھی لیکن وہاں رہ کر ملازمت کی غرض سے روزانہ یہاں آنا امر محال تھا۔ شاید اس مکان میں اب سانپ بچھو اور دیگر حشرات الارض نے ڈیرے ڈال دیے ہوں گے۔ کاٹیج کے باہر کوئی پولیس کار نظر نہیں آئی۔ میں اس کی سیڑھیاں چڑھ کر دروازے پر پہنچ گیا اور دستک دی۔

''کون؟'' فوراً ہی اس کی آواز آئی۔ شاید وہ جاگ رہی تھی یا پھر اونگھ رہی تھی۔ میں نے ایک گہری سانس لی۔

''چارلی۔''

جواب میں سناٹا چھا گیا پھر سینڈل کی کھٹ کھٹ کی آواز دروازے سے قریب ہوگئی پھر ایک کھٹاکے سے دروازہ کھلا اور وہ چاندنی میں نہا گئی۔ میں بھول بیٹھا تھا کہ وہ اس قدر حسین ہے۔ اس کے رخسار آنسوؤں سے تر تھے اور چاندنی میں چمک رہے تھے۔ اس کی آنکھوں کے گرد حلقے پڑ گئے تھے لیکن ان کے باوجود وہ بے پناہ حسین لگ رہی تھی اور مجھے یاد آگیا کہ کبھی اس نے مجھے چاہا تھا لیکن میں زو کے چکر میں پڑ کر اس سے لاتعلق ہوگیا تھا۔ اس وقت وہ حسن سوگواری کی مکمل تصویر نظر آرہی تھی۔

''تمہیں یہاں نہیں آنا چاہیے تھا چارلی۔'' اس کے احمریں لبوں کو جنبش ہوئی۔ ''آپ سے دو گھنٹے پہلے پولیس یہاں آئی تھی اور میں نے کیپن سے وعدہ کیا ہے کہ تمہارے یہاں آتے ہی میں اسے تمہاری آمد سے مطلع کردوں گی۔''

''تو تم سب کچھ جان گئیں؟'' میں نے دھڑکتے دل سے پوچھا۔

''ہاں۔'' اس نے اپنی پیشانی سے زلفوں کی ایک لٹ ہٹاتے ہوئے کہا۔ ''میں جانتی ہوں اخبارات میں تفصیل شائع ہوئی ہے۔''

''لیکن بیتھ! میں نے کچھ نہیں کیا ہے۔ میں نے اسے قتل نہیں کیا ہے۔ میں نے تمہارا لفافہ اس کیبن میں پہنچنے سے پہلے نہیں کھولا تھا اور میں اس کے مضمون سے آگاہ نہیں تھا لیکن کیبن میں اسے پڑھتے ہی میں نے زو کو بتایا کہ میں اپنی بیوی کے پاس پامیوسٹی جارہا ہوں اور اور اسی وقت وہ ہوگیا...... کسی نے عقب سے میرے سر پر شدید ضرب لگا کر مجھے بے ہوش کردیا اور ساتھ ہی زو کو بھی ہلاک کردیا۔'' میں ایک ہی سانس میں بولتا چلا گیا۔

''اور اب تم مجھ سے اس کہانی پر یقین کرنے کی توقع

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

رکھتے ہو؟"

"بیتھ!" میرا دل ڈوبنے لگا۔ "کیا میں نے کبھی تم سے جھوٹ بولا ہے؟"

وہ ایک لمحے کے لیے سوچ میں ڈوب گئی۔ "نہیں۔" دوسرے ہی لمحے اس نے سوچ سے ابھر کر کہا۔ "یہ واحد کام ہے جو تم نے نہیں کیا...... آؤ...... اس سے پہلے کہ پڑوسیوں میں سے کوئی تمہیں دیکھ لے اندر آ جاؤ۔"

کمرے میں پہنچ کر میں نے اسے بانہوں میں بھرنا چاہا لیکن وہ جلدی سے پیچھے ہٹ گئی۔ "نہیں مجھے سوچنے کے لیے وقت درکار ہے۔ اب تم کیا کرنے کا ارادہ رکھتے ہو؟" اس نے پوچھا۔ میں نے اسے اپنے ارادے سے آگاہ کیا۔ میری بات سن کر وہ بولی۔ "گویا اگر قانون کی نظروں سے بچ کر تم ملک سے باہر جانے میں کامیاب ہو گئے تو وہی دھندہ دوبارہ شروع کرو گے۔ یعنی پھر سینیو سیو کے لیے کام کرو گے......؟"

"اس کے علاوہ میں کیا کر سکتا ہوں؟"

"انسان بنو۔" وہ بولی۔ "اگر تم نے اس لڑکی کو قتل نہیں کیا ہے تو کسی نہ کسی طریقے سے ہم یہ ثابت کر سکتے ہیں۔"

"کیسے......؟"

"یہ میں نہیں جانتی۔" اس نے نفی میں سر ہلایا۔ "لیکن کوئی نہ کوئی صورت ضرور نکل سکتی ہے۔" اس نے عام عورتوں کی طرح ضد کی۔ "ممکن ہے میرے باس مسٹر کالفنٹن اس سلسلے میں ہماری مدد کر سکیں۔"

مسٹر کالفنٹن اس اسٹور کا مالک تھا جہاں وہ کام کرتی تھی۔ میں نے اس شخص کو کبھی پسند نہیں کیا تھا۔ پستہ قامت کالفنٹن بیس سال قبل اس شہر میں آیا تھا اور دیکھتے ہی دیکھتے یہاں کی تجارت پر چھا گیا تھا۔ اس کا اسٹور شہر کا سب سے بڑا اسٹور تھا۔ اگر کوئی تاجر اسے نیچا دکھانے کے لیے کوئی شے دو سینٹ کم قیمت پر فروخت کرتا تھا تو وہ اسے نیچا دکھانے کے لیے وہی شے پانچ سینٹ کم قیمت پر فروخت کر دیا کرتا تھا۔ لہٰذا شہر کے باسی اس کے اسٹور سے سودا خریدنے کو ترجیح دیتے تھے۔ اس نے ابتدا ایک بہت ہی چھوٹی دکان سے کی تھی لیکن اب اس کا اسٹور ایک وسیع و عریض چار منزلہ عمارت پر مشتمل تھا جہاں سوئی سے لے کر ہاتھی تک ہر شے دستیاب تھی اور اگر کوئی شے کالفنٹن کے اسٹور میں نہیں ہے تو گویا پورے شہر میں نہیں ہے۔

"وہ ہماری مدد کیوں کرنے لگا؟" میں نے بیتھ سے دریافت کیا۔

"وہ مجھ سے محبت کرتا ہے۔" بیتھ نے صاف گوئی سے کام لیا۔ "اس نے مجھے شادی کی پیش کش کی ہے اور اس پرانے مکان کو خریدنے کی بھی پیش کش کی ہے تاکہ میرے ہاتھ کچھ پیسے آ جائیں اور مجھے ملازمت نہ کرنی پڑے لیکن یہ اس صورت میں ممکن ہے جب میں تمہیں طلاق دینے یا نہ دینے کا فیصلہ کر لوں۔"

"اوہ۔ اچھا!" میرے منہ سے بمشکل نکلا۔

"تمہیں میری بات یقیناً بری لگی ہو گی۔" وہ بولی۔

میں خاموشی سے بستر پر بیٹھ گیا اور اپنا سر دونوں ہاتھوں سے تھام لیا۔ "ٹھیک ہے بنی۔ مجھے تم سے کوئی شکایت نہیں ہے بلکہ افسوس ہے کہ میں نے تمہاری زندگی خراب کر دی۔"

وہ میرے پاس آ بیٹھی۔ "ایسا مت کہو۔" اس نے کہا اور اپنا سر میرے شانے پر رکھ دیا۔ "حالات سنور جائیں گے جانم...... میں یہ تو نہیں جانتی کہ کیسے لیکن یقین ہے کہ ہم اسے سنوار لیں گے۔" اس کے لہجے میں گہرا اعتماد تھا۔ عین اسی لمحے ایک کار باہر رکی اور سیڑھیوں پر بھاری قدموں کی آہٹ پیدا ہوئی پھر دوسرے ہی لمحے دروازے پر دستک ہوئی۔ بیتھ اٹھ کھڑی ہوئی۔ "ہاں کون ہے؟"

"بیتھ...... میں کین ہوں۔" کین کی آواز آئی۔ "تمہارے آرام میں مخل ہونے پر معذرت چاہتا ہوں لیکن میں نے سوچا تمہیں اس بات سے آگاہ کر دوں کہ چارلی کو قصبا کی ایک ملبوسات کی دکان سے لباس خریدتے ہوئے دیکھا گیا اور ہم نے پامیلو سٹی کی تمام سڑکوں کی ناکہ بندی کر دی ہے۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"اوہ۔" بیتھ کے منہ سے نکلا۔

"میری خواہش ہے کہ وہ ادھر کا رخ نہ کرے۔" کین کی آواز تھکی تھکی سی تھی۔ "خدا جانتا ہے میں اسے نقصان پہنچانا نہیں چاہتا۔ وہ میرا بچپن کا دوست ہے لیکن تم ہی بتاؤ کہ میں کیا کروں؟"

"کین! ہوسکتا ہے کہ وہ قتل اس نے نہ کیا ہو؟"

"ہاں۔ ہوسکتا ہے۔" کین کا لہجہ تشکیک آمیز تھا۔ "خیر میں نے تمہیں آگاہ کردینا بہتر سمجھا۔ تمپا یہاں سے صرف ساٹھ میل کے فاصلے پر ہے۔ کیا میں یہاں کوئی محافظ بھیج دوں؟"

بیتھ کی انگلیاں میرے بازو میں دھنس گئیں۔ "نہیں کین میرے خیال میں یہ ضروری نہیں ہے۔ اگر وہ یہاں آیا بھی تو مجھے نقصان نہیں پہنچائے گا۔"

"ہاں۔" اس نے اتفاق کیا۔ "اچھا پھر ٹھیک ہے میں اس طرح اپنے ہر آدمی کو سڑکوں کی ناکہ بندی کے لیے استعمال کرسکوں گا لیکن وہ اگر کسی طرح سب کی نظروں سے بچ کر یہاں پہنچنے میں کامیاب ہوگیا تو فوراً مجھے مطلع کرنا۔" اتنا کہہ کر وہ مڑ گیا۔ ہم زینے پر اس کے قدموں کی دور ہوتی ہوئی آواز سنتے رہے۔ تھوڑی ہی دیر بعد کار اسٹارٹ ہونے کی آواز آئی اور رات کی خاموش فضا کو چیرتی ہوئی دور نکل گئی۔ میں اپنے رخسار پر بہتے ہوئے پسینے کو محسوس کرسکتا تھا۔ پولیس کے جوانوں نے میرے گرد جال پھیلا دیا تھا۔

بیتھ دوبارہ بستر پر بیٹھ گئی۔ "یہاں کوئی نہیں آتا۔" میں یہ مشورہ دینے والی تھی کہ مسٹر کالفش سے میرے مشورہ کرنے تک یہیں قیام کرو لیکن اب معاملہ بگڑ گیا ہے۔ تمہارا یہاں ٹھہرنا خطرے سے خالی نہیں ہے۔ جب وہ لوگ تمہیں سڑکوں پر نہیں پائیں گے تو سمجھ جائیں گے کہ تم ناکہ بندی سے پہلے ہی یہاں آچکے ہو اور پھر وہ اس مکان پر چھاپہ ماریں گے۔ اب تمہارے چھپنے کی ایک ہی جگہ رہ گئی ہے۔"

"کہاں؟" میں نے اس سے دریافت کیا۔

"پرانے مکان میں۔" اس نے جواب دیا۔ "تم اپنے مکان کو اور اس جزیرے کو کسی بھی شخص سے بہتر جانتے ہو۔ اگر تم نہ چاہو تو کوئی بھی تمہیں وہاں سے ڈھونڈ کر نکال نہیں سکتا۔ اب مجھے قید سے رہائی کے بعد سے اب تک کی تفصیل بتاؤ......؟"

میں نے اسے ایک ایک لمحے کی تفصیل سے آگاہ کیا لیکن کالفش کو اس معاملے میں گھسیٹا جانا مجھے اب بھی گوارہ نہ تھا۔ لہٰذا میں نے بیتھ پر اس کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ "تم کہتی ہو کہ وہ تمہاری محبت میں گرفتار ہے اور چاہتا ہے کہ تم مجھے طلاق دے کر اس سے شادی کرلو تو اس صورت میں جب اسے اس شہر میں میری موجودگی کا علم ہوگا تو وہ کس قسم کے ردعمل کا اظہار کرے گا؟ وہ یہ معلوم ہوتے ہی ایک لفظ کہے بغیر فون کی طرف ہاتھ بڑھائے گا اور پولیس کو طلب کرے گا۔ وہ ایک تاجر ہے اور تاجرانہ ذہنیت رکھتا ہے۔ یہ سودا اس کے لیے بے حد سستا رہے گا۔ مجھے قتل کے جرم میں برقی کرسی نصیب ہوگی اور وہ بڑے آرام سے تمہیں حاصل کرلے گا۔ اس سے اچھی بات اور کیا ہوسکتی ہے؟"

"تم اس کے ساتھ انصاف نہیں کررہے ہو؟" بیتھ نے جواب دیا۔ "وہ واقعی ایک بہت عمدہ اور معزز انسان ہے۔" وہ اپنے گھنگھریالے بالوں سے کھیلنے لگی پھر بولی۔ "اس کے علاوہ میں اس پر یہ ظاہر نہیں کروں گی کہ تم شہر میں موجود ہو ٹھیک ہے......؟"

میں نے اثبات میں سر ہلایا اور وہ دوبارہ گویا ہوئی۔ "میں اس کے سامنے صرف یہ خیال آرائی کروں گی کہ میں نہیں سمجھتی کہ تم نے اس لڑکی کو ہلاک کیا ہے۔ لہٰذا مجھے مشورہ دو کہ اس کی بے گناہی ثابت کرنے کے لیے کسی پرائیوٹ سراغ رساں کی خدمات حاصل کرنا کیسا رہے گا؟"

مجھے بیتھ کی یہ بات نامناسب نہیں لگی۔ وہ ایک شریف انسان تھا اور جزیرے کے بارے میں بھی بیتھ کا خیال صحیح تھا۔ میں وہاں غیر معینہ مدت تک پوشیدہ رہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

سکتا تھا۔

"ٹھیک ہے۔" میں نے تائید کی۔ "لیکن تم مجھ سے کس طرح رابطہ قائم کرو گی؟"

"تم اس کی فکر مت کرو۔ کوئی نہ کوئی ایسی راہ نکال لوں گی کہ کین کو شک نہ ہو۔ آخر وہ ہمارا گھر ہے۔ مجھے وہاں آنے جانے سے کون روک سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے میں اس کی مرمت کرانا چاہ رہی ہوں تاکہ فروخت کر سکوں۔" اس نے جواب دیا۔

"تم پچھلی بار وہاں کب گئی تھیں؟" میں نے دریافت کیا۔

"تمہاری اسیری کے فوراً بعد سے اب تک نہیں گئی۔" اس نے جواب دیا۔ "تمہاری عدم موجودگی میں وہ میری عدم توجہی کا شکار ہو کر رہ گیا لیکن اب تمہارے اس چکر سے نکلنے کے بعد ہم از سر نو اس میں رہائش اختیار کریں گے۔"

میں اٹھ کھڑا ہوا۔ بیتھ مجھے رخصت کرنے دروازے تک آئی اور مجھ سے مخاطب ہوئی۔ "چارلی! میں تم سے محبت کرتی ہوں۔"

"میں بھی تم سے محبت کرتا ہوں بیتھ۔" میں نے یقین دلایا۔ اب میں خود کو پہلے کی بہ نسبت بہتر محسوس کر رہا تھا لیکن میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کوئی مجھے کس طرح بے گناہ ثابت کر سکتا ہے؟ میں وہاں یہ کہنا چاہتا تھا۔ بیتھ کی بھی یہی خواہش تھی لیکن کین احمق نہیں تھا۔ میں اسے سڑکوں پر کہیں نظر نہیں آیا لہٰذا یہی اغلب تھا کہ اس بار وہ یقیناً یہاں چھاپہ مارے گا اور بیتھ کو اس سے آگاہ بھی نہیں کرے گا۔

"میں جلد ہی تمہیں کوئی خوشخبری سناؤں گی ڈارلنگ۔" وہ محبت آمیز لہجے میں بولی۔

میں اسے خدا حافظ کہہ کر دبے پاؤں سیڑھیاں اتر کر چاندنی رات میں قریب ترین سڑک کی جانب روانہ ہو گیا۔ ابھی میں بمشکل بیس گز دور گیا تھا کہ کھجور کے درخت کے پیچھے سے ایک لمبا تڑنگا شخص نمودار ہوا۔

"اے۔" اس نے مجھے آواز دی۔ "تمہارا کیا نام ہے اور تم رات کے دو بجے ان اطراف میں کیا کر رہے ہو؟"

میرا دماغ بھک سے اڑ گیا۔ سب سے پہلا خیال جو آیا وہ یہ تھا کہ کین نے یہاں اپنا محافظ متعین کر دیا تھا۔ میرا ذہن تیزی سے سوچنے لگا۔ میں نے اسے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ وہ یقیناً محکمہ سراغ رسانی کا کوئی نیا ایجنٹ تھا۔ اگر اس نے مجھے گرفتار کر لیا تو اس کا واضح مطلب موت تھا۔ آلۂ قتل اس وقت بھی میری جیب میں پڑا ہوا تھا۔ وہ کوئی سوال کیے بغیر مجھے برقی کرسی پر بٹھا دیں گے۔ میرے پاس ایک ہی راہ تھی۔ یعنی اسے فریب دے کر بھاگ نکلوں......

"کیوں---؟ میرا نام آئسن ہے۔" میں نے جھوٹ کا سہارا لیا۔ "میں اس مکان میں رہتا ہوں۔" میں نے اس کی توجہ ہٹانے کے لیے ایک مکان کی جانب اشارہ کیا۔ "میں ایک کام سے شہر جا رہا ہوں۔"

"اوہ۔ اچھا۔" اس نے جواب دیا اور اسی لمحے چاندنی میں اس کے ہاتھ میں موجود کوئی شے چمک اٹھی۔ پہلی نظر میں میں نے سمجھا کہ وہ مجھ پر ریوالور تاننا چاہتا ہے لیکن دوسرے ہی لمحے اس نے بازو پیچھے کر کے ایک قوس بنائی اور تب میں سمجھ گیا کہ اس کے ہاتھ میں کون سی شے ہے۔ میں اس کے بازو لہرانے سے پہلے ہی دو قدم پیچھے ہٹ گیا تھا اور ساتھ ہی اپنا پیٹ بھی پچکا لیا تھا پھر اس سے قبل کہ وہ سنبھلتا میرے وزنی ہاتھ کا آہنی مکا پوری قوت سے اس کے جبڑے پر پڑا۔ وہ اچھل کر دور جا گرا اور وہیں ساکت ہو گیا۔ وہ بے ہوش ہو چکا تھا۔ میں نے ماچس کی تیلی جلا کر اس کی روشنی میں اس کے چہرے کا قریبی جائزہ لیا لیکن یہ ایک نامانوس چہرہ تھا۔ میں اسے پہچاننے سے قاصر رہا۔ تاہم وہ جو کوئی بھی تھا پولیس آفیسر نہیں تھا اور اگر تھا تو یہ پہلا پولیس آفیسر تھا جس کے پاس میں نے چھ انچ کا چاقو دیکھا تھا۔ اسی لمحے قریبی مکان کی دوسری منزل کی کھڑکی کھلی اور کسی بوڑھی خاتون نے جھانک کر گھبرائے ہوئے لہجے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

میں کہا۔ ''کون ہے؟ یہاں کیا ہو رہا ہے؟''

میں نے جواب دینا مناسب نہیں سمجھا اور خاموشی سے تیز تیز قدم اٹھاتا چل دیا۔ بوڑھی خاتون نے بڑبڑا کر کھڑکی بند کر لی تھی۔

☆☆☆......

دریا کا پانی کوئی گرم تھا لیکن ہوا سرد تھی۔ دریا اتر رہا تھا۔ میں نے تین سال سے تیراکی نہیں کی تھی جب میں عین وسط میں پہنچا تو میرا ایک جوتا اس تختے سے پانی میں گر گیا جس پر میں نے اپنا لباس اور جوتا رکھا تھا اور تیرنے کے ساتھ ساتھ اسے دھکیلتا بھی جا رہا تھا حالانکہ میں کوئی کشتی بھی چرا کر دریا عبور کر سکتا تھا لیکن یہ خطرے کو دعوت دینے کے مترادف ہوتا۔ اس چاقو بردار کے خیال نے مجھے پریشان کر رکھا تھا۔ وہ کون تھا اور اس نے یہ کیسے جانا تھا کہ میں بیتھ کے کاٹیج سے نکلوں گا؟ اس نے مجھے ہلاک کرنے کی کوشش کیوں کی تھی؟ کیا یہ وہ شخص نہیں تھا جس نے زوکو ہلاک کیا تھا؟ اس کا مجھے یقین تھا کیونکہ اس کی آواز اس آواز سے مختلف تھی جس نے پوچھا تھا۔ ''تم اسے لے آئیں؟'' نہ ہی یہ وہ شخص تھا جس نے مجھے ضرب لگائی تھی۔ یہ شخص قوی ہیکل تھا۔ اگر اس نے ضرب لگائی ہوتی تو میں موقع پر ہی ہلاک ہو جاتا۔

میں تیرتا ہوا ساحل پر پہنچ گیا اور لباس پہن لیا۔ اب میں محفوظ تھا۔ یہ میرا جزیرہ تھا۔ میرا پرانا جال اب بھی رسی پر لٹک رہا تھا اور میری کشتی آدھی ریت میں دھنسی ہوئی تھی۔ میرا مکان یہاں سے زیادہ فاصلے پر نہیں تھا۔ میں مکان کی طرف چل دیا۔ میرے پیر ننگے تھے لیکن مجھے امید تھی کہ میرے پیر کسی سانپ پر نہیں پڑیں گے۔ میں جنگل جھاڑیوں میں راستہ بناتا ہوا اپنی راہ پر گامزن تھا۔ مجھے بے حد محتاط رہنا تھا کیونکہ قیاس تھا کہ کہیں اس مکان پر بھی چھاپہ مارے گا پھر میرے ذہن کی باگ بیتھ کی جانب مڑ گئی اور اس کے حوالے سے مجھے یاد آ گیا کہ ہم دونوں کو خوراک کا خیال نہیں آیا تھا لیکن اب کیا ہو سکتا تھا؟ مجھے بھوکا رہنا تھا۔ ہاں ایک صورت ممکن تھی۔ وہ یہ کہ میں مچھلیوں اور خرگوشوں کا شکار کر کے اپنا پیٹ بھر سکتا تھا۔ میں اپنے مکان پر پہنچ گیا تھا۔ مکان کی حالت انتہائی ابتر ہو رہی تھی۔ یہ تین سال سے ویران پڑا تھا۔ ہر شے پر منوں گرد پڑی تھی اور جا بجا مکڑیوں نے جالے بن دیے تھے۔ کیا عجب کہ چمگادڑوں نے بھی بسیرا کر رکھا ہو۔ مکان کی کھڑکیاں بند تھیں۔ مجھے یہ سوچ کر حیرت ہونے لگی کہ کلفٹن نے اس مکان کو خریدنے کی پیش کش کیوں کی تھی؟ میں دروازہ کھول کر مکان میں داخل ہو گیا۔ سامنے والے وسیع و عریض کمرے میں سیلن کی بو رچی ہوئی تھی۔ میں نے ماچس کی تیلی جلائی اور اس کی روشنی میں ایک کیروسین لیمپ ڈھونڈ نکالا جس میں تھوڑا سا تیل تھا۔ میں نے اسے جلایا۔ تین سال کی ویرانی کے باوجود یہ گھر مجھے اچھا لگا۔ شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ یہ میرا اپنا گھر تھا۔ کم از کم میں یہاں آزادی کی سانس تو لے سکتا تھا۔ بیتھ کا کلفٹن سے مشورہ کرنا مجھے اب بھی عجیب لگ رہا تھا۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ بیتھ کو کوئی اچھا مشورہ کیوں دینے لگا۔ یہ خود اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف تھا۔ کچن میں خوراک کے چند سربمہر ڈبے موجود تھے۔ خوراک کا مسئلہ حل ہو گیا تھا۔ میں ایک ہاتھ میں لیمپ پکڑے اس کی روشنی میں دوسری منزل پر پہنچ کر اپنی اور بیتھ کی خواب گاہ کے دروازے پر رک گیا۔ اچانک مجھے یوں محسوس ہوا کہ کوئی میری نگرانی کر رہا ہے۔ اس احساس نے میری ریڑھ کی ہڈی میں خوف کی ایک سرد لہر دوڑا دی۔ میں لیمپ کو اونچا کر کے خواب گاہ میں داخل ہو گیا۔ اس کی حالت خاصی ابتر ہو رہی تھی۔ بیتھ نے کبھی پلٹ کر اس کی خبر نہیں لی تھی۔ میں سگریٹ سلگانا چاہتا تھا کہ معاً خیال آیا کہ میرے پاس بمشکل دو تین سگریٹ ہوں گے۔ مجھے سگریٹ کا خیال بھی نہیں آیا تھا۔ میں سگریٹ پینے کا ارادہ ترک کر کے خواب گاہ سے ملحق بالا خانے کی جانب بڑھا اور اس کے وزنی دروازے پر دباؤ ڈال کر بالا خانے میں داخل ہو گیا۔ اچانک ہوا کے تیز جھونکے سے لیمپ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

بجھ گیا۔ میں اس جھونکے کو کوستا ہوا دو قدم آگے بڑھ کر فرش پر بیٹھ گیا اور لیمپ کو دوبارہ جلانے کی خاطر ماچس کی تیلی جلائی اور پھر میں نے دیکھا میں تنہا نہیں تھا۔ کم از کم ایک درجن افراد دیوار گیر نشست پر بیٹھے تھے اور ان کے چہرے ہر تاثر سے عاری تھے۔ ان سب کی نگاہیں مجھ پر مرکوز تھیں۔ میں حیرت سے پھٹی پھٹی نظروں سے انہیں تکنے لگا پھر اچھل کر کھڑا ہو گیا۔ ”کیا بات ہے؟“

”کسی نے پھونک مار کر تمہارا لیمپ بجھا دیا تھا۔“ ان میں سے ایک پتلے چہرے والے کے لبوں پر جنبش ہوئی۔ دوسرے نے بڑھ کر لیمپ میرے ہاتھ سے چھین لیا۔ میں نے اس پستول کو ٹٹولا جس سے زدو کو ہلاک کیا گیا تھا لیکن وہ پستول میرے کوٹ میں تھا اور میں کوٹ کچن میں چھوڑ آیا تھا۔ دوسرے ہی لمحے کم از کم ایک درجن گھونسے میرے جسم پر تابڑ توڑ برسنے لگے۔ میں نے بھاگنا چاہا لیکن کسی نے اپنا پیر میرے پیر میں پھنسا دیا۔ میں منہ کے بل گرا اور پھر انہوں نے مجھے گھونسوں پر رکھ لیا۔ مجھے بے ہوش ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔

وہ شاید کوئی خواب تھا۔ میرا جسم بھیگا ہوا تھا...... میں کانپ رہا تھا اور سمندر کی تہہ میں بیٹھتا جا رہا تھا پھر اچانک ہی ذہن میں خطرے کی گھنٹی بجنے لگی اور میرے حواس بیدار ہو گئے۔ یہ کوئی خواب نہیں تھا بلکہ میں حقیقتاً ڈوب رہا تھا۔ میری کمر کے گرد رسی سے کوئی بھاری پتھر بندھا ہوا تھا...... میں اس کے زور پر سمندر کی تہہ میں بیٹھتا جا رہا تھا۔ میں کسی نہ کسی طرح اپنی جیب میں سے چاقو نکالنے میں کامیاب ہو گیا اور اس کی مدد سے رسی کاٹ ڈالی۔ اس بندش سے آزاد ہوتے ہی میں تیزی سے ابھرتا چلا گیا...... اس سے قبل کہ میرے پھیپھڑے پھٹ جاتے میں سطح پر ابھر آیا۔ میں نے منہ کھول کر زور زور سے سانس لی اور دوبارہ غوطہ لگا کر ایک طرف تیرنے لگا اور جب دوبارہ اپنا سر ابھارا تو تقریباً پانچ سو فٹ کے فاصلے پر مجھے کسی کشتی کی گردش کرتی ہوئی روشنی نظر آئی۔ میں پانی کے بستر پر پشت کے بل دراز ہو کر خاموشی سے

خاموشی

خاموش رہنا بھی کبھی کبھی سوال بن جاتا ہے اگر یوں کہا جائے کہ خاموشی ہے ہی سوال تو غلط نہ ہوگا۔ خاموشی جہاں دوسروں کے لیے سوال بن جاتی ہے وہاں آپ کے لیے اس سوال کا جواب جو کوئی دوسرا فرد آپ کو نہیں دے سکتا۔ خاموشی تنہائی میں آپ کو وقت دیتی ہے خود کو جاننے پہچاننے کا۔ جہاں یہ آپ کا تعلق دوسروں سے توڑ دیتی ہے وہیں آپ سے آپ کا تعلق بے حد مضبوط بنا دیتی ہے مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ سب سے اپنا تعلق توڑ لو اور خود میں ہی کھوئے رہو یوں تو ایسا ہوگا کہ آپ ہو یا نہیں کوئی فرق ہی نہیں پڑتا اور کبھی کبھی خاموش رہنا بے وقوفی کہلاتا ہے بولو ضرور پر وہاں جہاں بولنا ضروری ہو۔ آپ کے لیے اور سب کے لیے اس طرح خاموشی سوال نہیں بلکہ جواب کے روپ میں سوال بن جاتی ہے۔

مبشرہ سحر...... عبدالحکیم

تیرتا ہوا ان سے دور ہونے لگا لیکن میری نظریں اس روشنی پر بدستور جمی ہوئی تھیں اور میں پوری طرح چوکنا تھا پھر وہ کشتی ساحل کی جانب روانہ ہو گئی...... اس کی روشنی مجھ سے دور ہوتی چلی گئی اور پھر غائب ہو گئی۔ میں کھلے سمندر میں تنہا رہ گیا۔ کچھ دیر کے بعد میں نے سر ابھار کر ساحل کی جانب دیکھا...... وہاں کوئی روشنی نظر نہیں آ رہی تھی۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ میں ساحل سے کافی دور تھا۔ میں دوبارہ پشت کے بل لیٹ کر تیرنے لگا۔ یہاں تک کہ میری سانس معمول پر آ گئی۔ میں اسی طرح نہ جانے کتنی دیر تک تیرتا رہا۔ یہاں تک کہ ساحل کی ایک روشنی کسی ستارے کی مانند جگمگاتی ہوئی نظر آنے لگی۔ میں نے اسی جانب تیرنا شروع کر دیا۔ اب میں ساری باتیں جان چکا تھا۔ میں یہ جان چکا تھا کہ زدو کو کس نے قتل کیا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ہے اور یہ کہ وہ مجھے لینے کے لیے کیوں بھیجی گئی تھی اور یہ بھی کہ میرے اکاؤنٹ میں پچیس ہزار ڈالر کیوں جمع کیے گئے تھے۔ میں نہ صرف یہ جان گیا تھا کہ اسے کس نے ہلاک کیا ہے بلکہ یہ بھی سمجھ گیا تھا کہ اسے کیوں ہلاک کیا گیا ہے...... مزید برآں میں یہ بھی جان گیا تھا کہ وہ ایک درجن بدمعاش میرے مکان پر کیوں اور کس طرح بھیجے گئے تھے

آسمان تاریک ہو چلا تھا۔ سارے ستارے نہ جانے کہاں غائب ہو گئے تھے۔ ساحل پر صرف ایک روشنی تاریکی دور کرنے کی کوشش میں مصروف تھی۔ میں ساحل پر پہنچ کر ایک طرف پڑے ہوئے کائی زدہ تختے پر لیٹ گیا اور ستانے کی غرض سے آنکھیں موند لیں۔ تھوڑی دیر کے بعد آنکھیں کھولیں تو سحر طلوع ہو رہی تھی۔ فضا سے اندھیرا دور ہو رہا تھا۔ میں اٹھ کر تیزی سے دوبارہ اپنے مکان کی سمت روانہ ہو گیا۔ مکان حسب معمول سنسان پڑا تھا۔ وہ ایک درجن جرائم پیشہ جنہوں نے مجھے دریا میں ڈبو کر ہلاک کرنا چاہا تھا وہاں نہیں تھے مجھے بھوک ستا رہی تھی لہٰذا میں نے کچن میں جا کر ایک سربند ڈبا کھولا اور جیسے تیسے پیٹ بھر لیا۔ میرا بھیگا ہوا لباس جسم سے چپک گیا تھا۔ مجھے یاد آیا کہ وارڈ روب میں میرے پرانے لباس رکھے ہوئے تھے۔ میں نے وارڈ روب کھولا تو چند جوڑے نظر آئے۔ میں نے جلدی جلدی بھیگا لباس اتار کر خشک لباس پہن لیا اور سگریٹ سلگا کر ایک کرسی پر خاموشی سے بیٹھ گیا۔ مجھے آٹھ بجنے کا انتظار تھا اور یہ وقت کسی نہ کسی طرح کاٹنا تھا۔ خدا خدا کر کے آٹھ بج گئے۔ کلفٹن کا اسٹور صبح آٹھ بجے سے آدھی رات تک کھلا رہتا تھا جب میں وہاں پہنچا تو دس بج رہے تھے لیکن میں نے عام شاہراہ کے بجائے دوسری راہ منتخب کی تھی۔ سگریٹ کے کاؤنٹر پر رکھے ہوئے اخبار کی سرخیاں اب بھی چیخ رہی تھیں۔ ان کے مطابق میں اب تک پولیس کے ہاتھ نہیں آیا تھا۔ میں ان سڑکوں پر بھی نظر نہیں آیا جن کی ناکہ بندی کی گئی تھی نہ ہی پاسیڈینا سٹی میں نظر آیا تھا۔ خبر میں میرا حلیہ بیان کیا گیا تھا۔ ساتھ ہی یہ بھی لکھا گیا تھا کہ میں مسلح ہوں۔ میں نے گہری نیلی قمیص، اسپورٹس کوٹ اور سفید جوتے پہن رکھے ہیں اور سر پر ہیٹ نہیں ہے۔ میں نے خبر پڑھ کر اپنا جائزہ لیا۔ میرے پیروں میں سیاہ رنگ کے پرانے جوتے تھے جو میں نے اپنے مکان سے ڈھونڈ کر پہن لیے تھے۔ میرا اسپورٹس کوٹ اب بھی کچن میں پڑا ہوا تھا اور اس وقت میں نے بادامی رنگ کی قمیص اور بھوری پتلون پہن رکھی تھی۔ میں نے اخبار اٹھا کر تہہ کر لیا اور جیب سے بیس سینٹ نکال کر سگریٹ کاؤنٹر پر موجود لڑکی کو دے دیے۔ ساتھ ہی اسے عام سے لہجے میں مخاطب کیا۔ "سنا تھا کہ بیتھ نام کی ایک خاتون سگریٹ کاؤنٹر پر کام کرتی تھی۔ وہ اس وقت کہاں مل سکتی ہے؟"

"تم نے درست سنا تھا۔" لڑکی نے میرے چہرے کی جانب دیکھ کر کہا۔ "اس وقت وہ مسٹر کلفٹن کے آفس روم میں ملے گی۔"

میں اس کا شکریہ ادا کر کے لفٹ کی جانب بڑھ گیا۔ لوگوں نے مجھے دیکھا لیکن ایک نظر دیکھنے کے بعد دوسری نظر ڈالنے کی زحمت نہیں کی۔ اپنے دھندوں سے فرصت کسے تھی کہ مجھے شناخت کرتا۔ کلفٹن کا دفتر چوتھی منزل پر تھا۔ لفٹ چوتھی منزل پر رکی تو میں باہر نکل آیا۔

یہ ایک بڑا سا سجا سجایا کمرہ تھا۔ میں نے شیشے کی دیوار کے اس پار سے کلفٹن کو کہتے ہوئے سنا۔ "مائی ڈیئر تم جانتی ہو کہ میں تمہاری مدد کرنا چاہتا ہوں لیکن میں نہیں سمجھتا کہ کوئی پرائیوٹ سراغرساں اس سلسلے میں کیا کر سکے گا...... تمہارے آج صبح یہ ذکر چھیڑنے کے بعد میں نے لیفٹیننٹ کین سے گفتگو کی تھی۔ اس کا کہنا ہے کہ اس میں شک و شبے کی کوئی گنجائش نہیں کہ ہائٹ نے ہی لڑکی کو قتل کیا ہے۔"

"میں یقین نہیں کرتی۔" بیتھ کا لہجہ سخت تھا۔

میں دروازہ کھول کر آفس میں داخل ہو گیا۔ کلفٹن نے ہاتھ لہرا کر مجھے باہر نکلنے کا اشارہ کیا۔ "مجھے افسوس ہے جناب۔" اس نے کہا۔ "اس وقت میں بے حد مصروف

www.paksociety.com
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ہوں۔ کسی اور وقت تشریف لائیں۔"

میں نے دروازہ اپنے عقب میں بند کردیا۔ جیتھ نے گردن موڑ کر مجھے دیکھا اور منہ سے بلند ہونے والی چیخ روکنے کے لیے ایک ہاتھ کھلے منہ پر رکھ لیا۔ "چارلی۔" دوسرے ہی لمحے وہ حیرت سے تقریباً چیخ پڑی۔ "تم یہاں کیا کررہے ہو؟"

میں نے جواب دینے کے بجائے ایک کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گیا پھر گویا ہوا۔ "گزشتہ رات تم سے جدا ہونے کے بعد چند غیر معمولی واقعات پیش آئے ہیں اور جیسا کہ تم نے کہا تھا مسٹر کلفٹن ہماری مدد کریں گے تو میں بھی سوچ کر آگیا کہ دیکھوں یہ کس طرح ہماری مدد کرسکتے ہیں؟"

کوتاہ قامت بلند پیشانی' خضاب سے رنگے ہوئے بالوں اور بڑی بڑی آنکھوں والا کلفٹن مجھے یوں گھور رہا تھا گویا میں بھوت ہوں۔ "کچھ نہیں۔" اچانک اس کے منہ سے نکلا۔ "یقیناً میں کچھ نہیں کرسکتا۔ ابھی میں یہی بات جیتھ کو...... میرا مطلب ہے مسز وائٹ کو بتا رہا تھا۔" اس نے جلدی سے تصحیح کی پھر گویا ہوا۔ "لیفٹیننٹ کین کہتا ہے کہ اس میں شک وشبے کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے تو میں اس سارے معاملے میں ملوث ہونا نہیں چاہتا۔"

"ابھی تم کہہ رہے تھے کہ چند غیر معمولی واقعات پیش آئے ہیں۔ اس سے تمہاری کیا مراد ہے؟" جیتھ نے مجھے مخاطب کیا۔

میں نے سگریٹ سلگایا اور سارے واقعات شروع سے آخر تک بیان کردیے۔ میرے خاموش ہونے پر کلفٹن نے لب کھولے۔ "یہ بکواس ہے۔ بھلا وہ لوگ کون ہوسکتے ہیں؟"

"وہ کیوبا اور میکسیکو کے جرائم پیشہ افراد تھے جنہیں ایک دفعہ سینیور ریبو نے میرے کسی ہم پیشہ ملاح کے ذریعے ان کے ملکوں سے یہاں اسمگل کیا تھا۔" میں نے جواب دیا پھر انگلی اٹھا کر گویا ہوا۔ "وہ مکان ایک بالکل

AANCHALPK.COM
تازہ شمارہ شائع ہوگیا ہے
آج ہی قریبی بک اسٹال سے طلب فرمائیں
ماہنامہ آنچل کراچی
ملک کی مشہور معروف قلمکاروں کے سلسلے وار ناول' ناولٹ اور افسانوں سے آراستہ ایک مکمل جریدہ گھر بھر کی دلچسپی صرف ایک ہی رسالے میں ہے جو آپ کی آسودگی کا باعث ہوسکتا ہے اور وہ ہے اور صرف آنچل۔ آج ہی اپنی کاپی بک کرالیں۔
ٹوٹا ہوا تارا
امید وصل اور محبت پر کامل یقین رکھنے والوں کی ایک دل نشیں پر خوشبو کہانی سمیرا شریف طور کی زبانی
شب ہجر کی پہلی بارش
محبت و جذبات کی خوشبو میں بسی ایک دلکش داستان نازیہ کنول نازی کی دلفریب کہانی
موسم کی محبت
پیار و محبت اور نازک جذبوں سے گندھی معروف مصنفہ راحت وفا کی ایک دلکش و دل ربا نایاب تحریر
AANCHALNOVEL.COM
پرچہ نہ ملنے کی صورت میں رجوع کریں (021-35620771/2)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

الگ تھلگ اور دور افتادہ گوشے میں واقع ہے اور اس کا جائے وقوع انتہائی شاندار ہے۔ کوئی بھی بوٹ انہیں وہاں اتار سکتی ہے...... اور وہاں سے مختلف جگہوں پر پھیلا بھی سکتی ہے۔ وہ سیاح کے بھیس میں ساحل ساحل پھیل سکتے ہیں اور جب تک کوئی انہیں شناخت نہ کر لے کہ وہ بھگوڑے ہیں' جرائم پیشہ ہیں اور غیر قانونی طور پر اس ملک کی سرحد میں داخل ہوئے ہیں کوئی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ میرا خیال ہے کہ ان کے پاس جعلی کاغذات ہیں اور مجھے ایسا لگتا ہے کہ وہ سینیور سیپو کے لیے کام کر رہے ہیں۔"

کلفٹن سخت بدمزہ نظر آنے لگا تھا۔ "مجھے تمہاری باتوں پر یقین نہیں آیا۔" وہ بولا۔ "اگر تم نے اپنی کمر کی رسی کاٹ بھی لی ہوتی تو اتنی دور تک تیرنا ممکن نہیں تھا۔"

"چارلی کے لیے یہ ناممکن نہیں تھا۔" بیتھ بول پڑی۔ "یہ غضب کا تیراک ہے اور شاید تمہیں علم نہ ہو کہ جنگ کے دوران اس نے پانی کے اندر رہ کر بڑے بڑے کارنامے سرانجام دیے ہیں۔ یہ ایک ماہر غوطہ خور بھی ہے۔"

کلفٹن کی آنکھوں میں میرے لیے احترام جھلکنے لگا پھر وہ سگریٹ سلگا کر گویا ہوا۔ "میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کیا کہوں اور کیا نہ کہوں...... ؟ اب یہ بتاؤ چارلی کہ تم مجھ سے کیا چاہتے ہو...... ؟"

"میں چاہتا ہوں کہ تم اور بیتھ میرے مکان تک چل کر میرے بیان کی تصدیق کرو۔ دیگر لفظوں میں مجھے ایک ایسے دوست کی ضرورت ہے جو ذمے دار اور معزز شخص ہو تاکہ جب میں عدالت میں یہ بیان دوں تو وہ میری اس کہانی کی تصدیق کر سکے۔"

اس نے ایک لمحے کے لیے میری بات پر غور کیا۔

"تمہارے خیال میں یہ سینیور سیپو کون ہو سکتا ہے؟"

"یہ میں نہیں جانتا؟" میں نے جواب دیا۔ "لیکن اتنا ضرور جانتا ہوں کہ یہ سینیور سیپو ہی تھا جس نے زو کو بلاک کر کے میری گردن پھنسوانے کی کوشش کی ہے یہ سینیور سیپو تھا جس نے گزشتہ رات بیتھ کے کاٹیج کے باہر ایک چاقو بردار شخص کو متعین کیا تھا تاکہ وہ مجھے قتل کر دے اور یہ سینیور سیپو ہی تھا جس نے اپنے آدمیوں کے ذریعے مجھے سمندر میں پھنکوا دیا تھا۔"

"لیکن کیوں؟" اس نے سوال کیا۔

"یہ میں نہیں جانتا؟" میں نے جواب دیا۔ "جب تک اس کی شخصیت سے پردہ نہیں اٹھتا' میرے لیے یہ بتانا ممکن نہیں۔"

وہ سر جھکا کر چند لمحے غور کرتا رہا اور میز کی سطح پر انگلیاں بجاتا رہا۔ بیتھ اس کی جانب دیکھ کر مسکرائی۔ "پلیز۔"

اس نے واقعی اس کوتاہ قامت کو اپنی زلف کا اسیر بنا رکھا تھا۔ اس کی مسکراہٹ کام کر گئی۔

"اچھا ٹھیک ہے۔" بالآخر کلفٹن کے منہ سے نکلا "لیکن بہتر ہے کہ وہاں جانے سے پہلے آپس میں ایک سمجھوتہ کر لیں اور وہ یہ کہ اگر تمہارے بیان کی تصدیق...... نہ ہو سکی تو وہاں سے واپس آتے ہی تم فوراً خود کو قانون کے حوالے کرو گے تاکہ وہ لوگ اپنی کارروائیاں شروع کر سکیں۔ ٹھیک ہے؟"

"ہاں ٹھیک ہے۔" میں نے جواب دیا۔

"پھر تم میری بوٹ پر جاؤ۔ ہم دونوں تمہارے پیچھے آ رہے ہیں۔" اس نے کہا۔

☆......☆......☆

ساحل کی جانب بڑھتے ہوئے میں چند پولیس والوں کے قریب سے گزرا لیکن وہ مجھے پہچان نہ سکے لہٰذا روکنے کی کوشش نہیں کی۔ ساحل پر کلفٹن کی اٹھائیس فٹ لمبی موٹر بوٹ کھڑی تھی۔ اس میں دو کیبن تھے۔ اگر وہ ایک اچھا تاجر نہ ہوتا تو ایک اچھا کیپٹن ضرور ہوتا۔ میرے وہاں پہنچنے کے تھوڑی ہی دیر بعد وہ بیتھ کے ہمراہ آ گیا اور ہم آبنائے کو عبور کر کے اپنی منزل کی سمت چل پڑے۔

دن کی روشنی میں وہ پرانا مکان' رات کی چاندنی کی بہ نسبت بہتر لگ رہا تھا۔ میں سب سے پہلے کچن میں گیا جہاں میرا کوٹ رکھا ہوا تھا لیکن اب وہ کوٹ موجود نہیں تھا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

اور اس کے ساتھ ہی وہ پستول بھی نہیں تھا جس سے زو کو ہلاک کیا گیا تھا۔ میں نے صبح اس جانب دھیان نہیں دیا تھا اور مجھے یاد نہیں آ رہا تھا۔ اس وقت وہ وہاں موجود تھا یا نہیں۔ یقیناً نہیں ہوگا بلکہ رات ہی میں ان لوگوں نے اسے غائب کر دیا ہوگا۔ کافمن بے چین نظر آ رہا تھا۔ "میرا خیال ہے ہم پہلے چل کر وہ بالا خانہ دیکھ لیں۔"

میں سیڑھیوں کی جانب بڑھ گیا۔ میرے پیچھے زینے طے کرتے ہوئے اس نے پوچھا۔ "کیا تمہارے پاس پستول ہے؟"

"نہیں۔" میں نے جواب دیا۔

"پھر میں نے اپنے ساتھ ایک پستول لا کر اچھا کیا۔" اس کا لہجہ واضح طور پر معنی خیز تھا۔ "خدا جانتا ہے میں مکڑیوں کے جالے سے بھرے ہوئے اس بالا خانے میں بغیر پستول کے نہیں جا سکتا تھا جس میں جرائم پیشہ بھگوڑے موجود ہوں۔"

دوسری منزل پر پہنچ کر میں نے ایک طویل سانس لی اور بالا خانے کا بھاری دروازہ کھول دیا۔ بالا خانے کا فرش گرد سے اٹا ہوا تھا اور اس کی دیواروں کے ساتھ کوئی نشست نظر نہیں آ رہی تھی بلکہ قدیم فرنیچر پہلے کی طرح سجا ہوا نظر آ رہا تھا۔ بیتھ رونے لگی۔ کافمن ایک لمحہ خاموش کھڑا رہا پھر اس نے اپنا پستول نکال لیا اور مجھے نچلی منزل پر چلنے کا اشارہ کیا۔ "مجھے ڈر تھا کہ ایسا ہی ہوگا۔" اس نے کہا۔ "پھر تم پریوں کی داستان سنا کر اور ہم سے اس کی تصدیق چاہ کر کیا فائدہ حاصل کرنا چاہتے تھے؟"

"یہ پستول کیوں؟" میں نے پستول کی جانب اشارہ کیا۔

"تمہارا ذہنی توازن درست نہیں ہے۔" اس نے جواب دیا۔ "ہو بھی نہیں سکتا۔"

میں ایک سگریٹ سلگا کر اس سے ملحق خواب گاہ کے بند دروازے سے ٹک گیا۔ "ہو سکتا ہے۔" میں نے کہا۔ "خدا جانتا ہے کہ میں نے دنیا دیکھی ہے لیکن سینیور سپیو ایک بات بتاؤ۔ کیا تم نے کوئی ایسا بالا خانہ دیکھا ہے جو تین سال سے بند پڑا ہو اور اس کے باوجود وہاں کہیں مکڑیوں کے جالے کا نام و نشان تک نہ ہو۔"

"تم نے مجھے ابھی کس نام سے پکارا؟" اس کا لہجہ سرد تھا۔

"پہلے میری بات کا جواب دو لیکن نہیں۔ تم نے کبھی جواب نہیں دیا ہے پھر..... تم اپنے آدمیوں کو گزشتہ رات یہاں سے چلتا کر سکتے ہو تم دیوار گیر نشستوں کو ہٹا سکتے ہو اور ان کی جگہ پرانے فرنیچر کو دوبارہ سجا سکتے ہو لیکن مکڑی کے جالے کو دوبارہ نہیں لگا سکتے۔ یہ کام صرف مکڑیاں ہی کر سکتی ہیں۔"

اس نے اپنے خشک لبوں پر زبان پھیری اور کہا۔ "تم دیوانے ہو گئے ہو۔ تمہارا دماغ چل گیا ہے۔"

"ہم یہ قانون پر چھوڑتے ہیں اور جب قانون اس معاملے میں دلچسپی لے رہا ہے تو میں اس کے محافظوں سے درخواست کروں گا کہ وہ اس بات کو چیک کریں کہ جب زو ہلاک ہوئی تو تم اس وقت کہاں تھے۔ مجھے شک ہے کہ تمہارے پاس اپنی موجودگی کا ثبوت نہیں ہوگا۔ ہو بھی نہیں سکتا کیونکہ یہ تم ہی تھے جس نے مجھے ضرب لگا کر بے ہوش کرنے کے بعد زو کو ہلاک کیا تھا۔"

"میں ایسا کیوں کرنے لگا؟" وہ غرایا۔

میں نے بیتھ کی جانب اشارہ کیا۔ "میری بیوی کو حاصل کرنے کی خاطر تم نے ایسا کیا۔ تم مجھے خرید سکتے تھے لیکن اسے خریدنا تمہارے بس کی بات نہیں تھی۔ کسی کے بس کی بھی بات نہیں ہے۔ تم نے مجھے خریدنا چاہا تھا اور اسی لیے زو کو مجھ سے ملنے بھیجا تھا۔ اسی لیے تم نے چھتیس ہزار ڈالر ہوانا بینک میں میرے نام جمع کرائے تھے..... جب ہی تم نے زو کو ہدایت کی تھی کہ وہ مجھے لے کر ہوانا چلی جائے۔ یہی وجہ تھی کہ تم اس وقت کیبن میں موجود تھے تاکہ مجھے دیکھ سکو کہ اس نے تمہاری ہدایت پر عمل کیا ہے یا نہیں!؟ اس وقت تک سب کچھ ٹھیک تھا لیکن جب میں نے بیتھ کا خط پڑھا تو اپنا ارادہ بدلنے پر مجبور ہو گیا۔ میں نے زو سے کہا کہ میں اپنی بیوی کے پاس

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

واپس جا رہا ہوں۔ یہ تم تھے جسے دیکھ کر زوجینی تھی پھر تم نے اسے گولی ماردی۔ تم نے ایسا اس لیے کیا کیونکہ تمہیں اپنے مقصد کے حصول کا کوئی اور ذریعہ نظر نہیں آیا۔ ظاہر ہے میں اس کے قتل کے الزام میں گرفتار ہو کر بیتھ کے پاس پہنچنے کے بجائے واپس رے فورڈ جیل پہنچ جاتا اور اس طرح تمہارے راستے کا کانٹا ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دور ہو جاتا۔"

سینور سیپو ہنسا۔ "تمہاری یہ کہانی سن کر جیوری کے ارکان ہنسے بغیر نہیں رہیں گے۔"

"ٹھیک ہے ہم دونوں پولیس کے پاس چلتے ہیں۔ میں اپنی کہانی سناتا ہوں اور تم اپنی کہانی سنانا۔ فیصلہ وہ خود کریں گے۔"

"نہیں۔" اس نے نفی میں سر ہلایا۔ "میں ایسا ہرگز نہیں کرسکتا۔ میرے دشمن اس واقعے کی بھنک ملتے ہی اس کی تشہیر کردیں گے اور اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔"

"تمہارے کہنے کا مطلب یہ ہے تم اس بات سے خوف زدہ ہو کہ پولیس تمہارے والو چیزز کی چھان بین کرے گی اور اس بات پر حیران رہ جائے گی کہ تم وہ اشیاء کہاں سے حاصل کر کے اتنی کم قیمت پر فروخت کرتے رہے ہو جتنی قیمت پر دوسرے دکان دار وہی اشیاء ہول سیل میں خریدتے ہیں۔ واقعی سینور سیپو تمہارے سوا کوئی دکان دار ایسا نہیں کرسکتا۔"

کوتاہ قامت سینور سیپو نے ایک گہری سانس لی۔

"مجھے افسوس ہے۔" اس نے بیتھ سے کہا۔

"میں اپنے متعلق ایسی کہانی کی تشہیر کسی قیمت پر پسند نہیں کروں گا۔ مجھے واقعی افسوس ہے۔ میں تمہیں بے حد خوش رکھنا چاہتا تھا لیکن اب....." اس نے انگلی ٹرائیگر پر رکھ دی۔

"اس طرح بات نہیں بنے گی کلفٹن۔ ہماری موت تمہارے ہاتھ کا لہو صاف نہیں کرسکے گی۔ برسبیل تذکرہ تم ہماری لاش کا کیا کرو گے اور پولیس کے سامنے کس طرح صفائی پیش کرو گے؟"

"یہ بہت ہی آسان ہے۔" اس نے جواب دیا۔ اس کی آنکھیں چمکنے لگی تھیں۔ "میں انہیں وہی کہانی سنا دوں گا جو تم نے مجھے سنائی ہے پھر میں ان سے کہوں گا کہ جب میں نے تمہاری کہانی سننے کے بعد تمہیں جھوٹا کہہ کر پکارا تو تمہیں کوئی راہ فرار نظر نہ آئی اور تم نے اپنی بیوی کو ہلاک کر کے خودکشی کرلی۔" اتنا کہہ کر اس نے پستول سے میرا نشانہ باندھا لیکن اس سے قبل کہ وہ گولی چلاتا۔ بیڈروم کا ایک دروازہ کھلا اور کین کمرے میں داخل ہوا۔ اس کے ہاتھ میں ریوالور تھا۔ "میں تمہارے آخری جملے پر کبھی یقین نہیں کروں گا مسٹر کلفٹن۔" اس نے کہا اور آگے بڑھ کر کلفٹن کے ہاتھ سے پستول چھین لیا پھر دوسرے دروازے کھلے اور ہر دروازے پر ایک آفیسر نظر آیا۔ ان کے ساتھ ہی ایک اور شخص تھا جو شارٹ ہینڈ میں تیزی سے کچھ لکھتا جا رہا تھا۔ کلفٹن کا چہرہ کفن کی مانند سفید پڑ گیا...... اس نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا لیکن آواز نہیں نکل سکی۔

"افسرو! کلفٹن کو لے جاؤ۔ باقی باتیں عدالت میں ہوں گی۔" کین نے اپنے ماتحتوں کو اشارہ کیا اور وہ کلفٹن کو کھینچتے ہوئے لے گئے۔

ان لوگوں کے رخصت ہونے کے بعد کین نے مصافحے کے لیے میری جانب ہاتھ بڑھایا۔ "خوش آمدید چارلی۔" اس نے پرجوش لہجے میں کہا۔

میں اور بیتھ اسے رخصت کرنے نیچے تک گئے۔ اس کے جانے کے بعد میں نے گردن موڑ کر بیتھ کی جانب دیکھا جس کی نشیلی آنکھوں میں خوشی کے آنسو چمک رہے تھے اور ہونٹوں پر دل آویز مسکراہٹ رقص کر رہی تھی۔

♥

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

نئی شناخت

شمیم امان

انسان چاہے جتنی تدبیریں کرلے لیکن وہ قدرت کے فیصلوں کے سامنے بے بس ہوتا ہے۔ ضروری نہیں جو ہم چاہیں زندگی میں بالکل ویسا ہی ہو' ہوتا وہی ہے جو قدرت نے مقدر میں لکھا ہوتا ہے۔

ایک مجرم کا افسانہ عجیب' اس نے دلس پر لگے خون کے دھبے دھو دیے تھے لیکن...

جارج نے انگلیوں کی مدد سے چھو کر محسوس کیا کہ نرس اس کے لیے جو سوٹ لائی ہے وہ کارڈرائی کا بنا ہوا ہے اور پھر یہ کپڑے اس کے اپنے نہیں ہیں۔

''تم سے غلطی ہوگئی ہے۔ نرس یہ کپڑے میرے نہیں ہیں۔'' اس نے جھلائی ہوئی آواز میں کہا۔

''تم ٹھیک کہتے ہو یہ کپڑے واقعی تمہارے نہیں ہیں کیونکہ تمہارے کپڑے حادثے میں بری طرح خراب ہوچکے تھے۔'' نرس کے لہجے میں ہمدردی کا جذبہ نمایاں تھا۔

''اوہ! اور میری آنکھوں کی پٹیاں کب کھلیں گی؟'' جارج نے پرسکون ہوتے ہوئے پوچھا۔

''ڈاکٹر آنے ہی والا ہے۔ جیسے ہی وہ آیا پٹیاں کھول دی جائیں گی۔''

''میرا خیال ہے مجھے اس کا انتظار کرلینا چاہیے کیونکہ پٹیاں کھلنے کے بعد ہی میں کپڑے پہن سکوں گا۔'' اس نے آہستہ سے اپنا سر تکیے پر ٹکا دیا۔ وہ حادثے کی تفصیل پر غور کرنے لگا جس کی وجہ سے وہ اسپتال تک آ پہنچا تھا۔

برتھا کے فارم ہاؤس کے پیچھے وسیع میدان عبور کرکے جنگل کے قریب واقع خشک کنویں کی تہ میں پوشیدہ تیس ہزار ڈالر کی خطیر رقم اس کی منتظر تھی۔ رقم اس نے ایک برتن میں رکھ کر کنویں میں ڈال دی تھی۔

برتن کو کنویں سے باہر نکالنے کے لیے اس نے کوٹ کے ہینگر کو ایک ڈوری سے باندھا تھا اور ہینگر کے ہک میں برتن کا ہینڈل پھنسا کر اوپر کی طرف کھینچ لیا تھا۔ لیکن وہاں جانے سے پہلے جارج نے رائی کی تیز شراب کے تین بڑے پیگ اپنے حلق میں انڈیلے تھے تاکہ اس کے حواس منتشر نہ ہوں لیکن بدقسمتی سے اس کا ناتواں جسم تیز شراب اور سخت دھوپ برداشت نہ کرسکا اور جب وہ اس وسیع میدان کو عبور کرکے کنویں تک پہنچا تو جسم کے ساتھ اس کا دماغ بھی جواب دے چکا تھا۔ ٹھوکر لگنے کی وجہ سے اس کا سر کنویں کی پتھریلی منڈیر سے ٹکرایا اور اس کا ذہن تاریکیوں میں ڈوبتا چلا گیا تھا۔

''تمہارے پاس گھڑی تو ہوگی؟'' جارج نے نرس سے پوچھا۔

''ہاں۔ تقریباً پانچ بجے ہیں۔''

اس کا مطلب ہے چھ گھنٹے ضائع ہوچکے ہیں' جارج نے دل ہی دل میں سوچا۔ برتھا پام رائے اسٹیشن پر پہنچ گئی ہوگی اور یقیناً بے چینی سے میری منتظر ہوگی۔ ممکن ہے اسے شک ہوگیا ہو کہ میں نے اس کے ساتھ دھوکا کیا ہے۔ اور تیس ہزار ڈالر کی رقم لے کر فرار ہوچکا ہوں۔ ہوسکتا ہے وہ انتقام لینے کے لیے پولیس کو فون پر سب کچھ بتادے جارج کو طرح

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

طرح کے خیالات پریشان کر رہے تھے' جتنی جلدی ممکن ہو سکے مجھے برتھا کے پاس پہنچ جانا چاہیے۔ جارج نے دل ہی دل میں فیصلہ کیا۔

"میں یہاں کیسے پہنچا تھا؟" اس نے نرس سے پوچھا۔

"جب تم کنوئیں کے قریب اس ویران علاقے میں بے ہوش پڑے ہوئے تھے تو ایک شکاری کی نظر تم پر پڑ گئی اور وہ ازراہ ہمدردی تمہیں یہاں چھوڑ گیا۔ وہ تمہیں بمشکل تمام گھسیٹتے ہوئے اپنی کار تک لے گیا تھا اسی لیے تمہارے کپڑے خراب ہو گئے۔ اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں تمہیں داخل کر لیا گیا تھا۔"

اس کا مطلب ہے تیس ہزار ڈالر ابھی تک کنوئیں میں محفوظ ہیں۔ اس نے اپنے دل میں شکاری کو صلواتیں سنائیں جس کی بے جا مداخلت نے سارا پروگرام چوپٹ کر دیا تھا۔

☆......☆......☆

کئی ماہ پیشتر وہ آوارہ گردی کرتا ہوا نیویارک سے اس چھوٹے سے قصبے اسپلنس میں وارد ہوا تھا۔ اس وقت رات کے دس بجے تھے قصبے کے لوگ جلد سوجانے کے عادی تھے اس لیے قصبے تک آنے والی واحد سڑک سنسان پڑی تھی۔ سڑک سے تقریباً سو گز کے فاصلے پر فارم ہاؤس میں روشنی نظر آئی تو وہ اسی طرف چل پڑا۔ دستک کے جواب میں برتھا نے دروازہ کھولا اور اسے اندر آنے کو کہا۔ جب جارج نے اسے بتایا کہ وہ نیویارک سے سیر و تفریح کی غرض سے یہاں تک آ پہنچا ہے تو برتھا نے نہ صرف اسے کھانے پر اپنے ساتھ شریک کر لیا بلکہ رات کو قیام کرنے کی اجازت بھی دے دی۔ دوسری صبح برتھا نے اسے بتایا کہ وہ ایک تنہا اور غریب بیوہ ہے اور اس کے پاس سوائے اس خستہ حال فارم ہاؤس کے اور کچھ نہیں ہے۔

جارج کو برتھا کے ساتھ رہتے ہوئے ایک ہفتہ گزر گیا تو دونوں ایک دوسرے کو خوب سمجھ چکے تھے اور آپس میں اعتماد کی فضا قائم ہو چکی تھی۔

ایک روز برتھا نے اسے بتایا کہ اس نے ایک نہایت سادہ اور آسان منصوبہ ترتیب دے رکھا ہے۔ اسے صرف ایک قابل اعتماد ساتھی کا انتظار تھا اگر جارج اس منصوبے میں شامل ہو جائے تو بڑی آسانی سے اور بغیر کسی خطرے کے ایک بڑی رقم ہاتھ لگ سکتی ہے۔ منصوبے کے مطابق فارم ہاؤس کے قریب سے جو سڑک گزر رہی ہے اس پر کوئی دو فرلانگ کے فاصلے پر ایک کچا راستہ میکلن ٹول کمپنی تک جاتا ہے۔ اس علاقے میں سوائے اس کمپنی کے اور کوئی کارخانہ یا مکان نہیں ہے۔ ہر جمعہ کی سہ پہر تین بجے کمپنی کا مالک میکلن یہاں سے گزرتا ہے جس کے پاس ہفتہ واری تنخواہ کا تھیلا ہوتا ہے۔ یہ بوڑھا ہمیشہ تنہا ہوتا ہے اور اپنے ساتھ کسی قسم کا ہتھیار بھی نہیں رکھتا کیونکہ اس علاقے میں کبھی کوئی چوری یا ڈکیتی کی واردات نہیں ہوئی۔

برتھا نے منصوبے کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اسے صرف اتنا کرنا پڑے گا کہ جب میکلن اپنی کار میں تنخواہ کا تھیلا لے کر گزرے جو وہ ہر ہفتے بینک سے لے کر آتا ہے تو جارج کچی سڑک پر لیٹ جائے۔ میکلن جو کسی زمانے میں چرچ سے وابستہ رہ چکا ہے اسے دیکھ کر گاڑی ضرور روک لے گا اور جیسے ہی وہ گاڑی سے اتر کر قریب آئے اس پر قابو پانا مشکل نہ ہوگا۔ برتھا نے اسے ایک پرانا ریوالور بھی دیا تاکہ بوڑھے کو خوف زدہ کر کے رقم کا تھیلا چھین لیا جائے۔ اس دوران وہ خود پام رائے اسٹیشن پر جارج کا انتظار کرے گی جہاں سے وہ دونوں

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

نیویارک جانے والی بس پکڑ لیں گے۔

"منصوبہ بہت سادہ اور آسان ہے۔" برتھا نے کہا اور جارج نے اس سے اتفاق کیا تھا۔

لیکن جب منصوبہ پر عمل کا وقت آیا اور بوڑھے میکلن نے جارج کو سڑک کے درمیان پڑے دیکھ کر اپنی کار روکی اور جارج کے قریب آ کر اس کا جائزہ لینے کے لیے جھکا تو جارج نے اچھل کر بوڑھے کو دھکا دیا اور پستول نکال کر اس سے رقم کا مطالبہ کیا تو بوڑھے میکلن نے جارج کے پستول کی پروا کیے بغیر پھرتی سے اپنا ریوالور نکالا اور ایک فائر جھونک مارا جواباً جارج نے بھی گولی چلادی۔ بوڑھے کی گولی جارج کے کان کے قریب سے گزر گئی تھی جبکہ جارج نے بوڑھے کے سینے میں دائیں طرف ایک سوراخ بنادیا تھا۔ گولیوں کے اس غیر متوقع تبادلے نے جارج کو اس حد تک حواس باختہ کردیا تھا کہ وہ بوڑھے کی حالت کا اندازہ کیے بغیر کہ وہ زندہ ہے یا مر چکا ہے رقم کا تھیلا گاڑی سے نکال کر فرار ہوگیا۔ اسے یقین تھا کہ اس نے بوڑھے کو قتل کردیا ہے اور وہ ایک قاتل بن چکا ہے۔ قاتل ہونے کے احساس نے اسے اتنا خوف زدہ کردیا کہ وہ منصوبے کے مطابق پام رائے اسٹیشن جانے کے بجائے جہاں برتھا اس کا انتظار کررہی تھی فارم ہاؤس میں جاکر چھپ گیا۔ تاہم رقم کا تھیلا اس نے جنگل کے قریب اندھے کنویں میں چھپادیا..... اسے معلوم تھا کہ جب تک رقم پوشیدہ رہے گی برتھا اسے پناہ دینے پر مجبور ہوگی۔

بعد میں انہیں ریڈیو کی خبروں سے معلوم ہوا تھا کہ بوڑھا میکلن مر چکا ہے لیکن مرنے سے پہلے اس نے قاتل کا حلیہ تفصیل سے بیان کردیا تھا کہ ایک اندھا بھی جارج کو آسانی سے تلاش کرسکتا تھا۔ اس نے اپنے نزاعی بیان میں کہا تھا "ڈاکو ایک بہت ہی موٹا آدمی تھا اتنا موٹا آدمی زندگی میں میں نے نہیں دیکھا۔ اس کا قد پانچ فٹ اور چوڑائی بھی پانچ فٹ کے قریب ہوگی۔ اسے مسٹر 5x5 کہہ سکتے ہیں اس کی رانیں چلتے وقت آپس میں ٹکراتی ہیں۔ اس کی توند باہر کو نکلی ہوئی ہے آپ اسے لوگوں کی بھیڑ میں آسانی سے شناخت کرسکتے ہیں۔"

ان دونوں نے خبر ایک ساتھ سنی تھی اور یہ سوچ سوچ کر ان کا خون خشک ہورہا تھا کہ جیسے ہی جارج نے گھر سے قدم نکالا قصبے کا ہر شخص اسے پہچان لے گا۔

اچانک جارج کو ایک انوکھا خیال آیا۔ وہ مکان کے بالائی کمرے میں دو ماہ کے لیے قید ہوگیا۔ اس دو ماہ کے عرصے میں اس نے صرف اتنا کھانا کھایا کہ جسم اور روح کا رشتہ قائم رہ سکے۔ برتھا اس کے ناشتہ میں ایک توس ایک کپ چائے لاتی تھی۔ دوپہر اور رات کے کھانے میں بھی صرف ایک توس اور ٹماٹر کی چٹنی ملتی تھی۔ دو ماہ کے اس طویل فاقہ نے اس کا مجرب جسم ہڈیوں کے ڈھانچہ میں تبدیل کردیا تھا۔ وہ ایک مدقوق اور مخنی سے انسان کے روپ میں تبدیل ہوچکا تھا۔ چنانچہ اس نے فیصلہ کیا کہ اب باہر نکلنے میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ اب کوئی شخص اسے مسٹر 5x5 کی حیثیت سے شناخت نہیں کرسکتا تھا۔

☆......☆......☆

اسپتال کے نرم بیڈ پر کروٹ لیتے ہوئے جارج نے سوچا دو ماہ کا طویل فاقہ رائی کی تیز شراب اور شدید گرمی اسے بے ہوش کرنے کے لیے کافی تھی لیکن برتھا اس حادثے سے بے خبر پام رائے اسٹیشن پر بے چینی سے اس کی منتظر ہوگی اگر میں وقت پر وہاں نہ پہنچ سکا تو وہ میری طرف سے بدگمان ہوسکتی ہے ممکن ہے پولیس کو فون کرکے سب کچھ بتادے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

جارج اس سے زیادہ نہ سوچ سکا۔

"کیا اسپتال سے جاتے وقت مجھے دستخط وغیرہ کرنا ہوں گے؟" اس نے نرس سے پوچھا۔

"نہیں ایسی کوئی بات نہیں... تمہاری صحت اب بالکل ٹھیک ہے اور دماغ بھی ٹھیک کام کر رہا ہے وہ ایک عارضی دورہ تھا' لو وہ ڈاکٹر بھی آ گیا۔" نرس نے دروازے کی جانب دیکھتے ہوئے کہا۔

جارج تکیے پر کہنیاں ٹکائے نرس سے باتیں کر رہا تھا ڈاکٹر کی آمد پر سیدھا ہو کر لیٹ گیا۔

"ہیلو" شائستہ اور نرم آواز کے ساتھ ہی اسے اپنے شانوں پر ڈاکٹر کے ہاتھوں کے لمس کا احساس ہوا۔

"ڈاکٹر...... میں آپ کا اور اسپتال کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے میری دیکھ بھال کے علاوہ مفت میں کپڑے بھی مہیا کیے ہیں لیکن یہ کپڑے میرے لیے بہت زیادہ ڈھیلے نہیں ہیں؟" جارج نے کاردڑائی کے سوٹ کے بارے میں سوچتے ہوئے سوال کیا۔

"میرا خیال ہے یہ آپ کے جسم پر بالکل فٹ آئیں گے۔" ڈاکٹر نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"شاید آپ مذاق کر رہے ہیں یہ تو کسی شامیانے کی طرح لمبے چوڑے ہیں۔"

"او شاید تمہیں اندازہ نہیں ہے جب سے تم اسپتال آئے ہو بے تحاشہ کھاتے رہے ہو۔"

"لیکن میں تو آج صبح ہی یہاں لایا گیا تھا؟" اس نے محسوس کیا کہ ڈاکٹر بہت احتیاط سے اس کی پٹیاں کھول رہا ہے۔

"اب میں تم سے پوچھتا ہوں کہ کون کس سے مذاق کر رہا ہے؟ آج ستمبر کی سترہ تاریخ ہے اور تم اگست کے پہلے ہفتہ میں یہاں لائے گئے تھے۔ حادثے کی وجہ سے تمہاری آنکھوں اور دماغ نے کام کرنا چھوڑ دیا تھا۔ تم بالکل خالی الذہن ہو گئے تھے۔ بار بار پوچھنے کے باوجود تم نے اپنے بارے میں کچھ نہیں بتایا تھا۔ شکر ہے کہ اب تم بالکل صحت مند ہو چکے ہو۔"

پٹیاں کھل چکی تھیں۔ جارج آہستہ آہستہ پلنگ سے زمین پر کھڑا ہو گیا پھر سست روی سے چلتا ہوا قد آدم آئینے کے سامنے جا کھڑا ہوا' اپنا سراپا دیکھ کر وہ حیران رہ گیا گردوپیش سے بے خبر کافی دیر تک آئینہ ہی دیکھتا رہا۔ اس کی آنکھیں حیرت اور خوف سے پھیل گئی تھیں۔

وہ ایک مرتبہ پھر مقتول نیکلسن کے بیان کے مطابق مسٹر ۵x۵ بن چکا تھا اس کی توند باہر نکل آئی تھی اور رانیں موٹی ہو گئی تھیں اور شانوں پر گوشت لٹک رہا تھا۔

وہ جانتا تھا کہ جیسے ہی اس نے اسپتال سے باہر قدم نکالا پوشیدہ رقم تک پہنچنے سے قبل ہی گرفتار کر لیا جائے گا۔

"تم اب بالکل صحت یاب ہو چکے ہو اور جہاں جانا چاہو جا سکتے ہو۔" اس نے عقب سے ڈاکٹر کی آواز سنی۔

جارج نے کچھ کہنا چاہا لیکن آواز اس کے حلق ہی میں گھٹ گئی۔ اس کے ذہن میں صرف ایک لفظ گونج رہا تھا۔ "نہیں' نہیں' نہیں' میں کہیں نہیں جا سکتا۔"

☆

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

قلندر ذات

امجد جاوید

قلندر دو طرح کے ہوتے ہیں ایک وہ جو شکر گزاری کے اعلیٰ ترین مقام تک پہنچ کر قربِ الٰہی حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ رب تعالیٰ بھی ان کی خواہش کو رد نہیں کرتا۔ دوسرے وہ جو ذات کے قلندر ہوتے ہیں۔ ان کا پیشہ ہنر' ریچھ اور کتے نچانا ہوتا ہے۔ یہ کہانی ایک ایسے مردِ آہن کی ہے جو ذات کا قلندر تھا۔ اس نے ان لوگوں کو اپنی انگلیوں پر نچایا جو اپنے تئیں دنیا تسخیر کرنے کی دھن میں انسانیت کے دشمن بن گئے تھے۔ انسانی صلاحیتوں کی ان رسائیوں کی داستان جہاں عقل دنگ رہ جاتی ہے اور فکر حیران۔ اس داستان کی انفرادیت کی گواہی آپ خود دیں گے۔ کیونکہ یہ محض خامہ فرسائی نہیں مقاصد کا تعین بھی کرتی ہے۔

میرے چاروں طرف اندھیرا تھا اور میں فضا میں جھولتا ہوا جا رہا تھا۔ وہ روشنی بھی غائب ہو چکی تھی جو مجھ پر فوکس تھی۔ وہ کون لوگ ہیں اور کیا چاہتے ہیں، اس کا بھی اندازہ نہیں تھا۔ نجانے کتنا وقت گزر چکا تھا۔ پہلی بار مجھے یوں لگا جیسے میں بہت بری طرح پھنس گیا ہوں۔ اتنی بلندی سے اگر میں گر بھی گیا تو میرا کچھ نہیں بچنا تھا۔ میں یہی سوچ رہا تھا کہ اچانک مجھے یہ صدا آئی کہ تیرا گرنا ہی تیرا اٹھنا ہے، ہر زوال را کمالے۔ ایک دم سے اندھیرا چھٹ گیا۔

مجھے کسی طرف بھی سورج دکھائی نہیں دیا اور نہ ہی اس کی سمت کا اندازہ ہوا۔ لیکن نیلا آسمان میرے سامنے واضح تھا۔ میں نے ارد گرد دیکھا، نزدیک ہی بادلوں کے ٹکڑے تھے۔ مجھے لگا کہ میں انہیں چھو سکتا ہوں۔ میں نے نیچے دیکھا تو ایک دم سے ساکت رہ گیا۔ نیچے تا حدِ نگاہ نیلا سمندر تھا۔ میری نگاہ پڑتے ہی سمندر کی پرسکون سطح پر ہلچل ہونے لگی۔ نیلی سطح پر سفید رنگ کی ایک لکیر ابھری، جو دیکھتے ہی دیکھتے دائرے میں گھومنے لگی۔ سمندر کا جھاگ اٹھنے لگا۔ کچھ ہی دیر بعد وہ دائرہ ایک بھنور میں بدل چکا تھا' جس میں وسعت آتی چلی جا رہی تھی۔ وہ بھنور اتنا پھیلا کہ میرے سامنے سمندر کی نیلی سطح ایک سفید بھنور کی صورت اختیار کر گیا، جسے میں غور سے دیکھ ہی رہا تھا کہ مجھے یوں لگا جیسے میرے جال کی رسیاں ایک ایک کر کے ٹوٹتی چلی جا رہی ہیں۔

یہ ایک دوسری قسم کی مصیبت تھی۔ یہی وہ ایک لمحہ تھا جس نے مجھے حوصلہ دے دیا۔ اسی ایک لمحے میں یہ خیال آیا تھا کہ یہ اچانک روشنی، سمندر اور بھنور، یہ کچھ اور ہی ہیں۔ میں ایک مشاہدہ مسافر شاہ کے تھڑے پر کر چکا تھا۔ اس وقت میری پشت پر بابا جی روہی والے کھڑے تھے لیکن اس وقت تو میں فضا میں معلق تھا اور کسی لمحے جال ٹوٹنے کے باعث میں اس سمندر میں گر سکتا تھا۔ اور پھر وہی ہوا، جال ٹوٹ گیا اور میں سیدھا اس بھنور کی طرف بڑھنے لگا، یہاں تک کہ سمندر کی نمی نے میرے ہاتھوں کو چھو لیا۔ میں سمندر میں ڈوبتا چلا گیا تھا۔

میرے سامنے وہ نیلگوں ماحول تھا جو فجر کے بعد سے سورج کے طلوع ہونے سے پہلے وقت کا ہوتا ہے۔ میں سمندر میں گرتا چلا جا رہا تھا۔ یہاں تک کہ سمندر کی تہہ میں موجود گارے تک جا پہنچا۔ ہر جانب نیلگوں روشنی تھی۔ دور دور تک صاف دکھائی دے رہا تھا۔ دفعتاً میری نگاہ اپنے وجود پر پڑی، جو بالکل ٹرانسپیرنٹ تھا۔ سفید دھوئیں کی مانند یا پانی کے بلبلے کی طرح۔ سانس لینے میں مشکل یا دباؤ جیسی کوئی کیفیت میں نے محسوس نہیں کی۔ میں اپنا جائزہ لے رہا تھا کہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

سامنے سے سیاہ دھبے واضح ہو کر رنگین مچھلیوں کے جھنڈ میں بدل گئے۔ سرخ پیلے اور نارنجی رنگ کے ساتھ سیاہ دھاریاں آنکھوں کو بہت بھلی لگ رہی تھیں۔ وہ سب میرے قریب سے گزر گئیں اور میں آگے بڑھتا چلا گیا۔ میری رہ میں کچھ دیر تک ایسی ہی بے شمار رنگ برنگی مچھلیاں دکھائی دیتی رہیں، میں جن کے رنگوں میں کھو کر رہ گیا۔ ایسے ایسے آبی پودے دکھائی دینے لگے جو پہلے کبھی نظر میں سے نہیں گزرے تھے۔

اچانک میری دائیں جانب سے شارک نمودار ہوئی، اس کا منہ کھلا ہوا تھا۔ وہ ان معصوم اور خوبصورت مچھلیوں کو نگلتی چلی جا رہی تھی۔ اس کے کھلے ہوئے منہ اور تیز دانتوں سے مجھے ایک دم سے نفرت ہونے لگی۔ میرا جی چاہا کہ میں اس کے ظلم سے ان چھوٹی مچھلیوں کو بچاؤں، یہ سوچ ابھی میرے دماغ میں گھوم رہی تھی کہ اچانک سامنے سے ایک دیو ہیکل دریائی گھوڑا نمودار ہوا، شارک اسے دیکھ کر بھاگنے لگی، مگر اس نے اپنا بڑا سا منہ کھولا اور سانس کے ذریعے اسے کھینچا، وہ شارک اس کے منہ میں آدھی ہی گئی تھی کہ دریائی گھوڑے نے اسے کاٹ لیا۔ شارک کے جسم کا آدھا حصہ پانی میں تیرنے لگا۔ خون کے پھیلنے کی وجہ سے پانی سرخ ہونے لگا۔ کچھ دیر بعد جب پانی صاف ہوا تو شارک کے جسم کا آدھا حصہ کچھوے جیسی عجیب و غریب قسم کی آبی مخلوق کی زد میں تھا۔ وہ اسے لے کر نکل جانا چاہتے تھے۔ جبکہ دیو ہیکل دریائی گھوڑا پانی ہی میں لوٹ پوٹ ہو رہا تھا۔ وہ کچھ دیر ایسے ہی رہا اور پھر پرسکون ہو کر ایک جانب بڑھ گیا۔

میں بھی اس دریائی گھوڑے کے ساتھ چل دیا۔ وہ میرے آگے تھا اور میں اس کے پیچھے۔ پتہ نہیں ہم نے کتنا سفر طے کیا تھا۔ مجھے دکھائی دیا کہ سامنے لکیروں کی صورت میں کافی سارا پانی مختلف رنگوں کا تھا، جو گدلا ہو رہا تھا۔ دریائی گھوڑا اپنی مستی میں آگے ہی آگے بڑھتا چلا جا رہا تھا۔ اسے پتہ ہی نہ چلا کہ سانپ کے جیسے ایک بازو نے اسے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ دریائی گھوڑا تڑپا، ایک ہی جھٹکے میں اس نے وہ بازو خود سے الگ کیا تب تک دو بازو اسے گھیر چکے تھے، وہاں سے بخوبی اندازہ ہوتا تھا کہ ایک اور بازو نے اسے جکڑ لیا۔ وہ آکٹوپس تھا۔ دریائی گھوڑے نے بہت مزاحمت کی مگر وہ خود کو ان بازوؤں سے الگ نہ کر سکا۔ شارک کو نگل جانے والا دریائی گھوڑا، آکٹوپس کے سامنے بے بس تھا۔ یہاں تک کہ اس کی مزاحمت جاتی رہی۔ وہ بے بس ہو کر ساکت ہو گیا۔ آکٹوپس کے سبھی بازو اس سے چمٹ گئے۔ کچھ دیر بعد وہ بازو الگ ہوئے تو دریائی گھوڑا جیسے تھا ہی نہیں۔ وہ اس کے بازوؤں ہی میں تحلیل ہو گیا تھا۔ پانی ایک بار پھر سے گدلا اور سرخ ہو چکا تھا۔ جب ماحول صاف ہوا تو آکٹوپس بڑی مستی میں ایک جانب بڑھ گیا۔ مجھے محسوس ہوا کہ اس آبی دنیا میں اس پر بھی کوئی بھاری ہے؟ میں اس کے ساتھ ساتھ بڑھتا چلا گیا۔

بہت دور آگے گہرا اندھیرا بڑھنے لگا۔ لیکن اس گہرے اندھیرے میں رنگ برنگی روشنیاں ٹمٹما رہی تھیں۔ جیسے چھوٹے چھوٹے بلب جلتے بجھتے ہوئے دور تک جاتے دکھائی دیں۔ کئی لہریں دور تک جاتی ہوئی دکھائی دیں۔ آکٹوپس مستی میں آگے جا رہا تھا۔ وہ روشنیاں گہرے اندھیرے میں تھیں جو بہت خوبصورت دکھائی دے رہی تھیں۔ میرا دھیان اس کی خوبصورتی میں گم ہو گیا۔ اچانک آکٹوپس کے بازو لرزنے لگے جیسے بے جان ہو گئے ہوں۔ چند لمحے بعد ہنا تڑپے وہ بے جان ہو گیا اور وہ کسی انجانے منہ میں غائب ہونے لگا۔ لمحوں میں اس آکٹوپس کو نگل لیا گیا تو گہرا اندھیرا چھٹنے لگا۔ روشنیاں بھی مدہم پڑنے لگیں۔ نیلگوں روشنی میں مطلع صاف ہوا تو دیکھا وہ ایک بہت بڑی جیلی فش تھی۔ اس نے اپنے کو چھپانے کے لیے آگے پیچھے ایسا گدلا پن چھوڑ دیا تھا کہ کوئی اسے نہ دیکھ سکے مگر اس نے اپنی طرف کشش کے لیے روشنیاں دکھائی تھیں۔ میں آبی دنیا کے مشاہدے میں تھا۔ میں یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ اس سے بھی بڑی اور ظالم مخلوق کون سی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

❁......❁......❁

دوپہر ہو چکی تھی، جب رونیت کور کے ساتھ جسپال سنگھ چھ منزلہ عمارت کے سامنے رکشے میں آن رکا۔ چندی گڑھ کے وی آئی پی روڈ جس پر اسکی کئی عمارتیں ہیں۔ انہی میں سے ایک عمارت کی تیسری منزل پر رونیت کور کا فلیٹ تھا۔ لفٹ کے ذریعے وہ دونوں فلیٹ تک جا پہنچے۔ دروازہ کھولنے کے بعد وہ اندر گئے تو جسپال نے پہلے سادہ سی رونیت کور کو دیکھا، پھر ایک نگاہ فلیٹ کے اندر ڈالی۔ پھر اس نے ایک مہنگے صوفے پر بیٹھتے ہوئے خوشگوار لہجے پوچھا۔

"رونیت! یہ فلیٹ تمہارا ہی ہے نا، ہم کسی دوسرے کے فلیٹ میں تو نہیں گھس آئے؟"

"ہوں......" رونیت کور نے ہنکارا بھرا اور پھر کھڑے کھڑے بولی۔ "یہاں آنے والے ہر بندے کو ایسا محسوس نہیں ہوتا، تم بیٹھو۔ میں آکر بتاتی ہوں، کچھ پینا چاہو تو فریج میں سے لے لو۔" یہ کہہ کر وہ اندر کی جانب چلی گئی۔ جسپال نے فریج میں سے ٹھنڈا مشروب نکالا اور دوبارہ پھر سے صوفے میں آ دھنسا۔ کچھ دیر بعد رونیت کور واپس آئی تو اس نے شارٹس کے ساتھ سلیولیس ٹی شرٹ پہنی ہوئی تھی۔ اس کا گورا بدن ہی نہیں جھلک رہا تھا، بلکہ فربہ مائل بدن کی چکناہٹ تک کا احساس ہو رہا تھا۔ اس نے اپنے گیسو پونی میں باندھے ہوئے تھے۔ وہ ننگے پاؤں اس کے پاس آکر صوفے کی دوسری طرف آلتی پالتی مار کر بیٹھ گئی۔

"تمہارا کون سا روپ اصلی ہے؟" جسپال نے کہا ایک اور لمبا گھونٹ لیا۔

"دونوں ہی۔" اس نے مسکراتے ہوئے کہا پھر ایک لمحہ خاموشی کے بعد خوشگوار انداز میں بولی۔ "جسپال جی، گرودوارے تو اس طرح نہیں جایا جا سکتا نا اور یہاں گھر میں ما لیے ہی رہتی ہوں میں، یہ لگژری فلیٹ میں نے خود خریدا ہے اور یہاں جو کچھ دکھائی دے رہا ہے یہی میرا [illegible] ہے۔ تم مجھے مذہب کے معاملے میں بہت کنزاور باقی زندگی میں الٹرا ماڈرن کہہ سکتے ہو۔"

"میرے کیا کام آ سکتی ہو؟" جسپال نے دوٹوک انداز میں پوچھا۔

"جیسا کام تم چاہو۔" اس نے جسپال کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

"تم نے مجھے اتنی جلدی اتنی ساری معلومات دے دی ہیں کلیان سنگھ کے بارے میں، اس سے لگتا ہے کہ تمہارا نیٹ ورک کافی مضبوط......" اس نے کہنا چاہا تو رونیت کور بولی۔

"نہیں، جس طرح تم سوچ رہے ہو، ویسا میرا کوئی نیٹ ورک نہیں ہے، ہاں کالج کا ایک گروپ ہے جو کافی مذہبی ہے، اس کے لیے میں نے اپنی زندگی وقف کی ہوئی ہے۔ کیونکہ اس کے علاوہ میرے پاس کوئی آپشن نہیں ہے۔ میں اکیلی ہوں اس دنیا میں۔ میں کمپیوٹر سوفٹ ویئر انجینئر ہوں۔ ہمارے ایک پروفیسر صاحب ہیں، وہ بھی بہت مذہبی ہیں۔ سمجھو، وہی ہمیں لیڈ کرتے ہیں، وہی ہمارے ذمے کام لگاتے ہیں اور ہم نے کبھی اس کام کے بارے میں نہیں پوچھا۔"

میں بھی زیادہ تفصیلات میں نہیں جاتا، میں صرف یہ جاننا چاہتا ہوں کہ سندو کی تلاش ہم کیسے کر پائیں گے۔ اس کے بارے میں جو معلومات مجھے ملی ہیں، وہ میں نے تمہیں اور سیوک سنگھ کو بتا دی ہیں۔" جسپال نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا۔ رونیت کور بھی سوچنے والے انداز میں اس کے چہرے پر دیکھتی رہی۔ چند لمحے یونہی گزر گئے۔ پھر سر سرانے والے انداز میں بولی۔

"دیکھو، میں ایک سوفٹ ویئر انجینئر ہوں۔ میرے پاس جو مہارت ہے اس کی آخری حدوں تک میں تمہارا ساتھ دینے کے لیے تیار ہوں۔ میں نہیں جانتی کہ میری یہ مہارت تمہارے کس قدر کام آ سکتی ہے۔"

"یہ میرے کیا کام آ سکتی ہے؟" جسپال نے عام سے انداز میں پوچھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"میں نے کہا نا کہ مجھے نہیں پتہ، ہاں لیکن تم جو سوچو، اس کے لیے میں کچھ نہ کچھ کر سکتی ہوں۔اس کے لیے میں تمہیں ایک چھوٹا سا تماشا دکھا سکتی ہوں۔" رونیت کور نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"کیسا تماشا؟" وہ تیزی سے بولا۔

"ابھی دکھاتی ہوں۔" یہ کہہ کر وہ اٹھی اور اپنے بیڈ روم میں چلی گئی، واپس آئی تو اس کے ہاتھ میں مہنگا لیپ ٹاپ تھا۔ پھر چلتی ہوئی اس جگہ چلی گئی، جہاں شیشے کی مضبوط دیوار تھی۔ وہاں صوفے دھرے ہوئے تھے۔ وہاں سے وی آئی پی روڈ کا چوراہا صاف دکھائی دے رہا تھا۔ اس نے جسپال کو بھی وہیں بلا لیا۔ وہ آ کر بیٹھ گیا تو رونیت کور بولی۔ "جسپال، یہ سامنے چوراہا دیکھ رہے ہو، کس قدر ٹریفک رواں دواں ہے۔ ٹریفک میں کوئی خلل نہیں ہے، سب ٹھیک ٹھاک چل رہا ہے نا۔"

"بالکل ایسے ہی ہے۔" اس نے کہا۔

"چندی گڑھ کے آدھے سے زیادہ حصے کو ڈیجیٹل کر دیا گیا ہے، جس میں سیکورٹی سے لے کر ٹریفک کے اشارے تک کنٹرول کیے جاتے ہیں۔ میں جب چاہے اس کا سارا نظام، درہم برہم کر دوں، جس کی بھی سیکورٹی ہو جب چاہے ختم کر دوں۔ یہی چوراہا ہے، اسے صرف دو منٹ اپنی مرضی سے روکوں گی۔" اس نے گہری سنجیدگی سے کہا۔

"اس سے گاڑیوں کا نقصان بھی ہو سکتا ہے۔" جسپال نے تیزی سے کہا۔

"تو ہو جائے۔" اس نے لیپ ٹاپ کی اسکرین پر دیکھتے ہوئے اس قدر روکھے انداز میں کہا کہ جسپال کو اس کے اندر کی درندگی کا احساس ہونے لگا۔

"وہ دیکھو۔" رونیت نے کہا تو جسپال نے فوراً چوراہے کی طرف دیکھا۔ وہ کہہ رہی تھی "ابھی چاروں طرف کی ٹریفک ایک دم سے رکے گی۔" اس نے دیکھا ٹریفک رکنے لگی۔ "اب چاروں طرف سے چلے گی۔" چند لمحے گزرے، چاروں جانب کی ٹریفک چل پڑی۔ "دیکھنا کتنی گاڑیاں لگتی ہیں۔" گاڑیاں ایک دم سے چلیں، کوئی اسپیڈ میں بڑھی کوئی آہستگی سے، اگلے ہی لمحے کئی گاڑیاں ایک دوسرے سے ٹکرا گئیں۔ جسپال نے رونیت کی طرف دیکھا، وہ اسکرین پر دیکھ رہی تھی۔ اس نے پھر چوراہے پر دیکھا، وہاں ٹریفک بلاک ہو گئی تھی۔ رونیت نے لیپ ٹاپ ایک طرف رکھا اور اس کے ساتھ آ کر کھڑی ہو گئی۔ چوراہے پر گھمسان کا رن پڑا ہوا تھا۔ لوگ ایک دوسرے پر چیخ رہے تھے۔

"یہ تم نے کیسے کیا؟" جسپال نے پوچھا۔

"یہ تو کچھ بھی نہیں ہے، شہر کا نظام میری ان انگلیوں میں ہے۔ آؤ ادھر بیٹھتے ہیں۔" یہ کہہ کر وہ اسی صوفے پر جا بیٹھی جہاں وہ پہلے جسپال کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی۔ وہ بھی وہیں جا کر بیٹھ گیا تو رونیت نے بتایا۔ "کلیان سنگھ کے بارے میں جو کچھ میں نے بتایا، یہ وہ معلومات ہیں، جو ہر بندہ جانتا ہے۔ یہ معلومات وہ خود لوگوں کو بتانا چاہتا ہے۔ میں بتاتی ہوں کہ یہ میرے کس نیٹ ورک کا کمال ہے۔"

"تو کیا تم کلیان سنگھ کے کمپیوٹر سے وہ ساری معلومات" جسپال نے کہنا چاہا تو وہ بات اچکتے ہوئے ایک ادا سے بولی۔

"یہ ہوئی نا بات، ایک لائن مل گئی نا، میں شام تک تمہیں وہ ساری معلومات دے دوں گی جو بھی مجھے اس کے ہاں سے ملیں گی، اس میں سے آگے تم جو چاہو۔"

"اپنے پروفیسر سے کب ملوا رہی ہو مجھے؟" جسپال نے پوچھا۔

"چاہے ابھی مل لو، ویسے تم نے ملنا تو ہے ہی ان سے، آخر لیڈ تو انہوں نے ہی کرنا ہے۔" رونیت نے کاندھے اچکاتے ہوئے کہا۔

"تو چلو، ابھی ملتے ہیں۔" جسپال نے کہا۔

"آؤ۔" وہ اٹھی اور باہر کی طرف چلی۔

"اس حلیے میں؟" اس نے تیزی سے پوچھا۔

"ارے کیا فرق پڑتا ہے، آؤ۔" یہ کہہ کر وہ ... ٹکا

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

گئی۔ جسپال اس کے پیچھے لپکا۔ وہ بالکل سامنے والا دروازہ کھولے کھڑی تھی۔ اس نے اندر آنے کا اشارہ کیا اور خود اندر چلی گئی۔

بہت سجا ہوا ڈرائنگ روم تھا۔ جس میں بسنتی رنگ زیادہ تھا۔ ایک سیاہ صوفے پر موٹا سا ادھیڑ عمر سکھ بیٹھا ہوا تھا۔ جس کی داڑھی سفید تھی۔ آنکھوں پر نظر کا چشمہ تھا۔ سفید شلوار قمیص پر گہرے نیلے رنگ کا ویسٹ کوٹ پہنا ہوا تھا اور اسی رنگ کی پگڑی باندھی ہوئی تھی۔

"آئیے آئیے، جسپال سنگھ جی آئیے۔ ست سری اکال جی۔" اس نے کھڑے ہو کر فتح بلائی اور ہاتھ جوڑتے ہوئے بولا۔ "مجھے پروفیسر دویندر سنگھ کہتے ہیں، تم مجھے صرف پروفیسر کہہ سکتے ہو۔" جسپال نے بھی فتح بلائی اور وہ دونوں بیٹھ گئے۔ رونیت کور اندر کی طرف چلی گئی۔

"سنئے آپ، اگروال صرف سندو... کہاں تلاش کریں اسے اور کیسے؟" جسپال نے کسی تمہید کے بنا مطلب کی بات کی تو پروفیسر سنگھ سر ہلاتے ہوئے بولا۔

"مل جائے گا، اگر وہاں ضرورت پڑی تو۔ میں جانتا ہوں اسے کالج کے دور میں وہ بہت نڈر قسم کا لڑکا تھا۔ بہت انجان تھی اس کی ماں نے دھرم کے لیے کام بھی بہت کیا، اسی لیے میں نے حامی بھری اسے تلاش کرنے کی۔"

"مطلب آپ کا رابطہ..." جسپال نے کہنا چاہا۔

"یہ دنیا ہے، ہمیں ایک دوسرے سے رابطہ کرنا ہی پڑتا ہے۔" پروفیسر سنگھ نے اس کی بات قطع کرتے ہوئے تیزی سے کہا پھر ایک لمحہ توقف کے بعد بولا۔ "تم نے بہت اچھا سوچا ہے کہ اس کے اردگرد ہی سے سراغ لیا جائے۔ صرف کامیابی ہی کو نہیں دیکھنا اس کے اور بہت سارے دوست بھی ہو سکتے ہیں، جیسے اس کی دوست نیا اگروال بھی تو ہے۔ بہت کچھ انجانے میں بھی ہو سکتا ہے۔ خیر رونیت آج شام تک یا صبح تک کوئی نہ کوئی راستہ رکھ دے گی۔" پروفیسر نے تحمل سے کہا۔

"تب تک...؟" جسپال نے اس کے چہرے پر دیکھتے ہوئے فقرہ ادھورا چھوڑ دیا۔

آپ دنیا کے کسی بھی خطے میں مقیم ہوں

ماہنامہ آنچل
ماہنامہ نئے افق

ہم بروقت ہر ماہ آپ کی دہلیز پر فراہم کریں گے

ایک رسالے کے لیے 12 ماہ کا زرِ سالانہ
(بشمول رجسٹرڈ ڈاک خرچ)

پاکستان کے ہر کونے میں 700 روپے

افریقہ، امریکا، کینیڈا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے لیے
5000 روپے (ایک ساتھ منگوانے پر)
6000 روپے (الگ الگ منگوانے پر)

مڈل ایسٹ، ایشیائی، یورپ کے لیے
4500 روپے (ایک ساتھ منگوانے پر)
5500 روپے (الگ الگ منگوانے پر)

رقم ڈیمانڈ ڈرافٹ، منی آرڈر، منی گرام، ویسٹرن یونین کے ذریعے بھیجی جا سکتی ہیں۔
مقامی افراد دفتر میں نقد ادائیگی کر سکتے ہیں۔

رابطہ: طاہر احمد قریشی ... 0300-8264242

نئے افق گروپ آف پبلی کیشنز

کمرشل پراپرٹی: 7، فرید چیمبرز، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی۔
فون نمبر: +922-35620771/2

aanchalpk.com
aanchalnovel.com
Circulationn14@gmail.com

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"بہت کچھ ہو رہا ہے۔ لیکن جب تک ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں ہوگا تب تک ہم کیا کریں گے۔" پروفیسر نے سکون سے کہا۔

"کون کر رہا ہے؟" جسپال نے پوچھا۔ جس پر پروفیسر اس کے چہرے پر دیکھتا رہا، چند لمحوں بعد اس نے ایک گہرا سانس لیا اور بولا۔

"بیٹا! میں نے اپنی زندگی دھرم کے لیے دے دی ہوئی ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ ہم سن سینتالیس میں آزاد ہوئے تھے، کیونکہ سن چوراسی میں ہمیں یہ یقین دلا دیا گیا کہ ہمارا کوئی وطن نہیں ہے، ہم بے وطن ہیں۔ اس وقت میں نیا نیا پڑھانے لگا تھا۔ بس پھر میں نے اپنا مشن بنا لیا اور تب سے میں دھرم کے لیے کام کر رہا ہوں۔"

"اب ریٹائر ہو گئے ہیں آپ؟" جسپال نے پوچھا تو وہ بولا۔

"ہاں اور میری ساری زندگی کی جمع پونجی یہ چند بچے ہیں، جنہیں میں نے تیار کیا ہے۔ یہ سارے بچے کسی نہ کسی حوالے سے سن چوراسی کے زخم خوردہ ہیں اور کالج ایک ایسی جگہ ہے جسپال، جہاں سے کیرئیر کی سمت کا تعین ہو جاتا ہے۔ میں نے اس دور سے بڑا تجربہ کیا ہے۔ خیر تم شاید یہ سمجھ رہے ہو کہ میں اکیلا بوڑھا یہاں بیٹھا باتیں کر رہا ہوں، ایسا نہیں ہے وقت آنے پر سب کچھ سامنے آ جائے گا۔"

"یہ تو سچ ہے پروفیسر صاحب ہم سکھوں کا کوئی وطن نہیں لیکن اس میں غلطیاں تو ہمارے بڑوں کی بھی ہیں۔ اتہاس (تاریخ) کو بدلا نہیں جا سکتا۔" جسپال نے دکھی لہجے میں کہا۔

"جسپال! شاید ابھی تم نے اس دنیا کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔" پروفیسر نے جذباتی ہوتے ہوئے کہا، پھر خود پر قابو پا کر بولا۔ "شطرنج کی بساط بچھائی جاتی ہے تو مہروں کے ذریعے کھیل کھیلا جاتا ہے۔ مہرے بے جان ہوتے ہیں اور ان مہروں کو خبر بھی نہیں ہوتی کہ ان کے ذریعے کون شاطر کھیل رہا ہے۔ بے چارے مہرے ان مہروں کی نہ مات ہوتی ہے اور نہ جیت۔ اسی طرح کٹھ پتلی کو بھی پتہ ہوتا کہ کون مداری اسے اپنی انگلیوں پر نچا رہا ہے۔ مداری یا تماشہ باز پس پردہ ہوتا ہے۔ کٹھ پتلی کی جیت ہوتی ہے نہ ہار۔ اس کا کام صرف انگلیوں پر ناچنا ہے۔ فائدہ تماشہ دکھانے والا مداری لے جاتا ہے۔ یہی حال اس دنیا کا ہے، تم کیا بننا پسند کرو گے، مہرہ، شاطر، کٹھ پتلی، مداری، تماشہ باز؟" وہ اس سے بھی زیادہ دکھ سے بولا۔

"ایک تیسری قسم قلندر کی ہوتی ہے، جو زندہ خونخوار جانوروں کو اپنے اشاروں پر نچاتا ہے۔ یہاں آدمی نما جانور بہت ہیں اور انسان بہت کم ہیں اس دنیا میں اور سمجھو کہ یہ دنیا انہی انسانوں کی وجہ سے چل رہی ہے۔" جسپال نے جذبات سے عاری لہجے میں کہا۔

"تم ٹھیک کہتے ہو جسپال سنگھ، لیکن کیا تم جانتے ہو یہ سارے کھیل تماشے کیوں ہوتے ہیں؟" پروفیسر سنگھ نے پوچھا۔

"آپ بتائیں، آپ بہرحال مجھ سے زیادہ جانتے ہیں۔" وہ پرسکون لہجے میں بولا۔

"ہر زمانے اور ہر دور میں انسان پر انسان نے حکومت کی ہے، یہ کوشش بھی ایک کھیل کی مانند ہوتی ہے۔ کھیلنے والے پس پردہ ہوتے ہیں، کسی مہرے کو کوئی پتہ نہیں ہوتا کہ وہ کس گیم کا حصہ بن گیا ہے۔ آج بھی "گریٹ گیم" جاری ہے۔ جس میں سرحدیں کوئی معنی نہیں رکھتیں ہیں۔ وقت کے ساتھ ہتھیار بھی بدل گئے ہیں۔ پرانے ہتھیاروں پر یقین رکھنے والی قومیں، نئے ہتھیاروں کا مقابلہ نہیں کر پا رہی ہیں، ہمارے سامنے کے حالات ہمیں یہی سبق دے رہے ہیں۔ جیسے میڈیا، کبھی ایک آلہ تھا، اب ایک ہتھیار بن چکا ہے۔ "گریٹ گیم" کھیلنے والے اس ہتھیار کو جس طرح استعمال کر رہے ہیں، تم اس سے بخوبی واقف ہو۔ شطرنج پر تو مخصوص مہرے ہوتے ہیں، لیکن گریٹ گیم کی بساط پر نجانے کتنے مہرے ہوتے ہیں، کیونکہ گریٹ گیم کا پھیلاؤ بہت بڑا ہے۔ سمجھ لو ان دیکھی بساط، جس کا کوئی سرا کنارا نہیں ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اور ممکن ہے تم اور میں کسی گریٹ گیم کا حصہ ہوں۔" پروفیسر نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"میں تو ایک بات جانتا ہوں، دنیا کی کوئی بھی گریٹ گیم ہو، وہی قومیں مہرہ بنتی ہیں، جنہیں اپنے آپ کا شعور نہیں اور جنہیں اپنے آپ کا شعور ہوتا ہے وہ ایسی کئی گریٹ گیم اپنی چٹکی میں پکڑ کر ایک طرف پھینک دیتی ہیں۔ یہ میڈیا تو کوئی شے ہی نہیں، انسان کا پختہ ارادہ ہی سب کچھ ہے۔ آپ غم نہ کریں، واہگرو نے جو آپ کے ذمے کام لگایا ہے، اداکریں۔" جسپال نے کہا۔

"وہی تو کر رہا ہوں پتر! گرو مہاراج نے ہمیں پانچ ککے کیوں دیئے؟ ابلیسی ارادے، طاقت کی جانب اور خفیہ طاقت فطری طور پر حکومت کرنے کی طرف لے جاتی ہے۔ جس مقصد کی بنیاد میں منفی رویے ہوں، ایسی حکومت ظلم کی حکومت ہوتی ہے۔ گروؤں نے پانچ ککے اسی لیے دیئے ہیں۔ کنگھا اس لیے کہ اپنے دماغ کو سنوار کر رکھو تکبر نہ آنے دو، کچھا اس لیے کہ اپنی شہوت پر قابو رکھو، کیس، فطرت کے ساتھ رہو، جو حسد سے دور رکھتی ہے، کڑا، کسی بھی اونچ کی جانب ہاتھ بڑھاؤ تو تجھے احساس ہو جائے کہ یہ انسان کے لیے غلط ہے۔ کرپان، اپنی خواہشوں کو کاٹ کر رکھو۔" پروفیسر نے سکون سے کہا تو جسپال بولا۔

"یہ تو ہم سوچتے ہیں نا، عالمی سطح پر......"

"سکندر اعظم سے لے کر اشوکا تک، بلبن سے لے کر رنجیت سنگھ تک اور مغلوں سے لے کر اندرا گاندھی تک ۔۔۔ سب کو دیکھ لو، کس نے کیا کیا، یہی سب اتہاس ہے۔" وہ تیزی سے کہتا چلا گیا۔

"پروفیسر صاحب! باقی رب جانتا ہے، جو کام رب کے کرنے والے ہیں وہ رب کرے، جو ہمارے کرنے والے ہیں، وہ ہمیں کرنے چاہئیں۔" جسپال نے بے حد جذباتی ہوتے ہوئے کہا۔ اس پر پروفیسر نے کچھ کہنا چاہا ہی تھا کہ اندر سے ایک ادھیڑ عمر خاتون باہر آئی اور بڑے ٹھہرے ہوئے لہجے میں بولی۔

"آؤ جی، پرشادے شھک لو۔"

"یہ میری سرداری ہے جسپال، آؤ، کھانا کھاتے ہیں۔" یہ کہتے ہوئے پروفیسر اٹھ گیا۔

وہ کھانا کھا کر وہیں ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے باتیں کرتے ہوئے چائے پی رہے تھے کہ رونیت کور وہیں آ گئی۔ اس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا۔ اور ایک طرف آ کر بیٹھی اور پرجوش لہجے میں بولی۔

"کلیان سنگھ عرف کلی کا میں نے سب کچھ دیکھ لیا، اس نے بہت بلیک منی بنائی ہے، جس کا کچھ حصہ میں نے اپنے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کر دیا ہے۔ لیکن پر ابھی سندو جی کے بارے میں پتہ نہیں چلا، مگر ایک اشارہ ملا ہے۔"

"وہ کیا؟" پروفیسر نے پوچھا۔

"ہمارے اس چندی گڑھ کے ایم ایل اے، بر تیک سنگھ چاول کے ساتھ کلیان سنگھ کا اس وقت سے کاروباری تعلق ہے جب سے سندو غائب ہوا ہے۔ شراکت داری میں ایک بڑی رقم لگائی گئی ہے۔ اس کی ایف آئی آر بھی ان دونوں نے جا کر لکھوائی تھی۔ سندو کا پتہ ان دونوں میں سے باہر آئے گا۔ یہ مجھے یقین ہو گیا۔ اصل حقیقت کیا ہے یہ......" رونیت کور نے کہنا چاہا

"پتہ کر لیتے ہیں۔" جسپال نے اس کی بات اچک لی۔ پھر اس کے چہرے پر دیکھا

"ٹھیک ہے، میں ابھی تمہیں بتاتی ہوں۔" اس نے کہا اور اٹھ گئی۔ جسپال نے گہرا سانس لیا اور کسی بھی ہنگامی صورت حال کے لیے خود کو تیار کرنے لگا۔ کسی وقت بھی کچھ ہو سکتا تھا۔

❁......❁......❁

نیلگوں روشنی چھٹ چکی تھی اور آہستہ آہستہ نارنجی روشنی زرد رنگ میں بدلتی جا رہی تھی۔ ایک زوردار لہر آئی اور اس نے مجھے ساحل سمندر پر یوں پھینک دیا، جیسے اس سمندر نے مجھے اگل دیا ہو۔ میرا وہ جسم، جو تہہ آب ٹرانسپیرنٹ ہو گیا تھا، اب مجھے یوں دکھائی دینے لگا تھا جیسے مادی وجود تو ہو لیکن نہ اس کا وزن ہو اور نہ ہی

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

احساس۔ میں نے اپنے اطراف میں دیکھا تو میں ایک خاردار جھاڑی کے ساتھ لیٹا ہوا تھا۔ جھاڑی کی ایک شاخ کے سرے پہ موجود ایک خار کو دیکھا۔ ایسے ہی اس پر نگاہ پڑی تھی۔ نوک خار پہ پانی کا ایک قطرہ محو رقص تھا۔ وہ ایک عام سا قطرہ تھا۔ نہ آبگینے کی مانند اس میں سے روشنیاں پھوٹ رہی تھیں۔ نہ ایسا تھا کہ کوئی ہیرا سورج کی روشنی میں دمک رہا ہو۔ بس وہ ایک شفاف قطرہ تھا۔ ہلکی ہلکی ہوا میں خار جیسے جھوم رہا تھا۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ سورج کی روشنی میں اس کے رنگ بدلتے، کبھی دھنک رنگ اور کبھی طلسماتی رنگ پھوٹتے لیکن ایسا کچھ بھی نہیں تھا۔ میں اس کی بے رنگی کے بارے میں سوچ رہا تھا کہ ایک دم سے اس قطرے میں سے آہ و بکا کی آوازیں پھوٹنے لگیں۔ میں حیران ہو گیا کہ قطرے کی چمک دمک تو ہوتی ہے لیکن یہ رونے آہ و بکا کی آوازیں کیسی ہیں؟ میں جب پوری طرح اس میں کھو گیا تو ایک صدا ابھری۔

"میری آہ و بکا میں نہ کھو کر رہ جا، میرے اندر کی صاف صدا سن۔"

میں اس قطرے کی جانب دیکھنے لگا۔ بلاشبہ یہ اسی قطرے کی آواز تھی۔ میں نے اسے دیکھا۔ اس کی آہ و بکا عروج پر تھی۔

"میں سن رہا ہوں، تو بتا تو ہے کیا؟" میں نے پوچھا۔

"میں ایک قطرہ ہوں۔ سمندر سے الگ ہوا قطرہ، آنکھ سے ٹپکا ہوا یا بارش کا قطرہ یا وہ قطرہ، جس میں تخلیق کا جوہر پوشیدہ ہوتا ہے اور یہ جان لو قطرہ اسی وقت بنتا ہے جب وہ الگ ہو جائے۔"

"تمہاری آہ و بکا، یہ کیا ہے؟" میں نے اس کے رنگوں اور اس کی تڑپ کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"تو میری آہ و بکا تو سن رہا ہے لیکن میں نے تم سے کہا ہے کہ میرے اندر کی صدا سن۔"

"کیا ہے تمہارے اندر کی صدا؟"

نوک خار پہ میرا رقص، میری تڑپ دیکھ۔ میں اپنے سمندر سے الگ ہوں اور سمندر کے کنارے پڑا ہوں۔ کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ سارا سمندر میرے اندر پڑا ہے۔ میری صدا میری جدائی ہے، کیا تو میری جدائی میں میرا وصال نہیں دیکھ رہا۔ کیا تو مجھ میں ایک سمندر کی پیاس نہیں دیکھ رہا۔ میرے اندر ایک گمشدہ ہوئی کائنات موجود ہے۔ کیا تم یہ نہیں دیکھ رہے ہو کہ میری تڑپ اور سمندر کی تڑپ ایک جیسی ہے۔ میں سمندر سے الگ ہو گیا ہوں تو مجھے پتہ چلا ہے کہ پیاس کیا ہوتی ہے؟ مجھے جدائی اور وصال کی لذت سے آشنائی ہوئی ہے۔ میں سارے سمندر کی قوت ہوں۔ میری اسی حرکت میں تو سمندر کی حرکت پوشیدہ ہے۔ میں تڑپتا ہوں تو سمندر بھی تڑپتا ہے۔"

"یہ تو تم اپنی تعریف میں کہہ رہے ہو۔ ایسا ہے بھی؟"

"میں سمندر کی پیاس ہوں اور سمندر میری پیاس ہے۔ اس سے بڑا ثبوت میں تمہیں اور کیا دوں۔ تم نہیں مانتے تو اس میں قصور تمہارا نہیں، تم خود سے غافل ہو۔ خود پہ غور کرو۔ کیا تم بھی ایک قطرہ نہیں تھے۔ کیا آج تم میں کائنات تسخیر کرنے کی خواہش نہیں ہے؟ یہ تڑپ انہی میں نہیں ہوتی جو خود سے غافل ہیں اور خود سے غفلت سب سے بڑی غلطی ہے۔"

"غلطی، یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟"

"جدا ہونے کے بعد بھی، جدائی کو محسوس نہ کرنا ہی سب سے بڑی غلطی ہے اور دیکھو، غلطی کا احساس ہی اس کے سدھارنے کی سمت کا تعین کرتا ہے۔ غلطی بذات خود کہہ رہی ہے کہ یہ تمہاری کوتاہی ہے اس کی تکمیل کرو اور مکمل ہونے کی کوشش کرو۔"

"چند قدم پر تو یہ سمندر پڑا ہے، جاؤ اس میں جا کر مل جاؤ، یہ آہ و بکا کیوں؟"

"میں آہ و بکا نہیں کر رہا بلکہ یہ اعلان کر رہا ہوں کہ مجھے وہ راز مل گیا۔ اب مجھے دیکھو، میں سمندر سے الگ ہوا تو مجھ میں جدائی پیدا ہو گئی۔ اب تو بھی جدائی دیکھ اور جدائی میں پڑا ہوا وصال دیکھ۔ ہجر میں وصال ہے اور وصال میں ہجر۔"

"بے شک ایسا ہی ہو گا لیکن......"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"نگاہ پیدا کر، جو تجھے میری آہ و بکا لگتی ہے اس میں میری ہمت دیکھ، میرا ولولہ دیکھ کہ میں جدائی ہونے کے باوجود وصل کی کوشش میں لگا ہوا ہوں۔ اب میرا سمندر سے ملنا یونہی نہیں ہوگا۔ مجھ میں جدائی نے یہ ہمت پیدا کر دی ہے کہ اب بارش کی صورت میں سمندر سے جا ملوں گا۔"

تو پھر یہ آہ و بکا، اور شور غل کیوں؟"

"مجھے یہ سمجھ آ گئی ہے کہ جب میں بارش کے قطرے کی صورت میں سمندر سے ملوں گا تو سمندر سے نہیں ملنا، بلکہ سیپی میں جا کر ایک انمول موتی بننا ہے۔"

"یہ راز تجھے کس نے بتایا؟"

"میرے ہونے نے، میں جدائی میں جلا ہوں اسی لیے مجھ میں سوز پیدا ہو گیا ہے اور وہ ظرف پیدا ہو گیا ہے۔ تو بھی خود میں ظرف پیدا کر کہ ہر بندہ اپنے ظرف کے مطابق مانگتا ہے۔"

"یہ کیا ظرف ہے کہ جس نے تم سے تیری رنگینی ہی چھین لی، قطرہ تو چمکتا ہے، اس میں رنگینی ہوتی ہے، لیکن تو اتنا سادہ کیوں ہے؟"

"دلکش تو ہوں نا، صرف ان کی نگاہ میں جو قطرت کی حقیقت کو سمجھتے ہیں۔ اسی ہجر نے میری رنگینی کو مجھ سے جدا کر دیا ہے۔ دیکھنا جب یہ سادہ سا قطرہ موتی بنا تو انمول ہو جائے گا، دیکھنا۔"

دیکھتے ہی دیکھتے وہ قطرہ مزید تڑپنے لگا۔ وہ جذب کے رقص میں آ گیا اور پھر سورج کی تیز دھوپ میں اس کا وجود آسمانوں کی جانب اٹھ گیا۔ ایک لمحے کے لیے تو مجھے یوں لگا جیسے وہ قطرہ تحلیل ہو گیا۔ مگر ایسا نہیں تھا، ایک دم سے بادل آسمان پر چھا گئے۔ سورج ان کی اوٹ میں چھپ گیا۔ ہزار ہا قطرے بادلوں سے گرنے لگے۔ ان میں سے وہ قطرہ نجانے کیسے رنگ لیے سمندر سے جا ملا، ایک دم سے اس کی روشنیاں تیز ہو گئیں۔ ایک سیپی اس کے لیے محو انتظار تھی۔ وہ اس میں واصل ہو گیا۔

مجھے اگلی منزل کے لیے اٹھنا تھا۔ میں راز جان گیا تھا کہ قطرے کو گہر بننے کے لیے جدائی ضروری ہے، وصل کی تڑپ ہی اس کے گہر بن جانے کا راز ہے۔ ایک قطرہ، قطرہ ہی نہیں، قلزم بے ساحل بھی بن سکتا ہے۔ میں ساحل سے اٹھ کر آگے بڑھ گیا۔

❁......❁......❁

جسپال اور روینت کور فور وہیل جیپ کی پچھلی نشست پر تھے۔ اگلی سیٹ پر ڈرائیور کے ساتھ سیوک سنگھ تھا۔ ان کی پچھلی سیٹ پر دو لڑکیاں بیٹھی ہوئی تھیں، جن کا تعارف نہیں کرایا گیا تھا۔ سہ پہر ہونے والی تھی۔ یہ وہ وقت تھا جب سڑکوں پر ٹریفک بہت بڑھ جاتا ہے۔ ان سب نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ کلیان سنگھ کو اٹھا لیا جائے۔ کیونکہ ہرنیک سنگھ سے اس کی دوستی اور کاروباری تعلق سب کچھ سمجھا گیا تھا۔ ہرنیک سنگھ کے بارے میں انہیں شک تھا کہ وہ کوئی ایجنٹ ہے یا کسی کے لیے وہ کام ضرور کرتا ہے۔ اب معلومات لیں تو کڑیاں اس شک کو مزید پختہ کرنے لگیں۔ کلیان سنگھ کے بارے میں یہ فیصلہ اس شک کے بارے میں یقین کرنا تھا۔

وہ انہی اونچی اونچی عمارتوں میں سے ایک تھی جو سکھنا جھیل کے جنوب میں واقع تھیں۔ یہ ایک بڑا کاروباری مرکز مانا جاتا تھا۔ اس سفید عمارت میں بہت سارے دفاتر تھے۔ جسپال اور روینت کور عمارت کے سامنے اتر گئے جبکہ باقی جیپ سمیت دوسنت پارکنگ میں چلے گئے۔ وہ دونوں لفٹ کے ذریعے کلیان سنگھ کے آفس کے سامنے پہنچ گئے۔ بدیسی سوٹ پہنے دیسی لڑکی نے صاف انگریزی میں ان سے پوچھا۔

"میں آپ کی کیا خدمت کر سکتی ہوں؟"

"کلیان سنگھ سے ملنا ہے، بہت ضروری۔" روینت نے کہا۔

"جی بالکل، آپ دیکھیں، ہم وقت پر پہنچے ہیں۔" روینت نے پورے اعتماد سے کہا تو وہ دیسی لڑکی بولی۔

"آپ کا نام پلیز؟"

"مسز اینڈ مسٹر اروڑہ فرام امدھیانہ چیمبر آف کامرس"

"ہوکے۔" دیسی لڑکی نے کہا اور کمپیوٹر میں دیکھنے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

تھی۔ چند لمحوں بعد وہ مسکراتے ہوئے بولی۔

"ٹھیک ہے آپ جا سکتے ہیں۔"

وہ دونوں اندر کی جانب بڑھ گئے۔ رونیت کور نے جب ان کا کمپیوٹر ہیک کیا تھا، اسی وقت اس نے ایک نام پڑھ لیا تھا اور وہ اسی وقت کے حساب سے وہاں پہنچ گئے تھے۔ اب جو وہ کرنے جا رہے تھے، اس دوران مسز اینڈ مسٹر اروڑہ فرام لدھیانہ چیمبر آف کامرس کو نہیں آنا چاہئے تھا۔ وہ کلیان سنگھ کے آفس میں داخل ہو گئے۔

وہ سامنے ایک بڑی ساری کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ جسپال نے نگاہیں اس کے چہرے پر رکھیں۔ انہیں دیکھتے ہی اس کے چہرے کا رنگ بدل گیا، اس نے غصے میں کہا

"کون ہو تم لوگ، اروڑہ صاحب تو......"

لفظ اس کے منہ ہی میں رہ گئے تھے۔ جسپال اپنا پسٹل نکالتے ہوئے بولا۔

"ہمارے بارے میں سنو گے تو اچھا نہیں ہوگا۔ لہذا آرام سے بیٹھ جاؤ، ہمارے......"

میں پوچھتا ہوں، کون ہو تم؟" اس نے بنا کسی خوف کے کہا تو جسپال بنا کچھ کہے آگے بڑھا اور اس کی گردن پر ہاتھ ڈال دیا۔ جس پر کلیان سنگھ نے اس کی کلائی پکڑ کر مروڑنا چاہی

"جلدی کرو، ہمارے پاس وقت نہیں ہے۔" رونیت کور نے دبے ہوئے لہجے میں تیزی سے کہا تو جسپال نے پسٹل کلیان سنگھ کے ماتھے پر مارا، وہ ایک دم سے چکراتے ہوئے کرسی پر ڈھ گیا۔ جسپال نے اس کی گردن نہیں چھوڑی۔ بلکہ اس کی آنکھوں میں دیکھتا رہا

"کک...... کک...... کون ہو تم؟" کلیان کے منہ سے غصے اور نفرت سے نکلا، جس میں خوف کا شائبہ تک نہیں تھا۔

"ہمیں صرف ایک سوال کا جواب چاہئے، ہمیں جواب دو گے یا ہمارے ساتھ جانا ہے، یا پھر......" جسپال نے غراتے ہوئے کہا۔

"کیسا سوال؟" اس نے آنکھیں سکیڑتے ہوئے پوچھا۔

"سندیپ اگروال عرف سندو، تمہارا دوست، کہاں ہے؟ صرف اسی کا جواب چاہئے، اب یہ مت کہنا کہ مجھے پتہ نہیں؟" جسپال نے کہا تو وہ بری طرح چونک گیا۔ پھر ایک دم سے خود کو ڈھیلا چھوڑتے ہوئے بولا۔

"مجھے نہیں پتہ تم کون ہو، لیکن میں بھی اسے تلاش کر رہا ہوں۔ اس کے مجھ پر بڑے احسان ہیں۔ مجھے کچھ بھی ہو جائے لیکن اس کا پتہ چل جائے، میں حاضر ہوں۔"

"تو چلو پھر ہمارے ساتھ مل کر تلاش کریں۔" جسپال نے اسے اٹھاتے ہوئے کہا تو وہ ایک دم سے اٹھ گیا۔ اس کے ماتھے پر خون تھا۔ جسے اس نے ٹشو پیپر سے صاف کیا۔ اس نے میز کی دراز کھولی، اس میں سے سیل فون نکالا، پھر چابیاں نکالیں، اس کے ساتھ ہی اس نے پسٹل نکال کر ان پر تانتے ہوئے نفرت سے بولا۔ "مجھے اس کی تلاش تو ہے، لیکن تم جیسے غنڈوں کے ساتھ یوں آسانی سے چلا جاؤں، پسٹل پھینکو۔"

"گڈ، یہ تم نے بہت اچھا کیا، ابھی سامنے آ گئے، اب تجھے معافی نہیں ہے۔" یہ کہتے ہی جسپال نے اسے جھکائی دی، کلیان نے فائر کر دیا۔ جس کی آواز پورے اپارٹمنٹ میں پھیل گئی۔ جسپال اس پر جا پڑا تھا۔ وہ دونوں فرش پر تھے، رونیت نے کلیان کی کلائی پر زور سے ایڑی ماری، اس کا پسٹل چھوٹ گیا، جسے رونیت کور نے تیزی سے اٹھا لیا۔ جسپال اسے لگاتار مار رہا تھا۔ پھر اسے اٹھایا اور پوری قوت سے دروازے میں دے مارا۔ باہر سیکورٹی والے آ گئے تھے اور انہوں نے پوزیشن لی ہوئی تھی۔ مگر ان سے بھی پیچھے دو لڑکیاں گنیں لیے کھڑی تھیں۔ انہوں نے سیکورٹی والوں کو کور کیا ہوا تھا۔ رونیت نے یہ منظر دیکھا تو وہاں موجود سب کی طرف دیکھ کر کہا۔

"کسی نے بھی حرکت کی تو سمجھو وہ اوپر......"

جسپال نے کلیان کو اٹھایا اور سیڑھیوں کی جانب بڑھا۔ ان کے درمیان طے تھا کہ لفٹ ان کے لیے پنجرہ

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ثابت ہوسکتی ہے۔گھومتی ہوئی سیڑھیوں کے نیچے تک وہ تیزی سے آرہے تھے۔یہ تو ممکن ہی نہیں تھا کہ عمارت کی سیکورٹی کو پتہ نہ چلے اور انہوں نے پولیس کو اطلاع نہ دی ہو۔سیڑھیوں کے نیچے سات آٹھ نوجوان کھڑے تھے۔جسپال ٹھٹکا تو روینت کو رنے کہا۔

"جلدی نکلو۔یہ اپنے ہی ہیں۔"

انہوں نے نیچے سب کو کور کیا ہوا تھا۔وہ کلیان کو لے کر جیسے ہی سیڑھیاں اترے، وہاں موجود لڑکوں نے کلیان سنگھ کو قابو میں کرلیا۔وہ اسے باہر گاڑی تک لارہے تھے کہ ایک سیکورٹی والے نے فائر کردیا جو ایک لڑکے کو لگا۔تبھی انہوں نے ایک دم سے زوردار فائرنگ شروع کردی، جس سے وہ عمارت ہی نہیں پورا علاقہ گونج اٹھا۔تبھی ایک لڑکے نے زخمی لڑکے کو قابو میں کرتے ہوئے کہا۔

"اب نکلیں آپ، میں سب سنبھال لیتا ہوں۔"

ڈرائیور ان کی گاڑی لے آیا تھا۔انہوں نے کلیان سنگھ کو اس میں پھینکا اور تبھی بیٹھ کر چل دیئے۔

ڈرائیور بہت ماہر دکھائی دے رہا تھا۔وہ تیز رفتاری سے نکلتا چلا گیا تھا۔سڑک پر ٹریفک کا بہاؤ تھا۔کلیان سنگھ کو جسپال نے دبایا ہوا تھا۔روینت اپنے لیپ ٹاپ میں مصروف تھی۔وہ شہر کی ان سڑکوں کو بلاک کررہی تھی، جو ان کی راہ میں تھیں۔تقریباً پندرہ منٹ کے بعد وہ سنسان علاقے کی جانب بڑھتے ہوئے ایک زیرِ تعمیر بلڈنگ میں گاڑی سمیت آگئے۔جہاں پہلے ہی سے چھ لوگ تھے۔وہ اسے تیسری منزل کے اس کمرے میں لے گئے جہاں کاٹھ کباڑ پڑا ہوا تھا۔جسپال نے اسے زور سے دھکا دیا تو کلیان فرش پر جاگرا۔اس کے چہرے پر چوٹ آئی تھی۔

"چل شروع ہوجا۔نہیں بتائے گا تو اس قدر تشدد ہوگا کہ تو موت چاہے گا مگر نہیں ملے گی۔" جسپال نے کہا۔

"میں سچ کہتا ہوں، مجھے سندو کے بارے میں کچھ پتہ نہیں ہے۔" کلیان نے بے خوفی سے جواب دیا

"روینت،تم باہر جاؤ اور لڑکوں کو اندر بھیجو، وہ اس کے کپڑے اتاریں، پھر اس کی۔۔۔۔" جسپال نے کہنا چاہا مگر کلیان تیزی سے بولا۔

"مجھے اس کے بارے میں پتہ نہیں، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں تمہاری مدد نہیں کروں گا۔مجھے خود سندو کی تلاش ہے۔"

"کیوں نہیں ہوگی، وہ تمہارا بہترین دوست تھا اور تمہیں اس کے بارے میں سب پتہ تھا،اب تم یہ بھی کہو گے کہ تمہیں اس کے گم ہوجانے کا بھی پتہ نہیں!؟" روینت نے کہا۔

"لیکن یہ سچ ہے کہ مجھے اس کے بارے میں کچھ پتہ نہیں، میں خود آج تک حیران ہوں۔" وہ یوں بولا جیسے احتجاج کررہا ہو۔

"تو پھر کیا ہرنیک سنگھ کو پتہ ہے۔جواب تمہارا بہت اچھا دوست ہے، جس کے تمہارے ساتھ بہت اچھے کاروباری مراسم ہیں، یہ انہی دنوں تمہارا دوست بنا تھا جن دنوں سندو گم ہوا تھا۔" جسپال نے کہا تو وہ حیرت سے بولا۔

"ہوسکتا ہے مجھے بھی شک ہوتا ہے کہ شاید ہرنیک ہی نے ایسا کیا ہو مگر مجھے ایسا نہیں لگا۔اسے سندو سے"

کلیان نے کہا تو روینت نے طنز آمیز انداز میں کہا۔

"تمہیں یہ پتہ ہے کہ ہرنیک کیا ہے اور تم ساتھ رہتے ہو، تمہیں نہیں پتہ۔جسپال، یہ ایسے نہیں مانے گا۔میں بھیجتی ہوں لڑکے۔" یہ کہہ کر وہ باہر چلی گئی۔

"اب بھی وقت ہے۔" جسپال نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"مجھے جسپال کے غائب ہونے کا پتہ ایک ہفتے بعد لگا تھا۔وہ اکثر ایسے غائب ہوجاتا تھا۔میں یہ بھی مانتا ہوں کہ ہرنیک سنگھ ایک نیتا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کے دو نمبر دھندے بھی ہیں۔مجھے ان دونوں میں کوئی ایسی وجہ نہیں ملتی جس سے شک ہی ہوسکے کہ۔۔۔۔" کلیان نے اسے سمجھانے والے انداز میں کہا،تب تک لڑکے اندر آگئے تھے۔انہوں نے آتے ہی اس کی پگڑی کو بڑی احتیاط سے اتارا اور ایک طرف رکھ دی۔پھر ایک نے اس

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کی شرٹ اتاری، دوسرے نے پینٹ اتاری تو فقط کچھا رہ گیا۔ لڑکوں نے ڈنڈے اٹھائے اور اسے پیٹنا شروع کر دیا۔ چند منٹ بعد ہی اس نے ہاتھ اٹھا دیئے۔ پھر کراہتے ہوئے بولا۔

"رب کے لیے میری بات سنو۔"

جسپال کے اشارے پر لڑکے رکے تو اس نے پوچھا۔

"بولو کیا کہتے ہو؟"

"مجھے ہرنیک پر کوئی شک نہیں، ممکن ہے اس نے سندو کو غائب کیا ہو۔ لیکن مجھے کیا پتہ کہ تم ہرنیک سنگھ کے بندے ہی ہو؟"

اس کے یوں کہنے پر جسپال ایک دم سے ٹھٹک گیا۔ اس کا مطلب تھا کہ اسے پتہ ہے لیکن وہ اعتماد نہیں کر رہا تھا لیکن یہ طے تھا کہ معاملہ اس کے اور ہرنیک کے درمیان تھا اور انہیں سے پتہ چل سکتا ہے۔

"چلو، اتنا بتا دو کہ سندو زندہ ہے؟" جسپال نے پوچھا۔

"اسے زندہ ہونا چاہئے۔" وہ کراہتے ہوئے بولا۔

"ٹھیک ہے، تم ہمارے مہمان رہو، اس وقت تک، جب تک ہرنیک ہمارے ہاتھ نہیں آ جاتا۔" جسپال نے کہا تو وہ بولا۔

"بہت مشکل ہے تب تک وہ مجھے ڈھونڈ نکالے گا۔"

"دیکھتے ہیں۔" جسپال نے کہا اور لڑکوں کو اشارہ کر کے باہر نکل گیا۔

سورج مغرب کی اوٹ میں چھپ گیا تھا۔ چندی گڑھ کی روشنیاں جگمگا اٹھی تھیں۔ جسپال اور رونیت موہالی کی طرف جانے والی سڑک پر موجود ایک بڑے بنگلے میں تھے۔ بظاہر وہ ایک فیکٹری سے ملحقہ دفتر تھا۔ جس میں کام کرنے والے لوگ جا چکے تھے اور تھوڑے سے لوگ وہاں تھے۔ وہ دونوں ایک کمرے میں تھے۔ ان کے پاس امبیت سنگھ اور سانولے چہرے والی پتلی سی گرلین کور تھی۔ وہ چاروں کمپیوٹر کے پاس تھے۔ تبھی رونیت کور نے جسپال سے کہا۔

"لو ہم یہاں آ گئے ہیں، اب بتاؤ، میرے سامنے سمجھو پورا چندی گڑھ ہے۔ جہاں کی نشان دہی کرو گے وہیں میں اسے تلاش کر لوں گی۔"

"یہاں کوئی سیکٹر سولہ ہے؟"

"بالکل ہے۔" یہ کہتے ہوئے رونیت کور نے کمپیوٹر کے کی بورڈ پر انگلیاں چلائیں۔ چند لمحوں بعد اس نے کہا: "یہ سامنے سیکٹر سولہ ہے۔"

تب جسپال نے اسے ہندسوں میں لوکیشن بتائی اور رونیت اس کے مطابق کمپیوٹر میں فیڈ کرتی رہی۔ کچھ دیر بعد رونیت کور مسکراتے ہوئے لہجے میں بولی۔

"یہ سرخ دھبہ ہرنیک کی نشان دہی کر رہا ہے اور نقشے کے مطابق وہ اس وقت سیکٹر سولہ میں ہے۔ مطلب بقول تمہارے اس کے سیل فون کی لوکیشن ہے۔"

"مزید دیکھو، وہ جگہ کون سی ہے، لڑکے پہنچ جائیں گے وہاں۔" امبیت نے تیزی سے کہا۔

"وہ لڑکوں کے بس کی بات نہیں ہوگا۔" گرلین کور نے اس سے بھی تیز لہجے میں کہا۔

"مگر یہ تو یقین ہو جائے گا کہ وہ وہیں ہے۔" امبیت نے کہا۔

"یہ ٹھیک ہے، مگر کوئی ایکشن نہیں۔" یہ کہہ کر رونیت کور نے جسپال کی طرف دیکھا اور پوچھا۔ "جسپال یہ پکا ہے نا؟"

"ایک دم پکا۔" اس نے کہا۔

تبھی امبیت نے فون نکالا اور کسی کو ہدایات دینے لگا۔ جہاں پر سرخ دھبہ تھا۔ وہ لوکیشن بتائی۔ وہ فون کر چکا تو رونیت نے گرلین سے کہا۔

"تم ادھر رہو اور ہمیں اپ ڈیٹ کرتے رہنا، ہم نکلتے ہیں اور ادھر ادھر کا بھی خیال رکھنا۔"

"میں جانتی ہوں، مجھے کیا کرنا ہے۔" اس نے اعتماد سے کہا۔

وہ چاروں ایک سیاہ فور وہیل گاڑی میں سوار تیزی سے سیکٹر سولہ کی طرف جا رہے تھے۔ ڈرائیو روہی تھا لیکن گاڑی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

انہوں نے بدل لی تھی۔ جسپال تیزی سے سوچ رہا تھا۔ جو منظر اس کے سامنے آیا تھا، اس نے بے چین کر دیا تھا۔

اگرچہ شہر جدید طرز پر آباد تھا، لیکن سیکٹر سولہ کی آبادی قدرے گنجان لگتی تھی۔ وہاں زیادہ رش تھا۔ ایک ہال میں تقریب جاری تھی۔ لڑکوں نے یہی بتایا تھا کہ ہرنیک سنگھ اندر موجود ہے، وہ اس تقریب کا مہمانِ خصوصی ہے اور اسٹیج پر بیٹھا ہوا ہے۔

"کافی ہنگامہ ہو سکتا ہے۔" جسپال نے دھیمے سے کہا۔

"اس کے ساتھ سیکورٹی بھی بہت زیادہ ہوتی ہے، ایسے میں ہمارا نقصان بھی ہو سکتا ہے۔" رونیت کور نے ہولے سے اپنی رائے کا اظہار کیا

"مجھے بس چند منٹ دیں گے؟" ابھیت نے اجازت طلب انداز میں پوچھا۔

"کیا کرو گے تم؟" جسپال نے پوچھا۔

"صرف اتنا کہ یہاں ہنگامہ کر دوں، افراتفری پھیلا دوں، اس دوران......"

"وہ پہلے ہی کلیان سنگھ کی وجہ سے چوکنے ہوں گے، اس طرح وہ زیادہ چوکنے ہو جائیں گے۔" رونیت کور نے بدحزہ ہوتے ہوئے کہا۔

"لیکن اس طرح تو وہ تقریب کے بعد سیکورٹی کے گھیرے میں یہاں سے نکل جائے گا۔ اسے پچھلے دروازے سے نکالیں گے۔" ابھیت نے کہا۔

"ڈن کرو۔" جسپال نے ایک دم سے کہا۔

"آپ پیچھے چلو۔" ابھیت نے کہا اور کار سے اتر کر لڑکوں سے رابطہ کرنے لگا۔

جسپال اور رونیت اپنے ڈرائیور کے ساتھ اس عمارت کی پچھلی طرف چلے گئے، جہاں سنسان سی تنگ گلی تھی۔ جس میں بہ مشکل ایک چھوٹی گاڑی جا سکتی تھی۔ ڈرائیور گاڑی ہی میں رہا اور وہ اس متوقع جگہ جا پہنچے جہاں سے ان کا خیال تھا کہ ہرنیک نکلے گا۔ اس طرف ہال کی اندر کی بہت دھیمی آواز آ رہی تھی۔ کوئی بڑے زوروں سے تقریر کر رہا تھا۔ اچانک ہال میں دھماکہ ہوا۔ جس سے اندر افراتفری پھیل گئی تھی۔ کچھ ہی دیر بعد گلی کی طرف سے ایک دروازہ کھلا۔ کرتا پاجامہ اور ویسٹ کوٹ پہنے ہوئے بھاری جثے والے سردار کو کافی سارے لوگ گھیرے میں لے کر نکلے۔

"یہی ہے ہرنیک سنگھ....." رونیت کور نے تیزی سے کہا۔ جس پر جسپال نے پسٹل نکالا اور تیزی سے آگے بڑھا۔ وہ لوگوں کے اس گھیرے میں گھس گیا جو ہرنیک کے ارد گرد تھا۔ وہ وہاں کے لوگوں کو یہی باور کرانے لگا، جیسے وہ اسی کا باڈی گارڈ یا سیکورٹی والا ہے۔ جسپال نے اسے پکڑا اور گلی میں سے باہر نکلنے لگے۔ اگلے ہی لمحے کسی نے ہرنیک کا ہاتھ چھڑوا لیا۔ ہرنیک ان کے ہاتھوں سے نکل گیا، سامنے گلی میں سے چند لڑکے تیزی سے اندر آ گئے اور سیکورٹی والوں اور ان کے درمیان میں دیوار بن گئی۔ شاید وہ لوگ سمجھ گئے تھے، اسی لیے ایک دم سے انہوں نے لڑکوں پر حملہ کر دیا۔ وہ سب ایک دوسرے سے دست و گریبان تھے۔ گلی میں گھمسان پڑ گیا۔ دو سیکورٹی والوں نے جسپال کو دونوں بازوؤں سے پکڑ لیا تھا۔

یہی وہ لمحہ تھا جب گلی کے باہر ایک زوردار دھماکہ ہوا۔ دھماکے کی گونج ابھی ختم نہیں ہوئی تھی۔ فطری طور پر وہ سب چونکے لیکن جسپال نے اسی لمحے سے فائدہ لے لیا۔ ان کی توجہ ہٹ چکی تھی۔ اس نے اپنے دونوں طرف کھڑے لوگوں کے پیٹ میں پوری قوت سے کہنیاں ماریں، یہ دیکھے بغیر کہ وہ دُہرے ہو گئے ہیں، اس نے وہیں اپنے پیروں پر سے چھلانگ لگائی اور ہرنیک سنگھ کے منہ پر گھونسہ مارا اور پھر اس پر جا پڑا۔ وہ دونوں ہی فرش پر تھے۔ تب تک اس نے ہرنیک کی گردن اپنے قابو میں کر لی تھی۔ اسی وقت رونیت کور اپنے ارد گرد کھڑے لوگوں سے بھڑ چکی تھی۔ وہ چار تھے اور رونیت اکیلی۔ اس کا بس نہیں چل رہا تھا۔ صرف اپنا دفاع کر رہی تھی اور جو بھی جسپال کی طرف بڑھتا، اسے روک لیتی۔ اس لیے لہولہان ہو رہی تھی۔ گلی کے باہر فائرنگ بڑھتی چلی جا رہی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تھی۔ چاروں طرف یوں دتی بم کے دھماکے ہو رہے تھے کہ جیسے کسی فوج نے حملہ کر دیا ہو۔ جسپال پوری توجہ سے ہرنیک سنگھ کو قابو میں کرنے کے لیے اس پر ٹوٹا پڑا تھا۔ اس نے ماتھے اور ناک کے درمیان ایسا زوردار پنچ مارا کہ اگلے ہی لمحے وہ بے ہوش ہو گیا۔ رونیت بے حال ہو چکی تھی۔ جسپال اسے بچانے کے لیے بڑھا تو ایک گارڈ نے پسٹل تان لیا۔ جسپال نے ایک دم سے اسے جھکائی دی، فائر تو ہوا لیکن پسٹل اس کے ہاتھ سے جسپال کے ہاتھ میں منتقل ہو گیا تھا۔ باقی تینوں نے رونیت کو چھوڑ دیا اور اپنے پسٹل نکال کر جسپال پر تان لیے تھے۔ انہیں دیر ہو گئی تھی۔ جسپال فوراً ہی زمین پر لیٹا اور گھومتے ہوئے بغیر کسی تردد اور وقت ضائع کیے ان پر فائر کر دیے۔ رونیت کور کا برا حال تھا۔ جسپال نے اسے سہارا دیا تو وہ کراہتے ہوئے بولی۔

"بلاشبہ گلی کے باہر ہمارے ہی لوگ ہوں گے۔ مجھے چھوڑو، باہر دیکھو، کیسا ماحول ہے۔"

جسپال کسی بحث کے بغیر اسے یونہی گلی میں چھوڑ کے باہر کی جانب بڑھا۔ باہر مسلسل فائرنگ ہو رہی تھی۔ تین لڑکے اندر آنے کی کوشش میں تھے مگر سامنے کی فائرنگ سے رکے ہوئے تھے۔ جسپال نے تاک کر انہیں نشانہ بنایا تو راستہ صاف ہو گیا۔ وہ فوراً اندر آ گئے۔

"میں ہرنیک کو لے کر آتا ہوں... مجھے گاڑی تک کور دینا۔" جسپال نے تیزی سے کہا اور ہرنیک کو اٹھا لیا۔ وہ بہت بھاری تھا لیکن پھر بھی جیسے تیسے وہ اسے گاڑی تک لے گیا۔ تبھی اسے آواز سنائی دی۔ جسپال نے دیکھا ان کا ڈرائیور گاڑی لیے کھڑا تھا، اس نے ہرنیک سنگھ کو گاڑی میں پھینکا۔ رونیت کور اس کے ساتھ جا بیٹھی۔ لڑکوں نے انہیں کور دیا۔ وہ وہاں سے نکلتے چلے گئے۔ جیسے ہی وہ روڈ پر آئے رونیت کور نے ڈرائیور کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

"میرا سیل فون اور لیپ ٹاپ کدھر ہیں۔ میں راستہ صاف کرتی ہوں۔ تم بہت احتیاط سے نکل چلو اور رابطہ کر کے گرلین کو اپنی پوزیشن بتا دو۔"

"اوکے۔" اس نے کہا اور تیز رفتاری سے چل دیا۔ وہ اسی عمارت میں آ گئے، جہاں انھوں نے کلیان سنگھ کو رکھا ہوا تھا۔ وہ ہرنیک کو دوسرے کمرے میں لے گئے تھے۔ تبھی ایک لڑکے نے جسپال کو پیغام دیا۔

"سر کہہ رہے ہیں کہ زیادہ وقت نہیں، ہائی الرٹ ہو گیا ہے۔ چندی گڑھ ہمارے لیے چوہے دان ثابت ہو سکتا ہے، اگر احتیاط نہ کی گئی تو۔"

"ٹھیک ہے، یہاں دو لڑکوں کے علاوہ سب چلے جائیں۔ گاڑی چھپا دو۔ روشنی وہی جو معمول کے مطابق ہو۔ رونیت کو لے جاؤ، وہ بہت زخمی ہے۔" جسپال نے کہا۔

"اوکے۔" لڑکے نے کہا اور باہر کی طرف چلا گیا۔

ایک نیم تاریک کمرے میں جسپال سنگھ کے سامنے گرلین کور، ابھیت سنگھ اور ایک نیا لڑکا ہرپال سنگھ بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے ان تینوں کی طرف دیکھا اور بولا۔

"ہم سب جانتے ہیں کہ یہ ہمارا پہلا بڑا مشن ہے۔ پہلے ہم نے اتنے بڑے پیمانے پر کچھ نہیں کیا۔ بظاہر یہی لگتا ہے کہ ہرنیک کو پکڑنے کے بارے میں کوئی جانتا ہے اور اس نے ہرنیک کو بتا دیا۔ اسی لیے سارا پلان پہلے ہی سے تیار تھا۔ کیا خیال ہے؟"

"معاف کرنا ابھیت، یہ سب اشارہ تمہاری طرف جاتا ہے۔ اس دنیا میں سب کچھ معاف کیا جا سکتا ہے لیکن غداری نہیں، کیا تم اس کے بارے میں کچھ کہہ سکتے ہو؟" ہرپال سنگھ نے سرد سے لہجے میں اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"میں مانتا ہوں کہ حالات سب میرے بارے میں شک پیدا کر رہے ہیں، لیکن میں نے ایسا کچھ نہیں کیا، میں مر تو سکتا ہوں لیکن غداری کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ تم لوگ مجھے جو بھی سزا دو مجھے قبول ہو گی۔ مگر مجھے ایک موقع ضرور دیا جائے کہ میں یہ ثابت کر سکوں کہ میں غدار نہیں ہوں۔" ابھیت نے پورے اعتماد سے کہا۔

"ٹھیک ہے، وقت نہیں، اس لیے ہرنیک اور کلیان

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کے بارے میں جو فیصلہ کرنا ہے تم نے ہی کرنا ہے، صرف بیس منٹ ہیں تمہارے پاس، کلیان کو لاؤ۔'' ہرپال نے کہا۔

''او کے۔'' ابھیت نے کہا اور اٹھ گیا۔ وہ تینوں بھی اس کے ساتھ اٹھ گئے۔

ملگجے اندھیرے میں ہرنیک سنگھ فرش پر پڑا ہوا تھا۔ وہ چاروں اس کے پاس چلے گئے۔ آہٹ پا کر وہ سیدھا ہوا تو جسپال نے انتہائی طنزیہ لہجے میں کہا۔

''نیتا جی، سکون سے میرے سوالوں کا جواب دو گے یا مار کھا کے بکواس کرو گے؟''

''تم نہیں جانتے کہ تم نے موت کو آواز دے لی ہے۔ سارا چندی گڑھ مجھے تلاش......''

لفظ اس کے منہ ہی میں رہ گئے، کہ ابھیت، کلیان کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا۔ اس نے لفظ سن لیے تھے اس لیے اس نے آگے بڑھ کر اس کے منہ پر تھپڑ دے مارا پھر سخت لہجے میں بولا۔

''سن ہرنیک، ہمیں تم سے کوئی لینا دینا نہیں، صرف ایک سوال ہے، اس کا جواب چاہیے، جھوٹ بولو گے تو موت، سچ بولو گے تو جانے دیں گے، تم بھی جانتے ہو کہ وقت بہت کم ہے۔'' یہ کہہ کر اس نے اپنا پسٹل نکالا، سیفٹی کیچ ہٹایا تو اس کی آواز ہی سے ہرنیک سہم گیا

''بولو، کیا پوچھنا ہے؟'' وہ تیزی سے بولا۔

''سندیپ اگروال، عرف سندو کہاں ہے؟'' ابھیت نے پوچھا تو اس کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں، پھر کلیان کی طرف دیکھ کر بولا۔

''میرا اس سے کوئی تعلق نہیں، وہ تو کلیان سنگھ کا دوست تھا اور......''

''اسی کلیان نے تمہارا پتہ بتایا ہے۔ جھوٹ بولتے ہو؟'' یہ کہہ کر اس نے پسٹل اس کے ماتھے پر رکھ دیا تو چند لمحے تذبذب میں رہا، پھر سرد سی آواز میں بولا۔

''میں نے اس کے اغوا کی ڈیل کی تھی۔ اسی لیے کلیان کے قریب ہوا۔ میں نے اسے اغوا کر بھی لینا تھا، مگر مجھ سے پہلے ہی کسی نے اسے اٹھا لیا۔ میرا خیال ہے وہ ''را'' والوں نے......''

''اب تمہیں کوئی پتہ نہیں؟'' ابھیت نے پوچھا۔

''نہیں۔'' وہ اعتماد سے بولا۔

''ہمارے بارے میں تجھے پہلے سے کس نے بتا دیا کہ تجھے اغوا کرنے آئیں گے۔'' ابھیت نے پوچھا۔

''وہ تو کل کا بتایا جا رہا تھا کہ کوئی مجھے اغوا کرنا چاہتا ہے۔ وہ تو کوئی اور ڈیل تھی۔ سندو والا معاملہ ہی نہیں تھا۔''

''سندو کے معاملے میں تمہاری ڈیل کس سے ہوئی تھی؟'' جسپال نے پوچھا۔

''گرباز سنگھ نام کا آدمی تھا۔ اس نے بہت بڑی رقم دی تھی۔ سندو کے گم ہو جانے کے بعد سے اس کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں ہے اور نہ ہی اس نے مجھ سے رقم واپسی کا مطالبہ کیا ہے۔'' ہرنیک نے کہا۔

''تم چندی گڑھ کے سیاست دان ہو، کیا سمجھتے ہو، ہمیں بے وقوف بنا لو گے۔ سندو کا پتہ بتاؤ یا گرباز سنگھ کا، دس تک گنوں گا۔'' ابھیت نے سرد لہجے میں کہا تو جسپال نے ہرپال سنگھ کی طرف دیکھ کر گرباز کے بارے میں پوچھا۔

''اس نام کا شخص، ادھر کہیں رہتا ہے؟''

''ممکن ہے اس نے نام بدل کر یا کسی دوسری طرح ان کے قریب ہوا ہو۔ لیکن جو بھی کرنا ہے، پانچ دس منٹ میں کر کے نکل جاؤ، پولیس اور خفیہ پورے شہر میں پھیل چکی ہے، وقت بہت کم ہے۔''

''او کے، ابھیت مار دو گولی اسے۔ کلیان کو بھی ختم کرو اور چلو۔''

''نہیں، رب کے لیے نہیں، میں سچ کہتا ہوں۔ وہ پانچ لڑکے میرے پاس ہیں میں وہ دے دیتا ہوں۔'' وہ چیختے ہوئے بولا۔

''کہاں ہیں وہ لڑکے؟'' جسپال نے چونکتے ہوئے کہا تو وہ بولا۔

''وہ میرے فارم ہاؤس پر ہیں، آرام سے ہیں۔''

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

جیسے ہی ہرنیک نے کہا تو جسپال کو غصہ آگیا۔اس نے اجیت کا پسٹل ہٹایا اور پوری قوت سے گھونسا اس کے منہ پر مارتے ہوئے کہا۔

"بے غیرت، تو نے اب تک مذاق بنایا ہوا ہے، قسطوں میں معلومات دے کر کیا کرنا چاہتا ہے۔" یہ کہہ کر اس نے ہرنیک کو مارنا شروع کردیا۔اس کی اچھی ٹھکائی کرنے کے بعد جسپال نے اپنی پنڈلی سے لگا خنجر نکالا اور اس کی ایک ران میں دبا دیا، پھر چیرتے ہوئے باہر نکال لیا۔اس کے ساتھ ہی ہرنیک تڑپنے لگا۔کچھ دیر بعد تڑپتے ہوئے گھٹی ہوئی آواز میں بولا۔

"رب کے لیے...... بخش دو...... میں...... سب بتا...... دیتا ہوں۔"

"ایک منٹ میں بتادو یہ تمہیں آخری موقعہ ہے، اب گولی تیرے دماغ کے پار ہوگی۔" یہ کہتے ہوئے اجیت نے اس کی کنپٹی پہ پسٹل کی نال رکھ دی

"گرباز کا...... فون نمبر...... بتا دیتا ہوں۔وہ مجھ سے...... دو چار بار ہی ملا ہے...... ہمارا رابطہ فون پر ہی تھا...... مجھے کلیان کے ذریعے...... سندو کی حرکات وسکنات کے بارے میں پتہ چل جاتا تھا...... جو میں گرباز کو بتاتا تھا۔...... کلیان کو نہیں معلوم...... کیا ہوا سندو کے ساتھ...... اس لیے تعلق رکھا ہوا تھا...... کہ اگر سندو کے بارے میں...... یا ان پانچ لڑکوں کے بارے میں...... کوئی پوچھے...... تو مجھے فوراً پتہ چل جائے۔"

"نمبر بولو۔" جسپال نے کہا تو اس نے نمبر بول دیا۔جسپال نے کال ملائی تو دوسری جانب اس کی توقع کے مطابق فون بند تھا۔ہرنیک کے چہرے کا رنگ اڑ گیا۔

"لگتا ہے تو اپنا انتم سنسکار بھی نہیں کروانا چاہتا۔میں نے تجھے ٹھوک دیا تو لاش اوپر پھینک دینی ہے جہاں چیل کوّے تجھے کھائیں گے۔"

"اب میں کیا کروں، مجھے فون دو، میں ابھی اڑ کے جہاں کہو پہنچا دیتا ہوں۔" اس نے اذیت بھرے لہجے میں

AANCHALPK.COM

تازہ شمارہ شائع ہوگیا ہے

آج ہی قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں

ماہنامہ آنچل

ملک کی مشہور معروف قلمکاروں کے سلسلے وار ناول، ناولٹ اور افسانوں سے آراستہ ایک مکمل جریدہ گھر بھر کی دلچسپی صرف ایک ہی رسالے میں ہے جو آپ کی آسودگی کا باعث ہوسکتا ہے اور وہ ہے اور صرف آنچل۔ آج ہی اپنی کاپی بک کرالیں۔

ٹوٹا ہوا تارا

امید وصل اور محبت پر کامل یقین رکھنے والوں کی ایک دل نشیں و خوشبو کہانی سمیرا شریف طور کی زبانی

شب ہجر کی پہلی بارش

محبت و جذبات کی خوشبو میں بسی ایک دلکش داستان نازیہ کنول نازی کی دلفریب کہانی

موم کی محبت

پیار، محبت اور نازک جذبوں سے گندھی معروف مصنفہ راحت وفا کی ایک دلکش و دل ربا نایاب تحریر

AANCHALNOVEL.COM

پرچہ نہ ملنے کی صورت میں رجوع کریں (021-35620771/2)

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تیزی سے بے چارگی کے ساتھ کہا۔

"میں تیری بات کروا دیتا ہوں، نمبر بول۔" جسپال نے کہا تو نے نمبر بتایا۔ جسپال نے اپنے فون سے اس مخصوص جگہ فون کیا۔ نمبر بتایا۔ کچھ دیر بعد کال آ گئی تو اس نے اسپیکر آن کر کے فون ہرنیک کو دے دیا

"ہیلو کون بول رہا ہے۔"

"سردار جی آپ، کہاں ہیں، ٹھیک تو ہیں آپ؟"

"میں ٹھیک نہیں ہوں، اگر تم لوگ میری زندگی چاہتے ہو تو فارم ہاؤس سے وہ پانچ لڑکے واپس اسی گردوارہ صاحب پہنچا دیں۔"

"جی، لیکن یہ نمبر تو....." دوسری طرف سے کسی نے کہا تو جسپال نے اس کی بات کاٹ کر سرد لہجے میں کہا۔

"اوئے تم جو بھی ہو، اگر سمارٹ بننے کی کوشش کی تو یہ تیرا سردار زندہ نہیں رہے گا۔ صرف دس منٹ ہیں تیرے پاس اگر لڑکے نہ پہنچائے تو....."

"تم کوئی آسمان پر نہیں ہو، اگر سردار جی کو کچھ ہو گیا تو ہم تیرے....." دوسری طرف سے کہا گیا تو ہرنیک بولا۔

"جیسا کہہ رہے ہیں ویسا کرو، جلدی۔" ہرنیک نے کہا تو جسپال نے کہا۔

"سالے نمبر سے ہمیں ٹریس کرنے کی کوشش میں وقت ضائع کرنے کی بجائے کام پر لگ جاؤ، تیرے سردار کی ایک ٹانگ ہم نے چیر دی ہے، خون بہہ رہا ہے، دھڑا دھڑ، دیر کرو گے تو سمجھ لو کیا ہو گا۔"

"کیا یہ سچ ہے سردار جی؟" تشویش زدہ لہجے میں پوچھا گیا

"ہاں، سچ ہے۔" ہرنیک نے کہا۔

"نہیں، ابھی کرتا ہوں۔" دوسری طرف سے کہا گیا، تو جسپال نے فون بند کر دیا

"کیڑا ہے نا دماغ میں، اب تم کیا کہتے ہو کلیان جی۔" جسپال نے ان دونوں کی طرف دیکھ کر پوچھا تو کلیان سنگھ بولا۔

"میرا قصور تمہارے سامنے ہے۔"

"تم گرباج کو جانتے ہو؟" ابھیت نے پوچھا۔

"ہاں، میں اس کے ساتھ کئی بار اس سے ملا ہوں، لیکن یہ پتہ نہیں تھا کہ وہ کیوں ہرنیک سے ملتا ہے، یہ آج پتہ چلا۔ مجھے آپ جو کہو، میں کرنے کو تیار ہوں۔" اس نے کہا تو جسپال بولا۔

"کلیان سنگھ جی، گرباز چاہئے، یا سندو کا پتہ۔"

"میری فون پر بات کراؤ یا مجھے جانے دو۔ کل شام تک میں اس کا کھوج نکال لوں گا، اگر اعتماد کرتے ہو تو۔" کلیان نے اعتماد سے کہا تو جسپال نے ہرپال سنگھ کی طرف دیکھا تو ابھیت بولا۔

"یہ میری ذمے داری ہے، میں اس سے رابطے میں رہوں گا۔"

"کلیان سنگھ کو چھوڑ دیں، جیسے ہی لڑکے واپس ملتے ہیں، اس ہرنیک کو گولی مار دیں، ہم جا رہے ہیں۔" یہ کہتے ہوئے وہ کمرے سے باہر جانے لگے تو ہرنیک چیخنے لگا۔

"نہیں..... ایسے نہیں مارو۔"

جسپال رک گیا اور اس کی طرف دیکھ کر بولا۔

"مجھے گرباز چاہئے، دے سکتے ہو؟"

"ہاں، مگر....." وہ بے چارگی سے بولا تو ابھیت نے پسٹل سیدھا کیا اور اسے ڈانٹتے ہوئے بولا۔

"پھر نئی بے غیرتی کرو گے۔"

"وہ بہت خطرناک لوگ ہیں، میں نے ان کے بارے میں بتایا تو مجھے ہی نہیں میرے سارے پریوار کو مار دیں گے یہاں تو میں اکیلا ہی مروں گا۔"

"یہ میرا وعدہ رہا، تجھے کچھ نہیں کہوں گا، اگر گرباز کا پتہ دے دو تو؟"

"میں ابھی بات کرتا ہوں، ایک دوسرے نمبر پر بات کرو۔" ہرنیک نے کراہتے ہوئے کہا۔

اسی طرح دوبارہ کال ملائی گئی۔ رابطہ ہوا تو ہرنیک نے کہا۔

"گرباز کہاں ہو تم، مجھے بچاؤ۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"سوری اب وہ ہم تک آ پہنچ گئے ہیں، اب تجھے مرنا ہی ہوگا۔" دوسری طرف سے بھاری آواز میں کہا گیا

"تم تو میرے دوست ہو، میں مشکل میں......" ہرنیک نے کہا۔

"تم نے بھاری معاوضہ لیا ہے اس کام کا، اب بھگتو، اور ہاں، دوبارہ فون مت کرنا، تیرے مرنے کی اطلاع مجھے ہو جائے گی۔" اس نے کہا اور فون بند کر دیا۔ ہرنیک یوں ہو گیا جیسے اس میں جان ہی نہ رہی ہو۔

"ہر پال، لڑکے مل جائیں تو ان دونوں کو کہیں چھوڑ کے نکل جاؤ۔ یہ جگہ اب صاف کر دو۔ گرلین آؤ میرے ساتھ۔"

"اس ہرنیک کو چھوڑ دیا تو......" اہمیت نے کہنا چاہا

"یہ اب کچھ نہیں کر سکتا اور اب کوئی جتنا بھی چھپنا چاہے، مجھ سے نہیں بچ پائے گا، آؤ۔" جسپال نے کہا اور وہاں سے گرلین کور کے ساتھ نکل گیا۔

❀......❀......❀

میرے سامنے ایک عظیم صحرا تھا۔ سورج چمک رہا تھا۔ بھوری، سنہری ریت تا حد نگاہ پھیلی ہوئی تھی۔ ایک پر ہول سناٹا تھا، جس میں فقط ہوا کی دہشت ناک سنسناہٹ تھی۔ میں چلتا چلا جا رہا تھا۔ مجھے نہیں معلوم تھا کہ میں کس طرف اور کیوں چلتا جا رہا ہوں۔ اچانک صحرا میں تاریکی چھانے لگی۔ جس کے ساتھ ہی ماحول میں وحشت بڑھنے لگی۔ سورج سیاہ دھوئیں کی اوٹ میں چھپ گیا تھا۔ میں ایک ٹیلے پر چڑھا تو سامنے کا منظر حیرت زدہ کر دینے والا تھا۔

ایک دائرے میں بے شمار عجیب و غریب قسم کے جانور بیٹھے ہوئے تھے۔ ان میں سے کچھ جانور پہچانے جا رہے تھے اور کچھ عجیب الخلقت تھے۔ ان میں سب سے آگے ایک الو، چمگادڑ، اور کرگس بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کے بالکل سامنے کی طرف ریچھ، لنگور اور بندر تھے۔ انہی کی دائیں جانب رال ٹپکاتے ہوئے کتے بیٹھے ہوئے تھے اور بائیں جانب لومڑی اور سانپ تھے۔ ان کے علاوہ کافی سارے ایسے جانور بھی تھے جنہیں میں نہیں جانتا تھا اور نہ ہی انہیں کبھی دیکھا تھا۔

یہ عجیب میلہ لگا ہوا تھا۔ وہ سارے ہی بار بار آسمان کی جانب دیکھ رہے تھے۔ شاید انہیں کسی کا انتظار تھا۔ کتنا ہی وقت یونہی گزر گیا۔ اچانک آسمان کی طرف سے ایک چمکتا ہوا انڈہ ریت پر آن گرا۔ جو کچھ لمحے تو پڑا رہا، پھر جلنے لگا۔ اسی طرح جلتے ہوئے وہ ٹوٹ گیا۔ اس کے ٹوٹتے ہی ہر جانب سڑاند پھیل گئی۔ سارے جانور سجدے میں گر کر شور مچانے لگے، کسی کی سمجھ نہیں آ رہی تھا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔ اس ٹوٹے ہوئے انڈے میں سے ایک گرگٹ نے سر اٹھایا۔ چند لمحوں میں اس نے نہ صرف اپنے رنگ بدلے بلکہ اس کا چہرہ بھی تبدیل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ ایک بھیانک چہرہ واضح ہو گیا۔ اسی لمحے وہ سارے جانور سجدے میں سے اٹھ گئے۔

"میرے چیلو، تمہیں انسان کی بربادی مبارک ہو۔ تمہاری درخواست پر میں نے اجلاس بلا لیا ہے، کہو کیا کہنا چاہتے ہو؟" اس نے اپنی بھدی اور خرخراتی ہوئی آواز میں کہا تو میں سمجھ گیا۔ وہ ابلیس تھا۔ اور اس کے ارد گرد سارے اس کے چیلے تھے۔ تبھی ایک عجیب الخلقت جانور نے آگے بڑھ کر ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا۔

"بے شک انسان کی بربادی آپ ہی کی وجہ سے ہے گرو جی، ہم کیا چیز ہیں۔ آج کے اس اجلاس کی درخواست آپ سے اس لیے کی گئی ہے کہ آپ کا ہر چیلا بڑھ چڑھ کر اپنی خدمات سر انجام دے رہا ہے۔ اب وہ یہ فیصلہ چاہتے ہیں کہ ان میں بڑا کون ہے؟"

اس پر ابلیس چند لمحے خاموشی سے سب کو دیکھتا رہا پھر اپنی بھدی اور خرخراتی ہوئی آواز میں بولا۔

"تم وہ ہو جو انسان کو اپنے جیسا بنا لیتے ہو۔ انسان کتنا پاگل ہے، اپنی انسانیت چھوڑ کر جانور بن جاتا ہے۔ تم وہ صفت اور صلاحیت ہو، جو کسی انسان میں داخل ہو جاؤ تو وہ اپنی انسانیت کو بھول جاتا ہے۔ مجھے تم سب پر فخر ہے۔ خیر اجلاس کی ابتدا کرتے ہیں۔" یہ کہہ کر اس

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

نے سب کی طرف دیکھا پھر اُلّو پر نگاہ ٹکا کر بولا۔ "اے اُلّو، میرے دانشور، تجھے تو شروان حاصل ہے میرے اس دانشور کی شان یہ ہے کہ جب انسان کے لیے سورج غروب ہوتا ہے تو اس کے لیے طلوع ہوتا ہے، یعنی کالی رات میں اس کا دن طلوع ہوتا ہے، بتا اے دانشور اُلّو تو کس حد تک کامیاب ہے۔"

اس پر اُلّو آگے بڑھا اور ہاتھ باندھ کر بولا۔

"جناب، یہ آپ ہی کی مہربانی ہے کہ مجھے شروان دیا۔ میرا یہ شروان ایسا ہی ہے کہ میں انسانوں کے ذہن میں وسواس پیدا کرتا ہوں۔ جس سے ان کی فکری پختگی ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی میں ان میں خوف پیدا کر دیتا ہوں، ہر طرح کا خوف، موت کا خوف، بھوک کا خوف، ان کے اپنے وجود کا خوف۔"

"تم اس کی کوئی مثال دے سکتے ہو؟" ابلیس نے چابلاتے ہوئے پوچھا۔

"بے شمار ہیں۔ ایک چھوٹی سی مثال یہ ہے کہ میں نے انسان میں خوف پیدا کر دیا ہے کہ اس زمین سے پانی ختم ہو جائے گا، پھر کیا ہوگا؟ اس خوف کا پیدا ہونا ہی تھا کہ آپ نے دیکھا، انسان اسی لیے بڑے بڑے اجلاس بلا رہا ہے، حالانکہ اسے یہ نہیں معلوم کہ جس نے انسان کو پیدا کیا وہ پانی ختم نہیں ہونے دے گا۔ اس نے کہہ دیا ہوا ہے کہ جتنا پانی میں نے دے دیا وہ کبھی ختم ہونے والا نہیں۔ کیونکہ خالق نے ہر شے کو پانی سے زندگی بخشی ہے۔ زندگی اور پانی لازم و ملزوم ہیں۔ میں نے ایسا ابہام پیدا کیا کہ کوئی سمجھ ہی نہیں رہا۔"

"اور بڑی مثال؟"

"انسان کی جس میں حقیقی آزادی ہے، میں نے اسے غلامی بنا کر مکر و فریب پیدا کر دیا اور جو غلامی ہے، اسے آزادی بنا دیا ہے۔ آپ دیکھ رہے ہیں، میں نے ہر جگہ آگ لگائی ہوئی ہے، کسی کو سمجھ ہی نہیں آنے دے رہا ہوں کہ حقیقی آزادی ہے کیا؟"

"کوئی اور بات کرنا چاہتے ہو؟"

"جناب میں نت نئے مکر و فریب گھڑ کر فکر و فلسفہ میں انتشار بڑھا رہا ہوں۔ آپ نے دیکھا نہیں عورتوں سے امامت تک کروا دی گئی۔ مرد اس کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں۔ یورپ کی عورتیں بچے پیدا نہیں کر رہی ہیں۔ میں نے عورت سے اس کا عورت پن چھین لیا۔ آزادیٔ نسواں کے نام پر۔ یہی حال اب برصغیر کی عورتوں کا ہے، وہ اندھی ہو چلی ہیں۔ انہیں معلوم ہے کہ یورپ کی عورتوں کا کیا حشر ہو چکا ہے، پھر بھی آزادیٔ نسواں کی تحریکیں چلا رہی ہیں۔ آقا میری کیا کیا خدمات نہیں ہیں۔"

"ٹھیک ہے۔" یہ کہہ کر ابلیس نے چمگادڑ کی طرف دیکھا اور کہا۔ "اے آگیانی، تمہارا آسمان اُلٹا ہے، ہاں اب تم بولو۔"

"آقا میں زیادہ باتیں کر کے دماغ خراب نہیں کرتا۔ میں نے جو کیا ہے اس کی تصویری جھلک دکھاؤں گا تاکہ ہر شے واضح ہو جائے۔" چمگادڑ نے دست بستہ ہو کر کہا۔

"تو پھر کھولو اپنی تھیلی اور دکھاؤ، کیا دکھاتے ہو۔" ابلیس نے اپنے دانت نکوستے ہوئے کہا۔

چمگادڑ نے اپنی تھیلی کھولی، اس میں سے سیل فون نکالا۔ اس نے اپنے ہاتھوں کو پھیلا کر سیل فون اس پر رکھا تو وہ آئی پیڈ بن گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس کی اسکرین بڑی ہوئی لیپ ٹاپ جیسی ہو گئی، پھر وہ ٹی وی جیسا بن گیا۔ جس کی جسامت لمحہ بہ لمحہ بڑھ رہی تھی اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے وہ سینما اسکوپ سائز کی اسکرین بن گئی۔ سبھی اس طرف دیکھ رہے تھے۔ اسکرین پر سب سے پہلے ایک نائٹ کلب کا منظر ابھرا۔ نوجوان جوڑے مستی میں ایک دوسرے سے جڑے ناچ رہے تھے۔ ہر جوڑا ہوش سے بیگانہ تھا۔ کسی کو کسی کی خبر نہیں تھی۔ اس کے ساتھ ہی چمگادڑ کی آواز ابھری۔

"میں نے ہر جگہ یہ کلچر متعارف کرا دیا ہے۔ یہ صرف انہی ملکوں میں نہیں ہے، جہاں اجازت ہے، بلکہ میرا کام

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

تو وہاں آسان ہوتا ہے جہاں ان نائٹ کلب پر پابندی ہوتی ہے، وہاں یہ نوجوان چھپ کر موج مستی کرتے ہیں، یہ دیکھو ان کے گھروں کا منظر، میں نے ان کے گھروں کو نائٹ کلبوں میں بدل دیا ہے۔"

اس کے ساتھ ہی منظر بدل گیا۔ گھروں میں نوجوان جوڑے ناچ رہے تھے۔ شراب عام بہہ رہی تھی۔ اس میں کئی منظر بدلے۔ نائٹ کلب، ہوٹل، رقص گاہیں، گھروں میں مخلوط پارٹیاں، جہاں رشتے ناتوں کی کوئی پروا نہیں تھی، نہ کسی رشتے کے تقدس کا احساس اور نہ احترام۔ اس کے ساتھ ہی منظر بدلا، سمندر کنارے برہنہ عورتیں نمودار ہوئیں، اس کے ساتھ بڑے بڑے سوئمنگ پول میں نہاتے جوڑے، اٹھکیلیاں، قہقہے، شور شراب، ایک دوسرے سے لپٹے ہوئے۔ ان سارے مناظر میں یوں دکھائی دے رہا تھا کہ جیسے یہ سارے جسم اور بدن کے پجاری ہوں اور بدن کی ہوس نے سب کو حیوانی سطح پر لا کھڑا کیا ہو۔ انہیں دوسرا ہوش ہی نہ ہو۔

"شاباش ان ترقی پذیروں کو جلد از جلد ترقی یافتہ بنا دو۔" ابلیس نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔

"میرا اگیان اگر دیکھنا ہے تو میرے سامنے بیٹھے ریچھ، بندر اور لنگور کو دیکھو، یہ وہ آئینہ ہیں جس میں انسان کو یہ باور کرایا کہ ان کے آباؤ اجداد یہ جانور ہیں۔ ڈارون کی تھیوری کو ایک زمانہ تسلیم کرتا ہے، کتنا احمق ہے یہ انسان۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ یہ سائنسی اصول ہر زمانے میں، ہر جگہ ایک ہی نتیجہ دیتا، مگر انسان کی عقل پر قربان جاؤں، بن وجہ یہ تسلیم کر لیا کہ جس حقیقت کا وجود ہی نہیں، اسی کو تسلیم کیے بیٹھے ہیں۔ ان عقل کے اندھوں سے پوچھا جائے کیا اب لنگور اور بندر سے انسان بنتے ہیں؟ جو انسان کی اولاد کہلوانا عار سمجھتے ہیں اور جانوروں میں اپنے آباؤ اجداد کو تلاش کرتے ہیں۔ آخر کار صدیوں سے انسان کی عقل فکر میں نہ آنے والے ان رازوں نے اپنی منزل کو پا لیا۔ ان کی باسوں سے اپنے آباؤ اجداد کی بُو کا ادراک پایا۔"

"واہ تم نے خوب کام کیا۔" ابلیس نے تعریف کرتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا۔

"اور تو اور میرے اگیان کو مغربی مفکرین جس طرح پیش کر رہے ہیں، وہ میری طاقت کا مظہر ہیں۔ میں وہ گیان عام ہونے نہیں دیتا، جس میں انسان کو عقل آ جائے، جیسے آئن سٹائن کی تھیوری کو قانون بننے میں کتنا وقت لگا۔ اب بھی اس میں شک ڈال دیا ہے میں نے، اس کی طرف کسی کو آنے ہی نہیں دیتا کہ کسی انسان کو اس کی سمجھ آ جائے مگر یہ وہ راز ہے جسے اگر انسان سمجھ لے تو اپنے وجود ہی کے بہت سارے انکشافات اس کے منتظر ہیں، جس سے وہ حقیقت کو سمجھنے کے قابل ہو سکتا ہے۔"

"ہاں، انسان کو اندھیرے میں رکھو۔ اندھیرا ہی ظلمت ہے جو کفر کی طرف لے جاتا ہے، ان کو انہی کے جسم میں الجھا دو، اسی لذت میں گم کر دو۔ ان بھیدوں کی طرف نہ جانے دو جس سے انسان شعور پا جائے۔" ابلیس نے چیخ کر کہا، پھر کرگس کی طرف دیکھ کر کہا۔ "بولو تیرا ادھیان کیا کہتا ہے؟"

کرگس آگے بڑھا اور اپنی بھدی آواز میں بولا۔

"میرے آقا! کیا آپ دیکھ نہیں رہے میں نے کس قدر موت بانٹنی شروع کر دی ہے۔ شروان والا الّو تو اس طرف لاتا ہے، اگیان والی تو ہوش سے بیگانہ کرتی ہے اور انہیں الجھا دیتی ہے، لیکن اصل کام تو میں کرتا ہوں۔ میں موت بانٹتا ہوں۔ دیکھ نہیں رہے انسان کس قدر ذلیل و خوار ہو کر مر رہا ہے۔ روئے زمین پر اس وقت سب سے ارزاں خون مسلمان کا ہے، مجھے ان پر محنت نہیں کرنا پڑتی، یہ تو مکھیوں کی طرح ہیں جو اپنا لہو خود ہی پی رہے ہیں۔ اتنی قتل و غارت کبھی پہلے دیکھی تھی آقا؟"

"شاباش، تمہارا کام بہت اچھا ہے۔" یہ کہہ کر اس نے کتے اور سانپ کی طرف دیکھا۔ کتا آگے بڑھا تو ابلیس نے کہا۔ "تم تو پیچھے ہٹ جاؤ تم میں جو انسان سے وفاداری کی فطرت ہے وہ مجھے کھٹکتی ہے، تم سے تو اچھا یہ سانپ ہے۔ تم آگے آؤ اور بتاؤ۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

سانپ تیزی سے آگے بڑھا اور پھن اٹھا کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے اپنی نیلی آنکھیں تیزی سے گھمائیں۔ پھر اپنے روپ بدلے اور بولا۔

"یہ شروان، دھیان اور گیان والے ایک طرف، موت بانٹنے والی بھی ایک طرف، یہ سب اس وقت تک ناکارہ ہیں، جب تک میں سازش نہ کروں۔ یہ میری سازش کا کمال ہے کہ انسان آپس میں لڑتے ہیں۔ اگرچہ انسان مجھے کتے سے بھی بدتر سمجھتے ہیں، لیکن میں ان میں ایسے چہرے کے ساتھ جاتا ہوں کہ وہ مجھے گلے لگانے پر مجبور ہوتے ہیں۔ میرا احترام کرتے ہیں۔ میں انہی کے اندر کے تکبر، لالچ اور بھوک کو استعمال کرتا ہوں۔ میرا سب سے بڑا ہتھیار وہ سکالر ہیں جو کتابوں کو ہاتھ میں رکھ کر ان سے علم حاصل کرنے کی بجائے، دوسروں پر تنقید کے جواز تلاش کرتے ہیں۔ میری سازش ہی سے وہ ہمارے جال میں آتے ہیں۔ اس سے آگے ہی یہ شروان، گیان اور دھیان والے کام کرسکتے ہیں۔"

سانپ کے کہنے پر ایک دم سناٹا چھا گیا۔ ابلیس خاموش تھا۔ چند لمحے یونہی گزر گئے، پھر وہ بولا۔

"میں خوش ہوا کہ میرے چیلے ایک سے بڑھ کر ایک ہیں۔ میں ان میں کوئی فرق نہیں کر پا رہا ہوں۔ مجھے یقین ہو گیا ہے کہ میرا ایجنڈا، پروپیگنڈا اور ہتھکنڈہ مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ تم سب بڑے ہو، بس تم میں سے وہ بڑا ہے جو زیادہ انسانوں کو بہکا دے۔ تم سب نے بڑے بڑے کام کر لیے مگر ایک خطرہ اب بھی ہے، میں اسی سے ڈرتا ہوں۔"

"آپ بھی ڈرتے ہیں آقا؟" ایک سڑاند مارتے ہوئے جانور نے حیرت سے پوچھا۔

"یہ ڈر، خوف نہیں ہے، بلکہ یہ ڈر وہ ہے جس سے حضرت انسان آگہی پا سکتا ہے، پھر ہماری طاقت وہاں پر سلب ہو جاتی ہے۔ یہ اجلاس چاہے جس مقصد کے لیے تھا، لیکن تمام چیلیات کو یہاں بلانے کا مقصد کچھ اور بھی ہے۔ کیا میں وہ نہ بتاؤں؟" ابلیس نے دردمندی سے کہا تو تمام چیلیات اور جانور اچھل اچھل کر ابلیس کی تائید کرنے لگے۔

"آقا، جیسا آپ چاہیں۔" سبھی طرف سے یہی آواز بلند ہوئی تھی۔

"سنو! میں کیا چاہتا ہوں، یہ میں بعد میں بتاتا ہوں، پہلے یہ جان لو کہ ہم اس وقت برصغیر کی اس دھرتی پر کھڑے ہیں، جسے چاہے تقسیم کر دیا ہے، مگر میں اس کی تقسیم کو نہیں مانتا۔ مجھے سرحدوں سے کوئی غرض نہیں ہے۔ یہاں سے مجھے ڈر لگ رہا ہے۔ میرے تھنک ٹینکوں نے مجھے بتایا ہے کہ یہاں کے انسان ہمارے ایجنڈے، پروپیگنڈے اور ہتھکنڈے کو ختم کر سکتے ہیں۔ یہ بات تم لوگوں کو ایسے سمجھ نہیں آئے گی، اس کے لیے تمہیں ماضی میں لے جانا پڑے گا۔" ابلیس بے حد جذباتی ہو گیا تھا۔

"کہو آقا کہو۔" ایک شور اٹھا

"جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ میری دشمنی انسان سے ہے، اور ان میں سے سب سے بڑا دشمن مسلمان ہے۔" یہ کہہ کر وہ لمحہ بھر کو رکا پھر کہتا چلا گیا: "یہ انتہائی نازک لمحات ہوتے ہیں جو صدیوں کے بعد قوموں پہ آتے ہیں، وہ لمحات ہوتے ہیں آزادی کے۔ میری بھرپور کوشش ہوتی ہے کہ میں ان لمحات کو ٹال دوں۔ حقائق عالم سے ان کی آنکھیں بند کر دوں۔ تاکہ وقت گذر جائے۔ جب وقت گذر جاتا ہے تو پھر کچھ نہیں بچتا۔ کیونکہ آزادی کے لمحات صدیوں بعد ہی قوموں پر آتے ہیں۔ حقائق عالم کو ان کی نگاہوں سے اوجھل کرنے کے لیے میں مذہبی، عوامی سیاسی اور معاشرتی گروہوں میں گھس جاتا ہوں۔ ہر طرح سے انہیں گمراہ کرتا ہوں۔ ان کے اندر نفرت، حسد اور کینہ بھر دیتا ہوں۔ یہ بہت آسان ہے۔ صرف یہ کرنا ہوتا ہے کہ ان سب کو ایک دوسرے سے بڑا کر کے دکھا دوں۔ انہیں یہ باور کرا دوں کہ تم سب سے بڑے

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ہو۔میں نے بھی ایسا ہی کیا۔میں نے ہر ایک کو یہ باور کرالیا کہ تم سب سے بڑے حریت پسند ہو۔ساری حریت تمہارے پاس ہے۔میں نے سب کے ہاتھوں میں حریت تھمادی اور ان کا شیرازہ بکھر گیا۔اس کے بعد میں نے بڑا وار یہ کیا کہ انہیں جتایا تم ہی سب سے اعلیٰ اور برتر قوم ہو۔اپنی قوم کے لیے سب سے بہتر فکر کرنے والا دوسرا کون ہے۔انہیں لڑنے مرنے کے لیے تیار کرلیا۔انہیں کہا کہ اپنے ماننے والوں کو الگ کر لو۔ورنہ جسے تم اچھا سمجھتے ہو اس کے ساتھ مل کر آزادی حاصل کرو۔یہی آزادی کے متوالے حریت پسند بن گئے۔میں نے اپنی ہنرمندی سے اس وقت کو ان کی آنکھوں سے اُڑا دیا۔ان قیمتی لمحات کو اپنے دام فریب سے الجھادیا۔میں کامیاب تھا کہ انسان پر انسان کی غلامی کا تسلسل قائم رہتا۔اپنی ہی غلامی میں نسل در نسل انسان خود پر ظلم کی انتہا کرتا رہتا۔میں کامیاب تھا۔اس وقت دو چار لوگ جو مذہب، سیاست اور آزادی سے واقف تھے کچھ نہیں کرسکتے تھے۔میں نے انفرادی طور پر ان کے دماغ میں بھی ڈال دیا تم ہی حریت پسند ہو اور بڑے گروہ والے ہو۔یوں وہ اپنے ماننے والوں کو لے کر الگ ہوگئے۔میں نے اصل میں انہیں گمراہ کرکے انہیں اپنی ہی قوم کا دشمن بنا دیا۔یہ ثابت کردیا کہ وہ جاہل اور ظالم ہیں۔میں کامیاب تھا مگر......"

"مگر کیا ہوا آقا؟" ایک شور اٹھا

"اس وقت میرے ارادوں کو ایک مرد حریت کی آنکھ دیکھ رہی تھی۔اس نے میرے ہتھکنڈوں کو بھانپ لیا۔اس نے بروقت دو قومی نظریہ پیش کرکے نہ صرف میرے مکروفریب کے جال کو ان کی نگاہوں پر ظاہر کیا اور ان کے مقصد کو واضح کیا۔جسے میں اپنے جال کے نیچے چھپائے ہوئے تھا۔میں چاہتا تھا کہ پوری مسلمان قوم کو غلامی میں رکھوں۔اس مرد حریت نے کہا غیر کی طرف مت دیکھو، اپنی طرف آؤ، اپنوں سے مل کر آزادی حاصل کرو۔غیر کے ساتھ ملنے سے رسوائی کے سوا کچھ نہیں۔اپنی آزادی آپ حاصل کرو اور غیر کو اپنے ارادے سے نکال دو۔یہی حریت و خودداری ہے۔خود اپنی قوت سے آزادی حاصل کرو۔یہی میرے لیے موت تھی۔"

"پھر آپ نے کیا کیا آقا؟"

"کیا تم نے نہیں دیکھا۔اس غلامی کی اندھیری رات میں بھٹکتی ہوئی قوم کو اس ملک کے دل میں اس نے ان کے محبوب رہنما قائداعظم کا دیدار کرایا۔اور یقین کی روشنی سے صورت کو ان کے دلوں میں اتارا۔میرے پھیلائے ہوئے جال کو پھاڑ دیا اور اپنے مقصد کو حاصل کرلیا۔ایک صورت سامنے کردی جس پر یقین کو قوت بنادیا لیکن میں بھی اپنا کام کرچکا تھا۔میں نے اس خطے میں انتشار پیدا کردیا تھا۔مگر پھر بھی اس قلندر لاہوری کی آواز جس کے کانوں میں بھی پڑی اس پر آزادی کا جنون طاری ہو گیا۔کیا تم نے نہیں دیکھا اس قلندر کی نواؤں کی بجلیاں جہاں گرتی تھیں، وہاں سے آزادی کی تلواریں پھوٹتی تھیں اور میں بے بس ہوگیا۔" ابلیس یہ کہہ کر خاموش ہو گیا

"خاموش کیوں ہوگئے آقا؟" چیلے چیخ اٹھے تو وہ چند لمحے چپ رہنے کے بعد رقت آمیز لہجے میں بولا۔

"وہ وقت قابل دید ہوتا ہے جب آزادی کے متوالوں کے جذبے آسمان سے بلند ہوتے ہیں۔ان کے حوصلے ایسے ہوتے ہیں کہ ہر قربانی سے گزر جاتے ہیں۔وہ میرا جال کاٹ کر نکل گئے۔وہ "لا الہ الا اللہ" پر گئے۔انہوں نے ایک نیا جہان بنالیا۔کائنات میں اپنا آپ ظاہر کرکے "اللہ" کی قوت کا مظہر بن گئے۔یہ لوگ موت سے بے تیغ و سناں گزر گئے۔انہیں موت بھی نہ روک سکی۔وہ قلندر کی دی ہوئی صورت میدان میں ڈٹی رہی۔اس کی صدائیں بلند ہوتی رہیں۔وہ میرے اندر کے فتنے کو دیکھ رہا تھا۔میں ننگا ہوکر ناچا۔وہ قلندر تھا اور اس نے مجھے نچا کر رکھ دیا۔وہ صاحب بصیرت میری چالوں کو سمجھتا تھا۔ورنہ میں کسی کی سمجھ میں آنے والا نہیں ہوں۔اس نے لا الہ الا اللہ سے سفر کیا اور ایک نیا جہان بنا

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کر محمد رسول اللہ کی طرف بڑھنے کو تیار کردیا۔ جو درس حریت انہیں ان کا دین دیتا ہے وہ سینے سے لگا کر موت سے بھی گزر گئے۔ اس وقت جو میرا جال ٹوٹ گیا تھا، وہ دوبارہ نہیں بن سکا۔ اس کا تانا بانا آج تک بکھرا ہوا ہے۔ وہ وقت میرے لیے بڑا دردناک تھا۔ اس وقت جو اپنی قوت بازو سے نکل گئے، سو نکل گئے۔"

"پھر کیا ہوا؟" چیلے چیخے۔

"اس مرد قلندر نے میرے سارے منصوبے ختم کر دیئے لیکن میں نے بھی اس سے بڑا انتقام لیا۔ سکھوں کے ہاتھوں قتل وغارت گری کا بازار گرم کردیا۔ میں نے اس جاہل قوم کی سوچ ہی سلب کرلی۔ یہ کیسے بے ہوش لوگ ہیں، جنہیں آزادی کا احساس تک نہیں ہوا۔ اس وقت یہ سمجھ رہے تھے کہ انہوں نے آزادی حاصل کرلی، کیا تم نے نہیں دیکھا سن چوراسی میں، ان کے ساتھ میں نے کیا کیا۔ میری اہلیت ننگا ہو کر ناچی۔ آزادی کا خمار ان کے ذہنوں سے نکل گیا۔ ہر اس قوم کے ساتھ ایسا ہی ہوتا ہے جو غیر کے ساتھ مل کر آزادی حاصل کرتے ہیں۔ آزادی صرف اپنی قوت بازو سے نصیب ہوتی ہے۔ انہوں اب پھر حریت کا نعرہ لگا دیا ہے۔ ان کی عقل میں مزید چونٹیاں ڈال دو۔ تاکہ انہیں ہوش تک نہ آئے۔ اگر کہیں انہیں آزادی کا پتہ چل بھی جائے اور یہ آزادی ان کے سینے میں ابھرے تو بارود سے ان کے سینے ٹھنڈے کردو۔ یہی اس قوم کی سزا ہے۔"

"ہمارے سب سے بڑے دشمن مسلمانوں کے ساتھ کیا کیا؟" ایک چیلا دست بدست بولا۔

"اسی دن سے میرا اگلا مقصد شروع ہوگیا۔ تاکہ یہ جو سلامتی کے نام پر جہان بنایا گیا ہے، یہی سلامت نہ رہے۔ اس پر کبھی شباب نہ آئے۔ یہ خزاں رسیدہ ہی رہے۔ یہاں پھول کی بجائے خون بہے۔ پہلے میں نے ان کی شہ رگ پر چھری رکھ دی۔ سو کچھ ہی سال بعد میں نے سن پینسٹھ میں اس پر حملہ کردیا۔ میں نے تو یہ سوچا تھا کہ یہ ابھی کمزور ہے، یہاں کے لوگ بھوکے ہیں لیکن مجھے کیا پتہ تھا کہ شہادت ان کی سب سے بڑی قوت ہے۔ میں نے ان کے دل پر شب خون مارا۔ اس کے شہیدوں نے میرے مذموم منصوبوں کو ناکام بنا دیا۔ انہوں نے شہادت کی روایت کو برقرار رکھا۔ کیونکہ اس جہان کی بنیاد ہی شہیدوں کے لہو پر ہے۔ میں کہاں سکون سے بیٹھنے والا تھا۔ چند سال بعد ہی میں نے اس کا ایک بازو کاٹ کر رکھ دیا۔" یہ کہتے ہوئے اس نے پنڈال کی طرف فخر سے دیکھا تو سانپ نے اٹھ کر کہا۔

"لیکن کیا آپ نے نہیں دیکھا آقا، انہوں نے ظاہری شباب حاصل کرلیا، اس نے ایٹم بم کی صورت میں اپنا ایک خوفناک بازو پیدا کرلیا ہے؟"

اس کے یوں کہنے پر ابلیس نے غضب ناک انداز میں اسے دیکھا اور خرخراتی ہوئی آواز میں انتہائی غصے میں کہا۔

"احمق تم نے میرے زخم جگر پر ناخن مار دیا۔ اس بے غیرت کو یہاں سے اٹھا کر پچھلی نشستوں پر دھکیل دو، مجھے برداشت نہیں ہو رہا۔" یہ کہتے ہوئے اس نے اپنا لباس تار تار کردیا۔ اس کے سیاہ بدن پر نشان واضح تھے۔ "یہ دیکھو میرے جسم پر، میرے ظاہر اور باطن پر یہ جو شکست کے داغ ہیں، یہ اس مرد قلندر کے پے در پے وار کرنے کے نشان ہیں۔ اس نے وہ تلوار ان لوگوں کے ہاتھ میں دے دی ہے جو مسلسل چلتی چلی جا رہی ہے۔ اس لیے اب میری ترجیح بدل گئی ہے۔"

"کون سی ترجیح آقا؟" چیلے بولے

"یہ جو لا الہ الا اللہ کی بنیاد پر ملک بنا، اسے چلانا تو انسانوں ہی نے ہے نا۔ میں نے اس ملک کے باسیوں کو اس تلوار سے غافل کردیا ہے جس کی طرف مرد قلندر نے توجہ دلائی تھی۔ جو ان میں بجلی کی سی صلاحیت بھر دینے کے لیے کافی ہے۔ میری نگاہیں ادھر ہی گڑھی ہوئی ہیں۔ میں کوئی لمحہ خالی نہیں جانے دیتا۔ افسوس اس نے ظاہری شباب حاصل کرلیا۔ چاغی کے پہاڑوں نے اس کا جلال دیکھا، جس سے میں خوف زدہ ہوگیا ہوں۔ سو تب سے میرا مقصد صرف یہی ہے کہ میں اسے روحانی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اور باطنی طور پر اس قدر کمزور کر دوں کہ یہ تلوار ہی نہ اٹھا سکیں۔ میں اسے باطنی شباب حاصل کرنے کے قابل ہی نہیں چھوڑنا۔ کیا تو نہیں دیکھا، جن اسلامی ممالک کے دماغوں میں طاقت کا جنون پیدا ہوا میں نے ان کے ساتھ کیا کیا۔"

"وہ اپنی موت آپ مرتے جا رہے ہیں۔" چیلوں نے خوشی سے بغلیں بجاتے ہوئے کہا۔

"نہیں، وہ مرتے نہیں ہیں، یہی تو سب سے بڑی مصیبت ہے۔ وہ پھر سے زندہ ہو جانے کی قوت رکھتے ہیں۔ میں نے ان کے لیے کچھ اور ہی سوچ لیا ہے۔"

"کیا سوچا ہے آقا۔" چیلوں نے پوچھا۔

"اس ملک نے ظاہری عالم میں تو شباب حاصل کر لیا ہے۔ میں انہیں روحانی شباب پر ہی نہیں آنے دوں گا۔" ابلیس نے زور سے کہا تو ایک چیلا اٹھ کر بولا۔

"آقا یہ روحانی شباب کیا ہے؟"

"اس قوم کی اکملیت عشق رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ہے، وہی پیدا نہ ہونے دو۔ یہی ان کا روحانی شباب ہوگا۔"

"میں نے انہیں باطنی طور پر کمزور کرنے کے لیے ساری قوت لگا دی ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اُلو، چمگادڑ، سانپ کیا کیا کر رہے ہیں۔ تم میرے ساتھ آؤ، ہر شعبہ زندگی میں ہچا ہے وہ سیاسی ہے، مذہبی یا معاشرتی علمبردار ہیں۔ میڈیا ہے، بیورو کریسی ہے، زندگی کے ہر شعبے میں میرے ساتھ لگ جاؤ۔ تم نے دیکھا نہیں اس وقت سب سے زیادہ مذہبی منافرت یہیں ہے۔ جو ملک مذہب کے نام پر بنا۔ یہاں کے لوگ مذہب کے لیے نہیں فرقوں کے لیے لڑتے ہیں۔ اس سے بڑی کامیابی کیا ہوگی۔ اب میں کامیاب ہوں، بڑی دیر ہوگئی میرے مقابل کوئی نہیں آ رہا۔ میں نے ہر جانب فحاشی پھیلا دی ہے۔ میری خواہش ہے کہ اب کوئی میرے مقابل آ کر مجھے شکست دے۔ ایسا ہمیشہ چلتا رہے گا اگر...." ابلیس یہ کہہ کر خوف زدہ انداز میں خاموش ہو گیا۔

"مگر کیا آقا؟" چیلے تشویش زدہ لہجے میں بولے۔

"یہ ملک ایک وجود کی مانند ہے اور اس کا ایک دل ہے، جسے عالم جاوید کہتے ہیں۔ اسی عالم سے، اسی دل سے ہمہ وقت صدائیں اٹھ رہی ہیں۔ میں نے پوری کوشش کر کے انہیں ان صداؤں سے دور رکھا ہوا ہے۔ طوفانِ بدتمیزی اس قدر برپا ہے کہ انہیں آواز سنائی نہیں دیتے دیتا۔ میں نے پورا زور لگایا ہوا ہے کہ ان کے کانوں میں عالم جاوید کی آواز نہ پڑے۔ میں نے ان کے کان بند کر دیئے ہوئے ہیں۔"

"ایسا کیا ہے اس آواز میں آقا؟" ایک چیلے نے پوچھا تو ابلیس کو جھرجھری آ گئی اس نے کہا۔

"تم نے نہیں دیکھا، انہی صداؤں نے پہلے کیا کیا ہے۔ اس عالم میں ایک جہان پیدا کر دیا۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں پھر سے اس جہان میں اس کی روح نہ پیدا ہو جائے۔ وہ قوانین جو ان کی آنکھوں پر کھل نہیں رہے جو چودہ صدیاں پہلے تجربات سے گزر چکے ہیں۔ آج بھی وہ اسی طرح کامیاب ہیں، جیسے پہلے تھے اور ابد تک رہیں گے۔ ان قوانین کو ان کی آنکھوں سے دور رکھا، کہیں پھر سے وہ انقلاب پیدا نہ ہو جائے، جس میں تین سو تیرہ عالم کفر پر بھاری تھے۔ فرشتے ان کی نصرت میں آج بھی اتر سکتے ہیں۔"

"کیا ایسا ہو جائے گا؟" چیلا ڈرتے ہوئے بولا تو ابلیس نے ایک زوردار قہقہہ لگایا اور نخوت سے بولا۔

"جو اپنے آپ کو بھول گئے، انہیں کیا یاد آئے گا۔" یہ کہہ کر اس نے سنجیدگی سے سب کی طرف دیکھا اور بولا۔ "سنو نوجوانوں کو تعلیم سے عاری کر دو، نصاب سے اسلاف کے کارنامے اڑا دو، میں نے بھی ایٹم بم بنا لیا ہے۔ بے غیرتی، عیاشی، فحاشی اور بدمعاشی پھیلا دو۔ ہر شعبہ فکر میں پھیلا دو۔ دوسری بات سنو یہ مذہب جو عورتوں کو عزت اور احترام دیتا ہے۔ عورت ہی کو اس کے مقام سے گرا دو۔ عورتوں میں آزادی کی لہر کو تیز کر دو، انہیں غلامی کا احساس دلاؤ۔ انہیں مذہبی اور دنیاوی تعلیم سے بیگانہ کر دو۔ عورتوں کی بلاوجہ بازاروں میں گردش بڑھا

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

دو ٹچے، لفنگے، ولنے تلنگے میرے ماننے والوں کو چوراہوں میں تعینات کر دو۔ عورتوں کی دینی اور دنیاوی تعلیم روک دو۔ تاکہ بیماری کی صورت میں مرد معالج ہی انہیں دیکھیں۔ مرد خود مجبور ہو جائیں اپنی عورتوں کو غیر مردوں کے آگے ڈالنے کے لیے۔ یہ جو نئے دو تحفے میں نے بتائے ہیں یہ رنگ رنگیلے نشے ہیں۔ قوموں کا سرمایہ نوجوان ہوتے ہیں۔ نیا شباب پکڑتے جاؤ اور انہیں ان نشوں پر لگا دو۔ انہیں اخلاقی، فکری، شعوری طور پر تباہ و برباد کر دو۔ حتیٰ کہ یہ اپنے حوصلے کھو بیٹھیں۔ جب یہ خود سے بے گانہ ہو جائیں گے تو یہ خود ہی میں نہیں رہیں گے۔ تو پھر دین اور مذہب کہاں رہیں گے۔ کہیں پیر تعویذ بیچیں گے اور کہیں مولوی فتویٰ فروشی کریں گے۔ دین اور دین دار کہاں رہے گا؟ انہی کے ہاتھوں انہیں ختم کر دوں گا۔ میں ساری ذمے داری پوری کرنے کے بعد خود بری الذمہ ہو جاتا ہوں اور سارا الزام حالات پر ڈال دیتا ہوں کہ وقت کا یہی تقاضا تھا۔ تم بھی ایسے ہی کرو، بلکہ یہ انسان پر ہی ڈال دو۔"

"یہ تو ہم کر کے ہی رہیں گے۔ کوئی نئی بات بھی ہے آقا۔" چیلا آگے بڑھ کر بولا۔

"میں اس ملک کی نسلوں کو تباہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں اور میرے جال سنہرے ہیں۔ رنگ رنگیلے خوبصورت ہتھیار جو بغیر دھماکہ کیے اندر تک فنا کر دیتے ہیں۔ سن لو میرا ایجنڈا، میرا پروپیگنڈہ اور ہتھکنڈہ مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ میرا منشور واضح اور صاف ہے۔ بے غیرتی، فحاشی، بدمعاشی اور عریانی کو عام کر دو۔ عام لوگ میری بات کو نہیں سمجھتے۔ اس کا حل میں نے یہ نکالا، میں نے اپنا منشور دس روپے کی سی ڈیز میں ریزھیوں پر رکھ دیا ہے تاکہ یہ اپنی آنکھوں سے اس کے معانی اور مقصد کا مشاہدہ کر لیں۔ تاکہ ان پڑھ بھی میرے پروگرام سے استفادہ کریں۔ کہو تا سستا ہتھیار کس کے پاس ہے؟"

"آقا، آپ ہی کے پاس ہے۔" چیلوں نے شور مچا دیا۔ کان پڑی آواز سنائی نہ دے رہی تھی۔ ابلیس نے انہیں خاموش ہونے کے لیے ہاتھ کا اشارہ کیا۔ وہ چپ ہو گئے تو وہ بولا۔

"میرے جال نعرے نہیں، میں اپنے ارادے کو عملی جامہ پہناتا ہوں۔ یہ سب انسان ہی کرتے ہیں جو میرے چیلے ہیں۔ کیا یہ اب بھی نہیں سمجھتے کہ میں ان کی آزادی کا کتنا خواہاں ہوں؟ تم اس وقت کا ادراک ہی نہیں کر سکتے کہ میرا کیا حال ہوتا ہوگا، جب میں ان دانشوروں کی عقل کی صراحیوں میں ان حسین افکار کو اتارتا ہوں۔"

"ہمارے لیے کیا حکم ہے آقا؟" ایک بڑے چیلے نے پوچھا جواب تک خاموش تھا۔

"ہم نے اس ملک کے دل کو قابو کرنا ہے۔ یہی ہماری منزل ہے۔ ذرا جلدی قدم بڑھاؤ، ہمارا سفر اس ملک خداداد کے دل کی طرف ہے۔"

"اس سے کیا ہوگا آقا؟" چیلے نے پوچھا۔

"پھر سن لو۔ یہ موت سے گزر کر لا الہ الا اللہ تک تو آن پہنچے ہیں۔ میری پوری کوشش ہے کہ یہ محمد رسول اللہ تک نہ پہنچیں۔ کیونکہ ان انسانوں میں کلمے کی حقیقی روح سامنے نہ آ جائے جو پہلے ہی ان میں بسی ہوئی ہے۔ محمد رسول اللہ ہی ان کی روحانی تکمیل ہے۔ اسی سے یہ پوری دنیا پر چھا جائیں گے۔ پھر یہاں میری کسی سازش کا اثر نہیں ہوگا۔ میں بے بس ہوں گا۔" یہ کہہ کر وہ تھک سا گیا اور اس نے اپنی گردن جھکا لی۔

اس کے ساتھ ہی شور مچ گیا۔ ابلیس کا ہر چیلا تیار تھا۔ اس کے ساتھ ہی ابلیس گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے لگا۔ سڑاند چاروں جانب پھیلنے لگی۔ مجھ سے وہاں کھڑا نہیں ہوا جا رہا تھا۔ تبھی وہ انڈا پھر سے بند ہونے لگا۔ اس میں سے مختلف رنگ نکلنے لگے۔ اور وہ واپس آسمان کی جانب اٹھ گیا۔ سارے چیلے شور مچاتے وہاں سے بھاگ کھڑے ہوئے۔

سورج کی روشنی تیز ہونے لگی۔ جیسے جیسے وہ صحرا ان ابلیسی چیلوں سے خالی ہونے لگا، اسی طرح ریت بھی

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

سرکنے لگی۔ یوں دکھائی دے رہا تھا جیسے انہی کی منحوسیت کی وجہ سے ویرانی چھائی ہوئی تھی۔ وہ صحرا میدان بنتا چلا گیا، یہاں تک کہ میں نے خود کو درختوں کے ایک جھنڈ کے پاس پایا۔

❁.......❁.......❁

رونیت کور بستر پر میرے سامنے پڑی ہوئی تھی۔ اس کی پٹیاں کی ہوئی تھیں۔ اسے کافی زخم آئے تھے۔ ان پانچ لڑکوں کے بارے میں اطلاع مل گئی تھی کہ وہ ایک گوردوارہ میں پہنچ کر محفوظ ہو گئے تھے۔

"اب یہ گرباز کہاں سے ملے گا۔" رونیت نے پوچھا تو جسپال مسکرا دیا۔ پھر بولا۔

"تم اگر فنکار ہو تو کیا ہم نہیں ہو سکتے۔ وہ جو کوئی بھی ہے، دن چڑھنے سے پہلے میں تیری اس سے ملاقات کروا دوں گا۔"

"یہ کیسے ہوگا؟" رونیت کور نے اٹھنے کی کوشش کرتے ہوئے پوچھا تو جسپال نے اسے کاندھوں سے پکڑ کر لٹاتے ہوئے کہا۔

"جس فون نمبر سے اس نے بات کی ہے، وہ ایک ایسی جگہ محفوظ ہو گیا ہے، جہاں سے اس کی ساری حرکت کا پتہ چل جائے گا۔ اب تک اس کی لوکیشن کا پتہ چل گیا ہوگا۔ صرف تصدیق کی جا رہی ہوگی اور جیسے ہی اس کے بارے میں......"

لفظ اس کے منہ ہی میں رہ گئے، اس کا سیل فون بج اٹھا۔ وہ یوں خاموش ہو گیا جیسے وہ اسی کال کا منتظر تھا۔ اس نے کال ریسیو کی اور دوسری طرف سے سنتا رہا۔ چند منٹ بعد کال ختم ہو گئی۔ اس نے جلدی سے فون کانوں سے ہٹایا اور ان باکس میں جا کر ایس ایم ایس دیکھا۔ پھر فون رونیت کور کی جانب بڑھا کر بولا۔

"یہ دیکھو اس سالے گرباز کی لوکیشن اور مجھے بتاؤ کہ میں نے وہاں کیسے پہنچنا ہے۔"

رونیت کور نے ایس ایم ایس پڑھا اور سائیڈ ٹیبل پر پڑا اپنا لیپ ٹاپ اٹھا لیا۔ کچھ دیر بعد اس کے چہرے پر خوشی دوڑ گئی۔

"یہ ائیر پورٹ جانے والے راستے میں پڑتا ہے۔ سیکٹر اکتیس میں یہ گھر موجود ہے۔ اس کی مزید تفصیلات......"

"مجھے بعد میں بتانا، پہلے کال کرو لڑکوں کو، ابھی اور اسی وقت اسے پکڑنا ہوگا۔ پلان بنانا ہے۔"

"اوکے۔" یہ کہہ کر اس نے اپنا فون اٹھایا اور کال کرنے لگی۔ کچھ دیر بعد اس نے کہا۔ "وہ تمہیں سیکٹر اکتیس کے میڈیکل چوک پر ملیں گے۔ انہیں ابھیت سنگھ اور ہرپال سنگھ ہی لیڈ کریں گے۔ وہاں تک تمہیں میں لے جاتی ہوں۔"

"تم کہاں جاؤ گی، کچھ اور سوچو۔" جسپال نے فوراً کہا تو ایک لمحہ سوچ کر اس نے کہا۔

"میں ابھی گرلین کور کو بلا لیتی ہوں۔" یہ کہہ کر اس نے کال ملا دی۔

کچھ دیر بعد وہ گرلین کور کے ساتھ سڑک پر جیپ بھگائے جا رہا تھا۔ راستے میں رونیت کور انہیں دستیاب معلومات دے رہی تھی۔ ان سب کے درمیان رابطہ تھا۔ سیکٹر اکتیس کے چوراہے پر ابھیت اور ہرپال ایک گاڑی میں کھڑے تھے۔ ان کے آتے ہی انہوں نے نزدیکی کمیونٹی پارک کی پارکنگ میں گاڑیاں لگائیں اور اندر چلے گئے۔ وہ چاروں ایک دوسرے کے سامنے کھڑے تھے اور ان کے درمیان ایک ہی سوال تھا کہ گرباز سنگھ تک کیسے پہنچا جائے اور اس کا پلان کیا ہو؟

میرے خیال میں ایک چکر اس کے گھر کا لگایا جائے، وہاں صورت حال دیکھیں کیا ہے۔ پھر اسی مناسبت ہی سے دیکھیں گے کہ کتنے لوگوں کی ضرورت ہے۔" ابھیت نے کہا۔ اس سے پہلے کہ وہ کوئی بات کرتے جسپال کا سیل فون بج اٹھا۔ وہ چند لمحے فون سنتا رہا۔ فون بند کر کے خوشگوار لہجے میں بولا۔

"دیکھو جب قسمت اچھی ہو، لیکن اگر ہم اپنی قسمت کو خراب نہ کریں۔"

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"کہنا کیا چاہتے ہو؟" گرلین کور نے آنکھیں سکیڑتے ہوئے تیزی سے پوچھا۔

"گرباز کے جس سیل فون کی نشاندہی پر ہم یہاں پہنچے ہیں، وہ اس وقت ہمارے انتہائی قریب ہے بلکہ میں کہوں اسی پارک میں، مجھے کہا گیا ہے کہ وہ سیل فون اس وقت میرے سیل فون کے بالکل قریب ہے۔"

"مطلب گرباز یہیں اس پارک میں ہے؟" ہرپال نے ہولے سے پوچھا۔

"میں نے گرباز کے فون کی بات کی ہے۔ ممکن ہے اس کا کوئی نوکر ہو۔" جسپال نے فوراً محتاط لہجے میں کہا۔

"اب پتہ نہیں وہ دیکھنے میں کیسا ہوگا؟" گرلین کور نے کہا تو ہرپال نے شوخی سے کہا۔

"تو نے اس سے شادی کرنی ہے۔"

"پھر اس کی طرف سے پہلی گولی میں تجھے ماروں گی۔" گرلین نے ہنستے ہوئے جواب دیا

"کلیان سے پوچھ لیں کہ گرباز دیکھنے میں کیسا ہے؟" امبیت نے تیزی سے کہا۔

"نہیں، کسی کو معلوم نہ ہو کہ ہم کہاں ہیں۔ میں سوچتا ہوں۔" جسپال نے کہا اور پارک میں دیکھا۔ وہاں کافی لوگ تھے۔ عورتیں، مرد اور بچے تھے۔ کئی لوگ خوش گپیوں میں لگے ہوئے تھے۔ کوئی کھانے پینے میں مصروف اور چند لوگ جاگنگ ٹریک پر تھے۔

"یار، تمہیں معلوم ہو سکتا ہے کہ وہ ہم سے کتنے فاصلے پر ہے؟" ہرپال نے پوچھا۔

"میں پتہ کرتا ہوں۔" جسپال نے کہا اور فون نکال لیا۔ چند منٹ بعد اسے پتہ چلا کہ وہ فون مسلسل ایک دائرے میں گھوم رہا ہے، کبھی دور ہو جاتا ہے کبھی نزدیک۔ وہ سمجھ گیا کہ گرباز اس وقت جاگنگ کر رہا ہے۔ یہی معلومات اس نے سب سے شیئر کی تو وہ سب ہی تیار ہو گئے۔ انہوں نے جاگنگ کرتے چند لوگوں کو دیکھا۔ انہیں ایک آدمی پر شک ہو گیا۔ وہ لحیم شحیم تھا، خاصا بھاری، لمبے قد کا۔ وہ کلین شیو تھا۔ اس نے سفید ٹی شرٹ اور نیلا ٹراؤزر پہنا ہوا تھا۔ شک کی وجہ یہ تھی کہ اس سے دو قدم پیچھے دو نوجوان بھی بھاگ رہے تھے۔ وہ ان سے ذرا فاصلے پر تھے۔ اور انہی کی طرف آ رہے تھے۔ وہ کچھ دیر میں ان کے قریب سے گزر جاتے۔

"یہ بالکل اس کے باڈی گارڈ ہیں۔ میں اسے کال کرتا ہوں۔ فون ان سے نہ نکلا تو ارد گرد کے لوگوں پر نظر رکھو کہ..."

"سمجھ گئے۔ کال کرو۔" امبیت نے کہا تو جسپال نے نمبر ملایا۔ ایک نوجوان کے ہاتھ میں پکڑا ہوا سیل بج اٹھا۔ ان کے قدم ذرا سے ڈھیلے ہوئے۔ جسپال نے فون بند کر دیا۔ وہ آپس میں بات کرنے لگے۔ جسپال نے پھر کال ملا دی۔ وہ ان کے بالکل قریب تھے۔ بھاری بدن والا تشویش سے کہہ رہا تھا

"اس فون پر اب کس نے کال کر دی۔"

تب تک اس کے پیچھے والے نوجوان نے فون اسے تھما دیا۔ اس نے کان سے لگا کر کہا۔

"ہیلو کون؟"

"میں جسپال ہوں۔ مجھے ہرنیک سنگھ جی نے آپ کے پاس بھیجا ہے۔ آپ کہاں ہو۔ مجھے آپ سے فوری ملنا ہے۔"

یہ کہتے ہوئے وہ اس کے قریب سے گزر گیا۔

"تم کون ہو، میں کسی ہرنیک سنگھ کو نہیں جانتا۔"

"وہ بہت زخمی ہیں، اسپتال میں ہیں، مجھے آپ سے بہت ضروری بات کرنی ہے آپ کو خطرہ ہے۔"

"میں اپنے آپ کو خود سنبھال لوں گا۔ اور پھر جب میں کسی ہرنیک کو نہیں جانتا تو میں کیوں اس کا پتہ کرتا پھروں۔"

"ٹھیک ہے۔" جسپال نے کہا اور فون بند کر دیا

یہ تصدیق ہو چکی تھی کہ گرباز سنگھ وہی ہے۔ اب سب نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا تو ہرپال بولا۔

"اسے پارکنگ میں گھیرتے ہیں۔ وہاں تک لے جانا مشکل ہو جائے گا، لوگ متوجہ ہو جائیں گے۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

"خوامخواہ پولیس پیچھے لگے گی وہیں پارکنگ میں، خاموشی سے۔" ابھیت نے ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے کہا۔ اگلے منٹ میں انہوں نے پلان ترتیب دے لیا۔

گرباز سنگھ نے اسی وقت اپنی جاگنگ ختم کی اور باہر کی جانب چل پڑا۔ اس نے پارک کا گیٹ پار کیا اور پارکنگ کی جانب بڑھا۔ وہ اپنی کار کے پاس پہنچا۔ اس کے گارڈز اس کے پیچھے تھے۔ گرباز نے گاڑی کا اگلا دروازہ کھولا ہی تھا کہ ساتھ کی گاڑی کی اوٹ سے جسپال سنگھ نکلا اور اس کی کنپٹی پر پسٹل رکھتے ہوئے بولا۔

"کوئی حرکت مت کرنا، ورنہ گولی ماردوں گا۔"

گرباز ایک دم سے ساکت ہوگیا۔ اس سے پہلے کہ اس کے گارڈز اپنی گنیں سیدھی کرتے ابھیت اور ہرپال ان پر اپنے پسٹل تان چکے تھے۔

"کون ہو تم اور کیا چاہتے ہو؟" گرباز نے خود پر قابو رکھتے ہوئے رعب دار آواز میں کہا۔

"ہرنیک سنگھ جی نے بھیجا ہے۔ تمہیں ساتھ لے کر جانا ہے، انہیں تم سے کام ہے۔" جسپال نے کہا۔

"گنیں پھینک دو۔" ہرپال نے سرد لہجے میں کہا۔ انہوں نے گنیں پھینکنے کی بجائے گن سیدھی کرنا چاہیں تو ابھیت نے فائر کر دیا۔ جو ایک گارڈ کے لگا۔ اس کے ساتھ ہی ہرپال اور ابھیت نے زوردار انداز میں پسٹل گارڈز کے سر پر مارے۔ وہ زمین بوس ہوگئے۔ گرلین کور آگے بڑھی اس نے گنیں اٹھالیں۔

"چلو۔" جسپال نے اسے کالر سے پکڑ کر اپنی کار کی جانب دھکا دیا۔ کچھ دیر بعد وہ وہاں سے نکلتے چلے گئے۔ گرلین کور نے ساری صورت حال رونیت کور کو بتا دی تھی۔ آگے اسی نے بندوبست کرنا تھا۔

اس وقت رات کا پہلا پہر ختم ہونے کا تھا۔ جب وہ ایک بنگلہ نما گھر میں جا پہنچے۔ پورچ ہی میں ایک بندے نے انہیں اندر کا راستہ دکھایا۔ وہ گرباز سنگھ کو لے کر ایک کمرے میں آگئے، جس میں سامان نام کی کوئی شے نہیں تھی۔ راہنمائی کرنے والے لڑکے نے کہا۔

"یہ لیں جی، کمرہ بند کرلیں، یہ ساؤنڈ پروف ہے، یہاں کوئی جتنا بھی شور کرے، اس کی آواز نہیں آتی۔ جو کرنا ہے کھل کر کریں۔ کوئی شے منگوانی ہو تو یہ بٹن دبا دیں۔" یہ کہتے ہوئے اس نے دروازے کے ساتھ لگے سرخ بٹن کی طرف اشارہ کیا اور باہر کی طرف چلا گیا۔

وہ گرباز کو فرش پر بٹھا چکے تھے۔ جسپال نے اس کی طرف دیکھ کر کہا۔

"سیدھے سبھاؤ میرے سوالوں کا جواب دو گے یا تشدد کے بعد منہ کھولو گے۔"

"بولو۔" اس نے اختصار سے کہا۔

"سندو کہاں ہے؟" جسپال نے دھیمے لہجے میں انتہائی سنجیدگی سے کہا تو گرباز سنگھ نے اسے یوں دیکھا جیسے بم پھٹ گیا ہو یا پھر وہ کسی دوسری ہی دنیا کا بندہ دکھائی دے رہا ہو۔ اس کی آنکھیں وا ہوگئی تھیں۔

"تم ... کون ...... ہو تم؟"

جس قدر اسے حیرت ہوئی تھی، جسپال اس کی حیرانگی پر حیرت زدہ رہ گیا۔ اس قدر شدید ردعمل کی اس سے توقع نہیں تھی۔

"تمہیں ہرنیک سنگھ نے بھیجا؟" گرباز نے پوچھا تو جسپال بولا۔

"نہیں، مجھے اس نے نہیں بھیجا۔"

"پھر تم کون ہو؟" اس نے بھوئیں سکیڑتے ہوئے پوچھا۔ اس کے چہرے پر ابھی تک حیرت جمی ہوئی تھی۔

"میں جو کوئی بھی ہوں، تم صرف میرے سوال کا جواب دو۔" جسپال نے انگلی سے اس کی تھوڑی اٹھاتے ہوئے کہا۔

"تمہیں کس نے بتا دیا کہ میں کسی سندو کو جانتا ہوں، اگر ہرنیک نے تجھے میرے پیچھے لگایا ہے تو پھر تم بہت بڑا دھوکہ کھا چکے ہو۔"

"کیسا دھوکہ گرباز سنگھ؟"

"یہ مجھے نہیں معلوم، مگر مجھے اتنا پتہ ہے کہ میری ہرنیک کے ساتھ دشمنی چل رہی ہے۔ ممکن ہے تو کسی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

گرباز سنگھ کو تلاش کر رہے ہو، اس نے مجھے میری راہ پر لگا دیا۔ میں اس کے ساتھ دشمنی کی تصدیق کر سکتا ہوں۔"

"اوکے۔" جسپال نے کہا اور ابھیت کی طرف دیکھا تو وہ ہنستے ہوئے بولا۔

"اس بھڑوے نے کہہ دیا اور ہم نے مان لیا۔ یار ہمارے ماتھے پر بے وقوف لکھا ہوا ہے یا ہم کسی کامیڈین فلم میں کام کرتے ہیں۔"

"دیکھیں میں ایک شریف آدمی ہوں، اس وقت میں بے بس ہوں۔ یہاں تو میں ایسا کوئی ثبوت نہیں دے سکتا کہ جس سے یہ ظاہر ہو جائے کہ میں آپ لوگوں کا مطلوب بندہ نہیں ہوں۔" اس نے منت بھرے لہجے میں کہا تو اچانک جسپال کے ذہن میں ایک خیال آیا، وہ گرلین کور کو لے کر کمرے سے باہر آ گیا۔

"ایک طرح سے تصدیق ہو سکتی کہ وہ وہی گرباز سنگھ ہے جسے ہم تلاش کر رہے ہیں یا ہرنیک سنگھ نے ہمیں غلط ٹریک پر ڈال دیا ہے۔"

"وہ کیسے؟" وہ الجھتے ہوئے بولی۔

"ابھی دیکھو۔" یہ کہہ کر اس نے اپنا فون نکالا اور کلیان سنگھ کو فون ملا دیا۔ لمحوں میں رابطہ ہو گیا تو دوسری طرف سے وہ تیزی سے بولا۔

"شکر ہے اوئے تیرا فون آ گیا، میرے پاس تو تمہارا نمبر ہی نہیں تھا۔"

"کیا بات ہے کلیان سنگھ بولو...." جسپال نے کہنا چاہا اس نے بات کاٹ کر تیزی سے کہا۔

"میں نے آتے ہی بندے اس کی تلاش میں لگا دیئے تھے۔ گرباز آج دوپہر ہی سے غائب ہے۔ جس گھر میں وہ رہتا تھا، وہ خالی ہے، کوئی اس کا بندہ نہیں۔ مجھے پورا یقین ہو گیا ہے کہ سندو کو غائب کرنے والا وہی ہے۔ اسے پتہ چل گیا ہے کہ...."

"اچھا مجھے یہ بتا، وہ دیکھنے میں کیسا ہے، اس کا کوئی حلیہ، کوئی تصویر اس کی ہے تمہارے پاس۔" اس نے پوچھا تو کلیان نے کہا۔

"تصویر تو نہیں، آفس کے کیمرے کی ریکارڈنگ میں وہ ہو سکتا ہے، وہاں سے اس کی تصویر مل سکتی ہے۔" کلیان نے کہا تو جسپال کو یہ سمجھ بھی آ گئی کہ ان کی بھی ریکارڈنگ وہاں ہوگی۔ وہ کہہ رہا تھا: "نین نقش تو اس کے عام سے ہیں، قد بھی کوئی ساڑھے پانچ فٹ کے قریب رہا ہوگا۔ پکا رنگ ہے اس کا، پگڑی باندھتا ہے، ناک تلوار ہے اس کی، درمیانہ سا بدن، نہ موٹا اور نہ پتلا، کیس نہیں رکھے ہوئے اس نے۔" جیسے جیسے کلیان بتاتا جا رہا تھا، ویسے ہی کمرے کے اندر والے گرباز کے بارے میں اس کا یقین پختہ ہو گیا کہ وہ اس کا مطلوب بندہ نہیں ہے۔ یہی جب اس نے گرلین کو بتایا تو وہ بھی تشویش سے اسے دیکھتے ہوئی بولی۔

"روینت کو کیسے کریں بات؟"

"میں ان دونوں کو باہر بھیجتا ہوں، انہیں ساری بات بتاؤ، پھر جو فیصلہ ہو۔" یہ کہہ کر جسپال اندر گیا۔ وہ کشمکش میں تھا۔ ہرنیک سنگھ نے اسے ایسا جل دیا تھا کہ وہ خود کو بے وقوف سمجھ رہا تھا۔ وہ کمرے میں آیا تو تینوں نے اس کی طرف دیکھا۔ اس نے دونوں کو باہر بھیج دیا۔

"کیا تم کوئی تصدیق کر رہے ہو؟" گرباز نے پوچھا۔

"اگر ہو گئی تو، ورنہ تمہارے ساتھ ہی کام چلانا پڑے گا۔" جسپال نے ہنستے ہوئے کہا تو وہ بھی مسکرا دیا۔

"دیکھو، تم جو چاہو تصدیق کرو۔ جب تم لوگوں کو اطمینان ہو جائے تب پھر مجھے جانے دینا۔"

اس پر جسپال نے اسے کوئی جواب نہیں دیا، بلکہ کمرے میں ٹہلنے لگا۔ اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ وہ اس کی طرف سے غافل ہے۔ کچھ ہی منٹ بعد وہ تینوں اندر آ گئے، ان کا چہرہ بھی بجھا ہوا تھا۔

انہی لمحات میں سیل فون بج اٹھا۔ وہ گرباز کا فون تھا، جسے گرلین کور نے پکڑ لیا تھا۔ اس نے بجتا ہوا فون جسپال کو تھما دیا۔ اسکرین پر ایک تصویر جگمگا رہی تھی۔ اس کے اوپر لکھا ہوا تھا "مائی لو"۔ جسپال کی نگاہیں اس تصویر پر ٹک کر

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

رہ سکیں۔ فون خاموش ہوگیا۔ اگلے ہی لمحے فون دوبارہ بجا تو جسپال نے وہ تصویر گرباز کو دکھاتے ہوئے پوچھا۔

"یہ کس کی تصویر ہے، بہت خوبصورت ہے۔"

"یہ میری بیوی کی تصویر ہے، اسی کا فون آرہا ہے۔ وہ پریشان ہوگی۔"

"او کے، اسے ایس ایم ایس کر دیتے ہیں کہ تم مصروف ہو، بعد میں دیکھتے ہیں۔" جسپال نے صلاح دی اور ایس ایم ایس کردیا۔ پھر سر اٹھا کر اپنے تینوں ساتھیوں کی طرف دیکھ کر دروازے کے ساتھ لگا سرخ بٹن دبا دیا۔ چند لمحوں ہی میں ایک لڑکا اندر آ کر بولا۔

"جی باؤ جی۔"

"یہاں جولڑکے ہیں ان میں سے دو چار کو بلا لاؤ۔"

"ابھی آتے ہیں باؤ جی۔" یہ کہہ کر وہ غائب ہوگیا۔

"دیکھو گرباز، میں تمہیں صبح تک کا وقت دیتا ہوں۔ تم مان گئے اور میرے سوال کا جواب دے دیا تو ٹھیک، ورنہ تجھے میں گولی مار دوں گا۔ صبح تک یہ لڑکے تمہاری اچھی طرح سیوا کرتے رہیں گے۔" جسپال کے یوں کہنے پر تینوں نے اسے چونک کر دیکھا۔ گرباز کے چہرے کا بھی رنگ اڑ گیا تھا۔ اس نے تیزی سے کہا۔

"تم ابھی تصدیق......"

"بکواس بند کرو۔ میں سمجھ گیا ہوں کہ تو خود کو بہت عقل مند سمجھتا ہے، تمہاری عقل اب ٹھکانے لگے گی۔"

لڑکے اندر آ گئے تھے۔ تبھی پہلا گھونسہ جسپال نے اس کے منہ پر مارا، تبھی وہ چار لڑکے اس پر پل پڑے۔ تقریباً آدھے گھنٹے تک وہ اس کی دھنائی کرتے رہے۔ وہ سر سے پاؤں تک لہولہان ہوگیا۔ وہ بے بس ہو گیا تھا۔ تبھی اس نے کہا۔

"میں بے قصور ہوں، مجھے چھوڑ دیں۔"

"او کے۔ میں ابھی جا رہا ہوں۔ صبح ناشتے پر ملاقات ہوگی۔ میں ناشتہ بھی کروں گا، اگر تم مجھے میرے سوال کا جواب دے دو گے یا میں تجھے گولی نہ مار دوں۔" یہ کہہ کر اس نے لڑکوں کی طرف دیکھا اور کہا۔ "ہر آدھے گھنٹے کا آرام دے کر اس کی سیوا کرتے رہو، مرتا ہے تو مر جائے، مجھے میرے سوال کا جواب دینے والا مل گیا ہے۔ میں جا رہا ہوں، آؤ امبیت۔"

جیسے ہی یہ لفظ اس نے کہے گرباز سنگھ بری طرح چونک گیا۔ پھر تیزی سے بولا۔

"ٹھہرو، تم انجانے ہی میں سہی، مجھ تک پہنچ گئے ہو اور سندو کے بارے میں سوال کرنا ہی بڑی بات ہے۔ میں نہیں جانتا کہ تم مجھ تک کیسے پہنچے ہو لیکن، میں تمہارے سوالوں کا جواب دے بھی دوں، پھر بھی تم سندو تک نہیں پہنچ پاؤ گے۔" اس بار اس نے سکون سے کہا جیسے وہ خود پر قابو پا کر کوئی فیصلہ کر چکا ہو۔

وہ تینوں اس کی بات سن کر چونک گئے۔ لیکن جسپال نے بڑے تحمل سے کہا۔

"گرباز مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ تم کوئی معمولی چیز نہیں ہو، تم دھوکے میں یا پھر اپنے زعم میں مار کھا گئے ہو، تمہارا کوئی گروہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ مت کہنا کہ میں نے تمہیں نکلنے کا راستہ نہیں دیا۔ ہمت ہے تو جا سکتے ہو۔ تمہیں شاید یہ خیال بھی نہیں ہوگا کہ تم یوں میرے ہاتھوں چوہے کی مانند پھنس جاؤ گے۔"

"بات تمہاری ٹھیک ہے جسپال، نہ میں دھوکے میں مارا گیا ہوں نہ زعم میں، یہ تقدیر کی طرف سے ہے۔"

"چلو صبح تک آرام کرو۔" یہ کہہ کر جسپال آگے بڑھا، اس نے ہاتھ میں پکڑا پسٹل کا دستہ اس کے سر پر مارا۔ وہ چکراتے ہوئے فرش پر جا پڑا۔

"یہ مر گیا؟" گرلین نے پوچھا۔

"نہیں، بے ہوش ہے، اسے انجکشن دے دو، صبح تک اسے ہوش نہ آئے۔ ابھی تھوڑا اور کام کرنا ہے۔" یہ کہہ کر وہ باہر نکل گیا، وہ تینوں بھی اس کے ساتھ باہر آگئے۔

"یہ کیا تم نے اسے......؟" ہرپال نے پوچھا۔

"یہ ابھی آدھی کہانی ہے، یہ صبح تک پوری ہوگی۔ تم میرے ساتھ چلو، یہ امبیت اور گرلین اس کا خیال رکھیں گے، یاد رہے اور اس سے ایک لمحہ بھی غافل نہیں ہونا، یہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

گینگسٹر ہے، اس کے فائیٹر ہونے میں کوئی شک نہیں، غفلت نہیں کرنی، چاہو تو یہاں کچھ سیکورٹی بڑھالو۔"

"او کے سمجھ گئے۔" ابھیت نے سر ہلاتے ہوئے کہا تو جسپال تیزی سے چل دیا۔ ہرپال اس کے ساتھ تھا۔

رات کا تیسرا پہر شروع ہونے کو تھا۔ جسپال سنگھ کار سے اتر کر اسی بنگلے کے سامنے جا رکا، جہاں سے وہ صبح چلا تھا۔ گیٹ پر ایک چوکیدار تھا۔ جسپال کو پورا یقین تھا کہ وہ اسے پہچان نہیں پائے گا۔ اس لیے وہ جا کر بولا۔

"پار جاؤ اور گرمیت کو بلا کر لاؤ۔"

"دیکھیں جی ہماری ڈیوٹی ادھر ہے، آپ کون ہیں میں نہیں جانتا، ایسا ہی ہے تو آپ انہیں فون کر لیں۔"

"ہاں یہ ٹھیک ہے۔" جسپال نے کہا، فون کرنے کے لیے وہاں سے ہٹتا ہوا گیٹ سے ہٹ گیا۔ اس نے فون نہیں کیا۔ کچھ دیر بعد چوکیدار کے پاس جا کر بولا۔ "دیکھو، وہ فون نہیں اٹھا رہا، میں واپس چلا جاتا ہوں، صبح بتا دینا کہ امر سنگھ آیا تھا دلی سے، اب کسی ہوٹل میں ٹھہروں گا۔"

"ٹھیک ہے صاحب بتا دوں گا۔" چوکیدار نے کہا اور لوہے کے گیٹ کے اندر چلا گیا۔ یہ سارا ڈرامہ اس نے یہ دیکھنے کے لیے کیا تھا کہ اندر کیا صورت حال ہے۔ وہ وہاں سے چلتا ہوا گاڑی تک گیا، اور پھر ابھیت کو کار ایک طرف لے جانے کا کہا۔ بنگلے کے دائیں جانب اس نے کار رکوائی اور اس کی چاردیواری کے پاس جا کر ادھر ادھر دیکھا اور پھر اگلے چند لمحوں میں وہ دیوار پر تھا۔ اس نے ابھیت کو جانے کا اشارہ کیا۔ ان کے درمیان طے تھا کہ انہوں نے کیا کرنا ہے۔ رات گئے وہاں گاڑی کھڑی دیکھ کر کوئی بھی آ سکتا تھا۔

جسپال دوسری جانب اتر گیا۔ چند منٹوں میں وہ بنگلے کے کچن والے دروازے تک پہنچا۔ وہ بند تھا۔ اس نے تار نکالی اور چند منٹ میں تالا کھول لیا۔ وہ احتیاط کے ساتھ اندر اندھیرے میں گھس گیا۔ وہ بے آواز قدموں سے چلتا ہوا ڈرائنگ روم کی سیڑھیوں تک آیا، پھر چڑھتا چلا گیا۔ اوپر کے ڈرائنگ روم میں ٹی وی چل رہا تھا اور نیہا گریوال شارٹس اور ڈھیلی ڈھالی شرٹ پہنے بیٹھی ہوئی تھی۔ اس کی نگاہیں ٹی وی پر جمی ہوئی تھیں۔ ہاتھ میں گلاس تھا۔ سامنے شراب کی بوتل تھی۔ وہ یہ سوچ ہی رہا تھا کہ گرمیت کہاں ہو سکتا ہے کہ وہ ایک دم سے نمودار ہوا۔ اس کے ہاتھ میں پلیٹ تھی جس میں کچھ کھانے کو تھا۔ جسپال نے ادھر ادھر دیکھا۔ سیڑھیوں کے پاس دو گملے پڑے ہوئے تھے۔ اس نے ایک گملا لڑھکا دیا۔ اندر دونوں ہی نے چونک کر دیکھا۔ پھر گرمیت باہر دیکھنے کو آیا۔ جسپال ایک دم سے دیوار کے ساتھ لگ گیا۔ گرمیت جیسے ہی باہر آیا، جسپال نے ایک زوردار مکا اس کی گردن پر مارا۔ وہ چکرا گیا۔ دوسرا مکا اس کے ماتھے پر مارا تو وہ بے سدھ ہو گیا۔ ایک لمحے میں اس نے گرمیت کی تلاشی لے ڈالی، اس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ تبھی اندر سے آواز آئی۔

"کیا ہوا گرمیت؟"

جسپال نے گرمیت کو اس کے کالر سے پکڑا اور اندر کی طرف چلا گیا۔ نیہا گریوال اسے دیکھ کر ایک دم سے چونک اٹھی۔ چند لمحے اس کے منہ سے کچھ بھی نہ نکلا۔ بس ہکلا کر رہ گئی۔

"جسپال تم اور ایسے؟"

"تم مجھے یہ بتاؤ، یہ تمہارا نوکر ہے یا شوہر؟" جسپال نے اسے ڈانٹتے ہوئے پوچھا۔

"ہوا کیا ہے؟" نیہا نے حیرت سے پوچھا۔

"ابھی بتاتا ہوں۔" یہ کہہ کر اس نے پنڈلی سے بندھا ہوا خنجر نکالا۔ اس سے ڈرائنگ روم کے پردوں کی رسیاں کاٹیں اور اس سے گرمیت کو باندھ دیا۔

"یہ کیا کر رہے ہو جسپال؟" وہ روہانسا ہوتے ہوئے بولی۔ مگر اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اسے نیہا کے بیڈ روم میں گھسیٹ کر لے گیا۔ نیہا اس کے پیچھے ہی آ گئی۔ "کچھ بولو گے بھی، یہ کیا ہو رہا ہے؟"

"ہاں، ادھر آؤ، میں بتاتا ہوں کہ کیا ہو رہا ہے۔" جسپال نے اس کا ہاتھ پکڑا اور بیڈ پر بیٹھا لیا اور اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"مجھے ایک ہی سانس میں بتادو کہ سندیپ اگروال عرف سندو کہاں ہے؟"

"یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟" وہ انتہائی حیرت سے بولی تو جسپال نے ایک زوردار تھپڑ اس کے منہ پر مارا تو وہ الٹ کر بیڈ پر جا پڑی۔ چند لمحوں بعد اس نے سر اٹھایا تو اس کے ہونٹوں سے خون بہہ نکلا تھا۔

"مجھے اداکاری نہیں چاہیے۔" وہ سرد لہجے میں بولا۔

"تجھے ہو کیا گیا ہے، ایسا کیوں کر رہے ہو؟" اس نے روتے ہوئے کہا۔

"میں یہ مانتا ہوں کہ تم بہت بڑی اداکار ہو لیکن اب تمہاری اداکاری نہیں چلنے والی۔" یہ کہہ کر اس نے نیہا کا سیل فون اٹھایا جو اس کی شارٹس میں سے نکل کر بیڈ پر پڑا تھا۔ پھر گرباز کا سیل فون نکال کر نمبر ملائے ہوئے تو اس کا سیل فون بج اٹھا۔ نیہا نے اٹھایا اور حیرت سے جسپال کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"یہ سیل...... تم نے کال ملائی۔ گرباز کہاں ہے؟"

"اب سمجھ گئی ہو، میں کیا کہنا چاہتا ہوں۔ اس وقت یہ میرے قبضے میں ہے۔"

"مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آرہا ہے۔" نیہا نے کہا اور یوں سر پکڑ لیا جیسے اس کا سر چکرا رہا ہو۔ اس پر جسپال نے ایک اور تھپڑ اس کے منہ پر مارتے ہوئے کہا۔

"میں تجھے اس پنکھے سے لٹکا دوں گا یا پھر......" اس نے فقرہ ادھورا چھوڑا اور خنجر نکال کر اس کی گال پر رکھ کر نوک چبھو دی۔ اس پر نیہا نے ہکلاتے ہوئے کہا۔

"میں سب بتا دیتی ہوں۔"

"لیکن یہ یاد رکھنا، اگر جھوٹ ہوا تو ایک دم نہیں ماروں گا۔ سمجھی؟" اس نے دھمکی دی۔ وہ چند لمحے خود پر قابو پاتی رہی، پھر بولی۔

"میں ایک پیگ؟"

"ٹھہرو، میں دیتا ہوں۔" جسپال نے اٹھتے ہوئے انجیت کو کال ملا دی۔ بوتل اٹھاتے ہوئے اس نے کہا۔ "اوپر والی منزل پر، سب خالی، چوکیدار کی طرف سے آجاؤ۔"

یہ کہہ کر جسپال نے بوتل اٹھائی اور نیہا کے پاس بیڈ پر جا بیٹھا۔ اس نے بوتل پکڑ کر منہ کو لگالی، چند گھونٹ لینے کے بعد بولی۔

"گرباز سے میری ملاقات ایک سال پہلے ہوئی تھی۔ ان دنوں ایک فلم کی شوٹنگ چل رہی تھی۔ وہ اپنے دوست کے ساتھ ڈائریکٹر کو ملنے آیا تھا۔ وہ سارا دن ہمارے ساتھ رہا۔ بہت گپ شپ ہوئی۔ وہ کوئی فلم بنانا چاہتا تھا۔ یوں اس سے ملاقاتیں شروع ہو گئیں۔ یہ ملاقاتیں بڑھیں اور دوستی سے بھی آگے بڑھ گئیں۔ ہم نے فیصلہ کرلیا کہ ہم شادی کرلیں گے۔"

"سندو کو اس کا پتہ نہیں تھا؟" جسپال نے پوچھا۔

"بالکل بھی نہیں۔ میں نے اسے پتہ ہی نہیں چلنے دیا۔ میں نے دراصل یہ سوچا تھا کہ سندو نے مجھے اپنی رکھیل ہی رکھنا ہے۔ جب یہ جوانی میرا ساتھ چھوڑ جائے گی، پھر کون پوچھنے والا ہوگا۔ سندو کے دھندے ہی ایسے تھے، وہ نجانے کب اور کس وقت یہ دنیا ہی چھوڑ جائے۔ گرباز سنگھ کی کینیڈین شہریت ہے۔ شادی کے بعد ہم نے وہیں بس جانے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ چھ ماہ پہلے ہم نے کینیڈا میں شادی کرلی تھی۔ وہاں ہم ایک ماہ رہے تھے ایک فلم کی شوٹنگ کے لیے۔ اس دوران اس نے میری پسند کا ایک گھر خرید کر دیا، جہاں ہم نے رہنا ہے۔ میں سندو سے علیحدگی کی بات کرنا ہی چاہ رہی تھی کہ وہ غائب ہو گیا۔"

"تو پھر اب سندو کو تلاش کیوں کر رہی ہو۔ تمہیں کیا وہ مرے یا جئے؟" جسپال نے کہا۔

"اس کے بعد کچھ اچھا نہیں ہوا۔ سندو کے ساتھی مارے جانے لگے۔ خود مجھے چھپنا پڑا۔ گرباز بھی مجھے بہت محتاط ہو کر ملتا تھا۔ میں بس یقین کرلینا چاہتی تھی کہ سندو اب بھی زندہ ہے یا......"

"تم اب بھی جھوٹ بول رہی ہو۔ تم نے اور گرباز دونوں نے سندو کو غائب کیا ہے۔ یا پھر تم استعمال ہو گئی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ہو، اصل کہانی کیا ہے وہ مجھے بتا دو۔"

"میں کچھ نہیں جانتی جسپال، لیکن اب لگتا ہے کہ کوئی گڑ بڑ ہے ضرور۔" اس نے کہا اور بوتل منہ سے لگا کر چند گھونٹ لے لیے۔ پھر بولی۔ "اگر ایسا ہے تو بہت بڑا دھوکا ہوگا، اس نے میرے ساتھ شادی کی ہے۔ یہ دیکھو، میری شادی کی تصویریں۔" یہ کہہ کر اس نے اپنا سیل فون لیا اور اس میں سے ایک تصویر نکال کر جسپال کے آگے کر دی۔ "یہ میں اور گرباز، کینیڈین عدالت میں۔"

جسپال نے وہ تصویر دیکھی تو بری طرح چونک گیا۔ یہ تو وہی تھا جس کا حلیہ کلیان سنگھ نے بتایا تھا۔ تو پھر ان کے پاس گرباج ہے وہ کون ہے؟ وہ چکرا کر رہ گیا۔

وہ خاموش بیٹھا یہی سوچتا چلا جا رہا تھا کہ ابھیت سنگھ اندر آ گیا۔ نیہا اسے دیکھ کر چونکی پھر یوں ہو گئی جیسا اسے کوئی سروکار نہ ہو۔ وہ سمجھ گئی تھی۔ اس نے ابھیت کو ایک طرف لے جا کر ساری بات بتائی تو وہ پہلے حیران ہوا، پھر ایک دم چونک کر بولا۔

"ابھی میں سے بات نکلے گی۔ دیکھنا۔" یہ کہہ کر وہ آگے بڑھا اور جاتے ہی نیہا کو مارنا شروع کر دیا۔ وہ چیخنے لگی تو اس نے نیہا کے منہ پر ہاتھ رکھا اور سیڑھیوں کے پاس لے آیا۔ "اگر صاف بک دو گی تو ٹھیک، ورنہ یہاں سے نیچے پھینک دوں گا۔ بچ گئی تو ساری زندگی کے لیے اپاہج ہو جاؤ گی۔"

"نہیں تم ایسا نہیں کر سکتے، چھوڑو اسے؟" گرمیت نے کہا تو انہوں نے چونک کر اسے دیکھا۔ وہ ان پر پسٹل تانے کھڑا تھا۔ اس کے لبوں پر بڑی زہریلی مسکراہٹ تھی۔ جسپال اور ابھیت نے ایک دوسرے کی جانب دیکھا تو جسپال نے ایک خفیف سا اشارہ ابھیت کو کرتے ہوئے ہاتھ اٹھا دیے۔

"جسمندر نے کیا بے وقوف بندہ ہمارے متھے لگا دیا۔ جس نے ہماری ہی تفتیش شروع کر دی۔ تمہیں سندو کو تلاش کرنے کا کہا تھا اور تم نے ہمیں ہی نشانہ بنا لیا۔"

"سندو کی تلاش ہی میں تم تک پہنچے ہیں۔" جسپال نے کہا تو نیہا گرول ہلکی ہلکی تالیاں بجاتی ہوئی بولی۔

"یہ تو ماننا پڑے گا گرمیت کہ بندہ بے وقوف نہیں سمجھدار ہے۔ اتنی جلدی کوئی عام آدمی ہم تک نہیں پہنچ پایا۔ گرمیت پسٹل مجھے دو اور انہیں باندھ کر پولیس کو فون کر دو۔ کہو ڈاکو ہیں، لیکن پہلے کچھ لوگوں کو بلا لو، جو انہیں ختم کر دیں۔"

جس وقت نیہا نے گرمیت سے پسٹل پکڑا، جسپال کو اتنا ہی وقت کافی تھا، مگر اس نے کوئی حرکت نہیں کی۔ گرمیت نے رسیاں لے کر انہیں باندھ دیا۔ تبھی نیہا نے آگے بڑھ کر جسپال کے منہ پر تھپڑ مارتے ہوئے نفرت سے کہا۔

"سندو کی تلاش چاہیے تھی بس۔ وہ مر گیا ہے یا زندہ ہے، یہی تصدیق چاہیے تھی، مگر تم تو پانچ بیماروں کو آزاد کروا کر دھرم کا پالن کرنے لگے۔"

"تو پھر تم جو چاہتی ہو، مجھے وہی بتانا تھا نا؟" جسپال نے یوں کہا جیسے اس سے شکوہ کر رہا ہو۔

"مجھے صرف یہ چاہیے تھا کہ گرباز کو لوگوں کے سامنے لا کر سندو کا معاملہ یہیں گول کر دوں۔ مگر تم کچھ اور ہی کرنے لگے، خیر، مجھے افسوس ہے کہ تمہیں معاوضے کی بجائے موت مل رہی ہے۔"

"تم اگر مجھے مار دو گی تو گرباز، جو تمہارا شوہر ہے، وہ تو ہمارے قبضے میں ہے، کیا تم اسے نہیں بچانا چاہتی۔"

"اسے ویسے بھی مارنا تھا۔ وہ نہیں رہے گا تو لوگ تلاش کرتے رہیں گے، جبکہ ہمیں یہاں رہنا ہی نہیں ہے۔"

"وہ تمہارا شوہر ہے، جس کی تصویر تمہارے اس سیل فون میں ہے، جس کے ساتھ تمہاری شادی......"

"جس کی تم نے تصویر دیکھی ہے اور جسے تم نے پکڑا ہوا ہے، وہ مچھلی پکڑنے کا ایک چارہ تھا، بے چارہ، وہ کرائے پر لیا ہوا تھا۔ مارنا چاہو تو مار دو، آزاد کرنا چاہو تو کر دو، بعد میں بھی تو اس نے جیل ہی بھگتنی ہے۔"

"میں نے بندے بلوا لیے ہیں، وہ ابھی پانچ منٹ میں آتے ہیں۔" گرمیت نے کہا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"تم ان کا انتظار مت کرو، بیگ اٹھاؤ ہم یہاں سے نکلیں۔" نیہا تیزی سے بولی۔

"یہ ٹھیک ہے۔" گرمیت نے کہا تو جسپال نے پوچھا۔

"یار گرمیت، تم اتنے شارپ نہیں لگتے، جتنا تم نے کام دکھایا، تم آزاد کیسے ہو گئے۔"

"جس وقت تم بوتل اٹھانے گئے تھے، نیہا نے تمہارا خنجر میری طرف کھسکا دیا، تمہارے ہی خنجر سے آزاد ہوا ہوں۔" یہ کہہ کر اس نے ہلکا سا قہقہہ لگایا تو جسپال نے کہا۔

"میں خنجر کے بغیر بھی آزاد ہو جاتا ہوں، یہ دیکھو۔"

وہ اگلے ہی لمحے آزاد ہوا، تبھی نیہا نے فائر کر دیا۔ جسپال وہاں نہیں تھا، وہ اچھل کر نیہا پر جا پڑا۔ وہ اگلا فائر ہی نہ کر سکی۔ اس نے پسٹل والے ہاتھ کو قابو کرنا چاہا۔ نیہا نے پسٹل پھینک دیا۔ جسپال نے اسے زور سے دھکا دیا۔ وہ فرش پر جا پڑی۔ گرمیت اس پر چڑھ پڑا۔ وہ ایک اچھا فائٹر ثابت ہوا۔ اس نے اپنی کہنی جسپال کی گردن پر ماری، اور گھٹنا اس کے پیٹ میں مارا۔ جسپال لڑکھڑا گیا۔ اس نے گھونسہ منہ پر مارا، تب تک نیہا بھی اٹھ کر اس کے مقابل آ گئی۔ ماحول بہت سخت ہو گیا تو جسپال نے یہ کھیل ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ممکن ہے گرمیت نے بندے بلوائے ہی ہوں اور وہ آ جائیں۔ جسپال اٹھا اور اس نے گرمیت کو پکڑا، اس نے جسپال کی گردن قابو کرنا چاہی مگر اسے دیر ہو گئی۔ جسپال نے اسے اٹھایا اور سر کے اوپر لے جا کر زور سے فرش پر مارا۔ وہ اٹھ ہی نہ سکا۔ پھر اس نے نیہا کو پکڑا اور زور سے اس کے سر پر مکا مارا۔ وہ چکرا کر گر گئی۔ جسپال نے ابھیت کو کھولا۔ پھر دونوں اسے ڈنڈا ڈولی کر کے نیچے لے گئے۔ انہوں نے بڑی احتیاط سے ڈرائنگ روم پار کیا اور پورچ میں کھڑی گاڑی تک آ گئے۔

اس بنگلے میں سکون تھا، جہاں انہوں نے گرباز کو رکھا ہوا تھا۔ وہاں تک جاتے ہوئے راستے میں نیہا کو ہوش آ گیا تھا۔ ہرپال سنگھ کو اس کے آنے کی خبر تھی اس لیے پورچ میں کھڑا تھا۔ جسپال نے نیہا کو اتارا اور دھکا دے کر آگے لگا لیا۔ یہاں تک کہ وہ اس کمرے تک جا پہنچے۔ جیسے ہی نیہا کی نگاہ گرباز پر پڑی تو اس کی چیخ نکل گئی۔ وہ شدت حیرت سے بولی۔

"تم گرباز یہاں ان کے پاس......" پھر جیسے اسے ہوش آ گیا۔ وہ یوں ہو گئی تھی جیسے اس کی چوری پکڑی گئی ہو۔ تبھی جسپال نے کہا۔

"تم نے کیا سمجھا، میں نے اُسے یہاں رکھا ہوا ہے جس کی فوٹو تم نے مجھے دکھائی، تم اس گرباز کو محفوظ سمجھ کر مجھے دھوکا دے رہی تھیں؟" یہ کہہ کر اس نے اپنا پسٹل نکالا اور غصے میں کہا۔ "جو سچ ہے، وہ بک دو، ورنہ میں کیا کروں گا تم نہیں سمجھ سکتی۔ بہت پیار ہو گیا تم لوگوں سے؟"

"نیہا، میرے خیال میں قسمت نے ہمیں ہرا دیا یہ بات مان لینا چاہئے۔ باوجود ایک بڑا کھیل کھیلنے کے، آخر یہ ہم تک پہنچ گئے۔" گرباز نے شکست خوردہ لہجے میں کہا۔

"سچ کیا ہے؟" جسپال نے پاؤں کی ٹھوکر گرباز کے منہ پر ماری۔ اس کے ہونٹوں سے خون کی دھار بہہ نکلی، جسے وہ صاف کرتے ہوئے بولا۔

"یہ سچ ہے کہ سندو کو میں نے غائب کیا ہے اور وہ زندہ ہے۔ نہ وہ خود یہاں آ سکتا ہے اور نہ ہی تم اس تک پہنچ سکتے ہو۔ یہ بھی سچ ہے کہ میں نے اسے غائب کرنے کے لیے بہت بڑی گیم کی۔"

"کلیان اور ہرنیک وغیرہ کو....."

"وہ میں نے اپنا ایک ڈمی بنایا تھا۔ پکڑا جاتا وہ صاحب وہ غائب ہو گیا ہے تو اسی کی تلاش ہوتی۔ میں نے دو دن بعد یہاں سے چلے جانا تھا۔"

"سندو کو غائب ہوئے تین ہفتے ہو گئے، تم اب تک یہاں کیوں ہو اگر اسے ہی غائب کرنا تھا؟" ابھیت نے پوچھا تو وہ بولا۔

"سندو کے غائب کرنے کے بعد میرے پاس تین ٹاسک تھے، ایک سندو کی ساری دولت اکٹھا کر کے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

کینیڈا ٹرانسفر کرنا، دولت میں نے اکٹھا کر لی ہے لیکن اب صرف ٹرانسفر رہتا تھا جو میں نے صبح کرنا تھی۔ دوسرا اس دوران میں نے سندو گینگ ختم کرنا تھی۔ وہ بہت حد تک میں نے ختم کر دیا۔ ان دو کاموں کے لیے نیہا نے میری بہت مدد کی۔"

"اور تیسرا ٹاسک؟" امجیت نے پوچھا۔

"ان پانچ پیاروں کو ختم کرنا لیکن جسپال ضرورت سے زیادہ تیز نکلا، میرے خیال میں یہ ایک ہفتہ تک یہیں بھول بھلیوں میں بھٹکتا رہتا۔ اور مجھے دو دن چاہئے تھے۔ سارا کام اس وجہ سے ڈسٹرب ہو گیا کہ اس نے آج ہی سب کچھ کر کے پانچ پیارے بھی چھڑوا لیے۔ اس پر لازمی وہ نقلی گرباز پکڑا جاتا۔ میرے لیے مشکل ہو جاتی اور میں نے اسے دوپہر کے وقت ہی اٹھا لیا۔" یہ کہہ کر اس نے سانس لیا پھر بولا۔ "مجھے ایک بات بتاؤ گے جسپال؟"

"بولو۔" جسپال نے کہا۔

"آخر تم مجھ تک اتنی جلدی کیسے پہنچ گئے، میں حیران ہوں، ایسا ممکن نہیں ہو سکتا؟" اس نے حیرت سے پوچھا۔

"یہ بہت لمبی کہانی ہے گرباز، میں بتا دیتا ہوں، لیکن ایک بات اگر تم بتاؤ تو؟"

"پوچھو۔" اس نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔

"تمہیں اس کام پر کیوں لگایا گیا؟"

"ہمیں ان بھول بھلیوں کے لیے۔ تم کیا سمجھتے ہو تم پولیس اور خفیہ کی نگاہوں میں نہ آتے، میں نے انہیں اس ٹریک پر ڈال دیا تھا۔ یہاں تک کہ ہر نیک کو بتا دیا تھا کہ وہ اغوا ہونے والا ہے۔ پھر بھی وہ بے وقوفی کر گیا۔ جیسے ہی وہ اغوا ہوا، میں نے اپنا فیصلہ کر لیا تھا۔ کوئی مجھ تک نہیں پہنچ سکتا تم نے پارک میں مجھے گردن سے جا پکڑا، یہ کیسے؟"

اس پر جسپال ہنس دیا۔ وہ سمجھ رہا تھا کہ بلاشبہ قسمت نے ہی ساتھ دیا ہے، ورنہ ایک سیل فون کال کی وجہ سے وہ پکڑا نہ جاتا۔ اسے یہ بات سمجھ نہیں آ سکتی تھی۔ اس لیے وہ ان سے کھیلنے لگا

"دیکھو لالچ بہت بری بلا ہے، یہ ہم بچپن سے پڑھتے اور سنتے آئے ہیں، پھر بھی سبق نہیں لیتے۔ تم نیہا اگروال کو استعمال کر کے اور ساری دولت لے کر غائب ہونے والے تھے۔ یہ تمہارا شروع ہی سے پلان تھا ورنہ تم کبھی نقلی گرباز کھڑا نہ کرتے، کیا میں سچ کہہ رہا ہوں؟"

"بالکل، ایسا ہی ہے" اس نے جواب دیا تو جسپال نیہا اگروال کے پاس گیا، اس کے گالوں پر پسٹل کی نال پھیرتے ہوئے بولا۔

"ایسا ہی تیری اس نقلی محبوبہ نے کیا، وہ تجھے پھنسا کر ساری دولت ..."

"بکواس کر رہا ہے تو، میں ایسا ..." نیہا نے چیخ کر اس کی بات کاٹی۔

"اس کا حق ہے یہ ایسا کرتی، میں جو کر رہا تھا اس کے ساتھ، خیر جو ہوا، وہ ہو گیا، حقیقت یہ ہے کہ ہم تیرے قبضے میں ہیں اب بتاؤ کیا چاہتے ہو؟"

"مجھے سندو سے کوئی سروکار نہیں، اس جیسے پتہ نہیں کتنے لوگ ایسے بے نام موت مر جاتے ہیں، دھرم کی خدمت میں نے کر دی، ان پانچ پیاروں کو بچا کے۔ اب صرف دولت ہی بچتی ہے وہ دے دو تم آزاد ہو۔"

"جتنی چاہو، دولت لے لو، لیکن دھوکا نہیں کرنا۔" اس نے سنجیدگی سے کہا۔

"دولت ملنے کے بعد جہاں چاہو گے ہم اپنی حفاظت میں تمہیں وہاں چھوڑ دیں گے۔" جسپال نے کہا اور امجیت سے بولا۔ "جیسے چاہو ڈیل کر لو، یہ اب تم لوگوں کی ذمہ داری ہے۔" یہ کہہ کر اس نے گرلین کو اشارہ کیا اور باہر نکل گیا۔ پورچ میں اس نے جا کر گرلین سے کہا۔ "رونیت کور کے پاس چلو۔"

"اوکے۔" اس نے کہا اور کار کی جانب بڑھ گئی۔

جسپال بیڈ پر بیٹھا ہوا تھا اور رونیت کور بیڈ کے ساتھ ٹیک لگا کر نیم دراز تھی۔ اس کے چہرے پر گہری سنجیدگی تھی۔ جسپال نے اسے ساری روداد سنا دی تھی۔

"جسپال! ایک طرح سے دیکھا جائے تو جو کام تیرے ذمے تھا، وہ ہو گیا ہے۔ ہمیں جسمیندر کو بتا دینا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

چاہئے اور وہ بھی جو موجودہ صورت حال ہے۔" رونیت کور نے اسی سنجیدگی سے کہا۔

"وہ تو ٹھیک ہے، لیکن مجھے سمجھنا یہ ہے کہ گرباز کا یہ کھیل کیسا تھا، کیوں کھیلا اس نے اتنا بڑا کھیل، کیا تم یہ سمجھ نہیں رہی ہو کہ جس قدر یہ بڑا کھیل تھا، اسی قدر اس کے پیچھے کوئی بڑا مفاد ہو سکتا ہے۔"

"گریٹ گیم کا یہ حصہ ہے جسپال، کوئی شاطر کہیں بیٹھا یہ کھیل کھیل رہا ہوگا۔ اس نے مہرے ادھر ادھر کیے اور یہ حقیقت ہے کہ ہم بھی اس کھیل میں مہروں سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتے ہیں۔ میرا تو خیال ہے جسمیندر بھی اس کھیل میں مہرہ بن کر استعمال ہو گیا ہے، ہمارے ہاتھ کیا آیا فقط سندو کی وہ دولت جو گرباز لے کر جا رہا تھا، وہ بھی ہمیں ملی نہیں۔" رونیت کور بڑے درد سے بولی۔

"دیکھو دولت ایک بڑی حقیقت ہے۔ کسی بھی تحریک کے لیے وسائل کی ضرورت ہوتی ہے اور وسائل دولت سے حاصل ہوتے ہیں۔ دوسری بات تم بھول رہی ہو، ہم نے ان پانچ پیاروں کو بھی تو بچا لیا ہے۔ واہگرو نے ہم سے یہ سیوا لے لی۔ یہ تھوڑی بات ہے۔" جسپال نے کہا۔

"میں تمہاری بات سے انکار نہیں کرتی۔ دولت بھی حقیقت ہے اب دیکھو اگر ہمارے پاس وسائل نہ ہوں تو ہم کچھ بھی نہیں کر سکتے۔ جیسے کہ ان پانچ پیاروں کی بازیابی اور کینیڈا پہنچا دینے تک کی حفاظت، وہ اب ہماری ذمہ داری بن چکے ہیں۔" رونیت کور نے اس کی بات سمجھتے ہوئے کہا۔

"لیکن رونیت، کیا تمہارا نہیں خیال کہ ہم اس کھیل کو ذرا مزید دیکھیں۔"

"بات تو تمہاری ٹھیک ہے، دیکھنا چاہئے، لیکن پروفیسر صاحب کا خیال ہے کہ اپنی حد میں رہ کر کام کرنا ہے۔ جس دن ہم اپنی حد سے نکلے، وہ ہمارے لیے ٹھیک نہیں ہوگا۔" رونیت کور نے گول مول جواب دیا۔

"ہم اپنی حد خود بڑھا جاتے ہیں، جب ہم نے کام ہی اپنے دھرم کے لیے کرنا ہے تو۔" اس نے کہا تو رونیت

تاثیر لفظوں کی

☆ ہم جذبہ محبت کی تخلیق پر قادر نہیں ہیں۔ اسے مدت تو کیا صدیوں میں بھی تخلیق نہیں کیا جا سکتا۔

☆ مصروفیت اپنے اصل سے فرار ہے۔ دنیا نفس ہے اور نفس کے شور میں کھو کر روح کی پکار پر کیوں کر دھیان دیا جا سکتا ہے۔

☆ زخم ہمیشہ اسی سے ٹھیک ہوتے ہیں جو انہیں عنایت کرتا ہے لیکن کبھی کبھی تو یہ اس کے بس کی بھی بات نہیں رہتی۔

☆ یاد کرنے کے لئے تصویر کا ہونا ضروری تو نہیں۔ کچھ صورتیں دل پر بھی نقش ہو جایا کرتی ہیں۔

(صبا سلیم ننڈو جان محمد)

کور نے پیار سے اس کے گال پر ہاتھ پھیرا اور بھیگے ہوئے لہجے میں بولی۔

"تم بہت تھک چکے ہو۔ تم ابھی سکون کرو، فریش ہو جاؤ گے تو باتیں کریں گے۔ اس پر بھی سوچ لیں گے۔ آؤ لیٹ جاؤ۔" رونیت کور نے کہا اور جہازی سائز کے بیڈ کی ایک طرف ہو گئی۔ جسپال نے اس کی طرف دیکھا اور پھر لیٹ گیا۔ اسے نیند آتے ہوئے زیادہ وقت نہیں لگا۔

❀ ❀ ❀

میں نے جیسے ہی درختوں کا جھنڈ پار کیا، میرے سامنے ایک بہت بڑے پاٹ والا دریا تھا۔ اس دریا کے اوپر سے ایک پل تھا جو دیکھنے میں بڑا نازک لگ رہا تھا۔ میں جیسے ہی اس پل پر آیا تو دریا کی سطح دیکھ کر ششدر رہ گیا۔ پل کے ایک طرف بڑا صاف اور شفاف پانی آ رہا تھا لیکن جیسے ہی پل کے نیچے سے دوسری طرف نگاہ پڑی، وہاں کا منظر ہی کچھ دوسرا تھا۔ دریا کا پانی دو حصوں میں تقسیم تھا۔ دائیں جانب صاف ستھرا اور نیلگوں پانی تھا۔ اس میں پھول تھے اور خوشبو اٹھ رہی تھی۔ اسے دیکھ کر فرحت کا احساس ہو رہا تھا۔ ادھر کنارے پر رنگ برنگے پھول کھلے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ہوئے تھے۔ درخت تھے، پرندے تھے اور ہریالی تھی۔ جو نگاہوں کو بھلی لگ رہی تھی۔

اس کے ساتھ ہی گدلا، سیاہی مائل اور سڑاند مارتا ہوا تعفن زدہ پانی بہہ رہا تھا۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے اس میں پیلی پیلی پیپ اور سرخ رنگ کا خون بہہ رہا ہو۔ اس کے کنارے سڑے ہوئے گوشت کے لوتھڑے، آدھے ادھورے کھائے ہوئے انسانی بدن، ڈھانچے اور ہڈیاں پڑی ہوئی تھیں۔ اس کے ساتھ ہی گدھ جیسے انہیں بھنبھوڑ رہے تھے۔ ایسا دریا میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ دونوں پانی باہم بہہ رہے تھے۔ ایک دوسرے میں مل نہیں رہے تھے۔ میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ ایک دم سے آواز آئی

"کیوں حیرت زدہ ہو؟"

"اس دریا کو دیکھ کر۔" میں نے تیزی سے کہا۔

"غور سے دیکھو۔ یہ دریائے شہوت ہے۔ جو نیچے کا پانی ہے۔ وہ سمجھو انسان کی وہ عمر ہوتی ہے جب وہ معصوم ہوتا ہے۔ لیکن جیسے ہی وہ بالغ ہونے کے پل سے گزر جاتا ہے تو شہوت کے دو ہی راستے ہیں۔ جس کا تم مشاہدہ کر رہے ہو۔ ایک وہ جو فطری راستہ ہے۔ اس میں سکون اور اطمینان ہے۔ غور سے دیکھو اگلی نسل کو زندگی بھی خوش آمدید کہہ رہی ہے۔ وہاں زندگی ہے۔ جبکہ دوسری طرف موت کا ہولناک سناٹا ہے۔ یہ شہوت کا غیر فطری بہاؤ ہے۔ جس کا انجام تم کناروں پر دیکھ سکتے ہو، جہاں صرف موت ہے۔"

"یہ فطری اور غیر فطری شہوت کے بہاؤ؟" میں نے الجھتے ہوئے پوچھا۔

"یہ شہوت اس قدر قوت ہے کہ اس کو نہ صرف قابو کرنے کی بڑی ضرورت ہے بلکہ پاکیزہ رکھنا اس سے بڑی ضرورت۔ یہ تخلیق کا منبع ہے۔ سنو اگر آج عورت یا مرد میں سے کسی ایک کی تخلیقی قوت سلب ہو جائے تو اس زمین پر زندگی کب تک رہے گی۔ زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ سو سال، یا اس سے ذرا زیادہ۔ غیر فطری بہاؤ تخلیقی قوت کو ضائع کر دینے کے مترادف ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جو انسانی نسل کو ختم کر دینے اور اس پر موت طاری کر دینے کی وجہ ہے۔ شہوت کا غیر فطری ذریعہ انسانی زندگی ہی کے لیے نہیں انسانی بقا کے لیے بھی خطرناک ہے۔"

میں اس دریا کو دیکھتا رہا اور اس آواز کا منتظر رہا لیکن کافی دیر تک خاموشی رہی۔ میں نے پل پار کرنے کے لیے قدم بڑھا دیے۔ تو وہ پل میرے قدموں کے نیچے سے سرکنے لگا۔ میں لمحوں میں دریا پار کر گیا تو میرے سامنے ایک پہاڑ تھا۔ میں پہاڑ پر چڑھنے لگا۔ یہاں تک کہ میں اس کی چوٹی پر چڑھ گیا۔ دوسری جانب میرے لیے ایک اور حیرت تھی۔

تاحد نگاہ لوگ ہی لوگ تھے۔ جو شور کر رہے تھے۔ کوئی ایک دوسرے کی جانب نہیں دیکھ رہا تھا۔ جیسے کان پڑی آواز سنائی نہ دے رہی ہو۔ ان کی نگاہ نیچے تھی۔ ان کے آگے کھانے پینے کی چیزوں کا ڈھیر تھا۔ وہ لوگوں سے بہت بلند تھا۔ کوئی بھی اوپر نہیں دیکھ رہا تھا یا تو لوگ اس ذخیرے میں سے کھانے پینے کی چیزیں نکال نکال کر کھا رہے تھے یا ایک دوسرے سے چھین کر کھا رہے تھے۔ کوئی مانگ رہا تھا کسی کی زبان اتنی لمبی تھی کہ اس سے کھانا ہڑپ کر جاتا تو پھر سے ان پر کھانے رکھنے شروع کر دیتا۔ میں ان کی طرف دیکھ رہا تھا اور حیران ہو رہا تھا۔

"یہ وادی جوف ہے۔ جسے تم پیٹ کی وادی بھی کہہ سکتے ہو۔"

"یہ کیسی وادی ہے، یہاں لوگ ہلکان کیوں ہو رہے ہیں۔" میں نے حیرت سے پوچھا۔

"اصل میں یہ کم ظرف لوگ ہیں۔ وہ دیکھ ہی نہیں رہے ہیں کہ رزق کا اتنا بڑا ذخیرہ ہے اس کی طرف تو دیکھیں۔ وہ تو اپنے نفس طرف دیکھ رہے ہیں۔ رزق کی کمی نہیں، ان کی نیت میں کمی ہے۔ اسی لیے ایک دوسرے سے چھین رہے ہیں اور وہ دیکھو ایسے بھی ہیں اپنے حصے سے وافر اور اپنا بھی دوسروں کو دے رہے ہیں،

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

وہ لوگ دیکھو، کتنے مطمئن ہیں۔"

"ہاں میں دیکھ رہا ہوں، جو جتنا زیادہ ذخیرہ کررہے ہیں ان کے پاس سے اتنا زیادہ تعفن اٹھ رہا ہے۔"

"وادی جوف کے لوگ صرف پیٹ سے سوچتے ہیں، جو جتنا پیٹ سے سوچتا ہے اتنا ہی زیادہ تعفن پھیلاتا ہے، اور وہ تعفن اس کی ذات تک محدود نہیں رہتا، بلکہ اس سے دوسرے بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔"

"کیا اب مجھے بھی اس وادی کو پار کرنا ہوگا۔"

"نہیں تجھے پیٹ تک کا مشاہدہ کروا دیا گیا ہے۔ آگے تو سوچ تجھے کیا کرنا ہے۔ تو جس منزل کا راہی ہے، وہ منزل ابھی دور ہے۔ تجھے ابھی سفر میں رہنا ہے، یہاں تک کہ تیری منزل آجائے۔"

میں ان لفظوں پر غور کر ہی رہا تھا کہ ایک دم سے اندھیرا چھا گیا۔ مجھے لگا جیسے میں نیند سے جاگا ہوں یا پھر بے ہوشی کے عالم سے ہوش میں آیا ہوں۔ میں ویسے ہی جال میں پھنسا ہوا تھا۔ تیز ہوا پھڑ پھڑا رہی تھی اور میں نجانے کس منزل کی جانب جا رہا تھا۔ کچھ دیر بعد مجھے لگا میں نیچے کی طرف جا رہا ہوں۔ اس کے ساتھ ہی ہیلی کاپٹر کی سرچ لائیٹ روشن ہوگئی۔ میں نے نیچے دیکھا، وہاں درخت ہی درخت تھے۔ اور میں جال سمیت تیزی سے نیچے جا رہا تھا۔

❁ ❁ ❁

دوپہر کے بعد جسپال کی آنکھ کھلی تو رونیت کور نے اس سے کہا۔

"تیار ہو جا، پروفیسر صاحب کے پاس جانا ہے۔ وہاں پر سینئر ساتھی آرہے ہیں۔"

"ٹھیک ہے۔" یہ کہہ کر وہ بیڈ سے اٹھ گیا۔ کچھ دیر بعد وہ پروفیسر کے گھر تھے، جہاں تین سکھ جوان اور ایک عورت بیٹھی ہوئی تھی۔ ان کے درمیان گہری سنجیدگی تھی۔ وہ بھی جا کر بیٹھ گئے۔ تو پروفیسر نے ان کا تعارف کراتے ہوئے کہا۔

"یہی وہ لوگ ہیں جن کے ساتھ میں کسی بھی اہم مسئلے پر مشورہ لیتا ہوں۔" پھر ان کی طرف دیکھ کر بولا۔ "یہ ہے وہ نوجوان جس نے گرباز جیسے بندے کو ایک ہی رات میں پکڑ لیا۔"

"واہ بھئی واہ میرے خیال میں جس طرح اس نے اپنا سیٹ اپ بنایا تھا، اسے پکڑنا بہت مشکل تھا۔ اس نے نکل جانا تھا۔" ایک نے کہا تو پروفیسر صاحب بولا۔

"وہ تو جو ہونا ہے وہ ہوگیا۔ بہرحال، اب یہ امیت اور گرلین کی ذمے داری ہے کہ وہ اب انہیں سنبھال لیں گے۔ ایک دو دن میں اس کا سب ہو جائے گا۔ اصل معاملہ یہ ہے کہ اب کیا کرنا ہے؟"

"کس معاملے میں؟" ایک نے پوچھا۔

"یہی سندو کے معاملے میں دیکھو، سندو کی دولت ہمارے ہاتھ لگ جاتی ہے تو اس کے بعد ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں ہوگا۔ اگر سندو مل جاتا ہے تو اس کا دوہرا فائدہ ہے، وہ ہماری طاقت بن سکتا ہے۔ دولت تو ہاتھ آ ہی جائے گی۔ تیسری بات یہ جو پانچ پیاروں کی واپسی ہے، اس سے خالصتان تحریک اور اس کے ساتھ جڑے ہوئے جو لوگ بھی ہیں، ان میں ہماری ساکھ بن چکی

غیرت مند

ایک سکھ لڑکا روزانہ اپنی بہن کو چھوڑنے کالج جاتا تو راستے میں چند آوارہ لڑکے اس پر آوازیں کستے۔ بچاں نوں لے کے کتھے چلے او۔ وہ لڑکا خاموش رہتا۔ تنگ آکر اس کی بہن نے کہا۔ تمہارا میرے ساتھ آنے کا کیا فائدہ بھیا۔ وہ لوگ کتنی غلیظ باتیں کرتے ہیں۔ تم انہیں بتاتے کیوں نہیں کہ میں تمہاری بہن ہوں۔ لڑکے کی غیرت جاگی۔ جوش میں ساری رات کروٹیں بدلتا رہا۔ بس صبح میں ان بے غیرتوں کی بات کا منہ توڑ جواب دوں گا۔ چنانچہ جب وہ صبح اپنی بہن کو چھوڑنے گیا تو لڑکوں نے کہا۔ "بچاں نوں لے کے کتھے چلے او۔" لڑکا پرجوش انداز میں چلایا۔ او بے غیرتو! ایہہ بچن ہوون گے تہاڈے میری سکی بھین اے۔"

عبدالصبور خان......کوہاٹ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ہے۔ ہم کوئی جرائم پیشہ لوگ نہیں ہیں ہم بھی تو اپنے انداز میں دھرم ہی کا کام کر رہے ہیں۔" پروفیسر نے تفصیل سے بتایا تو دوسرے نے کہا۔

"تو آپ کا مطلب ہے کہ سندو کو تلاش کیا جائے؟"

"یہی تو میں نے آپ سب سے مشورہ کرنا ہے۔" پروفیسر نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"میرے خیال میں تو اسے تلاش کرنا چاہئے، اگر مل جائے تو اچھا ہی ہے۔" ایک عورت نے صلاح دی۔

"کیوں آپ سب کیا کہتے ہیں" اس نے پوچھا تو کچھ دیر بعد وہ سب اسی بات پر راضی ہو گئے کہ سندو کو تلاش کرنا چاہئے۔ یہ کیسے ممکن تھا، یہ بعد کی بات تھی۔

کھانے کے بعد وہ سب لوگ چلے گئے۔ یہ ذمہ داری جسپال ہی پر ڈال دی گئی کہ وہ سندو کو تلاش کرے۔ جسپال جیسے ہی واپس رونیت کے گھر آ کر صوفے پر بیٹھا تو صوفے کے دوسرے سرے پر بیٹھتے ہوئے رونیت کور نے پوچھا۔

"کیوں، کرو گے تلاش اسے ہمارے ساتھ مل کر؟"

"تم اگر میرے ساتھ رہو، تو میں کوشش کر لوں گا۔" اس نے مسکراتے ہوئے پوچھا تو وہ ہنستے ہوئے بولی۔

"میں اسے مذاق سمجھ کر ہنس لوں یا تم کوئی شرط لگا رہے ہو؟" رونیت کور نے اس کی طرف دیکھ کر پوچھا۔

"جو تم سمجھو۔" اس نے بھی گول مول جواب دیا تو ایک دم سے خاموشی ہو گئی۔ تبھی جسپال کا فون بج اٹھا۔ اس نے اسکرین پر نگاہ ڈالی تو وہ روہی سے معلوم ہوا تھی۔ وہ کچھ دیر باتیں سنتا رہا۔ اس کے چہرے پر حد درجہ سنجیدگی طاری ہو چکی تھی۔ وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ جمال کو میلے والے میدان سے اٹھا لیا گیا ہے۔ فون بند کرنے کے بعد اس نے رونیت کی طرف دیکھا اور بولا۔

"ہو سکتا ہے میں اب تم لوگوں کی مدد نہ کر سکوں۔ مجھے ایک اہم ذمے داری نبھانے کے لیے جانا ہوگا۔ بہت معذرت کے ساتھ، پروفیسر صاحب کو بتا دینا۔"

"یہ کیا کہہ رہے تم، ایسی کون سی افتاد پڑ گئی ہے؟" وہ حیرت زدہ ہوتے ہوئے بولی۔

"یہ میرے لیے سب سے بڑی اور سب سے اہم ذمے داری ہے۔ جسے میں نظر انداز نہیں کر سکتا۔ سوری۔" اس نے کہا تو رونیت کور اس کی طرف یوں دیکھنے لگی جیسے وہ کسی دوسری دنیا کی مخلوق ہو۔

"لیکن کیا تم اکیلے یہ سب کر لو گے جو تم کرنے جا رہے ہو؟" اس نے پوچھا۔

"یہاں بھی تو میں اکیلے ہی آیا تھا۔" وہ بولا۔

"مگر تمہیں ہماری مدد لینا پڑی تھی۔" اس نے جواب دیا تو جسپال نے ایک لمحہ کو سوچا۔ تبھی رونیت نے کہا۔

"تم میرے ساتھ چلو پروفیسر کے پاس، ہم کوئی راستہ نکالتے ہیں، ہم تمہاری مدد کر سکتے ہیں۔"

"اوکے۔" اس نے ایک دم سے کہا اور اٹھ گیا

❁ ❁ ❁

یہ کوئی مشاہدہ نہیں تھا بلکہ میں پورے ہوش و حواس کے ساتھ وہ گھنا جنگل دیکھ رہا تھا۔ اندھیرے میں پتہ نہیں چل رہا تھا کہ وہ کتنا بڑا ہے۔ میں صرف اتنا ہی دیکھ سکتا تھا، جہاں سرچ لائیٹ کی روشنی پڑ رہی تھی۔ اس سے آگے کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا تھا۔ درختوں کے جھنڈ میں ایک بڑا سارا میدان تھا۔ میں دھیرے دھیرے نیچے آ رہا تھا۔ اس میدان میں کافی ساری گاڑیاں کھڑی تھیں۔ یہاں تک کہ میرے قدم زمین سے جا لگے۔ اس کے ساتھ ہیلی کاپٹر سے جال الگ ہو گیا۔ ذرا سی کوشش کے بعد میں جال سے باہر آ گیا۔

ہیلی کاپٹر جا چکا تھا۔ میرے سامنے بہت ساری مختلف ماڈل اور میک کی گاڑیاں کھڑی تھیں۔ ہر طرف ملگجا اندھیرا تھا۔ کافی فاصلے پر کوئی عمارت کا شائبہ تھا، جو بہت زیادہ روشن تھی۔ میں کہاں تھا؟ اس بارے میں مجھے کچھ پتہ نہیں تھا۔ تبھی عمارت کی طرف سے تیز روشنی ہوئی۔ وہ گاڑیوں کا ایک قافلہ تھا، جو لمحہ بہ لمحہ نزدیک ہوتا چلا جا رہا تھا۔ پھر مجھ سے ذرا سے فاصلے پر رک گیا۔ ہیڈ لائینس مجھ پر پڑ رہی تھیں۔ ان گاڑیوں میں سے کئی لوگ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

باہر نکلے۔ وہ کافی سارے تھے۔ ان میں ایک لمبا سا آدمی آگے بڑھتے ہوئے میری طرف آ کر چند قدم کے فاصلے پر رک گیا۔

"اس جزیرے پر خوش آمدید، میں مانتا ہوں کہ تمہیں یہاں لانے کا طریقہ کچھ ٹھیک نہیں تھا، مگر اس کے سوا کوئی اور راستہ بھی نہیں تھا۔ اس کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں۔"

"یہ کون سا جزیرہ ہے اور تم کون ہو۔" میں نے اس سے پوچھا۔

"دیکھو جمال! ہم تمہارے کسی سوال کا جواب دینے کے پابند نہیں ہیں لیکن ہم تمہارے ساتھ بہت ساری باتیں کرنے والے ہیں۔ شرط صرف یہ ہے کہ تم یہاں دوست بن کر رہو۔ ہم نہیں چاہتے کہ خون خرابہ ہو لڑائی جھگڑائی میں کوئی مارا جائے۔" اس نے تحمل سے کہا۔

"ایسا کیوں چاہتے ہو تم؟" میں نے پوچھا۔

"ہم تمہیں اپنا مہمان بنا کر رکھنا چاہتے ہیں، جب تک تم کسی کو کچھ نہیں کہو گے۔ تم اس جزیرے پر آزاد ہو۔ فرار ہونے کی کوشش بھی کرو گے تو نہیں روکیں گے۔ کیونکہ تم فرار ہو نہیں پاؤ گے۔" اس نے اسی تحمل سے کہا۔

"مجھے یہاں لانے کا مقصد؟" میں پھر پوچھا۔

"یہی تو۔ یہی تو بتانا ہے بلکہ سمجھانا ہے، اور وہ ہمارا باس تمہیں بتائے گا۔ اگر تم میری بات سمجھ گئے ہو تو آؤ، چلیں۔" اس نے ساتھ میں ہاتھ کا اشارہ کیا تو میں آگے بڑھ کر اس کے پاس چلا گیا۔ اس نے ہاتھ ہی کے اشارے سے ایک گاڑی کی طرف راہنمائی کی۔ میں اس میں جا کر بیٹھ گیا۔ چند منٹ بعد یہ قافلہ واپس جا رہا تھا۔

وہ ایک شاندار عمارت تھی۔ اس جنگل میں ایک محل کا ہونا حیران کن ہی تھا۔ اس کی چار دیواری کی اونچائی بہت زیادہ تھی۔ میں پورچ میں اتر کر یہی دیکھ رہا تھا کہ میرا میزبان بولا۔

"یہ چار دیواری اس لیے اونچی بنائی گئی ہے اور اس پر لوہے کا جنگلا اس لیے لگایا گیا ہے کہ اس جزیرے کے خونخوار درندے اور وحشی لوگ ادھر نہ آ جائیں۔"

وہ میری نگاہیں بھانپ کر مجھے ایک دوسرا ان کہا پیغام دے کر سمجھا گیا تھا۔ میں اس کے ساتھ اندر کی جانب بڑھ گیا۔ سامنے ہی ایک وجیہہ مرد اور حسین عورت کھڑے تھے۔ اس نوجوان نے مجھے ان کے حوالے کیا۔ وہ مجھے لیتے ہوئے ایک شاندار کمرے میں لے گیا۔ جو کسی فائیو سٹار ہوٹل کے سوئٹ جیسا تھا۔

"تمہیں یہاں رہنا ہے۔ تم فریش ہو جاؤ، تو پھر تمہارے لیے یہیں کھانا لاتے ہیں۔ کیونکہ باقی سب کھا چکے ہیں۔" اس مرد نے کہا اور باہر چلا گیا

"اس جانب باتھ روم ہے۔ جاؤ، میں تمہارے لیے کپڑے نکالتی ہوں۔" اس عورت نے لپک کر کہا اور ایک جانب چلی گئی۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ میں یہاں قیدی ہوں یا مہمان؟ رات گئے میرے سو جانے تک انہوں نے میرے ساتھ مہمانوں والا سلوک ہی رکھا۔

میں سو جانے کے لیے بیڈ پر دراز ہوا تو میلے والے میدان سے لے کر یہاں آ جانے تک جو مشاہدہ کروایا گیا تھا۔ میں اس پر غور کرنے لگا۔ یہ مشاہدہ بے مقصد نہیں تھا۔ لازمی طور پر میری آنے والی زندگی میں اس کی ضرورت تھی۔ مجھے ایک ایک واقعہ یاد آ رہا تھا۔ اس مشاہدے میں مجھے کیا کیا بات سمجھائی گئی تھی، اس کا ظہور ہونا باقی تھا۔ نجانے کب میری آنکھ لگ گئی۔

میں صبح جب بیدار ہوا تو ہر جانب اُجالا پھیلا ہوا تھا۔ میں اٹھ کر کھڑکی میں گیا تاکہ باہر کا نظارہ کر سکوں۔ میرے سامنے ایک گہرا سبزہ زار تھا اور اس سے آگے گہرے سبز اور شاداب درخت۔ میں نے کھڑکی کھولی تو خوشگوار ہوا سے ایک دم میرے اندر خوشگواریت اتر گئی۔ میں کافی دیر وہیں کھڑا رہا۔ تبھی مجھے پشت پر سے نسوانی آواز سنائی دی۔

"آپ تیار ہو جائیں، کچھ دیر بعد میٹنگ ہے۔"

میں نے گھوم کر دیکھا جین اور ٹی شرٹ پہنے ایک لڑکی کھڑی تھی۔ اس کے بال کھلے تھے اور چہرے پر سکوت طاری تھا۔ اس کی آواز اس کے چہرے کا ساتھ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

نہیں دے رہی تھی۔

"اوکے۔تم جاؤ" میں نے کہا۔

"نہیں، میں آپ کو تیار کروں گی۔" اس نے کہا تو میں نے کاندھے اُچکا دیئے۔

وہ ایک بڑا ہال تھا۔ جس کی چھت خاصی اونچی تھی۔ وہ خالی تھا۔ وہاں کرسیاں لگی ہوئی تھیں۔ ہر ایک کے سامنے میز تھا۔ میں نے بزنس سوٹ پہنا ہوا تھا۔ یوں لگ رہا تھا جیسے کہ میں کوئی بزنس میٹنگ میں جا رہا ہوں۔ درمیان میں ایک میز خالی پڑی ہوئی تھی۔ جس کے دونوں جانب کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔ وہی لڑکی مجھے ایک خالی کرسی پر بٹھا گئی۔ میرے بیٹھتے ہی ہال کی دائیں جانب سے ایک دروازہ کھلا اور ایک ادھیڑ عمر شخص نمودار ہوا۔ وہ آتے ہی بیٹھ گیا۔ اس نے میری طرف دیکھا اور پھر شفاف انگریزی میں بولا۔

"جمال! تمہیں یہاں خوش آمدید کہتا ہوں۔ ہر والدین کی طرح بچپن میں، میرے والدین نے بھی میرا ایک نام رکھا تھا، جس سے میں جان چھڑا چکا ہوں۔ وہ نام ایک خاص مذہب اور قوم کی نمائندگی کرتا تھا۔ جب مجھے شعور آیا تو میں نے اس سے جان چھڑوا لی۔ میں آزاد ہو گیا۔ اگر تم مجھے پکارنا چاہو تو اپنی زبان میں "آزاد" کہہ سکتے ہو۔" یہ کہہ کر وہ ایک لمحے کے لیے رکا پھر کہتا چلا گیا۔ "میرا تمہیں یہاں لانے کا طریقہ بہت غلط تھا۔ یوں جیسے کسی کو اغوا کر کے لایا جاتا ہے۔ لیکن میری مجبوری تھی۔ یہاں تمہاری طرح کئی لوگ ہیں۔ جن کو ایسے ہی لایا ہوں۔ سب سے الگ الگ بات کرنے میں وقت لگ جاتا، یہاں سب سے فوراً بات ہو سکتی ہے۔ اب دیکھو لوگوں کو یہاں اکٹھا کرنے میں تین ہفتے لگ گئے۔ الگ الگ بات کرنے اور سمجھانے میں کتنا وقت لگتا۔"

"تم مجھ سے کیا بات کرنا چاہتے ہو۔" میں نے تحمل کے ساتھ اس سے پوچھا۔

"طاقت، اور بہت زیادہ طاقت۔ اس خطے پر حکومت چاہتا ہوں، جس کے میں اور تم باسی ہو۔ سرحدوں کی کوئی اہمیت نہیں، مذہب، زبان، رنگ نسل کسی کی کوئی اہمیت نہیں، ان سب سے ماورا ہو کر اس خطے پر حکومت کرنی ہے، جس پر صدیوں سے دوسرے لوگ ہمیں محکوم بنائے رہے۔ وہ تھکے تو دور دراز کے لوگ ہم پر حکومت کر رہے ہیں۔ کیوں؟"

"شاید اس لیے کہ ہم محکوم رہنا پسند کرتے ہیں" میں نے تلخی سے کہا۔

"تاریخ یہ بتاتی ہے کہ اس خطے پر آریان نے قبضہ کیا۔ انہوں نے انسانیت پر ظلم یہ کیا کہ مذہب کو استعمال کیا، انسان پر انسان کی حکومت کے لیے۔ شودر بھی تو انسان تھے انہیں ذلیل کر کے رکھ دیا۔ یہ ان کا مذہب نہیں بلکہ ان کا خوف تھا کہ ہم سے اپنا وطن واپس نہ چھین لیں۔ یہ حربہ کامیاب رہا۔ یہاں تک کہ انگریزوں نے بھی یہی حربہ مسلمانوں کے لیے استعمال کیا۔ خیر، آج بھی ایسے ہی ظلم جاری ہیں۔ سرحدوں نے ملک بنا دیئے، لیکن ہر ملک میں انسان کا استحصال جاری ہے۔ غربت، بھوک، بیماری، ذلالت، انسان کا مقدر ہی کیوں؟ دس سے پندرہ فیصد لوگ اتنی دولت رکھتے ہیں کہ ان کا شمار نہیں۔"

"تو کیا ہم ان کی دولت چھین کر ان غریبوں میں بانٹ دیں؟" میں نے سکون سے کہا۔

"ضروری نہیں کہ چھین لیں، طاقت کے آگے ہر شے بے بس ہو جاتی ہے۔ میں یہ نہیں چاہتا، میں تو اس سے بھی آگے کا سوچ رہا ہوں۔ اگر تم لوگ میرا ساتھ دو تو ہم اس خطے میں اپنی مرضی کی حکومت بنائیں، جب چاہیں اور جو چاہیں کریں۔ لیکن باہر کی طاقتوں کو یہاں گھسنے نہیں دیں۔"

"مطلب تم، کسی کی گریٹ گیم کے مہرے ہو، اور آگے ہمیں مہرے بنانا چاہتے ہو۔" میں نے کہا۔

"تم اسے اس طرح سوچ سکتے ہو، لیکن میں کسی کا مہرہ نہیں، میں تو اس گریٹ گیم سے نکلنے کا کہہ رہا ہوں۔ چھپے ہوئے ہاتھ جب چاہیں اور جس کا چاہیں

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

خون بہا دیں، کیا تم نے کبھی کسی معصوم بچے کی خون میں نہائی ہوئی یا ادھ جلی لاش دیکھی ہے؟ اگر دیکھی ہے تو کیا جذبات ہیں تمہارے؟"

"مجھے جذباتی کرنے کی کوشش مت کرو۔ سیدھی بات کرو، مجھے ہی کیوں چنا، اور تم نے کیسے مان لیا کہ میں تمہاری بات مان جاؤں گا؟"

"نہ مانو، جبکہ مجھے یقین ہے کہ تم میری بات سے انکار نہیں کر پاؤ گے۔ میں پچھلے ایک سال سے تمہیں دیکھ رہا ہوں۔ تم میں ہمت ہے، حوصلہ ہے، کچھ کرنے کی قوت بھی ہے لیکن تمہارے پاس کوئی مقصد نہیں۔ حالات نے تمہیں جس راہ پر ڈال دیا، تم بلکٹ بھاگے جا رہے ہو۔ تم میں صرف ایک خوبی ہے جس کی وجہ سے میں نے تمہیں یہاں لانے کا تردد کیا، تم مجرمانہ ذہن نہیں رکھتے ہو۔ ورنہ دولت، طاقت اور حکومت کسے نہیں چاہیے۔ جرائم پیشہ لوگوں کی یہاں میں لائن لگا دیتا، جس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔" یہ کہہ کر وہ سانس لینے کے لیے رکا پھر بولا۔ "تم میرے مہمان ہو، یہاں سکون سے رہو۔ سوچو اور پھر فیصلہ دینا۔ ایک دن تم واپس بھی چلے جاؤ گے۔ جانے بنا چارہ بھی نہیں۔ حتمی فیصلہ تمہیں ہی کرنا ہوگا۔"

"تم ہو کون؟ اور اصل مقصد......"

"یہ قبل از وقت سوال ہے۔ میں اپنے بارے میں بھی بتاؤں گا۔ میرا مقصد کیا ہے یہ بھی معلوم ہو جائے گا۔ لیکن اتنا بتا دوں۔ میں بے جا خون بہانے کے خلاف ہوں، مجھے نفرت ہے جو سازشیں کرتے ہیں، مذہب کی آڑ لے کر اپنے غلیظ مقاصد پورے کرتے ہیں۔ انسانیت کا نام لے کر مکروہ منصوبے گھڑتے ہیں۔ تم صرف ایک ہفتہ رہو۔ سب سمجھ جاؤ گے۔"

"اور اگر میں ایک ہفتے سے پہلے ہی یہاں سے چلا گیا تو..." میں نے اس کی طرف دیکھ کر کہا۔

"یہ تمہاری شدید غلط فہمی ہوگی۔ میری مرضی کے بغیر تم یہاں سے جا بھی نہیں سکتے ہو۔ ابھی تم نے یہ جگہ نہیں دیکھی، خیر، اگر تم پھر بھی یہاں سے چلے جاؤ تو تم جو کہو گے میں وہ کرنے کو تیار ہوں گا۔"

"یہ لفظ یاد رکھنا مسٹر آزاد، کیونکہ مجھے تمہاری باتوں سے بدبو آرہی ہے۔ تم بھی انہی بے غیرت لوگوں میں سے ہو، جو انسانیت اور غریب لوگوں کا نام لے کر درندگی پر اتر آتے ہیں۔ خود کو سیکولر کہلوا کر مذہبی خونخواری کرتے ہیں۔ میں تمہارا نقاب اتار دوں گا۔" میں نے سخت لہجے میں کہا تو وہ ایک دم سے ہنس دیا۔ پھر بولا۔

"چلو، ایسے ہی سہی، میں چاہتا تھا کہ ہم سکون اور پیار سے بات کو سمجھتے لیکن تم کچھ اور ہی چاہ رہے ہو۔ آج کی میٹنگ یہیں ختم کرتے ہیں۔ باقی باتیں کل سہی۔" اس نے یہ کہا اور میری طرف دیکھتا ہوا اٹھ گیا۔

میں اس ہال سے باہر نکلا تو میں بہت حد تک سمجھ گیا تھا کہ وہ کیا چیز تھا۔ اس کے عزائم کیا ہو سکتے تھے۔ مجھے اس کی باتوں نے ذرا سا بھی متاثر نہیں کیا تھا۔ میری ساری توجہ یہاں سے فرار ہونے کی جانب ہو گئی۔

میں محل کی راہداریوں سے ہوتا ہوا باہر جانے لگا۔ میں باہر آ گیا۔ میرے سامنے ایک لمبا راستہ تھا، جس کے دونوں طرف سبز لان تھے۔ بیرونی گیٹ پر کوئی چوکیدار یا سیکورٹی والا نہیں تھا۔ مجھے تھوڑی سی حیرت تو ہوئی کہ سیکورٹی گارڈ کے نام پر کوئی بندہ نہیں تھا۔ اس کے ساتھ ہی یہ خیال آیا کہ اس نے کوئی جدید قسم کا سیکورٹی سسٹم بنایا ہوگا۔ جسے بہر حال سمجھنا ضروری تھا۔ میں سیڑھیاں اترتا چلا گیا۔ میں نے جیسے ہی گیٹ کی طرف جانے والے راستے کی طرف قدم بڑھائے ایک دم سے زوردار قہقہوں کی آواز سنائی دیئے۔ میں نے اس جانب دیکھا تو چند مرد اور تین عورتیں بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ بھی میری جانب دیکھ رہے تھے۔ ایک مرد نے ہاتھ ہلا کر مجھے اپنی طرف بلایا۔ میں ایک لمحہ سوچے بغیر ان کی طرف بڑھ گیا۔ میں ان کے پاس گیا اور ایک خالی کرسی پر بیٹھ گیا۔ تبھی وہی مرد بولا۔

"یہ تو ہمیں معلوم ہو ہی گیا ہے کہ تم یہاں پہ نئے ہو۔ تمہارے انداز سے لگتا ہے کہ تم مسٹر آزاد سے میٹنگ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

بھی کر آئے ہو۔ اور اب تم یہاں سے بھاگ جانے کی سوچ بھی رہے ہو گے؟"

"تمہاری ساری باتیں درست ہیں۔" میں نے اعتراف کرلیا تو سارے ہنس دیئے

"یہ تو ٹھیک ہے فوراً مان گیا؟" ایک عورت نے کہا۔

"کیا ہم پوچھ سکتے ہیں کہ تم کون ہو اور کہاں سے اٹھا کر لائے گئے ہو؟" مرد نے پوچھا تو میں نے اپنے بارے میں بتا دیا

اس کا مطلب ہے تم پنجابی سمجھ سکتے ہو؟" ایک نوجوان نے کہا۔

"ہاں، کیا تم بھی پنجابی ہو؟" میں نے اس کی طرف دیکھ کر پوچھا۔

"ہاں، میں بھی ہوں۔" اس نے ہنستے ہوئے بتایا

"اور تم لوگ؟" میں نے سب کی طرف دیکھ کر کہا تو پہلے والی عورت بولی۔

"ہماری تفصیل ذرا لمبی ہے، بتا دیں گے، لیکن اتنا بتا دیں کہ ہم بھی تمہاری طرح یہاں مہمان ہیں۔" یہ کہہ کر اس نے زوردار قہقہہ لگا دیا

"تم باہر کی طرف اس لیے جا رہے تھے کہ یہاں سے فرار ہو سکو؟" پہلے والے مرد نے پوچھا پھر فوراً ہی بولا۔ "اور یہ بات یقینی ہے کہ تمہارے پاس کوئی ہتھیار بھی نہیں ہوگا؟"

"تم ٹھیک کہہ رہے ہو۔" میں نے صاف کہہ دیا

"تو پھر سن لو تم یہاں سے باہر نہیں جا سکتے، میرے خیال میں تجھے یہ بھی معلوم نہیں ہوگا کہ تم اس وقت ہو کہاں پر۔"

"میں جہاں بھی ہوں، ہوں تو اسی زمین پر نا۔" میں نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"زمین پر۔" اس نے طنزیہ انداز میں کہا، پھر یوں بولا۔ جیسے وہ مجھے اس دنیا کا احمق ترین آدمی سمجھ رہا ہو "اگر یہاں سے نکلنا اتنا آسان ہوتا تو ہم سب یہاں سے کب کے جا چکے ہوتے۔ کوئی یہاں چار ہفتوں سے پھنسا ہوا ہے، کوئی دو اور کوئی تین۔ اور تم آج رات ہی آئے ہو، یہاں کے بارے میں پتہ کچھ نہیں اور......"

"تم کیوں نہیں نکل سکے یہاں سے؟" میں نے تحمل سے پوچھا۔

"جس جگہ ہم ہیں، یہ ایک جزیرہ ہے۔ اس کے چاروں طرف سمندر ہے۔ یہاں آنے اور یہاں سے جانے کا راستہ صرف ایک ہے اور وہ وہی ہے، جس طرح ہمیں یہاں لایا گیا ہے۔ اس جزیرے پر گھنا جنگل ہے۔ جس میں ہر طرح کا خون خوار جانور موجود ہے۔ یہاں سے لے کر ساحل تک اگر ان جانوروں سے کوئی بچ بھی جائے تو ان وحشیوں سے کوئی نہیں بچ سکتا جو یہاں رہتے ہیں۔ انہی وحشیوں کے ہاتھوں تمہاری طرح کا ایک سرپھرا ہلاک ہو چکا ہے۔ وہ اسے کھا گئے ہیں۔ اگر تم بھی ان کا نوالا بننا چاہتے ہو تو جاؤ۔"

"اور اگر بچ گئے تو آ کر ہم سے ہمارے بارے میں پوچھ لینا ہم تمہیں اپنا تعارف کروا دیں گے۔" اسی عورت نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا۔ میں نے ان سب کی طرف دیکھا اور اٹھ کھڑا ہوا۔ وہ مجھے یوں دیکھنے لگے جیسے میں پاگل ہوں یا دنیا کا احمق ترین انسان ہوں۔

"ٹھہرو، میں بھی تمہارے ساتھ چلتا ہوں۔" وہی پنجابی نوجوان اٹھ گیا۔

"واہ، اچھا لگا مجھے، کیا نام ہے تمہارا؟" میں نے خوش ہوتے ہوئے پوچھا۔

"مجھے سندیپ اگروال کہتے ہیں تم مجھے سندو بھی کہہ سکتے ہو۔" اس نے مسکراتے ہوئے کہا اور میری جانب قدم بڑھا دیئے۔ ہم نے سب پر نگاہ ڈالی اور باہر کی جانب چل دیئے۔

(باقی ان شاء اللہ آئندہ ماہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

سنگدل

خلیل جبار

پسند کی شادی آج کل فیشن بن کر رہ گئی ہے۔ مختلف نجی چینلوں اور انڈین ٹی وی ڈراموں کی لریبی پھیلائی گئی زہر نے مڈل اور خصوصاً لوئر مڈل کلاس کی لڑکیوں کو اچھے برے کی تمیز سے بیگانہ کر دیا ہے۔ انہیں ماں باپ کی ڈانٹ بھی ظالم سماج کا ظلم محسوس ہونے لگتا ہے۔ ایک احمق حسینہ کی روداد' وہ پیتل کو سونا سمجھ بیٹھی تھی۔

وہ سول کورٹ کے احاطے میں کھڑی ہوئی تھی' ملازموں جیسے گندے میلے کپڑے پہنے ہوئے تھی' چہرے پر بلا کا کرب تھا' اس نے اپنے سر کو دوپٹے سے ڈھانپ رکھا تھا مگر پھر اس پر نظر پڑتے ہی صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ اس کے سر کے بالوں کو استرے سے صاف کر دیا گیا ہے' میں ابھی اس سے بات چیت کرنے کے بارے میں سوچ ہی رہا تھا کہ ایک چپراسی میرے نزدیک آیا۔

"یہ بڑی اچھی خبر ہے۔" اس نے کہا۔

"اچھا' کیا ہوا ہے اس کے ساتھ؟" میں نے پوچھا۔

"اس کے شوہر نے اس پر بری طرح تشدد کیا ہے اور اس کے سر کے بال کاٹ کر گنجا کر دیا۔"

"یہ سب کرنے کی کوئی خاص وجہ؟" میں چونکا۔

اس نے اشارے سے ایک خاتون کو اپنے نزدیک بلایا' اس کی صورت اس عورت سے خاصی مل رہی تھی۔ چپراسی کے نزدیک آنے پر وہ بولا۔

"یہ اخباری رپورٹر ہے' اس کا کام کورٹ میں آنے والے مختلف کیسوں کے بارے میں رپورٹنگ کرنا ہے' تم انہیں بتاؤ کہ تمہاری بہن کے ساتھ کیا ظلم ہوا ہے۔" اس نے کہا۔

"بھائی تم میرے بہنوئی کے ظلم و ستم کو اچھی طرح سے چھاپنا کرنا تاکہ کوئی اور بھولی بھالی لڑکی ایسے ظالم لوگوں کے چکر میں نہ پھنس سکے۔" وہ بولی۔

"اپنا مختصر سا تعارف کرائیں اور بتائیں کہ یہ واقعہ کیوں اور کیسے ہوا؟"

"میرا نام سلمیٰ ہے اور یہ میری بہن بانو ہے' میری بہن نے پسند کی شادی کی تھی اس کے شوہر اسلم نے بانو کو سسرال میں سکون کا سانس نہیں لینے دیا اس نے بانو پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ رکھے تھے' ہمیں بانو کے محلے کی دادی حلیمہ نے ٹیلی فون کر کے بتایا کہ اسلم نے تمہاری بہن کو طلاق دے کر اس پر ناقابل برداشت تشدد کر کے اسے گنجا کر دیا ہے' جب ہم دادی حلیمہ کے گھر پہنچے تو دیکھا واقعی اس پر تشدد ہوا ہے' پھر ہم نے تھانے میں رپورٹ درج کرائی اور آج پولیس میرے بہنوئی اسلم کو گرفتار کر کے کورٹ لے کر آئی ہے۔"

"یہ تمہارے بہنوئی ہیں۔" میں نے ایک آدمی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔

پولیس نے ایک آدمی کو ہتھکڑیاں پہنائی ہوئی تھیں' وہ شکل سے بدمعاش لگ رہا تھا' چہرے پر بڑی بڑی مونچھیں اس کے چہرے کو اور خوفناک بنائے دے رہی تھیں۔

"ہاں یہی میرا بہنوئی ہے۔" سلمیٰ نے کہا۔ میں اس کی جانب بڑھا۔

"اسلم میاں میں اس مقدمے کے حوالے سے کچھ گفتگو کرنا چاہتا ہوں' میرا تعلق اخبار سے ہے' کیا یہ بتانا پسند کریں گے کہ تم نے اپنی بیوی کے ساتھ ایسا سلوک کیوں کیا؟" میں نے پوچھا۔

"کون بیوی...... کس کی بیوی' میں اسے کئی بار طلاق دے چکا ہوں لیکن میرے گھر سے جانے کا نام ہی نہیں لیتی۔ دو روز قبل بھی تیسری بار طلاق دے کر اسے اپنے گھر جانے کو کہا مگر یہ ڈھیٹ بنی رہی' جس پر مجھے غصہ آ گیا۔ دو

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

بار پہلے بھی طلاق دی تھی مگر یہ نہیں گئی تیسری بار بھی ضد کر رہی تھی کہ میں یہیں رہوں گی۔ میں نے کوئی غریب تیموں کو گھر میں رکھنے کا ٹھیکہ نہیں لے رکھا۔ مجھے غصہ آنے پر پہلے اس کی پٹائی کی یہ پھر بھی گھر سے نہیں گئی تو مجھے شدید غصہ آ گیا اور میں نے اسے گنجا کر دیا۔ یہ ڈھیٹ پھر بھی گھر سے جانے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ تم ہی بتاؤ میاں! بیوی کا رشتہ اسی وقت ہی ہوتا ہے نا کہ وہ بیوی کو طلاق نہ دے جب طلاق دے دی پھر عورت کا سابق شوہر کے گھر میں کیا کام۔" اسلم غصے سے بولا۔

"کیا واقعی تم تین بار طلاق دے چکے ہو؟" میں چونکا۔

"ہاں بھئی میری بات کا یقین نہیں آ رہا ہے تو وہ سامنے کھڑی ہے اس سے پوچھ لو۔" اسلم نے بانو کی طرف اشارہ کیا۔ میں بانو کی طرف بڑھا۔

"کیا اسلم نے......" میں نے کہنا چاہا۔

"ہاں وہ سچ کہہ رہا ہے اسلم مجھے کئی بار طلاق دے چکا ہے اور میں ہی ڈھیٹ بن کر اس کے گھر میں پڑی رہتی۔"

"کیا تمہیں معلوم ہے طلاق کے باوجود بیوی شوہر کے پاس رہے تو پھر ان کے تعلق کس نوعیت کے ہوتے ہیں۔"

"مجھے معلوم ہے۔" بانو نے نظریں نیچے کرتے ہوئے کہا۔

"پھر بھی......"

"میں مجبور تھی جب تمہیں پتا چلے گا تم بھی یہی کہو گے کہ میں نے درست کیا۔"

"کیا......؟" مجھے حیرت کا زبردست جھٹکا لگا اور کیوں نہ لگتا بانو نے بات ہی اس نوعیت کی کر دی تھی طلاق دینے پر بھی بیوی شوہر کے پاس رہے وہ زنا کی مرتکب ہوتی ہے یہ بات جانتے ہوئے بھی بانو شوہر کے پاس رہی تھی اس بات کے پیچھے بھی کوئی کہانی ضرور تھی۔

"کیا تم بتانا پسند کرو گی کہ ایسی کیا مجبوری تھی۔"

"یہ پوچھ کر کیا کریں گے جو ہونا تھا وہ ہو چکا۔" بانو نے آنکھوں میں آئے آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔

"ہو سکتا ہے کہ تمہاری دکھ بھری کہانی سن کر کسی اور کو سبق حاصل ہو جائے اور وہ تمہارے جیسی زندگی گزارنے سے بچ جائے۔" میں نے کہا۔

"میں بڑے نازوں میں پلی تھی اس لیے بہت خودسر ہو گئی تھی ابا جان شجاعت علی میری ہر خواہش پوری کرتے تھے میرے بڑے بھائی بہنوں کو اس طرح میری فرمائشیں پوری ہوتا دیکھ کر بہت تکلیف ہوتی تھی کیونکہ میری پیدائش سے قبل میرے والد کے کاروباری حالات ایسے نہیں تھے کہ وہ اپنی اولاد کی بے جا فرمائش پوری کر سکیں۔ میری پیدائش کے بعد اچانک میرے والد کا کاروبار چمک اٹھا تھا اور وہ پیسوں میں کھیلنے لگے تھے ایسے میں میری بڑی بڑی خواہشات بھی ان کے نزدیک معمولی ہوا کرتی تھیں۔ اس لیے میری زبان سے فرمائش نکلی ادھر وہ پوری ہوئی۔ امی ابو مجھے سمجھاتے بھی رہتے تھے کہ اس طرح ضد نہ کیا کرو جب پرائے گھر جاؤ گی اور وہ تمہاری اس طرح ضد پوری نہ کریں گے تو تمہیں بہت دکھ اور تکلیف ہوگی اس لیے ایسی عادت نہ اپناؤ جو بعد میں تکلیف کا باعث بنے۔ میں ان کی بات ایک کان سے سنتی اور دوسرے کان سے نکال دیتی اور یہ سوچتی کہ جب میرے والد اتنے امیر ہیں تو میرا رشتہ بھی وہ امیر کبیر خاندان میں ہی کریں گے۔ انسان خوش فہمی میں مبتلا رہتا ہے اور پتا نہیں چلتا کہ اس کے ساتھ مستقبل میں کیا ہونے والا ہے میں جس دکان سے کتاب کا پیاں خریدتی تھی وہ اسلم کے والد نواب علی کی دکان تھی۔ ان دنوں وہ دکان بہت چلتی تھی دکان کے چلنے کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ ان کا لاکھوں میں کاروبار تھا۔ چھوٹے دکانداروں کو وہ ہول سیل ریٹ پر مال بھی دیا کرتے تھے جس کے سبب ان کی روزانہ کی سیل بہت اچھی تھی دوپہر کے اوقات میں دو گھنٹے کے لیے وہ آرام کرنے گھر چلے جاتے تھے۔ اس دوران کاؤنٹر پر اسلم بیٹھا کرتا تھا میں کتاب کاپیاں لینے دوپہر کے وقت ہی جاتی تھی ان دنوں میں انٹر کے آخری سال میں تھی میں اسلم کی آنکھوں میں پسندیدگی کے جذبات کو محسوس کر رہی تھی۔ اسلم بہانے بہانے سے مجھ سے باتیں کرنے لگا تھا میں بھی غیر محسوس طور پر اس کے نزدیک ہوتی جا رہی تھی۔ میں جو کتابیں خریدتی تھی اس سے اسلم کو میرے ذوق کا اندازہ ہو گیا تھا

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اور وہ ان ہی موضوعات پر زیادہ بات کرتا تھا' میری ان موضوعات پر دلچسپی ہونے کے سبب اب ہماری ملاقاتیں آدھے آدھے گھنٹے سے بھی زیادہ بڑھنے لگی تھیں' ان باتوں نے ہمیں ایک دوسرے کا دوست بنا دیا تھا' جب بھی ہم ایک دوسرے سے جدا ہوتے محسوس ہوتا کہ تشنگی رہ گئی۔

ایک دن ملازم کسی کام سے دکان سے باہر تھے اس لیے وہ دکان میں اکیلا ہی بیٹھا تھا' گاہک بھی نہیں تھے' اس نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کہا۔

"بانو تم باتیں بہت دلچسپ کرتی ہو' دل کرتا ہے کہ سنتا ہی رہوں۔"

"یہی میری کیفیت ہوتی ہے مجھے تمہاری باتیں بہت دلچسپ لگتی ہیں۔" میں نے کہا۔

"کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ ہم فرصت میں موبائل پر بات کر لیا کریں' اگر تمہیں کسی قسم کا اعتراض نہ ہو تو یہ بات میں اس لیے کر رہا ہوں کہ دکان پر گاہکوں کا رش بہت زیادہ ہے ہم کسی بھی موضوع پر تفصیل سے بات نہیں کر پاتے ہیں۔" اسلم نے کہا۔

"ہاں دکان پر واقعی گاہکوں کا رش ہوتا ہے اور ہمارے موضوعات اس قسم کے ہوتے ہیں کہ ان پر تفصیل سے بات ہی نہیں ہو پاتی۔ موبائل پر واقعی ہماری تفصیل گفتگو ہو سکتی ہے۔" میں نے اس کی تائید کی۔

ہمارا پھر موبائل پر گفتگو کا سلسلہ چل نکلا' اسلم کو باتیں کرنے کا فن آتا تھا' زیادہ تر وہی بولتا رہتا تھا اور میں سنتی رہتی تھی' دراصل اسلم دکان پر بیٹھنے سے پبلک ڈیلنگ کا عادی ہو گیا تھا اور اسے پتا تھا کہ کس سے کس موضوع پر بات کی جائے وہ میری نفسیات سے بخوبی آگاہ تھا اس لیے اسلم نے مجھے اپنی چٹپٹے دار گفتگو میں پھنسا لیا تھا جس دن میری اس سے ملاقات یا بات چیت نہ ہو' سکون نہیں ملتا تھا۔ میں اکثر اپنی کسی سہیلی سے ملاقات کا بہانہ بنا کر اسلم سے ریستوران میں بھی ملاقات کرنے لگی تھی' وہ شکل و صورت کا اتنا اچھا نہیں تھا مگر گفتگو ایسی کرتا تھا کہ انسان کا دل دوبارہ اس سے ملاقات کی خواہش کرتا تھا۔ میں روز ملاقات ہونے پر بھی دوسرے دن ملاقات کی تمنا رکھتی تھی' اس سے ہم ایک دوسرے کو چاہنے لگے تھے اور شادی کے عہد و پیماں ہونے لگے۔

میرے والد شجاعت علی کی بڑی خواہش تھی کہ وہ میری شادی اپنی بہن یاسمین کے لڑکے نیاز سے کر دیں' پھوپی یاسمین کا گھرانہ بہت اچھا تھا گھر میں پیسے کی فراوانی تھی' ابو کا خیال تھا کہ میں بہت خوش رہوں گی۔ بچپن سے میں یہ باتیں سنتی آ رہی تھی کہ میری شادی نیاز سے ہو گی' جب سے میری زندگی میں اسلم آیا تھا میں نیاز کو جیسے بھول سی گئی تھی' جب اسلم کے والدین میرے رشتے کے لیے ہمارے گھر آئے' میرے ابو نے انہیں صاف انکار کر دیا کہ میری شادی وہ اپنی بہن کے لڑکے سے کریں گے۔ وہ مایوس ہو کر چلے گئے جاتے جاتے وہ کہہ گئے تھے کہ میں اور اسلم ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں اور ان کی خواہش پر ہی یہ رشتہ لے کر آئے ہیں۔ میرے ابو نے جب مجھ سے اس بارے میں استفسار کیا میں نے انہیں صاف صاف بتا دیا کہ ہم دونوں ایک دوسرے کے ساتھ شادی کرنا چاہتے ہیں' جس پر ابو نے صرف اتنا کہا۔

"میری بچی میں تمہاری ہر خواہش پوری کر سکتا ہوں لیکن یہ خواہش پوری نہیں کر سکتا۔ اسلم کے والد نواب علی کی شہرت اچھی نہیں' جیسا باپ ہوتا ہے بیٹا بھی اس کے نقش قدم پر ہی چلتا ہے۔"

"ابو کیا یہ ضروری ہے کہ باپ خراب ہو تو بیٹا بھی ایسا ہی نکلے۔" میں نے کہا۔

"تم نے زمانہ نہیں دیکھا ورنہ تم کبھی یہ بات نہ کرتی' بہرحال تم اپنے دل سے یہ بات نکال دو کہ تمہاری اسلم سے شادی ہو سکتی ہے۔" ابا جان نے سختی سے کہا۔

مجھے امی جان کی زبانی بعد میں معلوم ہوا کہ اسلم کے والد نواب علی کی جوانی کی شہرت اچھی نہیں تھی' وہ ایک نمبر کا عیاش تھا۔ اسلم کے بارے میں بھی مشہور تھا کہ اس کی لڑکیوں سے بھی بہت دوستیاں ہیں' میں نے جب اسلم سے ملاقات پر اس بات کا ذکر کیا وہ مسکرا دیا۔

"میرے والد کی دولت و عزت سے لوگ جلتے ہیں' اس لیے ایسی باتیں مشہور کی ہوئی ہیں' جہاں تک میرے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ میری لڑکیوں سے دوستیاں ہیں' یہ بات درست ہے۔ ہمارا کام ہی ایسا ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

دکان چلانے کے لیے آنے والے گاہک چاہے وہ مرد ہوں یا لڑکیاں سب سے اچھے انداز میں بات کرنی پڑتی ہے۔ گاہکوں سے دوستانہ ماحول ہونے پر ہی ہماری دکان کی سیل اچھی ہے اگر آنے والے گاہکوں سے برا سامنہ بنا کر بات کریں تو پھر کون ہماری دکان پر آئے گا۔" اسلم کی بات میں وزن تھا۔

میں نے یہ بات نوٹ کی تھی دوسرے دکانداروں کی نسبت ان کی دکان پر گاہکوں سے بہت اچھے انداز میں بات کی جاتی تھی اس لیے ایک بار جو گاہک وہاں آجاتا تھا وہ دوبارہ بھی اس دکان پر آنے کو ترجیح دیتا تھا۔ اس کی باتیں ہی تھیں جو میں اس کی دیوانی ہو گئی تھی ورنہ اسلم کی صورت کوئی خاص نہ تھی۔ میرے گھر سے نکلنے پر پابندی لگ گئی تھی' میرے ابو نہیں چاہتے تھے جو بات اسلم کے والدین نے میرے حوالے سے کہی ہیں وہ کوئی اور بھی کہے۔ اسلم سے بات چیت کرنے کا ایک واحد سہارا موبائل تھا وہ بھی مجھ سے چھین لیا گیا' کالج بھی امی جان چھوڑ کر آتیں اور ساتھ لے کر آتی تھیں۔ اس پابندی نے مجھے بغاوت پر اکسایا' میں نے محبت ہی دیکھی تھی' اس طرح کی سختیاں سہنے کی مجھے بچپن سے عادت ہی نہیں تھی۔ اس لیے میرا باغی ہونا فطری تھا' میں کالج میں اپنی سہیلیوں کے موبائل سے اسلم سے باتیں کرنے لگی تھی اگر ملاقات کرنا ہوتی تو امی جان کے کالج چھوڑ کے جانے کے تھوڑی دیر بعد گیٹ سے باہر آتی اور باہر اسلم کو اپنا منتظر پاتی۔ وہ مجھے ریستوران لے جاتا' کالج کی چھٹی ہونے سے آدھا گھنٹہ پہلے کالج جاتی۔ چھٹی ہونے پر امی کے آجانے پر ان کے ساتھ گھر چلی آتی' یہ سلسلہ کئی ماہ چلتا رہا پھر ایک دن میں نے اسلم سے کہہ ہی دیا۔

"اسلم ہم اس طرح کب تک ملتے رہیں گے؟"

"پھر تم کیا چاہتی ہو؟" اسلم نے پوچھا۔

"مجھے خطرہ ہے کہ کہیں ہمارا یہ راز کھل نہ جائے ایسی صورت میں میرا گھر سے نکلنا مشکل ہو جائے گا۔"

"اس کا ایک ہی حل ہے ہم کورٹ میرج کرلیں اس طرح ہمارے درمیان حائل ہر رکاوٹ دور ہو جائے گی۔" اسلم نے کہا۔

"کیا ہمارے والدین اس اقدام سے راضی ہوں گے۔" میں نے پوچھا۔

"نہیں' ابتدا میں کسی کے بھی والدین اس طرح کے اقدام کو پسند نہیں کرتے لیکن پھر بچوں کی محبت کے سبب کچھ عرصہ ناراضگی رکھ کر خود بخود ناراضگی کو ختم کر دیتے ہیں۔ ہمارے ساتھ بھی ایسا ہی ہوگا' ہم ان کا خون ہیں وہ ہمیں کس طرح سے اپنے سے دور رکھیں گے۔" اسلم نے مسکراتے ہوئے میری طرف دیکھا۔

اس کی بات مجھے پسند آئی تھی' مجھے اتنا یقین تھا کہ جتنا مجھے ابو چاہتے ہیں وہ مجھے میرے اس اقدام پر معاف کر دیں گے۔ اس بات نے میرے اس جذبے کو تقویت دی کہ ہم جتنی جلدی ہو سکے کورٹ میرج کرلیں پھر ایسا ہی ہوا۔ ایک دن ہم نے کورٹ میرج کرلی' گھر پر میں ایک کاغذ پر پیغام چھوڑ آئی تھی تاکہ گھر والے ہمیں تلاش کرنے کے لیے پریشان نہ ہوں۔ اسلم نے وقتی طور پر ایک کرایہ کا چھوٹا سا مکان لے لیا تھا جس میں ہم دونوں رہنے لگے تھے۔

میرے ابو کو میرا یہ اقدام پسند نہیں آیا اور وہ بیمار پڑ گئے اور انہوں نے سختی سے کہہ دیا تھا کہ گھر میں سے کوئی بھی بانو سے رابطہ نہیں رکھے گا اگر کسی نے اس سے رابطہ کیا پھر اس کے لیے اس گھر میں کوئی جگہ نہیں ہوگی وہ کوئی اور گھر دیکھ لے۔ ابو کے یہ بات کہنے پر کسی کی کوئی مجال نہیں ہوئی کہ وہ مجھ سے رابطہ کرلے۔ اسلم کی والدہ جہاں آرا بیگم کو بھی اسلم کے کورٹ میرج کرنے کا بہت دکھ تھا' وہ لالچی قسم کی خاتون تھیں۔ وہ اسلم سے میری شادی کی بات کرنے بھی اس لیے ہمارے گھر گئی تھیں کہ ڈھیر سارا جہیز ملے گا۔ کورٹ میرج کرنے سے ان کے ارمانوں پر پانی پھر گیا تھا۔ نواب علی نے غصے میں آکر اسلم کو اپنی جائیداد سے عاق کر دیا تھا' اسلم کو ایک پرائیوٹ ادارے میں نوکری مل گئی تھی' اس لیے گھر کا خرچ چل رہا تھا۔ چند سال زندگی بہت اچھی گزری' اس دوران میرے دو بیٹے کاشف اور ارسلان پیدا ہوئے' میں بہت خوش تھی لیکن میری خوشی عارضی ثابت ہوئی' اسلم اپنی اصل خصلت پر اتر آیا۔ گھر میں شراب پی کر آنا میرے سامنے لڑکیوں سے موبائل پر باتیں کرنا اس کا

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

معمول بن گیا۔ میرے سمجھانے پر وہ تشدد پر اتر آتا میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں۔

ایک دن اسلم نے مجھے بتایا کہ اس کی امی سے ملاقات ہوئی ہے مجھے حیرت کا جھٹکا لگا۔

"کیا کہہ رہی تھیں؟"

"وہ کہہ رہی تھیں کہ اگر میں بانو سے نجات پالوں تو وہ ابو سے سفارش کر کے جائیداد سے عاق نامہ کینسل کرا دیں گی۔"

"پھر تم نے کیا کہا؟"

"میں نے فی الحال کوئی جواب نہیں دیا اور ان سے یہ کہہ کر بات ختم کر دی کہ سوچ کر جواب دوں گا۔" اسلم نے معنی خیز مسکراہٹ سے کہا۔

"تمہارا کیا ارادہ ہے؟" میں نے گھورتے ہوئے کہا۔

"آفر اچھی ہے فائدہ بہت ہے۔"

"کیا.... ؟" میں غصے سے دہاڑی۔ "تم مجھے چھوڑ دو گے؟"

"جب تمہارا باپ ہمیں اپنی جائیداد میں سے کچھ بھی حصہ نہیں دے رہا ہے ایسے میں میری ماں کی طرف سے یہ آفر بہت اچھی ہے۔"

"میرا باپ تمہیں کیوں اپنی جائیداد میں سے حصہ دے گا اگر کچھ لینا ہے تو اپنے باپ سے لو۔" مجھے بھی غصہ آ گیا تھا۔

"میں تمہارے باپ کا داماد ہوں اس ناتے اسے جہیز نہیں تو کم از کم کچھ رقم دینی چاہیے تاکہ میں اپنا ذاتی کاروبار شروع کر سکوں۔"

"میرے ابو نے مجھ سے تعلق ختم کر دیا ہے اس لیے ان سے کسی بھی قسم کی توقع رکھنا بےکار ہے۔"

"پھر تم مجھ سے کوئی توقع مت رکھنا مجھے نہیں معلوم تھا کہ تم سے شادی کر کے میرے مقدر پھوٹ جائیں گے۔" اسلم نے کہا۔

"تمہارے کیا مقدر پھوٹیں گے مقدر میرا پھوٹا ہے نا جانے وہ کون سی منحوس گھڑی تھی جو میں تمہارے چکر میں آ گئی۔" میرا اتنا کہنا تھا کہ اس نے مجھ پر ہاتھ اٹھاتے ہوئے تشدد شروع کر دیا۔ جب مارتے مارتے وہ تھک گیا تو مجھے چھوڑ کر چلا گیا' تشدد سے میرا جوڑ جوڑ درد کر رہا تھا' میں بے حس و حرکت زمین پر پڑی تھی میرے بچے رونا دیکھ کر مجھ سے آ کر لپٹ گئے۔

اس دن کے بعد اب اکثر اسلم بہانے بہانے سے مجھے پیٹنے لگا تھا' ہر دفعہ مار پیٹ کرنے سے پہلے اس کا مطالبہ ہوتا تھا کہ وہ مجھ سے شادی کر کے گردش میں آ گیا ہے لہٰذا اس گردش سے نکلنے کے لیے میں اپنے والد سے جائیداد سے حصہ مانگوں مگر میں کس منہ سے جا کر ان سے جائیداد سے حصہ مانگتی' اسلم نے مجھے اس قابل چھوڑا ہی کہاں تھا۔

ایک روز میں بازار سودا سلف لینے گئی تھی اچانک میری نظر امی جان اور ابو پر پڑی امی جان کا مجھے دیکھ کر دل بھر آیا۔ ابو کی نگاہ جونہی مجھ پر پڑی وہ امی جان کا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے لے گئے اور میں انہیں دیکھتی ہی رہ گئی۔ گھر آ کر میرا دل بے اختیار رونے کو چاہنے لگا چاہنے کے باوجود میں ضبط نہ کر سکی زور زور سے رونے لگی ایسے میں اسلم گھر آیا جب میں نے بازار کا واقعہ سنایا وہ پھٹ پڑا۔

"میں اس لیے کہتا ہوں کہ ایسے سنگدل باپ سے جائیداد میں حصہ لے لو ایک روپیہ بھی انہیں معاف نہیں کرو۔"

"مجھ سے کہتے ہو کہ میں اپنے باپ سے جائیداد میں سے حصہ مانگ لوں' تم اپنے سنگدل باپ سے حصہ کیوں نہیں مانگ لیتے۔" میں نے غصے سے کہا۔

میری بات پر اسلم سخت اشتعال میں آ گیا اور مارنا پیٹنا شروع کر دیا اور غصے میں آ کر تین دفعہ لفظ طلاق ادا کر کے باہر چلا گیا۔ کتنی آسانی سے مجھے وہ طلاق دے کر چلا گیا تھا' میں بہت دیر تک روتی رہی لیکن کب تک روتی' صبر کر کے خاموش ہو گئی۔ ماں باپ کے سوا اس دنیا میں میرا کوئی ایسا عزیز نہ تھا جو مجھے رکھ لیتا جس معاشرے میں بھیڑیوں کی تعداد زیادہ ہو وہاں عورت بےبس ہو جاتی ہے۔ گھر چھوڑ کر کہیں نکلتی بھی تو میرا ٹکراؤ یقیناً کسی بھیڑیے سے ہی ہونا تھا پھر میں نے فیصلہ کر لیا جب تک حالات میرے موافق نہیں آ جاتے میں یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گی مجھے ان حالات سے دوچار کرنے والا اسلم ہی تھا اور میں اس کے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

بچوں کو کہاں لے کر جاؤں گی کم از کم انہیں تحفظ کا احساس تو رہے گا۔ رات گئے جب اسلم شراب پی کر آیا مجھے گھر میں دیکھ کر حیرت زدہ رہ گیا۔

"تو اپنا منحوس چہرہ لے کر یہاں سے دفعہ نہیں ہوئی۔"

"تم نے مجھے اس قابل چھوڑا ہے جو میں کہیں چلی جاؤں۔" میں نے غصے سے کہا۔

"تیری مرضی جہاں چاہے پڑی رہ میں نے تیرا فیصلہ سنا دیا ہے۔" یہ کہتے ہوئے وہ چارپائی پر پڑ گیا۔

میں بھی اپنے نصیبوں کو کوستی ہوئی سو گئی۔

میں ایک دن بازار سے پکانے کا سامان لے کر آ رہی تھی کہ اسلم کی والدہ کی پڑوسن مل گئی' باتیں کرتی ہوئی گھر تک آ گئی۔ اخلاقاً میں نے چلنے کو کہا' وہ گھر میں داخل ہوئی اس کی باتوں سے اندازہ ہو رہا تھا کہ وہ مجھ سے کچھ باتیں کرنا چاہ رہی ہے۔ کچھ دیر بعد میرا اندازہ درست ثابت ہوا' شکورن خالہ رازداری سے میرے کان کے پاس منہ کر کے بولی۔

"تمہارا میاں بہت چکر چلا رہا ہے کہ کسی طرح اس کا باپ معاف کر کے اپنے پاس بلا لے۔"

"اسلم بتا رہا ہے کہ اس کی ماں چاہ رہی ہے کہ وہ واپس آ جائے۔" میں نے کہا۔

"جھوٹ ...... صاف جھوٹ بول رہا ہے بلکہ یہ چکر لگا رہا ہے مجھے خود اسلم کی ماں نے بتایا کہ اسلم اس پر زور دے رہا ہے کہ ابا سے کہو کہ وہ مجھے معاف کر دے اور وہ بانو کو طلاق دے کر جہاں وہ چاہیں گے شادی کر لے گا۔"

"کیا ابا معاف کر دے گا؟"

"تو یہ کرو جی' نواب علی شروع سے غصے کا تیز ہے' پھر اس پر جو انکشاف ہوا ہے اس کے بعد وہ کبھی بھی اسے معاف نہیں کرے گا۔" شکورن خالہ کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے بولی۔

"انکشاف ...... کیسا انکشاف ......؟"

"صاحبزادے کا بھی وہی حال ہے جو نواب علی کا جوانی میں تھا' شراب پینا' آوارہ عورتوں کے ساتھ دوستیاں رکھنا۔ اس لیے دکان کو اسلم نے بہت نقصان پہنچایا' دکان میں جتنا مال نہیں اس سے زیادہ کا نواب علی کو قرض دار بنا دیا ہے۔ نواب علی کی عقل کام نہیں کر رہی ہے کہ وہ کس طرح اس قرضے سے نجات حاصل کرے گا۔ نواب علی نے اسلم سے چھوٹے بیٹے قاسم کو دکان پر بٹھا دیا مگر اس پر وہ بھرپور نظر رکھتا ہے۔ ایک ایک روپے کا حساب لیتا ہے وہ نہیں چاہتا تھا کہ قاسم بھی اسلم کی طرح بگڑ جائے۔" شکورن خالہ نے کہا۔

"اچھا جبھی وہ کہتا ہے کہ میں اپنے ابا سے جائیداد میں سے حصہ مانگ لوں۔" میں نے کہا۔

"بٹی ایسی غلطی بھول کر بھی نہیں کرنا' تمہارا چھوٹے بچوں کا ساتھ ہے' اسلم وہ رقم بھی جوئے اور شراب نوشی میں اڑا دے گا۔"

"جوئے اور شراب نوشی میں؟" میں چونکی۔

"ہاں بٹی انسان جیسا کماتا ہے ویسا ہی چلا جاتا ہے' اسلم کا ان دنوں چور اچکوں کے ساتھ یارانہ ہے' نوکری کہیں کرتا نہیں ہے چوری چکاری سے کام چلا رہا ہے۔"

"شکورن خالہ! آپ کو یہ باتیں کیسے پتا چلیں؟" میں نے تجسس سے پوچھا۔

"ندیم کالا ہمارے محلے میں ہی رہتا ہے' وہ بھی اسلم کا دوست ہے ایک دن دونوں میں جھگڑا ہو رہا تھا لوگوں نے بیچ بچاؤ کر کے جب پوچھ گچھ کی تو پتا چلا کہ وہ کسی جگہ چوری کر کے آئے تھے اور چوری کا سامان اس نے اسلم کے پاس رکھوا دیا تھا' اسلم نے چوری کے سامان کی ساری رقم جوئے کی نذر کر دی' اس کے پاس رقم ہوتی تو دیتا۔ وہ ندیم کالے کو سمجھا رہا تھا کہ آئندہ واردات میں تمہارا حساب برابر کر دوں گا مگر ندیم کالا بضد تھا کہ اسے رقم آج ہی چاہیے' کسی سے رقم دینے کا وعدہ کیا ہوا ہے۔" شکورن خالہ نے کہا۔

وہ اسلم کے بارے میں انکشاف کر کے چلی گئی تھیں' میری سمجھ میں سب باتیں آ گئی تھیں کہ اسلم مجھ پر تشدد کیوں کر رہا تھا۔ اس کا مقصد رقم کا حصول تھا اور رقم نہ ملنے پر اس نے مجھے غصے میں آ کر طلاق دے دی تھی مگر اب ان باتوں کو سوچنے کا کوئی فائدہ نہیں تھا' مجھے اچھے وقت کا انتظار تھا پھر اس ماحول سے نکل جانا تھا۔ شکورن خالہ کو گئے دو دن ہی ہوئے تھے کہ اسلم نے مجھ سے رقم کا مطالبہ کیا۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"کس ناتے سے رقم مانگ رہے ہو؟" میں نے غصے سے کہا۔

"تم میری بیوی ہو اس لیے کہہ رہا تھا کہ جائیداد میں سے حصہ مانگ لو۔"

"تم مجھے طلاق دے چکے ہو۔"

"وہ میں نے غصے میں دی تھی۔" اسلم نے کہا۔

"پیار میں کون طلاق دیتا ہے' سبھی غصے میں طلاق دیتے ہیں۔" میں نے کہا۔

"زیادہ بکواس نہیں کرو' تمہارے پاس طلاق کا ثبوت ہے؟"

"طلاق دے کر بھی ثبوت مانگ رہے ہو۔"

"ہاں' جس طرح نکاح کے لیے دو گواہوں کی گواہی لی جاتی ہے اسی طرح طلاق ثابت کرنے کے لیے ان گواہوں کی ضرورت ہوتی ہے' جن کے سامنے طلاق دی گئی ہوتی ہے۔ اس لیے سمجھداری کا تقاضہ ہے کہ جیسا میں کہوں ویسا ہی کرو' اسی میں تمہاری بھلائی ہے' سوچو تمہیں کون قبول کرے گا' میکے جانے پر تمہیں دھکے پڑ جائیں گے' رشتہ داروں میں کس منہ سے جاؤ گی۔ میں تمہارے بھلے کے لیے کہہ رہا ہوں' میں صرف تمہاری وجہ سے اس گھر میں پڑا ہوں ورنہ میں کب کا چلا جاتا۔ ابھی کل ہی امی جان ملی تھیں اور کہہ رہی تھیں کہ بیٹا بانو کو چھوڑ کر آ جاؤ' تمہارے ابو تمہیں معاف کرنے کو تیار ہیں۔" اسلم نے مسکراتے ہوئے میری طرف دیکھا۔

"جھوٹ جھوٹ بولنے کا فن تمہیں خوب آتا ہے' تم نے جو اپنے باپ کو کاروبار میں نقصان پہنچا کر لوگوں کا مقروض کیا ہے اس کے بعد وہ کسی صورت تمہیں اپنے ساتھ رکھنے کو تیار نہیں ہیں۔"

"یہ باتیں تمہیں کس نے بتائی ہیں؟" وہ سانپ کی طرح پھنکارا۔

"مجھے تو یہ بھی معلوم ہے کہ تم کسی دفتر میں نوکری نہیں کرتے بلکہ چوری چکاری کی وارداتوں میں ملوث ہو اور اس لیے تمہاری ناجائز کمائی جوئے اور شراب نوشی میں ضائع ہوتی ہے۔" میں نے کہا۔

میری بات پر وہ بھڑک اٹھا اور مار پیٹ شروع کر دی جب وہ مار پیٹ کرتے تھک گیا تو ایک بار پھر تین دفعہ طلاق کا لفظ ادا کر کے چلا گیا۔

وہ مجھے پہلے ہی طلاق دے چکا تھا' اس لیے میری صحت پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ دن پھر یوں ہی گزرنے لگے تھے' اپنا راز کھل جانے پر اسلم نے خاموشی اختیار کر لی تھی' کئی دن گزر جانے پر ایک روز وہ غصے میں بھرا ہوا گھر میں داخل ہوا۔

"بانو مجھے کچھ رقم چاہیے۔"

"کیوں؟" میں نے پوچھا۔

"میرا اندم کالے سے جھگڑا ہو گیا ہے' وہ مجھ سے ادھار کی رقم مانگ رہا ہے اگر میں نے رقم نہ دی تو وہ مجھے پولیس کے حوالے کر دے گا' اس کے بہت لمبے ہاتھ ہیں۔" اسلم نے کہا۔

"میں کہاں سے رقم لاؤں؟"

"تم کیسی بیوی ہو' بیویاں روزانہ کے خرچ سے رقم بچا بچا کر لاکھوں روپے شوہروں کو دے دیتی ہیں۔"

"مجھے تم دیتے کیا ہو جو میں تمہیں بچا کر دوں۔" میں نے کہا۔

"دیکھ بانو! میرے پاس بحث کرنے کے لیے اتنا وقت نہیں ہے تم مجھے شرافت سے دس ہزار روپے دے دو۔" اسلم غصے سے بولا۔

"میرے پاس پھوٹی کوڑی نہیں ہے' کہاں سے اتنی رقم تمہیں لا کر دوں۔" میں نے زور سے کہا۔

"زیادہ شور مت مچا جیسا میں کہہ رہا ہوں ویسا کر ورنہ میں تیرا حشر نشر کر کے رکھ دوں گا۔"

"کر دے حشر نشر' میں تجھے ایک پھوٹی کوڑی بھی نہیں دوں گی۔" مجھے بھی غصہ آ گیا تھا۔

میرے مسلسل انکار پر وہ شور شرابہ کرنے لگا' دروازہ کھلا ہونے پر محلے والے بھی جمع ہو گئے تھے' اس نے مجھ پر ہاتھ اٹھایا' محلے کی عورتیں اندر آ گئیں اور انہوں نے مجھے پٹنے سے بچا لیا۔ جب اسلم کا بس نہیں چلا تو وہ ایک بار پھر مجھے طلاق دیتا ہوا چلتا بنا۔ وہ سخت غصے میں تھا' اس لیے اس سے بہت بڑی غلطی ہو گئی تھی اس بار محلے کے لوگوں کے سامنے طلاق دی تھی اس لیے وہاں موجود سب لوگ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

گویا بن گئے تھے۔ دادی حلیمہ اس محلے کی بزرگ خاتون تھیں وہ مجھے کمرے کے اندر لے گئیں اور وہاں جمع ہونے والی خواتین اور مردوں کو وہاں سے چلے جانے کو کہہ دیا۔ دادی حلیمہ کے جب ہمدردی کے دو بول میں نے سنے تو میں جیسے پھٹ پڑی اور الف سے ی تک مجھ پر گزرنے والے تمام واقعات سنا دیے۔

"بیٹی تم فکر نہ کرو۔ میں تمہارے والدین سے ملاقات کروں گی اور انہیں قائل کروں گی کہ نادان بچی سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو اسے یوں معاشرے کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جاتا۔"

دادی حلیمہ مجھے دلاسہ دے کر چلی گئیں' اسلم گھر سے زیادہ دور نہیں گیا تھا' لوگوں کے منتشر ہو جانے پر وہ غصے سے بپھرا واپس گھر آ گیا اس کے ساتھ اس کا دوست نذیر ا بھی تھا۔ نذیر نے مجھے پکڑ لیا اور اسلم نے استرے سے میرے سر کے بال کاٹنا شروع کر دیئے' میں نے زور زور سے شور مچانا شروع کر دیا۔ بال کاٹ کر اس کا ارادہ میری ناک بھی کاٹنے کا تھا مگر شور پر اہل محلہ آ گئے۔ لوگوں کی بڑی تعداد دیکھ کر نذیر ا اور اسلم کے ہاتھ پاؤں پھول گئے اور وہ بھاگ گئے۔ دادی حلیمہ کو بھی اس واقعے کی اطلاع مل گئی تھی وہ مجھے اور میرے بچوں کو گھر لے آ ئیں۔ دادی حلیمہ نے موبائل پر میرے گھر رابطہ کیا اور ساری صورت حال سے امی جان کو آگاہ کیا' ابو کاروبار کے سلسلے میں اسلام آباد گئے ہوئے تھے' امی جان نے جب انہیں ساری تفصیل بتائی وہ رو پڑے اور بولے۔

"یہ سب ہماری بے پروائی کا نتیجہ ہے' ہماری بچی نے پسند کی شادی کر لی تھی لیکن یہ ہمارا فرض بنتا ہے کہ آس پڑوس والوں سے اس کے بارے میں معلومات رکھتے۔ اس پر اسلم نے جو ظلم کے پہاڑ توڑے ہیں وہ نہ توڑتے' تم لوگ فوری طور پر جاؤ اور بانو کو گھر لے آؤ' میں اسلام آباد سے آ کر اسلم سے میری پھول جیسی بیٹی پر جو اس نے ظلم و ستم کیے ہیں' ان کا ایک ایک کر کے اس سے حساب لوں گا۔"

ابو کے کہنے پر میرے بھائی رستم اور سلمٰی آئے اور مجھے سینے سے لگا کر تسلی دی' اسلم کے ظلم و ستم کے خلاف تھانے میں رپورٹ بھی درج کرائی' پولیس نے اسلم کو پکڑ کر سول کورٹ میں پیش کر دیا ہے۔"

"خلیل جبار! تم یہاں ہو ہم تمہیں مختلف کورٹوں میں دیکھتے پھر رہے ہیں۔" نعیم قریشی نے اپنی کیپ درست کرتے ہوئے کہا۔ ان کے ساتھ سینئر رپورٹر ایس ایم رضوی بھی موجود تھے' وہ مجھے ایسے دیکھ رہے تھے کہ جیسے میری چوری پکڑی گئی ہو۔

"تمہارے پاس بہت خبریں ہیں' مجھے پتا چل گیا ہے۔" ایس ایم رضوی نے کہا۔

"فی الحال میرے پاس بھی ایک خبر ہے اور تمہارے شام کے اخبار کے لیے بڑی زبردست خبر ہے۔" میں نے کہا۔

"تم کہہ رہے ہو تو مجھے ماننا پڑے گا۔" ایس ایم رضوی نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔

"میرا خیال ہے اب کچھ بتانے کی ضرورت نہیں' تمہارا سارا موقف میں نے سن لیا ہے' یقیناً عدالت میں بیان قلم بند کرا کے اپنے والدین کے گھر ہی جاؤ گی۔"

"جی ہاں۔" بانو نے کہا۔

"تمہاری خبر سے پسند کی شادی کرنے والی لڑکیوں کو ایک سبق ملے گا کہ خودسری اور ضد کی کتنی بڑی سزا بعد میں بھگتنا پڑتی ہے۔" میں نے نوٹ بک بند کرتے ہوئے کہا۔

ایس ایم رضوی کے چہرے پر مسکراہٹ بتا رہی تھی کہ یہ خبر مل جانے پر وہ بہت خوش ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

پرچھائیں

وقار الرحمن

انسان چاہے اپنے آپ سے جتنا بھی لڑے، خود کو کتنا بھی تبدیل کرلے لیکن وہ اللہ تعالیٰ کی ودیعت کردہ فطرت اور فطری تقاضوں کو نہ تبدیل کرسکتا ہے نہ جھٹلا سکتا ہے، محبت میں شکست خوردہ ایک مصور کا احوال

آٹھویں جماعت میں ہی اس کے ہاتھوں کی بنائی ہوئی تصویریں اسکول کے اسٹاف روم کی زینت بن گئی تھیں یہ تصاویر پنسل ورک کا شاہکار تھیں۔ جن پر وہ انعام کا حق دار بھی ٹھہرا تھا۔ لیکن جب وہ نویں جماعت میں پہنچا اور اس نے اختیاری مضمون میں عربی کا انتخاب کیا تو ڈرائنگ کے استاد نے اس کو اپنے کمرے میں بلا لیا اور پوچھا کہ یہ کیا طفلانہ حرکت ہے؟ ایک خوب صورت تصویریں بنانے والے طالب علم نے عربی کا مضمون کیسے منتخب کرلیا جبکہ اس کا ذہن ڈرائنگ کی طرف مائل تھا۔

کمال نے جب اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے انہیں بتایا کہ یہ رائے میرے بڑے بھائی صاحب کی ہے تو وہ یہ بات سن کر بہت برہم ہوئے۔ پھر غصیلے لہجے میں ہی مخاطب ہو کر صرف اتنا کہا۔

"تم لوگ ترقی نہیں کرسکتے۔"

یہ جملہ سن کر وہ ندامت سے سر جھکائے ان کے سامنے دیر تک کھڑا رہا تھا۔ بڑے بھائی کے نزدیک ایک ہی بات تھی کہ اس کا چھوٹا بھائی یہ شعبہ اپنائے گا اور اسلامی تعلیمات کے پیش نظر انہیں یہ بات بالکل بھی پسند نہیں تھی۔ اس لیے چاروناچار وہ اپنی پسند کا مضمون منتخب نہ کرسکا تھا۔ یوں اس کی مصورانہ صلاحیتیں پابند سلاسل ہو گئیں۔

میٹرک پاس کرنے کے بعد اس نے کالج میں داخلہ تو لے لیا تھا لیکن اس کا ذہن ہر وقت آرٹ کی دنیا میں کھویا رہتا۔ وہ خیالوں میں آڑھی ترچھی لکیریں کھینچتا رہتا اور ان ہی میں مگن رہتا۔ کالج کے دنوں میں اس کے ایک پاسنگ دوست نے اس کا ہاتھ دیکھ کر حیرت سے کہا تھا۔

"یار، تمہارے اندر تو ایک بہت بڑا آرٹسٹ چھپا ہوا ہے تم ایک نظر کسی کو دیکھ لینے کے بعد آنکھیں بند کر کے اس کی تصویر بنا سکتے ہو۔" یہ بات وہ خود بھی جانتا تھا کہ یہ صلاحیت اس کے اندر اتم موجود ہے۔

مگر اب وہ سوچتا کہ وہ خوب صورت رنگوں سے نہیں کھیل سکے گا۔ جو اس کے گرد بکھرے ہوئے ہیں۔ وہ کبھی کوئی شاہکار تخلیق نہیں کر پائے گا پھر وہ اداس کیفیت میں ان رنگوں کو فضا میں تحلیل ہوتے ہوئے دیکھتا۔

لیکن جب کبھی یہ خواہش اس کے نہاں خانے سے سر اٹھاتی وہ اپنے گھر کے در و دیوار، مدہم رنگوں کے امتزاج سے سجا کر تسکین حاصل کرلیا کرتا۔

تعلیم سے اس کا دل اچاٹ ہوتا جا رہا تھا۔ وہ خوب صورت چہروں کا متلاشی رہنے لگا۔ اب وہ ہمہ وقت اپنے ذہن کے کینوس پر کسی نہ کسی چہرے کو اتارتا رہتا۔ پھر ایک روز اس کی نظر اس کی

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

فرسٹ کزن پر جا ٹھہری۔ روحی کو اس نے پہلی ہی نظر میں پسند کرلیا تھا۔ اس کے چہرے کے خطوط اس کے دل میں اتر گئے تھے۔ وہ اسی کے بارے میں سوچنے لگا۔ حالانکہ ابھی اس کی تعلیم بھی ادھوری تھی۔ وہ اس وقت سال دوئم میں تھا اور روحی سال اول میں۔

لیکن وہ سوچا کرتا اگر شادی کروں گا تو صرف روحی سے۔ ورنہ نہیں اس کے سوا میری زندگی میں کوئی اور آنے والا نہیں۔

وہ کیا کرتا اس کی چاہت دبے پاؤں اس کی زندگی میں داخل ہوچکی تھی۔ ایک روز ڈرتے ڈرتے اس نے اپنی والدہ سے اپنی پسند کا ذکر کردیا۔ والدہ نے خاموشی سے اس کی بات سنی پھر قدرے توقف سے بولیں۔

"دیکھو کمال، روحی مجھے بھی پسند ہے مگر کیا کروں نہ تمہارا کوئی کاروبار نہ تمہاری کوئی تعلیم۔ میں روحی کو تمہارے لیے کیسے مانگ لوں؟ پہلے تو اپنی تعلیم مکمل کرو پھر روحی کے بارے میں سوچنا۔" انہوں نے شفقت سے سمجھاتے ہوئے کہا۔ لیکن اس کا دل اچاٹ ہوچکا تھا تعلیم کی طرف راغب نہ ہوسکا۔

بڑے بھائی کو جب اس صورت حال کا علم ہوا انہوں نے اسے اپنے پاس بلالیا۔ اس طرح وہ ان کے ساتھ کاروبار میں مصروف ہوگیا۔ روحی نے اپنی تعلیم جاری رکھی اس نے گریجویشن کرلی تھی۔ یوں تعلیم میں وہ کمال سے سبقت لے گئی تھی۔

والدہ کی زبانی جب بھابی کو اس کی خاموش محبت کا علم ہوا تو وہ بہت حیران ہوئیں ایک دن انہوں نے کمال سے کہا کہ "تم جس کے دیوانے بنے پھرتے ہو اسے تو تمہاری چاہت کی خبر بھی نہیں پھر یہ کیسی محبت ہے؟" بھابی کے سوال پر اس نے چپ سادھ لی تھی۔

وہ روحی سے اپنی چاہت کا اظہار نہیں کر پایا تھا۔ کمال کی کاروبار میں بڑھتی ہوئی دلچسپی پر اس کے گھر والے بہت خوش تھے۔ پھر ایک دن کمال کی خواہش کے پیش نظر اس کے والدین، بھائی اور بھابی بڑے اہتمام سے روحی کے ہاں پہنچ گئے۔

لیکن روحی کے والدین نے بغیر کسی تمہید کے صاف انکار کردیا کہ لڑکے کی تعلیم بہت کم ہے جبکہ ہماری بیٹی گریجویٹ ہے اور وہ ابھی اور تعلیم حاصل کرے گی۔ ہمیں یہ بے جوڑ رشتہ پسند نہیں۔

یوں کمال کو چاہت میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ اس انکار پر کمال ہی نہیں تمام گھر والے بھی بہت افسردہ تھے۔

اس موقع پر والدہ اسے تسلی دیتے ہوئے کہنے لگیں۔

"بیٹا کمال، کوئی فکر نہ کرو میں تمہارے لیے اس سے بھی کہیں خوب صورت لڑکی بیاہ کر لاؤں گی جسے دیکھ کر تم روحی کو بھول جاؤ گے۔" لیکن اس روز کمال نے اپنی والدہ سے صاف الفاظ میں کہہ دیا تھا کہ میں اب شادی نہیں کروں گا۔ والدہ وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اس کی بات پر خاموش ہوگئیں تھیں کہ انہیں اس وقت ایسا ہی کرنا چاہیے تھا۔ جب سے اسے محبت میں ناکامی کا سامنا ہوا تھا وہ بجھا بجھا سا رہنے لگا تھا۔ کسی کام میں اس کا دل نہیں لگتا تھا۔ ہر وقت لیے دیے رہتا۔

کوئی اس سے بات کرتا تو وہ اسے خاطر میں نہ لاتا۔ اس کا جی یہی چاہتا کہ کوئی اس سے بات نہ کرے اس کو اس کے حال پر چھوڑ دے۔ بڑے بھائی چھوٹے بھائی کی پریشانی کو سمجھ رہے تھے۔ وہ کس کرب سے گزر رہا ہے انہوں نے اس کی ذہنی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کیفیت کو جان لیا تھا وہ اس کیفیت سے نا آشنا نہیں تھے۔ وہ سوچ رہے تھے کہ چھوٹے بھائی کو اس بھنور سے کیسے نکالے کہ کسی طور پر سنبھل جائے۔ انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ اسے کسی دوسرے شہر بھجوا دیتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے اپنے کاروبار کو وسعت دیتے ہوئے ایک برانچ رحیم یار خان میں کھول دی اور اسے اس کا انچارج بنا دیا۔

کمال کو یہ چھوٹا سا صاف ستھرا شہر آرٹسٹک نظر سے بہت پسند آیا پھر اس کو یہاں قیام کے اوائل دنوں ہی میں چند مخلص دوست ایسے مل گئے جن سے مل کر اس نے محسوس کیا کہ یہ بدیس نہیں اپنوں کا دیس ہے۔

اس شہر کی خوب صورت فضا نے بھی اس کا ساتھ دیا وہ دل لگا کر محنت کرنے لگا۔ کاروبار میں کامیابی ملنے سے اس کے مزاج میں خوش گوار تبدیلی آئی پھر مخلص احباب کا ساتھ بھی تسکین کا باعث بنا۔

بڑے بھائی خوش تھے کہ چھوٹے بھائی نے احسن طریقے سے کاروبار سنبھال لیا ہے ایک روز بڑے بھائی کا فون آیا۔ خیریت دریافت کرنے کے بعد انہوں نے اسے شادی کا مژدہ سنایا کہ والدہ نے تمہارے لیے ایک لڑکی پسند کر لی ہے اب ہم تمہاری بہت جلد شادی کر دیں گے لیکن وہ روحی کو ابھی تک بھلا نہیں پایا تھا اس لیے اس نے بڑے بھائی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے وہی جملہ دہرایا۔

"میں شادی نہیں کروں گا میرا شادی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں۔ میرے لیے کوئی لڑکی پسند نہ کریں۔"

بڑے بھائی کمال کے انکار پر ناراض تو ہوئے مگر خاموش رہے کہ وہ اس کے سامنے ناراضی کا اظہار نہیں کرنا چاہتے تھے۔

ترکی بہ ترکی

جاحظ نے اپنی سوانح حیات میں لکھا ہے۔

"میں ایک بار بصرہ کی ایک مشہور شاہراہ سے گزر رہا تھا۔ میں نے جوتوں کی ایک شاندار دوکان دیکھی۔ میں اس کے اندر چلا گیا اور ایک خوبصورت بغدادی جوتا پسند کیا اور صاحب دوکان سے اس کی قیمت دریافت کی۔ جواب ملا "دس درہم" یہ بہت زیادہ تھے۔ اس لیے مجھے غصہ آگیا میں نے کہا "اگر یہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کہنے پر جو گائے قربان کی تھی اس کی کھال کا بھی بنا ہوا ہوتا تب بھی میں اس کے لیے ایک درہم سے زیادہ ادا نہ کرتا۔" دوکان دار نے یہ سنا اور جیسے کچھ سوچتے سوچتے چونک اٹھا میری طرف نظریں اٹھائیں اور کہا "اگر تمہارے پاس اصحاب کہف والے درہم ہوتے تب بھی میں تمہیں یہ جوتا ایک درہم میں نہ دیتا۔"

(مرسلہ: حق نواز..... کراچی)

کاروبار امور نمٹانے کے لیے وہ ان سے رابطے میں رہتا۔ دوسرے تیسرے دن ان سے فون پر بات ہو جاتی تھی۔ اب انہوں نے بھی اس کی شادی کے مسئلے پر خاموشی اختیار کر لی تھی۔ پھر بھی وہ کبھی کبھار ڈھکے چھپے انداز میں اس کی رائے معلوم کر لیا کرتے تھے۔ گھر والوں سے ملاقات کے لیے چار چھ ماہ بعد اس کا لاہور جانا رہتا تھا۔ گیارہ گھنٹے کی طویل مسافت اسے تھکا دیتی۔ لیکن والدین اور بہن بھائیوں سے مل کر اس کی تھکن جاتی رہتی۔

ایک بار کاروباری مصروفیت کی وجہ سے لاہور جانے میں تاخیر ہوئی تو والدہ کا فون آیا کہنے لگیں۔

"دیکھو بیٹا میں تمہیں شادی پر مجبور نہیں کرتی لیکن ملنے میں اتنے فاصلے نہ بڑھاؤ تم نہیں جانتے میں تمہارے بغیر کیسے جی رہی ہوں۔ میری ممتا کا ہی کچھ خیال کرو۔"

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اس بار جب وہ لاہور گیا تو والدہ کے سامنے اس کا جی چاہا کہ وہ اس حصار کو توڑ دے اسے کرچی کرچی کر دے جو اس نے خود کے گرد کھینچ رکھا تھا۔ لیکن وہ دوسرے لمحے سوچتا کہ اگر اس نے ایسا کیا تو روحی کیا کہے گی۔ وہ کہے گی۔

''دیکھ لی تمہاری محبت، تم تو کہا کرتے تھے کہ میں تمہارے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ کہاں گئے وہ تمہارے وعدے کہاں گئیں وہ تمہاری قسمیں؟''

لیکن وہ سوچتا کہ اس نے تو ان رٹی جملوں میں سے ایک لفظ بھی اس سے نہیں کہا تھا۔ پھر بھلا وہ یہ شکوہ کیسے کرے گی۔ جبکہ بہت پہلے اس کی والدہ نے اسے بتا دیا تھا کہ روحی کی شادی اس کے رحیم یار خان جانے کے دو برس بعد ہی ہوگئی تھی۔ پھر یہ باتیں اس کے ذہن میں کیسے اتر رہی تھیں۔ اس کا جواب اس کے پاس نہ تھا۔ اس کے اندر تنہائی کا جنگل پھیلنے لگتا۔ وہ اس میں بھٹکنے لگتا۔

وقت کا دھارا بہتا رہا۔ دن مہینوں، اور مہینے برسوں میں ڈھلتے رہے یوں بارہ برس بیت گئے۔ اب اس کے بالوں میں چاندی اتر آئی تھی۔ لیکن اس کے دل سے روحی کی محبت محو نہ ہو پائی تھی۔

اس کی رہائش اس کے دفتر کے قریب ہی تھی جو دو کمروں پر مشتمل تھی۔ جس میں وہ عرصہ بارہ سال سے مقیم تھا۔

کام سے فراغت کے بعد جب وہ اپنے گھر کا رخ اختیار کرتا شام ہونے کو ہوتی۔ گھر کے قریب ہونے پر پڑوس کے بچے جو اس سے بہت مانوس ہو چکے تھے اس کے گرد جمع ہو جاتے انہیں یہ بات معلوم تھی کہ انکل کمال کی جیب میں ٹافی یا چاکلیٹ ضرور ہوتی ہیں اس لیے انکل ٹافی، انکل چاکلیٹ کی آوازیں آنے لگتیں۔ وہ ان سے خوش دلی سے ملتا، پیار کرتا پھر ان کی ہتھیلی پر ٹافی یا چاکلیٹ رکھ دیتا۔ بچے انکل تھینک یو کہتے ہوئے اپنے اپنے گھروں کو چل دیتے اور وہ اپنے فلیٹ کی طرف بڑھ جاتا۔

آج نہ جانے اسے کیا ہوا تھا اس کی آنکھوں کے کنارے بھیگنے لگے تھے۔ آج اس نے ایک ایسی آواز سنی تھی جو وہ اس سے پہلے کبھی نہ سن پایا تھا۔ اس کے کانوں میں ان معصوم بچوں کی آوازیں رچی بسی تھیں لیکن آج وہ یہ آواز سن کر اپنے گرد حیرت سے دیکھنے لگا۔ دائیں، بائیں، سامنے پھر پلٹ کر دیکھا لیکن وہاں کوئی نہ تھا۔

''بابا، میری چاکلیٹ۔''

جب اس نے اس آواز کو دوسری بار سنا تو ٹھٹک گیا۔ وہ اپنے وجود کا بوجھ نہ سہار سکا۔ ایک دیوار کا سہارا لے کر آہستگی سے نیچے بیٹھ گیا۔ اسے اسکول کا زمانہ یاد آنے لگا جب وہ بچوں کی تصاویر بنایا کرتا تھا۔ ہنستے مسکراتے بچوں کی تصاویر وہ ایک ایک کر کے اس کے سامنے آنے لگیں۔ معاً ان میں سے ایک تصویر متحرک ہوئی جو اسے بہت پسند تھی۔

ایک خوب صورت بچہ مسکراتے ہوئے ایک شخص کی طرف ہاتھ بڑھا کر ملتجی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہہ رہا تھا

''بابا، میری چاکلیٹ۔'' اس لمحے اس بچے کی معصوم مسکان اس کی روح میں اتر گئی تھی۔

عشق کی پرچھائیں اس کے سر سے سرکنے لگی۔ اس کے اندر ''بابا'' کہلانے کی فطری خواہش موجزن ہوئی۔

وہ اپنی بے ثمر زندگی میں ''بابا'' کہلانے کا فیصلہ کر چکا تھا۔

ختم

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

اندھی عقیدتیں

محمد حنیف قادری

حضرت داتا گنج بخش ہجویری فرماتے ہیں اللہ کا ولی وہ ہوتا ہے جسے دیکھتے ہی بے ساختہ اللہ تعالیٰ یاد آجائے، مگر آج ہم اسلامی تعلیمات سے دوری کے باعث ہر سفید پوش شیطان کو اس کی ظاہری حالت دیکھ کر اندھی عقیدت کا شکار ہو جاتے ہیں اور پھر اس کے ہاتھوں کٹھ پتلی بن کر اپنے ایمان سے بھی محروم ہو جاتے ہیں۔

ایک نوجوان کو پیش آنے والے پراسرار واقعات کی روداد
سطر سطر تجسس، لفظ لفظ ہنگامے لیے ایک دلچسپ کہانی۔

سیلابی ریلا مجھے دھکیلے جا رہا تھا۔ پانی میں گرتے ہی میں نے اپنی بچی کھچی طاقت استعمال کرتے ہوئے تیرنا شروع کر دیا مگر پانی کا ریلا اتنا منہ زور تھا کہ مجھے اندر سے دہلائے دے رہا تھا۔ یہ بات نہیں تھی کہ مجھے تیرنا نہیں آتا تھا۔ مجھے تیرنے کا وسیع تجربہ تھا مگر آج جن حالات میں مجھے پانی میں چھلانگ لگانا پڑی تھی ایسے حالات میں میں نے پہلے کبھی تیراکی نہیں کی تھی۔ پہلے دریا بھی پرسکون ہوتا تھا اور میں بھی آج کی طرح تھکا ہوا نہیں ہوتا تھا۔ پہلے کی نسبت آج حالات قطعی مختلف تھے۔ آج مجھے تیرنا نہیں زندگی کی جنگ لڑنا تھی کیونکہ میرے یقین کے مطابق میری تمام سعی لاحاصل تھی اور میں آج جو بھی جتن کر لیتا موت میرا مقدر تھی مگر کبھی کبھی اللہ معجزے بھی کر دیتا ہے اور شاید آج بھی کوئی معجزہ رونما ہو جائے اور میں بچ جاؤں۔ بس اسی آس پر میں تیرے جا رہا تھا ورنہ میرا بچنا ناممکن تھا۔ بہرحال بنا لڑے میں یہ جنگ قطعاً ہارنا نہیں چاہتا تھا۔ پانی کے تھپیڑے میرے وجود کو زیروزبر کیے دے رہے تھے اور میں کئی دفعہ پانی میں ڈبکیاں بھی کھا چکا تھا مگر ابھی تک میرے حوصلے جوان تھے اور میں پانی میں کم از کم آدھ گھنٹہ تک اور تیر سکتا تھا۔ اس کے بعد کیا ہوگا؟ مجھے نہیں معلوم۔ میں نے اپنے آپ کو پانی کی بے رحم لہروں کے حوالے کر دیا تھا۔ میں فقط اتنی کوشش کر رہا تھا کہ ڈوبنے نہ پاؤں اور کسی نہ کسی طریقے سے پانی کے اوپر رہ کر سانس کا رابطہ زیادہ سے زیادہ دیر تک بحال رکھ سکوں۔ سانس پر یہ کنٹرول بھی میری مسلسل یوگا کی مشقوں کی عادت کی وجہ ہی سے ممکن ہو سکا تھا، ورنہ عام آدمی تو شاید ایسی حالت میں پانی میں گرتے ہی گھبراہٹ کا شکار ہو کر کب کا پانی کو اپنے پھیپھڑوں میں بھر کر اس جہان فانی سے کوچ کر چکا ہوتا۔

پانی میں ڈبکیاں کھاتے، کبھی پانی کے اوپر اور کبھی پانی کے نیچے جاتے اور بپھرے ہوئے پانی کے تھپیڑے کھاتے مجھے ابھی پندرہ، بیس منٹ ہی ہوئے ہوں گے کہ مجھے زندگی بچانے کی ایک موہوم سی کرن نظر آئی۔ ہوا یوں کہ جب میں اس دریا کے بپھرے ہوئے پانی میں گرنے پر مجبور ہوا تھا تو بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ انتہائی تیز بارش ہو رہی تھی اور بجلی بھی چمک رہی تھی۔ اچانک بجلی چمکی تو مجھے اپنے دائیں طرف کچھ جھاڑ جھنکار اور خشکی سی نظر آئی۔ شاید یہ دریا کے نزدیک کوئی اونچی جگہ تھی یا پھر دریا کے درمیان میں ہی کوئی ٹیلہ نما جگہ تھی۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا کے مصداق میں نے اس طرف تیرنا شروع کیا۔ شاید یہ دریا کے درمیان ہی کوئی ٹیلہ نما جگہ تھی۔ بجلی دوبارہ چمکی تو میں نے ذرا غور

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

نے اس ٹیلے کی جانب دیکھا۔ اس کے دونوں اطراف تا حد نگاہ پانی ہی پانی تھا۔ بہر حال یہ جو بھی تھا میرے لیے زندگی بچانے کا بہترین وسیلہ تھا۔ میں اس طرف بڑھنے کی سرتوڑ کوشش کر رہا تھا۔ اندھیرے میں یہ ٹیلہ مجھے ایک بہت بڑے ہیولے کی مانند نظر آ رہا تھا۔ اچانک ہی میری نظر اس جانب اٹھی جہاں کچھ ہی دور ایک درخت کی لمبی شاخیں پانی میں جھول رہی تھیں مگر پانی جس رفتار سے مجھے کھینچے جا رہا تھا مجھے امید نہیں تھی کہ میں جلد اس تک پہنچ پاؤں گا۔ اچانک ہی بجلی ایک بار پھر سے چمکی اور مجھے واضح طور پر سب کچھ دکھائی دے گیا مگر پانی کے ایک زبردست تھپیڑے نے مجھے پانی میں نیچے کہیں دھکیل دیا۔ میرے دل میں مایوسیاں سی اتری چلی گئیں مگر پانی کے دوسرے تھپیڑے نے مجھے نہال کر کے رکھ دیا۔ نیچے ہی نیچے پانی کا زبردست ریلا شاید اس اونچی جگہ کی سرحد سے ٹکرایا اور پھر پانی میں ایک بھونچال سا پیدا ہو گیا اور اسی بھونچال نے مجھے عین اس درخت کی شاخوں سے ٹکرا دیا۔ میں نے نیچے لٹکی ہوئی ایک مضبوط شاخ کو دونوں ہاتھوں سے پوری طاقت سے تھام لیا۔ جونہی میں نے اس شاخ کو تھاما تو سکون کی ایک لہر میرے سارے وجود میں سماتی چلی گئی مگر دوسرے ہی لمحے جب میں نے اس شاخ پر بوجھ ڈالتے ہوئے درخت کے اوپر چڑھنا چاہا تو میں شاخ سمیت پھر سے دریا میں آ رہا۔ پھر کچھ دیر تو مجھے یاد ہی نہیں رہا کہ میرے ساتھ ہوا کیا ہے۔ جلد ہی بے دھیانی میں میرے پھیپھڑوں میں بے اختیاری سے پانی کے کچھ قطرے گرے۔ مجھے ایک زبردست اٹھو لگا مگر اس سے پہلے کہ اٹھو کے ذریعے وافر مقدار میں پانی میرے پھیپھڑوں میں داخل ہو جاتا پانی کی گہرائیوں میں جاتے ہوئے میرے وجود کو ایک زبردست جھٹکا لگا اور مجھے نہیں پتہ کہ میں کب زمین کے کنارے پیوست ایک سرکنڈے کے اوپر جا گرا۔ یوں کہ جیسے پانی نے مجھے اچھال دیا ہو۔ پانی میرے وجود کو سرکنڈے کی طرف اچھالتے ہوئے اپنی منزل کی جانب روانہ ہو گیا اور سچ تو یہ ہے کہ یہ کسی معجزے سے کم نہیں تھا۔

......✺✺✺......

کچھ دیر تو مجھے اپنے زندہ سلامت بچ جانے پر یقین ہی نہیں آیا مگر کچھ ہی دیر میں جب میری پھولی ہوئی سانسیں ہموار ہو گئیں اور اٹھو کی لڑ کھڑاہٹ اور زبردست جھٹکوں سے مجھے نجات ملی تو میں نے اپنے ارد گرد تسلی سے دیکھا۔ جانے یہ کون سی جگہ تھی جہاں میرے وجود کو سیلاب کی بے رحم موجوں کے ریلے نے لا پھینکا تھا۔ میں اس علاقے سے قطعاً واقف نہیں تھا کیونکہ میں گزشتہ شب ہی پولیس اور دشمنوں سے چھپتا چھپاتا اس گاؤں تک پہنچا تھا جہاں سے مجھے پولیس والوں نے کھدیڑ کر دریا میں لا پھینکا تھا۔ جب پولیس میرے پیچھے لگی تھی تو میں کار میں سوار لاہور اپنے ایک دوست کے پاس جا رہا تھا مگر راستے میں جانے کس نے مخبری کی کہ پولیس میرے پیچھے لگ گئی۔ پولیس سے بچنے کے لیے میں نے ایک ذیلی سڑک پر کار کو موڑا مگر بدقسمتی سے پولیس نے بھی میری کار کو مڑتے ہوئے دیکھ لیا۔ مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ کون سا علاقہ تھا اور یہاں کن حالات سے مجھے واسطہ پڑنے والا تھا۔ پولیس کے ساتھ ایک طویل آنکھ مچولی کے بعد اپنی دانست میں میں پولیس والوں کو نیچا دینے میں کامیاب ہو گیا اور شام کے وقت میں نے ایک گاؤں سے باہر ایک ڈیرے میں کار روکی اور کار سے نیچے اتر کر ڈیرے تک پہنچا۔ درمیانی عمر کے ایک باریش بندے کو میں نے ایک جھوٹی سچی کہانی سنا کر رات رہنے کے لیے اس سے پناہ مانگی۔ تھوڑی سی پس و پیش کے بعد مجھے ڈیرے پر رہنے کی اجازت دے دی گئی۔ رات کے جانے کس پہر عجیب سی بے چینی اور گھبراہٹ سے میری آنکھ کھلی تو مجھے اپنے چار سو ایک بے نام سے خطرے کا احساس ہوا اور یہ احساس عین

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

وقت پر ہول۔ میں اس وقت ڈیرے کے برآمدے میں لیٹا ہوا تھا۔ میں آہستگی سے اٹھا اور حویلی کے گیٹ سے باہر نکلا۔ حویلی کے باہر اس وقت کتوں کے بھونکنے کا شور جاری تھا۔ غیر ارادی طور پر میرا رخ اس طرف ہو گیا جہاں میں نے شام کو آتے وقت اپنا اسلحہ چھپایا تھا تاکہ ڈیرے والے میرے بارے میں شکوک و شبہات کا شکار نہ ہوں۔ ڈیرے سے باہر ہی ایک سوکھی لکڑیوں کا ڈھیر تھا جہاں میں نے اپنی رائفل، پسٹل اور اس کے فالتو میگزین رکھے ہوئے تھے مگر جونہی میں وہاں پہنچا تو وہاں کچھ بھی نہیں تھا۔ میرا ماتھا ٹھنکا۔ یہ کس کا کام ہو سکتا ہے جب میں نے یہ اسلحہ چھپایا تھا تو ارد گرد کوئی بھی ذی روح موجود نہ تھا۔ میں نے حویلی کے گیٹ کے سامنے کھڑی اپنی کار کی طرف نظر دوڑائی تو مجھے وہاں ہیولہ سا کھڑا نظر آیا۔ ایک لمحے میں ساری باتیں مجھ پر عیاں ہو گئیں۔ یہ کام ڈیرے والوں کا تھا مگر کیوں؟

باریش بزرگ نے میری من گھڑت کہانی پر یقین ہی نہیں کیا تھا اور شاید اس نے خود ہی پولیس کو اطلاع کر دی ہوگی۔ اتنے میں مجھے دور کہیں جیپ کے انجن کی گھر گھراہٹ سنائی دی۔ پنجاب پولیس کو میرا سراغ مل گیا تھا۔ باریش بزرگ نے انہیں میرا حلیہ اور کار کا نمبر بھی لازمی بتا دیا ہوگا۔ میں آہستگی سے حویلی کی طرف بڑھا مگر ڈیرے کا مالک شاید مجھے دیکھ رہا تھا۔ اس نے مجھے چھت پہ کھڑے ہوئے للکارا اور پولیس کے آنے تک رکنے کے لیے کہا اور تعاون نہ کرنے کی صورت میں خطرناک نتائج کی دھمکی دی۔

"میں شام کو ہی سمجھ گیا تھا کہ تم وہ نہیں ہو جو ظاہر کر رہے ہو۔ اب بہتر یہی ہوگا کہ پولیس کو گرفتاری دے دو ورنہ میں تمہارے ساتھ کچھ بھی کر سکتا ہوں۔"

"بزرگو! میری آپ سے کوئی دشمنی نہیں بہتر یہی ہوگا کہ میرا اسلحہ واپس کر دو اور مجھے یہاں سے......" مگر ابھی الفاظ میری زبان پر ہی تھے کہ رات کے سناٹے میں فائر کی آواز گونجی اور سائیں کی آواز کے ساتھ گولی میرے سر کے بالوں کو چھوتے ہوئے گزر گئی۔ میں یکلخت نیچے گرا۔ میں نے فائر کی سمت کی طرف دیکھا تو مجھے رات کے اندھیرے میں ڈیرے کے گیٹ کے ساتھ کچھ ہیولے سے کھڑے نظر آئے لمحے کے بھی ہزارویں حصے میں مجھے یوں لگا کہ جیسے میرے ساتھ کوئی کھیل کھیلا جا رہا تھا۔ موت کے ہرکارے میری تاک میں لگے ہوئے تھے۔ پولیس کی جیپیں بھی حویلی کے قریب پہنچ چکی تھیں۔ اسلحے کے نام پر میرے پاس کچھ بھی نہیں تھا۔

ایسے میں وہاں سے بھاگ کر جان بچانے ہی میں میں نے عافیت جانی اور بنا کچھ سوچے سمجھے وہاں سے بھاگ نکلا مگر کچھ ہی دیر میں تیز سرچ لائٹ کی روشنی میں مجھے دیکھ لیا گیا۔ تڑتڑ کرتی گولیاں میرے آس پاس سے گزر گئیں اور اسی دوران کچھ ہی دیر میں آسمان بادلوں سے ڈھک گیا اور تیز موسلا دھار بارش کا آغاز ہو گیا۔ میرے پیچھے بھاگنے والے آسمان سے برسنے والی تیز بارش کی وجہ سے کچھ دیر کے لیے کشمکش و پیچ کا شکار ہوئے۔ اتنے میں مجھے اس جھاڑ جھنکار اور سرکنڈے کے پودوں تک پہنچنے کا موقع مل گیا جنہیں میں سرچ لائٹ کی تیز روشنی میں دیکھ چکا تھا۔

......❁❁❁......

جانے یہ کون سی جگہ تھی جہاں مجھے سیلابی ریلا دھکیل کر لے آیا تھا۔ اندھیری رات، برسات کا موسم اور ہر سو پھنکارتے ہوئے پانی کے درمیان دریا میں زمین کا پراسرار ٹکڑا۔ جیسے سمندر میں کوئی ویران جزیرہ۔ کیا میں سٹھیا گیا ہوں یا پے در پے پڑنے والی مشکلات نے میرے دماغ پر برا اثر ڈالا ہے۔ میں آہستگی سے تھکن سے چور چور وجود کے ساتھ اٹھا اور زمین کے اس پراسرار ٹکڑے کی طرف بڑھا۔ آسمان پر ابھی بادل چھائے ہوئے تھے اور ہلکی پھلکی رم جھم جا ری تھی۔ کبھی کبھی ہونے والی گرج چمک کا تسلسل بھی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

برقرار تھا۔ ایسے میں یکبارگی بجلی چمکی تو میں نے ایک خوفناک اور سمجھ میں نہ آنے والی جگہ پر اپنے آپ کو پایا۔ یہ ایک بہت بڑا قبرستان تھا اور میں ایک مزار کے سامنے کھڑا تھا۔ مزار کا تابوت بالکل میرے سامنے تھا اور وہاں پر ایک دیا بھی روشن تھا۔ اف خدایا یہ سب کیا ہے؟ چاروں طرف خطرناک دریا اور اس کے بیچ میں قبرستان اور یہ مزار؟ سچ تو یہ ہے کہ میری سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا۔ دریا کے بیچوں بیچ قبرستان بنانے کی کسے سوجھ گئی۔ اتنا تو کوئی بھی اندھا نہیں ہوسکتا کہ وہ اپنے پیاروں کی قبر بیچ دریا کے بنا دے۔ یہاں کے لوگ پاگل ہیں یا پھر انہیں اپنے مرنے والوں سے پیار نہیں یا پھر ہوسکتا ہے کہ پہلے یہاں دریا نہ ہو اور بعد میں کسی سیلاب کے دوران یہ زمینیں دریا میں آگئی ہوں اور پھر یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ لوگ صاحب مزار کی عقیدت میں یہاں اپنے مردوں کو دفنانا باعث ثواب سمجھتے ہوں کیونکہ میں نے کئی جگہ پر دیکھا ہے کہ لوگ اپنے پیاروں کو کسی ولی یا درویش کے ہمسائے میں دفنا نا اپنے مرنے والے کے لیے باعث رحمت سمجھتے ہیں۔ یا پھر شاید میں غلط سوچ رہا تھا۔ ابھی میں نے زمین کا یہ ٹکڑا اصل طور پر دیکھا ہی کہاں تھا۔ شاید زمین کا یہ ٹکڑا دریا کے بیچوں بیچ نہ ہو، کنارے پر ہو مگر میں نے بجلی کی گرج چمک کے دوران اچھی طرح دیکھا تھا' اس ٹکڑے کے دونوں اطراف دور دور تک پانی انتہائی تیزی سے بہہ رہا تھا۔ ہوسکتا ہے یہ پانی اسی طرف کا ہو جو دوسری سمت دور تک پھیل گیا ہو، میں نے سوچا۔ پھر میں نے سبھی خیالات کو اپنے ذہن سے جھٹکا اور سوچا اگر مزار پر دیا روشن ہے تو ضرور کوئی نہ کوئی بندہ بھی یہاں ضرور ہوگا۔ یہی سوچ کر میں مزار کے اندر داخل ہوگیا۔ میں نے عقیدت سے فاتحہ خوانی کے لیے ہاتھ اٹھا دیے۔ یہ سب کرتے ہی میرے وجود کو ایک ناقابل بیان سکون ملا۔ تھوڑی دیر میں میں نے پائیں مزار ٹیک لگائی اور دل ہی دل میں ایک ورد کیا اور اپنے رب سے دعا مانگی۔

تجسس سے مجبور ہو کر میں مزار سے اٹھا اور اندھیرے میں دور دور تک دیکھنے کی کوشش کی۔ مزار سے کچھ ہی دور مجھے کچی مٹی اور گارے کا بنا ہوا ایک گھر نظر آیا۔ شاید یہاں پر متولی رہتا ہوگا اور اسی نے دیا جلایا ہو گا۔ ایک بار تو میرے جی میں آئی کہ اسے اٹھاؤں اور اپنے لیے خشک کپڑوں کا ایک جوڑا مانگوں مگر رات کے اس پہر وہ جانے میرے بارے میں کیا سوچے۔ یہی سوچتے ہوئے میں ایک بار پھر مزار میں داخل ہوگیا۔ مزار میں ایک طرف اگر بتیاں جلانے کے لیے ماچس رکھی ہوئی تھی۔ میں نے وہ اٹھائی اور قبرستان میں داخل ہوگیا۔ جلد ہی مجھے کچھ خشک لکڑیاں مل گئیں۔ میں نے وہ اٹھائیں اور ایک بار پھر سے مزار کی طرف بڑھا' مزار کے احاطے میں ہی ایک جگہ پر برآمدے کے نیچے چولہا بنا ہوا تھا۔ میں نے لکڑیاں وہاں ڈالیں اور ماچس کی مدد سے آگ جلائی۔ تھوڑی ہی دیر میں آگ بھڑک اٹھی۔ میں نے آگ تاپتے ہوئے اپنی قمیص اتاری جو کہ اب کئی جگہوں سے پھٹ چکی تھی۔ قمیص اتار کر میں نے اس میں سے پانی نچوڑا اور آگ پر سکھانے لگا اتنی ہی دیر میں میری شلوار بھی کچھ سوکھ چکی تھی۔ اچانک مجھے یاد آیا کہ میرے پاس تو موبائل بھی تھا وہ کہاں چلا گیا؟ شلوار اور قمیض کی جیبیں دیکھنے کے بعد جب مجھے موبائل نہ ملا تو میں نے سوچا کہ شاید کہیں گر گیا ہوگا۔ چلو کوئی بات نہیں۔ اللہ پاک نے جان بچادی یہی بڑی بات ہے زندہ رہے تو موبائل تو اور بھی مل جائیں گے۔

الغرض شلوار قمیض سکھانے اور آگ تاپنے کے بعد میں ہر خطرے کو بالائے طاق رکھتے ہوئے وہیں پڑ کر سوگیا۔ مجھے یہ بھی یاد نہ رہا کہ میرے پیچھے پولیس لگی ہوئی تھی اور میں اس وقت انتہائی خطرے میں تھا۔

......❁❁❁......

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

دوپہر کے قریب میری آنکھ کھلی۔ آنکھیں ملتا ہوا میں اٹھا۔ مزار سے کچھ ہی دور کچے سے گھروندے کے سامنے نلکا لگا ہوا تھا۔ میں نے سکون سے منہ ہاتھ دھویا اور دن کی روشنی میں اس جگہ کا جائزہ لینے لگا۔ سب سے پہلے میں نے اس کچے گھر کا جائزہ لیا۔ یہاں دو کمرے بنے ہوئے تھے اور کچی چار دیواری بھی موجود تھی۔ لکڑی کے مضبوط دروازے کو بند کر کے تالا لگا دیا گیا تھا۔ شاید پانی کے آنے سے پہلے یہاں مکین موجود تھے جو کہ سیلابی ریلے کے آنے کے بعد یہاں سے نکل گئے تھے۔ ایک جگہ سے دیوار پھاند کر میں گھر میں داخل ہو گیا گو کہ کسی کے گھر میں بلا اجازت داخل ہونا اچھا نہیں تھا۔ مگر اس وقت مجھے زوروں کی بھوک لگ رہی تھی اور میں یہاں کسی کھانے پینے کی چیز کی تلاش میں داخل ہوا تھا۔ ایک کمرے کو باہر سے مضبوط تالا لگا ہوا تھا اور دوسرا کمرہ بالکل خالی تھا البتہ اس میں کچھ ٹوٹی پھوٹی صفیں موجود تھیں۔ یہاں کے مکین جاتے ہوئے شاید یہاں سے سبھی کچھ لے گئے تھے۔ میں نے دوسرے کمرے کے تالے کو دیکھا مگر وہ انتہائی مضبوط تھا اور اسے کھولنے کے لیے مجھے کسی سخت چیز کی ضرورت تھی مگر گھر میں تلاش بسیار کے باوجود مجھے کوئی بھی ایسی چیز نہ ملی جس سے تالا کھولا یا توڑا جا سکے۔ ہر طرف سے مایوس ہو کر میں کچھ ہی دیر میں گھر سے اسی طرح دیوار پھاند کر باہر نکلا اور اس جگہ کا مکمل طور پر جائزہ لینے کے لیے باہر پھیلے ہوئے قبرستان کی طرف بڑھا۔ یہاں پر قبروں کے درمیان خود رو پودے، جھاڑ جھنکار اور پہاڑی کیکر کی بہتات تھی۔ چلتے چلتے میں اس طرف بڑھا جس طرف رات میں نے بجلی کی گرج چمک کے دوران دریا دیکھا تھا۔ جلد ہی میرے اس اندیشے کی تصدیق ہو گئی۔ کچھ ہی دیر میں جب میں دوسرے کنارے تک پہنچا تو وہاں بھی تاحد نظر ٹھاٹھیں مارتا اور کالے ناگوں کی مانند پھنکارتا پانی ہی پانی نظر آیا۔ ایک دفعہ تو میں بے حد خوش ہوا کہ شکر ہے اس علاقے میں پولیس کا تو کوئی خطرہ نہیں مگر دوسرے ہی لمحے مجھے اپنی بھوک کا خیال آیا۔ یہاں پر کھانے پینے کو کچھ نہیں تھا۔

شاید یہاں سے کوئی راستہ خشکی کی طرف جاتا ہو۔ آخر یہاں پر قبرستان ہے ایک مزار ہے اور ایک کچا سا گھر بھی ہے جہاں پہ یقیناً انسان ہی رہتے تھے۔ یہی چیک کرنے کے لیے میں نے اس سارے علاقے کو دیکھنے کا فیصلہ کیا۔ اردگرد پھیلے ہوئے وسیع قبرستان اور اس سے ملحقہ علاقے کا مکمل جائزہ لینے کے بعد میرے خطرناک اندازوں کی تصدیق ہو گئی۔ یہاں چاروں طرف پانی ہی پانی تھا ایک جگہ سے دور کہیں پانیوں سے آگے فصلیں سی نظر آ رہی تھی مگر وہاں مجھے کوئی ذی روح نظر نہیں آیا مگر جس طرف سے پانی اس اونچی ٹیلہ نما جگہ سے ٹکرا کر گزر رہا تھا وہاں پہ بھاری تعداد میں پتھر رکھے ہوئے تھے۔ یقیناً یہ مزار اور قبرستان کو سیلاب سے محفوظ رکھنے کے لیے یہاں کے لوگوں نے ہی سب کچھ کیا ہوگا۔

مطلع بالکل صاف تھا اور ہر سو دھوپ پھیلی ہوئی تھی۔ اتنا چلنے کی وجہ سے گرمی نے میرا برا حال کر دیا۔ ایک جھاڑی کے نیچے کچھ دیر ستانے کے بعد میں تھکا ہارا ایک بار پھر سے مزار کی طرف بڑھا۔ مزار میں بالکل سکون تھا۔ نلکے پر میں نے وضو کیا اور مزار کے احاطے میں بنی چھوٹی سی مسجد میں نماز پڑھی اور خدا کے حضور سجدہ ریز ہو کر اپنے کردہ اور ناکردہ گناہوں کی معافی مانگی۔ بڑے دنوں کے بعد آج مجھے خدا کے حضور اتنی تسلی اور بے فکری سے نماز پڑھنے کا موقع ملا تھا۔ میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ مجھے یوں لگا کہ جیسے میرا رب مجھ سے انتہائی قریب ہے اور میری آواز سن رہا ہے۔ تو تو جانتا ہے میرے مولا کہ میں نے کبھی کسی راہ چلتی چیونٹی کو بھی دانستہ طور اپنے پیروں تلے نہیں روندا تو پھر میں کسی کا قتل کیسے کر سکتا ہوں۔ میرے مولا کوئی جانے یا نہ جانے

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

تو تو جانتا ہے کہ نہ تو میں دہشت گرد ہوں اور نہ ہی ان کا ساتھی تو پھر مجھ پر دہشت گردی کا یہ بے بنیاد مقدمہ کیوں؟ میرے مولا مجھ سے جانے انجانے میں کچھ غلطیاں یقیناً ہوئی ہیں اور میں تو ویسے بھی خطا کار ہوں مگر تو تو عطا ہے، رب کریم۔ مجھے معاف کر دے مولا اور پھر جانے کب تک میری آنکھوں سے اس کی یاد میں آنسو بہتے رہے۔ من ہلکا ہوا تو میں نے نلکے پر جا کر ٹھنڈا پانی پیا اور پرسکون سا ہو کر ایک بار پھر سے مزار کے احاطے میں لیٹ گیا۔

***

عصر کے وقت تک میرا بھوک سے برا حال ہو گیا اور میں ایک بار پھر سے پیٹ کی آگ بجھانے کی خاطر کسی شے کی تلاش میں نکلا۔ میرا رخ ایک دفعہ پھر سے اسی کچے گھروندے کی طرف ہو گیا۔ مجھے امید تھی کہ وہیں سے مجھے کھانے کو کچھ نہ کچھ مل سکتا ہے۔ بند کمرے کے تالے کو توڑنے کے لیے میں نے نلکے کے قریب پڑے ہوئے تین چار پتھر بھی اٹھا لیے۔ دیوار پھاند کر میں گھر میں اترا ایک بار پھر سے باریک بینی اور تسلی سے وہاں کی تلاشی کا عمل شروع کیا۔ مگر پہلے کی طرح مجھے مایوسی ہوئی۔ آخر کار میں نے تالا توڑنے کا فیصلہ کیا۔ پتھر کی مدد سے میں نے بہت کوشش کی مگر تالا انتہائی مضبوط ہونے کی وجہ سے نہ ٹوٹ سکا۔ تھک ہار کر میں ایک دفعہ پھر سے مایوسی کا شکار ہو کر دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ بیٹھتے ہی اچانک میری نظر مٹی سے بنے ہوئے بھڑولے پر پڑی۔ پنجاب کے گاؤں دیہات میں رہنے والے لوگ کہیں کہیں اب بھی اس کا استعمال کرتے ہیں۔ گو کہ اب تو لوگ گندم کو اسٹور کرنے کے لیے لوہے کے بنے ہوئے بہترین اور خوبصورت قسم کے بھڑولے استعمال کرنے لگے ہیں اور مٹی کی بنی ہوئی اس پنجاب کی ثقافت کو لوگ بھولتے جا رہے ہیں مگر غریب لوگ اب بھی اس کا استعمال کرتے ہیں۔ بہرحال مٹی سے بنی اس پنجاب کی ثقافت سے مجھے پاپی پیٹ کی آگ بجھانے کا سامان مل گیا۔ اس میں گندم کم ہی تھی مگر میرے لیے یہ بھی غنیمت تھا۔ میں نے اپنی ضرورت کے تحت وہاں سے گندم کے دانے نکالے اور اسی گھر سے گھڑے کا ٹوٹا ہوا ٹھیکرا اٹھایا اور گھر سے نکل گیا۔ باہر جا کر میں نے مزار کے احاطے میں بنے ہوئے چولہے پر یہ دانے بھون لیے۔ میں نے زندگی میں بہت سے مزے دار کھانے کھائے تھے مگر اپنے ہاتھوں سے بھونے ہوئے کچے پکے گندم کے ان دانوں کا مزہ میں آج تک نہیں بھولا۔ میں نے نلکے کا ٹھنڈا پانی پیا اور خدا کا شکر ادا کیا۔ کھانے پینے سے میرے تن میں کچھ جان سی آئی اور میں نڈھال سا ہو کر مزار میں بنے سائبان تلے لیٹ گیا۔

***

شام ہوئی تو میں نے مسجد میں نماز مغرب ادا کی اور مزار کی طرف بڑھا۔ مگر وہاں جاتے ہی میری حیرت کی انتہا نہ رہی۔ مزار پر چراغ جل رہا تھا اور پھر مجھے یاد آیا کہ چراغ تو کل رات جب میں یہاں آیا تھا تب بھی جل رہا تھا۔ تو کیا یہ چراغ کل ہی کا جلا ہوا تھا؟ یا پھر آج کسی نے سرشام جلا دیا تھا۔ مگر مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں دوپہر کو جب اٹھ کر اس سارے قطعہ زمین کا جائزہ لے رہا تھا تو میں مزار میں بھی داخل ہوا تھا۔ تب تو یہ چراغ نہیں جل رہا تھا تو پھر اب یہ کس نے جلا دیا جبکہ یہاں دور دور تک کوئی انسان موجود نہیں تھا۔ دن میں مجھے خیال ہی نہیں رہا کہ رات جو چراغ جل رہا تھا وہ کس نے بجھایا ہوگا اور اب سرشام ہی کوئی چراغ جلا کر چلا گیا اور مجھے خبر بھی نہیں ہوئی۔ یہ کون تھا آخر تو کیا یہ صاحب مزار کی کرامت تھی؟ یا پھر کوئی اور چکر تھا۔ ایک عجب سی سنسنی کی لہر میرے وجود میں سرایت کرتی چلی گئی اور میں جلدی مزار سے نکل آیا۔ مزار سے باہر نکل کے میں نے ارد گرد دیکھا مگر مجھے کہیں کوئی بندہ نظر نہیں آیا۔ میں نے اونچی آواز سے پکارا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

''کوئی ہے......؟''

اور پھر میں نے کئی بار یہ آواز لگائی مگر دریا کے پانی اور ویرانے میں شام کو جاگنے والے حشرات الارض کی مختلف النوع قسم کی پرہول آوازوں کے علاوہ کچھ سنائی نہ دیا اور نہ ہی کسی نے میری آواز کا جواب دیا۔ یہ سب کیا تھا؟ مجھے کچھ بھی سمجھ نہیں آرہا تھا۔ سنا تھا کہ اولیاء اور درویشوں کے دیے ہمیشہ جلتے رہتے ہیں مگر شاید آج اس کا عملی مظاہرہ دیکھا تو مجھے یقین نہیں آرہا تھا اور ویسے بھی اولیاء اور درویشوں سے کبھی مل بیٹھنے کا مجھے زیادہ تجربہ بھی نہیں تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس حوالے سے میرا دماغ اور بھی الجھ سا گیا اور مجھے اس سارے ماحول سے ہی خوف سا آنے لگا۔ میں جو زندگی میں کبھی اتنا خوف زدہ نہیں ہوا تھا آج واقعی خوف اور ڈر نہ صرف محسوس کر رہا تھا بلکہ میرا دل بھی گھبرانے سا لگا۔ میرے دل میں ایک خیال جڑ پکڑ گیا کہ جب اس پورے علاقے میں میرے علاوہ کوئی بندہ موجود نہیں تو پھر یہ چراغ کس نے جلایا تھا؟ ہو نہ ہو یہ کسی ہوائی یا مافوق الفطرت مخلوق کی کارروائی تھی۔ اب یہ کوئی جن تھا کہ پری یا پھر کوئی روح جو کہ عالم ارواح سے یہاں آ کے دیا جلا گئی اور مجھے پتہ بھی نہیں چلا جبکہ میں شام سے یہیں موجود تھا۔ میں مزار سے نکلا تو میں نے قبرستان کی طرف نگاہ ڈالی۔ یہاں بھی خطرہ ہی خطرہ تھا۔ قبرستان سے تو لوگ دن میں خوف محسوس کرتے ہیں جبکہ میں یہاں پر اس ویرانے میں اکیلا رہنے پر مجبور تھا۔ کچھ بھی ہو میں یہاں سے تو کسی صورت نکل بھی نہیں سکتا تھا کیونکہ میرے چار سو دریا میں پانی ہی پانی تھا۔ میں تو پہلے ہی بڑی مشکل سے سیلابی ریلے سے بچا تھا اب میں دوبارہ اپنی موت کو دعوت نہیں دینا چاہتا تھا مگر یہاں اس صورت حال میں رہنا بھی میرے لیے انتہائی مشکل ہو رہا تھا۔ مزار سے باہر ایک درخت کے نیچے کھڑا میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ درخت کے اوپر سے کوئی سفید سی چیز نیچے گری اور کسی پرندے کے پھڑ پھڑانے کی آواز سنائی دی اور ساتھ ہی درخت کے اوپر سے کوئی سیال سی چیز نیچے گری۔ میں نے اندھیرے میں غور سے دیکھا۔ سیاہی مائل یہ سیال کیا بلا تھی نیچے زمین پر بیٹھ کر میں نے آنکھیں پھاڑ کر دیکھا تو مجھے یہ خون سا معلوم ہوا۔ انتہائی گھبراہٹ کے عالم میں میں نے اوپر درخت کی جانب دیکھا۔ اندھیرے میں چمکتی ہوئی دو خوفناک سی آنکھیں مجھے گھور رہی تھیں۔ اف میرے خدا۔ میں نے زندگی میں کبھی ایسا خوفناک منظر نہیں دیکھا تھا۔ اندھیری رات، قبرستان کا پراسرار سائیں سائیں کرتا دل کو دہلاتا ماحول اور ایسے میں درخت کے اوپر سے خون کا گرنا اور دو خوفناک اور خون آلود سی مجھے گھورتی ہوئی نگاہیں۔ بے اختیار میری چیخ سی نکلی مگر انتہائی خوف کی وجہ سے میرے اندر ہی کہیں دم توڑ گئی۔ میں نے بھاگنا چاہا مگر مجھے یوں لگا کہ جیسے میرے پاؤں کسی نے منوں وزنی زنجیر سے باندھ دیے ہوں۔ میری یہ کیفیت کچھ دیر جاری رہی اور پھر مجھے نہیں معلوم کہ مجھے کیا ہوا۔ میں وہاں سے اٹھا اور انتہائی خوف اور ڈر سے بھاگتا ہوا کچے گھر کی دیوار پھلانگ کر اس میں داخل ہو گیا اور جو کمرہ کھلا تھا میں نے اسی میں جا کر پناہ لی۔

کچھ ہی دیر میں جانے کیسے میری زبان اور دل میں آیۃ الکرسی کا ورد جاری ہوا اور مجھے کچھ ہوش آنے لگا اور مجھے معاملے کی سنگینی کا احساس ہوا۔ اس کمرے کے کونے میں صفیں موجود تھیں۔ میں آہستگی سے اٹھا اور اندھیرے میں اندازے سے اس کونے کی جانب بڑھا جہاں صفیں موجود تھیں۔ جلد ہی مجھے صفیں مل گئیں تو میں نے ایک صف کھولی اور نیچے بچھا کر اس پر آڑا ہو کر اپنے آپ میں سمٹتے ہوئے کمرے کی دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا اور یہیں پر بیٹھے بیٹھے اونگھتے اور مختلف خوفناک خیالات کے پیچھے بھاگتے ہوئے جانے کب میری آنکھ لگ گئی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

☆☆☆......

رات کے جانے کس پہر عجب سے شور سے میری آنکھ کھلی۔ میں ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھا۔ کمرے میں اندھیرا ہونے کی وجہ سے مجھے کچھ نظر تو نہ آیا البتہ کمرے سے باہر وہ عجیب سا شور ہنوز جاری تھا۔ تھوڑی دیر تو ایک بار پھر سے میں انتہائی خوف زدہ ہو گیا اور اس شور کو دل ہی دل میں کسی نئی آفت سے منسوب کرنے لگا مگر جلد ہی مجھے احساس ہوا کہ یہ سب میرا وہم ہے۔ باہر شاید زبردست آندھی جاری تھی اور اسی کا شور مجھے کمرے میں سنائی دے رہا تھا۔ میں دل ہی دل میں پھر سے ورد کرنے لگا اور اپنے آپ میں کچھ اور بھی سمٹ گیا۔ ابھی تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ مجھے آندھی کے شور میں عجب سی نہ سمجھ میں آنے والی آواز سنائی دی۔ اف میرے خدا۔ انتہائی سنسنی کی ایک تیز لہر میرے سارے وجود میں سرایت کرتی چلی گئی اور اس وقت مجھے سو فیصد یقین ہو گیا کہ اس قبرستان میں کوئی مافوق الفطرت مخلوق نہ صرف آباد تھی بلکہ دندناتی پھر رہی تھی۔ انتہائی خوف اور ڈر کی وجہ سے میرا گلا خشک ہو گیا اور کوئی چیز میرے گلے میں پھنسنے لگی۔ ابھی میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ میرے کمرے کا دروازہ کسی نے تیزی سے کھٹکھٹانا شروع کر دیا۔

خوف اور ڈر کی وجہ سے مجھے یوں لگا کہ جیسے میرا دل اچھل کر سینے سے باہر آ جائے گا اور میں اس اندھیری رات میں ایک اجنبی علاقے کے نامعلوم قبرستان کے متولی کے کمرے میں ڈر اور خوف کی وجہ سے مر جاؤں گا اور میں جو دریا کے سیلابی ریلے سے بچ جانے پر خوش فہمی کا شکار ہو گیا تھا۔ بے موت مارا جاؤں گا۔

وقفے وقفے سے دروازہ مسلسل کھٹکھٹایا جا رہا تھا۔ کچھ ہی دیر بعد مجھے احساس ہوا کہ دروازہ میرے کمرے کا نہیں بلکہ ساتھ والے کمرے کا کھٹکھٹایا جا رہا ہے جس پر میں نے تالا لگا ہوا دیکھا تھا اور یہ تالا اتنا مضبوط تھا کہ پتھر کی زوردار ضربوں اور میری لاکھ کوششوں کے باوجود نہیں ٹوٹا تھا۔ اف میرے اللہ! یہ سب کیا ہے؟ جس کمرے کو باہر سے تالا لگا ہوا ہے بھلا اسے کوئی کیوں کھٹکھٹا رہا ہے۔ کیا وہ پاگل ہے؟ اسے نہیں معلوم کہ اس کمرے کو باہر سے تالا لگا ہوا ہے۔ آندھی کے بے انتہا شور کی وجہ سے مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ مگر تھوڑی دیر انتہائی غور سے میں نے دیوار سے کان لگا کر سنا تو مجھے محسوس ہوا کہ دوسرے کمرے کو اندر سے کھٹکھٹایا جا رہا ہے۔ یہ سب کیسے ممکن ہے؟ کیا اندر کوئی بندہ ہے جو دروازے کو اندر سے کھٹکھٹا رہا ہے؟ یا پھر کوئی اور بات ہے؟ جہاں تک اندر کسی بندے کی موجودگی کا سوال ہے تو یہ ممکن ہی نہیں ہے۔ میں نے دن کی روشنی میں عصر کے وقت اس دروازے کے تالے کو کھولنے کی غرض سے پتھر کی زوردار ضربیں لگائی تھیں اور اگر کوئی اندر موجود تھا تو وہ اس وقت کیوں نہیں بولا؟ اور رات کے اس پہر اس نے دروازے کو اندر سے کیسے کھٹکھٹانا شروع کر دیا ہے؟ میں نے سارا دن اس پورے علاقے کو چھان مارا تھا مگر مجھے تو یہاں کوئی بھی نظر نہیں آیا اور پھر میں نے شام کے دھندلکے میں کئی آوازیں بھی دی تھیں مگر تب تو کوئی نہیں بولا تھا۔ اب یہ بندہ کہاں سے وارد ہو گیا اور وہ بھی تالا لگے ہوئے کمرے کے اندر؟ یہ کوئی مافوق الفطرت مخلوق ہی ہے جو کہ مجھے اس بہانے سے کمرے سے باہر نکالنا چاہتی ہے اور شاید میرا خون پینا چاہتی ہے اور اس سوچ کے بعد تو میرا ذہن نہ جانے کیا کیا سوچتا چلا گیا مگر ساتھ والے کمرے کا دروازہ مسلسل بجتا رہا۔

باہر تیز طوفان جاری تھا جس کی وجہ سے ہوا کے درختوں اور جھاڑ جھنکار سے ٹکرانے کی مہیب اور خوفناک آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔ اس علاقے میں پھیلے ہوئے چار سو دریا کے پُرشور پانی ہی کا خوف کم نہیں تھا کہ اوپر سے آندھی اور اندھیری رات میں اس پراسرار اور سمجھ میں نہ آنے والے چکر نے مجھے کچھ اور بھی دہلا دیا اور پھر اچانک ہی جانے کیسے ساتھ والے کمرے میں بالکل خا

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

موشی چھا گئی۔ اندر لری اور چمروں نے بھی برا حال کر رکھا تھا مگر سچ تو یہ ہے کہ میں اتنا ڈرا ہوا تھا کہ مجھے اس کا احساس بھی نہیں ہوا۔ یہ رات مجھ پر بہت بھاری تھی۔ ابھی میں ساتھ والے کمرے سے دروازے کو کھٹکھٹائے جانے والی آوازوں کے طلسم سے نکل بھی نہ پایا تھا کہ ایک نئی مصیبت نازل ہو گئی۔ کوئی چیز سرسراتی ہوئی میرے پاؤں سے ٹکرائی۔ مجھے یوں لگا کہ جیسے یہ کوئی سانپ ہو۔ ڈر کے مارے میری چیخ نکل گئی میں نے کمرے کا دروازہ کھولا اور باہر کی جانب بھاگا۔ باہر انتہائی تیز طوفان جاری تھا مگر میں ابھی گھر کی دیوار پہ چڑھنے ہی والا تھا کہ تالا لگے ہوئے کمرے میں سے کوئی تیزی سے چلایا اور اس نے کچھ کہا بھی مگر تیز آندھی کی وجہ سے میں سن نہیں پایا۔ مجھے یوں لگا کہ جیسے کئی بلائیں میرے پیچھے لگ گئی ہوں اور میرے خون کی پیاسی ہوں۔ میں نے جلدی سے چھلانگ لگائی اور دیوار پھلانگ کر باہر کود گیا۔

میرا رخ جانے کس جانب تھا مجھے نہیں معلوم۔ اتنا مجھے احساس تھا کہ میں قبرستان میں قبریں پھلانگتے ہوئے بھاگے جا رہا ہوں اور پھر وہ ہوا جس کا میں نے زندگی میں شاید کبھی سوچا بھی نہ ہوگا۔ میرا پاؤں ایک سنگ مرمر کی قبر کے سرہانے سے ٹکرایا اور میں دوسری جانب یعنی قبر کے عین اوپر جا گرا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ میں قبر کے اوپر گرتا مگر۔ جانے کیسے قبر میرے وہاں گرنے سے پہلے ہی شق ہوئی اور میں اس کے اندر کہیں گہرائیوں میں گرتا چلا گیا۔

⁂

جب مجھے ہوش آیا تو مجھے یوں لگا کہ جیسے میں اندھا ہو گیا ہوں مگر کچھ ہی دیر بعد جب میرے حواس ذرا بحال ہوئے تو مجھے احساس ہوا کہ ایسا نہیں ہے اور اس کے ساتھ ہی مجھے یاد آیا کہ میرے ساتھ کیا ہوا تھا۔ یہ سوچ کر ہی مجھے ٹھنڈے پسینے آنے لگے کہ میں اس وقت قبر میں پڑا ہوں اور میرے اردگرد مہیب اندھیروں کا راج ہے۔ سچ پوچھیں تو اس وقت مجھے اس ذات مہربان کی شدت سے یاد آئی اور میرے دل کی گہرائیوں سے یہاں سے صحیح سلامت بچ نکلنے کی دعا نکلی۔ یہ بات الگ کہ یہاں نہ ختم ہونے والے اندھیرے چار سو پھیلے ہوئے تھے مگر قبر کے اندر ہونے کا احساس یقینی طور پر جان لیوا تھا۔ کسی کا مردہ وجود کے ساتھ قبر میں ہونا اور بات ہے مگر زندہ در گور ہونا قطعی طور پر مختلف ہے۔ اب تو مجھے سو فی صد یقین ہو گیا کہ یہ پورا علاقہ ہی آسیب زدہ اور پراسرار ہے۔ یقینی طور پر یہاں کچھ مافوق الفطرت عناصر نے ڈیرہ جما رکھا تھا اور انہیں یقینی طور پر میرا یہاں آنا اچھا نہیں لگا اور اسی لیے وہ مخلوق مجھ سے بھیانک کھیل کھیل رہی تھیں۔ اب وہ جانے میرے ساتھ کیا سلوک کرنے والی تھی۔ میں نے اوپر اس خلا کی جانب دیکھا جہاں سے میں نیچے گرا تھا۔ اب وہاں کوئی خلا نہیں تھا اور قبر بند ہو چکی تھی۔ یاالٰہی یہ سب کیا ہے؟

اس وقت میرے سر میں شدید درد ہو رہا تھا۔ میں نے سر پہ ہاتھ پھیرا تو مجھے سر میں ایک گومڑ کا احساس ہوا۔ شاید اوپر سے جب میں قبر کے اندر گرا تھا تو میرا سر کسی سخت چیز سے ٹکرا گیا تھا اور اسی وجہ ہی سے میرے سر میں درد کی لہریں ہتھوڑے لے رہی تھیں۔ سر میں جس جگہ گومڑ بنے ہونے کا مجھے احساس ہو رہا تھا اس جگہ پہ میں نے ہاتھ لگایا تو مجھے چپچپاہٹ سی محسوس ہوئی۔ لگتا تھا کہ زبردست چوٹ لگی ہے اور خون بھی نکل رہا ہے۔ میں نے اندھیرے میں ادھر ادھر ہاتھ پھیلایا اور دیکھنے کی کوشش کی کہ وہ کون سی چیز تھی جس سے میرا سر ٹکرایا تھا۔ اچانک ہی میرے ہاتھ سے کوئی چیز ٹکرائی۔ مگر جونہی میں نے اس چیز پہ ہاتھ پھیرا تو ایک خطرناک خیال سے میرا دل لرز کر رہ گیا' یہ ایک انسانی کھوپڑی معلوم ہو رہی تھی۔ اف میرے خدایا' میرے دل کی دھڑکن جو کہ پہلے ہی خطرناک حدوں کو کراس کر رہی تھی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اب کچھ اور بھی تیز ہوگئی اور پھر کچھ ہی لمحوں میں یہ رفتار اچانک گھٹنے لگی اور مجھے یوں لگا کہ جیسے مجھے اُلٹی آرہی ہو۔ قبر میں ایک عجب نامانوس سی بو بھی حواس کو مختل کیے دے رہی تھی۔ مجھے یوں لگا کہ جیسے میرے وجود میں قید کوئی چیز باہر نکلنے کے لیے انتہائی بے چین و بے قرار ہو اور اسی لمحے مجھے زبردست قے آتے آتے رہ گئی۔ کڑواہٹ کی وجہ سے میری آنکھوں سے پانی نکل آیا۔ میری زندگی میں کئی خطرناک اور دل کو لرزا دینے والے واقعات پیش آئے تھے مگر میں نے ہمیشہ خندہ پیشانی اور بے خوفی سے مقابلہ کیا مگر جو اس اندھیری رات میں میرے ساتھ وقوع پذیر ہورہا تھا اس نے سچ میں مجھے اندر سے دہلا کر رکھ دیا۔

ابھی میں انہی سوچوں میں غلطاں یہاں سے نکلنے کے بارے میں سوچ ہی رہا تھا کہ مجھے اندھیری قبر میں ہلکی سی روشنی ہوتی نظر آئی۔ قبر کے مہیب اندھیروں میں یہ روشنی؟ پہلے ہی میرا ذہن پاگل پن کا شکار ہوا جارہا تھا اور اب یہ روشنی...... میں اس وقت قبر کے اندھیرے میں اوندھا لیٹا ہوا تھا اور نیچے زمین کی طرف نگران میری آنکھوں کو یہ پراسرار اور انوکھی سی روشنی انتہائی عجیب اور خوفناک سی لگ رہی تھی۔ میرے وجود میں مقید میری روح بھی اس خوفناک خیال سے لرز رہی تھی کہ اب جانے میرے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ اس وقت صحیح معنوں میں یہ سارا پُراسرار سا ماحول مجھ پر سحر طاری کیے ہوئے تھا۔ میں نے انتہائی ڈر اور خوف کے عالم میں سوچا شاید قبر میں منکر نکیر سوال جواب کرنے آچکے تھے مگر میں ابھی مرا کہاں تھا۔ انہیں تو میرے مرنے کے بعد آنا تھا مگر یہ میرے مرنے سے پہلے ہی قبر میں آچکے تھے۔ بڑی مشکل سے سیدھا ہوتے ہوئے میں نے آہستگی سے روشنی کے ماخذ کی طرف نگاہ دوڑائی تو ایک اور دل کو دہلا دینے والا منظر میری نگاہوں کے سامنے تھا۔ یہ سب کچھ دیکھ کر میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے اور بے انتہا سنسنی اور حیرت نے میری قوت گویائی سلب کرلی۔ حیرت سے میرے منہ سے نکلتی ہوئی چیخیں میرے اندر ہی کہیں دم توڑ گئیں۔

میرے سامنے اس وقت ایک خوبصورت، دلفریب اور ملکوتی حسن لیے کوئی حور کھڑی مجھے حیرانی سے تک رہی تھی۔ اس کے ہاتھ میں جادوئی سی روشنی دیتی ایک موم بتی قبر کے اندھیروں کو ہلکے سے اجالے میں تبدیل کرنے کی ناکام سی کوشش کررہی تھی۔ اس کے دوسرے ہاتھ میں خون آلود چھری بھی نظر آرہی تھی۔ مگر اس کے چہرے پہ چھائے حیرت کے قدرتی اور معصوم سے تاثرات دیکھ کر میرے لیے اس کے بارے میں کوئی بھی اندازہ لگانا مشکل ہورہا تھا۔ وہ تھوڑی دیر مجھے گھورتے ہوئے حیرت سے تکتی رہی اور پھر اس کے گلاب جیسے ہونٹوں کی پنکھڑیاں وا ہوئیں اور قبر کے اس طلسماتی سے ماحول میں اس کی دلفریب اور مدھری آواز سے گویا جلترنگ سے بج اٹھے۔

آپ کون ہیں!؟ اور یہاں کیسے پہنچ گئے!؟

میں نے اس کی بات کے جواب میں کچھ بولنا چاہا مگر انتہائی حیرت تجسس اور خوف کی وجہ سے میری آواز میرے اندر ہی گھٹ کر رہ گئی۔ اس نے غور سے میری جانب دیکھا اور ایک ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے موم بتی قبر میں ایک جگہ پہ رکھ دی اور مجھ سے کچھ دوری پر بیٹھ گئی۔ یہ ایک اور ہی عجیب و غریب افسانہ تھا۔

جب میں پچھلی رات سیلاب کے ریلے میں پانیوں کے تھپیڑے کھاتا ہوا اس جگہ تک پہنچا تھا تو جان بچ جانے پر خدا کا شکر ادا کرتے ہوئے پھولا نہ سما رہا تھا مگر آج شام سے ہونے والے پے در پے واقعات نے مجھے گھما کر رکھ دیا۔ یاالٰہی یہ سب کیا ہے اور میں کہاں آگیا ہوں!؟ اب تو مجھے شک سا ہورہا تھا کہ جیسے میں مرچکا ہوں اور یہ سب واقعات بعد مرنے کے وقوع پذیر ہو رہے ہیں اور اگر ایسا ہی تھا تو پھر حور نما یہ لڑکی کون ہے جو

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اس وقت موم بتی روشن کیے قبر کے اندھیروں میں چلی آئی ہے؟ اگر یہ کوئی مافوق الفطرت مخلوق ہے تو پھر وہ مجھے یہاں دیکھ کر حیران کیوں ہو رہی ہے؟ اور اگر وہ حیران ہو رہی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ واقعی کوئی معصوم لڑکی ہے مگر وہ یہاں جہاں پر چاروں طرف خطرناک دریا پھیلا ہوا ہے اور اس دریا کے درمیان ایک خشکی کا ٹکڑا اور اس ٹکڑے پر جھاڑ جھنکار خود رو پودوں اور قد ملی درختوں کی بہتات کے درمیان ایک آسیبی قبرستان کی اس قبر میں وہ رات کے اس وقت کیا کر رہی ہے؟ نہیں یہ سوچی نہیں سکتا۔ یہ کوئی اور ہی چکر ہے؟ اور پھر وہ قبر میں رات کے اس وقت کہاں سے اور کیسے داخل ہوگئی؟ جبکہ اس قبر میں داخلے کا واحد راستہ وہی تھا جہاں سے میں نیچے گرا تھا اور مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ یہ لڑکی اوپر سے نہیں بلکہ یہیں کہیں قبر سے ہی نکلی تھی۔ اب مجھے سوفی صد یقین ہو گیا کہ یہ لڑکی واقعی کوئی مافوق الفطرت مخلوق ہے اور مجھ سے کوئی بھیانک اور خطرناک کھیل کھیلنے والی ہے اور اس کے ہاتھ میں خون آلود چھری کی موجودگی نے میرے اس یقین کو کچھ اور بھی پختہ کر دیا۔ یہی سوچتے ہوئے میں نے اس سے کچھ دور ہونا چاہا تو میرے کانوں میں اس لڑکی کے سسکنے کی آواز سنائی دی۔ میں نے دیکھا وہ حسن کی دیوی میرے سامنے گھٹنوں میں سر دیے رو رہی تھی۔ اب تو میں کچھ اور بھی خوف زدہ ہو گیا۔ ہو نہ ہو اب یہ میرے ساتھ کوئی خوفناک کھیل کھیلنا چاہتی ہے۔ میں نے دل ہی دل میں ایک فیصلہ کیا اور وہاں سے نکلنے کے لیے غیر محسوس انداز میں پیچھے کی طرف ہٹنا شروع کیا۔ مگر میری حرکت کو شاید اس خوبصورت بلا نے دیکھ لیا۔ وہ چلاتے ہوئے میری طرف بڑھی اور اس نے مجھے اپنی مضبوط باہوں میں دبوچ لیا اور مجھے تھپڑ لگانا شروع کر دیے۔

"اب بھاگ کے کہاں جائے گا حرامزادے! تو نے میری زندگی نرکھ بنا ڈالی ہے تو کیا سمجھتا ہے کہ میں تمہیں اتنی آسانی سے یہاں سے نکلنے دوں گی۔ میں تیرا خون پی جاؤں گی کمینے تو سمجھتا کیا ہے اپنے آپ کو؟"

میں جو کہ پہلے ہی پے در پے ہونے والے واقعات سے نڈھال ہو چکا تھا اور مجھ میں قوت مدافعت نہ ہونے کے برابر رہ گئی تھی۔ میں نے سوچا کہ موت تو برحق ہے اور ایک روز سبھی کو آنی ہے اور جب مرنا ناگزیر ٹھہرا تو پھر یوں ڈر کے بزدلی سے کیوں مروں؟ کیوں نہ میں اس خوبصورت بلا کا دلیری اور بہادری سے مقابلہ کروں اور جان جان آفرین کے سپرد کر دوں۔ مرنا تو ہے ہی مگر حالات کا مقابلہ تو کرنا چاہیے مجھے۔ کیا ہوا کہ یہ مافوق الفطرت مخلوق ہے اور اس کی اور میری طاقت میں زمین و آسمان کا فرق ہے مگر میں بھی تو اشرف المخلوق ہوں اور خدا نے مجھے ان سب مخلوقات پر فوقیت دی ہے اور افضل قرار دیا ہے تو پھر میں کیوں حوصلے ہار رہا ہوں؟ میری اس سوچ نے میرے اندر ایک نئی طاقت بھر دی اور میں نے ایک نئے عزم اور ولولے سے اس خوبصورت مافوق الفطرت حور نما مخلوق کو دونوں ہاتھوں سے مضبوطی سے پکڑ لیا۔ کچھ دیر تو اس نے میرے ہاتھوں کے شکنجے سے نکلنے کی کوشش کی مگر جلد ہی اس کا غصہ جھاگ کی طرح بیٹھ گیا اور اس نے ایک بار پھر سے رونا شروع کر دیا۔ تھوڑی دیر اس کی یہ کیفیت جاری رہی اور کچھ ہی دیر بعد جب وہ نارمل ہوئی تو میں نے اس سے پوچھا۔

"آپ کون ہیں اور میرے پیچھے کیوں پڑی ہوئی ہیں جبکہ میری آپ سے کوئی دشمنی بھی نہیں تو پھر آپ میرے ساتھ ایسا کیوں کر رہی ہیں؟" یہ کہتے ہوئے میں نے دیکھا کہ کافی دیر سے الفاظ جو کہ میرے گلے میں پھنسے ہوئے تھے بڑی روانی سے زبان تک پہنچے اور میری آواز پھر سے ویسے ہی ہوگئی جیسا کہ پہلے تھی۔

"اچھا! تو تم کیا سمجھتے ہو کہ تمہارے ایسا کرنے سے میں تمہیں چھوڑ دوں گی۔ تم بھی سائیں دیپے شاہ کے ساتھی ہو۔ جبھی تو تم یہاں اس راستے سے داخل ہوئے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ہو جسے صرف اور صرف سائیں دیے شاہ استعمال کیا کرتا تھا۔" اس نے انتہائی نفرت اور حقارت سے مجھے دیکھتے ہوئے کہا۔

"کون سائیں دیے شاہ اور کون سا راستہ؟" میں نے انتہائی حیرت سے اس خوبصورت حسینہ کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"دیکھو! اتنے معصوم نہ بنو۔ میں پہلے ہی اس کے یہاں موجود ساتھی نازو ملنگ کو قتل کر چکی ہوں جس کا مجھے از حد افسوس ہے اور میں اب دوسرا قتل نہیں کرنا چاہتی۔ بہتر ہوگا کہ تم مجھے یہاں سے نکلنے کا راستہ بتا دو۔ ورنہ میں اسی چھری سے تمہارا قتل بھی کر دوں گی جس سے میں نے ابھی تھوڑی دیر پہلے نازو ملنگ کو قتل کیا ہے۔" یہ کہتے ہی اس نے اپنے ہاتھ میں موجود خون آلود چھری کو بلند کرتے ہوئے قبر کے خلا میں لہرایا، یوں کہ جیسے وہ مجھے دھمکانا چاہتی ہو۔

"دیکھیں! آپ پہلے میری بات سن لیں۔ اس کے بعد اگر آپ مجھے قتل بھی کرنا چاہیں تو بے شک کر دیں۔ مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ آپ یقین کریں کہ جن لوگوں کا آپ ذکر کر رہی ہیں ان کا مجھے قطعاً کوئی علم نہیں۔" اور پھر میں نے مختصراً اسے اپنے حالات اور یہاں تک آمد کے بارے میں بتا دیا۔ شکر ہے کہ اس نے میری ساری رام کہانی بڑی شرافت سے سن لی۔ میرے حالات اور یہاں آمد کے بارے میں سن کر اس نے دکھ بھری نظر سے مجھے دیکھا اور بازو سے تھامتے ہوئے کہا۔

"شکر ہے۔ میں نے بے اختیاری میں تمہیں قتل نہیں کر دیا اگر مجھ سے یہ گناہ ہو جاتا تو میں زندگی بھر اپنے آپ کو بھی معاف نہ کر پاتی۔" یہ کہتے ہوئے اس کی آنکھوں میں ایک مرتبہ پھر سے آنسو بھر آئے اور وہ رونے لگی۔ میں نے دیکھا موم بتی کافی بڑی تھی اور ابھی تک جل رہی تھی اور اس موم بتی کی روشنی میں وہ حور بھی موم کی گڑیا کی طرح ہی محسوس ہو رہی تھی۔ کچھ ہی دیر بعد اس نے آنسو پونچھے اور مجھے انتہائی خوبصورت اور پیار بھرے انداز میں دیکھتے ہوئے کہا۔

"اقبال! بھول جاؤ! تھوڑی دیر پہلے ہونے والی باتوں کو اور ایک بار اپنے حالات کو بھی اور خدا کے لیے یقین کرو کہ میں نہ تو کوئی حور پری ہوں اور نہ ہی کوئی مافوق الفطرت مخلوق۔ میں بھی تمہاری طرح ایک انسان ہی ہوں اور لاہور شہر سے تعلق رکھتی ہوں اور جہاں تک میرے یہاں اس جگہ پر موجود ہونے کا تعلق ہے تو یہ ایک لمبی کہانی ہے مگر مختصراً بتائے دیتی ہوں۔

"میرا نام صائمہ ہے اور میں اپنے والدین کی اکلوتی اولاد ہوں۔ میرے والد اس ملک کے بہت بڑے بزنس مین تھے۔ بچپن ہی سے مجھے روپے پیسے کی کمی نہ تھی جو میں نے چاہا، جب میں نے والدین سے مانگا وہ انہوں نے لے کر دیا اور میری ہر جائز و ناجائز خواہش پوری کی اور اسی چیز نے مجھے انتہائی ضدی اور خود سر بنا دیا۔ بی اے کرنے کے بعد میں یونیورسٹی پہنچی تو مجھے ناصر نامی ایک لڑکے سے پیار ہو گیا اور اس کے پیار میں اتنی شدت تھی کہ اس نے مجھے پاگل بنا کے رکھ دیا مگر وہ مجھ سے شادی پر رضامند نہ ہوا۔ اگر تو وہ کسی غریب کا بیٹا ہوتا تو میں شاید اسے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیتی مگر وہ ایک بااثر سیاسی خاندان سے تعلق رکھنے کی بنا پر اپنے ہم پلہ دوسرے سیاسی خاندان کی لڑکی سے شادی کا خواہاں تھا اور یہ صرف اسی کی نہیں اس کے بڑوں کی مرضی بھی تھی۔ میں نے بڑے جتن کیے مگر اسے راضی نہ کر سکی۔ پھر میں نے جیسے تیسے کر کے اپنے والدین کو بھی راضی کر کے اس کے گھر بھیجا مگر بجائے اس کے کہ میرا مسئلہ حل ہوتا اور بھی بگڑ گیا۔ ناصر کے والدین نے میرے ماں باپ کی خوب بے عزتی کی۔ جب والدین کی زبانی مجھے حالات کا علم ہوا تو بجائے اس کے کہ میں ناصر کو بھول جاتی۔ میں نے اس بات کو اپنی انا کا مسئلہ بنا لیا۔ خود سر اور ضدی تو میں پہلے ہی تھی اور اب تو گویا میرے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

لیے ناصر اور اس کے گھر والوں کو سبق سکھانا ضروری ہو گیا تھا۔

اسی سلسلے میں میرا دھیان اخبار میں چھپنے والے جعلی عاملوں اور پیروں کے اشتہاروں کی طرف ہو گیا۔ میں نے ان جعلی عاملوں اور پیروں سے اپنے من کی مراد پانے کے لیے پیسہ پانی طرح بہایا مگر میرے مطلوبہ مقاصد پورے نہ ہو سکے۔ اسی دوران سائیں بابا دینے شاہ کا اشتہار میری نظر سے گزرا۔ اشتہار کچھ اتنا پرتاثیر تھا کہ میں نے فوری طور پر اخبار میں دیا ہوا ان کا نمبر ملایا۔ فوراً ہی میری کال ریسیو کر لی گئی مکمل طور پر میرے حالات سننے کے بعد فون پر بات کرنے والے نے مجھے یادگار چوک پہنچنے کو کہا۔ میں جونہی یادگار پہنچی تو میں نے فون پہ انہیں اپنی لوکیشن کے بارے میں بتایا۔ تھوڑی ہی دیر میں ایک بنے کٹے مسٹنڈے نے میری گاڑی کا شیشہ کھٹکھٹایا اور اسی وقت میرے موبائل پر بات کرنے والے نے کال کرکے کہا کہ میں اسے اپنی گاڑی میں بٹھا لوں اور وہ مجھے اس تک پہنچا دے گا۔ میں پہلے بھی ایسے لوگوں کے طریقہ کار سے واقف تھی۔ میں نے گاڑی کا شیشہ کھولا اور اسے اپنے ساتھ بٹھا لیا۔ وہ مجھے لاہور میں ایک گھر میں لے گیا اور وہاں پہلے ہی سے کچھ لوگ موجود تھے۔ میں نے سوچا کہ شاید یہ لوگ بھی میری طرح کوئی غرض مند تھے۔ وہاں پہنچتے ہی انہوں نے مجھے نیاز کے نام پر شربت پیش کیا جسے پیتے ہی میں بے ہوش ہو گئی اور پھر مجھے یہاں پہنچا دیا گیا۔ پچھلے دو ماہ سے میں یہاں موجود ہوں۔ میرے گھر والوں سے یہ لوگ کروڑوں روپیہ تاوان بھی وصول کر چکے ہیں مگر انہوں نے مجھے چھوڑا نہیں۔ یہ ایک تہہ خانہ ہے جو کہ اس قبر سے متصل ہے اور اس کا ایک دروازہ باہر موجود ایک کمرے میں کھلتا ہے مگر کمرے کا دروازہ باہر سے لاک ہے۔ مجھے یہاں نیچے تہہ خانے میں بنے ایک کمرے میں قید کیا گیا ہے۔ جانے آج کیسے نازو ملنگ مجھ پر مہربان ہو گیا اور اس نے میرے لیے یہ دروازہ کھول دیا۔ بتاتی چلوں کہ نازو ایک نیم پاگل شخص ہے جو انہی لوگوں کے ساتھ رہتا ہے۔ کبھی کبھی تو وہ یوں بات کرتا ہے کہ جیسے دنیا میں اس سا کوئی عقل مند ہی نہیں اور کبھی کبھار وہ بالکل ہی پاگلوں اور بے وقوفوں جیسی باتیں کرنے لگتا ہے۔ وہ پہلے بھی کئی بار یہاں بابا دینے شاہ کے ساتھ آتا رہتا تھا مگر آج وہ اکیلا آیا تھا اس نے مجھے بتایا کہ باہر سخت طوفان ہے اور وہ اوپر سے قبر والے راستے سے اندر آیا ہے اور یہ کہ وہ مجھے آزاد کر سکتا ہے اگر میں

لوڈشیڈنگ کے فوائد

+ بجلی کے بل میں کمی واقع ہو جاتی ہے اگر لوڈشیڈنگ نہ ہو تو بل یقیناً آپ کو چیخیں مارنے پر مجبور کر سکتا ہے۔

+ ٹی وی بند ہو جاتا ہے جس سے پورے گھرانے کا اخلاق بہتر ہو جاتا ہے تربیت کا اس سے بہتر اور سستا ذریعہ اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

+ بچوں کی مشکوک سرگرمیاں رک جاتی ہیں کیونکہ اس طرح انہیں زیادہ بیٹری چارج کرنے کا موقع نہیں ملتا اور موبائل بند رہتے ہیں۔

+ قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر حال میں صبر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

+ بندہ شکر گزار بن جاتا ہے کیونکہ جب بھی تین چار گھنٹوں بعد لائٹ آتی ہے سب یک زبان ہو کر کہتے ہیں یا اللہ تیرا شکر ہے۔

+ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں کمی آتی ہے جنریٹر، یو پی ایس، ٹارچ، لالٹین، لیمپ، چراغ اور موم بتیاں بیچنے والوں کا کاروبار خوب چلتا ہے۔ مرمت (آپ کی بجائے مذکورہ اشیاء کی) کرنے والوں کی آمدنی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

+ مذکورہ فوائد کی بنا پر سال کے 365 دن، ہر گھنٹے لوڈشیڈنگ ہمارا قومی مطالبہ ہونا چاہیے وزارت بجلی اس نعرے کو اپنا موٹو بھی بنا سکتی ہے۔

مدیحہ کنول سرور ..... چشتیاں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

اس کی بات مان لوں تو...... ظاہر بات ہے وہ مجھے دعوت گناہ دے رہا تھا اس کی یہ بات سن کر تو جیسے میرے تن بدن میں آگ سی لگ گئی اور میں نے اس کے منہ پر طمانچہ جڑ دیا۔ نازو ملنگ نے غصے میں آکر مجھے پیٹنا شروع کر دیا اور پھر جانے کیسے اور کہاں سے زمین پر پڑی ہوئی تیز دھار چھری میرے ہاتھ میں آ گئی اور ایک مناسب موقعے پر میں نے وہ چھری اس کے سینے میں گھونپ دی اور تھوڑی ہی دیر میں وہ حرام زادہ جہنم واصل ہو گیا۔ کچھ ہی دیر بعد جب میں اپنے حواس میں آئی تو مجھے احساس ہوا کہ میں نے کیا کر دیا ہے۔ بہر حال مجھے اس حرام زادے کے مرنے کا ذرہ برابر بھی دکھ نہیں ہوا تھا۔

میں نے دیکھا کہ میں اس وقت تہہ خانے کے کچن میں موجود تھی۔ جس کمرے میں ان لوگوں نے مجھے قید کیا ہوا تھا یہ اس کے ساتھ والا ہی کمرا تھا۔ میں اس سے چپٹے چپٹے ہی زمین پر گھسٹتی ہوئی یہاں تک پہنچی تھی اور یہیں پر شاید چھری نیچے پڑی ہوئی تھی جو مجھے ملی اور میں نے اسے نازو ملنگ کے سینے میں گھونپ دیا اور وہ اسی وقت مر گیا۔ بے انتہا حیرت کے تاثرات اس کے چہرے پر نقش ہو کر رہ گئے تھے۔ شاید اسے یقین ہی نہیں ہو پا رہا تھا کہ میں اس کے ساتھ ایسا بھی کر سکتی ہوں۔ جب مجھے یقین ہو گیا کہ نازو ملنگ مر چکا ہے تو میں اوپر والے کمرے تک جا پہنچی۔ وہاں جا کر مجھے معلوم ہوا کہ باہر تو سخت طوفان آیا ہوا ہے مگر میں جلد از جلد اس دوزخ سے نکل جانا چاہتی تھی۔ اسی لیے میں نے باہر والا دروازہ کھولنے کی کوشش کی مگر یہ دروازہ شاید باہر سے بند تھا۔ مجھے کچھ اور نہ سوجھا تو میں نے زور زور سے دروازہ کھٹکھٹانا شروع کر دیا۔ مجھے یہ تو معلوم نہیں تھا کہ رات کے اس وقت کون دروازہ کھولنے آئے گا مگر جو بھی آتا میں اسے ذبح کرتے ہوئے یہاں سے بھاگ جانے کی کوشش کرنا چاہتی تھی۔ مگر یہ تو مجھے اس وقت معلوم ہی نہیں تھا کہ اس علاقے میں زبردست سیلاب کی وجہ سے وہ سب لوگ یہاں سے نکل گئے ہیں۔ آخر کار تھک ہار کر میں دروازے سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی اور یہ سوچنے لگی کہ ابھی تک کسی نے بھی دروازہ کھٹکھٹانے جانے کی آواز کیوں نہیں سنی تھی؟ اور وہ لوگ آخر کہاں چلے گئے تھے؟ تب ہی کچھ دیر بعد ساتھ والا دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی۔ مجھے خوشی ہوئی کہ میری مراد آخر کار بر آئی۔ میں نے ایک بار پھر سے دروازہ زور زور سے دھڑ دھڑایا اور چلاتے ہوئے کئی آوازیں بھی دیں مگر اس کے بعد وہاں طوفانی شور کے علاوہ کوئی بھی آواز نہ سنائی دی اور شاید یہی وہ وقت تھا جب تم دوسرے کمرے سے سانپ سے ڈر کر بھاگ نکلے تھے اور پھر جب میں اس راستے سے مایوس ہوئی تو میں نے اس قبر والے راستے کو چیک کرنا چاہا کیونکہ میں نے سرنگ میں داخل ہونے کے لیے موم بتی روشن کی کیونکہ تہہ خانے سے اس قبر تک کا راستہ ایک چھوٹی سی سرنگ سے ہو کر آتا ہے۔ بتاتی چلوں کہ یہاں تہہ خانے میں لائٹنگ کا بہترین سسٹم موجود ہے۔ اس کے لیے انہوں نے اوپر بنے ہوئے کچے گھر کی چھت پر سولر سسٹم کی پلیٹیں لگا رکھی ہیں جس کی بجلی سے اندر تہہ خانے کا سارا انتظام چل رہا ہے۔ بہر حال جب میں یہاں پہنچی تو میں نے تمہیں دیکھا تو میں تمہیں بھی انہی کا کوئی ساتھی سمجھی اور مخبوط الحواسی میں تم پر حملہ کر بیٹھی۔ جس کے لیے میں تم سے معذرت خواہ ہوں۔"

بابا دینے شاہ یہاں اس جگہ پر ایک پہنچا ہوا ولی مانا جاتا ہے۔ باہر جو مزار ہے اس کا اس مزار سے کوئی تعلق نہیں مگر وہ اپنے آپ کو اس کی نسل سے بتاتا ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ وہ کب سے یہاں مقیم ہے اور سادہ لوح لوگوں کو لوٹ رہا ہے۔ اب وہ چاہتا ہے کہ میں اس سے شادی کر لوں اور اس کے ساتھ رہوں مگر میں اس پر راضی نہیں ہو رہی اور وہ کہتا ہے کہ اسے بھی کوئی جلدی نہیں۔ ایک نہ ایک دن میں اس سے شادی کرنے پر راضی ہو ہی جاؤں گی۔ اصل میں یہ ایک ڈاکوؤں اور لٹیروں کا گروہ ہے جو اس مزار کی آڑ میں چھپ کر یہ ساری کارروائیاں

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کر رہا ہے۔ شہر سے دور دراز اس گاؤں میں کون اتنا خیال کرتا ہے اور پھر ایک ولی کی درگاہ کے متولی کے بارے میں تو ایسا ویسا سوچنا بھی یہاں گناہ اور پاپ کے زمرے میں آتا ہے۔

......☆☆☆......

صائمہ کی مختصر بیانی ختم ہو چکی تھی۔ اوپر شاید آندھی اب بھی زوروں پر تھی۔ ایک بات کی مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ قبر جس سے میں نیچے اس تہہ خانے میں گرا تھا تو اس میں اچھا بھلا خلا تھا جو کہ اب کہیں نظر نہیں آ رہا تھا۔ یہ خلا شاید اسی وقت کسی میکنزم سے بند ہو گیا تھا جب میں اس قبر کی تہہ میں گرا تھا۔ صائمہ کی معیت میں موم بتی کی روشنی میں میں نے اوپر کا جائزہ لیا۔ واقعی قبر بند ہو چکی تھی اور اب اگر کوئی نیچے سے دیکھتا بھی تو اسے پہلی نظر میں یہ معلوم ہی نہ ہو پاتا کہ وہاں سے اوپر قبر کے ذریعے جایا جا سکتا ہے۔ البتہ اوپر لوہے کے سریے کا ایک جال سا بچھا ہوا تھا۔ جس کے اوپر سنگ مرمر کی پلیٹ نظر آ رہی تھی۔

اس تہہ خانے میں ایک کچن اور دو کمرے بنے ہوئے تھے۔ جانے یہ کیسے ان لوگوں نے تعمیر کروایا تھا؟ اور اسے کن لوگوں نے تعمیر کیا ہوگا؟ لازمی بات ہے اس کے لیے انہوں نے باہر ہی سے کسی کو بلایا ہوگا اور تہہ خانے کی تعمیر کے بعد جانے اس کے ساتھ کیا کیا ہوگا۔ اسے زندہ چھوڑ دیا یا مار ڈالا۔ ایسے لوگوں سے کچھ بھی بعید نہ تھا۔ بہرحال ابھی تو یہ سب سوچنا فضول تھا۔ اس وقت یہاں سے نکلنا ہمارے لیے بہت ضروری تھا۔ بابا دینے شاہ اور اس کے حواری شاید یہاں سے صرف اور صرف سیلابی ریلے کے ڈر کی وجہ ہی سے نکلے ہوں گے اور انہوں نے یہاں ایک فضول اور بے کار سے پاگل ملنگ کو صائمہ کی ڈیوٹی پر لگا دیا ہوگا۔ یہ دونوں لوگ ان کے لیے بیکار اور فضول ہی تھے۔ اسی لیے وہ انہیں یہاں مرنے کے لیے چھوڑ کر چلے گئے۔

باہر جو ولی کے مزار پہ دیا جل رہا تھا وہ بھی شاید اسی پاگل ملنگ ہی کا کارنامہ ہوگا مگر سوچنے کی بات یہ تھی کہ میں جب سے یہاں آیا تھا میں اسے کیوں نہیں دیکھ پایا۔ یا پھر اس ملنگ نے مجھے کیوں نہیں دیکھا؟ اور اگر اس نے مجھے دیکھا تھا تو پھر کچھ کہا کیوں نہیں؟ شاید وہ پاگل شخص اپنی ہی دھن میں مگن رہنے والا شخص تھا اور اس نے مجھے دیکھا تو میرے بارے میں کچھ غلط سوچا ہی نہیں۔ میں نے درباروں اور مزاروں پہ کئی ایسے مخبوط الحواس لوگوں کو دیکھا ہے جنہیں لوگ اکثر کوئی پہنچا ہوا ولی یا بزرگ سمجھتے ہیں مگر درحقیقت ان میں سے زیادہ تر تعداد ایسے لوگوں کی ہوتی ہے جو کہ کسی نہ کسی دماغی عارضے میں مبتلا ہوتے ہیں اور ان لوگوں کو ماننے والے اتنے باشعور نہیں ہوتے کہ انہیں یا ان کی حقیقت کو پاسکیں اور اگر کوئی ان کی حقیقت کے بارے میں جانتا بھی ہے تو وہ صاحب مزار کی اندھی عقیدت میں خاموش رہتا ہے اور لوگوں کو کچھ نہیں بتاتا اور بالفرض اگر کوئی یہ جرأت کر بھی بیٹھے تو ماننے والے عقیدت مند ان کی بات سننے کی بجائے ایسا کہنے والے ہی کو کافر قرار دے دیتے ہیں۔ بہرحال یہ تو ہمارے معاشرے کا المیہ ہے۔ ایسے لوگوں کے بارے میں دعا ہی کی جا سکتی ہے کہ اللہ پاک ایسے لوگوں کو ہدایت نصیب فرمائے۔

قبر سے نکلنے کا راستہ بند ہو چکا تھا۔ یقیناً یہ کوئی میکنزم ہی تھا جس کے ذریعے قبر کے اوپر لگی سنگ مرمر کی پلیٹ ایک طرف ہٹ جاتی ہوگی اور بندہ قبر کے اندر داخل ہو جاتا ہوگا اور قبر میں داخل ہونے کے بعد یہ کسی طریقے سے بند بھی ہوتا ہوگا۔ جس کی فی الوقت ہمیں سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ میں نے بہت کوشش کی مگر قبر کے اوپر موجود سلیٹ اپنی جگہ سے نہیں ہلی۔ اس سلیٹ کو توڑا بھی جا سکتا تھا مگر اس سلیٹ کے پیچھے ہی نیچے لوہے کے موٹے سریے کا جال بچھا ہوا تھا جسے کسی بھی صورت اپنی جگہ سے ہلایا نہیں جا سکتا تھا۔ حقیقت میں اسی جال ہی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

سے کوئی میکنزم منسلک تھا جو کہ اس سلیٹ کو اوپر نیچے کرنے کا کام کر رہا تھا مگر فی الحال مجھے اس کی کوئی سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ اس تہہ خانے میں ایک اور بات جو میری سمجھ سے باہر تھی کہ یہاں تازہ ہوا کی کوئی کمی نہ تھی۔ آخر اس کا منبع کہاں تھا؟ یہ بھی سوچنے والی بات تھی کہ وہاں سے بھی نکلا جا سکتا تھا۔ اوپر کمرے والے راستے کو چیک کیا تو یہ اور بھی مضبوط اور پائیدار تھا۔

تہہ خانے میں داخل ہوتے ہی سب سے پہلے میں نے نازو ملنگ کی لاش کو گھسیٹ کر قبر کی طرف جانے والی سرنگ میں دھکیل دیا اور اس کے بعد تسلی سے یہاں سے نکلنے کے بارے میں سوچنے لگا۔ تہہ خانے میں ہر جگہ پر انرجی سیور لگے ہوئے تھے جن سے پورا تہہ خانہ روشن ہو رہا تھا۔ البتہ اوپر موجود کمرے میں کوئی بلب سرے سے لگانے کی زحمت ہی نہیں کی گئی تھی۔ بہر حال یہاں سے نکلنے کے بارے میں سوچا جا سکتا تھا مگر اس میں کافی دیر لگنے کے امکانات تھے۔ پکی دیواریں توڑ کر یا پھر چھت پھاڑ کر یہاں سے نکلنے کی کوشش کی جا سکتی تھی مگر اس وقت مجھے بھوک بہت لگی ہوئی تھی اور میں دیکھ چکا تھا کہ تہہ خانے میں کھانے پینے کا وافر سامان موجود ہے۔ صائمہ کی مدد سے مجھے یہ سامان تہہ خانے سے منسلک باہر والے کمرے تک لانا پڑا۔ وہاں سوکھی لکڑیاں اور چولہا موجود تھا۔ وہاں پہ ہم نے گزارے لائق کھانا پکایا اور صائمہ اور میں نے مل کر کھایا۔ پیٹ میں مناسب غذا پہنچی تو مجھ پر کچھ غنودگی سی طاری ہونے لگی اور کچھ دیر کے لیے مجھے اونگھ سی آ گئی۔ جانے کب صائمہ نے مجھے جھنجوڑ کر جگایا۔ آنکھ کھلی تو میں نے دروازے کی درزوں سے باہر دیکھا۔ سورج نکل آیا تھا اور اس کی مدھم سی روشنی لکڑی کے موٹے دروازے کی درزوں سے چھن چھن کر اندر آ رہی تھی۔ باہر درختوں پر مختلف قسم کے پرندوں کے چہچہانے کی آوازیں بھی سنائی دے رہی تھیں۔ گویا دنیا میں اک نئے دن کا آغاز ہو چکا تھا۔

ایک طویل انگڑائی لینے کے بعد میں بیدار ہوا تو صائمہ نے مجھے خشک دودھ سے بنی چائے پیش کی۔ چائے پی کر میری رہی سہی سستی بھی جاتی رہی۔ گزشتہ رات مجھ پر بہت بھاری گزری تھی اور میں کم از کم آج کی رات یہاں نہیں گزارنا چاہتا تھا۔ جیسے بھی ہو مجھے ہر حال میں آج یہاں سے نکلنا تھا اور پھر اب تو مجھ پر ایک اور بھی ذمہ داری آن پڑی تھی اور مجھے یہ ذمہ داری بھی نبھانا تھی۔

ہم دونوں ایک دفعہ پھر سے تہہ خانے میں جا پہنچے۔ سولر انرجی سے چلنے والی بیٹریز کام کر رہی تھیں۔ میں نے تہہ خانے میں موجود بھی انرجی سیورز آن کر دیے اور ان کی روشنی میں اپنی مطلوبہ چیزوں کی تلاش کا عمل جاری کیا مگر تلاش بسیار کے باوجود مجھے اپنے مقصد میں کامیابی نہ ہو سکی۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ یہ چیزیں یہاں نہ ہوں۔ یہ ایک بہت بڑا قبرستان ہے اور یہاں کسی کدال، بیلچہ اور کلہاڑی نہ ہو؟ یا پھر سیلاب کے آنے سے پہلے یہ لوگ جب یہاں سے نکل رہے تھے تو ایسی ساری چیزیں ساتھ لے گئے ہوں؟ عجیب بات ہے کہ وہ زندہ انسانوں کو یہاں مرنے کے لیے چھوڑ گئے اور ایسی چیزیں ساتھ لے گئے جو کہ دنیا کے بازار سے روپے پیسے سے آسانی سے مل جاتی ہیں۔ کتنا سستا ہوتا جا رہا ہے انسان اور کتنی مہنگی ہوتی جا رہی ہیں انسانی ضروریات۔

بہر حال اسی تلاش اور تگ و دو کے دوران اک اور عجب انکشاف ہوا۔ جب میں ہر طرف سے مایوس ہو گیا تو صرف ایک ہی جگہ بچی تھی اور وہ تھی ایک کمرے میں موجود لوہے کی الماری، جسے جاپان کا مضبوط تالا لگا ہوا تھا۔ اسے چابی کے بغیر کھولنا آسان نہیں تھا مگر اسے کھولے بنا بھی چارہ نہیں تھا کیونکہ اب یہی میری آخری امید رہ گئی تھی۔ تہہ خانے میں ایک جگہ سے مجھے لوہے کے سریے کا ایک مضبوط ٹکڑا ملا تھا۔ میں نے اسی کو تالے

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

پہ مارنا شروع کیا مگر کافی کوشش کے بعد بھی تالا نہیں ٹوٹا۔ اس کی ایک وجہ تو یہ تھی کہ میں اس سے درست انداز میں تالے کو ہٹ ہی نہیں کر پا رہا تھا دوسرے تالے کو جونہی چوٹ لگتی وہ ادھر ادھر ہو جاتا۔ بہر حال مجھے تالے کا کچھ نہ کچھ کرنا تو تھا ہی۔ اچانک مجھے ایک خیال آیا اور میں چونک پڑا۔ جتنی محنت میں نے تالے پر کی تھی اس سے کہیں کم محنت میں اس الماری کی اس کنڈی کے قبضوں کو اکھیڑا جا سکتا تھا جس کنڈی پر تالا لگا ہوا تھا۔ تالے پر چوٹ پڑنے کی وجہ سے پہلے ہی یہ کچھ ڈھیلے ہو چکے تھے۔ اب میں نے اس پر تھوڑی سی اور محنت کی تو کنڈی تالے سمیت زمین پہ آ رہی۔

صائمہ جو کہ اس وقت میری ساری کارروائی دیکھ رہی تھی۔ وہ بھی میری اس کامیابی سے خوش ہوئی مگر جونہی میں نے الماری کا تالا کھولا تو میری امیدوں پہ پانی پھر گیا۔ اس الماری میں کچھ زنانہ اور کچھ مردانہ سوٹ ٹنگے ہوئے تھے۔ یہاں کوئی بھی ایسی چیز نہ تھی جو کہ ہمیں اس تہہ خانے سے باہر نکلنے میں مدد دے سکتی۔ مایوسی کی شدت سے میں نے غصے میں آ کر الماری کو لات ماری۔ چوٹ سے میرا پاؤں جھنجھنا اٹھا مگر اس سے وہ ہوا جسے دیکھ کر صائمہ اور میں حیرت سے مبہوت رہ گئے۔

ابھی تک ہم نے اس پر تو غور ہی نہیں کیا تھا کہ یہ الماری دیوار میں فکس تھی۔ جونہی میں نے غصے میں الماری کو لات رسید کی تو الماری عقب کی طرف سے کھل گئی اور ہمیں دیوار کے دوسری طرف بھی ایک کمرہ نظر آیا۔ یہ سب کچھ دیکھ کر تو میں پاؤں کی چوٹ بھی بھول گیا اور جلدی سے اس کمرے میں داخل ہوا۔ میرے پیچھے صائمہ نے بھی میری تقلید کی۔ جونہی ہم کمرے میں داخل ہوئے ہمارے سر پہ تو جیسے حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔

اس کمرے میں ایک لیپ ٹاپ کے ساتھ عجب سا الیکٹرانک سسٹم جڑا ہوا دکھائی دے رہا تھا۔ جس کے ہاتھوں مجبور ہو کر میں نے لیپ ٹاپ آن کر دیا۔ کمپیوٹر کے بارے میں میرا علم تو واجبی سا تھا مگر صائمہ اس کے بارے میں کچھ نہیں بلکہ بہت کچھ جانتی تھی۔ اس نے لیپ ٹاپ سے چھیڑ خانی شروع کی تو اس نے پاس ورڈ مانگا۔ گویا پاس ورڈ کے بغیر اس سے کسی قسم کی معلومات کا حصول ناممکن تھا۔ میں نے حیرت کی نظر سے صائمہ کی طرف دیکھا تو اس نے مجھے آنکھوں ہی آنکھوں میں باہر نکلنے کا اشارہ کیا۔ باہر نکلتے ہی اس نے الماری کو بند کر دیا اور مجھے بازو سے پکڑ کر دوسرے کمرے میں لے جا کر بولی۔

"اقبال! میں تو سمجھی تھی کہ یہ لوگ اغوا کار، ڈاکو اور لٹیرے ہیں مگر یہاں اس تہہ خانے میں ہائی فائی لیپ ٹاپ اور اس سے جڑا سسٹم دیکھ کر تو مجھے کچھ اور ہی محسوس ہو رہا ہے۔ میں اسی لیے تمہیں وہاں سے خاموشی سے یہاں لے آئی ہوں کیونکہ مجھے شک سا محسوس ہو رہا ہے کہ اس کمرے میں اگر اتنا کچھ ہے تو پھر کوئی خفیہ کیمرہ بھی یقیناً موجود ہوگا۔ جس سے یقیناً یہاں کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہوگی اور وہاں ہونے والی آوازیں بھی کہیں سنی جا رہی ہوں گی ویسے تو ہو سکتا ہے انہوں نے سارے تہہ خانے کے کمروں کو مانیٹر کرنے کا کوئی نہ کوئی انتظام کر رکھا ہو مگر جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے تو میرے خیال میں یہ صرف اور صرف لیپ ٹاپ والے کمرے میں ہی ہے اور مجھے شک نہیں سو فیصد یقین ہے کہ کمپیوٹر والے کمرے کا استعمال صرف اور صرف ایک ہی بندہ کرتا ہے اور اس کے بارے میں اس کے ساتھیوں کو بھی معلوم نہیں ہے اور یہ صرف اور صرف بابا دینے شاہ ہو سکتا ہے اس کے علاوہ کوئی نہیں۔"

"صائمہ! تمہارے خیال کے مطابق یہ دینے شاہ کون ہو سکتا ہے؟" میں نے حیرت سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"اصل بات کا پتہ تو لیپ ٹاپ آن ہونے کے بعد

SCANNED BY DIGESTPK
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ہی چل سکتا ہے مگر اس کے لیے اس کا پاس ورڈ توڑنا پڑے گا اور میں یہ کر تو سکتی ہوں مگر اس میں کچھ وقت لگے گا مگر اس سے بھی پہلے اگر ہم کر سکیں تو ہمیں ایک کام کرنا ہے۔ خفیہ کیمرے اگر کہیں لگے ہوئے ہیں تو ہمیں سب سے پہلے ان کا کوئی نہ کوئی حل کرنا ہے گو کہ اس جگہ کے چاروں طرف سیلاب نے تباہی پھیلا رکھی ہے مگر میرے یقین کے مطابق وہ لوگ یہاں سے زیادہ دور نہیں ہوں گے اور اگر انہیں پتہ چل گیا تو وہ ہمیں یہاں سے کسی بھی صورت نکلنے نہیں دیں گے اور میں جلد از جلد اس دوزخ سے نکل جانا چاہتی ہوں۔'' صائمہ نے مجھے سمجھاتے ہوئے کہا۔

''دیکھو صائمہ! میں وعدہ کرتا ہوں کہ تمہیں یہاں سے ہر حال میں نکال کر کسی ایسی جگہ تک ضرور پہنچا دوں گا جہاں سے تم آسانی سے اپنے گھر تک پہنچ جاؤ مگر کیا اس طرح سے تمہارے لیے خطرات اور نہیں بڑھ جائیں گے؟ اور ان لوگوں کے لیے تم سب سے بڑا خطرہ ہوگی اور یہ لوگ تمہارے زندہ رہنے کا خطرہ کبھی مول نہیں لیں گے۔ ہمیں اس پورے گروہ کا خاتمہ کرنا ہے تاکہ تم آزادی سے اپنی دنیا میں جا کر جی سکو۔'' میں نے صائمہ کو سمجھاتے ہوئے کہا۔

اس کے بعد میں اور صائمہ ایک بار پھر سے کمپیوٹر روم میں داخل ہوئے۔ میں نے صائمہ کے ساتھ مل کر آخر کار کیمرہ تلاش کر ہی لیا۔ کیمرے کے لینس پر میں نے موٹی تہہ والا کاغذ چسپاں کر دیا جو کہ مجھے اسی کمرے سے مل گیا تھا۔ اب خاموشی سے ہم نے اپنا کام شروع کیا۔ لیپ ٹاپ اسٹارٹ کر کے صائمہ اس کا پاس ورڈ توڑنے میں مصروف ہو گئی مگر اس سے پہلے کہ وہ اس میں کامیاب ہو پاتی مجھے تہہ خانے کے اوپر سے کچھ عجیب سی آوازیں سنائی دیں۔ مجھے یوں محسوس ہوا کہ جیسے کہیں دور سے کسی گاڑی کے انجن کے گھر گھرانے کی آواز سنائی دے رہی ہو۔ میں نے صائمہ کو اپنے کام میں مصروف رہنے کا اشارہ کیا اور خود تہہ خانے کی سیڑھیاں چڑھ کر اوپر والے کمرے میں چلا گیا۔ یہاں پر یہ آواز بہت ہی صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس قبرستان میں تو کوئی گاڑی نہیں تھی تو پھر یہ آواز کیسی ہے؟ اور پھر یہ آواز بھی انتہائی قریب کی تھی اچانک میرے دل میں خیال آیا کہ ہو نہ ہو یہ کسی بوٹ کی آواز تھی مگر اس دریا میں بوٹ کا کیا کام؟ اور یہ کون لوگ تھے جو کسی بوٹ پہ سوار اس سیلاب زدہ علاقے میں پھر رہے تھے۔ یہ سوچتے ہی میرا خیال آپوں آپ پاک فوج کی جانب چلا گیا۔ ہو سکتا ہے کچھ فوجی اس علاقے کا دورہ کر رہے ہوں مگر یہ آواز آہستہ آہستہ دور ہوتی جا رہی تھی اور پھر کچھ ہی دیر میں یہ آواز بالکل ہی معدوم ہو گئی۔ شاید وہ لوگ آگے کہیں نکل گئے تھے۔

میں دوبارہ سے تہہ خانے میں ابھی پہنچا ہی تھا کہ صائمہ نے میری طرف انتہائی خوشی سے دیکھا اور وکٹری کا نشان بنایا۔ لگتا تھا اس نے پاس ورڈ توڑ لیا تھا۔ یہ تو بہت خوشی کی بات تھی۔ اب کم از کم ان لوگوں کی حقیقت کے بارے میں کچھ نہ کچھ پتہ چل سکتا تھا۔ صائمہ کئی قسم کی فائلیں چیک کر رہی تھی۔ ان میں اعداد وشمار کے علاوہ بھی کئی فائلیں موجود تھیں۔ اچانک صائمہ نے ایک فولڈر کو ڈبل کلک کر کے کھولنا چاہا تو اس نے پاس ورڈ مانگا۔ تھوڑی دیر سر کھپانے کے بعد آخر کار صائمہ نے یہ معرکہ بھی سر کر ہی لیا۔ یہ سب دیکھ کر مجھے یقین ہو گیا کہ صائمہ واقعی کمپیوٹر ایکسپرٹ تھی۔

اس فولڈر کے کھلنے سے کئی فائلیں کمپیوٹر اسکرین پر ظاہر ہوئیں۔ میں انتہائی محویت کے عالم میں کمپیوٹر کی طرف دیکھ ہی رہا تھا کہ باہر ایک دفعہ پھر سے وہی کسی موٹر بوٹ کے انجن کا شور سنائی دیا۔ میں نے صائمہ کو کندھوں سے دبایا اور اسے اپنا کام جاری رکھنے کا کہہ کر ایک بار پھر سے اوپر والے کمرے میں چلا گیا۔ ایک دفعہ پھر سے وہی شور سنائی دیا اور پھر کچھ ہی دیر بعد یہ شور

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

پہلے کی طرح معدوم ہوتا چلا گیا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ یہ واقعی پاک فوج کے جوان تھے جو کہ اس علاقے کا دورہ کر رہے تھے۔ میں نے سر جھٹکا اور ایک بار پھر تہہ خانے کے کمپیوٹر روم میں جا پہنچا۔ صائمہ نے مجھے دیکھتے ہی لیپ ٹاپ بند کر دیا اور مجھے کمرے سے باہر نکلنے کا اشارہ کیا۔

دوسرے کمرے میں پہنچ کر صائمہ نے جو انکشافات کیے انہیں سن کر تو جیسے آسمان پورے بوجھ کے ساتھ میرے سر پہ آن گرا۔

"اقبال! میں کچھ زیادہ تو نہیں جان سکی کیونکہ ہر فائل کسی نہ کسی پاس ورڈ کے تالے میں بند ہے اور وقت انتہائی کم ہے۔ لیپ ٹاپ میں موجود تمام ڈیٹا کو جاننے کے لیے کسی آئی ٹی ماہر کی ضرورت ہے جو کہ میں نہیں ہوں مگر اتنا میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ اس لیپ ٹاپ میں جو ڈیٹا ہے وہ کسی محب وطن پاکستانی کا نہیں۔ مجھے شک نہیں بلکہ پختہ یقین ہے کہ یہ کسی انڈین جاسوس کے زیر استعمال ہے۔" صائمہ نے انتہائی پر اسرار انداز سے میری طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"صائمہ! اگر یہ سچ ہے تو پھر ہم اس وقت انتہائی خطرے میں ہیں۔ جیسے بھی ہو ہمیں جلد از جلد یہاں سے نکل کر پاکستان آرمی کو اس کی اطلاع کرنا چاہیے۔" میں نے صائمہ کو درپیش خطرے سے آگاہ کرتے ہوئے کہا۔

"تو پھر جلدی یہاں سے نکلنے کی کوئی سبیل کرو۔" صائمہ نے خوف زدگی سے کہا۔

"صائمہ! یہاں سے نکلنے کے دو ہی راستے ہیں اور وہ بند ہیں۔ قبر کی طرف سے نکلنے کے بارے میں سوچنا ہی فضول ہے کیونکہ وہاں میں اپنی تسلی کر چکا ہوں۔ اس راستے سے شاید اوپر سے نیچے تو آیا جا سکتا ہے مگر نیچے سے اوپر نہیں جایا جا سکتا۔ آجا کے ایک ہی راستہ بچتا ہے اور وہ ہے اوپر کمرے والا راستہ مگر کمرے کا دروازہ باہر سے تالا لگا کر بند کر دیا گیا ہے۔ باہر نکلنے کی اب ایک ہی صورت رہ جاتی ہے کہ کسی نہ کسی طریقے سے باہر موجود کمرے کی کچی دیوار کو توڑ دیا جائے اور یہ کسی ہتھیار ہی سے ممکن ہے جو کہ فی الحال یہاں سے نہیں مل رہا۔ ہاں البتہ لوہے کے سریے کی مدد سے میں اسے توڑنے کی کوشش کرتا ہوں۔" میں نے صائمہ سے کہا۔

یہ کہہ کر میں وہاں سے نکلا تو صائمہ نے مجھ سے کہا۔

"تم اوپر چلو۔ میں اندر سے لیپ ٹاپ اور اپنے اور تمہارے ناپ کے کچھ سوٹ اٹھا لوں۔" یہ کہہ کر وہ کمپیوٹر روم کی طرف بڑھی۔

میں نے لوہے کے موٹے سریے کا ٹکڑا اٹھایا اور اوپر کمرے کی طرف بڑھا۔ ابھی میں سیڑھیوں پر ہی تھا کہ اندر تہہ خانے والے کمرے سے انتہائی تیز الارم نما آواز گونجی۔ میں گھبراتے ہوئے کمرے کی طرف بھاگا۔ جانے یہاں کیا ہو گیا تھا! میں جونہی وہاں پہنچا تو میں نے دیکھا صائمہ حیرانی کے عالم میں کمپیوٹر روم کی طرف تکے جا رہی تھی اور کمپیوٹر روم میں اس وقت سرخ رنگ کی تیز روشنی پھیلی ہوئی تھی اور اسی کمرے میں ایک جگہ سے الارم نما تیز آواز سنائی دے رہی تھی۔

"کیا ہوا صائمہ؟ یہ سب کیا ہے؟ یہ تیز ہارن کی آواز اور لال رنگ کی تیز روشنی؟" میں نے گھبراتے ہوئے صائمہ سے چلا کر پوچھنے کی کوشش کی۔

"اقبال! میں ابھی وہاں سے لیپ ٹاپ اٹھا کر نکلنے ہی والی تھی کہ کمپیوٹر روم میں موجود سرخ رنگ کا بلب جلنے لگا اور اس کے ساتھ ہی یہ تیز الارم بھی بجنے لگا ہے۔" صائمہ نے بھی چلاتے ہوئے کہنے کی کوشش کی کیونکہ تیز ہارن کی آواز کی وجہ سے کچھ بھی سنائی نہیں دے رہا تھا۔

اچانک ہی میرا ماتھا ٹھنکا اور میں نے صائمہ کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑا اور تہہ خانے کی سیڑھیوں کی طرف بھاگا۔ اوپر کمرے میں پہنچتے ہی میں نے چلاتے ہوئے پکارا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

کوئی ہے؟ پلیز ہماری مدد کرو! کوئی ہے...... کوئی ہے...... کوئی ہے؟ اس کے ساتھ ہی زور زور سے میں نے دروازہ کھٹکھٹایا۔

اس دوران صائمہ بھی شاید آنے والے خطرے سے آگاہ ہو چکی تھی اور وہ بھی میرے ساتھ چلانے میں برابر کی شریک تھی۔

الارم کی آواز تہہ خانے میں مسلسل گونج رہی تھی۔

چار سو پھیلے ویران قبرستان کے جنگل میں، جس کے چاروں طرف سیلابی ریلے نے تباہی مچا رکھی تھی۔ ہر سو دور دور تک پانی ہی پانی دکھائی دیتا تھا اور دور تک کسی بھی آدم زاد کے ہونے کا خیال بھی محال تھا۔ ایسے میں کون ہماری مدد کو آنے والا تھا۔ مدد کے لیے چلاتے ہوئے دو مجبور انسان شاید کچھ ہی لمحوں میں خاک ہونے والے تھے۔ سرخ رنگ کی روشنی اور تیز الارم کی آواز نے واضح کر دیا تھا کہ چند ہی لمحوں میں یہ جگہ دھماکوں سے اڑنے والی تھی۔ شاید نہیں یقیناً لیپ ٹاپ کے نیچے کوئی بٹن تھا جو کہ لیپ ٹاپ اٹھانے سے پریس ہو گیا تھا۔ صاف ظاہر ہے اس کا انتظام انہی لوگوں نے کیا ہوگا جو نہیں چاہتے تھے کہ کمپیوٹر روم میں کوئی داخل ہو اور اگر کوئی یہاں داخل ہو جائے اور لیپ ٹاپ اٹھا کر یہاں سے نکلنا چاہے تو زندہ بچ کر باہر نکل نہ پائے تاکہ ان کا راز راز ہی رہے۔ میں نے دیکھا وہ لیپ ٹاپ اب بھی صائمہ کے ہاتھوں میں تھا اور پھر اچانک ایک کان پھاڑ دینے والا پہلا دھماکہ سنائی دیا۔ در و دیوار لرز اٹھے اور اسی لمحے میں نے دروازے کو ہلتے ہوئے دیکھا۔ صائمہ ڈر کے مارے مجھ سے یوں لپٹی کہ جیسے مجھ میں سما جانا چاہتی ہو۔ دیواریں ہلیں اور مجھے یوں لگا کہ جیسے چھت ہم پر گرنے والی ہو اور اس کے ساتھ ہی دروازے کے سامنے والی دیوار دھڑام سے گری اور چھت نیچے کی طرف لٹکی مگر اس وقت ہم چونکہ دروازے کی سمت موجود تھے اور وہ دیوار ابھی تک نہیں گری تھی۔ اس لیے ہم محفوظ رہے۔ دوسری سمت چھت کے گرنے کی وجہ سے ایک خلا نمودار ہو گیا تھا۔ کوئی لمحہ جاتا تھا کہ ہماری طرف والی دیوار بھی گر جاتی اور ہم بھی ملبے تلے دب جاتے۔ اسی لمحے میں نے ایک خطرناک فیصلہ کیا اور جس طرف چھت گری تھی اس سمت سر نیچے کیے بڑھا۔ صائمہ نے مجھے مضبوطی سے تھام رکھا تھا۔ میں نے سرکنڈوں سے بنی سرکی جو کہ ایک جگہ سے زبردست دھکا لگنے کی وجہ سے ٹوٹ چکی تھی، اسے انتہائی تیزی سے ایک طرف کو ہٹایا اور باہر چھلانگ لگا لی۔ صائمہ نے بھی میری تقلید کی۔ دوسرے ہی لمحے ہم چھت گرنے کی وجہ سے نمودار ہونے والے خلا سے باہر تھے اور اسی لمحے دوسرا زوردار دھماکہ ہوا اور دونوں کمروں کی چھت نیچے آن گری۔ مجھے اور صائمہ کو ایک زبردست جھٹکا لگا اور ہم دونوں چھت کے ملبے سے دور جا گرے۔ گرتے ہی میں نے ہوش و حواس قائم رکھتے ہوئے صائمہ کو مضبوطی سے پکڑا اور اٹھ کر مزار کی سمت بھاگا۔ پھر تو جیسے وہاں قیامت ہی برپا ہو گئی۔ پے در پے دھماکے ہونے لگے۔ مزار کے قریب پہنچتے ہی ہم زمین پر لیٹ گئے۔

••••

اف خدا کی پناہ۔ یہاں بہت بڑی تباہی ہوئی تھی۔ اس تہہ خانے کے اوپر ایک جگہ پہ بہت سی پہاڑی کیکر کی خشک لکڑیاں پڑی ہوئی تھیں اور دھماکوں کی وجہ سے ان میں بھی آگ لگ گئی تھی جسے میں نے بڑی مشکل سے صائمہ کے ساتھ مل کر آگے بڑھنے سے روکا تھا ورنہ آگ اتنی بھڑک چکی تھی کہ یہ پورے قبرستان کی جھاڑ جھنکار کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی تھی۔ وہ تو شکر ہے کہ پانی کا ناکا قریب ہی تھا اور وہاں ایک پلاسٹک کی بالٹی بھی پڑی ہوئی تھی جس سے ہم نے بالٹیاں بھر بھر کے آگ کے ارد گرد پانی چھڑکا اور آگ کو آگے بڑھنے سے روکا۔ جس جگہ پہ کچی مٹی اور گارے کا گھر بنا ہوا تھا وہ جگہ کافی نیچے

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تک گہرائی میں دھنس چکی تھی۔ پورا تہہ خانہ اور گھر اس وقت ملبے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا تھا۔ ابھی ہم آگ پر بمشکل کنٹرول کر ہی پائے تھے کہ ایک بار پھر کہیں دور سے موٹر بوٹ کے انجن کی گھر گھراہٹ سنائی دی۔ شاید یہ وہی بوٹ تھی جو پہلے بھی یہاں سے گزر کے گئی تھی۔

اس وقت پہاڑی کیکر کی خشک لکڑیاں جل کر سرخ انگاروں میں تبدیل ہو رہی تھیں۔ اس قبرستان کے درختوں پر رہائش پذیر پرندے جن میں زیادہ تر تعداد کوؤں کی تھی۔ وہ کائیں کائیں کا شور بلند کرتے ہوئے فضا میں چکر کاٹ رہے تھے۔ اس طرف آنے والی موٹر بوٹ کا شور لمحہ بہ لمحہ بڑھتا جا رہا تھا۔ میں اس وقت عجیب سی کشمکش کا شکار ہو رہا تھا۔ میرے لیے یہاں سے بھاگ جانا بھی ناممکن تھا اور اگر میں وہاں رک جاتا اور آنے والی موٹر بوٹ پر پنجاب پولیس کے لوگ ہوتے تو وہ مجھے دیکھتے ہی شوٹ کرنے کو ہی یقین ترجیح دیتے۔ البتہ اگر یہ پاکستان آرمی ہوتی تو وقتی طور پر میرے لیے کوئی خطرہ نہیں تھا کیونکہ یہ لوگ علاقے میں سیلاب زدگان کی مدد کے لیے آئے ہوئے تھے اور علاقے کے اشتہاریوں اور پولیس کے مفروروں کو نہیں جانتے تھے۔ یہی سب سوچتے ہوئے میں نے صائمہ کو کچھ باتیں جلدی جلدی سمجھائیں اور خود مزار کے قریبی جسیم کے بڑے درخت پر چڑھ گیا۔ درخت کے اوپر چڑھتے ہی چاروں طرف دور دور تک کی لوکیشن میری نظروں میں آ گئی۔ میں نے موٹر بوٹ کے شور والے علاقے کی طرف دیکھا تو مجھے قبرستان سے کچھ ہی دوری پر ایک موٹر بوٹ آتی دکھائی دی جو کہ آہستہ آہستہ قبرستان سے قریب ہوتی جا رہی تھی۔ میں نے دیکھا اس میں پاک آرمی کے جوان سوار تھے۔ میرے سینے سے سکون کی ایک لمبی سانس خارج ہوئی۔ پاک آرمی کے جوانوں سے فی الحال مجھے کوئی خطرہ نہیں تھا۔

میں نے اوپر سے ہی صائمہ کو اشارہ کیا اور جلدی سے نیچے اتر آیا۔ اتنے میں پاک آرمی کے جوان بھی موٹر بوٹ بند کر کے کسی جھاڑی سے باندھنے کی کوشش کرتے ہوئے نظر آئے۔ میں انتہائی خود اعتمادی سے ان کی طرف بڑھا۔ پاک فوج کے جوانوں نے جونہی مجھے دیکھا تو وہ بہت حیران ہوئے۔ ان میں سے ایک جوان جو کہ شاید ان کا سینیئر تھا اس نے مجھ سے پوچھا۔

"ہیلو ینگ مین! تم یہاں پر کیسے موجود ہو جبکہ ہم نے تو ایک ہفتہ پہلے یہاں سے سبھی کو محفوظ مقام کی طرف روانہ کر دیا تھا۔ تم یہاں پر کیسے رہ گئے اور کیا تمہیں نہیں معلوم تھا کہ سیلابی ریلا آنے والا ہے اور یہ جگہ قطعاً محفوظ نہیں۔"

میں نے اسے ادب سے سلام کیا اور مختصراً ایک جھوٹی من گھڑت کہانی سنائی۔ جس پر شاید انہوں نے یقین کیا یا نہیں اور مجھے ان کے یقین کرنے یا نہ کرنے سے کوئی غرض بھی نہیں تھی اور شاید ان لوگوں کے پاس بھی اتنا وقت نہیں تھا کہ وہ میری کہانی کی تصدیق کرنے بیٹھ جاتے۔ جلد ہی میں فوجی جوانوں کے ساتھ مزار تک پہنچ گیا۔ وہاں پر جونہی انہوں نے صائمہ کو دیکھا تو وہ اور بھی حیران ہوئے مگر جب انہوں نے مزار سے کچھ ہی دور جلی حویلی اور اس کے گرد و نواح کی حالت دیکھی تو ان کی حیرانی کی انتہا نہ رہی۔

مختصراً میں نے صائمہ کے ساتھ مل کر ان کو اصل حقائق سے آگاہ کیا۔ جونہی فوجی آفیسر کو حالات کی سنگینی کا احساس ہوا تو اس نے ہیڈ کوارٹر اپنے بڑوں سے رابطہ کیا اور انہیں یہاں کی سنگین صورت حال کے بارے میں بتایا۔ ہیڈ کوارٹر کال کرنے کے بعد اس نے مجھ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

"شکر ہے کہ ہم ظہر کی نماز کی ادائیگی کے لیے یہاں رکے اور اس بات کا ہمیں بروقت پتہ چل گیا ورنہ جانے تمہارا کیا حال ہوتا۔"

یہ کہنے کے بعد وہ کہیں اور رابطہ کرنے لگا اور اس نے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کسی کو فوری طور پر سیلاب ریلیف کیمپ میں کچھ بندوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا۔

تقریباً ایک گھنٹے میں وہاں ایک فوجی ہیلی کاپٹر لینڈ ہوا۔ جس میں کچھ سینئر اعلیٰ فوجی افسران سوار تھے۔ ان کے یہاں اترتے ہی ہیلی کاپٹر پھر سے کہیں روانہ ہو گیا۔ فوجی افسران نے نئے سرے سے مجھ سے اور صائمہ سے بات چیت کی۔ کافی دیر یہ گفتگو جاری رہی۔ اسی دوران موٹر بوٹ والے فوجی جوانوں نے بتایا کہ ان کے ساتھیوں کا ریڈ کامیاب رہا ہے اور بابا دیے شاہ اپنے کچھ ساتھیوں کے ہمراہ سیلاب زدگان کے کیمپ سے فرار ہوتے ہوئے پکڑا گیا ہے۔

لیپ ٹاپ جس میں انڈین انٹیلی جنس کے حوالے سے کئی راز قید تھے۔ وہ صائمہ سے دھماکوں کے دوران کہیں گر گیا تھا جو کہ بعد میں فوجی جوانوں کے آنے کے بعد ہم نے مبے سے تلاش کیا تھا۔ خدا کے کرم سے اس میں موجود تمام ڈیٹا محفوظ تھا اور اب یہ پاکستانی فوج کے کام آنے والا تھا۔ کچھ ہی دیر بعد وہاں ہیلی کاپٹر دوبارہ آ گیا مگر جاتے وقت سینئر افسران نے ہمیں بھی ساتھ لے لیا۔ ہیڈ کوارٹر پہنچ کر ایک بار پھر سے ہمیں کچھ لوگوں کے سامنے پیش کیا گیا۔ میری جھوٹی اور من گھڑت کہانی زیادہ دیر نہ چل سکی اور مجھے اپنے بارے میں انہیں حقیقت سے آگاہ کرنا پڑا۔ البتہ اسی رات صائمہ کو اس کے باپ کے ہمراہ اس کے گھر بھیج دیا گیا البتہ ان لوگوں نے مجھے پولیس کے حوالے کر دیا مگر اب پولیس میرے ساتھ وہ سب کچھ نہیں کر سکتی تھی جو کہ وہ کرنے کا ارادہ رکھتی تھی۔ وہ بہت تلملائے مگر آخر کار انہیں کرنل قدیر صاحب کی ماننا پڑی اور مجھ پر وہی کیس بنایا گیا جو کہ حقیقت تھا اور یہ کچھ بھی نہیں تھا۔ جس کی عدالت نے مجھے چھ ماہ کی قید سنائی اور چھ ماہ جیل میں گزار کر میں گھر میں آ گیا۔

بابا دیے شاہ واقعی بدنام زمانہ انڈین تنظیم را کا ایجنٹ نکلا۔ جس کا اصل نام گنگا رام تھا اور وہ پچھلے دو سالوں سے یہاں مقیم تھا۔ بنیادی طور پر را والے اس جگہ کو ہیڈ کوارٹر کے طور پہ استعمال کر رہے تھے اور گنگا رام ان سب کا سینٹر تھا۔ یہ ایک الگ تھلگ اور انتہائی محفوظ ٹھکانہ تھا۔ اس دن دھماکوں کے بعد جو سوکھی لکڑیوں کو آگ لگی جس کے بارے میں بعد میں انکشاف ہوا کہ یہی وہ جگہ تھی جہاں سے تازہ آکسیجن تہہ خانے میں جا رہی تھی۔ انہوں نے یہاں پہ لوہے کے موٹے سریے لگا کر اس کے نیچے ایک پنکھا لگا رکھا تھا جو کہ تہہ خانے میں تازہ ہوا کی آمد و رفت کا ذریعہ تھا اور لوہے کے سریے کے اس جال کو انہوں نے پہاڑی کیکر کی لکڑیوں میں چھپا دیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ جو نہی تہہ خانے میں موجود بم بلاسٹ ہوئے تو ان کے اثرات ان سوکھی لکڑیوں تک بھی پہنچے اور ان میں آگ لگ گئی۔

اور اس رات درخت پر میں نے جو دو خوفناک آنکھیں دیکھی تھیں وہ ایک سیاہ بلی کی آنکھیں تھیں جو کہ اس وقت ایک پرندے کے گوشت سے اپنے پیٹ کی آگ بجھا رہی تھی۔ اوپر سے پرندے کے پر اور خون کا گرنا بھی اسی وجہ سے ہوا تھا۔

اب بھی کبھی کبھی میں سوچتا ہوں تو یہ سب مجھے خواب سا لگتا ہے۔ جانے ہمارے ملک کے اندھے عقیدت مندوں کو کب ہوش آئے گا اور جانے کب تک ہمارے دشمن ہماری ان اندھی عقیدتوں سے اپنے مفادات حاصل کرتے رہیں گے۔ جانے کب تک؟

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

آخری خواہش

ساحل دعا بخاری

محبت اور نفرت دو ایسے جذبے ہیں جو آپس میں لازم و ملزوم ہیں' ان دونوں جذبوں کی معراج دیوانگی اور بس دیوانگی ہے جو زندگی لے بھی لیتی ہے اور دے بھی دیتی ہے. جان لینے والا بھی محبت کا شکار ہوتا ہے مقتول بھی نفرت کی سب سے بلند منزل پر براجمان ہوتا ہے.

ایک نوجوان کا المیہ' وہ محبت اور نفرت کے جذبوں کی چکی میں پس گیا تھا.

دل کے تاروں کو چھوتی ایک مختصر مگر خوب صورت تحریر.
حساس دلوں کے لیے بطور خاص

ڈوبتے سورج کی لہو رنگ کرنیں درختوں کے سرول پر رقص کناں تھیں۔ ان کا جنونی رقص نکتہ عروج پر پہنچ چکا تھا اس مقام پر اب اگر وہ چاہتیں بھی تو رقص روک نہ سکتی تھیں۔ بعض اوقات کسی کام کو شروع کرنا بے شک ہمارے بس میں ہوتا ہے مگر اس کا اختتام ہمارے دائرہ اختیار سے باہر ہو جاتا ہے۔ ہم چاہیں بھی تو اسے اپنی مرضی کے مطابق ڈھال نہیں سکتے۔ کیونکہ ہم خود کسی کٹھ پتلی کی طرح تقدیر کے ہاتھ میں ڈھل چکے ہوتے ہیں۔ سورج کی لہو میں لتھڑی ہوئی کرنوں نے بھی بے شک رقص اپنی مرضی سے شروع کیا تھا مگر اب وہ رک نہ سکتی تھیں۔ ان کی رگوں میں اضطراب کا لاوا بہتا تھا اور بے قرار ان کی ہر ہر جنبش سے عیاں تھی پھر ناچتے ناچتے ان کی ٹانگیں شل ہو گئیں تلوؤں سے خون رسنے لگا اور بالآخر وہ زمین بوس ہو گئیں اور زمین بوس ہونے سے قبل ہی وہ دم توڑ چکی تھیں اور اب سرمئی شام زمین پر اتر آئی تھی اور ان کی موت پر سسک رہی تھی، چلا رہی تھیں بین کر رہی تھی۔ وہ ہاتھ میں پسٹل تھامے صحن میں بے چینی سے ٹہل رہا تھا اسے رات کا' سیاہ رات کا انتظار کرتا تھا ایک سیاہ رات اس کی خوشیوں کو اس کی محبت کو اس کی زندگی کو کھا گئی تھی اور ایک سیاہ رات کسی اور کی خوشیوں کی، زندگی کو کھانے والی تھی۔ "قاتل" کو کھانے والی تھی ایک ہفتہ قبل مجھے ایک ہفتہ قبل اس گھر میں زندگی اپنی تمام تر رعنائیوں اور دلربائیوں کے ساتھ مسکراتی تھی اور اب اب یہ گھر اجاڑ، ویران تھا۔ کرب در و دیوار سے لپٹا اذیت سے بلک رہا تھا۔ خاموشی دم سادھے خاموش بیٹھی تھی اور تنہائی تنہائی سے اکتا کر سارے میں بولائی بولائی سی پھرتی تھی۔ شہروز نے آنکھوں میں در آئی نمی ہتھیلی کی پشت سے صاف کی اور آنکھوں کو وحشت سے رگڑا۔ اس کی براؤن آنکھوں میں نفرت بھری وحشت کا دریا ٹھاٹھیں مارنے لگا سسکتی شام بھی نم آنکھیں لیے رخصت ہو گئی اور اب......

اب اندھی رات نے ڈرتے ڈرتے دھرتی پر قدم دھرے تھے شہروز نے پسٹل شرٹ کے نیچے ٹراؤزر میں اڑسا اور ایک آخری نگاہ اپنے گھر پر خالی گھر پر ڈال کر آگے بڑھ گیا۔ اندھیرے نے اس کے لیے اپنی آغوش وا کر دی تھی۔ وہ آگے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

بڑھا اور اندھیرے کا حصہ بن گیا اور گھر اپنی مالکن شہلا کو یاد کر کے آبدیدہ ہو گیا۔ شہروز شہلا کا خالہ زاد تھا وہ لوگ سندھ کے رہنے والے تھے۔ ان کی شادی کی تیاریاں جاری تھیں۔ شہلا کے ماں باپ اور بہنیں اس کے جہیز کے لیے چیزیں جمع کر رہے تھے۔ خود شہروز کے گھر والے بھی شادی کی تیاریاں زور و شور سے کر رہے تھے۔ شہروز کے والد کا انتقال ہو چکا تھا اور گھر میں اس کی ماں کے علاوہ صرف چھوٹا بھائی ہی تھا لیکن ایک رات.....

ایک رات سیلاب آیا اور سب کچھ بہا لے گیا۔ پوری بستی میں سے محض چند لوگ ہی بچے تھے۔ ان میں شہروز اور شہلا بھی تھے پھنکاریں مارتا پانی بستی کو..... ان کے گھر کو..... ان کے گھر والوں کو کھا گیا تھا۔ چند دن کیمپ میں رہنے کے بعد شہروز شہلا اور اس کی خالہ صنوبر کو لیے پنجاب چلا آیا۔ اس میں اپنے گھر کا ملبہ دیکھنے کی سکت نہ تھی۔ حالانکہ وہاں تو شاید ملبہ بھی نہ رہا ہو پنجاب کے ایک گاؤں میں گھر انہیں آسانی سے مل گیا گاؤں کا چوہدری ملک احسان شہروز کو کچھ اچھا نہ لگا تھا مگر اس نے پھر بھی شکر ادا کیا کہ سر چھپانے کو ٹھکانہ میسر آ جائے گا۔ کام بھی اسے ملک احسان کی زمینوں پر مل گیا تھا۔ صنوبر خالہ نے اصرار کیا کہ اب ان کا نکاح ہو جانا چاہیے۔ مگر شہروز چاہتا تھا کہ اس کے پاس اتنے پیسے تو ہونے ہی چاہئیں کہ وہ چار لوگوں کو کھانا کھلا سکے ورنہ شہلا کا معصوم حسن اسے بھی بے چین کرتا تھا۔ بہرحال وقت بلی کی سی چال چلتا ہوا گزرتا رہا اور اس رات اس..... اس رات شہروز نے رات کو فصل کو پانی لگا رکھا تھا۔ وہ گھر پہنچا تو فجر کا سپیدہ پھیل رہا تھا۔

دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا تو ایک نقاب پوش ڈیوڑھی سے نکل رہا تھا

''کون ہو تم؟'' وہ نقاب پوش سے الجھ گیا۔ اسی لمحے اس کی کنپٹی پر ایک بھرپور ضرب لگی اور وہ لہرا کر زمین پر گر گیا۔ اس کی آنکھ کھلی تو وہ پولیس کی حراست میں تھا اور گھر میں گویا کہرام مچا تھا۔

''کیا ہوا ہے؟'' اس نے بدحواسی سے پوچھا۔

''کیا ہوا ہے؟ واہ جی واہ..... قتل کر کے معصوم بنتا ہے اوئے صنوبر بی بی نے تیرا کیا بگاڑا تھا جو تو نے اسے مار ڈالا۔'' کانسٹیبل نے اس پر گھونسوں کی بارش کر دی جبکہ اس کا ذہن تو جھکڑوں کی زد میں تھا۔

''یہ..... یہ..... آپ کیا کہہ رہے ہیں؟''

''انجان نہ بن۔'' کانسٹیبل کا بھاری ہاتھ اس کا جبڑا سہلا گیا اور پھر اسے جیل میں ڈال دیا گیا۔ اس کے پڑوسی رحمت خان اور اس کی بیوی شہلا نے اس کے خلاف گواہی دی تھی کہ انہوں نے خود دیکھا ہے کہ شہروز نے کسی بات پر مشتعل ہو کر صنوبر کی گردن دبا کر اسے قتل کیا ہے۔

''تھانیدار صاحب مجھے پھنسایا جا رہا ہے آپ شہلا سے پوچھ لیں میں تو ساری رات گھر میں نہیں آیا اور.....!'' اس نے نقاب پوش کی بابت بتا دیا۔ اس سے اگلے دن شہلا اس سے ملنے آ گئی وہ اسے دیکھ کر اس کی جانب لپکا مگر راہ میں سلاخیں رکاوٹ تھیں وہ سلاخوں کو تھام کر بولا۔

''شہلا تم جانتی ہو نا کہ صنوبر خالہ کو میں نے نہیں مارا۔''

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

"خالہ نے تمہارا کیا بگاڑا تھا شہروز؟" شہلا کا سرد لہجہ اسے برفیلے غار میں دھکیل گیا۔
"تم انسان نہیں درندے ہو میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ تم اتنا گر سکتے ہو۔" وہ سناٹے میں رہ گیا۔ یہ شہلا کہہ رہی تھی اس کی شہلا؟ جس کا دعویٰ تھا کہ وہ اسے خود سے زیادہ جانتی ہے وہ مزید بھی کچھ کہہ رہی تھی مگر شہروز کے کانوں میں سائیں سائیں ہو رہی تھی۔ بپھری ہوائیں پاگل بد روحوں کی طرح بین کر رہی تھیں۔ وہ بے دم سا ہو کر سلاخوں کو جکڑے فرش پر گر گیا۔ شہلا ایک آخری نگاہ اس پر ڈال کر چلی گئی۔

آگے کے مراحل بے حد آسان تھے اتنے ہی آسان، جتنا کہ موت کے بعد کسی میت کو "دفنانا" ہوتا ہے وہ بھی اندر سے مر چکا تھا مگر یہ الگ بات کہ ابھی دفن نہیں ہوا تھا۔ اس نے اقبال جرم کر لیا کہ اب زندہ رہ کر کرنا بھی کیا تھا لیکن اگلے ہی روز اس کی ضمانت ہو گئی اس کی ضمانت کروانے والا ملک احسان تھا گھر آ کر اسے علم ہوا کہ شہلا نے ملک احسان سے نکاح کر لیا ہے اس کے خون میں آتش فشاں کا لاوا ابلنے لگا۔ اسے ملک احسان کا پیغام ملا تھا کہ اگر وہ اپنی زندگی چاہتا ہے تو یہاں سے چلا جائے اور اس نے ایک رات کی مہلت مانگ لی تھی کہ وہ کل چلا جائے گا وہ کل واقعی چلا جاتا مگر کہیں اور نہیں ملک واپس جیل میں۔
اسے پتا چل گیا تھا کہ یہ سازش ملک احسان کی ہی تھی اسے قتل کے جھوٹے الزام میں پھنسوا کر اس نے شہلا کو اس کے خلاف کر دیا تھا اور اب خود اس سے شادی رچالی تھی مگر اسے یہ سمجھ

شروعات

ایک شخص نے اپنے پڑوسی سے کہا کہ "بھائی صاحب! کل تمام دن آپ کا کتا بھونکتا رہا جس کی وجہ سے میری بیوی گانے کی پریکٹس نہ کر سکی۔ عجیب کتا ہے آپ کا؟"
"دیکھیے بھائی صاحب!" پڑوسی نے جواب دیا۔ "شروعات آپ کی بیوی ہی کرتی ہے۔"
منیب نواز...... جمبور شریف

حسن اور روٹی

فن کا منبع، فن کی روح ہے جب روٹی اور فن مل جاتے ہیں تو انسان تاج محل تعمیر کرتا ہے، اہرام مصر بناتا ہے، الحمرا کے طلسماتی محلات کی بنیاد ڈالتا ہے۔ کالی داس "شکنتلا" ملٹن "گم شدہ جنت" اور اقبال "جاوید نامہ" لکھتا ہے لیکن جب فن سے روٹی بچھڑ جاتی ہے تو شکنتلا مر جاتی ہے اور جاوید نامہ ردی میں بکنے لگتا ہے پھر حسن مر جاتا ہے، مذہب مر جاتا ہے، بھوک سب کا گلا گھونٹ دیتی ہے۔
کمال بھٹی...... چوکی

میں نہیں آیا کہ اس کی ضمانت کیوں کرائی گئی ہے اور شہلا کیا وہ نہیں جانتی تھی کہ شہروز کیسا ہے؟ وہ بھلا خالہ کو کیوں قتل کرے گا؟ پھر اس نے کیوں اس کے بجائے لوگوں کا اعتبار کیا تھا حالانکہ وہ بخوبی جانتی تھی کہ وہ ساری رات گھر نہیں آیا تھا۔ اس کی محبت اور اس کی خوشیوں کے قاتل ملک احسان اور شہلا دونوں تھے اور اسے انتقام لینا تھا شہلا سے بھی اور ملک احسان سے بھی۔

آسمان پر بادلوں کا بسیرا تھا سیاہ بادلوں نے ستاروں تک کو چھپا لیا تھا ملک احسان کی حویلی کی بالائی سمت دو گارڈز متعین تھے۔ ملک احسان کی

SCANNED BY DIGESTPK
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

دہشت پورے علاقے میں تھی سو کسی کی ہمت نہ تھی کہ بلا اجازت اندر داخل ہو سکے اور جو کوئی ایسا کرتا تھا تو وہ زندہ واپس نہ جاتا تھا اس لیے اب کسی کی مجال نہ تھی کہ کوئی اندر جائے کہ اپنی جان کسے پیاری نہیں ہوتی بھلا؟ مگر شہروز حویلی کی عقبی دیوار پھلانگ چکا تھا کیونکہ اسے اپنی زندگی پیاری نہیں تھی۔ وہ پھولوں کی کیاریوں میں گرا تھا۔ قبل اس کے کہ کوئی حرکت کرتا کسی کی آواز آئی اور وہ وہیں دبک گیا۔ باتوں کی آواز اور قدموں سے اندازہ ہوتا تھا کہ وہ قریب آرہے ہیں۔

''ملک صاحب آپ نے میرا جسم تو حاصل کرلیا مگر میرے دل میں ہمیشہ شہروز ہی رہے گا۔'' شہلا کی آواز ابھری۔

''مگر میں نے تمہاری خواہش پر اسے رہا تو کرادیا ہے اور اب وہ آزاد ہے کیا یہ معمولی بات ہے؟'' احسان کی آواز میں بے بسی کی جھلک تھی۔

''یہ آپ نے کوئی احسان نہیں کیا ہے آپ جانتے ہیں کہ اگر آپ اسے رہا نہ کرواتے تو میں کبھی آپ سے شادی نہ کرتی۔ میں ایک مشرقی لڑکی ہوں آپ سے کبھی بے وفائی نہیں کروں گی۔ کبھی شہروز سے نہیں ملوں گی اور اگر اس نے کبھی ایسی کوئی کوشش کی تو میں سختی سے اسے جھڑک دوں گی مگر اس کے باوجود وہ میرے دل میں ہمیشہ رہے گا۔ خدا کرے کہ وہ یہاں سے کہیں دور چلا جائے......زندہ رہے اور......خوش رہے۔ کاش وہ مجھے مل جائے تو میں اس کے قدموں میں گر کر التجا کروں کہ وہ کہیں دور چلا جائے لیکن اگر وہ مل بھی گیا تو وہ مجھے دھتکار دے گا کیا بعید کہ مجھے قتل ہی کر ڈالے لیکن کاش میری یہ خواہش میری یہ آخری خواہش پوری ہو جائے تو میں......!'' ہچکیوں نے اسے بات مکمل نہ کرنے دی تھی۔

''تم نے کہا تھا کہ تمہاری آخری خواہش یہ ہے کہ وہ آزاد ہو جائے۔'' ملک احسان کا لہجہ مدھم تھا۔

''ہاں آپ نے میری آخری خواہش پوری کردی تھی جس کے لیے میں آپ کی شکر گزار رہوں گی لیکن......شہروز کے حوالے سے میری آخری خواہش یہی ہے۔'' آواز مدھم ہوتے ہوتے معدوم ہوگئی اور قدموں کی چاپ بھی۔ شہروز سناٹے میں گھرا اپنی جگہ جم چکا تھا۔ دفعتاً بادل گڑگڑائے آسمان کا سینہ شق ہوا ایک کوندا سا لپک کر آسمان پر لڑھکتا چلا گیا۔ رات مزید سہم گئی۔ شہروز اٹھا اور اسی خاموشی سے باہر نکل گیا جس خاموشی سے اندر آیا تھا۔ اگر ملک احسان شہلا کی خواہش پوری کرسکتا تھا تو اس کا بھی حق تھا بلکہ فرض تھا کہ وہ شہلا کی آخری خواہش پوری کرتا۔ وہ سر جھکائے کسی نامعلوم مقام کی جانب رواں تھا اور اس کی بدنصیبی پر آنسو بہاتا بوڑھا آسمان بوند بوند لہو ٹپکا رہا تھا اس کی بوندوں میں شہروز کے آنسو بھی مدغم ہو رہے تھے اور اندھی رات کی بے نور آنکھیں بھی لہو رو رہی تھیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

پہلا قدم

جاوید احمد صدیقی

زندگی کی ہولناکیوں کا احوال' ان حسین سپنوں کا فسانہ جو جاگتی آنکھوں سے دیکھے جاتے ہیں لیکن ان کی تعبیر پلکوں تک تو آتی ہے مگر آنسو بن کر رخساروں پر ہی خشک ہوجاتی ہے۔
حساس دلوں کے لیے بطور خاص ایک ذہین لڑکی کی روداد

وہ حساس تو تھی ہی مگر بڑے حوصلے اور حقائق کو جانچ کر چلنے والی تھی' بڑے ہونے کے ناتے ماں باپ کی ہر تکلیف اور غربت کی ہر آندھی میں چٹان بن کر کھڑا رہنا اس کی عادت سی ہوگئی تھی مگر بچپن سے جوانی تک اس نے غربت کو آہستہ آہستہ مٹتے دیکھا۔ دو بھائیوں کی یہ دو بہنیں تھیں' یہ سب سے بڑی' دنیا اور زمانے میں انسانوں کے کئی رویوں سے ہمکنار ہوچکی تھی اور پھر وہ اس کو سمجھنے سے قاصر تھی کہ طبقاتی فرق ہم انسان خود ہی بڑھا چڑھا کر رکھ دیتے ہیں ورنہ یہ کم تر امیر اور درمیانہ طبقہ میں اتنی بڑی تعداد میں یہ معصوم جوانیاں محض درمیانہ طبقہ کی ہونے کی وجہ سے اندر سے گھٹ گھٹ کر نہ مرجائیں اور سسک کر جینے کو اپنا مقدر جان کر صبر کا کڑوا گھونٹ لے کر معاشرے کے اس جہنم میں جلتی رہیں اور پھر ......یعنی زندگی تمام ہوئی؟ واقعی......

اور باپ بھی دن رات محنت کرتے ہوئے آہستہ آہستہ اس خاندان کی غربت کی سطح کو کم سے کم تر کرتے ہوئے انتہائی محنتی انسان ثابت ہوا تھا اور اس حالت میں یہ ماں کے ساتھ ساتھ ہر قسم کے حوادث کا مقابلہ کرتے کرتے اتنی ہی حساس بھی ہوگئی تھی۔

دونوں بھائی پڑھائی میں مصروف رہتے اور یہ ان کو ہر قسم کی مدد پہنچاتی۔ اتفاق سے دونوں ہی میٹرک میں تھے' بہن اب میٹرک کرکے کالج جانے کی تیاری کررہی تھی اور یہ خود ایم بی اے کرچکی تھی اور اچھی جاب کی تلاش میں تھی تو اس طرح یہ پرسکون گھرانا' اندرونی طوفان کو دبائے سرتوڑ کوشش کرکے نہ صرف اچھے کھاتے پیتے گھرانوں میں شامل ہونا چاہتا تھا بلکہ اگلی نسلوں کو بھی اس جیسی زندگی سے چھٹکارا دلانا چاہتا تھا۔

اور آج تو مہرو بے حد خوش تھی کہ آج تک وہ دو بھی اس کے لیے خوش خبری لائی' اسے مشہور اور ترقی پذیر بڑے ادارے میں ایچ آر میں اسسٹنٹ منیجر کی پوسٹ مل گئی تھی۔ یہ ادویات کے بین الاقوامی ادارے کی پاکستان برانچ تھی اور کراچی' لاہور میں ادویات کی مینوفیکچرنگ کے ہیوی اور بڑے کارخانے موجود تھے۔ ایک ہفتہ کے بعد مہرو نے آفس میں رپورٹ کی اور اسی دن سے ڈیوٹی بھی شروع ہوگئی تھی۔ ڈیوٹی سے گھر واپسی پر مہرو دونوں بھائیوں اور بہن روشنی کے لیے خوب اچھی اچھی چیزیں لاتی اور سب سے وعدہ کیا کہ تنخواہ ملنے پر سب کو گفٹ بھی ملیں گے۔ اور کالج میں دونوں بھائیوں کو داخلے کے بعد موٹر

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

بائیک بھی ضرور ملے گی۔ ماں باپ کے ساتھ ان تینوں کا خوشی سے کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ ماں باپ نے تو ہزاروں دعائیں دے ڈالیں اور مہرو پروین کو بہترین پڑھائی کی طرف راغب کرتی رہتی تھی۔

مہرو نے تو ابھی کمانے کی شروعات ہی کی تھی' حالات بھی نہایت سست روی سے بہتری کی طرف رواں دواں تھے۔ انہی دنوں ایچ آر میں ایک اسسٹنٹ بھرتی ہوا' وہ خاصا معقول شخص تھا مگر پوزیشن تو محض ایک سینئر کلرک کے برابر تھی مگر انتہائی ایماندار تھا۔ ایک دو ماہ میں ہی محسوس ہوگیا کہ ترقی کے لیے یہ کوئی ناجائز طریقہ نہ استعمال کرے گا۔ چند ہفتہ میں مہرو سے خاصی دوستی ہوگئی' معلوم ہوا کہ پورے گھر کی ذمہ داری اسی پر ہے' بوڑھے ماں باپ' چھوٹے بہن بھائی ہیں ان سب کی اپنی اپنی ضرورتیں ہیں اور یہ سب مجھے ہی پورا کرنی ہوتی ہیں۔

وہ محسوس کرنے لگا کہ مہرو اس سے اچھا سلوک کرتی ہے' وہ بڑی خاموشی اور نہایت انہماک سے بیٹھی اپنے چیمبر میں کام کررہی ہوتی ہے۔ مہرو کے پاس کئی دفعہ کام کے سلسلے میں وہ چیمبر میں آتا تھا' مہرو محسوس کرنے لگی کہ یہ (جس کا نام رضوان تھا) ذرا کھل مل کر بات کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ رضوان سمجھنے لگا کہ یہ اگر میرے طبقے سے نہ سہی مگر اسی طبقے سے آگے بڑھ رہی ہے۔ چند ملاقاتوں میں رضوان سمجھنے لگا کہ میری باتوں کو پذیرائی ملنی شروع ہوگئی ہے۔

چند دنوں کے اندر رضوان کام کو وضاحت کرنے کے بہانے مہرو کے پاس جاتا تو وہ اس سے تھوڑی سی گپ شپ لگالیتی ہے اور ان ہی دنوں رضوان کو باتوں باتوں میں معلوم ہوا کہ مہرو کی ایک بہن ہے جو بی اے کررہی ہے اور دو بھائی پڑھائی کرتے ہیں۔ اس دن بھی رضوان کچھ کاغذات' مہرو کے چیمبر میں دینے گیا اور تفصیل بتارہا تھا کہ مہرو کو محسوس ہوا کہ رضوان کوئی بات کرنا چاہتا ہے مگر لبوں تک لا نہیں رہا۔ اسی دوران مہرو نے چائے منگوالی' رضوان نے تھوڑی سی ہمت کرکے مہرو سے کچھ کہنے کے لیے اجازت مانگی' اب مہرو کو خیال آیا کہ یہ افسر ہے فوراً سنجیدہ ہوگئی اور رضوان بھی مدعا سمجھ کر کاغذات کو سمیٹتے ہوئے سر نیچا کیے باہر آگیا۔

مہرو اس دن بازار کچھ شاپنگ کے لیے نکلی تھی' کچھ دیر کے بعد پیچھے سے کسی کی آواز آئی۔ مہرو نے دیکھا تو رضوان ذرا گھبرایا ہوا کھڑا تھا۔ شاید وہ جھجک گیا' صرف یہ پوچھا۔

''آپ یہاں کیسے؟''

مہرو نے کہا ''جیسے آپ.....؟'' مہرو کی مخصوص مسکراہٹ ان سب کا جواب تھی' رضوان دل میں یہ خیال کر بیٹھا کہ میری فرمائش ضرور مہرو پوری کرے گی اور رضوان خوشی سے جھوم اٹھا کہ ہم دونوں مل کر بہتر زندگی گزار سکیں گے۔ رضوان یہ تو سمجھتا تھا کہ مہرو خود تو بڑی اچھی پوسٹ پر ہے اور ایک سال کے اندر اندر اس کمپنی میں اچھی جگہ لے لے گی۔

ایک روز دفتر پہنچنے کے بعد میں مہرو کے چیمبر میں سلام کرنے چلا گیا' وہ جواب دے کر ذرا مسکرانے لگی مگر فوراً ہی سنجیدہ ہوکر کام میں لگ گئی۔ چند روز تک بات چیت بھی نہ ہوسکی آفس کا ماحول ایسا نہ تھا کہ اس طرح فری ہوا جاسکے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ایک روز لنچ ٹائم میں جب سب لوگ چلے گئے تو میں بات کرنا چاہ رہا تھا۔ اچانک مہرو بولی۔

"کام میں اتنا بھی نہ مصروف رہیں کہ کھانے کا خیال بھی نہ رہے۔"

"نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔" رضوان کاغذات سمیٹتے ہوئے بولا۔

"ایک بات کہوں آپ اگر بُرا نہ منائیں تو؟" مہرو اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔ "کسی روز آپ میرے ساتھ چائے پینے چلیں گے؟"

"کس سلسلے میں۔" بڑی روکھی آواز تھی' رضوان بولا۔

"نہیں' کوئی خاص بات نہیں' ویسے ہی۔" اور تیزی سے باہر نکل گیا' رضوان نے سمجھا کہ مہرو ناراض ہوگئی ہے' کھانا کھا کر واپس آیا تو میری طرف دیکھ مہرو مسکرائی تھی مطلب یہ کہ دوستی جاری ہے۔

دن مہینوں میں ڈھلتے رہے اور مہرو کی چھوٹی بہن روشنی بھی اب فرسٹ کلاس فرسٹ پوسٹ گریجویٹ ہوکر لیکچرار کی پوسٹ پر آ گئی تھی اور مہرو نے کچھ سکھ کا سانس لیا اور اسی طرح رضوان بھی اپنی خواہش کو دبا کر وقت کے ساتھ ساتھ زندگی کی ڈور کو کھینچتا چلا گیا۔

اس دن رضوان نے کڑا دل کرکے مہرو سے اپنی خواہش اس کے سامنے رکھنے کا موقع ڈھونڈ نکالا۔ اگلے روز رضوان خاموشی سے کام کرتا رہا' لنچ ٹائم میں بھی سب لوگوں کے ساتھ باہر چلا گیا۔

اسی شام رضوان کو حیرانی کا جھٹکا لگا جب مہرو بس اسٹاپ پر اس کے قریب آئی۔ رضوان نے گھبرا کر اِدھر اُدھر دیکھا' آفس کے کچھ اور لوگ بھی

AANCHALPK.COM

تازہ شمارہ شائع ہو گیا ہے

ماہنامہ آنچل کراچی

ملک کی مشہور معروف قلمکاروں کے سلسلے وار ناول' ناولٹ اور افسانوں سے آراستہ ایک مکمل جریدہ گھر بھر کی دلچسپی صرف ایک ہی رسالے میں ہے جو آپ کی آسودگی کا باعث ہو سکتا ہے اور وہ ہے اور صرف آنچل۔ آج ہی اپنی کاپی بک کرالیں۔

ٹوٹا ہوا تارا

شب ہجر کی پہلی بارش

ہوا کی محبت

AANCHALNOVEL.COM

(021) 35620771/2

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

کھڑے تھے اور بس کا انتظار ہو رہا تھا۔ مہرو بولی۔

"آج آپ اپنی بس کو مس کر دیں' اور ہم کہیں چل کر چائے پیتے ہیں۔" رضوان حیرانگی سے یہ سب کچھ دیکھتا رہا' اس نے سر کے اشارے سے ہاں کہہ دی۔

تھوڑی دیر کے بعد ہم ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے' رضوان نے دل میں خیال کیا کہ چلیں اچھا ہوا جس بات کے کرنے میں موقع ڈھونڈ رہا تھا مہرو نے آج خود ہی وہ موقع دے دیا ہے۔ رضوان نے لمبی چوڑی تمہید باندھی اور آخر میں پوچھنے لگا۔

"آپ کی بہن روشنی بھی اب برسر روزگار ہے اور آپ کی بھی ترقی ہو گئی ہے' میں اپنے آپ کو اس جگہ پر آپ کے قابل تو نہیں سمجھتا مگر روشنی سے آپ کی مرضی سے شادی کا بندھن باندھنا چاہتا ہوں۔" تمام بات سننے کے بعد مہرو کے چہرے پر مسکراہٹ چھا گئی اور مسکراتی رہی۔ کچھ دیر کے بعد بولی۔

"میں جانتی تھی کہ ہمارے معاشرے میں مرد اور عورت کی دوستی' صحت مند بنیادوں پر قائم نہیں رہ سکتی۔ یہ ہمارے معاشرے کی ہمیشہ سے ڈگر رہی ہے کہ مرد جب چاہے' جہاں چاہے عورت کو استعمال کرلے اور مرد یہ سمجھتا ہے کہ یہ اس کا حق ہے۔ اب تو بے تحاشہ تبدیلی آ گئی ہے اور یہی حق عورت بھی اپنا سمجھتی ہے کہ اسے ہزاروں سال سے جو بھیڑ بکری کی طرح ہانکا جا رہا ہے اس کو ختم کیا جائے اور عورت کا صحیح مقام تعین کیا جائے۔ رضوان آپ دوسرے مردوں سے مجھے ذرا مختلف لگے مگر چند روز کے آپ کے برتاؤ سے میں سمجھ گئی تھی کہ معاملہ کچھ اور ہی ہے۔

مجھے رضوان صاحب! آپ کے احساسات اور جذبات کا احساس ہے لیکن میری سوچ آپ سے مختلف ہے' میں اور میری بہن روشنی اپنی ماں کی طرح سسک سسک کر زندگی گزارنا نہیں چاہتے اور نہ میں روشنی کے لیے ایسی غربت والی جگہ کو پسند کروں گی۔ آپ سے اس کی شادی کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تمام عمر چھوٹی چھوٹی خواہشوں کو پورا کرنے کے لیے ترستی رہے گی اور اپنی نوکری کے باوجود بھی سکھ کا سانس نصیب نہ ہوگا اور اس کے صبح و شام بسوں میں اسی طرح دھکے کھاتے اور گھر میں کولہو کے بیل کی طرح چکی پیستے گزریں اور زندگی بھی پچھلے لوگوں کی طرح جذبات کو مار مار کر گزرتی رہے۔ نہیں رضوان نہیں' جب میں خود اس طرح کی سسکتی زندگی اپنے لیے پسند نہیں کرتی تو پھر وہ تو میری بڑی لاڈلی بہن ہے' یہ ناممکن ہے۔ امید ہے آپ برا نہ منائیں گے' آپ کی عزت اب بھی میرے دل میں ہے اور ہم ہمیشہ اچھے دوستوں اور آفس کولیگز کی طرح رہیں اور..... اور بس......"

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

بند گلی

علی اختر

ہر شہر ہر علاقہ میں کوئی نہ کوئی بند گلی ضرور ہوتی ہے یعنی اس میں داخلے کا راستہ تو ہوتا ہے لیکن اس سے باہر نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔ جرم کی دنیا بھی ایک بند گلی کی مانند ہے۔ جس میں داخل ہونے والا لاکھ کوشش کے باوجود نکل نہیں پاتا۔

ایک انسپکٹر اور دو ملزمان کی روداد' وہ تینوں ایک بند گلی میں آگئے تھے۔

گفتگو کی بھنبھناہٹ میں' لوگوں کے اژدھام میں ایک کمزور سی آواز ابھری تھی۔

"اس سے پستول چھین لو...... یہ مجھے مار ڈالے گا......"

مگر اس شور میں یہ آواز دب کر رہ گئی اور ایک ہلکی سی آواز آئی۔ گولی کی آواز...... اس آواز کو سنتے ہی وہاں موجود لوگوں میں افراتفری پھیل گئی اور بھاگ دوڑ شروع ہوگئی۔ گولی چلانے والا باہر کے گیٹ کی جانب بھاگا' جسے گیٹ پر موجود گن مین نے پکڑ لیا اور کمال مہارت سے اس کے ہاتھ میں موجود پسٹل بھی چھین لیا گیا۔

زخمی کو دو آدمیوں نے سہارا دے کر اٹھایا' اور تقریباً گھسیٹتے ہوئے اسے باہر لے جانے لگے۔ اس کا خون بہہ رہا تھا' چند لمحوں پہلے جہاں شور مچا تھا' اب پھر معمول کا کام شروع ہوگیا تھا۔ یہ ساری کارروائی مشہور بینک کی مین برانچ میں ہوئی تھی۔ برانچ منیجر پریشانی کے عالم میں اپنے کیبن سے نکل کر واردات کی جگہ پہنچا تھا۔ یہ ایک بڑی برانچ کا وسیع وعریض ہال تھا۔ کیش کاؤنٹر کے قریب ہی بچھے ہوئے صوفے پر لین دین کے لیے آنے والے لوگ بیٹھے تھے۔ وہیں یہ تمام کارروائی ہوئی تھی' گولی چلانے اور زخمی ہونے والے دونوں بینک کے ملازم تھے اور آپس میں بھائی بھی تھے۔

برانچ منیجر عرفان بیگ نے فوری طور پر مقامی پولیس اسٹیشن میں اس کی اطلاع دی' کچھ ہی دیر میں پولیس کے چند سپاہی اور آفیسر سجاد احمد تفتیش کے لیے برانچ میں آگئے۔ پولیس انسپکٹر سجاد احمد نوجوان اور محنتی لگ رہا تھا' اس کی آنکھوں کی چمک بتا رہی تھی کہ وہ ایسے معاملات میں خصوصی دلچسپی لے کر انہیں تیزی سے حل کرنے میں مہارت رکھتا ہے۔

اس نے آتے ہی اس مخصوص جگہ کا معائنہ کیا' جہاں کچھ دیر پہلے زخمی رشید وابلہ اور حمید وابلہ میں جھگڑا ہوا تھا۔ اس کے ساتھ آئے ہوئے ایک سپاہی نے جائے واردات کا نقشہ بنایا اور پھر کچھ عینی شاہدین کو منیجر کے کمرے میں بلا کر ان کے بیانات لیے کہا یہ جاتا تھا کہ دونوں بھائیوں کے درمیان جائیداد کا تنازعہ عرصے سے چل رہا تھا۔ جس کے بارے میں کچھ کچھ خبریں ان کے ساتھی ملازمین تک بھی پہنچتی رہی تھیں اور آج اس کا نتیجہ اس جھگڑے کی صورت میں ہوا' زخمی رشید وابلہ بینک کی مقامی یونین کا آفس سیکریٹری تھا اور اس کے تمام بڑے افسران سے ذاتی تعلقات اس لیے بھی قائم تھے کہ وہ نہ صرف مقامی ٹریڈ یونین کا عہدیدار تھا بلکہ اسے تعلقات بنانے کا فن بھی خوب آتا تھا۔ اس لئے بھی افسران اس سے خاصا دبتے تھے۔ حمید وابلہ اس کا سگا بھائی تھا اور عمر میں اس سے چھوٹا تھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

والد کے مرنے کے بعد سے لے کر اب تک ان دونوں میں جائیداد کے بٹوارے کا جھگڑا چل رہا تھا اور رشید واہلہ اپنی متکبرانہ طبیعت کے باعث اس بٹوارے کی راہ میں رکاوٹ بنا ہوا تھا۔ ویسے بھی رشید واہلہ اپنے مکارانہ رویے کے باعث پورے بینک میں بدنام تھا۔ اونچا لمبا قد، اس پر بڑی بڑی اور بے ہنگم مونچھیں، ہر وقت نشے میں دھت، رشید واہلہ جب کسی کام کی غرض سے بینک کے اعلیٰ عہدیداروں کے کمروں میں جاتا تو اپنے بوٹ کی نوک سے دروازہ کھولتا اور بغیر اجازت کمرے میں چلا جاتا اور پھر باہر کھڑے دوسرے لوگ اس کے چلانے سے اندازہ لگا لیتے تھے کہ وہ کس انداز میں اپنے سینئرز کے ساتھ گفتگو کرتا اور انہیں قائل کرتا تھا۔

اس کے علاوہ بھی اس کے ساتھیوں میں اس کی ایک عادت بڑی مشہور تھی کہ وہ ہر وقت نشے میں رہنے کے سبب اول فول بکنے اور فحش و لچر گفتگو کا ماہر سمجھا جاتا تھا۔ اس کے ساتھیوں میں مشہور تھا کہ جہاں رشید واہلہ اپنا کام بگڑتا دیکھتا ہے وہاں وہ ان کی بے عزتی کرنے سے بھی گریز نہیں کرتا۔ اسے کام لینے کے لیے افسران کو ہر طرح خریدنے کا فن بھی آتا تھا۔ اس کے جاننے والے جانتے تھے کہ اس کام میں وہ خوبصورت کال گرلز اور کاروباری لڑکیوں کو بھی افسران بالا تک پہنچا دیتا تھا۔

بینک اور خصوصاً اس برانچ میں لڑکیاں بھی ملازمت کرتی تھیں جن سے اس کے تعلقات بڑے اچھے طریقے سے قائم تھے۔ گھریلو جھگڑے کی بازگشت اب اس کے ساتھی ملازمین تک پہنچ چکی تھی۔ رشید واہلہ یونین میں ہونے کی وجہ سے ہر وقت اپنی حفاظت کے لیے پستول ساتھ رکھتا تھا، چونکہ ملازمین کی جامہ تلاشی نہیں کی جاتی تھی اس لیے حمید واہلہ بھی اسلحہ بینک میں بغیر کسی روک ٹوک کے لے آتا تھا اور یہی سبب آج بنا، رشید واہلہ کو پستول نکالنے میں سستی ہوئی تھی اس لیے حمید واہلہ نے اپنا کام دکھا دیا۔

سجاد احمد نے ابتدائی اطلاعات ایک کاغذ پر لیا اور یہ کہتا ہوا چلا گیا کہ وہ اس کیس کے باقاعدہ اندراج کے بعد کارروائی کا آغاز کرے گا۔ اگلے ہی دن بینک میں اسپتال سے اطلاع ملی کہ رشید واہلہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہو گیا ہے۔ اب قتل کی باقاعدہ تفتیش مرحوم کی نوجوان بیوی پریسہ کے اندراج پرچہ کی مدعیت میں ہونے لگی تھی۔ اسی روز ہتھکڑیوں میں جکڑے ہوئے حمید واہلہ کو ایک بار پھر تفتیش کے لیے بینک کی برانچ میں لایا گیا اور اس سے باقاعدہ تفتیش کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ اس وقت برانچ میں بینک کے اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے۔ حمید واہلہ کی آنکھوں میں خوف ضرور جھلک رہا تھا مگر اس کی باڈی لینگویج سے ظاہر ہو رہا تھا جیسے اسے اپنے اقدام پر قطعاً کوئی شرمندگی نہیں۔

"آپ جانتے ہیں کہ قتل ایک بہت بڑا جرم ہے اس سلسلے میں آپ کے بینک کے کچھ دیگر ملازمین کو بیانات کے سلسلے میں اگر پولیس اسٹیشن بلایا جائے تو آپ کو یا افسران بالا کو کسی قسم کا اعتراض تو نہ ہوگا......"

سجاد احمد نے دوران چائے نوشی آہستہ آہستہ گفتگو کرتے ہوئے افسران اعلیٰ سے پوچھا۔

"ہمیں اس سلسلے میں کوئی اعتراض نہیں لیکن ناجائز دباؤ اور کسی قسم کی ان کے ساتھ تشددانہ کارروائی سے گریز کیا جائے۔" انہوں نے کہا۔

"یقیناً...... اصل میں قتل کی تہہ تک پہنچنا قانونی ضرورت ہے، اگرچہ اصل قاتل ہماری حراست میں ہے لیکن پھر بھی یہ سب ضروری ہوتا ہے آپ تو سمجھتے ہی ہیں۔" سجاد احمد نے چائے کا آخری گھونٹ لے کر اپنے ساتھی سپاہی کی طرف دیکھا جس نے اپنی بیلٹ کے ساتھ بندھی ہوئی ہتھکڑی کو سنبھالتے ہوئے حمید واہلہ کو اٹھایا اور ساتھ لے کر باہر نکل گئے۔

❁...... ❁...... ❁

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق گولی مقتول کے بالکل جسم کے ساتھ پستول لگا کر چلائی گئی تھی، جس کی وجہ سے گولی کا زہر پورے جسم میں انتہائی سرعت کے ساتھ پھیل گیا تھا اور زیادہ خون بہہ جانے کی وجہ سے دوران آپریشن مقتول مر گیا تھا۔'' مقتول کے نزاعی بیان میں بھی اس نے اپنے گھریلو جھگڑے کا ذکر کیا تھا۔ اس سلسلے میں بینک کے اعلیٰ افسران کا دباؤ اس حد تک تھا، چونکہ بینک ایک اعلیٰ اور شاندار روایات کا حامل ہے لہٰذا اس کی شہرت کو نقصان پہنچائے بغیر اگر اس قتل کی انکوائری کرلی جائے تو اسے کوئی اعتراض نہیں۔ سجاد احمد بھی اس بات سے پوری طرح متفق تھا لیکن بات یہیں نہیں ختم ہو جاتی تھی، اخباری نمائندگان اور میڈیا کی شہر میں موجودگی ہر وقت ادھر ادھر دندناتی پھرتی ہیں۔ اس لحاظ سے سجاد احمد دہرے دباؤ کا شکار تھا اور جب وہ مرحوم کے گھر اس کی بیوہ سے بیان لینے پہنچا تو اخبارات کے مقامی نمائندے پہلے سے وہاں موجود تھے۔

''کیا آپ کے نزدیک یہ صرف جائیداد کا شاخسانہ ہے یا اس کے عوامل اور بھی ہیں۔'' ایک تیز طرار اخباری نمائندے نے سجاد احمد کو وہاں پاکر سوال کیا۔

''ہوسکتا ہے بلکہ ممکن بھی ہے لیکن جب تک تفتیش نہیں مکمل ہو جاتی کچھ کہا نہیں جاسکتا۔'' سجاد احمد نے اطمینان سے جواب دیا۔

''میرے خیال میں جب سے آپ کی تعیناتی اس اسٹیشن میں ہوئی ہے یہ آپ کا پہلا کیس ہے اور سنا ہے آپ ایسے اندھے کیسوں کو حل کرنے میں خاصے ماہر اور شہرت رکھتے ہیں۔'' ایک اور نمائندے نے پوچھا۔

''یہ سب اوپر والے کا کرم ہے، میں ہر قتل کو کسی مجرم یا بے گناہ کا قتل نہیں سمجھتا بلکہ انسانیت کا قتل سمجھتا ہوں۔ چونکہ میرے نزدیک ایک گھناؤنا جرم ہے۔ ابھی تو اس کیس کی ابتدا ہے دیکھیں اسے کہاں تک جاکر حل کیا جاسکے گا۔'' سجاد احمد نے جان چھڑائی۔

رشید دہلوی کے گھر میں تعزیت کرنے والوں کا ہجوم تھا۔ سجاد احمد نے مقتول کی بیوہ پریسہ تک رسائی حاصل کرتے ہوئے اسے الگ لے جاکر بیان دینے کے لیے کہا۔

گھر کی بیٹھک کا دروازہ کھول دیا گیا اور سجاد احمد کو ادھر بلا لیا گیا۔ ایک اونچے لمبے قد کی سرخ و سپید رنگت اور تیکھے نین نقوش والی آئیڈیل جسمانی خطوط کی حامل بڑی بڑی گہری نیلی آنکھوں والی نوجوان خاتون بیٹھک میں داخل ہوئی۔ تو سجاد احمد نے اٹھ کر اس کا استقبال کیا۔

اس کی گہری نیلی آنکھیں مسلسل رونے کی وجہ سے سوجی ہوئی تھیں، چہرے پر غم کی پرچھائی موجود تھی۔ وہ خاموشی کے ساتھ سجاد احمد کے قریب ایک کرسی پر بیٹھ گئی۔ تو سجاد احمد نے گفتگو شروع کی۔

''مجھے آپ کے خاوند کے قتل کا افسوس ہے کیا میں اس سلسلے کی تہہ میں جاسکتا ہوں۔ آخر وہ کیا معاملہ تھا جس کا سبب اس کے قتل تک آپہنچا۔'' سجاد احمد نے رکتے رکتے اپنے آنے کا سبب بتایا۔

''میں جانتا ہوں کہ اگرچہ آپ اس وقت گہرے رنج سے گزر رہی ہیں، لیکن کچھ سوالات پوچھنا بھی ضروری تھے۔ اس لیے میں آپ کے پاس آیا ہوں۔'' سجاد احمد نے مزید توضیح دی۔

''جی پوچھیے۔'' اس نے آہستگی سے جواب دیا۔

''کیا حمید کی فیملی بھی آپ کے ساتھ ہی رہتی ہے۔''

''جی۔'' مختصر جواب دیا گیا۔

''وہ کدھر...... میرا مطلب ہے ان کا پورشن الگ سے ہے؟'' سجاد احمد نے پوچھا۔

''حویلی کی دوسری جانب جو کمرے آپ کو نظر آرہے ہیں، انہی کے ہیں لیکن چونکہ ہمارا مشترکہ خاندانی نظام ہے لہٰذا چولہا بھی ایک ہی ہے۔ پریسہ

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

نے بتایا۔
"لگتا ہے آپ پڑھی لکھی ہیں۔ کہاں تک ....."
سجاد احمد نے بات بدلی۔
"گریجویشن کیا ہے۔" اس نے جواب دیا۔
"ہوں..... تو کیا بتا رہی تھیں آپ....." سجاد احمد نے دوبارہ پوچھا۔
"ہم مشترکہ خاندانی سسٹم کے تحت رہ رہے ہیں۔ حمید وللہ کی بیوی ہمیشہ اسے یہاں سے الگ کرنے کے بارے میں اکساتی رہتی تھی اور جب سے میرے سسر فوت ہوئے ہیں، یہ جھگڑے بڑھتے ہی چلے جارہے ہیں۔"
"کیا وہ لوگ پرسے کے لیے ادھر آئے ہیں۔" سجاد احمد نے سوال کیا۔
"نہ جی..... جب سے انہوں نے اس بارے میں سنا ہے، وہ تو..... خود حمید کی بیوی بھی ادھر سے غائب ہے سنا ہے گھر کو تالے ڈال کر کہیں اور جا چھپے ہیں۔" پریسہ نے رکتے ہوئے جواب دیا۔
"آپ کے اپنے شوہر کے ساتھ کیسے تعلقات تھے۔ کیسے شوہر تھے؟" سجاد احمد نے سوال کرتے ہوئے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔
"جیسے ایک شوہر کے اپنی بیوی کے ساتھ ہوتے ہیں۔" اس نے مختصر جواب دیا۔
"ذرا میری طرف دیکھ کر جواب دیں۔" سجاد احمد بولا۔
اس نے اپنی ڈبڈبائی ہوئی آنکھیں اوپر اٹھائیں اور بولی۔
"کیا پوچھنا چاہتے ہیں آپ؟"
"میں نے سنا ہے وہ نشہ کرتا تھا..... اور بازاری عورتوں سے بھی اس کے تعلقات تھے۔" سجاد احمد نے آہستہ آہستہ اپنا مقصد واضح کیا۔
"ہوں گے۔ کون سے مرد کے ایسے تعلقات نہیں ہوتے۔ ہر بندہ چاہے گھر میں پری ڈال رکھے لیکن باہر جھک ضرور مارتا ہے اور اگر رشید کے تعلقات باہر ہوں گے تو مجھے اس سے غرض نہیں تھی۔ میری تمام ضروریات کا وہ بے حد خیال رکھتا تھا۔" اس نے تفصیل سے جواب دیا۔
"وہ ابھی سوال جواب کر رہے تھے کہ ایک ہلکی سی دستک کے ساتھ ایک خوبصورت نوجوان داخل ہوا۔ جس کے بڑے بڑے بال اس کے کندھے پر گر رہے تھے اس نے پتلون اور قمیص پہن رکھی تھی۔ نفاست لباس اور اس کی بولتی آنکھیں بتا رہی تھیں، جیسے وہ وقت گزرنے کے ساتھ بہت پریشان ہو رہا ہو اور اسی لیے وہ جلدی اور پھرتی سے ادھر بیٹھک میں آیا ہو، جہاں سجاد احمد اور پریسہ بیٹھے تھے۔
تیزی سے اندر داخل ہو کر اس نے متجسس نظروں سے سجاد احمد کی طرف دیکھا اور پریشانی میں اپنا ہاتھ مصافحہ کے لیے بڑھا دیا۔
"واجد افضل۔"
"انسپکٹر سجاد احمد۔" اس نے بھی اپنا ہاتھ آگے کرتے ہوئے جواب دیا۔ "دراصل میں اس قتل کی تفتیش کر رہا ہوں اور اسی سلسلے میں یہاں بیٹھا ہوں۔" سجاد نے اپنا تعارف کرایا۔
"اوہ..... دخل اندازی کی معذرت..... دراصل باہر کچھ خواتین ان سے افسوس کرنے آئی تھیں اور ڈھونڈ رہی تھیں۔ اس لیے..... " اس نے بات ادھوری چھوڑتے ہوئے واپس پلٹنا چاہا۔
"کوئی بات نہیں۔ چاہیں تو آپ ادھر بیٹھی رہیں۔" سجاد احمد نے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔ تو ایک متوحش سی جھجک اس کی آنکھوں سے جھانکتی ہوئی نظر آئی۔
سجاد احمد نے اپنی پیشہ ورانہ ذہانت کے سبب اسے نوٹ کرتے ہوئے پریسہ کی طرف دیکھا۔
"اس کی خوبصورت اور نیلی آنکھوں میں بھی اسے کچھ ایسا ہی ارتعاش نظر آیا۔ لگتا تھا جیسے اسے یہاں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

بے سبب آنے کی وجہ سے خلجان سا ہونے لگا تھا۔

"یہ میرے کزن ہیں۔" پریسہ نے اپنی پریشانی پر کنٹرول کرتے ہوئے کہا۔

"میں چلتا ہوں۔" وہاج افضل نے کہا اور جاتے ہوئے دروازہ بند کر دیا۔

"دیکھیے' کیس ابھی شروع ہوا ہے' ممکن ہے' اس سلسلے میں مجھے کئی بار ادھر آنا پڑے' آپ کو ناگوار تو نہیں گزرے گا۔" سجاد احمد نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"دراصل مجھے یہ کام اپنے پولیس اسٹیشن میں بیٹھ کر کرنا چاہیے لیکن چونکہ آپ کا تعلق ایک شریف اور معزز فیملی سے ہے' اس لیے میں آپ کو ادھر نہیں بلانا چاہتا۔ اس لیے......"

"نہیں۔ نہیں ایسی بات نہیں...... آپ جب چاہیں۔ جس وقت آنا ہو' مجھے فون کر دیں' یہ میرا سیل نمبر ہے۔" اس نے ایک چھوٹی سی چٹ پر نمبر لکھ دیا اور خود بھی اٹھ گئی۔

سجاد احمد کی پیشہ ورانہ تربیت اسے بتا رہی تھی کہ اس قتل کے محرکات میں ایک سبب تو جائیداد کی تقسیم ہو سکتا ہے مگر اس کے پیچھے اور بھی خدشات سر ابھار رہے ہیں کیونکہ جب وہاج افضل بیٹھک میں داخل ہوا تھا' اسی وقت مقتول کی بیوہ کی آنکھوں میں بے کلی سی اتر آئی تھی اور یہی حیرانی وہاج کی آنکھوں سے جھانک رہی تھی۔ سجاد احمد کو اسی وقت ایک شک سا ہوا تھا کہ ممکن ہے' اس قتل کا محرک کچھ اور بھی ہو مگر یہ سوچ اس وقت دم توڑ جاتی تھی جب اس کا قاتل خود پولیس کی تحویل میں تھا۔ یہی سوچتے ہوئے وہ واپس تھانے آ گیا......

تھانے آ کر اس نے ابتدائی رپورٹ کے مطابق حمید ولیلہ کے خلاف پرچہ کاٹا...... اور اگلے دن اسے عدالت میں پیش کر کے ریمانڈ لے لیا۔

❁...... ❁...... ❁

روزنامہ "فٹ پاتھ" اپنی زرد صحافت کی وجہ سے شہر بھر میں بدنام تھا' جو وقتاً فوقتاً اپنی مطلب براری کے لیے کسی نہ کسی سرکاری' نیم سرکاری اور پرائیویٹ اداروں کے خلاف کالم لکھنے' خبریں لگانے میں ثانی نہیں رکھتا تھا' اور اس سے بچنے کے لیے ان اداروں کے لوگ اسے اپنی بدنامی کے خوف سے منہ مانگی رقوم دے دیتے تھے۔ گویا وہ ایک ایسا اقدام اور جہاد کرنے کا دعویٰ کر رہے تھے جس سے وہ معاشرے کی کالی بھیڑوں کو بے نقاب کر کے اور ان کے جرائم کو عام کر کے معاشرے کی خدمت سرانجام دے رہے تھے۔ اس کے نمائندے شہر میں دندناتے پھرتے تھے اور وہ جس بھی کام کے پیچھے لگ جاتے تھے' جب تک ان کے مقاصد حاصل نہ کر لیتے اطمینان سے نہ بیٹھتے تھے۔ اس کیس میں بھی یہی ہوا...... جس ادارے میں یہ قتل ہوا تھا اس کو بدنام کرنے کی سکت تو شاید اس روزنامے کے بس کی بات نہ تھی لیکن پولیس کو اپنے مقصد کے لیے استعمال کرنے میں انہوں نے پورا زور لگا رکھا تھا۔ چنانچہ اس کے نمائندے روز کسی نہ کسی بہانے پولیس اسٹیشن میں آ کر نہ صرف رعب جھاڑتے بلکہ اس کے دائرہ اختیار میں آنے والے ہر جرم کی تہہ تک پہنچنا اپنا فرض اولین جانتے تھے۔

حمید ولیلہ کے ریمانڈ کی خبر ان تک بھی پہنچ چکی تھی لہٰذا اسی روز جب سجاد احمد اپنی ڈیوٹی پر آ کر بیٹھا تو ٹیلی فون کی گھنٹی بجی۔

سجاد احمد نے ٹیلی فون اٹھایا تو دوسری طرف سے آواز آئی۔

"روزنامہ فٹ پاتھ کا کرائم رپورٹر امانت علی بول رہا ہوں۔ کہیے کیسے ہیں۔" اس کی آواز میں بڑی کھنک تھی۔

سنا ہے دوسرے پولیس والوں کی طرح آپ اس کیس میں بہت لیت و لعل سے کام لے رہے ہیں اور اپنی کوششوں سے اسے بگاڑنے پر تلے ہوئے ہیں۔

اس کی بات سن کر سجاد احمد غصے سے باہر آ گیا۔

"کون سے کیس کی بات کر رہے ہو تم اور تمہیں کم

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

از کم تصدیق سے پہلے الزام لگانے کا حق کس نے دیا ہے۔"

دوسری طرف سے ہنسنے کی آواز آئی۔ اور ساتھ ہی وہ بولا۔

"ارے صاحب ...... ناراض ہو گئے۔ آپ تو ہمیشہ اپنے ہاتھوں کو دھو کر صاف رکھنے میں مشہور ہیں اور ماشاءاللہ پیچھے کوئی نشان بھی نہیں چھوڑتے۔ کہا تو ہے امانت بول رہا ہوں روزنامہ فٹ پاتھ کا کرائم رپورٹر۔ میں دراصل رشید والہ کیس کی بات کر رہا ہوں۔ اس نے چھاپا کرتا ہے۔"

"اس کی تفتیش جاری ہے۔ پھر اصل مجرم ہمارے پاس ہے اور صاف بات ہے کہ قتل اسی نے کیا ہے؟" سجاد احمد نے اطمینان سے جواب دیا۔

"تھانیدار جی ...... سکے کے ہمیشہ دو رخ ہوتے ہیں۔ ایک ہی رخ کو نہیں دیکھتے رہنا چاہیے۔ امانت نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"خود کیوں نہیں تفتیش کر لیتے ......" سجاد احمد نے بھی اسی لہجے میں جواب دیا۔

"جس کا کام اسی کو ساجھے۔ ہم تو صرف دھیان رکھتے ہیں۔ کہیں کوئی گھپلا نہ ہو جائے آپ تو ناراض ہو گئے۔ ہم وقتاً فوقتاً آپ کو تکلیف دیتے رہیں گے اگر آپ غصہ کر گئے تو ہمارا کام کیسے چلے گا ...... اللہ حافظ۔" یہ کہہ کر اس کا فون بند ہوا تو سجاد احمد غصے سے بڑبڑایا۔

"حرامزادہ ...... صبح ہی صبح موڈ بگاڑ دیا۔"

پھر اس نے اطلاعی گھنٹی بجائی تو ایک سنتری اندر آ گیا۔

"جی صاحب ......"

اشرف کو بلاؤ اور اسے کہو ...... حمید والہ کو لے کر آئے اور جب تک وہ میرے کمرے میں رہے کسی اور کو اندر نہ آنے دینا۔" سجاد احمد نے کہا۔

"جی اچھا۔" کہہ کر وہ دروازہ بند کر کے چلا گیا اور کچھ دیر بعد اشرف حمید والہ کو لے کر آ گیا اور اسے میرے سامنے کھڑا کر دیا۔

رات بھر کے جگراتے اور مسلسل تواضع سے اس کا حلیہ بدلا ہوا تھا۔ اور اس سے کھڑا ہونا بھی مشکل تھا۔

"ہوں ...... کیا بنا ......" سجاد نے اشرف سے پوچھا۔

"یہ مان نہیں رہا۔" اشرف نے کہا۔

"کیوں بے ...... جھگڑا تمہارا ہوا ...... پستول تم سے برآمد ہوا آلہ قتل پولیس کے پاس موجود ہے پھر بھی تم انکاری ہو۔" سجاد احمد نے رک رک کر جرح کی۔

"یہ ٹھیک ہے صاحب ...... پستول میرے ہاتھ سے پکڑا گیا' یہ بھی درست ہے کہ ہمارا جھگڑا بھی ہوا تھا لیکن صاحب کونسا ایسا بے درد ہو سکتا ہے کہ اپنے سگے بڑے بھائی کو جان سے مار دے۔" اس نے ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں جواب دیا۔

"دیکھو ...... تمام شہادتیں اور گواہوں کے بیانات تیرے خلاف ہیں۔ ان کے بارے میں تم کیا کہو گے ...... کیوں اپنی جان کے پیچھے پڑے ہو ...... صاف صاف قبول لو جائیداد کے پیچھے تو روزانہ ہزاروں قتل ہوتے ہیں۔" سجاد احمد نے دوبارہ پوچھا۔

"صاحب جی ...... آپ جس قسم کی چاہیں صفائی لے لیں مگر میں یہی کہوں گا کہ میں نے قتل نہیں کیا۔" اس نے ٹوٹے پھوٹے لہجے میں کہا۔

"تمہارا جائیداد کے علاوہ بھی کوئی جھگڑا تھا اور پھر ایسے جھگڑے تو گھر بیٹھ کر کسی بڑے کی یا پنچائیت کے ذریعے حل ہو سکتے ہیں اس پر کسی کی ناحق جان لینے سے کیا یہ مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ لعنت ہے تم پر۔" سجاد احمد نے جرح کرتے ہوئے کہا۔

"صاحب جی ...... میں اپنی بڑھک' جھوٹی یا جذباتی تو ہوں نہیں سچ کہہ رہا ہوں کہ یہ قتل میں نے نہیں کیا' بلکہ الٹا مجھے اس کی طرف سے یہ ڈر لگا رہتا تھا کہ وہ مجھ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

جھوٹ اور مکار طبیعت کا مالک ہے' کہیں اشتعال میں آکر مجھے ہی نہ مار ڈالے۔ اس لیے میں یہ پستول ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتا تھا اور ایسا یہ تھا کہ ہم دونوں ایک ہی ادارے میں کام کرتے تھے' جہاں دن میں ہزاروں بار ایک دوسرے کے سامنے آتے تھے' بلکہ صاحب' میں نے تو یہاں سے اپنے تبادلے کی درخواست بھی دے رکھی تھی۔ جس کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا تھا۔ ہم تقریباً روزانہ رات کو جائیداد پر جھگڑتے تھے مگر اس کا کوئی حل بھی رشید بھائی کو قبول نہ تھا۔ الٹا وہ مجھے اور میری گھر والی کو بڑی گندی گالیاں دیتا تھا۔

اور کہتا تھا کہ میری بیوی کے ناجائز تعلقات کسی کے ساتھ قائم ہیں جس کی وجہ سے وہ مجھے اس سے الگ رہنے کا مشورہ دے رہی ہے' حالانکہ خود اس کی بیوی... مگر چھوڑیں صاحب جی۔ میں اپنے بارے میں کہتا ہوں کہ جس طرح کا مرضی اطمینان کر لیں میں نے یہ قتل نہیں کیا' اس روز بھی جھگڑے کے دوران اور مجھ سے تکرار ہونے کے باوجود نہ جانے کس طرح بیچ گر گیا میرے ہاتھ میں پستول تھا' جو میں نے اس کے گردوں کے قریب لگا رکھا تھا اور وہ چیخ رہا تھا' اس کے پاس پستول ہے اس سے چھین لو یہ مجھے گولی مار دے گا اس کی آواز سن کر کچھ لوگوں نے مجھے پکڑنے کی کوشش بھی کی مگر میرا گریبان اس کے ہاتھ میں تھا' اسی چھینا جھپٹی میں ایک گولی چلی۔

اس اچانک آواز سے میں ڈر گیا تھا شاید یہ میرے پستول ہی کی گولی ہو' میں نے یہ سوچ کر باہر کی جانب بھاگنا چاہا تو چوکیدار نے مجھے پکڑ لیا' اور مجھ سے پستول بھی چھین لیا۔

وہ چپ ہوا تو سجاد احمد طنزیہ لہجے میں بولا۔

"لگتا ہے' ڈرائنگ روم کی سیر نے بھی تمہیں سچ بولنے پر نہیں اکسایا۔ ابھی کوئی کسر باقی ہے' سوچ لو یہاں تو آکر پتھر بھی بولنے لگتے ہیں۔ تو تو... پھر

نیکی کی ہدایت

کسی دوسرے شخص کو کسی نیک کام پر آمادہ کرنا بھی بہت ثواب کا کام ہے۔ اگر ایک شخص کی کوشش سے کوئی دوسرا شخص کسی نیک کام پر تیار ہو جائے تو اس نیک کام کا جتنا ثواب کرنے والے کو ملے گا اُتنا ہی ثواب اُس شخص کو بھی ملے گا جس نے اس نیک کام میں اُس کی رہنمائی کی ہے۔

لہٰذا جب کسی شخص کو کوئی اچھی بات بتانے یا کسی نیکی کا مشورہ دینے کا موقع ملے تو اس سے گریز نہیں کرنا چاہیے۔ البتہ اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ اس کام کے لیے ایسا طریقہ اختیار کیا جائے جس سے سننے والے کی رسوائی یا دل آزاری نہ ہو۔ مجمع میں روک ٹوک نہ کی جائے اور انداز متکبرانہ اور حقارت آمیز نہ ہو بلکہ تنہائی میں ایسے نرم لہجے کے ساتھ بات کی جائے جس میں دل سوزی اور دردمندی اور خیر خواہی نمایاں ہو۔ اس کے لیے ایسے وقت کا انتخاب کیا جائے جس میں سننے والے کا ذہن مشوش نہ ہو۔ غرض حکمت اور خیر خواہی کا لحاظ رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

(مرسلہ: محمد حذیفہ پاپوش نگر، کراچی)

بندہ ہے۔"

جاؤ اسے اشرف سمجھا اسے اور لے جاؤ۔..... ابھی ریمانڈ ختم ہونے میں دس روز باقی ہیں۔ دس دن کا مہمان ہے یہ..... کوشش کر دیکھو اگر نہ مانا تو سجاد احمد کی سبکی ہوگی۔ ساری شہرت داغ دار ہو جائے گی۔"

وہ قبل کر گئے کہ ایک بار پھر فون کی تیز گھنٹی بجنے لگی۔

سجاد احمد نے فوراً ریسیور اٹھایا۔ دوسری طرف سے تحکمانہ آواز آئی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

"ملک قیصر بول رہا ہوں۔ تمہارے حلقے کا ایم این اے۔"

"جی سر...... جی سر...... کیسے ہیں آپ جی میں سن رہا ہوں" سجاد احمد نے روایتی جملوں سے استقبال کرتے ہوئے کہا۔

"یہ میرے نہایت عزیز اور بھائی وہاج افضل بیٹھے ہیں۔ ادھر تمہارے قریبی بینک کی ایک شاخ میں قتل ہوگیا ہے۔ سنا ہے قاتل بھی تمہاری گرفت میں ہے' ہاں سنا ہے جائیداد وغیرہ کا کوئی جھگڑا چل رہا تھا۔ یار اسے جلد از جلد فارغ کردو اور ذرا مضبوط کیس بنا کر عدالت کے حوالے کردو۔ رعایت نہیں برتنی۔ سنا تم نے۔" اسی رعب دار آواز میں کہا گیا۔

"مگر سر...... ملزم تو انکاری ہے کہ قتل اس نے نہیں کیا۔" سجاد احمد نے آہستگی سے جواب دیا۔

"واٹ...... و...... ا...... ٹ" اس نے رک رک کر تیز لہجے میں کہا۔ "یعنی آلہ قتل کے برآمد اور رنگے ہاتھوں گرفتار ہونے پر بھی وہ قتل سے انکار کرسکتا ہے۔ دیکھو...... ذرا دھیان سے اس کیس کو ہینڈل کرو۔ اور پس ماندگان کے ساتھ پورا طرح انصاف ہونا چاہیے۔"

ادھر سے پھر وہی آواز آئی۔

"میں دلچسپی کے ساتھ کیس کو ڈیل کررہا ہوں' سر۔" سجاد احمد نے بتایا۔

"اوکے...... کہیں کوئی سفارش اور رخنہ اندازی ہو تو مجھے بتانا۔ یہ آپ کے پاس اس بارے میں آنے رہیں گے۔" یہ کہہ کر ایم این اے کا ٹیلی فون بند تو ہوگیا' مگر سجاد احمد کے لیے ایک نئی کھڑکی کھول گیا۔ ایک نئی راہ۔

ہوسکتا ہے...... مگر پکی گواہیاں' آلہ قتل کی موجودگی...... لیکن قاتل کا انکار...... یہ سب کیا تھا' جو اسے آہستہ آہستہ اپنی زنجیر میں جکڑنے لگا تھا۔ اگلے روز وہ پھر بینک کے ڈرائنگ روم میں بیٹھا تھا۔

❁...... ❁...... ❁

ادارے سرکاری ہوں یا پرائیویٹ۔ ان کے اپنے اپنے اصول وضوابط ہوتے ہیں۔ سر...... پھر ہم تو ملازم لوگ ہیں۔ سارا سارا دن ہاتھ میں اسکینر پکڑے آتے جاتے لوگوں کے جسموں پر پھیرتے رہتے ہیں ہماری ذمہ داری تو آنے والے لوگوں سے کوئی ناجائز چیز پکڑنا ہوتی ہے' کوئی اسلحہ یا کوئی بھی مشکوک چیز تحویل میں لینا' یا اس کی نشاندہی ہوتی ہے۔ مگر صاحب ادارے کے ملازموں کی تلاشی لینا تو ہماری ذمہ داری نہیں ہے۔ اگر بڑے افسران ہمیں کہیں تو ایسا بھی کرسکتے ہیں' مگر آج تک کبھی کسی افسر نے ہم سے نہیں کہا۔"

بینک کے اس روز ڈیوٹی پر موجود گن مین زیارت خان نے بیان دیتے ہوئے کہا۔

"تو کیا ہر ملازم بھی اسلحہ لے کر بینک اوقات میں اندر باہر آجاسکتا ہے۔" سجاد احمد نے جرح کرتے ہوئے پوچھا۔

"ہاں جی اور پھر رشید واہلہ تو بہت کنجر قسم کا بندہ تھا جی...... اللہ معاف کرے' فوراً ماں بہن ایک کردیتا تھا...... بڑے افسروں کی مونچھ کا بال تھا...... اس کی بیلٹ میں ہر وقت جدید اور اعلیٰ نسل کا پستول لٹکا ہوتا تھا اور وہ دن میں کئی کئی مرتبہ برانچ میں آتا جاتا رہتا تھا۔"

زیارت خان ہر بات بڑی تفصیل سے بتا رہا تھا۔

"زیارت خان پھر تو تمہارا یہ اسکینر پکڑ کر ہر وقت کھڑے رہنا تو بے کار ہوا ناں......" سجاد احمد نے پوچھا۔

"یہی سمجھ لیں جی...... ہمیں کہیں گے تو ہم اس پر عمل کریں گے۔"

"اس روز کیا ہوا تھا۔" سجاد احمد نے اس سے پوچھا۔

"پتہ نہیں جی' ہم تو ادھر گیٹ کے پاس کھڑا تھا' اندر برانچ میں شور مچا' میں بھی دروازے سے اندر آیا'

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تو پتہ چلا کچھ جھگڑا ہو گیا ہے اور پھر کسی نے بڑی تیزی سے کہا۔

"گیٹ بند کرو بھاگنے نہ پائے..... میں نے فوراً گیٹ بند کر دیا' چٹخنی لگا دی تو یہ اپنا..... نہیں نہیں اللہ معاف کرے' اپنا نہیں...... یہ حمید وابلہ بھاگا ہوا آیا' اس کے ہاتھ میں پستول تھا۔ میں نے اس سے چھیننا چاہا' پہلے تو اس نے مجھے دھکا دے کر گرانے کی کوشش کی مگر میں نے اسے پچھاڑ دیا اور اس سے پستول چھین لیا۔

اس کے بعد کچھ لوگ اس کے برادر رشید وابلہ کو سہارا دے کر لائے' بینک کی جیپ میں اسے ڈالا' اس وقت اس کے جسم سے بے حد خون بہہ رہا تھا۔ اس کے جاتے ہی کچھ اور لوگ اسے اسپتال دیکھنے دوڑ گئے۔ اسٹاف کا معاملہ تھا نہ جی' میں نے حمید وابلہ کو منیجر کے کمرے میں بٹھا دیا۔ پھر پولیس آ کر اسے لے گئی' اور پستول بھی میں نے ایک پولیس والے کو پکڑا دیا تھا۔

"مجھے نہیں پتہ ان کے درمیان جھگڑا کس بات کا تھا' یا کیا ہوا تھا' بہرحال برا ہوا' کیا زمانہ آ گیا ہے جی' بھائی بھائی کے خون کا پیاسا ہو گیا ہے۔"

زیارت خان کو اس سے بڑھ کر اور کچھ معلوم نہ تھا' اس لیے تفصیل کے ساتھ اس کا بیان قلم بند کرنے کے بعد اسے پولیس اسٹیشن لے جانے کی اجازت دے دی گئی۔

بے پناہ تشدد اور ہر حربہ استعمال کرنے کے باوجود حمید وابلہ کا یہی بیان تھا کہ اس نے گولی نہیں چلائی' البتہ اس کا جرم اتنا ضرور تھا کہ اس نے اپنا پستول صرف ڈرانے کے لیے رشید وابلہ کے جسم کے ساتھ لگایا تھا لیکن اس نے تو اپنی انگلی بھی ٹریگر سے باہر رکھی ہوئی تھی۔ مبادا جذبات میں آ کر اس سے گولی نہ چل جائے۔ اس کے اس بیان نے پولیس کو مخمصے میں ڈال دیا تھا۔ سوال یہ پیدا ہوتا تھا کہ اگر اس نے گولی نہیں چلائی تو پھر گولی کس نے چلائی تھی۔ پوسٹ مارٹم کی رپورٹ کے مطابق گولی بالکل نزدیک سے چلائی گئی تھی اور حمید وابلہ کے مطابق جہاں اس نے پستول لگا رکھا تھا' اس جگہ گولی کا نشان مقتول کے جسم پر واضح ہو رہا تھا۔

یہی سوچ کر اگلے دن سجاد احمد نے پریسہ کو تھانے بلایا تھا۔

کیس کو الجھتا دیکھ کر سجاد احمد نے نئے رخ سے اس کی تفتیش کرنا شروع کر دی تھی۔ محض اس خیال سے کہ شاید کوئی اور نشان کوئی اور کڑی مل جائے' جس سے کیس درست سمت اختیار کر جائے' کیونکہ قاتل حمید وابلہ کا بھی بیان تھا کہ اس نے قتل نہیں کیا۔

پریسہ اس روز بن ٹھن کر پولیس اسٹیشن آئی تھی۔ ایسے لگ رہا تھا جیسے پہلی بار اس کے جوبن پر بہار آئی ہو۔ گو جس طرح کا سیاہ لباس اس نے پہن رکھا تھا' اس کی سوگواریت پر دلالت کرتا تھا۔ مگر پہلی نظر میں دیکھنے والا کسی طرح بھی یہ اندازہ نہیں کر سکتا تھا کہ یہ حال ہی میں قتل ہونے والے رشید وابلہ کی بیوہ ہے۔

سجاد احمد نے اسے کمرے میں آتے دیکھ کر چپڑاسی کو دروازہ بند کرنے کا کہا' وہ مسکراتے ہوئے آ کر اس کے سامنے کھڑی ہو گئی تھی اور پھر بڑے والہانہ انداز میں پوچھنے لگی۔

"کیا آپ آنے والوں کو بیٹھنے کا نہیں کہتے۔"

"اوہ شاید میں بھول گیا ہوں۔ معذرت خواہ ہوں' آپ بیٹھیں۔" سجاد احمد نے اسے ہاتھ سے اشارہ کر کے کہا۔

"شکریہ....." اسے لگا جیسے قیامت بیٹھ گئی ہو۔

"اتنے سارے شواہد کے ہوتے ہوئے اور قاتل کے ہاتھ سے آلہ قتل برآمد ہونے کے باوجود آپ کو لگتا ہے کہ میرے شوہر کا قتل کسی اور نے کیا ہے؟" اس نے شکوے کے انداز میں کہا۔

"جی اب تو کچھ کچھ مجھے بھی یقین سا ہونے لگا ہے کہ واقعتاً یہ قتل کسی اور نے کیا ہے' حمید وابلہ تو

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

صرف استعمال ہوا ہے۔" سجاد احمد نے اس کی نیلی مگر کجراری آنکھوں میں جھانکتے ہوئے بتایا۔

"کیا...... کیا آپ کو مکمل یقین ہے۔" اس نے حیرانگی سے پوچھا۔

"دیکھیے مسز رشید...... ہم نے اپنا ہر حربہ اس پر استعمال کر کے دیکھ لیا' تھرڈ ڈگری انداز تفتیش بھی اس پر کارگر نہیں ہوا۔ اس کا صرف ایک ہی بیان ہے کہ قتل اس نے نہیں کیا اور وہ اس سلسلہ میں بے قصور ہے۔"

"کمال ہے اس کا یہ مطلب ہوا کہ آپ کی تفتیش ناکامی کا منہ دیکھنے جا رہی ہے۔" اس نے مسکراتے ہوئے چوٹ کی۔

"آپ جیسے ذہین' خوبصورت اور محقق آفیسر کا یہ احساس شکست کچھ اچھا نہیں لگا۔" اس نے طنز کے سہارے تیر برسانا شروع کر دیے۔ تب اچانک سجاد احمد نے بھی پینترا بدلا۔

"کبھی کبھی خوبصورتی کے آگے ہتھیار بھی کند ہو جاتے ہیں۔ میرا مطلب ہے کہ میرے تمام تر ہتھیار اور حربے اس لیے ایک ہی بات کی ڈھال بنے رہے کہ یہ قتل اس نے نہیں کیا۔" سجاد احمد نے کہتے ہوئے اس کی آنکھوں میں جھانکا تو ایک ہلکی سی خوفزدہ سوچ وہاں تیرتے ہوئے نظر آئی۔ ٹھیک اسی لمحے سجاد احمد نے چوٹ کی۔

"اگر آپ برا نہ مانیں تو میں وہاج افضل کے بارے میں آپ سے کچھ پوچھ سکتا ہوں۔ دیکھیے یہ بھی ہماری تفتیش کا ایک حصہ ہے۔ آپ کا خاوند قتل ہوا ہے اور قاتل لاک اپ میں موجود ہے جو اس سے انکاری ہے پھر تیسرا شخص کون ہے؟ اسے میری طرح آپ کو بھی تلاش ہے' لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس قدر آپ کو اپنے خاوند کے قتل کا افسوس نہیں ہے' جس قدر رحید وہاب کو سزا دلوانے میں آپ اور وہاج دلچسپی لے رہے ہیں۔ کہیں نہ کہیں کوئی کمزور پہلو ضرور ہے جو شک کی بنیادوں کو یقین کی دیواریں بنا رہا ہے۔" سجاد احمد نے دھیرے دھیرے کہا۔

تو پریسا اپنی کرسی سے اچھل پڑی۔

"انسپکٹر صاحب' آپ کو ایک شریف عورت پر شک کرنے کی اجازت کس نے دی ہے۔"

"دیکھیے محترمہ! آپ نے بتایا کہ آپ کے اور مقتول رشید کے گھریلو تعلقات ٹھیک چل رہے تھے' مگر میرے اندازے کچھ اور کہہ رہے ہیں۔" بات کرتے کرتے سجاد احمد رک گیا۔

"آپ کا کیا اندازہ ہے' میں نے جھوٹ کہا ہے۔" پریسا خوفزدہ ہو کر بولی۔

"جی ہاں...... یہی کہ آپ کے گھریلو تعلقات ٹھیک نہیں تھے' چونکہ آپ کا خاوند نہ صرف شراب کا عادی تھا اس کے بازاری اور آوارہ عورتوں سے تعلقات بھی تھے اور پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ اپنے مفادات کے حصول کی خاطر بڑے بڑے آفیسرز کو ان کی من پسند لڑکیاں بھی سپلائی کرتا تھا۔ کیا میں جھوٹ کہہ رہا ہوں۔" سجاد احمد تھوڑی دیر کو رکا...... پھر اس کی طرف غور سے دیکھنے لگا' تو اسے ایسا لگا' جیسے پریسا اندر سے کہیں ٹوٹ گئی ہو۔ اس کی خوبصورت آنکھیں چھلک پڑیں۔

"آپ کا اندازہ درست ہے آفیسر...... رشید وہاب مجھے شروع سے ہی پسند نہ تھا' لیکن چونکہ ہماری شادی ایک خاندانی معاملہ تھا اس لیے بڑوں کے فیصلوں کی سلیبوں پر ہم جیسی لڑکیوں کو چپ چاپ چڑھنا پڑ جاتا ہے۔ اس کی بجائے مجھے وہاج افضل پسند تھا۔ ہم ایک دوسرے سے محبت بھی کرتے تھے لیکن اسے آپ اور میں صرف تقدیر کہہ سکتے ہیں۔ میں رشید کی بیوی بن گئی یہاں آ کر جب میں نے رشید کا رویہ اور اس کی اڑتی ہوئی شہرت سنی تو اس نے مجھے اس سے بدظن کر ڈالا اور میرا جھکاؤ ایک بار پھر وہاج افضل کی طرف ہو گیا۔ اسی اثنا میں دونوں بھائیوں کے درمیان

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

جائیداد کا جھگڑا اٹھ کھڑا ہوا۔ رشید اپنی حرکتوں کے سبب گھر میں بھی اکثر دیر سے آتا اور کئی کئی بار تو وہ کسی بہانے گھر سے بھی کئی کئی روز غائب رہتا تھا' اس کی مذموم حرکات کا اکثر و بیشتر مجھے علم ہو جاتا تھا۔

وہاج افضل نے کئی بار مجھے اس سے خلع لینے کا مشورہ دیا' مگر میں ٹال گئی' لیکن آپ جس طرح مرضی اطمینان کرنا چاہیں تو ہم حاضر ہیں' کہ اس کے قتل میں ہمارا کوئی عمل دخل نہیں ہے۔" پریسہ نے روتے ہوئے ہولے ہولے بتایا۔

"دیکھو محترمہ! مجھے آپ کے ذاتی معاملات سے کوئی غرض نہیں' میں نے تو اس قتل کا مسئلہ حل کرنا ہے جو میرے نزدیک کسی برے بندے کا نہیں' ایک جیتے جاگتے انسان کا قتل ہے اور میں اس معاملے میں بہت دور اور کہیں تک بھی جا سکتا ہوں۔ بہر حال اب آپ تو جا سکتی ہیں' آخر میں میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آپ کے اور وہاج افضل کے تعلقات کا کس کس کو علم ہے۔"

"میرے اندازے میں ابھی تک کسی کو نہیں۔" اس نے روتے ہوئے بتایا۔

"ٹھیک ہے اب آپ گھر جائیں اور کسی بھی وقت قانونی ضرورت کے تحت آپ کو دوبارہ بلایا جا سکتا ہے۔" سجاد احمد نے بتایا۔

"میں حاضر ہوں۔" پریسہ نے اپنے پرس سے ٹشو نکال کر اپنی بھیگی آنکھیں صاف کیں اور اٹھ کر باہر نکل گئی۔

❁......❁......❁

ایگزامن رپورٹ پولیس اسٹیشن میں اس کے میز پر پڑی تھی۔ جس میں واضح طور پر لکھا ہوا تھا' کہ پستول کے میگزین میں موجود گولیوں سے مقتول کو لگنے والی گولی میچ نہیں کرتی' اگرچہ میگزین میں ایک گولی کم تھی' مگر رشید واہلہ کے جسم سے برآمد ہونے والی گولی ان سے میچ نہیں کرتی تھی' جس کا مطلب یہ تھا کہ حمید واہلہ کا بیان سچ تھا کہ اس کے بھائی کے جسم سے نکالی جانے والی گولی اس کے پستول کی نہ تھی' پھر یہ گولی کس نے چلائی تھی' کسی کو اس کے ساتھ کیا دشمنی ہو سکتی تھی۔

حمید واہلہ دوبارہ ریمانڈ پر پولیس اسٹیشن پر موجود تھا اور آج اس کا یہاں آخری دن تھا۔

تب سجاد احمد نے ایک بار پھر اسے بلا کر پوچھا۔

"دیکھو...... اگر تم قاتل نہیں ہو تو پھر اسے کس نے قتل کیا ہے۔ تمہیں کوئی شک شبہ......"

"یقین کریں صاحب جی...... میں بالکل نہیں جانتا...... کہ اسے کس نے قتل کیا ہے۔ وہ زانی تھا۔ شرابی تھا اور وہ بڑے لوگوں کو لڑکیاں بھی سپلائی کرتا تھا' یہاں تک کہ اسٹاف میں بھرتی ہونے والی لڑکیاں بھی اس کی پہنچ سے دور نہ تھیں۔ آپ تو جانتے ہیں' کہ اپنی ترقی کی خاطر یہ بیچاریاں کیا کچھ نہیں کر گزرتیں۔ وہ اکثر جب سیدھے ہاتھ سے گھی نہ نکلتا دیکھتا تو بڑے مذموم ہتھکنڈے استعمال کرنے لگتا تھا اور جب تک وہ اپنے مقصد کو حاصل نہ کر لیتا تھا' وہ ان کے اردگرد کا دائرہ تنگ کرتا جاتا تھا۔ ہاں یاد آیا' وہ پچھلے کچھ دنوں سے زونیلہ جو کہ نئی نئی عارضی آفیسر بن کر اس برانچ میں آئی تھی' اس کو ورغلا رہا تھا' جس کی وجہ سے وہ بے حد پریشان رہتی تھی۔

ایک روز اس نے بھائی رشید کی شکایت مجھ سے بھی کی تھی۔ تب میں نے اسے تسلی دے دی تھی کہ میں اس کے لیے کچھ کروں گا مگر اسے میری بزدلی جانئیے کہ میں رشید بھائی سے کچھ نہ کہہ سکا...... زونیلہ دبلی پتلی اور انتہائی خوبصورت لڑکی تھی' وہ اکثر مجھ سے ہنستے ہوئے کہتی تھی۔

"حمید بھائی...... یہ حسن بھی بڑی زحمت ہے' یہ جس کو مل جائے اس کے لیے عذاب بن جاتا ہے' اب دیکھو اس ادارے میں مجھے جاب ملی تو میں خوش تھی' کہ ایک معتبر ادارے میں ملازمت مل گئی ہے۔ اب میری عزت اور میری آبرو محفوظ رہے گی' مگر یہاں بھی میر

SCANNED BY DIGESTPK

ے اردگرد بھوکے گدھ منڈلانے لگے ہیں۔ سوچ رہی ہوں کہ میں استعفیٰ دے دوں' ایک عزت ہی تو ہوتی ہے غریب عورت کے پاس...... وہ بھی نہ رہے تو جینا کس کام کا۔

میں نے اسے بے حد روکا' مگر میرا اپنا بھائی اس کی عزت کے درپے ہو رہا تھا' اس روز بھی اس نے روتے ہوئے مجھے بتایا تھا کہ اب تو اس کا جینا دوبھر ہو چکا ہے' دو ہی راستے ہیں اس کے پاس' یا تو خودکشی اور یا پھر دوبارہ سے بے روزگاری۔

"تمہارے بھائی نے کل مجھے وارننگ دی تھی کہ اگر اس کی بات نہ مانی تو مجھے اغوا کرلیا جائے گا' کیونکہ اسے اپنا ایک ضروری کام نکلوانے کے لیے اس کی ضرورت ہے۔"

حمید نے آہستہ آہستہ اسے بتایا' تو اس کی سوچوں میں ایک دھماکا سا ہوا۔ وہ بولا۔

"ٹھیک ہے' لے جاؤ اسے اور صبح اسے عدالت میں پیش کردینا۔ دوبارہ ریمانڈ لینے کی ضرورت نہیں ہے' اب ایک نیا راستہ زوئیلہ کی صورت اس کو دکھائی دینے لگا تھا۔ اس نے اگلے روز پولیس اسٹیشن آتے ہی سب سے پہلا کام یہ کیا کہ بینک کی شاخ کے منیجر سے بات کی۔

"میں انسپکٹر سجاد احمد بول رہا ہوں۔" اس کی آواز سن کر دوسری طرف سے کچھ پوچھا گیا۔ تب وہ دوبارہ بولا۔

"مجھے تمہاری برانچ کی پروبیشنری آفیسر زوئیلہ سے اس قتل کی بابت کچھ انکوائری کرنا ہے' آپ اسے کچھ دیر کے لیے پولیس اسٹیشن بھجوا سکتے ہیں' کہیں تو میں اس سلسلے میں لیڈی پولیس کو بھجوا دوں۔"

"ہاں...... ہاں بھجوا دیں' لیکن احتیاط رہے کہ وہ سادہ کپڑوں میں ہو۔ پولیس کی وردی میں ہوگی تو ہماری بدنامی کے ساتھ ساتھ زوئیلہ بھی گھبرائے گی۔ وہ ایک بہت شریف اور گھریلو قسم کی لڑکی ہے۔ اس کی ہر طرح کی ضمانت خود میں دینے کو بھی تیار ہوں۔ اس کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی نہیں ہونی چاہیے۔"

"میں آپ کی توقعات پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا۔" اس نے یقین دہانی کرائی اور ایک لیڈی کانسٹیبل بینک بھجوا دی۔

کچھ دیر بعد زوئیلہ اس کے ساتھ پولیس اسٹیشن پر موجود تھی۔ وہ خاصی خوفزدہ اور گھبرائی گھبرائی لگ رہی تھی۔ اس کی بڑی بڑی آنکھوں سے خوف چھلک رہا تھا۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے بڑی فرصت کے ساتھ اسے بنایا ہو۔ مگر اب اس کا سرخ و سفید رنگ ہلدی کی طرح زرد ہو رہا تھا۔ سجاد نہیں چاہتا تھا کہ اس سلسلے میں اس کی اپنی شہرت پر کچھ آنچ آئے' اور پھر اسے اس کی جوانی پر بھی ترس آ رہا تھا۔

"دیکھیے انہیں پانی پلایئے اور ادھر قریب ہی بیٹھ جائیں لیکن ایک بات کا دھیان رہے کہ یہاں جو بھی گفتگو ہوگی اس کی بازگشت باہر سنائی نہ دے۔"

سجاد احمد نے اپنی ساتھی پولیس کانسٹیبل کو کہا تو وہ آہستہ سے بولی۔

"جی سر!" اس نے اٹھ کر پانی کا ایک گلاس زوئیلہ کے پاس رکھ دیا اور اسے پینے کو کہا مگر زوئیلہ نے انکار کردیا اور سہمے ہوئے لہجے میں پوچھا۔

"مجھے یہاں کس سلسلے میں لایا گیا ہے؟"

"وہ دراصل آپ کی برانچ میں جو رشید وابلہ کا قتل ہوا تھا' اس کی انکوائری میں آپ سے کچھ پوچھنا تھا۔" سجاد نے مطمئن لہجے میں کہا۔

"میرا اس سے کیا تعلق۔" اس کے اندر مری ہوئی کوئل بولی۔

اس کی آواز میں بلا کی نغمگی تھی۔ سجاد احمد اس کی خوبصورتی کے ساتھ اس کی آواز کے لوچ سے بھی گھائل ہونے لگا تھا۔

"دیکھو بی بی! بعض تعلق ایسے ہوتے ہیں جو نہ چاہتے ہوئے بھی کسی نام کے ساتھ جڑ جاتے ہیں۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اگر آپ میرے ساتھ تعاون کریں گی تو یہ آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ ورنہ سچ بلوانے کے لیے ہمیں دوسرے حربے بھی استعمال کرنا آتے ہیں۔"

یہ سن کر زوئیلہ کا رنگ دھلے لٹھے کی طرح ہو گیا۔ اس کی خوبصورت آنکھوں سے آنسو چھلکنے لگے۔ اس نے رندھی ہوئی آواز میں کہا۔

"پوچھیے' جو پوچھیں گے' میں سچ سچ بتادوں گی۔ ویسے بھی یہ حسن میرے لیے وبال بن چکا ہے' میں خود اپنی اس خوبصورتی سے تنگ آ چکی ہوں' جس نے مجھے ہر طرف سے گھیر رکھا ہے' اور مجھے بدنامی کی پاتال میں گرانا چاہتی ہے۔" وہ روتے ہوئے دھیرے دھیرے کہہ رہی تھی۔

"مجھے بس آپ کا اقبالی بیان چاہیے کہ یہ قتل آپ نے کیا ہے۔" سجاد احمد نے سیدھے الفاظ میں کہا تو وہ روتے ہوئے بولی۔

"دکھیں ...... !"

سجاد احمد نے لیڈی پولیس کانسٹیبل کو اشارہ کیا' تو وہ کاغذ قلم لے کر بیٹھ گئی۔ اب دھیرے دھیرے زوئیلہ بولتی جارہی تھی اور وہ لکھ رہی تھی' اس کے ساتھ ہی سجاد احمد نے ایک چھوٹا ٹیپ ریکارڈ بھی آن کر لیا تھا۔ زوئیلہ اپنا اقبالی بیان ریکارڈ کروانے لگی تھی۔

"میں زوئیلہ بنت عبداللہ بقائمی ہوش و حواس بیان دے رہی ہوں کہ میں رشید وابلہ کی قاتلہ ہوں۔ میں نے یہ قتل محض اپنی عزت بچانے کی خاطر کیا ہے۔

میرا تعلق ایک غریب گھرانے سے ہے' میں نے اپنی اعلیٰ تعلیم بھی جیسے تیسے پوری کی اور پھر بینک میں مجھے ملازمت مل گئی۔

مگر میری خوبصورتی جو ہمیشہ سے میری گھات میں تھی' یہاں بھی مجھے چین سے نہ رہنے دے رہی تھی۔ یہاں کے اعلیٰ افسران اب مجھے اپنے نشانے پر لینے کو تلے ہوئے تھے۔ ایسے ایسے بوڑھے...... جو عمر میں میرے والد کی عمر سے بھی زیادہ تھے' مجھے دیکھ کر ان کی رال ٹپکنے لگتی تھی۔ اب تو ان کی طرف سے خفیہ طریقوں سے تعاون کرنے کی پیش کشیں ہونے لگی تھیں اور ان کے بدلے میں میرے درخشاں مستقبل کی نوید بھی سنائی دینے لگی تھی' جسے میں بڑی ہمت سے ٹھکراتی چلی آئی تھی۔

اس معاملے میں ایک بار میں نے اسٹاف یونین کے کرتا دھرتا لوگوں سے بات کی ... تو انہوں نے بھی میری کوئی مدد نہ کی' بلکہ الٹا اس کے ایک رکن رشید وابلہ نے مجھ سے رابطہ بڑھا کر مجھے اس راستے پر چلنے کی پیش کش کی۔ جسے میں نے نہ صرف ٹھکرا دیا بلکہ اس کی اچھی خاصی کوشمالی بھی کروالی۔

لیکن اس کے باوجود وہ انتہائی ذلالت سے وقتاً فوقتاً مجھے زچ کرنے لگا تھا' پھر ایک روز تو اس نے وحشانی سے کہا۔

"زوئیلہ...... کیا ہے اگر تمہارے حسن کی خیرات کسی ایسے بندے کی جھولی میں گر جائے' یقین کرو ایسا کرنے سے نہ صرف وہ بندہ تمہارا زندگی بھر کا غلام ہو جائے گا بلکہ ترقی کے تمام دروازے بھی تم پر کھل جائیں گے' میری مانو...... تو عیش کرو گی عیش...... یہ جو تمہارے ارد گرد دوسری لڑکیاں یہاں ملازمت کر رہی ہیں اور دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہیں' اس کا سبب بھی وہی ہے...... جو میں نے تمہیں بتایا ہے' سوچ لو سب اچھی طرح...... میں نے اس کو نہ صرف دھتکار دیا بلکہ اس کی بے حد بے عزتی بھی کی اور اس کی شکایت اس کے چھوٹے بھائی حمید وابلہ سے بھی کی لیکن وہ بھی اس معاملے میں بے بس نکلا' مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ اس سے کس طرح چھٹکارہ حاصل کر سکتی ہوں۔

انہی دنوں میری منگنی اپنے رشتہ داروں میں ہو گئی' وجاہت نام کا ہی وجیہہ نہ تھا بلکہ وہ دل کا بھی بے حد خوبصورت انسان تھا۔ وہ ایسا تھا جس کی ہمراہی کی خواہش ہر لڑکی کرتی ہے' میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا تھا کہ مجھے وجاہت ایسا ساتھی ملا' میں اب جلد ہی

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ملازمت کو چھوڑنے والی تھی لیکن وجاہت کی چند مجبوریوں نے مجھے کام سے استعفیٰ دینے سے روکے رکھا' ان ہی دنوں رشید نے میرے اردگرد اپنے مذموم ارادوں کا گھیرا اور تنگ کرنا شروع کر دیا۔ میں نے اس کا ذکر وجاہت سے بھی کیا اور اپنی حفاظت کے لیے اس سے کہہ کر پستول کا لائسنس بھی لے لیا' اس نے اپنے خرچ سے کچھ پیسے بچا کر مجھے ایک سیکنڈ ہینڈ پستول بھی لے دیا جو میں اب اپنے پاس رکھنے لگی تھی۔

اس روز رشید واہلہ نے مجھے صریحاً دھمکی دی تھی۔

آخری بار تمہیں کہہ رہا ہوں' میری بات مانو گی تو خوش رہو گی' ورنہ کل تک تم اغوا ہو جاؤ گی پھر دیکھوں گا تم کیسے نخرے کرتی ہو۔۔۔ بہت دیکھ لیے تمہارے چونچلے۔

چونکہ اسٹاف کی تلاشی نہیں ہوتی' اس لیے میں پستول ہمیشہ اپنے دستی بیگ میں رکھتی تھی' اس روز رشید واہلہ اور اس کے بھائی حمید واہلہ کے درمیان جھگڑا ہوا' نوبت ہاتھا پائی تک آ پہنچی' میں یہ سب دیکھ رہی تھی پھر حمید واہلہ نے اسے صوفوں کے قریب گرا لیا اور اس کے جسم پر سوار ہو گیا' اس کے ہاتھ میں پستول دیکھ کر مجھے نہ جانے کیا سوجھا۔

میں نے دل میں دعا کی۔۔۔ کہ اللہ کرے حمید اسے قتل کر دے' حمید نے جب پستول کی نال اس کے گردوں پر لگائی تو رشید واہلہ ڈر کے مارے چیخ اٹھا۔

''بچاؤ۔۔۔۔ اس کے ہاتھ میں پستول ہے یہ مجھے جان سے مار دے گا۔'' کچھ لوگ اس کی طرف بھاگے' تو میرے ذہن میں نہ جانے کہاں سے یہ بات آئی کہ رشید واہلہ جیسے گند کو ہمیشہ کے لیے ختم ہو جانا چاہیے۔ یہ سوچ کر میں نے اپنے ہینڈ بیگ سے اپنا پستول نکالا اور بڑی پھرتی کے ساتھ ادھر جا پہنچی' نہ جانے کس نے حمید واہلہ کا ہاتھ پکڑ کر اونچا کر دیا تھا' اور اس سے اس کا پستول چھیننا چاہا میں نے فوراً اسی جگہ پر اپنا پستول رکھا اور اس کا ٹریگر دبا دیا۔۔۔۔ ایک ہلکا سا شور ہوا اور رشید واہلہ کی آواز آنا بند ہو گئی۔

''اوہ اس نے مجھے مار ڈالا۔۔۔۔'' حمید واہلہ ڈر کر بھاگا۔۔۔۔ لوگ اس کے پیچھے بھاگے اور میں اپنی سیٹ پر دوبارہ آ کر بیٹھ گئی۔ حمید واہلہ کو گرفتار کر لیا گیا تھا اور رشید واہلہ قتل ہو چکا تھا۔

ایک برائی ہمیشہ کے لیے ختم ہو چکی تھی اور میں مطمئن تھی کہ میرا نام اس قتل میں کبھی نہیں آئے گا مگر میری سوچ غلط تھی' آج میں بقائمی ہوش وحواس اس بات کا اقرار کرتی ہوں کہ رشید واہلہ کی اصل قاتل میں ہوں' میں ہوں۔''

اتنا لکھوانے کے بعد وہ ایک بار پھر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی۔ لیڈی کانسٹیبل نے اس کے بیان کے نیچے اس کے دستخط لیے اور اس کی باقاعدہ گرفتاری ڈال کر اسے حوالات میں بند کر دیا گیا۔

سجاد احمد نے اس کا بڑی سوچ بچار کے بعد چالان مکمل کیا۔ اور اس کے بیان کی روشنی میں بہت ہی نرم شقیں لگا کر اس کا چالان کر کے اس کی گرفتاری ڈال دی۔ کیا اس نے ایسا خدا ترسی کی وجہ سے کیا تھا' اس کی خوبصورتی سے مرعوب ہو کر کیا تھا یا اس کی جوانی پر اسے ترس آ گیا تھا۔ انتہائی نرم شقیں لگا کر مکمل ہونے والا یہ اس کا پہلا اور شاید آخری چالان تھا' اور گرفتاری بھی۔۔۔ اس نے ایسا کس لیے کیا یہ وہ آج تک نہیں سمجھ سکا۔ اس سے جب بھی پوچھا۔۔۔ تو اس نے یہی کہا کہ بند گلی میں تو اس کا اپنا سانس گھٹنے لگتا ہے' وہ اب قانون کی بند گلی میں زوبینہ کو ساری زندگی قید نہیں رکھنا چاہتا اس لیے اس نے یہ رعایت برتی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

فطری لغزش

شان شفیق

انسان خطا کا پتلا ہے۔ یہ انسانی فطرت کا خاصہ ہے۔ شاید اللہ تعالیٰ نے جس مٹی سے حضرت آدم علیہ السلام کو خلق کیا' اس مٹی کی کسی ذرے میں یہ فطرت شامل ہو' یہی تخلیق آدم سے لے کر آج تک انسان زندگی کے کسی نہ کسی مرحلے پر کوئی نہ کوئی خطا ضرور کرتا ہے۔ معاف کرنا شان کریمی ہے جس کی وجہ سے رب تعالیٰ ہر ہر قدم پر ہماری خطاؤں سے درگزر کرتا ہے اور ہمیں اچھائی کے راستے پر چلنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

ایک دوشیزہ کا افسانہ دل فریب' اس کی ایک لغزش نے اسے خود سے دور کر دیا تھا۔

جب میری آنکھ کھلی تو میں نے اپنے گرد سفید لبادوں میں خواتین کو دیکھا اور مجھے محسوس ہوا کہ میری دنیاوی زندگی ختم ہو چکی ہے اور میں دوسری دنیا میں آ گیا ہوں' لیکن سفید لبادوں میں ملبوس یہ کون تھیں کیا روحیں' کیا حوریں اور کیا' اب مجھ سے سوال ہوا چاہتے ہوں گے اسی دوران ایک دراز قامت مرد نظر آیا جس نے سفید گاؤن پہنا ہوا تھا۔

"اب یہ خطرے سے باہر ہے۔" میرے کانوں میں اس کی آواز آئی اور پھر میں اسی دنیا میں آ گیا جہاں اب تک رہتا رہا تھا۔ مجھے سب کچھ یاد آ گیا میرا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا اور اتنا شدید کہ فوراً ہی بے ہوش ہو گیا' اب میں اسپتال میں تھا۔ مجھے یہاں کون لایا تھا' میں اس بات سے واقف نہیں تھا' کچھ دیر ہی گزری تھی کہ ایک معمر شخص جس کے چہرے پر سفید داڑھی تھی اور خال خال سیاہ بال نظر آ رہے تھے' انہوں نے شیروانی پہنی ہوئی تھی سر پر جناح کیپ خاصے تندرست دراز قامت' تقریباً ساٹھ سال ان کی عمر رہی ہوگی نمودار ہوئے۔

"کیسے ہو بیٹے؟" وہ مجھ سے بڑی نرمی سے مخاطب ہوئے۔ میں ان کا چہرہ دیکھنے لگا۔

"کمزوری بہت زیادہ ہے بہت خون ضائع ہو گیا' انہیں آرام کرنے دیں۔" ڈاکٹر نے ان سے کہا۔

"بہرحال جس چیز کی ضرورت پیش آئے آپ مجھے اطلاع دے دیں۔" انہوں نے ڈاکٹر سے کہا پھر وہ چلے گئے۔ میں تقریباً دو ہفتے اسپتال میں پڑا رہا اور سوچتا رہا ایک بے یار و مددگار شخص جس کا اس دنیا میں خدا کے سوا کوئی نہیں تھا اور ملازمت کے لیے مارا مارا پھر رہا تھا' اس کی کیسی دیکھ بھال ہو رہی تھی۔ ایکسیڈنٹ کس گاڑی سے میرا ہوا تھا مجھے کچھ نہیں معلوم تھا۔ بہرحال بیس بائیس دن میں' میں ٹھیک ٹھاک ہو گیا' ایک دن ڈاکٹر نے مجھے بتایا کل مجھے فارغ کر دیا جائے گا' میں سوچنے لگا پھر وہی بیزاری کے دن ہوں گے' پھر وہی احساس محرومی ہوگا' پھر وہی تنہائیاں ہوں گی' ساڑھے چار سال کی عمر میں میری والدہ گزر گئیں اور تقریباً بارہ سال کی عمر میں میرے والد بھی اس دنیا سے رخصت ہو گئے اب بڑے بھائی کے رحم و کرم پر ہم تین بہنیں اور ایک میں جلد ہی بکھر گئے تھے' والد صاحب کے دور میں' میں نے کچھ پڑھ لکھ لیا تھا میں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

نے بڑے بھائی کا گھر چھوڑ دیا تھا' کالے سروالیاں کہاں شوہر کے بہن بھائیوں کو برداشت کرتی ہیں۔ اور دوسرے شہر میں چلا آیا' فن مصوری سے بے اندازہ لگاؤ تھا' ایسا کہ کسی بھی فرد کو سامنے بٹھا کر اس کی تصویر بنالیتا اور ریاضی بھی میرا پسندیدہ مضمون تھا' میں ابھی بھی سوچ رہا تھا کہ کہاں جاؤں گا' کہاں رہوں گا اور کیا کھاؤں گا' دیکھیے قسمت کہاں لے جاتی ہے اسی دوران وہ معمر شخص میرے کمرے میں داخل ہوئے۔

"کل تمہاری چھٹی ہوجائے گی' سیدھے میرے پاس چلے آنا' لو یہ میرا کارڈ' اس میں میرا نام اور پتہ درج ہے' فون نمبر بھی ہے۔" پھر کچھ سوچتے ہوئے انہوں نے جیب سے اپنا پرس نکالا اور سو روپے کا نوٹ میری طرف بڑھا دیا' یہ اچھی خاصی رقم تھی' ایک روپے کا چار سیر (کلو سے کچھ کم) آٹا بک رہا تھا' میں ان کا چہرہ دیکھتا رہ گیا۔ خدا جب مہربان ہوتا ہے تو ایسے ہی ذرائع پیدا کردیتا ہے' وہ فکر جو مجھے گھیرے ہوئے تھی ایک لمحہ بھی تو نہیں لگا اس کے ختم ہونے میں۔

دوسرے دن دس بجے کے قریب میری چھٹی ہوگئی باہر نکلا دیکھا یہ تو ایک پرائیویٹ ہسپتال تھا' لیکن مجھ سے کچھ طلب نہیں کیا گیا' سیدھا شیخ مطلوب الٰہی کی رہائش گاہ پہنچ گیا' دو ہزار گز پر بنی ہوئی کوٹھی گیٹ پر گارڈ موجود' میں نے اس کو کارڈ دکھا کر کہا۔ "شیخ صاحب نے مجھے بلایا ہے انہیں میرے آنے کی اطلاع دیدیں۔" ایک منٹ بھی نہیں لگا مجھے اندر بلا لیا اور میں ایک آراستہ ہال میں داخل ہوا جہاں سبز ایرانی قالین بچھا ہوا تھا' وہ وہاں میرے منتظر تھے۔ میں نے سلام کیا۔

"بیٹھو بیٹا۔" انہوں نے کہا اور میں سر جھکا کر بیٹھ گیا۔

"دیکھو بیٹا پہلی بات تو میں تم پر واضح کردوں' تمہارا حادثہ میری گاڑی سے نہیں ہوا' میں ایک جگہ جارہا تھا تو سڑک کے کنارے تمہیں پڑے دیکھا' گاڑی روک کر فوراً ڈرائیور سے اٹھوایا' تم لہولہان تھے' فوراً ایمرجنسی کا رخ کیا' زندگی تو اللہ کی دین ہے ہاں اگر تم کچھ دیر بے ہوشی کی حالت میں اور پڑے رہتے تو" اتنا کہہ کر وہ خاموش ہوگئے۔

"اب یہ بتاؤ کچھ پڑھا لکھا ہے' کیا کام کرسکتے ہو" میں نے اپنے کوائف انہیں بتادیے۔

"ٹھیک ہے کل سے اکاؤنٹنٹ کے ساتھ رہو' تمہاری ریاضی اچھی ہے جلد ہی کام پر قابو پالوگے۔" اگرچہ کامرس اور ریاضی میں فرق ہے لیکن پھر بھی مناسبت ہے۔

"جی بہتر ہے۔" میں نے جواب دیا۔

"کچھ اپنے بارے میں نہیں بتاؤگے۔" یہ سن کر میری آنکھوں میں آنسو آگئے۔

"چلو چھوڑو' سرونٹ کوارٹر کئی ایک خالی پڑے ہیں ایک میں رہائش اختیار کرلو ضرورت کی تمام چیزیں مہیا کردی جائیں گی' کچھ سامان تمہارے پاس بھی ہے۔"

"ہاں' سرائے میں پڑا ہے ایک بستر بند ایک اٹیچی۔"

"ٹھیک ہے وہ لے آنا' کھانے کے لیے ایک ملازمہ ہے ناشتہ' دوپہر کا کھانا' جو ناشتہ دان میں آفس لے جانا پڑے گا اور رات کا کھانا کوارٹر میں ٹھیک مغرب کے بعد پہنچ جائے گا۔" میں سوچنے لگا کیا دنیا میں ایسے سرمایہ دار بھی ہیں' ایسے مالکان بھی ہیں۔

"نام کیا ہے تمہارا؟"

"شہاب۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"شہاب تم اس حالت میں مجھے دیکھ رہے ہو' یہ نہ سمجھنا کہ میں بڑے باپ کا بیٹا رہا ہوں گا' میرے والد تو ایک غریب انسان تھے' بمشکل تمام گزر بسر ہوتی تھی' لیکن قدرت نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور آج میرے پاس سب کچھ ہے۔" انہوں نے کہا' کچھ دیر کے بعد میں رخصت ہو گیا اور اپنا سامان لا کر سرونٹ کوارٹر میں رکھ دیا۔ زندگی میں ایک ٹھہراؤ پیدا ہو گیا تھا۔ میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا وہ کچھ مجھے مل گیا تھا' اکاؤنٹس پر جلدی ہی میں نے قابو پالیا' چھ ماہ کا عرصہ اس طرح گزر گیا کہ پتہ ہی نہیں چلا' اسی دوران مجھے سن گن محسوس ہوئی کہ شیخ صاحب کی لڑکی کی شادی کی تیاریاں ہو رہی ہیں' لیکن میرا تعلق تو دفتر سے تھا اور شیخ صاحب کے خاندانی معاملات سے میرا کیا تعلق ہو سکتا تھا۔ میں نے تو کبھی ان کی صاحبزادی کو دیکھا بھی نہیں تھا' پھر سرونٹ کوارٹرز کے بیرونی دروازے مخالف سمت کھلتے تھے ہاں ایک چھوٹا دروازہ احاطے کے اندر بھی تھا جہاں سے ملازمہ مجھے ڈرائیور' حنیف اور گارڈ کو کھانا دے جاتی تھی' شیخ صاحب نے اپنے ملازمین کو کافی سہولتیں دے رکھی تھیں۔ ان کے ایک رشتے کے بہنوئی جوان سے ایک دو سال ہی بڑے ہوں گے' وہ فرصت کے اوقات میں اکثر میرے پاس آ جاتے اور ادھر ادھر کی باتیں ہونے لگتیں۔

شادی کی تیاریاں پورے زور شور سے جاری تھیں اور آخر کار وہ دن بھی آ گیا جب بارات آنے والی تھی' میں اس وقت اپنے کوارٹر میں تھا اس لیے کہ اتوار کا دن تھا' کھانے پر تمام ملازمین کو مدعو کیا گیا تھا اور ابھی اس میں وقت تھا۔ اچانک گیارہ بجے کے قریب شیخ صاحب کے بہنوئی میرے کمرے میں آئے۔

"شہاب میاں جلدی سے تیار ہو جاؤ۔" انہوں نے عجیب سے لہجے میں کہا۔

"منظور صاحب ابھی تو بہت وقت پڑا ہے' بارات آئے گی' نکاح ہو گا پھر کہیں جا کر کھانا کھلے گا۔" یہ سن کر وہ میرا چہرہ دیکھنے لگے۔

"مسئلہ بگڑ گیا ہے' صاحبزادے۔ بارات نہیں آ رہی۔"

"کیا کہہ رہے ہیں آپ' بارات نہیں آ رہی۔"

"ہاں ہمارے سالے صاحب بہت زیادہ پریشان ہیں۔"

"لیکن کیوں؟"

"یہ تو میں بھی نہیں جانتا۔" انہوں نے کہا۔

"سمجھ میں نہیں آیا' میں جلدی سے کیوں تیار ہو جاؤں۔" یہ سن کر منظور صاحب کے چہرے پر ایک ٹھہراؤ پیدا ہو گیا۔

"میری بات سنو شہاب میاں' ان کی یہ پریشانی دیکھ کر اچانک میرے ذہن میں تمہارا خیال آیا۔"

"میرا خیال آیا' میں سمجھا نہیں آپ کی بات۔" میں نے ان کی بات کاٹ کر کہا۔

"مراد یہ کہ تم ان کی بیٹی سے نکاح کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔" یہ سن کر میرا دماغ گھوم کر رہ گیا۔

"کیا کہہ رہے ہیں آپ۔"

"میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ تمہارے حق میں ہے۔"

"لیکن منظور صاحب میں ان کا ایک ادنیٰ ملازم' میری حیثیت کیا۔"

"اس گھرانے کے فرد بن جاؤ گے۔" یہ سن کر میں سوچنے لگا۔

"کیا شیخ صاحب اس کے لیے تیار ہیں۔"

"انہوں نے منظوری دے دی ہے۔ تمہارے ساتھ ان کا رویہ کیسا رہا ہے' وہ ایک خدا ترس انسان

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ہیں۔"

یہ سن کر مجھے شیخ صاحب کے احسانات یاد آ گئے حقیقت میں مجھ جیسے بے سہارا انسان کو انہوں نے سہارا دیا تھا اور اب جبکہ میں ان کے وقار اور عزت کو بچانے کے لیے کچھ کر سکتا ہوں تو مجھے کرنا چاہیے ان کی بیٹی کیسی تھی' کیسا مزاج تھا بارات کیوں آتے آتے رک گئی تھی ان تمام باتوں کے سوچنے کا وقت نہیں تھا' کچھ مثبت پہلو ابھر کر سامنے آ گئے تھے اور اب جبکہ تقدیر نے اس مقام پر مجھے لا کھڑا کیا تھا تو مجھے تقدیر کے اس فیصلے کو تسلیم کر لینا چاہیے اور میں تیار ہو گیا۔

❀ ...... ❀ ❀

وہ پہلی رات' جسے سہاگ رات کہا جاتا ہے جب میرے کانوں نے راحیلہ کی زبان سے نکلتے ہوئے یہ الفاظ سنے۔ "خبردار مجھے ہاتھ نہ لگانا' یہ محض ایک اتفاقیہ اور حادثاتی شادی ہے۔" تو میں گم صم ہو کر رہ گیا' پہلی رات جو دلہن کا حیا اور شرم میں ڈوبا ہوا انداز ہوتا ہے ایسی کوئی بات نہیں تھی حاکمیہ انداز اور بے ساختگی اور بڑے پن کا احساس میں بالکل خاموش رہا ایک نظر اس کے سراپا پر ڈالی وہ دراز قامت خوبصورت لڑکی تھی۔

"وہ سامنے سونے کا بندوبست ہے جا کر سو جاؤ۔" کس قدر تلخ لہجہ تھا اس کا جیسے ملازموں کو مخاطب کیا جاتا ہے۔

"اور اس عظیمہ سرونٹ کوارٹر سے اپنا ٹوٹا پھوٹا سامان لانے کی بھی ضرورت نہیں۔" میں نے ان طنزیہ باتوں کا کوئی جواب نہیں دیا اور خاموشی سے صوفے پر دراز ہو گیا انتظار تھا کہ صبح ہو مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میری کسی آزمائش کا وقت شروع ہو گیا تھا راحیلہ کو جانا کہاں تھا کوئی سسرال تو اس کی تھی نہیں شیخ صاحب کی دوسری کوٹھی جو چار سو گز پر بنا ہوا ایک بنگلہ تھا وہ ہمیں دے دیا گیا تھا جس کے در و دیوار مجھے کاٹنے کو دوڑنے لگے تھے۔ وہی راحیلہ کی سسرال تھی اور وہی میرا قید خانہ۔

وہ رات جو سہاگ رات تھی درحقیقت سوگ کی رات تھی' مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میں بک گیا ہوں اور یہ سودا مشکور صاحب نے کرایا تھا انسان تو بکتا ہے جزوی طور پر اور یہ ملازمت کہلاتی ہے' لیکن بے خبری میں میں تو کلی طور پر بک چکا تھا۔ راحیلہ کی والدہ آسیہ بی اور میری نام نہاد ساس نے اندازہ لگا لیا کہ راحیلہ کا رویہ میرے ساتھ اچھا نہیں تھا ایک روز اتفاق سے میں نے ماں بیٹی کی باتیں سن لیں۔

"راحیلہ تمہارا رویہ شہاب کے ساتھ مناسب نہیں۔"

"تو کیا میں اس کی جوتی کو سر پر چڑھا لوں۔"

"جوتی کو تو سر پر اسی لیے چڑھایا گیا کہ تم نے حرکت ہی ایسی کی تھی جہاں تمہاری بات پکی ہوئی تھی وہ بارات نہیں لائے اور لفافے میں بند کر کے کچھ نازیبا حالت میں تمہاری تصویریں بھیج دیں اور ایک پرچے پر لکھ دیا ہم بارات لانے سے قاصر ہیں۔" راحیلہ ماں کا چہرہ دیکھنے لگی۔

"تصویریں بھیج دیں۔" راحیلہ نے گردن جھکالی۔

"تمہارے ڈیڈی کی آنکھیں شرم سے جھک گئیں' اتنا گہرا صدمہ دل پر لیے بیٹھے ہیں کہ میں بیان نہیں کر سکتی۔" میں خاموشی سے یہ بات چیت سن کر پچھلے گیٹ سے باہر نکل گیا تاکہ انہیں یہ احساس نہ ہو کہ میں موجود تھا' مجھے شدید بھوک لگ رہی تھی اس لیے میں مون ویو ریسٹورنٹ چلا گیا جو قریب ہی تھا۔

میری ذات میں ایک فنکار' ایک آرٹسٹ پوشیدہ تھا اور یہ عطیہ خدا نے جہاں ہزار محرومیاں میری قسمت میں لکھ دی تھیں دیا تھا۔ میں حسن پرست تھا یہ حسن خواہ فطرت

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

کا حسن ہو یا کسی شخصیت کا' راحیلہ مجھے پسند تھی اور دل کی گہرائیوں سے' لیکن ایک بات اس میں احساس کہاں ہوتا ہے' میں کسی بھی تصور کو کینوس پر منتقل کرسکتا تھا' موڈ ویو میں ابھی آ کر بیٹھا ہی تھا کہ پندرہ سولہ سال کا ایک لڑکا آیا اور اس نے کہا مشکور صاحب آپ کو یہ لفافہ دے گئے ہیں۔ پھر وہ فوراً ہی چلا گیا' سفید رنگ کا یہ لفافہ خاصا بڑا تھا' کھولا ہی تھا کہ چند پوسٹ کارڈ سائز کی تصاویر پھسل کر سنگ مرمر کی میز پر گر گئیں اور ان کو دیکھ کر میرا دماغ گم صم ہو گیا' یہ نازیبا حالت میں راحیلہ کے پوز تھے۔

''مشکور صاحب ہرگز یہ تصاویر نہیں بھجوا سکتے' یہ کوئی گہری سازش ہے۔ یہ کوئی اور ہی شخص ہے' اس کا کیا کردار ہوگا' وہ اس حرکت سے ظاہر ہے' میں نے سوچا' ایک ہی وقت میں ماں بیٹی کی بات چیت اور پھر اجنبی لڑکے کے ہاتھوں ان تصاویر کا ملنا' میں راحیلہ کی نفرت کے جواب میں اسے آئینہ دکھا سکتا تھا لیکن وہ میری چاہت تھی اور میری سوچ' اس نے اس شکستہ آئینے کو اور بھی میری نگاہوں میں عزیز تر بنا دیا تھا' ہاں اس کے بعد میں نے راحیلہ کے رویے میں کسی قدر تبدیلی محسوس کی' وہ اکثر کچھ کھوئی کھوئی محسوس ہوتی' کچھ الجھی الجھی' اور میں خاموش تھا' شدت سے اس وقت کا منتظر' ایک ہفتہ ہی گزرا تھا کہ شیخ مطلوب الٰہی پر دل کا دورہ پڑا اور وہ اللہ کو مطلوب ہو گئے' بھائیوں نے فوراً ہی کاروبار کو تقسیم کرنے کا ارادہ کیا' آپ بی مجسم سوگ بن گئی تھیں اور ان کی عدت بھی پوری نہیں ہوئی تھی کہ اس دنیا سے گزر گئیں' اب کیا رہ گیا تھا' بھائیوں نے جائیداد کا ایک مخصوص حصہ اور کچھ روپیہ پیسہ راحیلہ کے نام کر دیا' بہرحال پھر بھی بہن کا خیال کر لیا تھا۔ ایک ماہ ہی گزرا تھا کہ ایک روز راحیلہ میرے کمرے

حکمت

ایک دن اکبر بادشاہ کو سر راہ کوئی اس کا بچپن کا دوست مل گیا۔ جب اس کے دوست کو یہ معلوم ہوا کہ اس کا دوست اکبر بادشاہ ہو گیا ہے تو اس نے اکبر بادشاہ سے اپنی کسی ضرورت کا اظہار کیا تو اکبر بادشاہ نے کہا کہ تم میرے محل میں آ جانا جب وہ غریب دوست اس کے محل میں پہنچا تو اس نے دیکھا کہ اس کا دوست اکبر بادشاہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھائے اللہ تعالیٰ سے کچھ طلب کر رہا ہے۔ تو وہ الٹے پاؤں یہ کہتا ہوا واپس چلا گیا کہ جب اکبر بادشاہ ہو کر اس سے مانگ رہا ہے جس سے سب طلب کرتے ہیں تو ہم اللہ تعالیٰ سے کیوں نہ مانگیں۔ جو اللہ اس کو بادشاہ بنا سکتا ہے وہ مجھے بھی عطا کر سکتا ہے۔

(مرسلہ: سعید حسن آفریدی ... کراچی)

میں آئی' یہ دیکھ کر مجھے حیرت ہوئی لیکن جلد ہی یہ حیرت دور ہو گئی۔

''شہاب تم مجھے طلاق دے دو میں اپنا مہر معاف کرتی ہوں۔''

''مجھے اس بات کی توقع تھی۔'' میں نے کہا۔

''صرف یہی نہیں اگر کچھ پیسہ چاہیے تو وہ بھی دے دوں گی۔''

''میں اتنا بے غیرت نہیں اور پھر عملاً ہم دونوں نکاح کے کاغذ میں شوہر و زن ہیں' طلاق دینا ایک رسمی بات ہوگی۔'' ہاں ایک بات میں یہ بتانا بھول گیا ایک روز شیخ مطلوب الٰہی نے مجھے اپنے کیبن میں بلایا۔

''شہاب' میری موت کے بعد کیا حالات پیش آتے ہیں یہ خدا ہی جانتا ہے' ممکن ہے یہ بھائی راحیلہ کو اس کے حق سے محروم کر دیں یا واجبی سا حق دیں۔ میں تمہیں لاکھ روپے تمہیں دے رہا ہوں' یہ چیک اپنے حساب میں جمع کرا دینا' لیکن وعدہ کرو تم میری بچی کو خوش رکھو گے۔''

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"یہ پیسے سراں ہی کے رہیں گے اور میں صرف ان کا امین رہوں گا۔" پھر میں نے اپنے دل میں سوچا میں کس کو خوش رکھوں گا' جو عملاً میری شریک حیات بھی نہیں' میں جانتا ہوں اس کے دل و دماغ پر کوئی اور ہی سوار ہے اور وہ ٹھوکر کھائے گی۔

وقت جب بدلنے پر آتا ہے تو اپنی رفتار کچھ زیادہ ہی تیز کر دیتا ہے۔

"ہاں تو آپ مجھ سے چھٹکارہ حاصل کرنا چاہتی ہیں' سچ تو یہ ہے کہ صرف قانونی طور پر آپ بندھی ہوئی ہیں ورنہ آزاد ہی آزاد ہیں۔"

"ہاں' ایک مطالبہ میرا اور ہے۔" اس نے کہا۔

"میں سمجھ گیا' کہ اپنا بوریا بستر یہاں سے اٹھالوں' ٹھیک ہے جب آپ کہیں۔"

"کل مجھے طلاق دیدو اور ایک ہفتے کے بعد یہاں سے چلے جاؤ۔"

"ٹھیک ہے اور محترمہ مہر کے معاف کرنے کی ضرورت نہیں حالات کے تحت صرف پچاس ہزار مقرر کیا گیا تھا وہ میں چیک آپ کو دے دوں گا۔" راحیلہ میرا منہ دیکھنے لگی' کبھی کبھی مجھے محسوس ہوتا جیسے وہ اپنی غلطی کو محسوس کر رہی ہو۔

وہ سب کچھ ہو گیا جو وہ چاہتی تھی' میں نے ایک فلیٹ کرائے پر لے لیا اور وہاں چلا گیا' میں نے محسوس کیا وہ مجھے جاتے ہوئے غور سے دیکھ رہی تھی اور پھر اس کی آنکھوں میں آنسو آگئے تھے اور شاید وہ مجبور تھی ابھی ابھی میں نے عرض کیا تھا کہ جب وقت بدلتا ہے اپنی رفتار بہت تیز کر دیتا ہے' میرے وجود میں میرا فنکار کلبلا رہا تھا' پھر میری تنہائیاں میرے لیے سوہان روح بن گئی تھیں' میں نے شباب آرٹس سینٹر کے نام سے اپنا کام شروع کر دیا۔ حالانکہ یہ وہ دور ہے جب سائنسی ایجادات نے فنون لطیفہ کو دھندلا کر رکھ دیا ہے' اب مصوری کی وہ قدر کہاں رہی' ہاں کچھ صاحب ذوق لوگوں کا ایک حلقہ ہے' جلد ہی میرا سینٹر مشہور ہو گیا' فرصت کے وقت میں' میں راحیلہ کی کوئی نہ کوئی تصویر بنانے بیٹھ جاتا' اس چہرے پر چھا جانے والے اثرات' وہ سہاگ رات' جو برائے نام سہاگ رات تھی' اس کا غرور میں ڈوبا ہوا چہرہ وہ بیگانگی جو اس نے مجھ سے روا رکھی' کتنے ہی موضوع' کتنے ہی رخ اس کے میرے سامنے تھے' جن کو تصویروں کے قالب میں' میں ڈھالتا چلا گیا' پھر اہل فن کا بین الایشیائی مقابلہ ہوا اور مجھے دس لاکھ روپے کا پہلا انعام ملا' اب دولت کے ڈھیر تھے لیکن میری چاہت میرے قریب نہ تھی اور اگر وہ ہوتی تو اتنی شہرت میں کبھی نہ حاصل کر پاتا' سچا فنکار نہ اسے دولت کی ہوس ہوتی ہے نہ شہرت کی' کبھی کبھی جب اپنے فلیٹ میں ہوتا' سوچتا کاش راحیلہ میرے ساتھ ہوتی اور پھر اس کے خاموش در و دیوار مجھے غم کی اتھاہ وادیوں کی جانب دھکیلنے لگتے' کیا یہ غم انسان کے لیے اللہ کا کوئی تحفہ نہیں ہیں' ایک سال گزر گیا' راحیلہ مجھے نظر نہیں آئی اور اب شاید میں اپنے گھر کی تنہائیوں اور ویرانیوں کا عادی ہو چکا تھا۔

ایک روز میرے سینٹر میں ایک سیاہ برقع میں ملبوس ایک خاتون آئیں۔

"آپ مصور ہیں۔"

"شاید۔" میں نے مسکرا کر جواب دیا۔

"ہاتھ سے ہی بناتے ہیں۔"

"جی ہاتھ سے ہی۔"

"مجھے ایک تصویر آپ سے بنوانی ہے۔"

"تصویر! جب وہ تصویر ہے تو پھر کیا ضرورت پیش آگئی۔" میں نے کہا اور وہ جز بز ہو کر رہ گئی۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"میں نے یہ بھی سنا کہ آپ نے ایشیائی مقابلے میں پہلا انعام حاصل کیا۔"

"پرانی بات ہو گئی۔"

"میرا مقصد یہ ہے کہ میری ایک ساتھی ہے وہ آپ کے سامنے بیٹھ کر اپنی تصویر بنوانا چاہتی ہے' کیا آپ میرے ساتھ چلے چلیں گے۔"

"میں جاتا کہیں نہیں اور یہاں وہ بیٹھیں تو وقت لگے گا' ان سے کہیں کہ فضول آرزوؤں سے نکال دیں جدید دور ہے ذرا دیر میں ایک سے ایک ان کا فوٹو اتر جائے گا' جیسا چاہیں گی' جتنا بڑا چاہیں گی' جس انداز میں اتروانے کی مرضی ہوگی' سب کچھ ہو جائے گا۔"

"میں نے بھی یہی سمجھایا مگر بضد ہیں۔"

"میں معذرت چاہوں گا' کسی دوسرے آرٹسٹ کو دیکھیں۔"

"آپ نے جو شاہکار اندر لگا رکھے ہیں میں انہیں دیکھ سکتی ہوں۔"

"دیکھ لیں۔" میں نے بیزار آتے ہوئے کہا' وہ اندر گئی' میں نے لائٹ جلا دی' پھر چند منٹ تصویروں کو دیکھ کر واپس آ گئی۔

"معذرت چاہتی ہوں' میں نے آپ کا وقت ضائع کیا۔" اس کی اس بات کا میں نے کوئی جواب نہیں دیا اور وہ خاموشی سے چلی گئی' لوگ اسی طرح آ کر وقتاً فوقتاً مجھے پریشان کرتے تھے اور میں بیزار آ جاتا تھا۔

ایک ہفتہ گزر گیا' میں راحیلہ کی ایک اور تصویر بنانے میں منہمک ہو گیا' یہ وہ منظر تھا جب میں جا رہا تھا اور وہ مجھے آنسو بھری نگاہوں سے دیکھ رہی تھی' اس کی ہر یاد میرے ذہن کے پردے پر مرتسم ہو کر رہ گئی تھی' میں نے بہزاد کو اپنے سینٹر میں ملازم رکھ لیا تھا۔ اسے خود بھی فائن آرٹس سے گہرا لگاؤ تھا' بہرحال اس کا یہ فائدہ ہوا کہ وہ غیر ضروری قسم کے لوگوں کو باہر سے ہی ٹال دیتا تھا اور میں پریشانی سے بچ جاتا۔ آٹھویں دن وہ پھر آ گئیں اس بار دو اور خواتین ان کے ساتھ تھیں۔

"سر بہت مصروف ہیں آپ پھر کسی اور وقت آ جائیں۔" بہزاد نے کہا۔

"ہمیں ان سے بہت ضروری ملنا ہے آپ انہیں جا کر بتا دیں۔"

"آپ میری شامت بلوانے پر تلی ہوئی ہیں۔ سر نے منع کیا ہے کہ جو بھی آئے میں ملنے سے روک دوں۔"

"ہمیں ان سے آج ہی اور اسی وقت ملنا ہے آپ جا کر شہاب صاحب سے کہہ دیں کہ ہمیں لازماً ان سے ملنا ہے۔"

"دیکھیے محترمہ۔ میں مجبور ہوں۔" بہزاد نے کہا۔

"ٹھیک ہے تم مجبور ہو نا۔" مخاطب کرنے والی خاتون نے کہا اور پھر یہ تینوں اندر داخل ہو گئیں اور بہزاد انہیں روک نہ سکا' میرے ہاتھ سے مو قلم گر گیا اور کچھ دیر کے لیے میں کھڑا کا کھڑا رہ گیا۔

"آپ لوگ؟"

"ہاں ہم' میں اس خاتون کو لے آئی ہوں جو اپنی تصویر آپ سے بنوانا چاہتی ہیں۔"

"بیٹھیں آپ لوگ۔" میں نے دھیمے لہجے میں کہا۔

"اپنا نقاب الٹ دو تصویر تم نے بنوانی ہے نا۔" اور اس نے اپنا نقاب الٹ دیا۔

"تم' تم' تم راحیلہ۔" میری عجیب کیفیت ہو گئی تھی' شاید شادی مرگ کا شکار ہو جاتا' راحیلہ نے کوئی جواب نہیں دیا اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے تھے' میں نے آگے بڑھ کر ان آنسوؤں کو پونچھ ڈالا وہ عجیب نگاہوں

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

سے مجھے دیکھنے لگی ایسی نگاہیں جن میں احساس شرمندگی رچا بسا تھا۔

"محبت روح سے کی جاتی ہے جسم سے نہیں اور میں" اتنا کہہ کر میرا دل بھر آیا۔

"ذرا ادھر دیوار پر آویزاں ان تصویروں پر نظر کس کے پوز ہیں راحیلہ یہ۔" لیکن راحیلہ خاموش تھی۔

"شہاب بھائی کیا ان شاہکاروں کی بنا پر آپ نے ایشیائی مقابلہ جیتا ہے۔" مہک نے جو پہلی بار مجھے ملی تھی کہا۔

"ہاں یہی پوز صداقت تھی ان میں۔" میں نے کہا۔

"شہاب بھائی راحیلہ آپ کو لینے آئی ہے۔"

"مجھے! کیا یہ ممکن ہے۔"

"ہاں بالکل ممکن ہے وہ جس نے راحیلہ کو بلیک میل کیا اور نکاح کا ڈھونگ رچا کر اس کی دولت اور جائیداد پر ہاتھ صاف کرنا چاہا وہ اب اس دنیا میں نہیں ہوائی حادثے کا شکار ہو گیا۔

"آپ چلیں گے نا اس کے ساتھ۔" مہک نے کہا۔

"کہاں؟"

"جہاں پہلی بار شادی کے بندھن میں جکڑ کر ایک ساتھ گئے تھے۔"

"ہاں مجھے یاد آیا۔" میں خفیف سا مسکرا دیا۔

"آپ کی مسکراہٹ میں تلخی محسوس ہوئی ہے مجھے۔" مہک نے کہا اور میں راحیلہ کا چہرہ دیکھنے لگا۔

"یہ تیسری محترمہ کون ہیں؟ ابھی تک خاموش ہیں۔"

"یہ صرف آپ کو دیکھنے کے لیے میرے ساتھ آئی ہیں۔"

"مجھے دیکھنے کے لیے۔ کیا خاص بات ہے مجھ میں۔"

"ایشیائی شہرت کے مالک ہیں آپ اور اتفاق سے یہ بھی فائن آرٹس کی دلدادہ ہیں لیکن ان کی زندگی ایک المیہ بن گئی ایک کاروباری شخص سے شادی ہوئی اور ان کی زندگی" اتنا کہہ کر وہ خاموش ہو گئی۔

"طلاق ہو گئی؟"

"ہاں۔" مہک نے کہا۔

"ہمارا معاشرہ اور بے جوڑ شادیاں۔"

"راحیلہ چلوں آپ کے ساتھ۔" راحیلہ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے تھے میں ان آنسوؤں کی اہمیت سمجھ گیا ان میں گہری چاہت تھی اور میں نے اپنی چاہت آخر حاصل کر لی تھی بہرحال ایک عورت کی لغزش اس کی پہلی اور آخری لغزش ہوتی ہے بس اس کا خیال رہے۔

ہر طرف زندگی کے ساز تھے۔ چہل پہل تھی۔ رونقیں تھیں ہر طرف۔ جو کبھی مجھے ویران سنسان اور ایک قید خانہ معلوم ہوتا تھا اب وہاں کا ہر کونہ مسکرا رہا تھا ہر پھول میں تازگی تھی اور ہر کلی میں مسکان کیا بدلا تھا کچھ بھی تو تبدیل نہیں ہوا تھا ہاں صرف احساس!

"رکا رچا ہے خاندی: ورا کی سے جناب ناشتے کی میز پر تشریف لے آئیں۔" یہ راحیلہ کی آواز تھی وہی راحیلہ جس نے مجھے پہلی رات بڑی تیکھی نگاہوں سے دیکھا تھا بڑے سخت لہجے میں بات کی تھی میں صرف اتنا جانتا ہوں۔

"حقیقت خود کو منوا لیتی ہے مانی نہیں جاتی۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

بختاورنی

سویرا فلک

لڑکیاں معصوم اور نازک کلیوں کی مانند ہوتی ہیں' انہیں اللہ تعالیٰ نے والدین کے لیے رحمت قرار دیا ہے. یعنی وہ جس سے خوش ہوتا ہے انہیں بیٹی کی صورت میں رحمت سے نواز دیتا ہے۔ مگر ہم اس رحمت کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں اس کا اندازہ آپ اس کہانی میں کرسکتے ہیں۔

ایک معصوم کلی کا فسانہ' معاشرے کی کثیف فضا نے اس سے مسکراہٹ چھین لی تھی۔

یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں اپنے شوہر نامدار کے ساتھ جون جولائی کی چھٹیاں گزارنے ہنزہ گئی تھی ہم لوگ عموماً کراچی کی گرمیوں سے بچنے کے لیے شمالی علاقہ جات کا رخ کرلیتے ہیں گوکہ اب وطن عزیز کے مخدوش ہوتے حالات کے باعث یہ سرگرمی تعطل کا شکار ہونے لگی ہے تاہم کیونکہ شوق کا کوئی مول نہیں تو میرے شوہر کوئی نہ کوئی پروگرام سیٹ کر ہی لیتے ہیں خیر تو میں آپ کو ان دنوں کی بات بتارہی تھی۔ جب حالات خاصے سازگار رہتے تھے سیر و تفریح اور غیر ملکی سیاحوں کی بڑی تعداد ہنزہ کی خوب صورت وادی کو کھوجنے نکلے ہوئے تھے۔ ہوٹل پہنچ کر میں نے تھکے ہارے بچوں کو سلادیا اور خود کافی لے کر کھڑکی کے سامنے آکر بیٹھ گئی۔ دل موہ لینے والے مناظر دل و دماغ کو تراوٹ بخش رہے تھے تو زبان و دل قدرت کی صناعی پر شاہد صد ہے تھے۔

میں اپنی پوری قوت صرف کرکے آلودگی سے پاک معطر اور خوشگوار فضاؤں کو اپنے اندر جذب کرنے کی کوشش کرنے لگی تو عاکف میرے شوہر میرے ساتھ آ کھڑے ہوئے اور میری حرکت پر مسکرانے لگے تو میں جھینپ گئی پھر کچھ لمحے ہم یونہی اس خوب صورت منظر کا حصہ بنے رہے۔ چند ساعتیں گزریں تو جانے کس خیال کے تحت عاکف نے مجھ سے کہا۔

"او یار وہ میرا دوست امجد کہیں نکل نہ جائے میں ذرا اس کے ساتھ جاکر ایک سرسری راؤنڈ لے کر دیکھ لوں کہ ہمیں کون کون سی جگہ وزٹ کرنی ہیں۔" یہ کہہ کر وہ موبائل اٹھا کر کمرے سے باہر نکل گئے عاکف کو پسند نہیں تھا کہ وہ مجھے اور بچوں کو لے کر بے مقصد سڑکیں ناپیں۔ اس لیے وہ مکمل معلومات حاصل کرکے چیدہ چیدہ اور منتخب مقامات پر ہی سیر کو نکلتے ہیں۔

میں بھی مطمئن رہتی تھی کیونکہ اس طرح بے وجہ کی تھکن نہیں ہوتی' عاکف نکلے تو عصر کی اذان ہوگئی اور میں جائے نماز بچھا کر رب کے سامنے حاضر ہوگئی۔ کوئی گھنٹہ بھر بعد عاکف واپس آئے تو ان کے ساتھ ایک بارہ تیرہ سالہ مقامی بچی بھی تھی۔ میں نے حیرانی سے اسے دیکھا اور عاکف سے پوچھا۔

"یہ کسے ساتھ لے آئے ہیں آپ؟"

"یار یہ بچی امجد کے بوڑھے ملازم کی بیٹی ہے امجد کہہ رہا تھا کہ یہ بچوں کو سنبھالنے میں ہماری مدد کرے گی۔" عاکف نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"کیا ہوگیا ہے آپ کو یہ تو خود ابھی بچی ہے اور پھر مجھے ہمیشہ اپنے بچوں کو سنبھالنے میں کوئی مسئلہ نہیں آپ جانتے تو ہیں ہمیشہ میں نے خود ہی ہینڈل کیا ہے سب اور میں نے کچھ کہا بھی نہیں آپ سے۔" میں نے اس بچی کی طرف دیکھا جو ایک جانب سہمی سمٹائی نظریں نیچے کیے کھڑی تھی۔

"بیٹا تم یہاں بیٹھو بچے اٹھنے والے ہیں پھر تم ان کے ساتھ کھیلنا میں اور آنٹی ذرا باہر جا کر آتے ہیں۔ بس پانچ

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

دس منٹ لگیں گے ماریہ ذرا ادھر آنا۔" عاکف نے بچی کو بیڈ کے پاس بیٹھنے کا اشارہ کیا اور مجھے لے کر کمرے سے باہر آ گئے ادھر ادھر کوریڈور میں کوئی نہیں تھا' پھر انہوں نے مجھے بچی کے بارے میں مختصراً تفصیل بتائی۔

"ماریہ یہ لوگ بہت غریب ہیں' بڑی مشکل سے گزارا کرتے ہیں' امجد کہہ رہا تھا کہ غریب ہونے کے باوجود ماں باپ بہت خود دار ہیں' بغیر محنت کے ایک پیسہ نہیں لیتے۔ اس کا باپ امجد کے پاس برسوں سے ملازم ہے' ماں مقامی گیسٹ ہاؤس میں صفائی ستھرائی کا کام کرتی ہے' بچی کو امجد اسی طرح جان پہچان والے سیاحوں کے پاس رکھوا دیتا ہے تو اس سیزن میں کچھ ایکسٹرا کمائی ہو جاتی ہے' یہ ان کی مدد کا ایک طریقہ ہے اور ہمارے تمہارے ثواب حاصل کرنے کا ذریعہ۔"

"مگر عاکف اس طرح تو یہ بچی چائلڈ لیبر کے زمرے میں آ جائے گی اور پھر لڑکی ذات ہے یوں امجد بھائی کیسے کسی کے ساتھ رکھوا دیتے ہیں۔" میں ابھی بھی مطمئن نہیں تھی۔

"یار کیا کریں غریب آدمی کا پورا کنبہ نہ کمائے تو گھر چلنا مشکل ہے اور امجد صرف بھروسے کے لائق خاندان والوں کے پاس ہی اس بچی کو رکھواتا ہے بلکہ امجد بتا رہا تھا کہ اس کے باپ نے خود امجد سے کہا کہ بچی کو کہیں رکھوا دے مگر لوگ اتنی چھوٹی بچی کو ملازم رکھنے کو تیار نہیں کیونکہ اس کے پیر میں ہلکا سا نقص ہے۔"

"حیرت ہے ورنہ لوگ تو کم عمر بچیوں کو ہی فوقیت دیتے ہیں مگر ظاہر ہے اس کی معمولی معذوری سے وہ برداشت نہیں کر سکتے کیونکہ کام کی رفتار میں فرق آ جائے گا حد ہے خود غرضی کی انتہا ہو گئی یہ تو۔" مجھے واقعی سخت افسوس ہو رہا تھا۔

"اسی لیے تو میں اور بھی اسے یہاں لے آیا یارا کیا برا ہے کہ اگر ہم کسی کی اس طرح مدد کر سکیں کہ اس کی خودداری اور انا کو ٹھیس بھی نہ لگے۔" عاکف نے کہا تو میں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"ٹھیک کہہ رہے ہیں آپ' شاید اللہ نے ہی ہمیں یہ نیکی کرنے کا موقع دیا ہے تو ہمیں اسے ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ اچھا چلیں اب کچھ سینڈوچز وغیرہ آرڈر کر دیں' بچے سو کر اٹھے ہیں بھوک لگ رہی ہو گی اور مجھے بھی چائے کی سخت طلب ہو رہی ہے۔"

میں نے روم کی طرف قدم بڑھائے تو عاکف بھی میرے ہمراہ اندر آ گئے' عاکف نے چائے وغیرہ آرڈر کی اور اخبار پڑھنے میں مگن ہو گئے اور میں بکھرا ہوا سامان سمیٹنے لگی۔ بچی جس کا نام عاکف نے مالا بتایا تھا بچوں کے ساتھ کھیلنے میں مگن ہو گئی۔ میں کام کرتے کرتے اس بچی کو بھی دیکھتی جا رہی تھی۔

وہ یہاں کے مقامی لوگوں کی طرح ہی تھی' سرخ سفید رنگت' گہری سبز آنکھیں جن میں کاجل بھرا ہوا تھا' اپنے سر کے بالوں اور جسم کو اس نے چادر سے چھپا رکھا تھا۔ میرے مسلسل دیکھنے پر وہ میری طرف متوجہ ہوئی تو میں مسکرا دی مگر وہ چپ چاپ مجھے ہراساں نظروں سے تکنے لگی۔ مجھے محسوس ہوا کہ وہ خوفزدہ ہے' جانے اس کی وجہ اس کی عمر تھی یا ہماری اجنبیت۔ میں نے اس کا دھیان بٹانے کی غرض سے اس سے بات چیت شروع کر دی۔

"ہاں بھئی مالا! آپ کیا کرتی ہو' مطلب آپ پڑھتی ہو؟" اس نے محض نفی میں سر ہلا دیا۔

"اچھا یہ بتاؤ مالا! آپ کی سہیلیاں وغیرہ تو ہوں گی' جن کے ساتھ آپ کھیلتی ہو گی' باتیں کرتی ہو گی' کیوں.....؟" میں نے اپنی بات کی تائید چاہی تو اس نے پھر نفی میں سر ہلا دیا' اتنے میں چائے اور سینڈوچز بھی آ گئے۔ میں بصد اصرار مالا کو بھی سینڈوچز دیا جسے اس نے تھوڑا تھوڑا کر کے آہستگی کے ساتھ ختم کر دیا' پھر عاکف نے کہا کہ وہ کچھ ضروری سامان لینے قریبی بازار تک امجد بھائی کے ساتھ جا رہے ہیں' البتہ کل صبح جلد ہی سیر و تفریح کی غرض سے نکلیں گے۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

عاکف کے جانے کے بعد میرے دونوں بچے آٹھ سالہ فرحان اور دس سالہ حنا لڈو نکال کر بیٹھ گئے اور میں ایک میگزین کی ورق گردانی کرنے لگی' بچے گوٹ نکلنے اور چھا نے پر خوشی سے شور مچاتے تو میری توجہ میگزین کے اوراق سے ان کی طرف ہو جاتی' میں نے محسوس کیا کہ مالا اس کھیل میں بچوں کے ساتھ بظاہر تو شریک تھی مگر اس کے چہرے سے خوشی اور دلچسپی کا اظہار نہیں ہو رہا تھا۔

"لگتا ہے مالا کو یہ کھیل پسند نہیں؟" میں نے اپنے خیال کی تصدیق کرنا چاہی تو مالا گھبرا کر ایک بار پھر نفی میں سر ہلانے لگی۔

"ایسی کوئی بات نہیں' مجھے بھی پسند ہے۔"

"اچھا مالا یہ بتاؤ آپ اپنی سہیلیوں کے ساتھ کیا کھیل کھیلتی ہو؟" میں اس کی گھبراہٹ اور ڈر دور کرنے کی غرض سے اس سے پھر باتیں کرنے لگی۔

"میں کھیل نہیں کھیلتی۔" اس نے کہا تو میں چونک گئی شاید اس کے پاس کھلونے ہی نہ ہوں۔ یا اللہ کیا غربت کی ایسی انتہا بھی ہو سکتی ہے میرے دل میں کسک اٹھی مگر میں مالا سے کھلونوں کی بابت نہ پوچھ سکی۔

"اچھا مگر جب میں چھوٹی تھی نا مالا تو مجھے بھی کھلونے اچھے ہی نہیں لگتے تھے' میں تو اپنی سہیلیوں کے ساتھ چھپن چھپائی' جل کی رانی اور گھوڑا جمال شاہی کھیلتی تھی۔"

"مما ہم روز لنچ بریک میں یہی کھیلتے ہیں اور ہمیشہ میں ہی ونر بنتی ہوں۔" میری بیٹی حنا جو بظاہر کھیل کی طرف متوجہ تھی میری بات سن کر فوراً بولی تو میں مسکرا دی۔

"اچھا مالا! آپ اپنی سہیلیوں کے نام بتاؤ' حنا کی تو بہت ساری دوستیں ہیں فروا' سارہ' نمرہ' علینہ اور......" میں رکی تو حنا فوراً بولی۔ "اور سدرہ مما......!"

"او کے بس بیٹا' مما بھول گئی تھیں تو حنا کی تو پانچ دوستیں ہیں' اب گنتے ہیں مالا کی دوستیں کتنی ہیں؟" میں نے پھر اسے پچکارا' دراصل مالا کی معصومیت سے بھرپور ادا ہی میرے حساس دل کو بہت زیادہ متاثر کر رہی تھی شاید کم عمری میں کمانے کے لیے نکل جانے والے بچوں کے چہرے یوں ہی یاسیت زدہ ہوا کرتے ہیں۔

میرے ذہن میں افسردگی سے بھری سوچ ابھر رہی تھی اور کیونکہ میں نے اور عاکف نے نیت کی تھی کہ ہم اپنی طرف سے چند اچھے لمحات اور خوشگوار یادیں مالا کے ساتھ ضرور شیئر کریں گے تو بس میں انہی کوششوں میں لگی تھی کہ شاید کسی طرح اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ ابھر سکے تو ہمارے انسان ہونے کا حق ادا ہو سکے کیونکہ صرف کسی لاچار و مسکین کی مالی مدد کرنا ہی نہیں اس کی دلجوئی کرنا بھی انسان کا اخلاقی فریضہ ہوتا ہے۔ مالا فقط تیرہ سال کی تھی ابھی تو اس کی عمر گڑیوں اور سہیلیوں کے ہمراہ کھیلنے کی تھی مگر حالات یا شاید اس کے اپنے نصیب کی گردشوں نے اسے اس مقام پر لا کھڑا کیا تھا کہ وہ اپنا بچپن بھولتی جا رہی تھی اور میں اس کا دل خوش کرنے کے لیے اسے اس کے بچپن کی رنگینیوں سے واپس جوڑنا چاہ رہی تھی اور ایک ایک کر کے وہ تمام طریقے اپنا رہی تھی جس سے وہ ہم میں گھل مل جائے اور ہنسے بولے مگر مالا ہنوز خاموش تھی۔

"مالا! کیا آپ کو آنٹی اچھی نہیں لگیں؟" میں نے اپنی جانب اشارہ کر کے پوچھا تو وہ فوراً بولی۔

"نہیں نہیں آپ تو بہت اچھی ہیں' ذرا سختی بھی نہیں ہیں۔"

"مگر آپ تو آنٹی سے باتیں ہی نہیں کر رہی ہیں' آپ نے تو ابھی تک آنٹی کو اپنی دوستوں کے نام بھی نہیں بتائے۔" اس بار میں نے تھوڑا سا منہ بسورا تو وہ میرے قدموں میں آ کر بیٹھ گئی۔

"آپ مجھ سے ناراض مت ہوں' میری تو کوئی سہیلی ہے نہیں' میں کس کا نام بتاؤں آپ کو۔"

"ارے بیٹا میں ناراض نہیں ہوں' اچھا اٹھو تم یہاں بیٹھو۔ چلو یہ بتاؤ گھر میں کون کون ہے مطلب اور بہن بھائی۔" میں نے اسے اپنے برابر صوفے میں بٹھا دیا۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"بہن نہیں ہے بس دو مجھ سے چھوٹے بھائی ہیں۔"
اب کی بار اس نے کافی کھلی آواز میں جواب دیا میں خوش ہو گئی کہ اس کی جھجک اور ڈر ختم ہو رہا ہے۔

"پھر تو تم بہت بور ہو جاتی ہو گی مالا! نہ بہن نہ کوئی دوست اماں کے ساتھ کام کراتی ہو گی گھر میں؟" میں نے پوچھا تو وہ میری بات سن کر جواب دینے کے بجائے یکایک رونا شروع ہو گئی تو میں گھبرا گئی شاید میرے سوالوں سے اسے اپنی بے چارگی کا زیادہ احساس ہونے لگا ہو مجھے پشیمانی ہونے لگی۔ میں نے جلدی سے پانی پلایا اور آنسو پونچھے۔

"مالا کیا ہو گیا تم رونے کیوں لگ گئیں بیٹا!" تو اس نے بمشکل تمام اپنی ہچکیاں کنٹرول کیں اور بولی۔

"میری بھی ایک سہیلی تھی وہ میری خالہ کی بیٹی بھی تھی۔ مجھ سے چار سال بڑی تھی ہم دونوں خوب کھیلتے تھے گڑیا گڈے کی شادی بھی کرتے تھے اور چھپن چھپائی کی باری بھی کھیلتے تھے مگر پچھلے برس اس کے بڑے بھائی ہاشم نے شمو کو مار ڈالا۔ میری شمو میرے پاس نہیں رہی میں اکیلی رہ گئی اب میری کوئی دوست نہیں۔" اس کی رکی ہوئی سسکیاں پھر جان پکڑ گئیں۔

"کیا مطلب ہے مالا! کیوں مار دیا شمو کو اس کے بھائی نے؟" میں ابھی بھی ٹھیک سے پوری بات نہیں سمجھ پائی تھی۔

"میں اور شمو کھیتوں میں کھیلنے جاتے تھے تو شمو کا پھوپھی زاد بھائی اکبر اکثر راستے میں کھڑا ہوتا تھا۔ وہ شمو کا ہاتھ پکڑنے کی کوشش کرتا تھا اس سے کہتا تھا کہ تم یہاں میرے ساتھ بیٹھ کر باتیں کرو مگر شمو ہمیشہ اسے ڈانٹ دیتی تھی کہ وہ ایسے بے غیرتی والے کام نہیں کر سکتی۔ اس دن اکبر نے اسے زبردستی لے جانے کی کوشش کی تو شمو نے اس کے منہ پر تھپڑ مار دیا تب اکبر نے اسے دھمکی دی کہ تو مجھے بے غیرت کہتی ہے نا اب دیکھ میں تیری غیرت کے کیسے پرخچے اڑاتا ہوں۔ ہم اس دن کھیلنے کے بجائے گھر کی طرف واپس چل پڑے راستے میں ہی ہاشم خان آتا دکھائی دیا اور اس نے وہیں شمو کو لاتوں سے مارنا شروع کر دیا اور ساتھ ساتھ گالیاں بھی دیتا رہا کہ "بے غیرت بے شرم تو کیا سمجھی کہ تو کھیتوں میں رنگ رلیاں منائے گی اور مجھے پتا نہیں چلے گا۔ مجھے اکبر نے سب بتا دیا ہے" یہ کہہ کر اس نے دیکھتے ہی دیکھتے ریوالور نکال کر شمو کی کنپٹی پر رکھا اور گولی چلا دی اور مجھے یہ کہہ کر چلا گیا کہ "دیکھ لے اچھی طرح اور بتا دینا سب کو ایسی لڑکیوں کا یہی انجام ہوتا ہے اور میں اسے کہتی رہ گئی کہ "ہاشم بھائی تم غلط ہو اکبر نے چال چلی ہے" مگر کسی نے میری ایک نہ سنی اور تو اور میری اماں نے بھی میری پٹائی لگائی کسی نے بھی میری بات پر یقین نہیں کیا....." اب کی بار اس کے ساتھ ساتھ میری آنکھوں میں بھی آنسو آ گئے۔

"ہاں مالا! وہ غیرت والی تھی اس کا بھائی اور وہ سب لوگ بے غیرت تھے اور ہیں جو شمو پر یہ ظلم ہوتے دیکھتے رہے۔ جنہوں نے اس کا ناحق خون بہتا دیکھا جو غیرت کے نام پر معصوم جانوں کا تماشا دیکھتے رہے ظلم ڈھاتے رہے جنہوں نے سچ کا نہیں طاقت کا ساتھ دیا۔" میں اسے دلاسے دیتے دیتے خود بھی سسک اٹھی میری روح بھی بین کرنے لگی کہ ہم کیسے کہتے ہیں کہ ہم ترقی کر گئے ہیں آج بھی عورت بے اماں ہے آج بھی حوا کی بیٹی فرسودہ روایات اور رسموں کے شکنجے میں جکڑی ہوئی اپنی رہائی کی منتظر ہے۔ آج بھی لڑکی ہونا جرم ہے۔ کہتے ہیں کہ میڈیا با اثر اور با اختیار ذریعہ ہے تو آج میں اسی ذریعے سے آپ سے پوچھتی ہوں کہ غیرت کے نام پر غیرت کا جنازہ نکالنے والے ان لوگوں کو آپ کیا کہیں گے.....؟

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

جال و صیاد

ریاض بٹ

جال اور صیاد

جس طرح ایک جھوٹ کو نباہنے کے لیے انسان سو جھوٹ بولنے پر مجبور ہو جاتا ہے اسی طرح ایک جرم کو چھپانے کے لیے جرم پر جرم کرتا چلا جاتا ہے لیکن جس طرح جھوٹ نہیں چھپتا اسی طرح جرم بھی اپنے نشان چھوڑ دیتا ہے۔ جس پر قدم رکھتے ہوئے پولیس اس تک پہنچ جاتی ہے۔

جرم و سزا پر مبنی ایک خوب صورت تحریر۔

یہ بات میں آپ کو اپنی کسی کہانی میں بتا چکا ہوں کہ بچوں کے اغوا کے معاملے میں، میں بہت حساس واقع ہوا تھا۔ جب تک میں کیس کو حل نہیں کر لیتا تھا، چین سے نہ بیٹھتا تھا اور نہ دوسروں کو بیٹھنے دیتا تھا۔

اور اس سلسلے میں رات دن کی کوئی تمیز نہیں کرتا تھا۔

ایک دن ایک آٹھ سالہ بچے کی گمشدگی کی رپورٹ لکھوانے دو بندے تھانے آئے۔

دونوں کی شکلیں آپس میں ملتی تھیں۔

بعد میں تعارف ہونے پر دونوں بھائی ثابت ہوئے۔

ایک کا نام حفیظ اور دوسرے کا حنیف تھا۔

ان سے جو معلومات حاصل ہوئیں ان کا خلاصہ مختصراً پیش کر دیتا ہوں۔ بچے کا نام جاوید تھا اور جیدی کہلاتا تھا۔ وہ سخت گرمیوں کے دن تھے۔ بچہ شام کو گھر کے قریب ایک پارک میں کھیلنے جاتا تھا اور اندھیرا پھیلنے سے پہلے پہلے واپس آ جاتا تھا۔ محلے کے کچھ اور بچے بھی جاتے تھے۔

لیکن گزشتہ شام وہ واپس نہیں آیا۔

میرے ایک سوال کے جواب میں بڑے بھائی حفیظ نے بتایا کہ فکر والی کوئی بات نہیں تھی۔ پارک بالکل قریب ہی تھا۔ اس لیے جاوید کو بھیج دیتے تھے۔ جاوید اس کا بیٹا تھا۔

لیکن اب بات فکر بلکہ تشویش والی ہو گئی تھی، جو میرے دن کا چین اور رات کا سکون غارت کرنے کے لیے کافی تھی۔

ان کو رخصت کرنے سے پہلے میں نے ان کے گھر کا ایڈریس اور لوکیشن پوچھ لی تھی۔

جو بات آپ کے ذہن میں کھٹک رہی ہے اس کی وضاحت بھی کرتا چلوں۔

ان سے یہ بات پوچھنے کا کوئی فائدہ نہیں تھا کہ وہ شام یا رات کو رپورٹ درج کروانے کیوں نہیں آئے؟ انہوں نے یہی کہنا تھا کہ وہ اپنے طور پر بچے کو تلاش کرتے رہے تھے۔ ایسے کیسوں میں یہی ہوتا تھا اور اتنا وقت گزر جانے کے بعد ہمارے لیے مشکلات بڑھ جاتی تھیں۔

بہر حال...... ہمیں اپنا فرض ادا کرنا تھا۔

میں نے اے ایس آئی شاہد کو اپنے کمرے میں بلا لیا اور اس کے ذمے ایک ڈیوٹی لگا دی۔ تقریباً گیارہ بجے میں کانسٹیبل وزیر کو ساتھ لے کر مغوی بچے کے گھر پہنچ گیا۔

یہ گھر ایک درمیانے درجے کی کوٹھی پر مشتمل تھا۔ ہمیں ایک خوبصورت بیٹھک نما کمرے میں بٹھایا گیا۔ اس وقت بڑا بھائی حفیظ ہی گھر میں موجود تھا۔ اس نے اپنی بیگم کو بھی بلا لیا۔ وہ ایک سانولے رنگ کی دراز قد

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

خاتون تھیں۔ تیکھے نین نقش تھے اس وقت اس کے چہرے پر دنیا جہاں کے غم سمٹ آئے تھے۔ آنکھیں رو رو کر سوج گئی تھیں۔ اس کا نام نغمانہ معلوم ہوا۔

حفیظ بھی کم پریشان نہیں لگتا تھا۔ لیکن اس نے کمال ضبط سے اپنے آپ کو سنبھالا ہوا تھا۔

میں نے پہلے تو خاتون سے اظہار ہمدردی کیا پھر اپنے اصل مقصد کی طرف آ گیا۔

"بی بی...... جب تک آپ لوگ تعاون نہیں کریں گے ہم کوئی راہ متعین نہیں کر سکیں گے۔" میں نے حفظ ماتقدم کے طور پر پہلے ہی سوال سے ان کا ذہن اپنے قبضے میں کرنے کی کوشش شروع کر دی۔ ورنہ جو سانحہ ان کے ساتھ گزر چکا تھا وہ کافی دیر میرے سوالوں کے اطمینان بخش جوابات دینے کے قابل نہیں ہو سکتے تھے۔

"تھانیدار صاحب! ہم ہر قسم کے تعاون کے لیے تیار ہیں آپ حکم تو کریں۔"

دونوں ایک زبان ہو کر بولے۔

"آپ لوگوں کے خیال میں بچہ کہاں جا سکتا ہے؟"

"وہ نہ تو کبھی اس طرح گیا تھا اور نہ ہمارے خیال میں جا سکتا ہے۔"

خاتون کا جواب میری توقع کے عین مطابق تھا۔

"پھر تو ایک ہی بات رہ جاتی ہے۔" میں نے حفیظ کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

"وہ کیا...... تھانیدار صاحب؟" حفیظ نے بے ساختہ پوچھا۔

"بچے کو کسی نے اغوا کیا ہے۔"

"اغوا......اغ...... وا......" خاتون نے پھٹی پھٹی آنکھوں سے میری طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

میں نے یہ بھی دیکھا کہ حفیظ کی آنکھوں میں حیرت اور غم ہلکورے لے رہا ہے اور اس کے ہونٹ کانپ رہے ہیں۔

"بالکل! حالات و واقعات تو اس طرف اشارہ کر رہے ہیں۔" میں نے صاف گوئی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا۔ "اور ظاہر ہے یہ کام کسی دوست کا تو ہو نہیں سکتا۔"

"لیکن ...... تھانیدار صاحب! ہمارا تو کوئی دشمن نہیں ہے۔ ہم صلح جو فیملی ہیں۔ کبھی کسی کے ساتھ کوئی عداوت اور چپقلش نہیں رکھی۔"

"بہرحال! ہم اپنی پوری کوشش کریں گے کہ آپ کا بچہ بازیاب ہو جائے۔" میں نے اٹھتے ہوئے کہا۔

پھر ہم وہاں سے اٹھ کر تھانے میں آ گئے۔

راستے بھر گرم ہوا کے جھونکے ہمارے چہروں کو جھلساتے رہے تھے۔ ہر موسم کا اپنا ہی انداز ہوتا ہے۔ ویسے ایک بات ہے کہ ہم خوش قسمت ہیں کہ چار موسم ہمارے پیارے ملک میں آتے ہیں۔ ورنہ ایسے ملک بھی ہیں جہاں انسان دھوپ کو ترستے ہیں۔ جس دن سورج اپنا چہرہ دکھاتا ہے وہ دن ان کے لیے خوشی اور تفریح کا دن ہوتا ہے۔

بات سے بات نکلتی ہے' یہ اسی شام کی بات ہے کہ میں اور سپاہی بشارت اس پارک میں پہنچ گئے' جہاں سے جاوید عرف جیدی غائب ہوا تھا۔ ہم اپنے طور پر جائزہ لینا چاہتے تھے۔ اس لیے اس وقت ہم سادہ کپڑوں میں تھے۔

میں اور سپاہی ایک سنگی بینچ پر بیٹھ گئے۔

ہمارے اردگرد بچے کھیل رہے تھے۔ یہاں اس بات کی وضاحت کر دوں کہ یہ ویسا پارک نہیں تھا جیسے عموماً ہوتے ہیں۔ اس میں جھولے وغیرہ نہیں تھے اور اس میں کچھ گھاس وغیرہ اگی ہوئی تھی۔

سپاہی نے کرکٹ کھیلتے ہوئے دو تین بچوں کو اپنے پاس بلا لیا۔

اور جیب سے کچھ ٹافیاں نکال کر ان کو دیں۔ بچے ہمارے ساتھ گھل مل گئے۔

سپاہی نے ایک گول مٹول دس سالہ بچے سے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

چمکارتے ہوئے پوچھا۔

"بیٹا! کل یہاں سے ایک بچہ گم ہوا ہے۔"

وہ گول مٹول سا بچہ جس کا نام بعد میں ببلو معلوم ہوا۔ بولا۔

"وہ جی...... جیدی ہمارے ساتھ کھیلتا تھا۔ ہمارا بڑا اچھا دوست تھا۔ ہم خود حیران ہیں وہ کہاں چلا گیا۔"

"وہ خود نہیں گیا...... بلکہ کوئی اسے لے گیا ہے۔" میں نے پہلی دفعہ گفتگو میں حصہ لیتے ہوئے کہا۔

"کون لے گیا ہے......؟" ببلو نے میری طرف سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "لیکن آپ کون ہیں اور......"

"بھئی تم اس بات کو چھوڑو کہ ہم کون ہیں۔ اگر تم چاہتے ہو کہ جیدی دوبارہ تم لوگوں کے ساتھ آ کر کھیلے تو ہمارے چند سوالوں کے جواب دے دو......" سپاہی نے بچوں کی نفسیات کے عین مطابق کہا۔

"پوچھیے" ایک اور گیارہ سالہ بچے نے نیچے گھاس پر آلتی پالتی مار کر بیٹھتے ہوئے کہا۔ "جیدی میرا گہرا دوست تھا۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ دوبارہ ہم سے آ ملے۔"

"بہت خوب بیٹے۔" میں نے اس کا گال تھپتھپاتے ہوئے کہا۔

"تم نے پارک میں کبھی کوئی ایسا آدمی یا عورت دیکھی ہے جس کے ساتھ جیدی باتیں کرتا ہو۔"

"باتیں۔" اس نے اپنا سر کھجاتے ہوئے باقی بچوں کی طرف دیکھا۔

"ہاں...... ہاں...... شاباش، یاد کرو۔" سپاہی نے کہا۔

"ایک عورت اکثر پارک میں آتی ہے۔ اس کے ساتھ تو سب بچے گھل مل جاتے ہیں۔ وہ سب بچوں سے پیار کرتی ہے اور...... بسکٹ ٹافیاں بھی بچوں کو دیتی ہے۔"

"اوہ...... میری آنکھیں چمک اٹھیں۔

"جس دن جیدی غائب ہوا تھا، کیا وہ اس دن بھی آئی تھی۔"

"نہیں...... اس دن تو نہیں آئی تھی۔" بچے نے باقی بچوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

باقیوں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"اب آخری بات۔" میں نے سپاہی کو اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ وہ میرا اشارہ سمجھ گیا اور باقی ٹافیاں بھی بچوں میں تقسیم کر دیں۔

"جی...... پوچھیے۔" سب بچوں نے یک زبان ہو کر کہا۔

"کیا جیدی کے والدین نے بھی آپ بچوں سے کچھ پوچھا تھا؟"

"جی ہاں۔"

"پھر......؟" میں نے اور سپاہی نے سنگی بینچ سے اٹھتے ہوئے کہا۔

"ہم نے انہیں بھی یہی باتیں بتائی تھیں جو آپ کو بتائی ہیں۔"

"ٹھیک ہے اب تم لوگ کھیلو۔" ہم نے پارک کے گیٹ کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہا۔

"انکل......" بچوں نے ہماری طرف سوالیہ نگاہوں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ ہم رک گئے اور بچوں کی طرف دیکھنے لگے۔

"کیا جیدی ہم میں دوبارہ آ ملے گا؟"

میں نے سب بچوں کی طرف دیکھا۔ ان کی نگاہوں میں سوال سے زیادہ التجا تھی، حسرت تھی اور نجانے کیا کیا تھا۔ جس کو لفظوں کی زبان دینا ممکن نہیں ہے۔

"انشاء اللہ۔" کہتے ہوئے ہم نے گیٹ کی طرف دوبارہ قدم بڑھا دیے۔

ان الفاظ کے علاوہ ہم اور کیا کہہ سکتے تھے۔ میں راستے بھر یہ سوچتا رہا کہ انسان کتنا بے حس اور خود غرض ہے۔ اپنی انا کی تسکین کے لیے معصوم بچوں کو مہرے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ آپس کی چپقلش اور عداوت میں بچوں کو لے ڈوبتا ہے۔ ایک قول ہے کہ آپ اپنے بچوں کی خاطر دنیا کو ٹکڑے ٹکڑے کر سکتے ہیں۔

بہرحال' اس کیس میں مجھے ایسے ہی عوامل نظر آرہے تھے۔ مجھے جیدی کے ماں باپ پر بھی غصہ تھا انہوں نے بہت سی باتیں چھپالی تھیں۔ تھانے میں واپس آکر میں نے سپاہی انور کو بھیج کر جاوید عرف جیدی کے ماں باپ کو بلالیا۔

وہ جب میرے سامنے آکر بیٹھ گیا تو میں نے اسے گھورنا شروع کردیا۔

وہ ٹپٹا گیا۔ اور نظریں جھکا کر بولا۔

"تھانیدار صاحب آپ مجھے اس طرح کیوں دیکھ رہے ہیں۔"

"اس لیے کہ کیا تم لوگ پولیس کو بے وقوف سمجھتے ہو؟"

"نہیں' جناب' آپ نے کیسے اندازہ لگایا۔" وہ حیران نگاہوں سے میری طرف دیکھتے ہوئے گویا ہوا۔

"وہ اس طرح جناب کہ آپ نے کچھ باتیں چھپالی ہیں۔ اس طرح تو ہم کبھی بھی جاوید عرف جیدی کو نہیں ڈھونڈ سکیں گے۔" میں نے خشک لہجے میں کہا۔

"کونسی باتیں..... تھانیدار صاحب' ہم نے تو.."

"مثلاً اس عورت کی باتیں جو پارک میں بچوں میں گھل مل جاتی ہے اور انہیں ٹافیاں اور بسکٹ وغیرہ بھی دیتی ہے۔" میں نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

"کیا اس عورت کا تعلق جیدی کی گمشدگی کے ساتھ ہوسکتا ہے۔" میرے سامنے بیٹھے ہوئے مغوی کے باپ نے سوالیہ نگاہوں سے میری طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"تعلق ہو نہ ہو' پولیس سے کوئی بات چھپانی نہیں چاہیے۔ چھوٹا سا نقطہ' ذرا سی بات بعض اوقات ہمارے لیے مشعل راہ بن جاتی ہے۔"

"سوری تھانیدار صاحب' ہم سے غلطی ہوئی۔ اب

میں کوئی بات نہیں چھپاؤں گا۔ اپنی زندگی کے ایک راز سے پردہ اٹھا دیتا ہوں' یہ آج سے تقریباً گیارہ سال پہلے کی بات ہے۔ مجھے کنول سے محبت ہوگئی تھی۔ وہ تھی بھی محبت کے قابل' دو سال ہم پاکیزہ محبت کرتے رہے۔ تنہائیوں میں بھی ہمارے قدم کبھی نہیں بہکے۔ پھر ایک دن وہ ہوگیا جس کے متعلق ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا..... وہ سانس لینے کے لیے رکا' پھر دور وینڈو میں گھورتے ہوئے بولا۔

"اس واقعے کے ایک ماہ بعد کنول نے مجھے بتایا کہ وہ امید سے ہوگئی ہے۔ میرے ہاتھ پاؤں پھول گئے' میرا رشتہ بچپن ہی میں میری خالہ زاد سے طے کردیا گیا تھا۔ میں نے اپنی غلطی تسلیم کرنے کی بجائے الٹا اسے مورد الزام ٹھہرا دیا اور یہاں تک کہہ دیا کہ پتہ نہیں کس کا گناہ میرے سر تھوپنا چاہتی ہو۔" اس نے ایک لمحہ توقف کیا پھر بولنے لگا۔ "تھانیدار صاحب' اس وقت مجھے نہ جانے کیا ہوگیا تھا' شاید بدنامی کا خوف تھا۔ زمانے کا ڈر تھا' ماں باپ کا خیال آگیا تھا یا بچپن میں کیا ہوا رشتہ یاد آگیا تھا۔ کچھ بھی تھا پھر وہ خاموش ہوگیا۔ اس کے بعد وہ کافی دیر چپ رہا۔ میں اس کے چہرے کا جائزہ لیتا رہا۔ وہ اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بنا کر کبھی کھولتا تھا اور کبھی بند کرتا تھا۔ اس کا اضطراب اور ندامت کا احساس اپنی آخری حدوں کو چھو رہا تھا۔ جبھی تو اس نے خود ہی اپنے راز سے پردہ اٹھا دیا تھا۔

بہرحال کافی دیر بعد اس نے کچھ اور باتیں بتائی تھیں جن کا ذکر مناسب موقع پر آئے گا۔

میرے ایک سوال کے جواب میں اس نے بتایا تھا کہ اس نے پارک میں آنے والی عورت کو کبھی نہیں دیکھا تھا۔

بچوں نے بھی اپنے گھروں میں کبھی ذکر نہیں کیا تھا۔ اس کی وجہ ہمیں بعد میں معلوم ہوئی تھی۔ عورت نے بچوں سے کہہ رکھا تھا کہ وہ اپنے گھروں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

میں نہ بتائیں' ورنہ وہ کبھی بھی پارک میں نہیں آئے گی۔

بچے تو آخر بچے ہوتے ہیں۔

لیکن ہم تو بچے نہیں تھے۔ ہم بہت کچھ سمجھ گئے تھے۔

ٹھیک تو یہی تھا کہ بچے کو لے جانے والی عورت بھی ہو سکتی تھی۔ اس بات کو بالکل سچ سمجھنے میں صرف ایک بات مانع تھی کہ جس دن جیدی غائب ہوا تھا اس دن وہ عورت نہیں آئی تھی۔

اگلے دن اے ایس آئی شاہد نے مجھے رپورٹ دی۔ (جیسا کہ شروع میں ذکر آ چکا ہے کہ میں نے اس کے ذمے ایک ڈیوٹی لگائی تھی)

اس کی رپورٹ کا ذکر کرنے سے پہلے یہ بتا دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ میں نے اس کے ذمے یہ ڈیوٹی لگائی تھی کہ حفیظ کے خاندان کے متعلق معلومات حاصل کرے۔ اس کی رپورٹ سے یہ نتیجہ نکلا کہ حفیظ نے صحیح معلومات بہم پہنچائی تھیں۔ اب اس عورت کا دوبارہ ہاتھ لگنا مشکل تھا لیکن میں نے اس کے باوجود ایک سپاہی کو کہا کہ وہ روزانہ سادہ کپڑوں میں پارک میں جایا کرے۔

ہم بھی آخر انسان ہیں' ہمارے اندازے غلط ثابت ہو سکتے ہیں اور اس وقت میں بھونچکا رہ گیا جب سپاہی نے تیسرے دن مجھے آ کر اطلاع دی کہ وہ عورت کو لے آیا ہے۔

عورت کو وہ باہر بٹھا آیا تھا۔ میں نے عورت کو بلانے سے پہلے سپاہی کی کہانی سننا بہتر سمجھا۔

لیجیے اس کی زبانی سنیے۔

"سر! مجھے پارک میں جاتے ہوئے آج تیسرا دن تھا۔ آج مجھے پارک میں عورت نظر آ گئی' میری متلاشی نظریں روزانہ داخلی گیٹ کی طرف ہوتی تھیں۔ دو دنوں میں' میں نے یہ اندازہ لگا لیا تھا کہ بہت کم بڑے پارک میں آتے ہیں۔ یہ عورت جونہی پارک میں داخل ہوئی' میں نے دیکھا کہ بچے اس کی طرف دوڑ کر گئے' عورت نے بچوں کو پیار کیا اور اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے کپڑے کے تھیلے سے بسکٹ اور ٹافیاں نکال کر بچوں میں بانٹنے لگی۔ میں بہانے سے سنگی بنچ سے اٹھ کر ان کے قریب جا کھڑا ہوا۔

عورت نے بچوں سے پوچھا کہ آج جیدی نہیں آیا؟

جب بچوں نے اسے صورت حال سے آگاہ کیا تو میں نے ان سے تھوڑی دور گھاس پر بیٹھے دیکھا کہ عورت کے چہرے پر اچانک تشویش کے آثار نظر

تعلیم

ہر ترقی یافتہ ملک میں اس کی اپنی زبان ہی ذریعہ تعلیم ہے۔ مگر پاکستان میں ذریعہ تعلیم اردو نہیں انگریزی ہے۔ جس کی وجہ سے یہاں کا معیار تعلیم پست ہے کیونکہ طالب علم اپنا قیمتی وقت علوم سیکھنے کے بجائے انگریزی سیکھنے میں ضائع کر دیتے ہیں۔ کسی غیر زبان کو ذریعہ تعلیم بنانا حماقت کے سوا کچھ نہیں۔ جاپان میں جاپانی' چین میں چینی' انگلستان میں انگریزی' فرانس میں فرانسیسی' جرمن میں جرمنی غرض یہ کہ ہر ملک کے اندر وہی زبان ذریعہ تعلیم ہے جس کو سب بخوبی سمجھتے ہیں سوائے پاکستان کے جہاں سب لوگ سمجھتے تو اردو ہیں لیکن یہاں ذریعہ تعلیم انگریزی ہے اور اسی وجہ سے ہمارا معیار تعلیم پست ہے۔ تعلیم اسی زبان میں اچھی طرح دی جاتی ہے جس کو طالب علم آسانی سے سمجھ سکیں۔ ہمارے یہاں تعلیم اس زبان میں دی جاتی ہے جس کو سمجھنے میں دس سال کا عرصہ لگ جاتا ہے پھر کہیں جا کر صحیح علم سیکھنے کا آغاز ہوتا ہے۔ ہمارے زوال و پستی اور نالائقی کا واحد سبب یہی ہے کہ ہم نے اردو کو ذریعہ تعلیم نہیں بنایا اور ہم اپنا قیمتی وقت علم سیکھنے کے بجائے انگریزی سیکھنے میں گنوا دیتے ہیں۔

مرسلہ: حق نواز..... کراچی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

آئے...... مجھے یوں محسوس ہوا کہ جیسے اسے چکر بھی آ گیا ہو..... لیکن اس نے اپنے آپ کو سنبھال لیا اور بچوں سے بولی۔

"بچو! تم کھیلو آج مجھے جلدی جانا ہے۔" پھر اس کے قدم خارجی گیٹ کی طرف بڑھنے لگے۔ میں بھی اٹھا اور محتاط قدموں سے اس کے پیچھے جانے لگا۔ آہستہ آہستہ میں نے درمیانی فاصلے کو ختم کیا اور گیٹ کے قریب اسے جالیا۔

"بی بی..... ایک بات سنو۔"

اس عورت نے مڑ کر مجھے دیکھا اور بولی۔

"کیا بات ہے؟ تم نے مجھے آواز کیوں دی۔" اس نے ذرا غصے سے کہا۔

"جیدی سے تمہارا کیا رشتہ ہے؟"

"کیا مطلب؟" اس نے آنکھیں نکال کر مجھے دیکھا اور دوبارہ بولی۔ "تم کون ہو؟ اور یہ سوال مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہو؟"

"سر..... اب میں نے اپنے آپ کو چھپانا فضول سمجھا اور اس پر اپنا آپ ظاہر کردیا۔ ساتھ یہ بھی کہا کہ ہم جیدی کو ڈھونڈ رہے ہیں۔"

"اوہ......" اس نے ہنکارا بھرا' میں نے غور سے دیکھا اس کی آنکھیں کسی خوفزدہ ہرنی کی طرح نظر آ رہی تھیں۔

"تمہیں میرے ساتھ تھانے چلنا ہوگا۔" میں نے حتمی لہجے میں کہا۔

"چلو۔ میں خود بھی تھانے جانے کا سوچ رہی تھی۔" اس کے بعد میں نے اسے کمرے میں بلا لیا۔

قارئین یہ کنول تھی اس نے ایک کڑی کو چھوڑ کر سب کڑیاں ملا دیا۔

آگے بڑھنے سے پہلے وہ باتیں آپ کے گوش گزار کردوں جن کا ذکر میں نے گول کردیا تھا۔ اور جو مجھے حفیظ نے بتائی تھیں۔

حفیظ نے بتایا تھا کہ ایک صبح جب وہ جاگا تو کوٹھی کے باہر گیٹ کے پاس اسے ایک متحرک چیز نظر آئی جو ایک سفید کپڑے میں لپٹی ہوئی تھی۔ اس نے ہچکچاتے ہوئے اسے اٹھالیا۔ یہ ایک نومولود بچہ تھا۔

اس وقت اس کی شادی ہو چکی تھی۔

غیرارادی طور پر وہ بچے کو لے کر اپنی بیگم کے پاس پہنچ گیا۔

"یہ کیا اٹھالائے ہو حفیظ.....؟"

اور جب اسے پتہ چلا کہ یہ ایک نومولود بچہ ہے تو اس نے اسے ہاتھوں پر اٹھالیا۔

"پتہ نہیں کون اپنا گناہ ہماری دہلیز پر چھوڑ گیا ہے؟"

حفیظ نے خالی خالی نظروں سے اپنی بیگم نعمانہ کی طرف دیکھا اور بولا۔

"یہ تو شاید کسی کو بھی پتہ نہ چلے۔"

"میں تو کہتی ہوں کہ کسی رفاہی ادارے کو فون کریں اور بچہ ان کے حوالے کردیں۔"

بچہ اس وقت سویا ہوا تھا۔ اور اس کے ہونٹوں پر ایک معصوم سی مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔

حفیظ نے مجھے بتایا تھا کہ اس کا دل بالکل نہیں مان رہا تھا کہ بچے کو کسی رفاہی ادارے کے سپرد کیا جائے۔

اس نے اپنی بیگم کو سمجھاتے ہوئے کہا۔

"دیکھو۔ نعمانہ اس بچے کا کیا قصور ہے؟ قصور تو ان کا ہے جو اسے دنیا میں لانے کا موجب بنے ہیں۔"

"پھر..... ہم کیا کریں...... دیکھیں میری بات مان جائیں۔"

"کیوں...... نہ ہم اس بچے کو گود لے لیں۔" حفیظ نے کہا۔ اس کے بعد کافی دیر تک میاں بیوی میں بحث وتکرار ہوتی رہی آخرکار حفیظ نے اپنی بیگم کو قائل کرلیا۔

حفیظ ایک محتاط اور قانون کا احترام کرنے والا بندہ تھا' اس نے تھانے میں اطلاع دی تھی اور قانونی طور پر

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

بچے کو گود لیا تھا۔ میں نے تھانے کا پرانا ریکارڈ دیکھا تھا تو اس بات کی تصدیق ہوگئی تھی اور میں نے یہ کام اسی دن کرلیا تھا جب حفیظ نے مجھے اپنا راز بتایا تھا۔

حفیظ کو شک تھا کہ یہ بچہ اسی کا ہوسکتا ہے۔ یہ تو اس کے دل کی آواز تھی اور شاید ضمیر کی بھی۔

کنول نے اس بات کی تصدیق کردی تھی کہ یہ بچہ اس کا اور حفیظ کا ہی تھا اور وہی اسے حفیظ کی کوٹھی کی دہلیز پر چھوڑ کر آئی تھی۔

اس سے پہلے اس نے اپنی کہانی سنائی تھی۔ یعنی امید سے ہونے کے بعد اس پر کیا گزری تھی۔

اس نے بتایا کہ جونہی حفیظ نے اسے ذلیل کرکے واپس بھیج دیا تھا۔ اس کے دل میں یہ خیال آیا تھا کہ اپنے آپ کو ختم کرلے لیکن پھر یہ سوچ کر اس ارادے سے باز رہی تھی کہ اس کے اندر پلنے والے وجود کا کیا قصور ہے؟ وہ گھر جا نہیں سکتی تھی' کچھ پیسے اس کے پاس تھے اس کی ایک دور پار کی خالہ قریبی شہر میں رہتی تھیں اور اس کے گھر والوں سے ناراض تھی' کنول سیدھی اس کے پاس چلی گئی اور اپنی آپ بیتی اسے جا سنائی۔ وہ بیوگی کی زندگی بسر کررہی تھیں اس کا ایک بیٹا اور ایک بیٹی تھی' بیٹی اپنے گھر کی ہوگئی تھی اور بیٹا دیار غیر گیا ہوا تھا۔ خالہ نے کنول کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اسے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔ خالہ نے ایک شرط پر اس کا ساتھ دینے کا وعدہ کیا تھا کہ جونہی بچہ پیدا ہو وہ اسے حفیظ کی دہلیز پر چھوڑ آئے۔ کنول کے پاس یہ شرط ماننے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا۔

اس نے ایسا ہی کیا..... اور خالہ کے مرنے تک اس نے بچے کے متعلق سوچا بھی نہیں..... لیکن خالہ کے مرنے کے بعد بچے کی محبت اس کے دل میں جاگی اور وہ اس شہر میں آ گئی..... اور ایک دن جب وہ پارک کے پاس سے گزری تو نہ جانے کیوں اس کے قدم پارک کے اندر چلے گئے' کہتے ہیں خون کی کشش سو کوہ سے بھی اپنی طرف کھینچتی ہے۔ وہ جیدی کی طرف کھنچی چلی گئی' لیکن ظاہر ہے وہ اسے کیسے اپنا بیٹا سمجھ سکتی تھی' بہرحال اس کے بعد وہ اکثر وہاں جانے لگی اور بچوں کے لیے ٹافیاں اور بسکٹ بھی لے جانے لگی۔ خیر اس کی کہانی جیسی بھی تھی' اس نے ایک جرم تو کیا تھا' ایک نومولود بچے کو چھوڑ گئی تھی۔ میں نے اس کا کیس سپرد عدالت کردیا تھا۔

لیکن اس کیس کی ایک اہم کڑی باقی تھی' جیدی کو کون لے گیا تھا۔ کنول نے مجھے بتایا تھا کہ جب اسے جیدی کی گمشدگی کا پتہ چلا تھا اسے اپنا دماغ گھومتا ہوا محسوس ہوا تھا۔ اسے اس دوران یہ چل چکا تھا کہ جیدی وہی بچہ ہے جسے وہ آٹھ سال پہلے حفیظ کی دہلیز پر چھوڑ گئی تھی۔ ادھر حفیظ اور اس کی بیگم نغمانہ کے متعلق بتاتا چلوں کہ ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی۔ اس لیے انہیں جیدی سے بہت زیادہ پیار ہوگیا تھا اور اب اسی طرح پریشان تھے جیسے ان کا سگا بیٹا کھو گیا ہو۔

زندگی میں کیسے کیسے لمحے آتے ہیں' انسان بے حس ہوجاتا ہے۔ شاید اس کے گناہ سامنے آجاتے ہیں۔ ایک لمحے کی غلطی اس کے لیے سزا بن جاتی ہے۔

یہی کچھ حفیظ کے ساتھ ہوا تھا۔ اس نے اپنی بیگم کو سب کچھ بتادیا تھا' کیونکہ کنول کو سپرد عدالت کرنے سے پہلے میں نے حفیظ پر ساری صورت حال واضح کردی تھی۔ اب حالات ایسے ہوگئے تھے کہ وہ زیادہ دیر یہ راز چھپا نہیں سکتا تھا۔ دونوں نے کنول کے لیے ایک اچھا سا وکیل کرلیا تھا۔ خیر یہ معاملے تو اپنی جگہ پر تھا' میرا مسئلہ اپنی جگہ پر تھا۔

ہمیں جیدی کو ڈھونڈنا تھا۔ اس کا کوئی کھرا کھوج نہیں مل رہا تھا۔ ہنوز دلی دور است والا معاملہ تھا۔ میرے دل سے یہ دعا نکل رہی تھی کہ جیدی ہمیں زندہ سلامت مل جائے۔

جو بھی جرم کیا جاتا ہے' اس کا کوئی نہ کوئی مقصد اور وجہ ضرور ہوتی ہے۔ جیدی کو کیوں اغوا کیا گیا تھا۔ اس کا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

مقصد ابھی اندھیرے میں ہی تھا۔

کنول کو میں نے اچھی طرح تفتیش کی چکی میں پیس کر دیکھ لیا تھا۔ اس کا کوئی ارادہ نہیں تھا جیدی کو لے جانے کا۔ بقول اس کے وہ ایک خاص دن کے انتظار میں تھی۔ مگر اب تو سب کچھ الٹ پلٹ ہو گیا تھا۔

ہم نے مخبروں کی ڈیوٹیاں لگائی ہوئی تھیں۔ وہ ادھر ادھر سے کن سن لے رہے تھے۔ ایک بات میں یہاں آپ کو اور بتا دوں کہ ہم نے جاوید عرف جیدی کی تصویریں ارد گرد کے تھانوں میں بھجوا دی تھیں۔

مگر ابھی تک کوئی حوصلہ افزا خبر ہم تک نہیں پہنچی تھی۔

میں انہی خیالوں میں گم تھا کہ اے ایس آئی ابرار میرے کمرے میں داخل ہوا اور سلام دعا کے بعد جب وہ میرے سامنے بیٹھ چکا تو میں نے پوچھا۔

"آؤ..... بھئی! کیا حال چال ہیں؟ چھٹیاں کیسی گزریں......؟"

"بس سر...... شکر ہے بھائی اب کافی ٹھیک ہے۔"

"اوہ..... سوری بھئی! یہ بات تو میرے ذہن سے نکل ہی گئی تھی! کہ تم بھائی کے ایکسیڈنٹ کا سن کر چھٹی لے کر گئے تھے۔"

کچھ دیر ہم یہی باتیں کرتے رہے۔

پھر میں نے موجودہ کیس کے متعلق تفصیل سے اسے بتا دیا۔

"سر..... یہ تو کافی الجھا ہوا کیس لگتا ہے۔ اگر بچے کو اغوا برائے تاوان کے لیے لے جایا گیا ہے تو اب تک مجرموں کی طرف سے کوئی مطالبہ تو سامنے آنا چاہیے تھا۔" اے ایس آئی نے سوچ میں ڈوبے ہوئے لہجے میں کہا۔ میں نے دیکھا کہ اس کے ماتھے پر سوچ کی لکیریں ابھر آئی تھیں۔

"عجیب گورکھ دھندا ہے۔ یہ کیس کسی کروٹ بیٹھ ہی نہیں رہا۔ سب سے جواب طلب بات تو یہ ہے کہ جیدی کو کیسے لے جایا گیا ہوگا؟"

"کیوں نہ سر جرائم پیشہ افراد کو تھانے میں لا کر انہیں تفتیش کی چکی میں پیسا جائے۔"

"فی الحال ایک دو دن انتظار کر لیا جائے تو بہتر ہے۔ پھر میں نے اے ایس آئی کو اس کی وجہ بتائی تھی۔

"ٹھیک ہے سر...... میں بھی اس لائن پر کام کرتا ہوں۔" وہ چلا گیا اور میں سوچ کے تانے بانے بننے لگا۔ کچھ دیر کے بعد سپاہی چائے رکھ کر چلا گیا اور میں اس سے دو دو ہاتھ کرنے لگا۔

تھانے میں چھوٹے موٹے لڑائی جھگڑے کے کیس بھی آتے رہتے ہیں۔

شام سے ذرا پہلے ایک مضروب کو لایا گیا۔ میں نے اس کے زخموں کا معائنہ کیا' باقی زخم معمولی نوعیت کے تھے صرف ایک زخم ذرا گہرا تھا۔ جو بازو پر آیا تھا۔ یہ کسی چاقو کا زخم تھا۔ اس دور میں بدمعاشوں اور جرائم پیشہ لوگوں کے پاس کھٹکے سے کھلنے والے چاقو ہوتے تھے۔

مضروب کے ساتھ دو بندے بھی آئے تھے۔ ایک بندے کو میں نے اپنے پاس بٹھا لیا اور دوسرے کو مضروب کے ساتھ سول اسپتال بھیج دیا۔ ساتھ سپاہی انور کو بھی بھیج دیا تھا۔

جو بندہ میرے پاس رہ گیا تھا اس کا نام آصف معلوم ہوا' بندے کی عمر کا اندازہ میں نے چالیس سال کے اریب قریب لگایا' رنگ ذرا سانولا اور چہرہ بیضوی تھا۔ ہلکی ہلکی مونچھیں اس نے چھوڑی ہوئی تھیں۔

اس سے لڑائی کی جو کہانی سامنے آئی وہ میں اپنے الفاظ میں بیان کر دیتا ہوں۔

اس نے بتایا کہ عارف (مضروب) کو صاحب نے خنجر سے زخمی کیا ہے۔ عارف کا بازار میں ایک چائے کا چھوٹا سا ہوٹل تھا۔ صاحب اکثر اس کے ہوٹل میں چائے پینے آتے تھے۔ آج شاید وہ غصے میں تھے۔ انہوں نے چائے کا ایک گھونٹ لے کر پیالی میز کے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

اوپر پھینک دی اور اٹھ کھڑے ہوئے۔ پھر تیر کی تیزی سے عارف کے پاس گئے اور اسے گالی دے کر بولے۔

"یہ چائے ہے..... اس میں تو چینی ہی نہیں ہے۔"

"دیکھیں صاحب انسان سے بھول چوک ہو جاتی ہے۔ آج غلطی سے چینی نہیں ڈال سکا آپ تشریف رکھیں۔ میں آپ کو نئی چائے بنا دیتا ہوں۔ عارف نے گالی پر خون کے گھونٹ پیتے ہوئے کہا۔

"اب تم چائے کو رہنے دو..... تم انتہائی..... ہو....." یہ ایک غلیظ گالی تھی۔

عارف نے چائے چھاننے والے چمچے سے اس کے ہاتھ پر ضرب لگائی اور غصے سے بولا۔

"صاحب اپنی زبان کو لگام دو میں یہاں مزدوری کرتا ہوں۔ گالیاں سننے نہیں آتا۔"

اس کے بعد صاحب نے اچانک جیب سے خنجر نکال لیا اور عارف پر حملہ کر دیا۔

لوگ دوڑ پڑے لیکن چھڑاتے چھڑاتے عارف کو اتنے زخم آ گئے جس کا ذکر آ چکا ہے۔

بہرحال میں نے آصف کو کانسٹیبل وزیر کی بیرک میں بٹھا دیا۔ اور مضروب وغیرہ کا انتظار کرنے لگا۔

آدھے گھنٹے بعد وہ آئے ڈاکٹر نے رپورٹ بنا دی تھی جس میں زخموں کی تفصیل درج تھی۔

عارف نے مجھے ایک کہانی سنائی۔ جسے سن کر میں اچھل پڑا۔

صاحب نے عارف کو قتل کی دھمکی بھی دی تھی۔ میں نے محرر کو بلا کر عارف اور اس کے ساتھ آئے ہوئے بندوں کو اس کے ساتھ بھیج دیا۔ آصف کو بھی کانسٹیبل سے بیرک سے بلا لیا تھا۔ میں نے محرر کو سمجھا دیا تھا کہ رپورٹ میں کیا کیا لکھنا ہے۔

تقریباً ایک گھنٹے بعد ہمارا مطلوبہ بندہ ہمارے سامنے تھا۔ سپاہی انور اسے لایا تھا اور اب میرے اشارے پر کسی حکم کے منتظر جن کی طرح اس کے سر مسلط تھا۔

"ہاں بھئی..... صاحب عارف کو کیوں زخمی کیا ہے؟ اور خنجر کیوں اپنے پاس رکھا ہوا ہے؟"

"جناب! دراصل آج میرا بیوی کے ساتھ جھگڑا ہو گیا تھا اس لیے میں غصہ میں تھا اور تھانیدار صاحب میں عارف کے پاؤں میں گر کر معافی مانگ لوں گا اور اس کو کچھ پیسے بھی دے دوں گا۔"

"اچھا....." میں نے ہنکارا بھرا۔ اسی لیے غصے کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ بہرحال پھیکی چائے کی وجہ سے اتنا مشتعل ہونا سمجھ میں نہیں آیا۔"

"وہ جی..... یہ کوئی نفسیاتی کرو ہے۔"

"کیا مطلب.....؟" میں نے اسے گھورا۔ اب تم اپنے آپ کو پاگل ظاہر کرو گے۔"

"تھانیدار صاحب اگر چائے میں چینی نہ ہو تو مجھے غصہ آ جاتا ہے آج بیوی کے ساتھ بھی اسی بات پر جھگڑا ہوا تھا اور جب ہوٹل میں بھی پھیکی چائے سامنے آئی تو....." وہ خاموش ہو گیا۔

قارئین آپ اس بات پر حیران نہ ہوں ہر بندے میں کوئی نہ کوئی ایسی بات ہوتی ہے جسے سن کر حیرانگی ہوتی ہے۔

وہ یہی کہنا چاہتا تھا کہ اس کا غصہ ساتویں آسمان کو چھونے لگا تھا۔ ہم اسے اس سے بھی اوپر پہنچانا چاہتے تھے۔ کیونکہ اس کا جرم بہت بڑا تھا۔

"میں نے اسے تیکھی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ جب تمہیں اس بات پر غصہ آ جاتا ہے تو تم نے خنجر کیوں اپنے پاس رکھا ہوا ہے۔

یہ خنجر تو مجھے ویسے ہی پسند آ گیا تھا۔ اس نے بے خیالی میں خنجر جیب سے نکال کر میرے سامنے رکھ دیا۔ لگتا تھا اس کا دماغ کام کرنا چھوڑ چکا ہے۔ یہ ایک خوبصورت خنجر تھا۔ اس کا دستہ ہاتھی دانت کا تھا۔ میں نے خنجر اٹھا کر اپنی میز کی دراز میں رکھ لیا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"کیا مطلب تھانیدار صاحب! خنجر آپ نے میز کی دراز میں کیوں رکھا ہے؟"

"یہ آلۂ قتل ہے۔" میں نے ذو معنی لہجے میں کہا۔

"میں نے کسی کو قتل نہیں کیا؟"

"زخمی تو کیا ہے اور قتل کی دھمکی بھی دی ہے۔" میں نے خشک لہجے میں کہا۔

وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے میری طرف دیکھنے لگا۔

میں اسے اس اسٹیج پر لے آیا تھا کہ کسی تشدد کے بغیر اس نے سب کچھ اگل دینا تھا۔ لوہا گرم تھا میں نے اس پر آخری چوٹ لگاتے ہوئے کہا۔

"جیدی ..... کہاں ہے؟"

"جے ..... وی ..... دی" اس کو چکر آ گیا۔ سپاہی نے اسے پکڑ لیا۔ میرے اشارے پر کرسی پر بٹھایا اور دوڑ کر اس کے لیے پانی لے آیا۔

پانی پی کر وہ ذرا سنبھلا اور پھر اس نے ہمیں سب کچھ بتا دیا۔

کہتے ہیں جب انسان گرتا ہے تو اس کی کوئی حد نہیں ہوتی۔

یہ لالچ، خود غرضی اور بے حسی کی داستان ہے۔ پہلے یہ بتا دوں کہ ہمارا مجرم حنیف تھا۔ جی ہاں حفیظ کا بھائی۔

اسے سب حالات کا علم تھا۔ اسے یہ بھی پتہ چل چکا تھا کہ اس کی بھابھی کبھی بھی ماں نہیں بن سکتی۔ جیدی اس کی آنکھوں میں کھٹکتا تھا۔ دراصل وہ تمام جائیداد پر نظریں جمائے ہوئے تھا۔ اس نے سوچا کہ اگر جیدی کو اغوا کر کے مار دیا جائے تو راستہ صاف ہو سکتا ہے۔ اس کے بعد اس کا ارادہ اپنی بھابی کو بھی مارنے کا تھا۔ ایسے بندوں کی سوچ سطحی ہوتی ہے۔ وہ کوئی جرم کرنے سے پہلے گہرائی میں نہیں سوچتے۔ ان کا ذہن یہ سوچ ہی نہیں سکتا کہ آیا حالات ان کی سوچ کے مطابق ہوں گے بھی کہ نہیں؟

وہ جیدی کا چچا تھا۔ ظاہر ہے جیدی اس سے مانوس تھا۔ بلکہ وہ زیادہ تر اپنے چاچو کے ساتھ ہی رہتا تھا۔ اس لیے اسے اغوا کرنے میں اسے زیادہ پریشانی نہیں ہوئی۔ پریشانی تو اس وقت ہوئی جب دوسرے دن اس نے گھر جانے کی ضد شروع کر دی۔ اس دوران حنیف نے خنجر خرید لیا تھا۔ اس نے خنجر اس کی شہہ رگ پر رکھتے ہوئے کہا۔ چند دن خاموشی سے رہو پھر میں تمہیں لے جاؤں گا۔

سب سے خوش آئند بات یہ تھی کہ جیدی ابھی زندہ تھا۔ اس کی زندگی کے دن ابھی پورے نہیں ہوئے تھے۔ دراصل جس جرائم پیشہ بندے کے گھر جیدی کو رکھا گیا تھا اس نے یہ مشورہ دیا تھا کہ پہلے اغوا برائے تاوان کے سلسلے میں لاکھ دو لاکھ ہتھیا لیا جائے لیکن ابھی یہ معاملہ زیرِ غور ہی تھا کہ مجرم ہمارے قابو آ گیا۔

ظاہر ہے ہم نے جیدی کو بازیاب کروانے کے علاوہ حنیف کے ساتھی کو بھی گرفتار کر لیا تھا۔

عارف نے اغوا والے دن جیدی کو حنیف کے ساتھ شام ڈھلے شہر سے باہر دیکھ لیا تھا، عارف وہاں اپنے ایک قریبی رشتے دار کے جنازے میں شرکت کے لیے گیا تھا۔ لیکن اس کے دل میں یہ خیال نہیں آیا تھا کہ چچا (جب حفیظ نے جیدی کو اپنا بیٹا بنا لیا تھا تو وہ چچا ہی تھا) بھتیجے کو اغوا کی نیت سے لے جا رہا ہے۔

عارف کو ایک دن پہلے ہی پتہ چلا تھا کہ جیدی لاپتہ ہے وہ ابھی حفیظ کو بتانے ہی والا تھا کہ یہ واقعہ ہو گیا اسے یقین ہو گیا تھا کہ حنیف نے ہی جیدی کو غائب کیا ہے اور اس طرح یہ بات حفیظ سے پہلے ہم تک پہنچ گئی اسے کہتے ہیں کہ خود اپنے جال میں صیاد آ گیا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

روحانی علاج

حافظ شبیر احمد

عقیل خان..... کراچی

جواب: نماز کی پابندی کریں' فجر کی نماز کے بعد ایک تسبیح سورۃ قریش اول و آخر 11/11 مرتبہ درود شریف' کاروبار ٹھیک ہونے کے لیے تصور کاروبار کا رکھ کے پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد 41/41 مرتبہ سورۃ الفلق' سورۃ الناس پڑھ کے اپنے پورے جسم پہ دم کریں' پانی پر بھی۔ وہ پانی پورا دن استعمال کریں اور ایک بوتل پر بھی وہ دکان پر چھڑک دیں' یہ پورا عمل روزانہ کرنا ہے۔ روزانہ استعمال بھی رکھنا ہے اور چھڑکنا بھی ہے' صدقہ بھی دیں۔

صبا خان..... کراچی

جواب: نورین! عشاء کی نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ عبس پڑھیں۔ پڑھتے وقت یہ تصور ہو کہ جو رکاوٹ اور جو بندش ہے رشتہ ہو جانے میں وہ ختم ہو رہی ہے۔ پھر دعا بھی کریں' فجر کی نماز کے بعد سورۃ فرقان آیت نمبر 74,70 مرتبہ پڑھیں (اول و آخر 11/11 مرتبہ درود شریف) اچھا رشتہ آنے کی دعا کریں۔

خورشید شریف..... آسٹریلیا

جواب: عشاء کی نماز کے بعد سورۃ قریش 111 مرتبہ (اول و آخر درود شریف 11/11 مرتبہ) دعا کریں کہ اچھی جاب جلدی مل جائے' باقی مسئلہ جاب کے بعد حل کریں گے۔

گلشن بانو' عمرانہ سبحان..... کلا کوٹ بکھر

جواب:۔ بظاہر آپ کی باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے شوہر اور دیور پر بندش ہے اولاد کی۔ آپ نے نام مع والدہ کے نہیں بتایا۔

بعد نماز فجر سورۃ آل عمران آیت نمبر 38' 111 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ دعا بھی کریں۔

بعد نماز مغرب اور عشاء۔ سورۃ اخلاص' سورۃ فلق' سورۃ الناس 11,11 مرتبہ۔ بندش کے توڑ کے لیے۔ صدقہ بھی دیں۔ یہ وظائف آپ سب نے کرنے ہیں۔

مسرت جبیں..... ضلع ساہیوال

جواب:۔ رشتوں کے لیے:۔ (تمام بہنیں کر سکتی ہیں)۔ بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 74'70 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ دعا کریں جہاں بہتر ہو ہیں ہو۔ اللہ تعالیٰ راستا نکال دے گا۔

تنویر مجید بعد نماز عشاء سورۃ قریش پڑھے 11 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ دعا کرے اپنے لیے۔ کام بنے گا۔

مسئلہ نمبر 3:۔ جب گھر میں چینی آئے اس پر 3 مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کردیں اول و آخر 3,3 مرتبہ درود شریف۔ لڑائی جھگڑوں کے لیے۔

فرزانہ اشفاق..... بہاولپور

جواب:۔ آپ کو وہ وظائف چھوڑنے نہیں چاہیے تھے۔ بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 74'70 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ جلد اور اچھے رشتے کے لیے دعا کریں اور ہر نماز کے بعد بسم اللہ پوری 121 مرتبہ اول و آخر 3,3 مرتبہ درود شریف۔ نیت ہو کہ جو رکاوٹ آ رہی ہے وہ ختم ہو جائے رشتے میں۔

یہ وظائف جاری رکھیں جب تک رشتہ نہ ہو میں بھی دعا کروں گا۔

رضوانہ الیاس..... گوجرانوالہ

جواب:۔ بعد نماز مغرب سورۃ فلق' سورۃ الناس 21,21 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

بعد نماز عشاء سورۃ قریش 111 مرتبہ اول و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف روزی کے لیے۔ گھر کے تمام افراد کر سکتے ہیں۔

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

انیلہ ذوالقرنین ...... بحریہ ٹاؤن

جواب:۔ مسئلہ نمبر 3,1:۔ "یا ودود" 1000 مرتبہ اول وآخری 11,11 مرتبہ درود شریف ۔ وظیفہ بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء کریں۔ پڑھ کر 1 بوتل پانی پر دم کرلیں۔ وہ پانی کھانا پکاتے ہوئے اس میں ڈالیں اور دن میں ایک بار پلا بھی دیں بچوں اور شوہر کو۔ بوتل کا پانی 1 ہفتہ استعمال کریں۔ یہ عمل ہر ہفتہ کرنا ہے۔ لڑائی جھگڑے نہیں ہوں گے آپ دونوں کے درمیان محبت رہے گی۔

مسئلہ نمبر 2:۔ بعد نماز عشا سورۃ قریش 111 مرتبہ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف روزانہ۔ اچھی اور جلد نوکری کے لیے دعا کریں۔

گلنی (لالی) ...... چکوال

جواب:۔ بعد نماز فجر "یا قدوس" 101 مرتبہ اول و آخر 3,3 مرتبہ درود شریف۔ پڑھتے وقت منگنی ذہن میں ہوں اور مقصد بھی۔ دعا بھی کریں ان شاءاللہ جلد چھوٹ جائے گی۔

بعد نماز عشا سورۃ فاتحہ 41 مرتبہ اول تا آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ پڑھ کر اپنے پورے جسم پر دم کریں صحت کے لیے۔

عنبرین گل ...... مظفر گڑھ

جواب:۔ مسئلہ نمبر 1:۔ سورۃ والضحیٰ 41 مرتبہ اول تا آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اور نماز مغرب سے اتنی پہلے کہ وظیفہ مکمل کر کے جب دعا مانگیں تو مغرب کی اذان شروع ہو جائے۔

پڑھتے وقت تصور ہو کہ شوہر اور سسرال والے خوشی سے لپٹتے رہے ہیں۔ دعا بھی کریں۔

مسئلہ نمبر 2:۔ روزگار کے لیے بعد نماز عشاء سورۃ قریش 111 مرتبہ اول تا آخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ گھر کے تمام افراد کر سکتے ہیں۔ معاشی حالات کے لیے۔

مسئلہ نمبر 3:۔ بعد نماز فجر سورۃ فرقان آیت نمبر 70'74 مرتبہ اول وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف۔ جلد اور اچھے رشتے کے لیے دعا کریں۔

بعد نماز مغرب اور عشا سورۃ الفلق' سورۃ الناس 11,11 مرتبہ پڑھ کر دم کریں رکاوٹیں ختم کرنے کے لیے آپ دونوں بہنیں کریں ابو کے لیے دعا کریں۔

http://facebook.com/elajbilquran
www.elajbilquran.com

نوٹ

جن مسائل کے جوابات دیے گئے ہیں وہ صرف انہی لوگوں کے لیے ہیں جنہوں نے سوالات کیے ہیں۔ عام انسان بغیر اجازت ان پر عمل نہ کریں۔ عمل کرنے کی صورت میں ادارہ کسی صورت ذمہ دار نہیں ہوگا۔
ای میل صرف بیرون ملک مقیم افراد کے لیے ہے۔
rohanimasail @ gmail.com

روحانی مسائل کا حل کوپن برائے ستمبر 2014ء

نام .... والدہ کا نام .... گھر کا مکمل پتا ....

....

گھر کے کون سے حصے میں رہائش پزیر ہیں ....

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

خوشبوئے سخن

عصر اسرار

میں منتظر ہوں

نئی روشن صبحوں میں، اپنے سنگی ساتھیوں میں
اب رقصاں ہو نغموں پہ تم
پر روشن صبحیں جب ڈھل جائیں
لرزاں شمعیں پگھل جائیں
سنگی ساتھی بچھڑ جائیں
تو غم نہ کھانا
لوٹ آنا
میں منتظر رہوں گی
بہار رتوں میں چاند نگر میں
پرندوں سے آشیاں بنانا
بہار رتیں گزر جائیں جو
خزاں پیڑوں سے لپٹ جائے
پرندے آشیاں چھوڑ جائیں
تو غم نہ کھانا
لوٹ آنا
میں منتظر رہوں گی
محبتوں کے ساحل پر ہم سفر بنانا
سیپیاں چننا اور مسکرانا
شوریدہ سر لہروں میں چھوٹے ہاتھ ہم سفر کا
تو غم نہ کھانا
لوٹ آنا
میں منتظر رہوں گی
ابھی تو خوش ہو سوچ میں مست ہو
لمحہ جو کوئی کرب کا آیا
الم نے جب تمہیں رلایا
تو غم نہ کھانا
لوٹ آنا
میں منتظر رہوں گی
میں منتظر رہوں گی

ریحانہ سعیدہ..... لاہور

غزل

خوش مزاجی ملی ہے وراثت میں مجھے
دکھوں کے سمندر میں مسکرانا فرض سمجھتا ہوں
کیا جس نے نچھاور ہلکا سا تبسم مجھ پہ
تبسم سود کے ساتھ لوٹانا قرض سمجھتا ہوں
خود غرضی دنیا کی بھی نہ کر سکی مجھے بد ظن
غرض مند چہروں کو بے غرض سمجھتا ہوں
روشن ہے سوچ میری جلائے رکھتا ہوں امیدوں کا چراغ
زرد کہے زمانہ جس شجر کو اسے سرسبز سمجھتا ہوں
توہین ہے ابن آدم کی احساس محبت کا ختم ہو جانا
احترام آدمی کے داعیوں کو صاحب عقل و خرد سمجھتا ہوں
یہی ہے جرم فاروق میرا کہ جلتا ہے زمانہ جس پہ
درد مند ہوں دردمندوں کا درد سمجھتا ہوں

عمر فاروق ارشد..... فورٹ عباس

غزل

محبت کے تقاضوں کو نبھانا ٹھیک لگتا ہے
غم دل کو چھپا کر مسکرانا ٹھیک لگتا ہے
زمانے کا گلہ کرنا کوئی اچھا نہیں لگتا
جو اچھے لوگ ہیں ان کو زمانہ ٹھیک لگتا ہے
وفا کے تیر اس جانب جفا کے تیر اس جانب
ابھی دیکھیں گے ہم کس کا نشانہ ٹھیک لگتا ہے
حقائق کا جنہیں زہراب پینے کی نہیں عادت
انہیں عشق و محبت کا فسانہ ٹھیک لگتا ہے
کبھی عقل و خرد کی بات پر رونے کو جی چاہتا ہے
کبھی نادانیوں پر کھلکھلانا ٹھیک لگتا ہے
حسیں لگتا ہے مجھ کو اور بھی غصے کی حالت میں
میری باتوں پہ اس کا تلملانا ٹھیک لگتا ہے
لگی ہے پاؤں میں مہندی نکل سکتے نہیں گھر سے
مگر ہم سے نہ ملنے کا بہانہ ٹھیک لگتا ہے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK
www.paksociety.com

ریاض حسین قمر......منگلاڈیم

غزل

کیسی یہ تنہائی ہے
تجھ سے جا ٹکرائی ہے
کس کس کو بتلا دوں میں
کتنا وہ ہرجائی ہے
اپنے ہی گھر والوں نے
گھر میں آگ لگائی ہے
بھول گیا تھا جس کو میں
اس نے جان بچائی ہے
جس سے اس کو فیض ملے
بات وہی سمجھائی ہے
مانا اپنا کوئی نہیں
ساتھ اک تنہائی ہے

قدیر رانا۔ راولپنڈی

غزل

کچھ بھی باقی بچا نہیں سنانے کو
مہرباں آئے تھے پھر منانے کو
ایک ہی پل میں بدل گیا سب کچھ
جانے اب کیا ہوگیا زمانے کو
جن سے اپنا رشتہ تھا کوئی
آئے تھے وہ بھی ہمدردیاں جتانے کو
تجھ سے کسی نے کہا پلٹ آنے کو
رہ گئیں دل میں پھر یادیں ستانے کو
دل کو جل کے راکھ ہوچکا جاوید
اور کیا رہ گیا ہے جلانے کو

محمد اسلم جاوید......فیصل آباد

تشویش

رات عجیب سی بات ہوئی
برسوں بعد میں گزری تھی
ان رستوں سے ان گلیوں سے
جن رستوں پہ جن گلیوں سے
جن رستوں پہ جن گلیوں میں
ہم وقت گزارا کرتے تھے
وہ دیس تمہارا اپنا ہے
پر رات عجیب سی بات ہوئی
اس دیس کی سرد فضاؤں نے
مجھے روک لیا اور پوچھا
جو بن تیرے مر جانے کی باتیں کرتا تھا
کہاں ہے وہ اس کے دعوے کہاں گئے
تم سے بچھڑ کر کیسے زندہ ہے؟

نسیم سکینہ صدف

غزل

قیمتیں ہیں خرید سے باہر
بات گفت و شنید سے باہر
دیکھو مفلس غریب بیٹھا ہے
محفل جشن عید سے باہر
پیر جی ہوگیا کالا بکرا
دسترس مرید سے باہر
آج جو ہو رہا ہے دنیا میں
نہ تھا ماضی بعید سے باہر
ہو نہ جائیں خلوص و پیار و وفا
میرے دور جدید سے باہر
دے گواہی اگرچہ ہو منصف
ذرہ دل چشم دید سے باہر
کفر نیر ہے دل کی مایوسی
کچھ نہیں ہے امید سے باہر

نیر رضاوی......لیاقت آباد

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

ذوقِ آگہی

عفان احمد

کھڑے ہو کر پانی پینے کے نقصانات

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق پانی پینے کی چھ سنتیں ہیں۔

پانی ہمیشہ بیٹھ کر، بسم اللہ پڑھ کر، سیدھے ہاتھ سے دیکھ کر، تین سانس میں پینا چاہیے۔ پانی پینے کے بعد الحمد للہ کہنا چاہیے اس لیے ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق پانی پینا چاہیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق پانی نہ پینے کے بہت سے نقصانات ہیں جو درج ذیل ہیں۔

- کھڑے ہو کر پانی پینے والا انسان شیطان کا ساتھی بن جاتا ہے۔
- کھڑے ہو کر پانی پینے سے پیاس نہیں بجھتی۔
- کھڑے ہو کر پانی پینے سے انسان کا پیٹ بڑھتا ہے۔
- کھڑے ہو کر پانی پینے سے مثانہ میں پتھری پیدا ہوتی ہے۔
- کھڑے ہو کر پانی پینے سے شوگر کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔
- کھڑے ہو کر پانی پینے سے انسان کا نظام انہضام خراب ہو جاتا ہے۔
- ان تمام بیماریوں سے بچنے کیلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق پانی پینا چاہیے۔

رابعہ ساحر محمد حنیف ۔۔۔ جہانیاں منڈی

حضرت شیخ سعدی رحمہ اللہ تعالیٰ کا واقعہ

میں نے کبھی زمانہ کی گردش کی شکایت نہیں کی زمانہ کے حوادثات سے کبھی منہ نہیں بگاڑا مگر اس وقت کہ میرے پاؤں میں جوتے نہیں تھے اور خریدنے کے لیے پیسے بھی نہیں تھے۔ اسی حال میں کوفہ کی جامع مسجد آیا رنجیدہ دل میں نے وہاں ایک آدمی کو دیکھا جس کے پاؤں ہی نہیں تھے۔ میں نے حق تعالیٰ کی نعمت (پاؤں ہونے کا) شکر ادا کیا اور جوتے نہ ہونے پر صبر کیا۔

(گلستان ص ۱۱۷)

فائدہ: انسان کو اپنے سے کم درجا دمیوں پر نظر رکھنی چاہیے اس لیے کہ ایسا کرنے سے شکر کی توفیق ہوتی ہے۔

محمد عارف اللہ نثار.....اوکاڑہ

نہلے پے دہلا

1۔ آم کے آم اور گٹھلیوں کے دام کیسے وصول ہوتے ہیں؟

☆ جب خوبصورت بیوی کے ساتھ ڈھیر سارا جہیز بھی ہاتھ آئے۔

2۔ بہتی گنگا میں ہاتھ کیسے دھوئے جا سکتے ہیں؟

☆ جب سرراہ کسی منچلے کو جوتے پڑ رہے ہوں تو آپ بھی اپنا حصہ ڈال لیجیے۔

3۔ آج کل لوگ وعدہ وفا کیوں نہیں کرتے؟

☆ ٹائم کی پرابلم کی وجہ سے۔

4۔ اگر کوئی کریم واقعی رنگ گورا کر دے تو؟

☆ سمجھ لیجیے کہ یہ کریم جعلی ہے۔

5۔ اصل پھول اور مصنوعی پھول میں کیا فرق ہے؟

☆ صرف کانٹوں کا

6۔ آج کل بھولا بادشاہ کسے کہتے ہیں؟

☆ جو صرف مطلب کی بات سمجھے۔ کیا سمجھے۔

ریاض بٹ ۔۔۔ حسن ابدال

قیمتی موتی

❖ اگر آنکھیں راستوں کے مناظر میں نہ الجھیں تو منزل پر پہنچ کر تھکی ہوئی نہیں ہوتیں۔

❖ کسی انسان کو دکھ دینا اتنا آسان ہے جتنا سمندر میں پتھر پھینکنا مگر یہ کوئی نہیں جانتا کہ وہ پتھر کتنی گہرائی میں گیا ہوگا۔

❖ کسی بھی چیز کو باہر ڈھونڈنے سے بہتر ہوتا ہے کہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

بندہ پہلے اپنے اندر کی تلاشی لے جو باہر نہیں مل رہا وہ اپنے اندر ضرور مل جاتا ہے۔

❖ ہمارے دلوں میں اتنی تھوڑی جگہ کیوں ہے کہ ہم تمام رشتوں سے ایک جیسی محبت نہیں کرتے۔

شاہد حسن...... اوکاڑہ

کمرشل بریک

پولیس...... پیٹ مانگے اور

چور...... صفائی کرے ذرا ہٹ کے

ڈاکو...... سر اٹھا کے جیو

محکمہ صحت...... خالص ہی سب کچھ ہے

ڈاکٹر...... شاید زندگی شاید موت

صدر...... جیسے چاہو جیو

اینٹی کرپشن...... یہی تو ہے دو غلا پن

اسمبلی...... چھوڑو گرما گرمی رہو کول یار

سیاستدان...... روپیہ کھایا پیا ہضم کیا

راشی افسر...... کھاؤں گا نہیں تو بڑا کیسے ہوں گا

صحافی...... نام ہی کافی ہے

جواری...... یہی تو زندگی ہے

شوہر...... پیالی سے طبیعت صاف چہرہ شاداب

صدف مختار...... بوسال مصور

جھوٹ کی سزائیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب آدمی جھوٹ بولتا ہے تو (رحمت) کے فرشتے اس سے ایک میل دور ہو جاتے ہیں اس بدبو کے باعث جو جھوٹ بولنے سے پیدا ہوتی ہے (جامع ترمذی)۔

● جھوٹ بولنے والے کا دل سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ اللہ کے نزدیک جھوٹا لکھا جاتا ہے (موطا امام مالک)۔

● رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اس شخص کے لیے ویل (یعنی جہنم) ہے جو لوگوں کو ہنسانے کی خاطر جھوٹی باتیں سناتا ہے اس کے لیے ویل ہے۔"

(ابوداؤد ترمذی)

● نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹی گواہی کو بڑے گناہوں میں شمار کیا ہے (بخاری و مسلم)۔

نور الدین...... ناگرہ

ماضی، حال، مستقبل

جو وقت چلا جاتا ہے ماضی اسے ہم واپس نہیں لا سکتے اور آنے والے وقت مستقبل کو روک نہیں سکتے لیکن ان دونوں کے درمیان میں جو وقت آتا ہے حال ہے۔ اس میں ہم کچھ ایسا کر سکتے ہیں جس سے ماضی میں کی گئی غلطیاں چھپ جائیں اور ہمارا مستقبل سنور جائے۔

اقصیٰ نور...... سجاول

انمول موتی

❖ مومن وہ ہے جو خوشحالی میں شکر اور مصیبت پر صبر کرتا ہو۔

❖ کسی تصویر کے اتنا قریب مت جاؤ کہ وہ دھندلی نظر آئے۔

❖ حسن شکر میں لپٹی زہریلی گولی ہے۔

❖ جب آپ ناکام ہو جائیں تو ناکامی سے ملنے والا سبق نہ بھولیں۔

راشد امین...... کوٹ ادو

خواہش

زندگی میں انسان کسی چیز کی دل سے خواہش کر سکتا ہے لیکن اسے حاصل نہیں کر سکتا۔ کچھ خواہشات حسرت میں تبدیل ہو کر رہ جاتی ہیں اور یہ حسرتیں ایک گہرا زخم بن جاتی ہیں اور زندگی میں دو باتیں بڑی تکلیف دہ ہوتی ہیں ایک جس کی خواہش ہو اس کا نہ ملنا اور دوسری جس کی خواہش نہ ہو اس کا مل جانا۔

کاش......

خواہشات جو ہم نہیں ہمارا دل کرتا ہے وہ پوری ہو سکتی...... !

احمد عباس...... کوٹ ادو

⌘

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

ابنِ صفی کا تخلیقی و ادبی رجحان

محمد عارف اقبال



غالباً یہ مارچ یا اپریل 1958 کی بات ہے جب "نئے افق" کراچی کے ایڈیٹر جناب مشتاق احمد قریشی اردو کالج، کراچی کے آفس میں بابائے اردو مولوی عبدالحق صاحب سے ملے اور ابنِ صفی کے بارے میں ایک مشہور و معروف ادیب کی شکایت کی تو مولوی عبدالحق مرحوم نے مشتاق احمد قریشی سے برملا فرمایا تھا:

"اردو پر ابنِ صفی کا بڑا احسان ہے۔"

ابنِ صفی مرحوم (پ: اپریل 1928ء۔ و: 26 جولائی 1980ء) کے چہیتے شاگرد مشتاق احمد قریشی لکھتے ہیں:

"ابنِ صفی کے ساتھ ساتھ اسرار احمد ناروی بھی آخری وقت تک زندہ رہا۔ یہ دونوں شخصیتیں ایک ہی ذات میں جمع تھیں اور ان میں کوئی آویزش نہ تھی۔ اسرار احمد ناروی داغ کے جانشین اور زبان و بیان کے استاد حضرت نوح ناروی کے بھتیجے تھے۔ زبان و بیان کے نکات انہیں ورثہ کے طور پر ملے۔ جذبات و افکار ان کے اپنے تھے۔"

اردو دنیا کے معروف فکشن رائٹر ایم اے راحت اپنے محبوب اور محسن ادیب ابنِ صفی کے بارے میں کیا لکھتے ہیں، ذرا ملاحظہ کیجیے:

"سینتالیس سال سے قلم کو زندگی کا سہارا بنا رکھا ہے۔ تھوڑا سا لفظوں کا کھیل آ گیا ہے لیکن جس ہستی کے بارے میں کچھ کہنا ہے اس کے لیے الفاظ کی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

بازیگری ممکن نہیں۔ سونوکِ قلم کو سادگی کی سیاہی میں ڈبو کر بیچ لکھنا زیادہ بہتر تھا۔ میرا تعلق ہندوستان کے شہر علی گڑھ سے ہے۔ تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔ چھوٹی عمر تھی۔ بچوں کی کہانیاں پڑھتا تھا۔ ایک لائبریری سے رابطہ تھا، اس دن کوئی کہانی نہ ملی تو لائبریرین نے ایک کتاب دے کر کہا اسے پڑھو۔ اس کتاب کا نام 'پتھر کی چیخ' تھا۔ یہاں سے ابن صفی سے عشق ہوا اور یہ عشق اس منزل تک لے آیا کہ خود تحریر نگار بن گیا۔ بصد خلوص یہ اعتراف کر رہا ہوں کہ انہیں پڑھ کر میں نے پڑھنا سیکھا۔ لکھنا تو بہت بعد کی بات ہے، اور میں ہی نہیں، آج ایسے بے شمار لکھنے والے ہیں جو محترم ابن صفی کے بتائے راستے پر چل کر خود کو ادیب کہلوا رہے ہیں۔ جن میں میں بھی شامل ہوں۔" (خصوصی تحریر ۲۰۱۲)

جاسوسی ادب کے حوالے سے اردو دنیا کے عظیم ادیب اور ناول نگار ابن صفی کی ادبی خدمات کا اعتراف اردو کے چند ادیبوں اور نقادوں نے بھلے ہی نہ کیا ہو لیکن ایک دنیا جانتی ہے کہ ابن صفی کا قد اردو ادب میں نہ صرف بلند تھا بلکہ منفرد اسلوب و ناول نگاری میں وہ اپنے فن کے موجد بھی تھے اور خاتم بھی۔ اس کا بخوبی اندازہ ان کے 250 سے زائد شاہکار ناولوں کے مطالعہ سے ہوتا ہے۔ ان ناولوں کے حوالے سے ماہر اقبالیات اور تاریخ داں خرم علی شفیق کی دو کتابیں "سائیکو مینشن" اور "رانا پیلس" شائع ہو چکی ہیں۔ خرم علی شفیق نے ابن صفی کی یافت علامہ اقبال کے "مردِ بزرگ" میں کی ہے۔ علامہ اقبال کے الفاظ میں:

اس کا اندازِ نظر اپنے
زمانے سے جدا
اس کے احوال سے
محرم نہیں پیرانِ طریق

ابن صفی جاسوسی ناولوں کی طرف کیوں آئے اس کا پس منظر انہوں نے اپنے ایک مضمون "پیچ قلم خود" میں بیان کر دیا ہے۔ انہوں نے کلاسیکی اور تخلیقی ادب کا وسیع و عمیق مطالعہ کیا تھا۔ ابتدا ہی سے شاعری، انشا پردازی اور افسانہ نگاری ان کا خاص میدان رہا۔ جاسوسی ادب تخلیق کرنے سے قبل ان کی 100 سے زائد تخلیقات ماہنامہ نکہت، الٰہ آباد اور دیگر رسائل میں شائع ہوتی رہیں۔ افسوس کہ ان تخلیقات کا بیشتر حصہ ضائع ہو چکا ہے۔ افسانہ نگاری اس وقت شروع کی تھی جبکہ وہ ساتویں کلاس کے طالب علم تھے۔ اس زمانے کے معروف ادیب اور ہفت روزہ شاہد کے مدیر عادل رشید نے انہیں "مصورِ جذبات" کا خطاب دیا تھا۔ اسرار ناروی کی شاعری پر ان کے ایونگ کرسچن کالج، الٰہ آباد کے دو اساتذہ پروفیسر انوار الحق (صدر شعبہ اردو) اور انگریزی کے استاد مسٹر ہلکنس نے غیر معمولی تبصرہ کیا تھا۔ انگریزوں کی غلامی سے آزادی کی جدوجہد کے دوران میں ہی اسرار احمد ناروی نے اپنے زمانہ طالب علمی میں شاعری کی ابتدا کی۔ جب انہوں نے اپنی نظم "آخری التجا" کالج کے ایک مشاعرے میں سنائی تو تہلکہ سا مچ گیا تھا۔ 1948 میں ان کا پہلا انشائیہ "فرار" قلمی نام طغرل فرغان سے ماہنامہ نکہت الٰہ آباد میں شائع ہوا تو ان کے قلم کی قدر و قیمت کا اندازہ اس وقت کے "جوہریوں" کو بخوبی ہو گیا تھا۔

ان کے قلم میں ادبی روایت سے انحراف اور ادب میں احتجاج کا انوکھا انداز محسوس کیا گیا۔ الٰہ آباد یونیورسٹی سے وابستہ ان کے ایک استاد ڈاکٹر سید اعجاز حسین نے اپنے ہونہار شاگردوں کے تذکرے پر مشتمل اپنی کتاب "ملکِ ادب کے شہزادے" میں ابن صفی (اسرار ناروی) کا تذکرہ ایک شاعر کی حیثیت سے کیا اور مستقبل کے لیے بہت سی امیدیں باندھیں۔ اسرار ناروی کی نظم "بنسری کی آواز" سن کر ان کے انگریزی کے استاد مسٹر ہلکنس (Mr.

SCANNED BY DIGESTPK

، Higgins نے جو اردو شاعری سے گہری دلچسپی رکھتے تھے، کہا تھا "فراق صاحب کی رباعیات اور 'بنسری کی آواز' کے علاوہ مجھے تو اور سب کچھ Echo of Poetry (شاعری کی بازگشت) معلوم ہو رہا تھا۔" واضح ہو کہ اس وقت ابن صفی ایونگ کرسچن کالج، الٰہ آباد میں سیکنڈ ایئر کے طالب اور "بزم ادب" کے صدر بھی تھے۔ اسی سال سالانہ مشاعرے میں ابن صفی نے اپنی نظم 'بنسری کی آواز' پڑھی تھی۔

جاسوسی ادب کے آغاز (مارچ 1952) سے قبل ابن صفی کی شعری تخلیقات کے ساتھ نثری ادب میں جو معرکہ آرا تخلیقات منصۂ شہود پر آئیں ان میں 'میں افسانہ کیوں کر لکھتا ہوں؟'، 'آبِ حیات' کی پیروڈی، 'آبِ وفات'، قاضی عبدالغفار کی 'مجنوں کی ڈائری' کی پیروڈی، 'دیوانے کی ڈائری'، چاپلوسی، ایک ادبی نشست، اب کدھر جاؤں وغیرہ خاص طور سے قابل توجہ ہیں۔ ابن صفی کے تخلیقی اور ادبی رجحان کی روشنی میں معروف نقاد پروفیسر احتشام حسین (21 اپریل 1912 — یکم دسمبر 1972) کا ایک تنقیدی جائزہ بھی قابل توجہ ہے جو 1948 میں "اردو ادب: دوسری جنگ عظیم کے بعد" کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔ ایک اقتباس ملاحظہ کیجیے:

"...ادب کا اصل موضوع انسان اور اس کی بدلتی ہوئی حالت ہے۔ گو روایتی انداز اور نقالی کے سہارے جینے والا ادب بدلتی ہوئی زندگی سے ہم آغوش نہیں ہوتا لیکن باشعور ادیبوں میں سے اکثر سماجی حقائق ہی کو اپنے افسانوں، شعروں، ڈراموں اور ناولوں میں تخیلی اور جذباتی پیکر دیتے ہیں۔ اس لیے اردو ادب کے مطالعہ میں جنگ کے خاتمہ کو کسی میکانکی نظر سے دیکھنا صحیح نہ ہوگا بلکہ یہ دیکھنا ہوگا کہ جنگ کے زمانے اور جنگ کے بعد ہندوستان اور اس کے سیاسی و سماجی مسائل میں کیا خاص فرق پیدا ہوئے اور اردو کے ادیبوں کے یہاں ان کا اظہار کس حد تک ہوا ہے۔"

پروفیسر سید احتشام حسین کے اس تنقیدی جائزے کی روشنی میں ابن صفی کے ادبی نصب العین پر نگاہ مرکوز کی جائے تو واضح طور پر محسوس ہوتا ہے کہ دوسری جنگ عظیم کے بعد ادب کے بدلتے ہوئے منظرنامہ میں انہوں نے اپنی انفرادیت برقرار رکھی۔ ان کی تخلیقی سوچ ہمیشہ منفرد اور عام ڈگر سے ہٹ کر ہوتی تھی۔ سماج اور تاریخ پر ان کی نہ صرف گہری نظر تھی بلکہ ان کی شخصیت فکری بصیرت سے مالا مال تھی۔ ان کا ایک افسانہ "تجسس کی ناک" ملاحظہ کیجیے۔ اس کے مطالعے سے بخوبی اندازہ ہوگا کہ ابن صفی کا ذہن کس قدر باریک بینی سے ہر مسئلہ کی تہہ تک پہنچنے کا عادی تھا۔ "آبِ وفات" پیروڈی 1952 سے قبل لکھی گئی تھی۔ ڈاکٹر سید اعجاز حسین کی کتاب "اردو ادب: آزادی کے بعد" شائع ہوئی تو اس میں اس پیروڈی کا حوالہ دیتے ہوئے اسے نقل بھی کیا گیا تھا۔ معروف نقاد پروفیسر سیّد احتشام حسین نے دوسری جنگ عظیم کے بعد ہندوستان کی آزادی کے بعد کے اثرات پر جو تلخ تبصرہ کیا ہے، چند جملے ملاحظہ کیجیے:

"...۱۵ر اگست تاریخ ہند کا سنہرا ورق بن گیا۔ اردو کے بہت سے ادیبوں نے جشن آزادی میں شرکت کی اور بہت سے مبہوت ہو کر رہ گئے کیوں کہ اس آبِ حیات میں زہر آب کی موج بھی شامل تھی۔ جس طرح جنگ ختم ہوئی تھی مگر انسانیت غیر معمولی کرب میں مبتلا تھی اُسی طرح آزادی ملی تھی لیکن آزادی کا پرچم خون میں ڈوبا ہوا تھا..."

اس پس منظر میں ابن صفی یا طغرل فرغان کے محسوسات بھی کم کربناک نہ تھے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے مضمون "میں نے لکھنا کیسے شروع کیا؟" میں اپنے احساسات اور آئندہ کے عزائم کا اس طرح اظہار کیا:

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

''بہت ہی بھیانک قسم کے ذہنی ادوار سے گزرتا ہوا یہاں تک پہنچا ہوں، ورنہ میں نے بھی آفاقیت کے گیت گائے ہیں۔ عالمی بھائی چارے کی باتیں کی ہیں۔ لیکن ۱۹۴۷ء میں جو کچھ ہوا، اس نے میری پوری شخصیت کو تہہ و بالا کر کے رکھ دیا۔ سڑکوں پر خون بہہ رہا تھا اور عالمی بھائی چارے کی باتیں کرنے والے سوکھے سہمے اپنی پناہ گاہوں میں دبکے ہوئے تھے۔ ہنگامہ فرو ہوتے ہی پھر پناہ گاہوں سے باہر آ گئے اور چیخنا شروع کر دیا 'یہ نہ ہونا چاہیے تھا، یہ بہت برا ہوا' لیکن ہوا کیوں؟... تم تو بہت پہلے سے یہی چیختے رہے تھے۔ تمہارے گیت دیوانگی کے اس طوفان کو کیوں نہ روک سکے۔''

ابن صفی نے اپنے اس مضمون میں 1947 کے کربناک حقائق اور اس وقت کے حالات کے تجزیے سے جس نتیجے پر پہنچے اور ادب میں جس منفرد اسلوب کی بنیاد ڈالنے کا عزم کیا، اس کا اظہار آگے کچھ اس طرح کیا:

''میں سوچتا... سوچتا رہا۔ آخرکار اس نتیجے پر پہنچا کہ آدمی میں جب تک قانون کے احترام کا سلیقہ نہیں پیدا ہوگا یہی سب کچھ ہوتا رہے گا۔ یہ میرا مشن ہے کہ آدمی قانون کا احترام کرنا سیکھے اور جاسوسی ناول کی راہ میں نے اسی لیے منتخب کی تھی۔ تھکے ہارے ذہنوں کے لیے تفریح بھی مہیا کرتا ہوں اور انہیں قانون کا احترام کرنا بھی سکھاتا ہوں۔ فریدی میرا آئیڈیل ہے جو خود بھی قانون کا احترام کرتا ہے اور دوسروں سے بھی قانون کا احترام کرانے کے لیے اپنی زندگی تک داؤ پر لگا دیتا ہے۔''

ابن صفی نے اس مضمون میں اپنے ادبی مشن اور نصب العین کی طرف واضح طور پر اشارہ کیا ہے۔ مقام حیرت ہے کہ اردو کے چند ادیب اور نقاد آج بھی اپنی عدم واقفیت کے سبب ابن صفی کے ادبی مشن کو محض تفریح قرار دیتے ہیں۔ ان کے اس ادبی رویے پر افسوس تو ہوتا ہی ہے ساتھ ہی اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اردو ادب میں نقادوں کی ذہنی پس ماندگی اور ان کے متضاد رویے نے آزادی کے بعد ادب کے ارتقا اور نشوونما کو ناقابل تلافی نقصان سے دوچار کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اردو دنیا میں ابن صفی کے انتقال کے بعد کوئی مقبول ادیب نہیں پیدا ہوا۔ نقال تو مشروم کی طرح پیدا ہوئے لیکن اور بجنل مقبول تخلیق کاروں میں کوئی بھی نظر نہیں آتا۔ اس کے برعکس ایسے ادیبوں اور شاعروں کی بھیڑ ضرور دکھائی دیتی ہے جو ایڑی اٹھا کر اپنا قد اونچا کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ انہیں ذاتی طور پر انعامات و اعزازات بھی دیئے جاتے رہے ہیں مگر ان کی تخلیقات سے اردو عوام یا اردو ادب کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا۔ بعض شعرا، افسانہ نگاروں اور ناول نگاروں کی تخلیقات کو چند ادیبوں اور نقادوں کی جانب سے بظاہر نقد و ادب کی کسوٹی پر پرکھ کر ان کی شان میں قصیدے بھی پڑھے اور لکھے جاتے ہیں۔ اس کے باوجود یہ سوال اپنی جگہ قائم ہے کہ وہ عوام میں کتنے مقبول ہیں اور کتنے فیصد اردو کے قارئین ان کی تخلیقات کو اپنے دل کی آواز سمجھتے ہیں۔ شاید یہی سوال عصر حاضر کے معروف ادیب و نقاد شمس الرحمن فاروقی کے سامنے بھی تھا۔ لہٰذا جب انہوں نے تجزیہ کیا تو وہ بھی اسی نتیجے پر پہنچے۔ موصوف لکھتے ہیں:

''میرا خیال ہے کہ ابن صفی ہمارے زمانے کے مقبول ترین ناول نگار تھے اور ابھی ان کی مقبولیت باقی ہے، چاہے پہلے جیسی نہ ہو۔ جب مجھ جیسے طالب علم کتابوں کی دکانوں کے چکر لگایا کرتے تھے کہ ابن صفی کا ناول سب سے پہلے ہمارے ہاتھ آ جائے۔ اردو ہی نہیں، دنیا کے جاسوسی ادب میں ایسا بہت کم ہوا ہے کہ کسی جاسوسی ناول نگار کی موت کے اتنی مدت بعد بھی اس کے ناول پڑھے جاتے رہیں۔ میری نسل (یعنی وہ نسل جو دوسری جنگ عظیم کے فوراً بعد پروان چڑھی) کے سامنے انگریزی کے جو مقبول

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

ترین جاسوسی ناول نگار تھے، ان میں شاید ہی کوئی ایسا ہو جس کا نام آج لوگوں کو یاد ہو، ان کے ناول کا مقبول ہونا تو دور کی بات ہے۔[9]"

شمس الرحمٰن فاروقی نے اردو دنیا میں ابن صفی کی مقبولیت کے بارے میں جو اعتراف کیا ہے اس میں یہ بات بھی داخل ہے کہ وہ خود بھی ابن صفی کے ناولوں کے رسیا رہے اور آج ان کی شخصیت ایک معتبر ادیب و نقاد کی حیثیت سے تسلیم کی جاتی ہے۔

ہندوستان میں ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کی شخصیت اردو زبان و ادب کے حوالے سے ایک معتبر اور مستند دانشور، محقق اور نقاد کی ہے۔ ان کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ انہوں نے اردو ادب میں "جاسوسی ادب کے بتھ" کو تحلیل کرنے کی کوشش کی۔ ساہتیہ اکادمی، نئی دہلی نے مارچ 2007 میں انہی کے ایما پر ابن صفی کے جاسوسی ناولوں کے حوالے سے جرمن اسکالر کرسٹینا اوسٹر ہیلڈ کا لیکچر رکھا تھا۔ اس موقع پر انہوں نے کلیدی خطبہ بھی پیش کیا۔ اپنے خطبہ میں انہوں نے بجا طور سے یہ سوال اٹھایا کہ "... اگر جاسوسی ادب، ادب نہیں ہے تو جاسوسی کے ساتھ لفظ ادب لگاتے کیوں ہیں...؟ پہلے تو یہ ہے کہ ہم خود تضاد بیانی کے شکار ہیں اور پھر ناک بھوں چڑھاتے ہیں اور پھر جب ادبی تاریخیں لکھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جنہوں نے کئی نسلوں کی ذہنی آبیاری اور تربیت کی ہے... جنہوں نے ابن صفی کو ناگری میں بھی پڑھا ہے، اگر ایسا ہے تو کیا وجہ ہے کہ ہماری جتنی معاصر تاریخیں ہیں اردو ادب کی، وہ ابن صفی کے contributions اور ان کے ذکر سے خالی ہیں۔[10]"

معروف شاعر سرشار صدیقی (پ: 25 دسمبر 1926) کانپور میں پیدا ہوئے، حلیم ڈگری کالج، کانپور میں تعلیم حاصل کی اور 1950 میں تنہا پاکستان چلے گئے۔ ان کی پہلی غزل 1944 میں علامہ نیاز نے نگار میں چھاپی تھی۔ ان کے پانچ شعری مجموعے منظر عام پر آ چکے ہیں۔ اسی کے ساتھ ہی ان کے "ادبی تبصروں کا مجموعہ" شائع ہوا اور "زخم گل" کے نام سے ان کا ایک منظوم ڈرامہ بھی منظر عام پر آ چکا ہے۔ سرشار صدیقی نے جب ابن صفی کی "بازیافت" کی تو 1972 میں ایک فکر انگیز مضمون تحریر کیا۔ مضمون کے آخر میں انہوں نے لکھا کہ "... ابن صفی کا لاشعور جس میں اب بھی اسرار ناروی پوشیدہ ہے، اس راہ پر جانے کے لیے سوچ رہا ہے جہاں وہ اپنے اس ظاہری وجود کی اہمیت کے ساتھ ساتھ جس کا نام ابن صفی ہے، اپنے باطنی وجود کی تشکیل نو کر سکے جسے اسرار ناروی کے نام سے ظاہر ہونا ہے — اپنی فکری دنیا کے مسیح موعود کی طرح۔"

اپنے اسی مضمون میں سرشار صدیقی نے ابن صفی کی ادبی خدمات کو سکہ بند اردو ادیبوں اور نقادوں کی جانب سے نظر انداز کیے جانے کے اسباب پر اس طرح اظہار خیال کیا ہے:

"نقادوں کا ایک اور طبقہ ہے جو شدید احتیاط پسندی کا مریض ہے۔ جب تک کسی اہل قلم پر چند بے باک نقاد کھل کر اظہار خیال نہیں کر لیتے، اس وقت تک یہ احتیاط پسند نقاد اس اہل قلم پر اپنی رائے دینے سے بھی کتراتے ہیں۔ یہ لوگ ادب میں احساس کمتری کی بدترین مثالیں ہیں اور اُن نقادوں سے بھی فروتر ہیں جو اپنی حاجت روائی کے لیے اپنے نظریاتی حریف کا قصیدہ لکھنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔[11]"

دبستان لکھنؤ کے نمائندہ 'شاعر لکھنوی' (16 نومبر 1917 --- 23 ستمبر 1989) نے 1946 میں کانپور کے ایک بڑے مشاعرے میں شرکت کی اور وہیں سے مشہور ہوئے۔ شاعر لکھنوی 1948 میں پاکستان چلے گئے اور ریڈیو پاکستان سے منسلک ہوئے۔ ان کی تصانیف میں "زخم ہنر" بھی شامل ہے۔[12]

شاعر لکھنوی نے ابن صفی میں اسرار احمد ناروی کا

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

مطالعہ بڑی گہرائی سے کیا ہے۔ 1972 میں ابن صفی کی ادبی اور شعری خدمات پر ایک فکر انگیز مضمون تحریر کیا تھا۔ ایک اقتباس ملاحظہ کیجیے:

"...ان کی شاعری پردہ نشین کی زندگی بسر کر رہی ہے۔ یہ پردہ نشینی کسی عیب یا کمی کی بنا پر نہیں بلکہ محض ارباب نظر کی بنیاد پر اختیار کی گئی ہے۔ ورنہ ان کی نظموں اور غزلوں میں تازگی و تازہ کاری کی جو فضا، سمت و منزل کی جو پہچان، الفاظ و معنی کی جو ہم آہنگی، اظہار و بیان کی جو رنگا رنگی اور قدیم و جدید کی جو دھوپ چھاؤں موجود ہے وہ خلوتوں سے کہیں زیادہ محفلوں میں اپنے چراغ روشن رکھنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔"

ابن صفی کا شمار ان کمیاب شہرہ آفاق ادیبوں، شاعروں، ناول نگاروں اور انشا پردازوں میں ہوتا ہے جن کی مثال تقریب فہم کے لیے مرزا غالب، علامہ اقبال یا پریم چند اور سعادت حسن منٹو سے بھی دی جا سکتی ہے کیوں کہ ان کی تحریروں کو سرحدوں میں قید نہیں کیا جا سکتا ہے اور جن پر پوری ادبی دنیا کا حق ہے۔ ان کی تخلیقات کو ہر اردو داں تک پہنچانا ہماری ادبی ذمہ داری ہی نہیں بلکہ اس سے اردو زبان کی توسیع و اشاعت کا اہم فریضہ بھی ادا ہوتا ہے۔

حواشی و حوالہ جات

۱ علامہ نیاز فتح پوری (1884 — 24 مئی 1966، کراچی) ماہنامہ "نگار" کے مدیر تھے۔ ابن صفی پر تیکھا وار کرتے تھے۔ نیاز کے ادبی رویے نے بہتوں کو پریشان کیا تھا۔ منشی پریم چند نے نیاز پر ایک سخت مضمون بھی قلم بند کیا تھا جو "زمانہ" میں شائع ہوا۔ یہ مضمون ندیم صدیقی صاحب نے حال ہی میں "اردو میں فرعونیت" کے عنوان سے روزنامہ اردو ٹائمز، ممبئی (۶ اپریل ۲۰۱۴) میں شائع کیا ہے۔

۲ ابن صفی کون؟ مؤلف: مشتاق احمد قریشی، کراچی، صفحہ 57

۳ حضرت نوح ناروی (18 ستمبر 1878 — 10 اکتوبر 1962)۔ استاد ذوق کے قریبی شاگرد۔ تحت اللفظ پڑھتے تھے اور ہر روز ایک غزل کہنا ان کا معمول تھا۔ تین دیوان۔ سفینۂ نوح، طوفانِ نوح، اعجازِ نوح منظر عام پر آئے۔

۴ یادش بخیر ابن صفی، مؤلف: مشتاق احمد قریشی، مارچ 2013، کراچی، صفحہ 192

۵ یادش بخیر ابن صفی، صفحہ 321

۶ ابن صفی: مشن اور ادبی کارنامہ، مرتب و مؤلف: محمد عارف اقبال، جون 2013، صفحہ 13 تا 23، ابن صفی کا ادبی نصب العین۔

۷ روایت اور بغاوت، سید احتشام حسین (تحریر 1948)، مطبوعہ 2005، صفحہ 115، ناشر: اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ۔

۸ روایت اور بغاوت، سید احتشام حسین، صفحہ 119

۹ ابن صفی: مشن اور ادبی کارنامہ، صفحہ 83

۱۰ ابن صفی: مشن اور ادبی کارنامہ، صفحہ 80

۱۱ ابن صفی: کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا، مرتب و مؤلف: راشد اشرف، کراچی، مئی 2012، صفحہ 190، 193

۱۲ دبستانوں کا دبستان (جلد اوّل)، احمد حسین صدیقی، کراچی، صفحہ 232-233

۱۳ ابن صفی: کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا، راشد اشرف، کراچی، صفحہ 196

ایڈیٹر ہمارا اردو بک ریویو، نئی دہلی

SCANNED BY DIGESTPK
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

قسط نمبر13

جگت سنگھ

شمیم نوید

تاریخ کے صفحات میں محفوظ سرزمین پنجاب کی ایسی دلگداز داستان جو کلاسک داستانوں میں شمار ہوتی ہے..... جوروجبر کے خلاف بغاوت کی آتشیں آندھیوں کا احوال' جو حاکمانہ غرور کے کوہساروں کے ساتھ ہوس' جاہ و جلال سے ٹکرا جاتی ہیں۔ یہ کہانی ان لوگوں کے لیے بھی اسمانہ عبرت ہے' جو آنے والی نسلوں کو انتقام اور دشمنی کے جذبات منتقل کرتے رہتے ہیں اور سیدھے سادھے نوجوان "جگت سنگھ" بن جاتے ہیں اور پھر حالات کسی کے قابو میں نہیں رہتے۔ اس کہانی کا مرکزی کردار "جگت سنگھ" ایک ایسا ڈاکو ہے جس کا نام سن کر بڑے بڑے بہادروں کا پتہ پانی ہو جاتا تھا' در اصل فطری طور پر امن و آشتی کا پیامبر ہے۔ "جگت سنگھ" کے کردار کا رومانی پہلو' جو شروع سے آخر تک "چندن" اور "ویرو" کی صورت میں اس کہانی میں رچا بسا نظر آتا ہے اس بات کا معتبر ترین گواہ ہے کہ لطیف جذبات رکھنے والا نوجوان جسے دنیا خطرناک ڈاکو کے طور پر جانتی ہے اندر سے کتنا نرم اور محبت کرنے والا ہے۔

"جگت سنگھ" کہاں سے چلا اور کہاں پہنچا" آئیے قارئین یہ جاننے کے لیے ہم بھی زیر نظر کہانی میں "جگت سنگھ" کے ساتھ سادہ گاؤں کے سرسبز کھلیانوں' اونچے نیچے ٹیلوں اور پرخطر کھنڈرات کے نشیب و فراز میں سفر کرتے ہیں۔

"ویرو کہاں ہے اس کا تمہیں پتہ معلوم ہے موہن سنگھ!" جگت نے پرجوش آواز میں کہا۔ "ویرو کے باپ نے مجھ سے کہا تھا' تم جانتے ہو۔"

موہن سنگھ سناٹے میں آ گیا۔ اس کا دل لرز رہا تھا مگر اس نے محسوس نہیں ہونے دیا۔ اب اسے جگت سے ڈر لگ رہا تھا کھسکنے کا موقع سوچتے ہوئے بولا۔

"ویرو کے باپ نے کہا؟ سالا جھوٹا..... اس لالچی نے ہی کسی کے ساتھ بیٹی کا سودا کر دیا ہوگا۔"

جگت آگے بڑھا تو موہن سنگھ ہوشیار ہو گیا۔ وہ کھڑکی کی جانب جھپٹا مگر جگت نے لاٹھی آڑے رکھ دی۔ لہٰذا وہ لڑکھڑا کر گرا۔

"فرار ہونے کی کوشش نہ کرنا بڈھے' اگر تم زبان نہیں چلاؤ گے تو میرے ہاتھ چلنے لگیں گے۔"

موہن سنگھ منہ سے جھاگ نکالتا ہوا کھڑا ہو گیا۔ جگت نے اس کے دونوں راستے روک لیے۔ جگت کی ضرب سے بچنے کی خاطر اس نے کھمبے کی آڑ لی۔ جگت کا غضب ناک چہرہ دیکھ کر اس کا دماغ گھوم گیا اور وہ قہقہہ لگا کر ہنسنے لگا۔ جگت کا غصہ اور تیز ہو گیا۔ وہ آگے بڑھا' موہن سنگھ قہقہہ لگاتا ہوا پیچھے ہٹنے لگا۔

"بول..... ویرو کہاں ہے؟" جگت دونوں ہاتھ پھیلا کر گرجا۔ "تمہیں پانچ منٹ کا وقت دیتا ہوں۔ نہیں تو مارے جاؤ گے۔" موہن سنگھ قہقہہ لگا کر ہنسا۔ اس کا بگڑا ہوا چہرہ اور پاگل پن کی ہنسی دیکھ کر جگت جوش غضب سے بھر گیا۔ اس نے دانت پیس لیے اور اس کی کلائی کی نسیں تن گئیں۔ وہ آگے بڑھ رہا تھا' موہن سنگھ پیچھے ہٹتا جا رہا تھا۔

"نہیں' نہیں..... تم مجھے نہیں مار سکو گے۔ میں جانتا ہوں ویرو کا کیا ہوا۔" موہن سنگھ زور سے چلایا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

www.paksociety.com

"پھر بول...... جلدی بول بیوقوف! ورنہ میں تیرا خون پی جاؤں گا۔" جگت کی آنکھوں میں خون کی سرخی تیرنے لگی۔ موہن سنگھ پھر چلایا۔

"میں اکیلا ہی جانتا ہوں اور مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ کہہ دینے کے بعد تم مجھے زندہ نہیں چھوڑو گے۔" وہ ہانپنے لگا۔ "یہی وجہ ہے کہ میں تمہیں نہیں بتاؤں گا۔ تم مجھے مار نہیں سکو گے' نہیں مار سکو گے۔" پاگلوں کی طرح چیختا ہوا وہ دیوار سے ٹک گیا۔ دیوار پر لکڑی کی چار کھونٹیاں تھیں۔ ان میں سے دو کھونٹیوں کے درمیان اس کا سر پھنس گیا۔ جگت کی رگ وپے میں آگ برس رہی تھی۔ اس کے دونوں ہاتھ موہن سنگھ کی گردن پر جم گئے۔ موہن سنگھ نے پیر اٹھایا۔ اس سے پہلے جگت نے اس کے پیٹ میں گھٹنا مارا۔ موہن سنگھ کے منہ سے بدبودار شراب کی کلی نکل گئی۔ جگت کی انگلیاں گردن پر دب گئیں۔

"بول...... جلدی بول دے! ویرو کہاں ہے؟" موہن سنگھ نے سر ہلانے کی کوشش کی لہٰذا جگت نے اس کا سر دیوار سے ٹکرا دیا۔ "بتا! ویرو کہاں ہے؟" آہستہ آہستہ جگت کی انگلیاں گردن پر تنگ ہونے لگیں۔ پھر دونوں انگوٹھے موہن سنگھ کے حلق کی شاہ رگ پر دب گئے۔ آخری وقت میں کہہ دے گا اس اندازے پر اس نے انگوٹھوں کا دباؤ بڑھا دیا۔ موہن سنگھ کا منہ پھٹ گیا۔ زبان بل کھانے لگی۔ جگت کا خون تیزی سے گردش کرنے لگا۔ موہن سنگھ نے دونوں کھونٹیاں پکڑنے کے لیے ہاتھ مارے' جگت نے دباؤ اور بڑھایا۔ آنکھیں بند کر کے پیر کے پنجوں کے بل کھڑے رہ کر جگت نے آخری زور آزمایا۔ موہن سنگھ کا پورا جسم اکڑ گیا اور دوسرے لمحے موہن سنگھ کی روح جسم کا ساتھ چھوڑ گئی...... جگت نے آنکھیں کھول کر دیکھا' موہن سنگھ کا بگڑا ہوا چہرہ کھونٹی پر ڈھلک گیا تھا۔ اس کے دونوں ہاتھ دوسری دو کھونٹی پر جم گئے تھے۔ پھیلے ہوئے منہ میں زبان بل کھا گئی تھی۔ دیوار سے لگ کر کھڑی ہوئی موہن سنگھ کی لاش دیکھ کر جگت پیچھے ہٹ گیا پھر اپنے ہاتھوں کی ہتھیلیوں' انگلیوں اور انگوٹھوں کو حیرت سے دیکھنے لگا۔ جیسے خون سے بھر گئے ہوں' اس طرح ہاتھ جھٹک دیے۔ موہن سنگھ کے مردہ چہرے کی جانب نظر ڈالی۔ اسے لگا جیسے ابھی تک وہ قہقہہ مار کر کہہ رہا ہو...... میں اکیلا جانتا ہوں' لہٰذا تم مجھے نہیں مار سکو گے...... اس کے قہقہے اب بھی تو مجھے محسوس ہو رہے تھے' جگت الجھن میں پڑ گیا۔

شراب کی نصف بھری ہوئی بوتل پر اس کی توجہ گئی۔ اسے ہاتھ میں اٹھایا' مگر موہن سنگھ کی شراب کو منہ سے چھونے کے لیے اسے نفرت جاگی۔ دانت پیس کر بوتل کی شراب موہن سنگھ کے چہرے پر انڈیل دی پھر زور سے دیوار پر بوتل پھینک کر لالٹین اٹھائی اور باہر نکل گیا۔

گھوڑی پر سوار ہونے کے بعد اسے پوری طرح ہوش آیا کہ اس کے ہاتھوں ایک قتل ہو چکا ہے۔ اب سوائے ڈاکوگری کے تمام راستے بند ہو چکے ہیں مگر ویرو کی تلاش کا کیا ہوگا؟

اس کا اس کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔

○✤○✤○

جنون میں آ کر اس نے موہن سنگھ کی گردن دبا کر اسے مار ڈالا۔ مگر اس حرکت سے ویرو کی تلاش کا کام مشکل بن گیا۔ یہ بعد میں جگت کی سمجھ میں آیا۔ ویرو کے متعلق میں اکیلا جانتا ہوں۔ ایسا موہن سنگھ بک رہا تھا' تب کیوں اس نے حلق کا دباؤ کم نہ کیا؟ کیا وہ جان بچانے کے لیے اسے بنا رہا تھا؟ تو پھر اس نے یہ کیوں کہا کہ "جگت! میں کہہ دوں گا تو تم مجھے زندہ

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

نہیں رہنے دو گے۔" شاید موہن سنگھ نے ویرو سے انتقام لینے کے لیے اس کی درگت بنا دی ہوگی۔

غروب ہوتے ہوئے سورج کی سمت گھوڑی دوڑی جا رہی تھی پھر بھی شفق اس سے دور ہوتی ہوئی معلوم ہو رہی تھی۔ کیا ویرو بھی اس سے اتنی ہی دور نکل گئی ہوگی جہاں وہ کبھی نہیں پہنچ سکے گا؟ اور ممکن ہے وہ پہنچ جائے۔ اس صورت میں ویرو اس سے منہ نہیں پھیرے گی؟ ویرو تو اسے صحیح راستے پر لانا چاہتی تھی مگر وہ مجرم بن گیا۔ کون جانے قسمت اسے کس طرف لے جا رہی تھی؟

چھ میل دور پہنچنے کے بعد درمیان میں روپا دریا آتا تھا۔ جگت نے گھوڑی روک دی۔ سورج مغرب میں ڈوب چکا تھا۔ بہتا ہوا پانی دیکھ کر جگت کو پیاس ستانے لگی۔ دریا پار کر کے وہ نیچے اترا' گھوڑی اس نے چرنے کے لیے چھوڑ دی اور خود کنارے پر پانی میں پیر رکھ کر کھڑا ہو گیا۔ ٹھنڈے پانی کے پیروں کو چھونے سے دماغ کو تھوڑی ٹھنڈک ملی اور تازگی محسوس ہونے لگی۔ اب اسے پرسکون انداز میں سوچنا تھا۔ دریا کا پاٹ ختم ہو جانے کے بعد دو راستے نکلتے تھے۔ ایک راستہ نانا کے گاؤں کی جانب جبکہ دوسرا انک نگری کی جانب جا رہا تھا' جہاں بچپن کا ٹھکانہ تھا۔ اسے کہاں جانا چاہیے؟ موہن سنگھ کو قتل کرنے والے ہاتھ کہنی تک اس نے پانی میں دھوئے مگر ہاتھ دھونے سے کیے گئے کرم نہیں دھلتے یہ جانتے ہوئے بھی اسے تھوڑا اطمینان ہوا پھر پانی کے چھینٹوں سے چہرہ بھگویا۔ چہرہ صاف کرتے ہوئے اس کا ہاتھ گردن میں پہنے ہوئے تعویذ پر گیا۔ تب ویرو کی یاد نے اسے بے چین کر دیا۔ اس نے پیٹ بھر کر پانی پیا' پھر وہ بہتے ہوئے پانی کو دیکھتا ہوا زندگی کے گزرے ہوئے لمحات کے خیال میں گم ہونے لگا۔

اندھیرا گہرا ہو رہا تھا مگر اسے ہوش نہیں تھا۔ چھوڑی ہوئی گھوڑی دریا کے کنارے زمین پر لوٹ پوٹ کر جسم کی ریت گرا رہی تھی۔ اچانک دوڑتی ہوئی جیپ کے انجن کی آواز پر گھوڑی کے کان کھڑے ہو گئے۔ مگر جگت کے خیالات کا سلسلہ نہیں ٹوٹا۔ جیپ کنارے پر آ کر رکی' تب اس کے بریک نے جگت کو چونکا دیا۔ گردن گھما کر عقب میں دیکھنے لگا۔ اسی لمحے اس کے چہرے سے ٹارچ کی روشنی ٹکرائی۔ تیز روشنی میں وہ آنکھیں ملتا ہوا دیکھنے لگا۔ پھر دو قدم آگے بڑھ کر لاٹھی اٹھانے جھکا' اسی لمحے آواز سنائی دی...... "کون...... جگا......؟" آواز جانی پہچانی تھی مگر کس کی تھی؟ یہ جلدی سمجھ میں نہیں آئی۔ دماغ پر چھائے ہوئے خیالات کے ہجوم کو ہٹانے کے لیے اس نے سر کو جھٹکا دیا' تب آواز والی شخصیت سامنے آ گئی اور جگت چونک گیا...... ارجن سنگھ...... پولیس چیف' ارجن سنگھ...... اس کے دماغ کی رگیں تن گئیں۔ خون پوری تیزی سے دوڑنے لگا۔

"ارے! تم اندھیرے میں اکیلے بیٹھے کیا کر رہے ہو؟" ارجن سنگھ اس کے چہرے کے تاثرات جانچتا ہوا بولا۔ جگت نے تیزی سے جیپ کی جانب نظر گھمائی۔ دو پولیس والے جیپ سے اتر رہے تھے۔ دو پل کے لیے جگت کا دل جیسے دھڑکنا بھول گیا۔ بیوقوف موہن سنگھ کی گردن دبا کر اندھیرے میں غائب ہونے کی بجائے دریا کنارے بیٹھا رہا...... جگت نے ہونٹ چبا کر اپنے آپ سے کہا۔ شیر ہو کر ارجن سنگھ کے ہاتھ میں خرگوش کی طرح پھنس گیا۔ جگت کانپ گیا۔ لاٹھی اٹھانے کا موقع تھا' مگر اس میں چھپی ہوئی برچھی کا خول اتارنے کا وقت نہیں تھا۔ گھوڑی نظر کے سامنے تھی مگر ارجن سنگھ درمیان میں کھڑا ہوا تھا۔ ختم...... اب ہاتھ اٹھا کر

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

اپنے آپ کو سپرد کرنے یا فرار کی کوشش کر کے شوٹ ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا۔

"کیوں جگا! کیا سوچ رہا ہے؟ پرانا حساب صاف کرنا ہے؟" ارجن سنگھ گھبرائے بغیر بولا۔ جگت نے پھر ہونٹ کاٹے۔ لاٹھی پر گرفت مضبوط کی' دماغ نے ہاتھ کو حکم دیا۔ "وار کر!" اسی لمحے ارجن سنگھ قریب آیا' اس کے شانے پر ہاتھ رکھ کر بولا۔ "ابھی جیل سے رہا ہو کر آ رہے ہو؟ حساب صاف کرنے کی جلدی کیا ہے؟" پھر رک کر بولا۔ "مگر بتا تو سہی' کس کا انتظار کر رہا تھا؟"

جگت کے ذہن میں روشنی ہوگئی۔ ارے احمق موقع سنبھال لے اس شخص کو تمہارے جرم کا ابھی پتہ نہیں ہے' دماغ کو قابو کرتے ہوئے دو چار منٹ لگے پھر لبوں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔

"میں نے سمجھا تمہیں حساب صاف کرنے کی جلدی ہے۔" پھر ارجن سنگھ کے چہرے کے تاثرات پڑھ کر بولا۔ "مجھے ابھی دھرم پور پہنچنے کی جلدی ہے۔ نانا کی طبیعت اچانک بگڑ گئی ہے' لہٰذا گھوڑی تیزی سے دوڑاتا ہوا آ رہا تھا۔ جانور کو کچھ آرام کرنے کے لیے چھوڑ دیا اور خود یہاں بیٹھ گیا۔" پھر پستول پر جمے ہوئے ارجن سنگھ کے ہاتھ پر نظر کرتے ہوئے اس نے سیٹی بجا کر گھوڑی کو قریب بلایا۔ وہ قریب آئی تو اس کی لگام تھام لی' پھر اس کی پشت پر ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔ "دیکھو! جلدی میں اس پر زین رکھنا بھی بھول گیا۔"

اب اس کے اور ارجن سنگھ کے درمیان گھوڑی کی آڑ تھی۔ اب ارجن سنگھ کیا کرتا ہے؟ اس پر مدار تھا۔ ارجن سنگھ نے ٹارچ اس کی جانب میں دبائی' گھوڑی سرہلاتی ہوئی پیچھے ہٹ گئی۔ جگت بھی اس کے ساتھ ہی دور ہٹ گیا۔ "ٹھیک ہے..... نانا کو کچھ ہوا اس سے پیشتر ان سے ملاپ کر لے۔ ہم تو جلد یا بدیر پھر ملیں گے۔" آخر الفاظ میں چھپا ہوا طنز جگت کو کھٹک گیا مگر اس کے متعلق خیال کیے بغیر اس نے گھوڑی کی پیٹھ پر جست لگائی۔ لگام کھینچنے سے پہلے ایک بار پھر اس نے غور سے ارجن سنگھ کے چہرے کی جانب دیکھا۔ نہیں...... ابھی موہن سنگھ کے قتل کے متعلق اسے کچھ معلوم نہیں ہے...... اس کو یقین ہو گیا اور اس نے گھوڑی کے پہلو میں ایڑ لگائی' گھوڑی دھرم پور کی راہ پر روانہ ہوگئی۔

آٹھ دس قدم آگے بڑھ کر اس نے چونکنے انداز میں سر گھما کر دیکھا' ارجن سنگھ ابھی وہیں کھڑا ہوا تھا۔ لگام کو زور سے جھٹکا دیا اور گھوڑی دوڑنے لگی۔ ایک فرلانگ کا فاصلہ اس نے سانس روک کر طے کیا۔ پیٹھ پر سے پسینے کا ریلا اترنے لگا۔ ارجن سنگھ کے پستول کی گولی ہر وقت اس کی پشت میں سوراخ کر سکتی تھی۔ دریا کو پار کرنے کے بعد اس نے نظر گھما کر دیکھا' ارجن سنگھ جیپ میں بیٹھ رہا تھا۔ اب بھی جگت کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا معجزہ ہوا ہے؟ پہلی بار اسے محسوس ہوا کہ کوئی غیبی طاقت اس کی مدد کر رہی ہے۔ دیرو کے دیے ہوئے تعویذ کا یہ کارنامہ ہوگا؟ پھر نظر گھما کر دیکھا' پولیس جیپ دریا پار کر کے مخالف سمت میں دوڑ رہی تھی۔ وہ جب تک نظر آتی رہی جگت گھوڑی روک کر کھڑا رہا۔ پھر اطمینان کی سانس لی۔ اس نے نانا کے گھر کا راستہ تو دلاور خان کی توجہ ہٹانے کے لیے پکڑا تھا۔ ارجن سنگھ کو قتل کے متعلق جب پتہ چلے گا' وہ اس کا تعاقب کرے گا' اس سے پیشتر اسے فرار ہو جانا چاہیے۔ آج کی رات اس کے لیے امتحان کی رات تھی۔ اس نے گھوڑی لوٹائی اور دوسرے راستے پر نانک نگری کی جانب دوڑا دی۔ ہوا کی طرح دوڑتی ہوئی گھوڑی پر بیٹھے ہوئے جگت کے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ذہن میں پولیس سے نفرت زور کرنے لگی۔ ارجن سنگھ کے الفاظ اس کے کان میں ہتھوڑے کی طرح ضرب لگا رہے تھے۔ "جلد یا بدیر ہماری ملاقات ہوگی۔" جگت نے دانت پیس لیے۔

"اچھا بیٹے۔ ملاقات ہوگی تو چھٹی کا دودھ یاد کرواؤں گا۔"

ارجن سنگھ کو جگت کی حرکت عجیب سی لگی۔ ممکن ہے اپنے نانا کی بیماری کی وجہ سے اتنا گھبرایا ہوا ہو مگر اس نے جگت کو صحیح سلامت واپس کیوں جانے دیا؟ ایک آدھ چانٹا ہی مار دیتا تو ہاتھ کی کھجلی کم ہو جاتی۔ ایسا محسوس کرتا ہوا ارجن سنگھ کافی دیر بعد شیخ پور کے پولیس تھانے پر پہنچ گیا۔ تب موہن سنگھ کے قتل کی خبر نے اس کا استقبال کیا۔

"صاحب! اوگڑیا کے ایک شخص کا قتل ہو گیا۔ کسی نے اس کی گردن دبا دی۔" ارجن سنگھ نے کسی قسم کی بے چینی نہیں دکھائی۔ پولیس تھانے میں قتل، چوری اور ڈاکے کے کیس نہ آئیں تو تعجب کی بات تھی۔ ارجن سنگھ کرسی پر بیٹھ گیا۔ اس کا ماتحت قتل کی تفصیل بتانے لگا۔ "پرانی دشمنی کا انتقام لیا گیا ہے شاید۔ قاتل فرار ہو گیا۔"

"کسی کو وہاں بھیجا ہے؟" ارجن سنگھ میز پر پڑی ہوئی رپورٹ کو ایک نظر دیکھتا ہوا بولا۔

"ہاں صاحب، دو آدمی بھیجے ہیں۔ مگر صوبیدار صاحب نے آپ کو بلایا ہے۔" ماتحت نے کان کو کھجاتے ہوئے کہا۔ "انہیں جگا پر شک ہے۔"

"جگا......!" نام سن کر ارجن سنگھ کھڑا ہو گیا۔ اس کے پیر میں جھٹکا سا محسوس ہوا۔ "پہلے بھونکنا تھا کہ موہن سنگھ کا قتل ہوا ہے۔" کرسی زور سے ہٹا کر وہ باہر آ گیا۔ ماتحت اس کے پیچھے دوڑا۔

"قتل ہوتے کسی نے دیکھا ہے؟" ارجن سنگھ نے پوچھا۔

"نہیں صاحب! مقتول کی چاچی گردوارے گئی تھی، تب کسی نے مکان میں داخل ہو کر جلدی سے کام ختم کر لیا۔"

"پھر صوبیدار کو جگا پر کیوں شک ہے؟"

"جگا جیسا کوئی شخص گاؤں میں آیا تھا، اس کی خبر ملی۔ پھر اسے گھوڑی پر تیزی سے جاتے ہوئے بھی دو تین آدمیوں نے دیکھا۔" جیپ اسٹارٹ ہو گئی۔ لہٰذا ماتحت نے ڈرائیور سے کہا۔ "وگڑیا کی جانب چلاؤ۔"

"نہیں......دھرم پور کی جانب چلو۔" ارجن سنگھ چیخا۔ وہ اپنے آپ کو کوسنے لگا۔ ہاتھ سے کیسے موقع سرک گیا۔ اسے دیکھ کر جگا اسی وجہ سے گھبرا گیا ہوگا۔ میں نے اسے جانے دیا...... اسے اپنے رخسار پر چانٹے مارنے کو جی چاہا مگر دوسروں کی موجودگی حائل تھی۔ ماتحت اپنے چیف کی بے چینی کا اسرار سمجھ نہیں سکا۔ مگر ڈرائیور کے ساتھ والے دونوں پولیس مین سمجھ گئے کہ صاحب سوتے میں بک گئے۔

دھرم پور پہنچنے تک ارجن سنگھ نے بمشکل مایوسی کو دبائے رکھا، مگر جگت کے نانا کی کھڑکی کو تالا لگا دیکھ کر ایسا غصہ آیا کہ دروازے پر زور سے لات ماری۔ "نصیب کو تالا لگ گیا......" وہ بڑبڑایا۔

پڑوسی سے معلوم ہوا۔ "نارائن سنگھ دو دن سے بیٹی کے پاس رتیا میں ہیں۔"

ایک غلیظ گالی اس کی زبان سے نکل گئی۔ "حرام خور کہہ رہا تھا کہ نانا بیمار ہو گئے ہیں۔ پہنچنے کی جلدی ہے۔" بند کھڑکی کی جانب دو چار گالیاں اچھال کر وہ جیپ میں جا بیٹھا۔ "اب رتیا کی جانب چلو۔" ارجن سنگھ کو یقین تھا کہ جگت وہاں نہیں ہوگا مگر بھٹکنے کے علاوہ کیا علاج تھا؟

جگت کی وجہ سے اس کی ملازمت جانے والی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تھی۔ یہ تو اچھا ہوا کہ پولیس کمشنر پر بم گرا اور اس کے گلے پر چلتی ہوئی چھری رک گئی۔ چار سال کی سفارش کے بعد بمشکل شیخوپورہ کے پولیس چیف کی جگہ واپس ملی تھی۔ اب اسے اپنا پرانا حساب چکانا تھا۔ بچن کی ٹولی کو پھنسانے کا جال بچھایا ہوا ہے اس میں جگت بھی پھنس جائے تو اس کی کارکردگی کو چار چاند لگ جائیں گے۔ تباہ کیے ہوئے پانچ سال سود سمیت واپس مل جائیں گے۔

○❖○❖○

"جگت! تم نے ارجن کو خوب چکر دیا۔" بچن اس کی پیٹھ تھپتھپاتا ہوا بولا۔ جگت ہمیشہ کے لیے واپس لوٹا ہے یہ سن کر سب خوش ہو گئے تھے۔

"اب پھر پہلے جیسا کھیل شروع کریں گے۔" ہوشیار نے کہا۔

"سنو ساتھیو!" بچن نے ہاتھ بلند کر کے کہا۔ "ابھی اور اسی وقت سے جگت ہمارا سردار ہے۔" مگر جگت نے سے روک لیا۔ "بچن نہیں' اتنی کیا جلدی ہے؟ مجھے کچھ کہنا ہے۔" پھر جگت سب کی جانب دیکھتے ہوا بولا۔ "موہن سنگھ کو قتل میں نے پرانی دشمنی کی وجہ سے نہیں کیا۔ اس نے ویرو کے متعلق مجھے بتا دیا ہوتا تو میں شاید اس کی گردن دبانے کے لیے وہاں نہ ٹھہرتا۔ عزیز زندگی بسر کرنے کے لیے میں نے ڈاکوگری چھوڑی تھی۔ ویرو مل جاتی تو موہن سنگھ زندہ ہے یا مر گیا اس کی مجھے پروا نہیں تھی۔" وہ کچھ دیر رک گیا' پھر بولا۔ "ابھی ویرو کی تلاش باقی ہے۔" آخری جملہ نرم لہجے میں کہا۔

"اس میں ہم تمہارے ساتھ ہیں۔" بچن اور ہوشیار نے ایک آواز میں کہا۔

"مگر ہوشیار! تم بھول رہے ہو۔" جگت نے اس کی جانب دیکھ کر کہا۔ "ویرو کی وجہ سے ایک بار ہماری ٹولی میں پھوٹ پڑ گئی...... پھر اس بار......"

"اس کا انجام ہم نے دیکھ لیا۔" ہوشیار نظر اٹھائے بغیر بولا۔ "اسی پھوٹ نے کرپال کی قربانی لی۔ اب ایسی غلطی نہیں ہو گی جگت۔"

"تمہارے دل میں یقین ہو گیا۔" کہتے ہوئے بچن نے بلند آواز میں کہا۔ "پھر آج سے جگت ہمارا سردار...... منظور......"

سب نے منظور کی صدا لگائی۔ مگر یہ آوازیں بلند ہوں اس سے پیشتر ایک آواز آئی۔

"مجھے منظور نہیں۔"

سب ہنومان کی جانب کڑی نظروں سے دیکھنے لگے۔ اب تک وہ خاموش رہا تھا۔

"تمہیں کیا اعتراض ہے ہنومان؟" بچن نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "جگت نہیں تھا تب دن رات اس کا نام جپتا تھا۔ اب واپس لوٹا تو نا منظور کہتا ہے؟"

ہنومان نے بچن کو جواب دینا تھا' مگر وہ جگت کی جانب دیکھ کر بولا۔ "جگت پر ہمارا اکیلے کا حق نہیں۔ اس کے ماں' باپو' چندن بھابھی' نانا ان سب کی منظوری ضروری ہے بچن۔" کوئی درمیان میں نہ بولے اس وجہ سے ہاتھ بلند کرتے ہوئے کہا۔ "جگت کو واپس حاصل کرنے کے لیے گھر والوں نے کیا کم دکھ جھیلے ہیں؟ ان کے پاس سے جگت کو چھین لینے میں کون سی بہادری تم سب لوگ کر رہے ہو؟" ہنومان اگر بھرائے ہوئے لہجے میں نہ بولتا تو بچن اس کی بات ہنس کر ٹال دیتا۔ ایسی سنجیدہ بات کہنے کی اس کی عادت نہیں تھی۔ جگت کو بھی محسوس ہوا کہ اپاہج ہونے کے بعد اس کا دل نرم ہو گیا ہے۔

"ہنومان! اس میں چھین لینے کی بات کہاں ہے؟ میں نے خود اس سے کہا تھا کہ جوش میں آ کر ہتھیار مت اٹھانا۔ اب قتل کر کے آیا تو گھر جانے کی بات

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ہی کہاں رہتی ہے؟"

"موہن سنگھ کو جگت نے قتل کیا ہے اس کا ثبوت کیا ہے؟" ہنومان نے پراسرار انداز میں دلیل دی۔ "اسے کسی نے دیکھا نہیں۔ ہوسکتا ہے قتل کا الزام کسی اور شخص پر آئے۔ تو پھر جگت کو کیوں گھر چھوڑنا چاہیے؟" بچن کے حلق سے یہ بات نہیں اتری۔ وہ جواب دینا چاہتا تھا مگر جگت بول اٹھا۔

"ہنومان! بچن تم لوگ خواہ مخواہ بحث کر رہے ہو۔ موہن سنگھ کو قتل کرنے سے پہلے میں نے ہمیشہ کے لیے گھر چھوڑ دیا ہے۔" سب کے منہ کھل گئے۔ جگت نے یہ بات کیوں چھپائی؟ ہر ایک کی آنکھیں سوال کر رہی تھیں۔ "کیوں گھر چھوڑا جگت؟"

اب بات نکلی لہٰذا کہے بغیر چارہ نہ تھا۔ "ماں نے ویرو کی بات مجھ سے چھپائی یہ جانتے ہی مجھے غصہ آگیا۔ مجھے نہ جانے دینے کے لیے انہوں نے زبردستی کی۔ یہ بھی کہا کہ چوکھٹ پار کر جاؤ پھر گھر واپس نہ لوٹنا۔" جگت رک گیا' پھر آہ بھر کر بولا۔ "پھر بھی میں چوکھٹ پار کر کے گھر سے باہر نکل آیا اور کہتا آیا کہ پھر کبھی واپس نہیں آؤں گا۔"

سب سے زیادہ صدمہ ہنومان کو ہوا۔ "تم کیا کر بیٹھے جگت؟ ماں کا دل دکھایا......؟" اس کی آواز میں لرزش تھی۔ "مجھے مہ کر اب ممتا کی قیمت سمجھ آئی ہے۔ میں نے بھی بے چاری کا دل دکھایا اور آج میں تڑپ رہا ہوں۔ لاش کی طرح جی رہا ہوں۔" ہنومان کی آنکھوں میں کبھی اتنے آنسو نظر نہیں آئے تھے۔

سب کے درمیان سناٹا مسلط ہوگیا۔ جگت کو بہت بے چینی ہونے لگی۔ گھر کی یاد تازہ ہوگئی۔ اسے روکنے کی کوشش کرتی ہوئی ماں کی غمگین صورت نظر میں گھومنے لگی۔ سسکیاں لیتی ہوئی چندن کا بجھا ہوا چہرہ جیسے اس سے پوچھ رہا تھا' ابھی جی بھر کے ملے بھی نہ تھے اور چھوڑ کر چلے گئے......؟

"بچن! میں پھر ڈاکو بن چکا ہوں۔" جگت نے سب کو چونکا دیا۔ "ڈاکہ ڈالنے کا کوئی نیا ٹھکانہ ہے؟" ہنومان کے علاوہ سب خوش ہوگئے۔ بچن بولا۔

"سب انتظام کرلیا ہے۔ تیسرے دن گوند گڑھ کے زمیندار کی تجوری صاف کرنی ہے۔ بہت دنوں سے لمبا ہاتھ نہیں مارا۔"

"خطرہ کتنا ہے......" جگت اپنے اصلی مزاج میں آگیا۔ "جگہ کے متعلق پہلے سے چیکنگ کرلی ہے؟"

"خطرہ معمولی سا ہے۔ ایک قابل شخص ہمیں مل گیا ہے۔ وہ زمیندار کا باورچی تھا۔ ملازمت سے نکال دیا لہٰذا انتقام لینے کے لیے تیار ہوگیا۔ زمیندار کی حویلی سے پوری واقفیت رکھتا ہے۔" بچن پر مسرت لہجے میں کہہ رہا تھا۔

"کہاں ہے وہ قابل شخص......؟"

"ہم نے اسے ڈاکہ ڈالنے والے دن ملنے کو کہا ہے' پولیس کو شک نہ ہو جائے اس لیے۔"

"اس کا نام کیا ہے؟"

"قادر میاں۔ ہم نے اس کو چیک کرلیا ہے۔ بہت اچھا نشانہ باز ہے۔ ضرورت پڑنے پر ایک دو کو شوٹ کرنے کی ذمہ داری بھی اپنے سر لی ہے۔"

"بہتر ہے......تیاری کرو!" جگت نے سبز جھنڈی لہرا دی۔

شام سات بجے روانہ ہونا تھا۔ جگت مسرت سے جھوم رہا تھا۔ وہ ڈاکو بن گیا ہے اس بات کا اعلان زمیندار کے اس ڈاکے سے ہونے والا تھا۔ ارجن سنگھ کی نیند حرام کرنے کی یہ اچھی شروعات ہے۔ پانچ سال سے رائفل چھوٹ گئی تھی اس پر دو دن میں اس کا ہاتھ جما۔ کسے پتہ پہلی گولی کا کون نشانہ بنے گا؟

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

جگت ہنومان سے باتیں کر رہا تھا اسی لمحے بچن اور ہوشیار آ گئے۔ "قادر میاں آ گیا ہے جگت! تمہارا نام سن کر خوش ہو گیا۔ کہتا ہے ایسے استاد کا ساتھ ملے پھر مداخلت کرنے کی کس کی طاقت ہے۔"

"السلام علیکم!" کہتا ہوا تجیم شحیم قادر باادب انداز میں سامنے آ گیا۔

"وعلیکم السلام" کہہ کر جگت غور سے اسے دیکھنے لگا۔ انسان کو سمجھ لینے کی جگت کو قدرتی بخشش تھی۔

بہت دیر تک وہ اسے غور سے دیکھتا رہا' اس پر قادر مہندی لگی داڑھی کھجانے لگا۔ اس کے بائیں شانے پر بندوق اور دائیں پہلو میں تلوار لٹک رہی تھی۔ سرخ لنگی' سفید کرتا اور سر پر ترکی ٹوپی اس کے رنگیلے مزاج کی چغلی کھا رہی تھی۔ پان کھانے کی عادت کی وجہ سے اس کے دانت سیاہ پڑ گئے تھے۔ تیز نظروں سے وہ جگت کے دل کا جائزہ لے رہا تھا۔

"سب تیار ہے؟" جگت نے اسے چونکا دیا۔ "پولیس کو اس کی خبر تو نہیں لگے گی؟"

"ارے اس طرف پولیس کا سایہ بھی نہیں آئے گا۔" قادر میاں نے دونوں ہاتھ سے تالی بجائی اور جگت کی نظر اس کے بائیں ہاتھ پر جم گئی مگر چہرے سے ظاہر نہیں ہونے دیا۔

"میاں! آپ دائیں ہاتھ سے نشانہ لیتے ہیں یا بائیں ہاتھ سے؟" جیسے اس کے کہنے کا مطلب نہ سمجھا ہو اس طرح قادر الجھن میں پڑ گیا۔ جگت نے صاف بات کی۔ "بایاں انگوٹھا کٹا ہوا ہے' اس لیے پوچھا۔"

بچن درمیان میں بولا۔ "ہاں...... یہ کہنا بھول گیا۔ باورچی کی ملازمت کے دوران ایک بار سبزی کاٹتے ہوئے اس کا انگوٹھا کٹ گیا تھا۔ مگر یہ دائیں ہاتھ کا استعمال کرتا ہے لہٰذا اسے تکلیف نہیں ہوتی۔"

جگت کی نظر قادر کے دائیں انگوٹھے کی طرف گئی۔ ناخن پر مہندی لگی ہوئی تھی' کافی دیر تک وہ دیکھتا رہا' تب قادر کا دایاں انگوٹھا کپکپایا۔

"کس سوچ میں ڈوب گئے جگت؟" بچن نے جلدی سے کہا۔ "اب ہماری روانگی کا وقت ہے۔" مگر جگت نے پروا نہیں کی۔ "میاں! سبزی کاٹنے کی چھری بہت تیز تھی؟ انگوٹھا ٹھیک ہو سکے ایسا نہیں لگتا؟"

"اس کی پروا کون کرے......؟" قادر نے بے پروائی سے کہا۔ "میں نے کٹا ہوا انگوٹھا کھڑکی سے باہر پھینک دیا۔" جگت کی پیشانی پر لکیریں تن گئیں۔ اس نے چوغے کی جیب میں ہاتھ ڈالا ڈبیہ نکالی تیزی سے کھول کر اندر سے انگوٹھے کا ناخن نکال کر قادر کے سامنے کر دیا۔

"یہ ناخن دیکھو...... شاید تمہارا ہے۔" دانت پیس کر جگت بولا۔ "چار سال سے میری بیوی نے سنبھال کر رکھا ہے۔"

بچن' ہنومان یا ہوشیار کچھ سمجھ نہیں سکے ایسے وقت میں جگت بے مطلب کی بات کیوں کر رہا تھا؟ مگر قادر دو قدم پیچھے ہٹ گیا۔ جگت کے جبڑے تن گئے۔ "کیوں! پہچان گئے قادر؟"

جواب میں قادر کا دایاں ہاتھ تلوار کے ہتھے پر گیا' پلک جھپکتے میں میان سے تلوار نکال کر جگت پر جھپٹا۔ ہنومان اسی تیزی سے ہوشیار ہو گیا اس نے لکڑی کی گھوڑی بلند کر کے درمیان میں رکھی جس سے قادر کی تلوار ٹکرائی اور دور جا گری۔ قادر کو پل بھر کے لیے رائفل استعمال کرنے کی خواہش ہوئی مگر ہوشیار اور بچن دونوں اس کی جانب جھپٹے۔ وہ جست لگا کر کمرے سے باہر جانے لگا' مگر چوکھٹ تک پہنچا تھا کہ بچن نے رائفل کی لبلبی دبا دی۔ گولی

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

پسلی توڑتی ہوئی باہر نکل گئی۔ "آہ" کہتا ہوا تین چار قلابازیاں کھاتا ہوا قادر دور جا گرا۔ جگت، بچن اور ہوشیار وہاں دوڑ گئے۔

الٹے پڑے ہوئے قادر کو جگت نے ٹھوکر مار کر سیدھا کیا۔ اس کی پسلی سے خون کی دھار نکل رہی تھی اور آنکھیں پھیلی ہوئی تھیں۔ اس کے ہانپتے ہوئے سینے پر جگت نے پیر رکھا۔ "بول! تجھے میرے گھر میں کس نے بھیجا تھا؟" جواب نہ ملا تو سینے پر زور سے پیر پٹکا۔

قادر چیخا مگر زبان نہیں چلائی۔ جگت جوش میں آ گیا۔ "کہہ دے...... ورنہ تیری آنکھیں نکال لوں گا۔ تجھے مرنے نہیں دوں گا بلکہ تڑپاؤں گا۔ بول! ارجن سنگھ نے بھیجا تھا؟"

قادر کی زبان باہر لٹک گئی، مگر اس میں بات کرنے کی طاقت نہیں رہی تھی۔ آنکھیں اور گردن ہلا کر اقرار کیا۔ جگت اور بپھر گیا۔ "کیوں آیا تھا؟ میری بیوی کو چھیڑنے......؟"

قادر نے پھر اقرار کیا۔ بچن سے برداشت نہ ہوا۔ جگت کچھ کہے اس سے پیشتر رائفل کی نال قادر کی پیشانی پر رکھ کر اس نے لبلبی دبا دی۔ دھماکے سے اس کی کھوپڑی کے چیتھڑے اڑ گئے۔

"یہ تم نے کیا کر دیا بچن......؟" جگت دانت پیس کر بولا۔ "اس سے اور معلومات اگلوانی تھیں۔ کچھ دیر اور رک جانا تھا۔"

بچن کا غصہ ابھی سرد نہیں ہوا تھا۔ "جگت! یہ چندن بھابھی کی عزت لینے گھر میں گھسا تھا، یہ سن کر میرے ہاتھ کس طرح رک سکتے تھے؟ اس ذلیل کے ذرے ذرے کرنے کو جی چاہتا ہے۔" بچن نے قادر میاں کی لاش پر تھوکا۔

"جگت! تم نے عین موقع پر اسے پکڑ لیا۔" ہوشیار

محبوبہ سے بیوی تک

ٹرین کے ڈبے میں ایک مشہور سیاسی لیڈر کی خوبصورت سیکریٹری اس پر اپنی حسین اداؤں اور سب سے زیادہ اپنی باتوں کا جادو چلانے کی کوشش کر رہی تھی۔ آخر سیاسی لیڈر نے اپنی نیند سے بوجھل آنکھوں کو زبردستی کھولتے ہوئے کہا۔ "سنو! اگر ہم تھوڑی دیر کے لئے یہ فرض کر لیں کہ ہم میاں بیوی ہیں تو کیسا رہے گا؟" سیکریٹری دل ہی دل میں خوش ہوتے ہوئے بولی۔ "مجھے کوئی اعتراض نہیں۔" لیڈر نے ذرا سختی سے کہا۔ "تو پھر بکواس بند کرو۔ خود بھی سو جاؤ اور مجھے بھی سونے دو، اسے کہتے ہیں نہلے پہ دہلا، کیا خیال ہے جناب کا......"

ثوبیہ رحمان...... سرحد

کہنے لگا۔ "نہیں تو آج ہم سب پھنس گئے تھے۔"

"یہ تو سب ٹھیک ہے مگر اس انگوٹھے کی بات تم نے ہم سے نہیں کہی؟" ہنومان نے پوچھا۔

"ایسا موقع ہی کہاں ملا تھا؟" جگت نے ہاتھ میں تھامی ہوئی ڈبیہ بند کرتے ہوئے کہا۔ "ساڑھے چار سال پہلے یہ بدتمیز نصف شب کو میرے گھر کی چھت پر آ کر دروازے کی زنجیر اندر سے کھول رہا تھا، تب چندن نے تلوار سے اس کا انگوٹھا کاٹ لیا تھا۔"

"واہ...... کیسی بہادر ہے ہماری بھابھی......" ہنومان نے مسرت کا اظہار کیا۔

مگر جگت فوراً بولا۔ "بچن اس شخص نے ہمارے مقام کا پتہ ارجن سنگھ کو بتا دیا ہوگا۔"

"نہیں...... آج پہلی بار اسے یہ مقام بتایا جگت! ہم نے اس سلسلے میں کافی ہوشیاری برتی ہے۔ ہوشیار اسے آنکھوں پر پٹی باندھ کر یہاں لایا تھا۔ ابھی تک ہم اسے باہر ہی ملتے رہے ہیں۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"پھر تو بچن! ہم ارجن سنگھ کو اس کی لاش پہنچائیں۔ اسے پتہ چلے کہ سیر پر سوا سیر بھی موجود ہے۔"

"یہ کام میں کروں گا۔" ہوشیار نے کہا۔ "قادر کی لاش کو اس کے گھوڑے پر باندھ کر زمیندار کے گھر تک پہنچادوں گا۔"

"ایسا کرتے ہوئے پھنس نہ جانا' یہ خیال رہے..... اور لاش کے ساتھ ایک پرچی بھی بھیج دینا جس پر لکھنا۔ "ارجن سنگھ! جگا پھر ڈاکو بن گیا۔ اس خوشی میں یہ تحفہ حاضر ہے۔"

○❖○❖○

چندن سسر کے لیے بستر بچھا رہی تھی' اسی لمحے دروازے پر دستک ہوئی۔ چندن کے ہاتھ رک گئے۔ "کون آیا ہوگا؟" اس نے کمرے میں بیٹھے ہوئے ساس سسر کی جانب دیکھا' وہ بھی چونکے ہوگئے تھے۔ زنجیر پھر کھڑکی۔ چندن دروازے کی طرف بڑھ گئی۔ اسے یقین تھا کہ جگت نہیں لوٹے گا۔ پھر بھی اس کے دل کی دھڑکنیں بڑھ گئیں۔ دروازہ کھولا تو سامنے نانا کھڑے ہوئے تھے پھر بھی آس نہیں ٹوٹی' اس نے نانا کے عقب میں نظر دوڑائی' نانا سمجھ گئے۔

"بہو! میں اکیلا ہوں۔" یہ کہہ کر وہ اندر آ گئے۔

ماں جی اور سوہن سنگھ برآمدے میں کھڑے تھے۔ چندن دروازہ بند کر کے ساس کے پیچھے کھڑی ہوگئی۔ نانا کا بجھا ہوا چہرہ چغلی کھا رہا تھا کہ کچھ کام نہیں ہوا پھر بھی ماں جی نے پوچھا۔

"کیا ہوا.....؟"

نانا خاموش رہے۔ چندن نے پانی کا لوٹا دیا۔ پانی پی کر وہ چارپائی پر لیٹ گئے پھر بولے۔

"کچھ نہیں ہوا۔" وہ زیادہ نہیں بولے۔

"مجھے یقین تھا کہ وہ آپ کی بات نہیں مانے گا۔ کسی حالت میں بھی وہ گھر واپس نہیں آئے گا۔" ماں جی بڑبڑائیں۔

نانا نے آہ بھری۔ "اب آنا ہوگا تو بھی نہیں آ سکے گا۔"

یہ سن کر سوہن سنگھ بے چین ہوگئے۔

"کیا مطلب؟"

ماں جی تڑپ اٹھیں۔ "کیا اس نے ویرو کو اغوا کرلیا؟" صرف ایک چندن خاموش رہی۔ وہ خود میں نانا کی بات سننے کی ہمت پیدا کر رہی تھی۔

"صبح یہاں سے گیا تو مجھے پتہ چلا کہ ویرو کے باپ نے گلے میں پھانسی لگا کر خودکشی کرلی ہے پھر ایک جگہ اور جانا تھا' اپنے واحد دشمن کے گھر....." نانا کچھ رک کے پھر لڑکھڑاتی زبان میں بولے۔ "شام اس کے گاؤں گیا مگر وہاں سے بھی ناکام واپس آنا پڑا۔ مجھ سے پہلے جگت وہاں پہنچ چکا تھا۔" نانا نے ہاری ہاری تینوں کی جانب دیکھا۔ بیٹی کی حالت پر اس کا دل دہل گیا۔ کیا وہ اس بات کا صدمہ جھیل سکے گی جو وہ کہنے جا رہے ہیں؟ مگر نہ کہنے سے بات چھپ نہیں سکے گی۔ صبح سارا گاؤں جان لے گا۔ یہی کہنے کے لیے اپنے گھر کی بجائے سیدھے یہاں آئے تھے۔ ممکن تھا پانچ سال پہلے ایسا ہوا ہوتا تو وہ گاؤں بھر میں شکر تقسیم کرتے۔ جگت کی پیٹھ ٹھونکتے۔ مگر آج خبر دیتے ہوئے وہ گھبرا رہے تھے۔ "شام کو دشمن کا قتل ہوگیا..... اب جگت واپس نہیں لوٹ سکے گا۔" یہ سن کر ماں جی سناٹے میں آ گئیں۔ چندن کا منہ کھل گیا اور سوہن سنگھ نے سر جھکا لیا۔ کوئی کچھ نہ بولا۔ پورا ماحول ٹھہر گیا۔

○❖○❖○

سب کی آنکھوں سے نیند جیسے کوسوں دور تھی'

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

آدھی رات گزر چکی تھی اور اب تک چاروں اپنے اپنے بستر پر پڑے کروٹیں بدل رہے تھے کہ اچانک دروازے پر کھٹکا ہوا۔ آس کتنی دھوکے باز ہوتی ہے' چاروں یہ سوچ کر اٹھ بیٹھے کہ جگت آیا ہوگا۔ چندن تیزی سے اوپری منزل کی سیڑھیاں اتر کر برآمدے میں جلتے ہوئے فانوس کی روشنی بلند کرتی ہوئی آگے بڑھ رہی تھی اسی لمحے سوہن سنگھ بولے۔ "تم رہنے دو...... میں دروازہ کھولتا ہوں۔"

دروازے میں ارجن سنگھ کھڑا تھا۔ وہ استقبال کا انتظار کیے بغیر اندر گھس آیا۔ "سب جاگ رہے ہو؟" وہ ہنس کر بولا۔ پھر آس پاس نظر ڈالی۔ "کیوں آیا ہوں یہ تو سمجھ چکے ہوگے۔" پھر نانا کی جانب حیرت سے دیکھ کر بولا۔ "ارے تمہاری طبیعت پوچھنا بھول گیا۔ اب کیسی طبیعت ہے؟"

نانا کو اس کا ڈرامائی انداز پسند نہیں آیا مگر ضبط کر گئے۔ "میری طبیعت خراب کب ہوئی تھی؟ تم سے کس نے کہا؟"

"تمہارے جگت نے۔" پولیس چیف طنزیہ لہجے میں بولا۔ اور چاروں پر خوف چھا گیا...... کیا جگت گرفتار ہوگیا؟ مگر نانا نے سوچا اگر ایسا ہے تو ارجن سنگھ یہاں کیوں آیا؟

"مجھے بیوقوف بنا گیا۔" ارجن سنگھ دانت پیس کر بولا۔ "مگر اس وقت یہ خبر نہیں تھی کہ وہ سوہن سنگھ کا قتل کر کے ہی آرہا ہے' مجھ سے کہنے لگا کہ اچانک نانا کی طبیعت خراب ہوگئی ہے اس لیے جلدی پہنچنا ہے۔"

چاروں کے چہرے کھل اٹھے۔ ارجن سنگھ نے دروازے پر کھڑے ہوئے سپاہیوں کو آواز دی۔ "جلدی چلو...... گھر کی تلاشی لو۔" پھر نانا سے بولا۔ "میں جانتا ہوں وہ یہاں نہیں آیا ہوگا' مگر دیکھنے میں کیا حرج ہے؟"

اعتراض کی کوئی وجہ نہیں تھی۔ پھر بھی نانا نے انجان بنتے ہوئے پوچھا۔ "سوہن سنگھ کا قتل ہونے کے بعد جگت پر شک جانا عین ممکن ہے۔" نانا کی بات سن کر ارجن سنگھ خاموش رہا' سوہن سنگھ کے قتل کی خبر سن کر کوئی نہیں چونکا تھا اسی وقت وہ سمجھ گیا تھا کہ یہ خبر پہلے ہی یہاں پہنچ چکی ہے۔ ممکن ہے کوئی کام کی بات معلوم ہو جائے اس لیے ٹھہرے ہوئے لہجے میں بولا۔

"اس میں شک کا سوال نہیں' جگت کو گاؤں میں آتے اور پھر فرار ہوتے ہوئے بہت سوں نے دیکھا ہے۔ اگر وہ مجرم نہ ہوتا تو مجھ سے جھوٹ بول کر فرار نہ ہوتا۔" پھر لہجے میں ہمدردی شامل کر کے بولا۔ "مجھے تم لوگوں پر رحم آتا ہے' تم لوگوں نے کتنا برداشت کیا مگر وہ صحیح راستے پر نہیں آیا۔ پانچ سال کی قید بھگتنے کے باوجود پرانی دشمنی کا جنون کم نہیں ہوا۔"

پانچ سال پہلے کی بات یاد دلا کر ارجن سنگھ نے نانا کے دل میں سوئی ہوئی نفرت جگا دی۔ ان کا دل چاہا کہ کہہ دیں۔ "دشمنی تو تجھ سے ہونی چاہیے۔ قتل تو تیرا کرنا تھا۔ تو نے ہم سے دھوکا کیا۔ اس کا بدلہ لیتا تو میں سمجھتا۔ دھوکہ دے کر پولیس کے حوالے کیا اور پھر قلابازی کھا گیا۔ بدمعاشی کی۔ مار مار کر اسے ختم کرنے کی ذلیل حرکت کی۔ اور آج رحم دکھانے کا ڈرامہ کرتا ہے؟" مگر پولیس چیف کو چھیڑنا آفت سر لینے کے برابر تھا' لہٰذا وہ خاموش ہی رہے۔ تلاشی لے کر ہاتھ جھٹکتے ہوئے سپاہی باہر آگئے۔ ارجن سنگھ الجھن میں پڑ گیا آخر سب کیوں خاموش ہیں؟ اس نے جگت کی ماں کی جانب غور سے دیکھا تو ان کے لرزتے ہوئے لب کہہ رہے تھے۔

"بھائی! وہ ہمارا دشمن تو تھا مگر اس کی بیوہ سے ہماری طرف سے تعزیت کرنا۔"

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

نانا چونک گئے۔ پھر سمجھ گئے کہ لڑکی نے بالکل ٹھیک بات کی تھی۔ ارجن سنگھ نے متعجب لہجے میں کہا۔ "موہن سنگھ کی بیوہ کیسی؟ وہ تو کب کی طلاق لے کر الگ ہو گئی ہے۔" پھر جیسے اسے کچھ یاد آ گیا' وہ بولا۔ "اچھا ہوا تم نے یاد دلا دیا۔ مجھے اس عورت کو تلاش کرنا پڑے گا۔" پھر دروازے کی جانب تیزی سے قدم بڑھائے' پھر جاتے ہوئے طنزیہ لہجے میں بولا۔ "جگت اس سے ملے بغیر نہیں رہے گا' پرانا رشتہ جو ہے۔" اس کی بیہودہ بات نے چندان کے دل میں چٹکی بھری۔

○❖○❖○

رات کے گیارہ کا گھنٹہ بجا اور ارجن سنگھ چونک پڑا۔ وہ گوند گڑھ کے زمیندار کی حویلی کی گیلری میں چھپا ہوا تھا۔ اس خیال سے اس کا ذہن ہوا میں تیر رہا تھا کہ بچن کی ساری پارٹی آج پھنس جائے گی۔ پچھتر مسلح پولیس والے اس نے آس پاس اس طرح چھپا دیے تھے کہ کسی کو شک نہیں ہو سکتا تھا۔ قادر میاں اندازے سے زیادہ چالاک نکلا۔ تھوڑے دنوں میں اس نے بچن جیسے ہوشیار ڈاکو کا اعتماد حاصل کر لیا تھا۔ ارجن سنگھ نے محسوس کیا کہ قادر کی کامیابی کا سہرا اس کی میٹھی زبان کے سر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میرا اپنا عورتوں پر جادو کر جاتا ہے۔ جب وہ جگت کے گھر سے انگوٹھا کٹوا کر واپس لوٹا تھا تو اسے جانثار مار دیا تھا۔ ارجن کو اس بات کا افسوس ہوا۔ کوئی پروا نہیں' آج کی فتح سے وہ بدلہ چکا دے گا۔ ایک گھنٹہ گزر گیا مگر گھوڑوں کی ٹاپیں نہیں سنائی دیں تو ارجن سنگھ پہلو بدلنے لگا۔ نصف شب پہلے آنے کی بات تھی' پھر اتنی دیر کیوں؟ بچن اتنا پکا تھا کہ اس نے اپنے مقام کے متعلق قادر میاں کو ہوا نہیں دی تھی۔" پھر آواز سنائی دے رہی ہے غالباً.....! یہ آواز مغرب کی جانب سے آ رہی ہے۔ گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز۔" ارجن سنگھ نے بیلٹ میں سے پستول نکالتے ہوئے کہا۔ پھر پولیس والوں کو تاکید کر دی کہ کوئی جلد بازی نہیں کرے گا' ممکن ہے سارا گروہ ساتھ نہ آئے دو تین آدمی پہلے چیک کر جائیں' اس کے بعد باقی لوگ آئیں۔ سب کے آنے کے بعد انہیں چاروں سمت سے گھیرنا تھا۔ اس گھیرے سے نکلنے کی کوشش کرنے والوں کے لیے ارجن سنگھ نے شوٹ کرنے کا حکم دے دیا تھا۔ گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز قریب آ گئی۔ اس کا اندازہ درست تھا۔ وہ دو سے زیادہ آدمی نہیں تھے۔ اس نے گیلری سے جھانک کر دیکھا' قادر کا سفید گھوڑا دور سے صاف نظر آ رہا تھا' مگر وہ اس کی پیٹھ پر سوار کیوں نہیں تھا..... دو منٹ خاموشی رہی۔ گیلری کے نیچے سے گھوڑا گزر گیا تو اس کی آنکھیں پھیل گئیں۔ گھوڑے کے پیچھے کوئی آدمی گھسٹتا ہوا آ رہا تھا۔ گھوڑا حویلی کے پاس آ کر رک گیا۔

ارجن سنگھ الجھن زدہ انداز میں کچھ دیر بے حس و حرکت بیٹھا رہا' مگر عقب میں کوئی آتا دکھائی نہیں دیا تو اس نے ٹارچ روشن کر دی۔ روشنی کا دائرہ گھومتا ہوا گھوڑے سے بندھے ہوئے شخص کے چہرے پر مرکوز ہو گیا اور پولیس چیف کے کپکپاتے ہوئے ہاتھ سے ٹارچ چھوٹ گئی۔ "قادر میاں.....؟" وہ بڑبڑایا اور دوڑ کر اس کے قریب پہنچا۔ دوسرے سپاہی بھی ساتھ تھے۔ قادر میاں کے سر میں گولی کا سوراخ نظر آ رہا تھا جس پر خون جم گیا تھا' اسے چت کر کے دیکھا تو راستے پر گھسٹنے کی وجہ سے اس کی ناک' ہونٹ' شانے' سینہ اور گھٹنے سب جگہ سے گوشت ادھڑا ہوا تھا۔

"صاحب! اس کی گردن میں کچھ بندھا ہوا ہے۔" ایک سپاہی نے چیف کی توجہ مبذول کرائی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

پرچہ کھول کر پڑھتے ہی ارجن سنگھ کے جسم میں آگ لگ گئی۔ ”کمبخت جگا وہاں پہنچ گیا' عین وقت پر ٹپک پڑا' مگر وہ قادر کو کس طرح پہچان گیا؟“ وہ بڑبڑایا۔ تین چار بار پرچہ پڑھ کر اس کی نظر قادر کے دائیں ہاتھ پر گئی' دوسرا انگوٹھا کٹا ہوا دکھائی دیا۔ ”پھر تو جگا سب کچھ جان گیا۔ اس نے قادر میاں سے دوسری اطلاع بھی اگلوالی ہوگی۔ وہ ڈاکو بن گیا ہے' اسی خوشی میں مجھے لاش کا تحفہ بھیجا ہے۔“

ارجن سنگھ نے محسوس کیا کہ جگا نے قادر کا انگوٹھا نہیں بلکہ اس کی ناک کاٹ دی تھی۔

”اسے بڑھنے سے پہلے ہی دبا دینا پڑے گا۔“ اس نے دانت پیسے۔ ”جگا! تمہاری موت میرے ہاتھ سے ہوگی۔ تم پھر بازی کھیلنے کو تیار رہو' مگر یاد رکھنا حکم کا اکا میرے ہاتھ میں ہے' اب مجھے ویرو کو استعمال کرنا پڑے گا۔“ ارجن سنگھ بڑبڑایا تھا۔

○❖○❖○

ویرو کی تلاش سے دن بدن جگت مایوس ہو رہا تھا۔ موہن سنگھ کا قتل کرنے کی حماقت اب اس کی سمجھ میں آئی تھی۔ ممکن ہے وہ سچ کہتا ہو' ویرو کے متعلق صرف وہی جانتا ہو۔ جرم سرزد ہو جانے کے بعد وہ کھلے عام نہیں گھوم سکتا تھا۔ ویرو کے باپ کے علاوہ دوسرے رشتے داروں کا اسے پتہ نہیں تھا۔ کہاں جا کر...... کس سے پوچھا جائے؟ گھر ہوتا تو چندن اس کی مدد کرتی۔ خیالات کے ہجوم میں اچانک ایک خیال سے جگت دہل گیا۔

”ممکن ہے ویرو کو کچھ ہو گیا ہو؟ وہ زندہ ہی نہ ہو......؟“ اس خیال کے تحت جگت کا جسم پسینے سے تر ہو گیا' جیسے اس کی ساری طاقت سلب ہو گئی ہو۔ اس کا جسم ڈھیلا پڑ گیا۔ بچن' ہنومان اور ہوشیار جگت کی اس حالت پر پریشان ہو گئے۔ جگت جیسا بہادر انسان ویرو کے لیے کیسا پاگل بن گیا ہے؟ رات کو سکون سے نہیں سو پاتا' سوتے ہوئے چونک کر بیدار ہو جاتا' پھر دکھ بھلانے کے لیے شراب میں ڈوب جاتا ہے۔ ایک بار پشت پھیر کر راستے میں کھڑی ہوئی عورت کو دیکھ کر کس طرح مسرت میں ڈوب کر دوڑا تھا مگر ویرو کی جگہ دوسری عورت کو دیکھ کر شرمندہ ہو گیا تھا اور بجھے ہوئے چہرے سے واپس لوٹ آیا تھا۔ یا تو ویرو کا پتہ چلنا چاہیے یا پھر اسے دل سے نکال دینا چاہیے۔ اگر ان دو باتوں میں سے کوئی بات نہ ہوئی تو وہ پاگل ہو جائے گا۔ بچن کو ایک مرتبہ خیال آیا کہ وہ کہہ دے۔ ”جگت! تم جس ویرو کو دن رات تلاش کر رہے ہو وہ اس دنیا میں نہیں ہے۔ اسے بھول جاؤ۔“ مگر یہ جھوٹ بولنے کی اس میں ہمت نہ ہوئی۔ کیونکہ وہ کئی بار کہہ چکا تھا۔ ”جس نے ویرو کو ہاتھ لگایا ہوگا اس کی میں چمڑی ادھیڑ دوں گا۔“ ایسا کہتے وقت اس کا چہرہ کتنا ہیبت ناک ہو جاتا تھا۔

”بچن! ہم ایک ٹھکانہ بھول گئے۔“ ایک دن کھانا کھاتے ہوئے اچانک جگت بولا۔ ”کرپین ڈاکٹر کے ہاں تلاش نہیں کیا۔ ہم دونوں آخری بار وہیں سے الگ ہوئے تھے۔ ممکن ہے وہاں اس نے پناہ لی ہو۔“ سب جگت کی جانب دیکھنے لگے۔ کسی نے جواب نہیں دیا۔ جگت کو کبھی کبھی بے وقت ایسی دھن سوار ہو جاتی تھی۔ ”یہاں تلاش باقی رہ گئی ہے۔ لہٰذا چکر لگا لیں؟“ اس کا دل رکھنے کی خاطر بچن یا ہوشیار اس کے ساتھ جاتے اور دھکے کھا کر واپس آ جاتے۔ اس وقت کسی نے جواب نہیں دیا تو جگت جھینپ گیا۔ سر جھکا کر بولا۔ ”میں جانتا ہوں میری وجہ سے تم لوگوں کو پریشان ہونا پڑتا ہے مگر میں کیا کروں؟“ اس کی آواز بھرا گئی۔ پھر کھنکار کر بولا۔ ”ویسے بھی مجھے ہنومان کے پیر کے علاج کے سلسلے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

میں ڈاکٹر صاحب سے ملنا ہے۔ بچن! چلو ہم ابھی چلیں۔" ہاتھ میں لیا ہوا نوالہ اس نے تھالی میں واپس رکھ دیا اور ہاتھ دھونے لگا۔ بچن کو بھی اسی طرح اٹھنا پڑا۔ جگت کے دل کا شک دور کرنا ضروری تھا۔

تین گھنٹے بعد وہ گاؤں میں داخل ہو گئے۔ جنگل سے گزرنے کے بعد انہیں چرچ نظر آیا۔ جگت کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا۔ اس چرچ میں دونوں نے یسوع مسیح کی تصویر کے سامنے شمعیں جلا کر اپنے اپنے دل کی مراد مانگی تھی کہ ویرو کا پیار ہمیشہ اس کی زندگی میں سائے کی طرح ساتھ دے گا اور ویرو کی یاد سائے کی طرح اس کے ساتھ رہے گی۔ ڈاکٹر کا گھر آ گیا۔ گھوڑے پر سے دونوں نیچے اتر گئے۔

"بچن! تم باہر رہنا۔" یہ کہہ کر جگت آگے بڑھا۔ دروازہ کھٹکھٹایا۔ فوراً ہی اندر سے آواز آئی۔

"کون ہے.....؟" ڈاکٹر صاحب کی آواز پہچان کر جگت نے زنجیر کھٹکھٹائی۔ اندر سے لاٹھی کی کھٹ کھٹ سنائی دی۔ دو چار لمحے جگت کو بہت طویل محسوس ہوئے۔ دروازہ کھولتے ہی ڈاکٹر بڑبڑائے۔

"بھائی اس وقت کون ہے؟"

"مجھے نہیں پہچانا ڈاکٹر صاحب؟" جگت اندر چلا گیا۔

"آواز پہچانی ہوئی ہے۔ مگر یادداشت ساتھ نہیں دے رہی۔" ڈاکٹر کی آواز سے بڑھاپا جھلک رہا تھا۔ جگت نے فانوس کی روشنی بڑھائی، پھر ڈاکٹر کے سامنے کھڑا ہو کر بولا۔

"اب روشنی میں دیکھیں۔"

"اندھیرا یا اجالا سب برابر ہے بھائی۔" ڈاکٹر ہنسا۔ اس کی آواز میں درد کی جھلک تھی۔ جگت کا دل رو دیا۔ "آنکھیں ہیں مگر روشنی گنوا دی بیٹا۔"

جگت پیچھے ہٹ گیا۔ "ڈاکٹر صاحب آپ......"

"ہاں بیٹا! اندھا ہو گیا ہوں۔" یہ کہہ کر وہ جگت کی جانب ہاتھ بڑھاتے ہوئے بولا۔ "اب تمہیں پہچان لیا۔ جگت یاد آیا ہے۔ مجھے یقین تھا کہ جیل سے رہا ہو کر تم مجھ سے ملنے آؤ گے۔ میری بیوی تمہارا نام دہرا رہی تھی۔" ڈاکٹر کا ہاتھ جگت کے شانے پر پڑا تو وہ پیار سے ہاتھ پھیرتے ہوئے بولے "تم تو بہت بڑے ہو گئے۔"

"مگر ماں کہاں ہے ڈاکٹر صاحب؟" گھر میں

وحدانیت

لوگوں کی اکثریہ رائے ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعائیں نہیں سنتا کیا کبھی ہم نے یہ غور کیا ہے کہ ہم دعائیں کیا مانگتے ہیں۔ ان کی نیت کیا ہوتی ہے کیا ہم کامل یقین سے دعائیں مانگتے ہیں۔ نہیں قطعی نہیں مانگتے اگر ہم دعا مانگ بھی رہے ہوتے ہیں تو اس میں ہماری بھلائی اور دوسرے کا نقصان ہوتا ہے۔ مثلاً اے اللہ! تو آج اتنی بارش دے کہ دل بھر جائے اس دعا سے ہمارا دل تو بھر جاتا ہے مگر دوسروں کا حال برا ہوتا ہے۔ دعا میں کاملیت نہیں ہوتی۔ اللہ مجھے فلاں چیز دے میں اس سے یہ وہ کروں گا بھلا رب العزت کیسے وہ دعا قبول کر سکتا ہے جس میں ایک انسان کا بھلا ہو رہا ہو اور دس کا نقصان۔ میرا ایمان ہے کہ جب بھی سچے دل سے نفع نقصان سوچے بغیر دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے۔ کہتے ہیں انسان سخت مشکل میں ہو تو اگر وہ کوئی دعا مانگے تو وہ قبول ہو جاتی ہے۔ اس وقت کی دعا کسی بھی نفع نقصان سے پاک ہو کر دل میں ایمان پختہ رکھ کر قبول ہونے کے یقین سے مانگی جاتی ہے اور قبول ہوتی ہے۔

حنا ناز.....پنڈدادن خان

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

نظریں گھما کر جگت نے پوچھا۔ اس سوال سے ڈاکٹر کے چہرے پر پھیلتا ہوا غم دیکھ کر جگت کانپ گیا۔

"وہ مجھے چھوڑ کر چلی گئی...... اپنے بیٹے کے پاس ....." اتنا کہہ کر گلے میں لٹکتے ہوئے کراس کو انہوں نے بوسہ دیا۔ شدت جذبات سے جگت، ڈاکٹر سے لپٹ گیا۔ ڈاکٹر کے بوڑھے شانے پر گرم آنسو گرنے لگے۔ "تین ہفتے پہلے وہ ہم سے بچھڑ گئی۔ ورنہ آج تجھے دیکھ کر اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتیں۔"

آنسوؤں اور ہچکیوں سے دل کا غبار دھونے کے بعد جگت ڈاکٹر سے جدا ہوا۔ ہاتھ تھام کر ڈاکٹر کو کرسی پر بٹھایا۔ "میری ماں چل بسیں، آپ کو نظر نہیں آتا پھر دیکھ بھال کون کرتا ہے؟"

"اس کا انتظام یسوع مسیح نے کر دیا ہے۔ ایک جوان عورت بیٹی کی طرح میرا خیال رکھتی ہے۔ وہ چرچ میں پڑی رہتی ہے۔ بیچاری دکھیاری ہے۔"

"عورت؟" جگت بڑبڑایا۔ "کہیں وہ ویدو تو نہیں؟" اس نے سوچا۔

"مگر بیٹے! تم اس وقت کیوں آئے ہو؟" ڈاکٹر نے پھر اس کی پشت پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پوچھا۔ "گھر میں سب لوگ ٹھیک تو ہیں؟ یا پھر رات کو بھٹکنے کی عادت نہیں گئی؟"

"ڈاکٹر صاحب آپ جس عورت کی بات کر رہے ہیں وہ ویدو تو نہیں؟"

"ویدو.....؟" ڈاکٹر گہری سوچ میں ڈوب گئے۔ "ہاں...... وہ تمہارے ساتھ آئی تھی۔ وہ ویدو؟ نہیں نہیں..... وہ تو برابر والے گاؤں کی ہے۔ شوہر نے بدچلن کہہ کر گھر سے نکال دیا تو بیچاری نے چرچ میں پناہ لے لی۔" جگت نے آہ بھری، مگر ڈاکٹر نے سن لی۔ "ویدو یہاں کہاں سے آئے گی؟"

"میں اس کی تلاش میں آیا ہوں۔ وہ چار ماہ سے لاپتہ ہے۔" جگت نے آہ بھر کر ساری بات ڈاکٹر کو بتا دی۔ مگر اس کی اتنی ہمت نہیں ہوئی کہ ڈاکٹر کو یہ بتا دیتا کہ وہ گھر چھوڑ آیا ہے اور موہن سنگھ کو قتل کر کے ڈاکو بن گیا ہے۔

پھر کراس آنکھوں سے لگا کر ڈاکٹر بولے۔ "جہاں ہوں گی وہاں بھگوان اس کی حفاظت کریں گے مگر تمہارے گھر سب کیسے ہیں؟ تم یہاں اکیلے آئے ہو؟"

پہلا سوال نظر انداز کرتے ہوئے جگت نے کہا۔ "میرے ساتھ میرا دوست ہے۔ اسے باہر کھڑا کیا ہے۔"

"مطلب یہ کہ تم پھر ڈاکو بن گئے؟" ڈاکٹر کی آواز میں لرزش تھی۔ جگت خاموش رہا۔ ڈاکٹر کے چہرے کی جھریوں میں حرکت پیدا ہوئی۔ ان کا سر ہلنے لگا۔

"تم، تم ....." الفاظ زبان سے چپک گئے۔

"جی ہاں...... میں پہلے جیسے ہو گیا۔"

جگت کے بولنے سے پہلے ڈاکٹر چیخے۔

"نہیں ..... نہیں" بہت دیر تک ان کا جسم کپکپاتا رہا۔ جگت ان کی حالت دیکھ کر گھبرا گیا۔ اسے ڈر محسوس ہوا کہ ڈاکٹر یہ صدمہ نہیں جھیل سکیں گے۔ کچھ دیر بعد ڈاکٹر پرسکون ہو گئے تو اسے حیرت ہوئی۔ "بھگوان معاف کرے...... میں غصے پر قابو نہیں رکھ سکا۔"

تیسری بار انہوں نے کراس کو آنکھوں سے لگایا پھر جو کچھ کہا وہ جگت کے دل پر نقش ہو گیا..... "اچھا ہوا کہ تم میری کے مرنے سے پہلے نہیں آئے۔ اس کو پتہ چلتا تو وہ کبھی تمہیں معاف نہ کرتی۔"

اس نیک انسان کی روح کا صدمہ دیکھ کر جگت کو پہلی بار محسوس ہوا کہ اس نے ایسا جرم کیا ہے جسے معاف نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں آ کر اس نے ڈاکٹر

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

کے دل پر ضرب نہ لگائی ہوتی تو اچھا تھا۔ زیادہ دیر رکنے میں اسے شرم محسوس ہوئی۔ میری کی قبر پر جانے کی خواہش کا بھی اس نے اظہار نہیں کیا۔ اس نے اس عورت کو دیکھنے کی بھی ضرورت نہ سمجھی جو جرح میں پڑی تھی۔ خاموشی سے ڈاکٹر کے پاؤں چھو کر کچھ کہے بغیر جگت بھاری قدموں سے باہر نکل گیا۔

بچن نے دیکھا کہ جگت کے چہرے پر مایوسی کی جگہ پچھتاوا تھا۔ ڈاکٹر سے ملنے کے بعد جگت کا دماغ سن ہو گیا تھا۔ بچن اور ہوشیار نے اسے مایوسی سے بچانے کی خاطر ویرو کی تلاش اپنے ذمے لے لی۔ جگت کی امید ٹوٹ جانے پر بھی تو پانچویں دن ہوشیار ہانپتا ہوا آیا۔

"جگت...... جگت!" وہ پرجوش انداز میں کہہ رہا تھا۔ "ویرو کا پتہ مل گیا۔" یہ سن کر جگت فوراً کھڑا ہو گیا۔ اس کی رگوں میں تیزی سے خون گردش کرنے لگا۔ آنکھیں جوش سے چمکنے لگیں۔

"ہوشیار! تم سچ کہہ رہے ہو؟" جگت نے یہ سوچ کر پھر پوچھا کہ کہیں اس کے سننے میں غلطی تو نہیں ہوئی؟

"بالکل سچ کہہ رہا ہوں جگت!" ہوشیار ہانپتے ہوئے سینے پر ہاتھ رکھ کر بولا۔ "وہ اپنی خالہ کے گھر رہتی ہے۔"

"دیکھا...... ہمیں یہی ٹھکانہ یاد نہیں آیا۔" جگت خوشی کا اظہار کرتا ہوا بولا۔ "میں کہہ رہا تھا ناں کہ وہ کسی کے ساتھ بھاگ نہیں سکتی۔ میرا انتظار کر رہی ہوگی۔ مگر ہوشیار! تم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے؟ تم اس سے ملے؟"

"نہیں جگت......" ہوشیار ٹھنڈا پڑ گیا۔ "مگر تین چار جگہوں سے پکی اطلاع ملنے کے بعد تمہیں یہ خوشخبری سنانے آیا ہوں۔ میں دیکھنے جاتا تو شاید رشتے دار ہوشیار ہو جاتے۔"

"ارے رشتے داروں کی ایسی تیسی...... چل میرے ساتھ۔ میں ابھی اسے بھی اٹھا کر لاتا ہوں۔"
جگت کی مسرت اور جوش سے قابو میں نہیں تھا۔

"مگر جگت میں نے دوسری بات سنی ہے۔" ہوشیار بجھ گیا۔ "آج سے پانچویں دن ویرو کی شادی ہو رہی ہے۔"

جگت پر بجلی گر گئی۔ صورت بدل گئی۔ چہرہ سرخ ہونے لگا۔ "نہیں نہیں...... ہوشیار! یہ غلط ہے۔ ویرو کبھی شادی کرنے کو تیار نہیں ہوگی۔" اس کا ہیبت ناک روپ دیکھ کر ہوشیار اور ہنومان خوفزدہ ہو گئے۔ شانے پر بندوق رکھ کر جگت نے ہوشیار کا بازو تھام لیا۔ "چلو! ہم ابھی وہاں چلیں گے۔"

ہوشیار الجھن میں پڑ گیا مگر ہنومان درمیان میں آ گیا۔ "جگت اس طرح پاگل ہونے کی ضرورت نہیں۔ بچن بھی اس کی اطلاع حاصل کرنے گیا ہے۔ اسے آنے دو شاید کچھ اور اطلاع مل جائے۔"

جگت کا دل مچل رہا تھا مگر اسے رک جانا پڑا۔ "ویرو...... شادی۔" یہ دو الفاظ اس کے ذہن میں بار بار گردش کر رہے تھے۔ ارجن سنگھ حکم کا اکا چل چکا تھا۔

○◆○◆○

"بچن! ہم تمہارا انتظار کر رہے تھے۔" جگت نے مسرت بھرے لہجے میں کہا۔ "ہوشیار نے پتہ حاصل کر لیا ہے۔" مگر بچن پر اس کی بات کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ تاثرات سے عاری انداز میں وہ پھیکی سی ہنسی ہنس دیا۔ ویرو کے پاس پہنچ جانے کی جلدی میں جگت نے اس طرف دھیان نہیں دیا۔

"وہ خالہ کے گھر رہتی ہے...... میں ہوشیار کو لے کر ابھی روانہ ہوتا ہوں۔" وہ ایک ہی سانس میں کہہ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

گیا۔
"اب جا کر کیا کرو گے؟" بچن نے مایوس لہجے میں کہا۔ "ہوشیار نے تمہیں یہ بتایا ہوگا کہ ویرو کی شادی ہونے ولی ہے۔"
"ہاں..... یہی وجہ ہے کہ میں اس کے پاس پہنچ جانا چاہتا ہوں۔" جگت کا لہجہ سخت تھا۔ "میں اسے بھگا لاؤں گا۔"
بچن آنکھیں پھیلا کر اسے دیکھنے لگا۔ اسے سخت حیرت تھی۔ اس کا تجربہ ہونے کے باوجود کہ عورت کا پیار انسان کو کیسا پاگل بنا دیتا ہے بچن کو جگت کی حرکت بیہودہ معلوم ہوئی۔ "کسی کو بیاہنے والی عورت کو اٹھانے کی بات کر رہا ہے؟" بچن تلخی سے بولا۔
ہنومان اور ہوشیار چونک گئے۔ اس طرح بات بڑھنے کا سب کو ڈر محسوس ہوا مگر جگت اپنی بات پر قائم رہا۔ "میں یہ بات ماننے کو تیار نہیں۔ ویرو کسی سے شادی نہیں کرے گی۔ اس کی شادی زبردستی کی جارہی ہے اور میں یہ جاننے کے بعد ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھ سکتا۔"
"اور اگر ویرو راضی خوشی شادی کرنا چاہتی ہو پھر؟" بچن سر جھکا کر بولا' مگر یہ سن کر جگت کے دل پر چوٹ لگی۔ وہ الجھن میں پڑ گیا۔
"یہ نہیں ہو سکتا بچن! تم خواہ مخواہ بحث کر رہے ہو۔ میں ویرو کو جانتا ہوں۔"
"میں بھی اچلا کو جانتا تھا جگت۔" بچن نے جگت سے نظر ملا کر کہا۔ "عورت کی مجبوری اکثر اسے ناممکن کام کرا دیتی ہے۔"
"ویرو سے زبردستی کرنے والے کو میں شوٹ کر دوں گا بچن! مجھے تم سے بحث نہیں کرنی۔ میں جا رہا ہوں۔" جگت نے ہوشیار کو بھی کھینچا۔ ہنومان ٹھنڈی سانس بھر کر بچن کو دیکھنے لگا۔ بچن نے ہونٹ کاٹے پھر بلند آواز میں بولا۔
"کھڑے رہو جگت! تم اس طرح نہیں جا سکتے۔" پھر بھی جگت آگے بڑھا۔ بچن گرجا۔ "میں کہتا ہوں ٹھہر جاؤ......" جگت کے قدم فرش پر جم گئے۔ وہ پیچھے مڑے بغیر بولا۔
"کیا ہے؟" اس کی آنکھوں سے آگ برسنے لگی۔ بچن کھڑا ہو کر اس کے قریب گیا۔
"پہلے ہمیں یقین کرنا ہے کہ ویرو وہاں ہے بھی یا نہیں۔"
"یہ یقین کرنے کے لیے ہی میں وہاں جا رہا ہوں۔"
"اور فرض کرو! ویرو وہاں ہو اور راضی خوشی سے شادی کر رہی ہو تو پھر تم کیا کرو گے؟"
جگت کا ہاتھ ناتفل پر گیا مگر جواب دینے سے پہلے ہچکچایا۔ بچن نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ "مجھے یاد ہے جگت اچلا کو حاصل کرنے کے لیے میں بھی اسی طرح جوش میں آ گیا تھا۔ تم میرے ساتھ گئے تھے اور مجھے گھر کے باہر کھڑا رکھا تھا اور تم اچلا سے مل کر لوٹ آئے تھے۔"
"مگر وہ تو میں اس کی مرضی معلوم کرنے گیا تھا۔ ایک بیاہی ہوئی عورت اپنا گھر چھوڑ کر نہ آنا چاہتی تو مجھے اسے زبردستی نہیں لانا تھا۔"
"یہ بھی بات ہے جگت! اگر میں ساتھ گیا ہوتا تو اچلا کا انکار سن کر پاگل ہو جاتا اور نہ جانے کیا کر بیٹھتا۔" پھر اس کا لہجہ بھیگ گیا۔ "جسے بہت زیادہ چاہتے ہو وہ ہمارا ہاتھ جھٹک دے تو مرنے کی خواہش ہوتی ہے۔"
"جو بھی ہو مگر آج ہمیشہ کے لیے فیصلہ ہو جائے گا۔"
"جگت! تمہیں میری بات ماننی پڑے گی۔ مجھے

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ابھی شک ہے کہ اس میں کوئی چال ہے۔ ہم اتنے عرصے سے تلاش کر رہے تھے پھر بھی ویرو کا نام ونشان نہیں ملتا تھا' وہ اس طرح اچانک کیسے ظاہر ہوگئی؟"

"مجھے بچن کی بات میں وزن نظر آتا ہے۔" ہنومان بیساکھی کے سہارے اچھلتا ہوا اس کے قریب آ گیا۔ "تم ویرو کی تلاش میں ہو ممکن ہے ارجن سنگھ بھی یہ بات جانتا ہو۔ تمہیں پھنسانے کے لیے اس نے یہ جال پھیلایا ہو اس بات کا بھی امکان ہے۔"

اب جگت الجھن میں گرفتار ہوگیا۔ "تم سب لوگ بات کا بتنگڑ کیوں بنا رہے ہو؟ میں جان خطرے میں ڈال کر بھی وہاں جاؤں گا۔ ویرو سے زیادہ پیاری مجھے زندگی بھی نہیں ہے۔"

کچھ دیر تک کوئی بھی نہ بولا۔ جگت بچ مچ پاگل ہو رہا تھا پھر بھی بچن اسے جانے نہیں دینا چاہتا تھا۔ "ایک کام کریں...... پہلے ہم یقین کرلیں کہ ویرو وہاں ہے یا نہیں؟ پھر سب ساتھ جا کر اسے اٹھا لائیں گے۔"

"ہاں یہ ٹھیک ہے۔" ہنومان اور ہوشیار ایک ساتھ بولے مگر جگت کی ضد جاری رہی۔

"مگر جو شخص چیک کرنے جائے گا اس کے لیے بھی تو خطرہ ہے' پھر میں ہی کیوں نہ جاؤں؟"

"مجھے ایک ترکیب سوجھی ہے۔" بچن بولا۔ "ہم میں سے کوئی نہ جائے' بلکہ یہ کام اچلا کے سپرد کر دیا جائے۔" پھر اس نے جگت کو ایک نظر دیکھ کر کہا۔ "اچلا' ویرو کو پہچانتی ہے' ویرو اس سے سچ بات کہتے ہوئے نہیں ہچکچائے گی۔ اچلا عورت ہے لہٰذا وہاں جانے میں رکاوٹ بھی نہیں ہوگی۔ وہ اس کی سہیلی بن کر وہاں جا سکتی ہے۔"

اب جگت کچھ ڈھیلا پڑ گیا۔ بچن نے اچھی ترکیب بتائی تھی۔ مگر ذہن پر سوار ہونے والی "جلدی" نے پھر بہانہ ڈھونڈا۔ "اس میں وقت ضائع ہو جائے گا۔ اور وہ لوگ زبردستی اس کی شادی کر دیں گے۔"

"وقت ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا۔" بچن پُر مسرت لہجے میں بولا۔ "میں بھی اچلا کے ساتھ جا رہا ہوں جگت! میں اس کے گھر دو چار مرتبہ ہو آیا ہوں۔ لہٰذا تم کوئی فکر نہ کرو۔ کل صبح اچلا ویرو سے ملنے اس کی خالہ کے گھر روانہ ہو جائے گی اور شام تک جواب لے آئے گی۔"

جگت کی اجازت کا انتظار کیے بغیر بچن روانہ ہوگیا۔ ہوشیار اور ہنومان کو بھی یہ ترکیب پسند آئی۔ جگت جوش کو دبانے کی کوشش کرنے لگا۔ ایک دن اسے بہت طویل دکھائی دیا۔ کسی سے کچھ کہے بغیر وہ اندر جا کر چارپائی پر لیٹ گیا۔ ویرو کا خیال جگت کو سونے نہیں دے رہا تھا۔ اسے یقین تھا کہ ویرو کسی سے شادی پر تیار نہیں ہوگی۔ اس نے طلاق اس لیے حاصل کی تھی کہ جیل سے رہا ہونے کے بعد میرے ساتھ زندگی گزار سکے۔ وہ زبردستی پر خودکشی کو ترجیح دے گی پھر بھی ایک گہرا خوف اسے ستا رہا تھا۔ وہ موہن سنگھ کو قتل کر کے پھر ڈاکو بن گیا ہے یہ جاننے کے بعد ممکن ہے کہ ویرو اس سے ناراض ہوگئی ہو اور شادی کے لیے تیار ہوگئی ہو پھر اچلا اسے منا نہیں سکے گی' میں ہی اسے سمجھاؤں گا۔ موہن سنگھ کا قتل کس حالت میں اچانک ہوا؟ یہ جاننے کے بعد اسے مجھ سے نفرت نہیں رہے گی۔ میں اس کی تلاش میں کتنا بے چین رہا ہوں یہ جان کر اور یہ معلوم ہونے کے بعد کہ اس کی خاطر میں نے گھر چھوڑ دیا' ویرو شادی کا ارادہ ترک کر دے گی اور میرے ساتھ آنے کو تیار ہو جائے گی۔ سوچتے سوچتے جگت کے سر میں سخت درد ہونے لگا۔ بچن خواہ مخواہ درمیان میں کود پڑا۔ مجھے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

اس کی بات نہیں سنی چاہیے تھی۔ ایک دن میں تو سب کچھ الٹ پھیر ہو جائے گا...... جگت فوراً بیٹھ گیا۔

ہنومان اور ہوشیار گہری نیند سو رہے تھے۔ چارپائی پر سے کھڑے ہو کر اس نے لٹکتی ہوئی رائفل اٹھائی پھر خیال آیا کہ رائفل کسی کی نظر میں آ جائے گی ہوشیار کے بیلٹ میں پستول تھی اس پر نظر گئی' مگر اسے بیدار نہیں کرنا تھا۔ وہ کسی سے کچھ کہے بغیر جانا چاہتا تھا' صبح تک وہ واپس لوٹ آئے گا ویرو کو ساتھ لے کر۔ گھر سے باہر جھانک کر اس نے دیکھا' کوئی بھی نہیں جاگ رہا تھا مگر باہر پہرہ دیتے ہوئے ساتھی کا کیا ہوگا؟ اسے کسی طرح سمجھا لوں۔ کہوں گا نیند نہیں آ رہی' اس لیے شراب پینے جا رہا ہوں۔ اس نے آہستگی سے سوئے ہوئے ہوشیار کے بیلٹ سے پستول سرکالی۔ ہوشیار نے حرکت کی' جگت کچھ ہچکچایا' مگر سارے دن کی دوڑ دھوپ کی وجہ سے تھکا ہوا ہوشیار پھر نیند کی آغوش میں پہنچ گیا۔ پستول اندر کی بیلٹ میں چھپا کر جگت آگے بڑھ گیا۔

"نیند نہیں آ رہی' لہٰذا نشہ کر کے آتا ہوں۔ گھنٹے بھر میں لوٹ آؤں گا۔" باہر پہرہ دیتے ہوئے ساتھی سے یہ کہہ کر اس نے گھوڑی دوڑا دی۔

پوری رفتار سے گھوڑی دوڑانے کے باوجود اسمٰعیل آباد پہنچتے ہوئے پورے تین گھنٹے صرف ہو گئے۔ ستائے بغیر یا کوئی دیکھ نہ لے اس کی پروا کیے بغیر جگت گھوڑی دوڑا رہا تھا۔ وہ ویرو کی خالہ کے گھر سے لاعلم تھا۔ اس گاؤں میں دو انفارمر رہتے تھے۔ "ان سے معلوم کرا لوں گا۔" اس یقین کے ساتھ وہ روانہ ہوا تھا۔

"مجھے یقین تھا کہ آپ آئیں گے۔" انفارمر نے آنکھوں سے نیند بھگانے کی خاطر جماہی لیتے ہوئے کہا۔ "مگر شادی کے دن آنے کا امکان نہیں تھا۔"

"میں ابھی پہنچنا چاہتا ہوں۔ تمہیں مجھے گھر بتانا پڑے گا۔" اس کے چہرے پر گھبراہٹ دیکھ کر جگت نے کہا۔ "ساتھ نہیں آنا' صرف نقشہ سمجھا دو۔ میں خود سمجھ لوں گا۔"

"ایسے چھوٹے گاؤں میں مکان تلاش کرنے میں کون سی دیر لگے گی؟" انفارمر نے اپنا بچاؤ کیا۔

"گاؤں کے اس کنارے میرا مکان اور دوسرے کنارے اس تیلی کا گھر ہے۔ ویرو کا خالو تیل کا کولہو چلاتا ہے۔ لہٰذا لوگ اسے تیلی کہتے ہیں۔ دروازے کے قریب کولہو کا بیل بندھا ہوا ہوگا۔ ایک لائن میں مکان آتے ہیں۔ گردوارے کا جھنڈا بھی دکھائی دے گا۔ اس سے کچھ آگے جاؤ گے تو ساتھ والا مکان اس کا ہے۔"

"مکان میں داخلے کا عقبی راستہ تو ہوگا؟"

"ہاں...... راستہ ہے۔ مکان کے پیچھے چھوٹا سا میدان ہے۔ وہی تیلی کا باڑہ ہے۔ گھوڑی پر کھڑے ہو کر آسانی سے دیوار پر چڑھ سکتے ہیں۔"

"گھر میں کتنے آدمی رہتے ہیں؟"

"خالہ خالو کے بچے نہیں ہیں۔ دو بھانجیوں کے ساتھ رہتے ہیں۔"

"دو بھانجیاں ہیں؟"

"ہاں...... ویرو کی چھوٹی بہن بھی بہت دنوں سے خالہ کے گھر میں رہتی تھی۔ اب ویرو بھی آ گئی ہے۔"

"ابھی یعنی کتنے عرصے سے؟" جانے کی جلدی کے باوجود جگت معلومات حاصل کرنے کے تجسس کو روک نہیں سکا۔

"یہ کوئی نہیں جانتا۔ اچانک اس کی شادی کی بات آئی۔ کہتے ہیں اسطرح وہ لوگ اس کی شادی کرا دیں گے مگر بات کھل گئی۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"کس سے شادی ہو رہی ہے؟"

"یہ بھی کوئی نہیں جانتا کہ کسی کو پتہ نہ چلے۔" انفار مر کچھ دیر رک گیا پھر مسکرا کر بولا۔ "بیاہنے والا اس گاؤں کا نہیں اور پھر وہ بیچارہ تمہارے نام سے ڈرتا ہوگا۔ لوگ کہتے ہیں کہ اس نے ویرو سے شادی کی شرط یہ رکھی ہے کہ شادی سے پہلے اس کا نام ظاہر نہیں کیا جائے گا نہیں تو جگا اسے زندہ نہیں چھوڑے گا۔"

"بے وقوف....." جگت کے جبڑے سخت ہو گئے۔ "بارات سے پہلے اس کا جنازہ اٹھے گا۔"

سارا گاؤں پچھلے پہر کی نیند میں ڈوبا ہوا تھا۔ چوک میں پہرہ دیتا ہوا چوکیدار بھی جھونکے لے رہا تھا۔ جگت کو راستہ صاف نظر آیا۔ گردوارے کے جھنڈے پر نظر جمائے ہوئے اس نے گھوڑی کو آگے بڑھا دیا۔ ایک مکان کے دروازے کے قریب کھڑا ہوا بیل اونگھ رہا تھا۔ وہیں جگت نے گھوڑی روک لی۔ سامنے والے کسی گھر میں بچہ رو رہا تھا۔ جگت پھرتی سے تیلی کے مکان کے عقب میں پہنچ گیا۔ سنسان رات میں ذرا سی آہٹ بھی کافی بلند سنائی دے رہی تھی۔ جگت نے آہستہ سے باڑے کے دروازے کو دھکیلا مگر وہ کھلا نہیں۔ تقریباً سات فٹ اونچی دیوار پر نظر گئی۔ جگت گھوڑی کی پشت پر کھڑا ہو گیا۔ دونوں ہاتھ دیوار پر جما کر اس نے جست لگائی۔ دیوار کے کنارے پر ہاتھ پڑتے ہی ایک چھوٹا سا پتھر آواز کے ساتھ باڑے میں گرا اور چارپائی پر سویا ہوا جسم حرکت کرنے لگا۔ جگت ہچکچایا نہیں۔ وہ باڑے میں کود گیا۔ وہ شخص چارپائی سے اٹھ کر بیٹھ گیا۔

"کون.....کون ہے.....؟"

جگت نے تیزی دکھائی۔ اس سے پہلے کہ وہ شخص چیخ مارنے کے لیے منہ کھولے جگت جھپٹ کر اس کے قریب پہنچ گیا۔ جگا اس کے کھلے ہوئے منہ پر ہاتھ رکھ کر خوفناک آواز میں بولا۔

"خبردار اگر شور کیا۔" پھر دوسرے ہاتھ سے پستول نکال کر اس کے چہرے سے ہاتھ ہٹا لیا۔ جگت نے اندازہ لگایا کہ وہ ویرو کا خالو ہی ہوگا۔ اس کے چہرے پر فانوس کی روشنی پڑ رہی تھی۔ اوپر کا ہونٹ درمیان سے کٹا ہوا تھا۔ اس کی آنکھیں کبھی پستول کو اور کبھی جگت کی جانب دیکھ رہی تھیں جن میں خوف دکھائی دے رہا تھا۔ جگت کو یقین تھا کہ اس میں مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں۔

"بول..... ویرو کہاں ہے؟" یہ سن کر اس کے شانے جھٹکے سے حرکت کرنے لگے۔ پیشانی پر پسینے کے قطرے ابھر آئے۔ بولنے کے لیے ہونٹ پھڑپھڑائے مگر آواز نہیں نکل سکی تو اس نے اوپری منزل کی جانب اشارہ کیا پھر بھی جگت نے آنکھیں دکھاتے ہوئے پوچھا۔ "اوپر ہے؟" اس نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

جگت نے اوپر منزل کی جانب بڑھنے کے لیے قدم اٹھائے مگر جھٹکے سے کھڑا ہو گیا۔ اگر وہ اوپر جائے گا تو اس صورت میں تیلی شور مچا دے گا۔ اس کی نظر کھونٹی پر لٹکتے ہوئے صافے پر گئی۔

"چارپائی پر لیٹ جاؤ۔" جگت نے حکم دیا۔ ویرو کا خالو خوف سے کپکپانے لگا۔ جگت نے گھونسہ مار کر اسے لٹا دیا۔ تیزی سے سینے پر صافے کا کپڑا لپیٹ کر چارپائی کے نیچے گانٹھ لگا دی۔ ایک ٹکڑا اس کے منہ میں ٹھونس دیا۔ "ذرا بھی شور کیا تو زندہ نہیں چھوڑوں گا۔" یہ کہتا ہوا وہ اوپری منزل کی طرف بڑھا۔ ویرو سے ملاقات کے خیال سے اس کی رگوں میں خون تیزی سے گردش کر رہا تھا۔ سینہ جذبات سے دھڑک رہا تھا۔ اوپر ایک ہی کمرہ تھا جو باہر سے بند کیا ہوا تھا۔ زنجیر چڑھی دیکھ کر پہلے تو وہ گھبرا گیا۔ نیچے

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

جا کر بوڑھے کا جبڑا توڑ دینے کی خواہش ہوئی مگر ایک بار کمرہ کھول کر دیکھ لیا جائے۔ یہ تجسس زور کر گیا اور اس نے زنجیر گرا دی۔ جلدی میں اس نے دروازے کو زور سے دھکیلا۔ اندر کسی عورت کی ہلکی سی چیخ سنائی دی۔ ایک کونے میں جلتے ہوئے چراغ کے ہلکے اجالے میں جگت نے غور سے دیکھا ایک عورت بستر سے اٹھ کر دیوار کی جانب دوڑی۔ جگت نے سانس روک کر آہستہ سے کہا۔

"ویرو......!" اچانک وہ رک گئی۔ وہ دوپٹے کی بجائے سینے پر ہاتھ باندھ کر جگت کی جانب پشت پھیرے کھڑی تھی۔ جگت دبے قدموں سے آگے بڑھا......"ویرو......ویرو......" اس کی آواز میں لرزش تھی مگر اسے قریب آتا دیکھ کر وہ دیوار کے قریب سرک گئی۔ وہ سرتاپا لرز رہی تھی۔

"آپ یہاں کیوں آئے؟" وہ لڑکھڑاتی آواز میں بولی۔ جگت کا دل خوشی سے دھڑک اٹھا مگر اس سوال کی اسے توقع نہیں تھی جیسے اس کے کان میں سیسہ پگھلا کر ڈال دیا گیا ہو۔ دل میں چبھن سی ہوئی۔

"ویرو! میں تمہیں لینے آیا ہوں۔" بڑی مشکل سے اپنے جذبات کو دبا کر جگت بولا۔

دوسری جانب سے سسکیاں سنائی دیں۔ دیوار سے سر لگا کر وہ رو رہی تھی۔ جگت کا دل رونے لگا۔ دونوں کے درمیان ایک قدم کا فاصلہ تھا۔ جگت نے قریب جا کر اس کے شانے پر ہاتھ رکھا' شانے کو جھٹکا دے کر وہ ہٹ گئی۔

"میں ویرو نہیں......" اور جگت کا بڑھا ہوا ہاتھ سن ہو گیا۔ جیسے کسی نے اس کا دل مٹھی میں لے لیا ہو۔ "ویرو نہیں......" یہ لفظ اس کی زبان پر جم گئے۔ دو چار لمحے اس کا ذہن ساکت رہا۔ دروازے سے گھسنے والی ہوا کے جھونکے سے تھرتھرانے والی چراغ کی لو پر اس کی نظر گئی۔ وہ دوڑا اور تیزی سے دروازہ بند کر دیا۔ پھر اطمینان کی سانس لے کر وہ اس کے قریب گیا۔ ایک ہاتھ سے چراغ اٹھایا اسے قریب آتا دیکھ کر وہ دیوار سے پشت لگا کر نیچے بیٹھ گئی اور دونوں گھٹنوں میں سر دبا کر سسکیاں بھرتی ہوئی رونے لگی۔

"تم ویرو نہیں تو کون ہو......؟" اس کی آواز پھٹ گئی۔ جواب نہ ملا تو وہ اس کے قریب جا کر غصے سے بولا۔ "تم کون ہو......؟" دھیرے دھیرے سر اٹھا۔ ویرو کو دیکھنے کے لیے ترسی ہوئی آنکھیں تجسس انداز میں اسے دیکھنے لگیں۔ اسے آنسوؤں سے بھرا ہوا چہرہ دکھائی دیا۔ وہ بالکل ویرو جیسی تھی مگر ویرو نہیں تھی......

جگت کے ہاتھ سے چراغ چھوٹ گیا اور کمرہ تاریک ہو گیا......اس کا خون جوش مارنے لگا۔ بیلٹ میں لگی ہوئی پستول کی جانب ہاتھ بڑھا تو وہ بولی۔

"میں ویرو کی بہن دھنو ہوں۔" ابھی اس کا رونا جاری تھا۔

"پھر ویرو کہاں ہے؟"

"کسے معلوم؟" وہ بولی۔ اور یہ سن کر جگت کی مٹھیاں کسنے لگیں۔ اس کے ذہن پر شیطان سوار ہو گیا تھا۔ "مجھے نہیں معلوم......" اندھیرے میں اس کا چہرہ نظر نہیں آ رہا تھا۔ "میں کچھ نہیں جانتی۔"

"کسے ویرو کا پتہ ہے؟ کون جانتا ہے؟" جگت غصے میں کپکپا رہا تھا۔ اگر اس کے سامنے عورت کی بجائے مرد ہوتا تو اس کے ہاتھ نہ رک سکتے۔

"میرے باپو کو پتہ تھا' مگر انہوں نے کسی کو نہیں بتایا۔" یہ کہہ کر دھنو پھر رونے لگی۔

"اب رونا بند بھی کرو گی؟" جگت غصے میں بولا۔ "ویرو کی شادی کی بات غلط ہے؟"

اس کا رونا تھم گیا۔ "بناوٹ ہے......سب غلط ہے تم یہاں کیوں آئے؟" اس سے پہلے کہ وہ پوری

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

افسانچہ

میں آج بھی حسین ہوں

سین نون مخمور

میں نے بہت عرصے سے اپنا چہرہ ہی نہیں دیکھا تھا' آج جو آئینے کے رو برو کھڑا ہوا تو احساس ہوا وقت کتنا بدل گیا ہے کل جہاں تازگی تھی آج وہاں افکار کی حدت سے نقش پگھل سا گیا ہے۔ میں پل بھر کو بجھ ہی گیا اور دل بھر آیا' آنکھوں کی نمی نے ماضی کے دریچے کھول دیئے' اس کا حسن آنکھ میں اتر گیا۔ مسلسل سی گھٹا جیسی زلفیں منفرد ادا' دلفریب سراپا' اک زمانہ تھا اس پر فدا' اس کی ایک دید' ایک نظر کے لیے گھنٹوں انتظار ہوتا تھا۔ کیا زمانہ تھا' بس جستجو تھی ہر دل کی وہ۔ میں بھی اس کا طالب تھا اور اپنے احباب میں کافی نمایاں تھا' مگر طلب اور تمنا کسک بن گئی۔ اس سے الفت کا اظہار کیا اور ذات تماشہ بن گئی۔ اس کی یاد نے دل کو اور رنجیدہ کر دیا۔ میں نے پھر اپنا عکس آئینے میں دیکھا اور اس کو سوچنے لگا۔ وہ بے حد حسین تھی اور شاید خطرناک حد تک۔ دل بہت مشکل سے قابو ہوتا تھا' اس کے رو برو خیال ہمیشہ ہی بہک جاتا تھا۔ من اس کے لبوں کی نرمی کے لیے تڑپ اٹھتا تھا۔ مگر وہ ہمیشہ ہی صاف بچ جاتی تھی۔ یقیناً وہ بھی یہ سب جانتی تھی' نگاہوں کے سوال پہچانتی تھی۔ مگر وہ ان باتوں پہ خوف زدہ ہونے کے بجائے محظوظ ہوتی تھی۔ آہستہ آہستہ حسین ہونے کا احساس اس کے اندر اتنا بڑھ گیا کہ اس نے ہم وا جبی صورت والوں کی محفل میں آنا ہی چھوڑ دیا۔ میں ماضی کے اوراق شاید اور پڑھتا کہ مجھے برسوں بعد اس سے ہوئی کل کی ملاقات یاد آ گئی۔ کل ہی تو ملی تھی' بینک میں بل جمع کرانے آئی تھی۔ کتنی نازک تھی وہ' کل اس کا سراپا کتنا اجنبی سا لگا تھا' شباب ڈھل سا گیا تھا' آخر عمر کی بھی بات ہوتی ہے مگر جانے کیوں مجھے اس کی آنکھوں میں جہاں بھر کی ویرانی اور تنہائی نظر آئی تھی۔ یوں لگا کہ وہ اپنے حسن کے سحر میں آپ اتنا محو ہو گئی ہو گی کہ اپنی ہی ذات میں تنہا رہ گئی ہو گی۔ یقیناً وہ اپنے ہی حسن کے سمندر میں ڈوب کر مر چکی تھی۔ مجھے کل دیکھی اس کی آنکھیں بھرپور انداز سے یاد آ گئیں اور میں پھر آئینے میں اپنی آنکھیں دیکھنے لگا۔ مجھے اپنی آنکھوں میں جانے کتنی ہی محفلیں نظر آنے لگیں' کتنے ہی نام زبان پر آ گئے۔ مدت سے پگھلے چہرے پہ آج بھی کتنی ہی محبتوں کے سائے نظر آنے لگے۔ میں مسکرانے لگا رب کا شکر ادا کرنے لگا۔ دل و ذہن میں یہ خیال امر ہو گیا کہ

میں کل بھی حسین تھا اور میں آج بھی حسین ہوں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

بات کرتا' گھوڑی ہنہنائی۔ جگت چونک گیا' نیچے یقیناً کوئی تھا۔ کوئی اوپری منزل چڑھ رہا تھا۔ جگت نے پستول ہاتھ میں تھام لیا۔ دھنو گھبراہٹ میں بولی۔ "پولیس..... تم بھاگ جاؤ۔"

جگت بپھر گیا۔ "دیرو کے نام سے مجھے پھنسایا گیا ہے۔" وہ دروازے کی جانب جھپٹنا چاہتا تھا مگر دھنو نے اس کا بازو پکڑ لیا۔

"وہاں سے نہیں..... یہ کھڑکی کھول کر چھت پر۔"

کمرے کا بند دروازہ کسی نے دھکیلا مگر کھلا نہیں' جگت پل بھر خاموش رہا۔ پستول میں چھ راؤنڈ تھے۔ مقابلہ کرنے میں جان کا خطرہ تھا ممکن ہے جس طرح دھنو کہتی ہے اس طرح فرار کا موقع مل جائے۔ دروازے پر ضربیں پڑنے لگیں۔ دھنو نے جواب دیا۔ "کھولتی ہوں۔" کھڑکی کھول کر جگت چھت پر چڑھ گیا۔ سن کرتی ہوئی گولی اس کے قریب سے گزر کر دیوار سے ٹکرائی۔ جگت کا دل دھڑک اٹھا۔ باہر راستے پر پولیس اس کا انتظار کر رہی تھی۔ پھر..... نیچے جانا خطرے سے خالی نہیں تھا۔ وہ گھٹنوں کے بل سرکتا ہوا چھت کے سرے کے قریب گیا۔ رائفل کے دھماکے سے پورا محلہ جاگ اٹھا تھا۔ شور ہونے لگا۔ جگت نے دیکھا برابر والے مکان کی چھت قریب تھی۔ وہاں ایک دو آدمی بھاگتے نظر آئے۔ یہ اچھا موقع ہے۔ پولیس کو فائر کا موقع نہ دینا ہو تو لوگوں میں شامل ہو جانا چاہیے۔ بجلی کی سی تیزی سے اس نے دوسری چھت پر جست لگائی۔ اس بار بھی پولیس کا فائر خالی گیا۔ شور اور بڑھ گیا۔ اب ارجن سنگھ برابر والی چھت پر آ گیا تھا۔ اس نے جگت کو تیسرے مکان کی چھت پر جست لگاتے دیکھا۔ اندھیرے میں نشانہ لیا' گولی جگت کی بائیں ٹانگ کی ران کو چھوتی ہوئی نکل گئی۔ جگت لڑکھڑا کر چھت پر گرا۔ ران سے گرم گرم خون ابل پڑا۔ مگر وہ پروا کیے بغیر اٹھ کر دوڑا۔ یہ اچھا تھا کہ مکان برابر برابر تھے۔ جگت پانچویں مکان کی چھت تک پہنچ گیا۔

اتنی دیر میں سارا محلہ شور سے گونج اٹھا۔ "جگا ڈاکو..... جگا ڈاکو....." کی آوازیں سنائی دینے لگیں۔ پولیس وارننگ دے رہی تھی۔ "کوئی راستے یا چھت پر نظر نہیں آئے گا۔ ورنہ گولی مار دی جائے گی۔" سامنے گردوارے کا جھنڈا نظر آ رہا تھا۔ درمیان میں ایک مکان کی آڑ تھی۔ ٹانگ میں شدید درد تھا۔ سر پہ بندھا ہوا کپڑا اس نے زخم پر مضبوطی سے کس دیا۔ اس عرصے میں دو ہوائی فائر ہوئے۔ جگت سمجھ گیا کہ پولیس الجھ گئی ہے۔ اندھیرا اس کی موافقت میں تھا۔ اب اگر چھت پر سے نکل جائے تو فرار کا موقع تھا۔ وہ پھر ایک چھت پر کودا۔ گردوارہ سامنے نظر آ رہا تھا۔ وہاں کود جانے کے بعد راستہ ملنے کی امید تھی۔ اس نے آس پاس دیکھا' پولیس نظر نہیں آئی۔ "کہاں گیا..... کہاں گیا؟" کا شور سنائی دے رہا تھا۔ چھت کے کنارے کھڑے ہو کر اس نے جست لگائی مگر گردوارے کی چھت کو پیروں نے چھوا ہی تھا کہ نیچے پھسل گیا۔ وہ کس پر گرا تھا؟ یہ سمجھ میں نہیں آیا۔ مگر اس کے گرنے کی آواز نہیں ہوئی۔ پھر کوئی اس پر گرا..... اس کی آنکھوں میں اندھیرا چھا گیا۔ وہ بے چینی محسوس کرنے لگا اور بیہوش ہو گیا.....!

○❖○❖○

"جگا فرار ہو گیا....."

"نہیں وہ گاؤں میں چھپ گیا ہے۔ جائے گا کہاں؟"

ہاں بھئی..... فرار ہونے کا اسے موقع ہی نہیں ملا تھا۔ سارا محلہ پولیس نے گھیر لیا تھا۔ اور سارا گاؤں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

جاگ اٹھا تھا کسی نے اسے فرار ہوتے نہیں دیکھا۔"

"مگر چھپنے کی جگہ تو ہو؟ پولیس محلے کے ایک ایک مکان کی تلاشی لے رہی ہے۔ کہتے ہیں اس کے پیر میں گولی لگی اور گھوڑی بھاگ گئی۔"

"بھئی جو بھی ہو بہرحال، ہم لوگوں کی جان بچ گئی۔ گولیاں ایسے چل رہی تھیں کہ ان کی جھپٹ میں آنے والا ڈھیر ہو جاتا۔"

"ڈاکو کو پکڑنے کے لیے پولیس بستیوں میں کیوں مورچے بناتی ہے؟ وہ سردار جی کی عورت پیٹ سے تھی، بیچاری فوراً بیہوش ہوگئی۔ آٹھویں ماہ بچہ ہوگیا۔"

"جگا یہاں کیوں آیا تھا؟ کیا ویرو کو اغوا کرنے کے لیے؟ ہم بیوقوف بن گئے۔ شادی کی بات صرف دھوکا تھا۔"

اسمٰعیل آباد میں صبح ہونے تک یہی باتیں ہوتی رہیں۔ ارجن سنگھ پیچ و تاب کھا رہا تھا۔ کہاں غائب ہوگیا؟ اسے کس نے چھپایا؟ اس کے دماغ کی عجیب حالت تھی۔ اتنی احتیاط کے باوجود اس کے ہاتھ سے ترپ کا پتہ نکل گیا تھا۔ یہ اس کی برداشت سے باہر تھا۔ محلے محلے پولیس تلاشی لے رہی تھی۔ وہ خود بار بار ان چار پانچ مکانوں کے گرد چکر لگا رہا تھا جس جس چھت سے جگا کودا تھا ان چھتوں کو چیک کیا گیا۔ خون کے نشان بھی درمیان میں رک گئے تھے۔

گردوارے میں جگا کا داخلہ ممکن نہیں تھا۔ وہاں پولیس کی چھاؤنی بنی ہوئی تھی۔ کہیں گاؤں کے لوگوں کو شک نہ ہو اس لیے پولیس بیوپاریوں کے قافلے کی شکل میں وہاں ٹھہری تھی۔ گردوارے میں چھپنے کی کوشش کرنے کا مطلب پھنس جانا تھا۔ طلوع ہوتے ہوئے سورج کی روشنی میں ارجن سنگھ نے گردوارے کی چھت کے کنارے پر کسی کے پیر کا نشان دیکھا۔ کچھ دور خون کا ایک قطرہ بھی نظر آیا۔ رات فانوس یا ٹارچ کی روشنی میں انہیں یہ کیوں نظر نہ آیا؟ وہ ضرور گردوارے تک آیا تھا مگر آگے کوئی نشان نہیں تھا۔ وہ پھر مایوس ہوگیا۔ "کمال ہے...... کمبخت نہ جانے کہاں غائب ہوگیا؟" وہ بڑبڑایا۔ گردوارے کی پشت پر دو مکانوں کے آنگن تھے۔ ایک گاؤں کے ہندو جج کا مکان تھا اور دوسرے مکان میں ایک سکھ گرکھ سنگھ رہتا تھا۔ دونوں کی ایک چھت تھی۔ دونوں مکانوں کے درمیان دیوار بھی ایک تھی۔ دونوں سرکاری ملازم تھے۔ ایک قانون کا دوسرا فوج کا ملازم تھا۔ ان مکانوں میں جگت کو چھپنے کا موقع مل ہی نہیں مل سکتا تھا۔ جج ڈسٹرکٹ کورٹ میں حاضری کی غرض سے ہفتے میں پانچ دن گاؤں سے باہر رہتا تھا۔ گرکھ سنگھ فوج سے چھٹی ملتی تو چھ ماہ میں ایک ہفتہ یا پندرہ دن کے لیے گھر آتا۔ جج کے گھر میں اس کی بیوی کے علاوہ تین بچے تھے۔ گرکھ سنگھ کی بیوی اکیلی تھی۔

"بھائی جان! وہاں کھڑے کیا سوچ رہے ہیں؟" دائیں جانب کے برآمدے میں سے گرکھ سنگھ کی بیوی نے پکارا۔ "نصف شب سے دوڑ بھاگ اور خون پانی کر رہے ہیں۔ تھوڑا آرام کریں۔ تازی لسی تیار ہے۔ دو پیالے پی لیں، کچھ تازگی محسوس ہوگی۔"

اوپر کھڑا ہوا ارجن سنگھ اس جوان صورت کو متجسس نظروں سے دیکھنے لگا۔ گاؤں کے لوگ پولیس کو بدنام کر رہے تھے اور یہ عورت ہمدردی دکھا رہی تھی۔ کچھ دیر بعد اسے خیال آیا کہ وہ اس کے سامنے احمقوں کی طرح کھڑا ہوا ہے۔

"بھابی جی! لسی نہیں، مگر چائے پینی ہے۔ آپ چولہا جلائیں میں ابھی آتا ہوں۔"

ارجن سنگھ گیا تو دروازہ کھلا ہوا تھا اور آنگن میں چارپائی بچھی ہوئی تھی۔ وہ سمجھ گیا کہ عورت پکی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ہے۔ اپنے شوہر کی غیر حاضری میں پرایا مرد گھر میں ہو تو اس صورت میں دروازے بند نہیں ہونے چاہئیں اور اسے ممکن حد تک آنگن سے آگے بڑھنے نہیں دینا چاہیے۔

وہ چارپائی پر بیٹھا اسی لمحے وہ اندر سے چائے لے کر آ گئی۔ ”لیں بھائی جان! چینی کم ہو تو کہنا۔ ان کے فوج میں داخلے کے بعد اب چائے بنانا سیکھی ہوں۔“

”گرمکھ سنگھ کی کیا خبر ہے بھابھی؟“ ارجن سنگھ نے کپ لبوں سے لگاتے ہوئے پوچھا مگر گرم چائے سے زبان جل گئی اس لیے جھٹکے سے کپ کھینچ لیا۔ اس نے آنگن کا جائزہ لیا۔ ایک کونے میں گھاس کے ڈھیر پر اس کی نظریں جم گئیں۔

”کیا دیکھ رہے ہو بھائی جان؟“ گرمکھ کی بیوی نے اسے چونکا دیا۔ ”کیا آپ یہ سوچ رہے ہیں کہ گھاس کے ڈھیر میں آپ کا ڈاکو چھپا ہوگا؟“

”ارے ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟“ ارجن سنگھ نے چائے کا گھونٹ پیتے ہوئے اس کو کن انکھیوں سے دیکھا۔ ”ایسا سمجھتا تو آپ کے گھر کی بھی تلاشی لیتا۔“

”آپ تلاشی لینے نہیں آئے مگر میں نے تو بلا لیا۔“ یہ کہہ کر وہ مسکرائی۔ ”محلے کی عورتیں تو یہ بحث کر رہی تھیں کہ پولیس نے سب کے گھر کی تلاشیاں لیں مگر کلدیپ یا پنچھی کے گھر کے دروازے تک نہیں ہلائے۔“

”یہ تو عورتوں کی عادت ہے۔“ پروہ کپ نیچے رکھتا ہوا بولا۔ ”سرکاری ملازمین کے مکان کی تلاشی لینے سے خود ہماری سبکی ہوتی ہے۔“ یہ کہتے ہوئے ارجن سنگھ کی نظر پھر گھاس پر گئی۔ ”میں سوچ رہا تھا گھر میں ایک بھینس ہے پھر اتنا بڑا گھاس کا ڈھیر کیوں؟“

”یہ بھی کوئی بات ہوئی؟“ کلدیپ نے ایک ادا سے کہا۔ ”جنگ ہو رہی ہے اس لیے سال بھر کا کوٹہ گھر میں رکھا ہے۔ ہر ماہ قیمتیں بڑھ جاتی ہیں۔“ پھر کونے کی کوٹھڑی کی جانب اشارہ کر کے بولی۔ ”اس میں اناج اور لکڑی بھی بھر رکھی ہے۔“

ارجن سنگھ نے محسوس کیا کہ ایسی فالتو باتوں کی بجائے کوئی میٹھی بات سننے کو ملے تو مزہ آ جائے۔ ”آپ گھر میں تنہائی محسوس کرتی ہوں گی؟ مگر گرمکھ تو جنگ ختم ہونے سے پہلے واپس نہیں آئیں گے۔“

کلدیپ نے محسوس کیا کہ اب وہ اٹھ جائے تو بہتر ہے۔ گرمکھ کی یاد آتے ہی اسے خوف کی لرزش محسوس ہوئی مگر اسے جواب دینے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ دروازے پر گاؤں کا صوبیدار نظر آیا۔ وہ جلدی سے اندر داخل ہو گیا۔ ”صاحب! جگا کی گھوڑی مل گئی ہے۔“

ارجن سنگھ ”اچھا؟“ کہتا ہوا اٹھ کھڑا ہو گیا۔

”برابر والے گاؤں میں پکڑی گئی ہے۔“

”پھر تو زخمی جگا وہیں چھپا ہوا ہے۔“ یہ کہتا ہوا ارجن سنگھ باہر نکل گیا۔ پیر کی ٹھوکر سے چائے کا خالی کپ دور گر کر ٹوٹ گیا۔

”صاحب! برابر والی پنچھی بہن کے گھر بھی چکر لگا آنا تاکہ ہمیں گاؤں کی عورتوں کے طعنے نہ سننے پڑیں۔“ کلدیپ نے بلند آواز میں کہا جیسے پڑوسنوں کے کان تک اس کی آواز پہنچ جائے۔ ارجن سنگھ کے جانے کے بعد اس نے بلند آواز میں دروازہ بند کر دیا۔

○✤○✤○

درد کی شدت سے ہنکارہ بھرتے ہوئے جگت نے پہلو بدلنے کے لیے سر اٹھایا مگر سخت تکلیف کی وجہ سے ہلکی سی چیخ مار کر پڑا رہا۔ آنکھیں کھولنے کی کوشش

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کی مگر پلکیں جیسے من من بھر کی محسوس ہوئیں۔ ذہن میں کچھ حرکت ہوئی' جسم کو جھٹکا سا لگا۔ نیم بے ہوشی میں اسے محسوس ہوا کہ وہ کودتے ہوئے گرا اور آنکھوں میں اندھیرا چھا گیا۔ یہ سب یاد آنے کے بعد آنکھیں کھولنے کی خواہش زور کرگئی پھر بھی ہمت نہ ہوئی۔ آنکھوں کے سامنے جیل کی کوٹھڑی یا پولیس کی چوکی نظر آئے گی۔ اس بات کا اسے یقین ہو چکا تھا۔ آخر ارجن سنگھ کا منحوس چہرہ دیکھنے کی جلدی کیا ہے!" اسی لمحے سر پر کسی کا ہاتھ گھومنے لگا۔ بڑا نرم ہاتھ تھا۔ ہلکی سی کھنکھار بھی سنائی دی مگر یہ تو کسی عورت کے کنگن کی آواز تھی۔ جلدی سے پلکیں کھل گئیں۔ پہلے سب دھندلا نظر آیا۔

"تم کون ہو......؟" وہ بمشکل بولا۔

"شکر ہے......" عورت کی اطمینان بھری آواز سنائی دی۔ "ہوش آنے میں کتنی دیر ہوگئی۔ میں تو گھبرا گئی تھی۔" پھر شانے پر ہاتھ پھیرتی ہوئی بولی۔ "میرے ویر کیسے ہیں؟"

جگت اب بھی اسے پہچان نہیں سکا تھا۔ اسے کہاں دیکھا تھا' یہ یاد نہیں آ رہا تھا۔

"آپ......آپ کون ہیں؟"

"چھوٹی بہن کو آپ آپ کہہ رہے ہیں؟" کلدیپ نے لاڈ سے کہا۔ "پہچانے نہیں' یاد ہے میری شادی میں آپ نے جہیز بھیجا تھا۔ جب آپ ہمارے گھر ڈاکہ ڈالنے آئے تھے تو میں نے آپ کو بھائی بنایا تھا۔" جگت کی آنکھیں خوشی سے چمکنے لگیں۔ وہ کچھ کہنا چاہتا تھا مگر کلدیپ چونک گئی۔ دروازے پر دستک ہوئی۔ اس کے چہرے پر خوف پھیلا ہوا تھا۔ خوف جگت سے چھپ نہ سکا۔ وہ بیٹھ گیا۔ مگر کلدیپ نے اسے روکا۔ "آپ چپ چاپ لیٹے رہیں۔ میں خود ہی سنبھال لوں گی۔"

وہ کھڑی ہوگئی۔ کوٹھڑی کا دروازہ اس نے باہر سے بند کردیا۔ جگت اس عورت کی ہمت پر رشک کرنے لگا۔ اتنے سال پہلے' کن حالات میں اس نے کلدیپ کو دیکھا تھا' اس کے دادا' دادی کو دھمکی دے کر اور گھر کی دیوار توڑ کر زیورات نکلوائے مگر واپس لوٹنے سے پہلے اس لڑکی نے اسے بھائی بنا کر مٹھائی کا تھال آگے کیا اور مہندی لگے ہاتھ دیکھ کر اسے خیال آیا کہ لڑکی کی شادی ہونے والی ہے۔ اگر زیورات لے گیا تو بارات منڈپ سے واپس لوٹ جائے گی۔ پھر کوئی اس کا ہاتھ نہیں تھامے گا۔ اس نے زیورات لوٹا دیے تھے اور چار دن بعد بھائی کی طرح شادی میں جہیز بھی بھیجا تھا۔ چھ سات سال بعد اسی کے گھر میں سہارا ملا۔ قدرت کے بھی عجیب کھیل ہیں۔

جگت کا ذہن ماضی کے ورق الٹ رہا تھا اور کان کھلتے ہوئے دروازے پر لگے ہوئے تھے۔ کلدیپ سے کوئی عورت بات کررہی تھی۔ پھر وہ بولتی ہوئی اندر آنے لگی۔ کلدیپ نے اسے کس طرح چھپایا ہوگا؟ گھر میں کوئی نہیں' پولیس کو اس کی بو کیوں نہیں ملی؟ اگر پولیس کو پتہ چل گیا تو اس مظلوم عورت کا کیا حال ہوگا؟ اس خیال سے جگا بے چین ہوگیا۔ اس کی نظر کوٹھڑی کے بند دروازے پر جمی ہوئی تھی۔ کمر پر ہاتھ پھیرا تو پستول نہیں تھا۔ پیر اونچا کرنے کی کوشش کی تو سارے جسم میں درد کی لہر دوڑ گئی اور وہ بمشکل چیخ کو دبا سکا۔ کچھ دیر بعد دروازہ بند ہونے کی آواز سنائی دی۔ اس نے اطمینان کا سانس لیا۔ کوٹھڑی کھول کر کلدیپ اندر آئی۔ جگت غور سے اسے دیکھنے لگا۔ کلدیپ کو حیرت ہوئی۔ "غور سے کیا دیکھ رہے ہیں؟"

پھر بھی جگت کچھ نہ بولا' نہ ہی اس نے نظر گھمائی' کلدیپ اس کے سر کے قریب بیٹھ گئی۔ "یہ تو پڑوسن تھی......آٹا مانگنے آئی تھی۔" جگت اب بھی غور سے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

اسے دیکھ رہا تھا۔

"کلدیپ! میں تمہارے گھر میں ہوں" وہ ہنس دی۔

"کیوں...... بہن کے گھر بن بلائے مہمان ہونا پڑا اس کا افسوس ہو رہا ہے؟"

"مہمان نہیں آفت بن کر آیا ہوں۔" جگت پر جوش لہجے میں بولا۔ "میں یہاں کس طرح آیا؟ گھر میں کون کون ہے؟ میں یہاں چھپا ہوا ہوں یہ کون کون جانتا ہے؟"

"جگا بھائی! آپ بے چین نہ ہوں۔" کلدیپ نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ "گھر میں، میں اکیلی ہوں۔ میرے سوا کوئی آپ کے بارے میں نہیں جانتا۔" جگت کچھ پوچھنا چاہتا تھا مگر کلدیپ بولی۔ "پہلے آپ کچھ پیٹ میں ڈالیں۔ میں نے آپ کے لیے راب تیار کی ہے۔"

جگت کو راب پلاتی ہوئی کلدیپ کہنے لگی۔

"بندوق کا دھماکہ ہوا اور میں جاگ گئی۔ پہلے تو ڈر کر کمرے کے دروازے بند کر لیے، مگر پھر جگا ڈاکو جگا ڈاکو کی آوازیں سنیں۔ میرا دل لرز گیا۔

میں آنگن میں لرزتی ہوئی کھڑی رہی۔ ہر فائر میرے دل پر زخم لگا رہا تھا۔ بڑا شور ہو رہا تھا۔ میں دونوں کانوں پر ہاتھ رکھ کر آنکھیں بند کیے کھڑی رہی پھر زبردست دھماکہ سا ہوا۔ گھاس کا ڈھیر الٹ گیا۔ میں چند لمحے آنکھیں پھاڑے کھڑی رہی، گھاس کے نیچے سے آپ کا تڑپتا ہوا ہاتھ بلند ہوا پھر بھی میں بے حس و حرکت کھڑی دیکھتی رہی۔ مگر جب خون کی دھار پر نظر گئی تو نہ جانے کس طرح مجھ میں ہمت پیدا ہوئی۔ میں پولیس کی پروا کیے بغیر آپ کو بچانے کے لیے دوڑی۔"

کلدیپ سانس لینے کے لیے رکی، پھر بولی۔

"باہر دوڑ دھوپ اور شور ہو رہا تھا۔ پھر اس کے بعد جو کچھ ہوا، کس طرح ہوا یہ اب بھی سوچ کر الجھن میں پڑ جاتی ہوں۔"

"کیا ہوا......؟" جگت نے پوچھا۔

"میں نے فانوس کی روشنی کم کر کے اندھیرے میں گھاس کو آپ کے اوپر سے ہٹا دیا۔ آپ کو دو چار بار ہلایا مگر کامیابی نہیں ہوئی۔ تب میری الجھن بڑھ گئی۔ پولیس کی آمد سے پیشتر مجھے آپ کو گھر کے اندر کر لینا چاہیے تھا مگر میں اکیلی تھی۔ آپ کو کس طرح اٹھا سکتی تھی؟"

"میں بھی الجھن میں ہوں۔" جگت نے مسکرا کر کہا۔ "مجھے اٹھانے کے لیے تمہارے جیسی دو چار عورتیں چاہئیں۔"

"میں نے بمشکل آپ کو چارپائی تک لے جا کر لٹا دیا مگر چارپائی کو ہلانے میں مجھے پسینے چھوٹ گئے۔ بہت زور آزمایا، پھر بھی نہ کھسکی۔ میں پریشان ہو گئی۔ درمیان میں ٹارچ کی روشنیاں چکرا رہی تھیں۔ چھتوں پر دوڑ دھوپ ہو رہی تھی۔ اسی لمحے مجھے بھینس کا خیال آیا۔ فوراً ہی چارپائی کی پائنتی سے رسی باندھی اور دوسرا سرا بھینس کے گلے میں ڈال دیا پھر آنگن سے برآمدے میں اور برآمدے سے کوٹھڑی میں بھینس چارپائی کھینچ لائی تب میں نے اطمینان کی سانس لی پھر ہمت بھی آ گئی۔ بھینس کو دوبارہ باندھ کر کمرے کے دروازے بند کر کے آپ کو بمشکل کوٹھڑی میں لٹا دیا۔ میرا ناک میں دم آ گیا۔" کلدیپ کی ہنسی میں پیار تھا۔

جگت کی آنکھیں بھیگ گئیں۔ پیشانی پر پھرتا ہوا کلدیپ کا ہاتھ پیار سے دبایا اور آنسو روکنے کے لیے پلکیں بند کر لیں۔ "بہن! تمہارا احسان میں اس دنیا میں ادا نہیں کر سکوں گا۔" جگت کی آواز بھیگ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

گئی۔ ”پتہ نہیں ہر آفت سے بچانے میں قدرت کی کیا مرضی ہے؟“

”جب تک آپ صحت مند نہ ہو جائیں تب تک آپ کو اس قید سے رہائی نہیں ملے گی۔ سمجھے؟“ کلدیپ کھڑی ہو کر بولی۔ ”میں نے آپ کے زخم پر جڑی بوٹی لگائی ہے۔ بہت گہرا زخم ہے۔“

”مگر کلدیپ! تم اپنے گھر میں اکیلی کس طرح رہتی ہو؟ تمہارا شوہر کہاں ہے؟“

”وہ فوج میں ہیں۔ آپ نے تو کبھی انہیں دیکھا نہیں۔ ٹھہریں۔ میں ان کی تصویر لاتی ہوں۔“

فوجی لباس میں شانے پر رائفل رکھ کر کھڑے ہوئے جوان کی تصویر دیکھ کر جگت کی آنکھوں میں ٹھنڈک ہوئی۔ ”کیسے رعب سے کھڑا ہوا ہے..... کلدیپ! اس کا نام کیا ہے؟“

کلدیپ شرما گئی۔ ”فوٹو کے پیچھے پڑھ لیں۔“ گرمکھی زبان میں بگڑے ہوئے الفاظ سے لکھا ہوا تھا۔ ”گرکھ سنگھ میجر سکھ بنالین۔“ جگت نے فوٹو اٹھا کر مذاق میں کہا۔ ”سلام میجر صاحب.....“ کلدیپ کی مسرت پھوٹی پڑ رہی تھی۔ فوٹو لوٹاتے ہوئے جگت اچانک سنجیدہ ہو گیا۔

”مگر کلدیپ! تم نے یہ کیا کیا؟ گرکھ فوج کا میجر ہے۔ اور اس کے گھر میں ڈاکو کو آسرا دے کر تم نے کتنا بڑا جرم کیا ہے..... اس کا تمہیں احساس نہیں۔ بھائی کی جان بچانے کی خاطر تم نے اپنے شوہر کی ملازمت بھی داؤ پر لگا دی۔ تمہارا یہ جرم جب اسے پتہ چلے گا تو وہ تمہیں کبھی معاف نہیں کرے گا۔“

”تو کیا میں اپنی نظر کے سامنے آپ کو گرفتار ہونے دوں؟ آپ کو کچھ ہو جاتا تو بھگوان مجھے کبھی معاف نہ کرتے۔“ کلدیپ پرجوش لہجے میں بولی۔

”پھر آپ کو یہاں چھپایا ہے یہ کسے معلوم ہوگا؟“

”کلدیپ! تم ارجن سنگھ کو نہیں جانتیں۔ وہ زہریلا شخص مجھے گرفتار کرنے کے لیے زمین آسمان ایک کر دے گا۔ تم کتنے دن چھپائے رکھو گی؟“

”میں نے ارجن سنگھ کی آنکھوں میں دھول جھونک دی ہے۔ صبح ہی اسے آنگن میں بلا کر چائے پلا چکی ہوں۔ یہ جاننے کے باوجود کہ سرکاری ملازم اور پھر فوج کے عہدے دار کے گھر کی تلاشی لینے وہ نہیں آئے گا اس کے دل سے شک دور کرنے کی غرض سے میں نے خود اسے گھر کی تلاشی لینے کے لیے کہا۔ اس وقت تک آپ ہوش میں نہیں آئے تھے۔“

جگت نے اسے بہت سمجھایا کہ آج رات وہ یہاں سے چلا جائے گا مگر اس نے قسم دے کر اسے مجبور کر دیا۔ ”جب تک آپ ٹھیک نہ ہو جائیں میں آپ کو یہیں رکھوں گی۔ باہر نکل کر آپ کتنے فاصلے تک بھاگ سکیں گے؟ پولیس کی دسترس سے بچ نہیں سکیں گے۔“

کلدیپ کی بات بھی سچ تھی۔ اس حالت میں وہ بیٹھ بھی نہیں سکتا تھا پھر بھاگنے کا سوال ہی کہاں رہ جاتا تھا؟ پولیس کو چکر دینے کے لیے جسم کا ساتھ چاہیے پھر بھی اس نے دل میں فیصلہ کر لیا کہ وہ یہاں زیادہ دیر نہیں رکے گا اور موقع ملتے ہی بھاگ جائے گا۔

”ارے ہاں..... میرا پستول کہاں گیا؟“

کلدیپ مسکرائی۔ ”اب یاد آیا آپ کو؟ مگر آپ بھول گئے وہ آپ کی بیلٹ میں نہیں تھا۔ میں نے اناج کے دو تھیلوں کے درمیان ہاتھ ڈال کر پستول نکال لیا۔ یہاں محفوظ کر دیا تھا۔“

پستول ہاتھ میں آتے ہی جگت کا خیال اور مضبوط ہو گیا۔ اب فرار ہونے میں خطرہ کم ہوگا مگر اسے بار بار کلدیپ کے سر پر لٹکتی ہوئی تلوار نظر آ رہی تھی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

خطرے کی تلوار...... اسے یقین تھا کہ کسی کو شک نہیں ہوا۔ "میں نے جہیز میں تحفہ بھجوایا تھا اس کے بارے میں سب جانتے ہیں، ممکن ہے کسی کو پرانی بات یاد آ جائے۔" یہ الفاظ جگت کی زبان پر بھی آ گئے۔

"ایسا ممکن نہیں......" کلدیپ پورے اعتماد سے کہہ رہی تھی۔ "ہم یہاں اس گاؤں میں ہر سال بھر سے رہنے آئے ہیں۔ ہاں کوئی یہ بات نہیں جانتا۔"

قدرت ہر طرح موافقت کر رہی تھی اس کا یقین ہونے کے بعد جگت فرار ہونے کے راستے تلاش کرنے لگا۔ بچن یا دوسرے ساتھی اسے یہاں بچانے نہیں آ سکتے تھے۔ کلدیپ صبح و شام اس کے زخم پر مرہم پٹی کر دیتی۔ تین وقت کھلاتی اور دن کا بڑا عرصہ گھر کے باہر گزارتی، برابر والے گردوارے میں جا کر پوجا پاٹھ کرتی۔ پڑوسن کے ہاں بیٹھ کر گپ لگاتی، تاکہ اس کے گھر میں باہر والوں کی حاضری نہ ہو اور کسی کو شک نہ گزرے۔ اس کی غیر حاضری میں جگت کمرے میں لاٹھی کے سہارے چلتا۔ چوتھے دن اس کی نظر قینچی پر گئی۔ اس کے ذہن میں روشنی ہو گئی۔ حالانکہ وہ اپنے خیال سے کچھ دیر تک کپکپاتا رہا لیکن اس کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا۔ اگر زندگی کو خطرہ درپیش ہو تو انسان مذہبی حد بندیوں کو فراموش کر سکتا ہے۔ جگت نے دل کو سمجھایا، شہید بھگت سنگھ کو بھی ایسا ہی کرنا پڑا تھا...... وہ کھانا کھا کر کلدیپ کے سونے کا انتظار کرتا رہا۔ پھر فانوس کی روشنی بڑھا کر سامنے چھوٹا آئینہ رکھ کر ہاتھ میں قینچی اٹھائی، پہلے ہاتھ لرز گیا۔ قینچی چہرے تک لے جاتے ہوئے وہ پسینے میں نہا گیا۔ اس نے دل میں گرو گوبند سنگھ کا نام لے کر بزرگوں کی معافی چاہی، پھر تیزی سے داڑھی پر قینچی چلانے لگا...... کچھ دیر میں نیچے بالوں کا ڈھیر ہو گیا۔ پیٹھ پر پہنچتے ہوئے بال اب کانوں تک آ گئے تھے۔ اس کا چہرہ بدلا ہوا نظر آنے لگا۔ کسی کام میں اس نے اتنی تھکن محسوس نہیں کی تھی۔ گرے ہوئے بال جمع کر کے اس نے گٹھڑی باندھ لی، پھر نصف گھنٹے تک خاموش رہا۔

○✥○✥○

صبح کے طلوع ہوتے ہوئے سورج کی پہلی کرن نے ابھی زمین کو چوما تھا کہ ارجن سنگھ کے ماتحت نے اسے بیدار کر دیا۔ اسے صرف دو گھنٹے پہلے سونا نصیب ہوا تھا پھر یہ کون سی آفت آ گئی؟ اس نے جھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔ "کیا ہے؟ تھوڑی دیر سونے دو کمبخت جگا نے نیند حرام کر دی ہے۔"

"نہیں صاحب...... اب اس کی موت قریب ہے۔" اس کے ماتحت نے کہا۔ "جگا گرمکھ سنگھ کے مکان میں چھپا ہوا ہے...... ہمیں شک ہے۔"

ارجن سنگھ کا تجسس کم ہونے لگا۔ "لعنت ہے...... اتنا کہنے کے لیے میری نیند خراب کی تھی؟" اس نے لمبی جماہی لی۔ "گاؤں کی عورتیں سرکاری ملازمین کے گھر کی تلاشی لینے کے لیے کہہ رہی ہیں اس لیے تم لوگ سنک گئے ہو۔ گرمکھ کی بیوی نے خود مجھے گھر بلایا تھا۔"

"صاحب! یہ میرا اندازہ نہیں بلکہ گاؤں کے ڈاکٹر نے مجھے اشارہ دیا ہے۔"

اب ارجن سنگھ ہوشیار ہو گیا۔ "ڈاکٹر نے؟ مگر کس طرح شک ہوا؟"

"وہ کہہ رہے تھے کہ کلدیپ ان کے گھر آئی تھی تو پوچھ رہی تھی کہ ڈاکٹر صاحب! گولی کے زخم کا کیا علاج کیا جاتا ہے؟" یہ سن کر ارجن سنگھ چارپائی سے کود پڑا۔

"فوراً اس کے مکان کے گرد گھیرا ڈال دو......"

www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کلدیپ جگت کے لیے پراٹھے بنارہی تھی اور ارجن سنگھ نے طنزیہ لہجے میں کہا۔ "کیا مہمان کے لیے ناشتہ تیار ہو رہا ہے؟" کلدیپ کے ہاتھ سے پراٹھا چھوٹ گیا اور چہرہ اتر گیا۔ ارجن سنگھ تیز نظروں سے گھر کے کونوں کا جائزہ لے رہا تھا۔ کلدیپ بمشکل کہہ سکی۔

"آیئے.... آپ مہمان کیسے؟ میں ابھی پراٹھے لاتی ہوں۔"

"میں دوسرے مہمان کی بات کر رہا ہوں بھابی۔" ارجن سنگھ طنزیہ انداز میں ہنس کر بولا۔ پھر کوٹھڑی کے دروازے کی جانب بڑھا۔ کلدیپ کا دل بیٹھ گیا اور اسے روکنے کھڑی ہوئی مگر عقب میں دو رائفل بردار پولیس والوں کو آتے دیکھ کر اس کے پیر فرش سے چپک گئے۔ کوٹھڑی کے دروازے پر لات مار کر ارجن سنگھ ایک طرف ہٹ گیا۔ "جگے! اگر جان پیاری ہے تو ہتھیار باہر پھینک دے۔"

کلدیپ کی پیشانی کی رگیں ابھر آئیں۔ "تم کیسی بےہودہ بات کر رہے ہو؟" کلدیپ نے کہا مگر ارجن سنگھ نے اس کی جانب دھیان نہیں دیا۔ اس نے ایک رائفل بردار پولیس والے کو آگے بڑھایا۔

"جاؤ..... اندر جا کر اسے شوٹ کر دو۔" وہ پہلے لمحہ بھر تک کھڑا لرزتا رہا مگر جب چیف نے گرج کر کہا... "جا رہے ہو یا نہیں؟" تو پھر وہ لڑکھڑاتے قدموں سے کوٹھڑی کی جانب بڑھا۔ ارجن سنگھ رائفل یا پستول کے دھماکے کے انتظار میں تھا مگر چند لمحے بعد پولیس والا واپس پلٹا۔

"صاحب.... اندر کوئی نہیں۔"

ارجن سنگھ نے خود کوٹھڑی میں جا کر چیک کر لیا تو کلدیپ کو اطمینان ہوا۔ اس نے دل میں بھگوان کا شکر ادا کیا مگر ارجن سنگھ کو دکھانے کی خاطر غصے میں بولی۔

"اب ہو گیا اطمینان' تلاشی لے لی؟"

ارجن سنگھ اپنے ماتحت کو گالیاں بکتا ہوا باہر چلا گیا۔ اس کے جاتے ہی کلدیپ نے کوٹھڑی میں جھانکا' اندر کوئی نہیں تھا۔ اناج کی بوریوں کے پیچھے دیکھا' وہاں بھی کوئی نہیں تھا۔ کونے میں پڑی ہوئی پوٹلی پر نظر گئی' وہ تیزی سے وہاں گئی کھول کر دیکھا تو اندر بال تھے...... وہ سمجھ گئی' اس کی آنکھوں سے مسرت بھرے آنسو گرنے لگے مگر پھر دل میں خوف محسوس ہوا۔

"کیا وہ صحیح سلامت نکل گیا ہوگا......؟"

○❖○❖○

کلدیپ کے گھر سے جگت باہر نکل گیا مگر اسے پولیس کے جال سے نکلنے کے لیے بہت چوکنا رہنا پڑا۔ لاٹھی کے سہارے ایک پیر سے لنگڑاتا ہوا کمر جھکا کر سر نیچے کیے وہ آگے بڑھ رہا تھا۔ ذرا سی بھی آواز کے لیے اس نے کان چوکنے کر رکھے تھے۔ دایاں ہاتھ کمر پر لگے ہوئے پستول پر تھا۔ وہ باہر نکلنے سے پہلے چوغے اور لنگی کو دو چار جگہ سے پھاڑ چکا تھا اور سر پر کپڑے کا چھوٹا سا ٹکڑا لپیٹ لیا تھا جس سے وہ فقیر نظر آئے۔ "اندھے فقیر کو راستہ دکھاؤ!" یہ کہتا ہوا لاٹھی ٹیکتا وہ آگے بڑھ رہا تھا۔ اندھیرے میں خاموشی سے آگے بڑھنے پر کسی کو شک ہو سکتا تھا۔

ارجن سنگھ نے محلے پر سے پولیس کا گھیرا ہٹا کر گاؤں کے گرد لگا دیا تھا۔ جگا گاؤں سے باہر نہیں گیا' اس کا اسے یقین تھا۔ وہ دو تین بجے تک چکر لگاتا رہا تھا کہ پولیس مستعد رہے۔ جگت نے سب سوچ رکھا تھا۔ سالوں سے پولیس کے ساتھ اس کا واسطہ رہا تھا لہٰذا ان کی کمزوریوں سے واقف تھا۔ رات کے آخری حصے میں چوکیدار جھونکے کھانے لگتا ہے' پلکوں پر نیند کا بوجھ بڑھ جاتا ہے اور جھونکے آنے لگتے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

ہیں۔ اس انتظار میں جگت نے نصف شب گزار دی۔ شام سے وہ بے چین ہو رہا تھا۔ اپنے سگے بھائی کی طرح پیار کرنے والی اور جان جوکھم میں ڈال کر آسرا دینے والی بہن سے کہے بغیر خاموشی سے جانے میں اسے جرم نظر آ رہا تھا۔ صبح بیدار ہو کر کلدیپ اسے نہیں دیکھے گی اس صورت میں اسے کیسا جھٹکا محسوس ہو گا؟ پھر بھی اسے دل مضبوط کر کے نکل جانا تھا۔ اندر سے ایک خیال اسے چونکا رہا تھا۔ "بھاگ... جا... بھاگ جا..."

کوئی غیبی قوت سائے کی طرح اس کا ساتھ دے رہی تھی۔ اس کی حفاظت کر رہی تھی۔ جگت اس کے اشارے کے خلاف کچھ نہیں کرتا تھا۔ البتہ ذہن پر شیطان مسلط ہو جانے اس صورت میں وہ غلط فیصلہ کر بیٹھتا تھا۔ ویرو کی تلاش میں ساتھیوں سے پوشیدہ رہ کر یہاں دوڑ آنے پر اسے پچھتاوا ہو رہا تھا۔

اکیلی عورت کے گھر میں چار دن چھپ کر رہا تھا اگر اس بات کا دنیا کو پتہ چل گیا تو کلدیپ کی زندگی برباد ہو جائے گی۔ ممکن ہے اس کا شوہر بھی اسے گھر میں نہ رکھے۔ سماج میں بیچاری بدنام ہو جائے گی۔

تین بجنے کے بعد بھاری دل اور بھاری قدموں سے چلتا ہوا وہ کمرے سے باہر آ گیا۔ کلدیپ گہری نیند سو رہی تھی۔ اس کے حسین چہرے پر پیار بھری نظر ڈالتا ہوا وہ کمرے کے باہر آ گیا۔ ابھی چوکھٹ پار کی تھی کہ اسی لمحے اس کے دل سے آواز آئی۔

"نہیں..... نہیں۔" اس کو ڈر لگا۔ وہ دروازے کی آڑ میں چھپ گیا۔ کلدیپ اسے دیکھ لے گی؟ وہ سانس روک کر مجرم کی طرح کھڑا رہا۔ اس نے آنکھ کے گوشوں سے دیکھا' کلدیپ پہلو بدل کر بڑبڑائی۔ "میرے گھر میں کوئی نہیں چھپا۔"

جگت نے گہری سانس لی۔ اس میں آہ بھی شامل تھی۔ باہر سے بے پروا نظر آنے والی عورت نیند میں کیسی تڑپ رہی تھی۔ اس نے یہاں رہ کر کلدیپ کے دل پر کیسا ظلم کیا تھا۔ "اب چاہے پولیس کے ہاتھ لگ جاؤں مگر اس پر اب زیادہ ستم نہیں ہو گا۔ بہن سکھی رہو۔ سلامت رہو۔ زندہ رہوں گا تو پھر ملنے کا وچن دیتا ہوں۔" وہ بڑبڑایا۔

کلدیپ کے گھر کا عقبی میدان تو وہ آسانی سے پار کر گیا۔ دو چار کتوں نے بھونک کر اسے جانے دیا۔ مگر گاؤں کی حد پار کرنا بہت کٹھن تھا۔ اسے اس بات کا اندازہ تھا کہ پولیس والے جھوٹے لالے بے ہوں گے مگر ایسا نہیں تھا۔ ایک پولیس والا شانے پر رائفل رکھ کر راؤنڈ لے رہا تھا۔ پندرہ گز دور سے اسے پولیس والا نظر آیا تو اسے دوسرا راستہ بدلنے کی خواہش ہوئی مگر پولیس والا اسے دیکھ چکا تھا۔ لہٰذا اس کے سامنے جانے کی ہی سوجھی تھی۔ ایک ہلکی کپکپاہٹ ضبط کر کے وہ آگے بڑھا۔ اس نے دیکھا پولیس والے نے جھٹکے سے رائفل ہاتھ میں تھام لی ہے۔ کمر اور جھکا کر لاٹھی زور سے زمین پر مار کر اس نے آواز لگائی۔ "اندھے فقیر کو راستہ دکھاؤ....."

ایک ایک قدم اسے موت کی جانب لے جا رہا تھا۔ خطرہ ہونے کے باوجود اس نے سر اٹھا کر پولیس والے کو دیکھنے کی جلدی نہیں کی۔ دیکھے بھالے بغیر وہ فائر نہیں کھولے گا' اس بات کا جگت کو یقین تھا۔ اور پستول میں بچی ہوئی دو گولیاں ضرورت پڑنے پر فائر کرنے کے لیے کافی تھیں۔ پانچ گز کا فاصلہ رہ گیا تو جگت جان کر پتھر سے ٹھوکر کھاتا ہوا نیچے گرا۔ "اوئے رہا......" کی آواز سے ہاتھ کی لاٹھی دور جا گری۔ گھٹنہ دباتا ہوا وہ بیٹھ گیا۔ پولیس والے کے جوتوں کی آواز قریب آ رہی تھی۔ خطرناک لمحہ قریب آ رہا تھا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

"اوئے بابا! اس اندھیرے میں کہاں جارہے ہو؟" پولیس والے نے لاٹھی اٹھا کر اسے کھڑا کرنے کے لیے سہارا دیا۔

"رب تمہیں خوش رکھے بیٹا۔" آنکھیں بند رکھ کر جگت بھرائے ہوئے لہجے میں بولا۔ "اندھے کو اندھیرا کیا اجالا کیا۔"

اس کی لاٹھی دیتے ہوئے اس کا دھیان جھکے ہوئے چہرے کی جانب گیا' آنکھوں سے بھی جگت نے محسوس کیا کہ وہ اسے دیکھ کر دو قدم پیچھے ہٹ گیا تھا۔ لمحہ دو لمحے میں وہ فائر کردے گا یا چیخ مارے گا۔ ایک پل کے لیے اسے پستول نکالنے کی خواہش ہوئی' مگر دل مضبوط کرلیا۔ وہ پولیس والے کو سوال کرنے کا موقع دیے بغیر خوفزدہ لہجے میں بولا۔ "سانپ..... سانپ....." اچانک خطرہ انسان کا ذہن سن کردیتا ہے۔ اندھا آدمی سانپ کو کیسے دیکھ سکتا ہے؟ یہ سوچے بغیر پولیس والا بھڑک کر عقب میں دیکھنے لگا اور جگت نے چیتے کی سی پھرتی سے زقند بھری۔ فولادی کلائیوں سے پولیس والے کے حلق کے گرد گھیرا ڈال دیا اور دوسرے ہاتھ سے اس کا منہ دبا کر بند کردیا پھر اس طرح لٹک گیا کہ جسم کا بوجھ اس پر آجائے۔ گردن کا گھیرا پولیس والا ضبط نہ کرسکا اور زمین پر گر پڑا اس کے ہاتھ سے رائفل گر گئی پھر بھی جگت نے گرفت ڈھیلی نہیں کی۔ وہ بھی اس پر گرا۔ یہ سب چند لمحے میں ہوگیا پھر بھی جگت کوئی خطرہ مول نہیں لینا چاہتا تھا۔ برابر پڑی ہوئی رائفل اٹھا کر اس کا بٹ اس نے پولیس والے کے سر پر مارا۔ ضرب زوردار تھی' ایک ہلکی سی چیخ گونجی' جگت رائفل اٹھا کر بھاگنا چاہتا تھا مگر کسی کے دوڑنے کی آواز سنائی دی۔ جگت کو سمجھنے میں غلطی ہوگئی تھی۔ اس نے ایک ہی پولیس والے کی گنتی کر رکھی تھی مگر وہ دو تھے' پہلے والے کو بٹ نہ مارا ہوتا تو دوسرے کی توجہ اس طرف نہ ہوتی۔ وہ تیزی سے ایک درخت کے پیچھے چھپ گیا۔ دوڑتا ہوا پولیس والا کچھ دور کھڑا رہ کر ٹارچ سے آس پاس کا جائزہ لینے لگا۔ روشنی کا دائرہ زخمی پولیس والے پر ٹھہر گیا۔ اس نے تیزی سے روشنی کا دائرہ چاروں سمت گھمایا مگر کچھ نظر نہ آیا۔ جگت جس درخت کے پیچھے چھپ کر کھڑا تھا' وہاں روشنی کا دائرہ رک گیا۔ جگت ہوشیار ہوگیا۔ اس نے رائفل کے دھماکے کا انتظار کیا مگر روشنی کا دائرہ ہٹ گیا۔ جگت پولیس والے کے جوتوں کی آواز پر کان لگائے کھڑا تھا کہ شاید وہ قریب آکر نشانہ لے گا۔

پندرہ منٹ اسی طرح بیت گئے مگر یکایک آہٹ رک گئی تو جگت الجھن میں پڑ گیا۔ "کیا وہ اسے دیکھ چکا ہوگا؟ کیا کوئی آڑ لے کر فائر کرنا چاہتا ہوگا؟ پھر تو دیر ہوجائے گی۔ اس نے تنے کے عقب سے رائفل کی نال نکال کر لبلبی پر انگلی رکھ دی۔ صرف ایک آنکھ سے اس نے عقب میں نظر دوڑائی۔ مخالف سمت سے فائر ہونے کی صورت میں خطرہ تھا مگر اس کا خوف غلط تھا۔ پولیس والا تو زخمی ساتھی کے جسم پر سر جھکا کر ٹارچ کی روشنی میں اس کا زخم دیکھ رہا تھا۔ جگت نے موقع سے فائدہ اٹھایا' جست لگا کر وہ اس پر جھپٹا۔ اس سے پہلے کہ وہ چونک کر کھڑا ہوا اس نے ضرب لگائی' جگت کا نشانہ چوک گیا۔ گرتے ہوئے پولیس والے نے رائفل کی لبلبی دبانے کی کوشش کی۔ جگت چونک گیا اس کے پاس دو راستے تھے۔ اس کا نشانہ خالی کردینے کے لیے ہٹ جاتا یا رائفل کے فائر کو روکتا۔ موقع نازک دیکھ کر اس نے دوسرا خطرہ مول لیا۔ اس نے رائفل تھامے ہوئے ہاتھ کو زور سے جھٹکا دیا۔ وہ اتنا قریب آگیا تھا کہ لبلبی دبنے کی صورت میں گولی اس کا سینہ چیر دیتی مگر پولیس والے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

کی انگلی دیر سے لبلبی تک پہنچی اور رائفل اس کے ہاتھ سے دور جا گری۔ جگت اس کے سینے پر چڑھ بیٹھا۔ اندھیرے میں دونوں میں سے کسی کا چہرہ نظر نہیں آ رہا تھا۔ جگت کے ذہن پر شیطان سوار ہو گیا۔ ارجن سنگھ نے ویرو کا لالچ دے کر اسے پھنسانے کی چال چلی تھی۔ یہ غصہ اس نے پولیس والے پر اتارا' جگت کے بھاری جسم کا وزن اس کے سینے پر گرا تو وہ ہاتھ پیر ہلانے کی کوشش کرنے لگا۔ چیخ مارنے کے لیے اس نے منہ کھولا تو جگت نے فوراً ہی اس کے جبڑے پر دو گھونسے جڑ دیئے پھر اس کے بالوں کو مٹھی میں لے کر بازو کا تمام زور آزما کر اس کا سر زور سے زمین پر پٹخنے لگا۔ جب وہ اس کے سینے پر سے اٹھا تو اسے پیر کا درد اور فرار ہونے کا خیال آیا۔ اس نے دونوں پولیس والوں کے جسم گھسیٹ کر برابر والی کھائی میں ڈال دیئے اور ان کی رائفلیں اٹھا کر وہاں سے فرار ہو گیا۔ دو گھنٹے میں اسے بہت دور نکل جانا چاہیے تھا۔ کسے معلوم آگے کون سی مصیبت اس کا انتظار کر رہی ہوگی......؟

O✤O✤O

جگت جس قدر ویرو کی تلاش میں مایوس ہو گیا' اسی قدر زیادہ بپھرنے لگا۔ باپ دادا کے انتقام کے سلسلے میں اس کے تمام دشمن بھینٹ چڑھ چکے تھے۔ پھر بھی انتقام کی آگ بجھنے کی بجائے اور بھڑک اٹھی تھی۔ ویرو کو چھین لینے والا سارا سماج اسے دشمن دکھائی دیا۔ اپنی آزادی چھین لینے والے پولیس ڈیپارٹمنٹ کے خلاف اس نے جنگ شروع کر دی تھی۔ اس کی دھاک پھر بیٹھ گئی۔ انعام کے لیے جگا کے سر کی رقم بڑھ گئی مگر جگا کی عزت ہونے لگی۔ وہ بے لگام ہو چکا تھا۔

ساتھی حیرت زدہ تھے۔ "جگت! تم بہت زیادہ بدل گئے ہو۔ تم نے بال کاٹ کر مذہب کا فرمان ٹھکرایا' اسی کا یہ اثر ہے۔ بال رکھ لو ورنہ بھگوان کا غضب نازل ہوگا۔" وہ کہتے۔

"غضب......" جگت پھیکی ہنسی میں بولا۔ "میں نے مذہب کو سینے سے لگایا اس کا مجھے کیا انعام ملا؟ بغاوت ختم کرنے کے لیے چار سال جیل کی تکالیف برداشت کیں' گھر واپس لوٹا مگر مجھے گھر کا سکھ نہیں ملا۔ ویرو نہیں ملی۔ کوئی میرے دل کے درد کو نہیں سمجھ سکا۔ کسی نے مجھے سچ بات نہیں بتائی۔" وہ کچھ رک گیا۔ اس کی آنکھوں میں سرخی ابھر آئی۔ "اب ڈاکو ہی رہوں گا تو اچھے برے کی تمیز کرنے سے فائدہ بھی کیا ہوگا۔"

"جگت! یہ تم نہیں بلکہ تمہارے اندر کا شیطان بول رہا ہے۔" بچن نے غصے میں کہا۔

جگت بپھر گیا۔ "اچھا...... اب تمہیں مجھ میں شیطان نظر آتا ہے؟ پھر مجھے اکیلا چھوڑ دو' تم سب مجھے چھوڑ جاؤ۔"

بچن کو بہت صدمہ ہوا۔ ویرو کی جدائی میں وہ اس قدر پاگل ہو جائے گا یا اس سے برداشت نہیں ہوا پھر بھی جگت کو چھوڑنے کے لیے وہ تیار نہیں تھا۔ جگت کے ذہن کو ٹھنڈا کرنے کا علاج کیا ہے' ویرو؟ مگر اس کا پتہ نہیں' نہ ہی پتہ چلے گا۔ ہاں...... چندن بھابھی ہے۔ سب کے لیے برا کہنے والا جگت' چندن کور کا نام آتے ہی نرم پڑ جاتا تھا۔ اس کی قربت جگا کو ٹھکانے لگائے گی۔ نفرت کو ختم کرنے کے لیے پیار سے بڑھ کر کوئی علاج نہیں۔ مگر دونوں کا ملاپ کس طرح کیا جائے؟ گھر کا نام سن کر جگت برہم ہو جاتا تھا۔

"میں اس چوکھٹ پر کبھی قدم نہیں رکھوں گا۔" وہ کہتا۔

"جگت! میں دو دن پہلے اچلا سے ملا تھا' وہ

www.paksociety.com www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

تمہارے گھر رہتا جانے والی ہے۔ چندن بھابی کو کچھ بھیجنا ہے؟"

"خیریت بھیج دینا۔" جگت بولا جیسے ٹالنا چاہتا ہو مگر بچن کے لیے اتنا کافی تھا۔ اچلا' چندن بھابھی سے ملنے جائے گی اتنی اطلاع دینی کافی تھی۔ باقی وہ خود سنبھال لے گا۔

○❖○❖○

"آؤ بہن..... کس سے کام ہے؟" ماں جی نے انجانی عورت کا استقبال کرتے ہوئے کہا اور اسے چارپائی پر بٹھایا۔ اچلا' جگت کی ماں کو غور سے دیکھ رہی تھی۔

"چندن بھابھی نہیں ہیں!؟"

"اوپر گئی ہوئی ہے۔" ماں جی اب غور سے اسے دیکھنے لگیں۔ چندن کور کو بھابھی کہنے والی عورت کون ہو سکتی ہے؟ اسے پہلے بھی کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اچلا کا دل اوپری منزل پر جانے کو چاہا مگر وہ ضبط کر گئی۔

"لڑکی! میں نے تمہیں پہچانا نہیں۔" ماں جی نے بے چین لہجے میں کہا۔ "آنکھیں دھندلی ہونے لگی ہیں۔"

"میں..... میں اچلا ہوں۔" اپنی پہچان بتاتے ہوئے وہ ذرا ہکلائی۔ صرف نام بتایا۔ ماں جی اور الجھن میں پڑ گئیں۔ اسی لمحے چندن نیچے آ گئی۔ اچلا دو چار لمحے اسے دیکھتی رہی پھر مسکرا کر بولی۔ "آپ ہی چندن بھابھی ہیں؟"

"ارے..... یہ چندن کو بھی نہیں پہچانتی؟" ماں جی بڑبڑائیں۔

"میں نے آپ کو پہچانا نہیں۔" چندن صرف اتنا بولی۔

"ہم پہلی بار مل رہے ہیں لہٰذا آپ کیسے پہچانیں گی؟" اچلا پراسرار لہجے میں بولی۔ "ویرو میرے ہی ہاں رہی تھیں..... دودھیا میں۔" ماں جی چونک گئیں۔ چندن بھی سمجھ گئی۔

"اوہ اب خیال آیا بھئی..... آپ اچلا بہن ہیں۔" یہ کہہ کر وہ اچلا سے لپٹ گئی۔ ماں جی کو ان کا اس طرح لپٹ جانا کچھ اچھا معلوم نہیں ہوا۔ ویرو کے لیے محبت رکھنے والی ماں جی کو اب اس کے نام سے نفرت ہو گئی تھی جس کی وجہ سے جگت گھر چھوڑ گیا' قتل کیا' پھر ڈاکو بن گیا۔ ویرو کی پہچان والی عورت کے لیے ان کی نفرت جاگ گئی۔ چندن اچلا کو اندر لے گئی۔ دونوں نے بہت سی باتیں کیں۔ جگت کی باتیں سننے میں چندن ایسی گم ہو گئی کہ چولہا جلانے کا ہوش نہ رہا۔

"بچن سنگھ نے مجھے ایک کام سے آپ کے پاس بھیجا ہے۔" اچلا اب خاص بات پر آ گئی۔ "جگت بھائی تم سے ملنے نہیں آئیں گے' تم ان سے ملنے جاؤ گی۔"

"کہاں؟ کس طرح؟" چندن کا دل دھڑک اٹھا۔ جگت سے ملنے کے لیے وہ تڑپ رہی تھی۔ چھ ماہ میں ایک بار بھی اس نے خبر نہیں لی تھی۔ چندن کو اس کا افسوس تھا۔

"الور میں..... جہاں تمہاری زمین ہے۔" بچن کی بتائی ہوئی بات اچلا کہنے لگی۔ "پولیس کو شک بھی نہیں جائے گا اور جگت بھائی کے ساتھ تم وہاں کچھ دن اطمینان سے رہ سکو گی۔"

چندن سوچ میں ڈوب گئی۔ "وہاں جانے کے لیے ساس سسر اجازت دیں گے؟ اچلا بہن! آپ کو میری وجہ سے تھوڑا جھوٹ بولنا پڑے گا۔"

"کیا؟" اچلا نے حیرت سے پوچھا۔

"ماں جی سے کہنا انہوں نے ملاقات کے لیے مجھے الور بلایا ہے۔ بیساکھی کا تہوار منانے۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

SCANNED BY DIGESTPK

اچلا ماں جی کی جانب بڑھنے کے لیے اٹھی، مگر چندن نے روک لیا۔ "ابھی نہیں، میرے سسر کے آنے کے بعد۔"

"بہتر ہے۔" یہ کہہ کر اچلا بیٹھ گئی۔ بچن نے اس سے جو کچھ کہا تھا وہ کہنے کے لیے زبان ساتھ نہیں دے رہی تھی۔ آخر ہمت کی۔ "چندن بھابھی! جگت بھائی کا آج کل دماغ گھوم گیا ہے۔ بچن سنگھ کہہ رہے تھے کہ وہ پہلے جیسے نہیں رہے۔ آپ انہیں سنبھالنا۔ آپ جیسی عورت کے ہوتے ہوئے وہ ویرو کے لیے اس طرح کیوں تڑپ رہے ہیں؟"

چندن کی آنکھیں برسنے لگیں۔ کچھ دیر رو لینے کے بعد وہ بولی۔ آواز بھرائی ہوئی سی تھی۔ "ہمارے سب کے نصیب خراب ہیں بہن! نہیں تو میں اپنے ہاتھوں ویرو کو اس گھر میں لے آتی۔"

اسی لمحے صدر دروازہ کھلا، بات ادھوری رہی۔ چندن اٹھ گئی۔ سوہن سنگھ گھر میں آئے۔ ان کا چہرہ مرجھایا ہوا تھا۔ وجہ پوچھنے کی نوبت نہ آئی کیونکہ ان کے پیچھے ارجن سنگھ دروازے میں داخل ہوا۔ آخری چار ماہ میں چھ بار گھر کی تلاشی لے چکا تھا۔ جب بھی آتا تھا چیزیں بکھیر دیتا۔ دھمکی دیتا۔ چار چھ دن کے لیے سب کی نیندیں خراب کر کے چلا جاتا۔ اسی وجہ سے اس کی اچانک آمد نے سب کو دم بخود کر دیا۔

"صاحب! آپ ہمارے پیچھے کیوں پڑ گئے ہیں؟" جگت کے باپو بے چین لہجے میں بولے۔

ارجن کے پیچھے دو سپاہی کھڑے ہوئے تھے، وہ تلاشی کے لیے اندر جانے کا انتظار کر رہے تھے۔ "کیا کروں بزرگ..... فرض تو پورا کرنا ہی پڑتا ہے۔" ارجن سنگھ کے لہجے میں ریاکاری تھی۔ "تمہارا بیٹا ہمیں کتنا پریشان کر رہا ہے؟ اب پولیس پر وار کرنے سے بھی نہیں ہچکچاتا۔"

"مگر اس میں ہمارا کیا قصور؟ وہ یہاں کبھی نہیں آتا۔ لوٹ کا مال ہمارے گھر میں ہونے کی غلط اطلاع پر ہمیں کیوں پریشان کیا جاتا ہے؟" سوہن سنگھ کے لہجے میں کچھ تلخی تھی۔ "ہر بار خالی ہاتھ لوٹتے ہو۔"

"اس بار شاید خالی ہاتھ نہیں لوٹوں گا۔" ارجن سنگھ برآمدے تک آ گیا۔

ماں جی درمیان میں آ گئیں۔ "چیف صاحب! ہمیں پریشان کرنے کا آپ کو بہانہ چاہیے۔ کیوں ہماری آہ لے رہے ہو؟"

ارجن سنگھ کی آنکھیں پھیل گئیں۔ "ماں جی! یہ سوال اپنے بیٹے سے پوچھو، روز کتنے لوگوں کی آہ لیتا ہے۔"

"میرا بیٹا...... میرا بیٹا کے طعنے رہنے دو صاحب!" ماں جی کا مزاج بگڑ گیا۔ "اب وہ ہمارا بیٹا نہیں رہا۔" چندن کے دل پر ضرب لگی۔ برابر کھڑی ہوئی اچلا بھی ماں جی کے غصے سے لرز گئی۔ سوہن سنگھ جگت کی ماں کو ٹھنڈا کرنا چاہتے تھے اسی لمحے ارجن سنگھ بولا۔

"کیا ایسا کہنے سے جگت تمہارا بیٹا نہیں رہے گا؟"

"میں نے اسے دل سے بھلا دیا ہے۔" ماں جی چیخ اٹھیں۔ "کہنے سے نہیں، بلکہ قانون کی رو سے۔" یہ کہہ کر جگت کے باپو کی جانب گھومیں۔ "انہیں عاق کرنے والی دستاویز دکھا دو۔"

سب بت کی طرح کھڑے رہ گئے۔ ارجن سنگھ کے لیے یہ حیرت کی بات تھی۔ چندن کور کے لیے یہ صدمہ تھا۔ سوہن سنگھ مکان میں گئے اور ایک بنڈل بنا ہوا کاغذ لے کر آ گئے اور ارجن سنگھ کے ہاتھ پر رکھ دیا۔ "لیجیے صاحب! اس کے علاوہ ہمارے پاس اس کا دوسرا علاج نہیں تھا۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

ایک سرکاری کاغذ سے ماں باپ اور بیٹے کے خون کا رشتہ کیسے ختم ہو جاتا ہے؟ چندن کور سوچ رہی تھی۔ ارجن سنگھ نے کاغذ واپس لوٹا کر چندن کور کی جانب نظر کی۔ اس کا غصہ اس نے کڑوے بول کہہ کر اتارا۔ "وہ آپ کا بیٹا نہیں رہا مگر اس کا شوہر تو رہے گا۔"

چندن کور کا جی چاہا کہ وہ پولیس چیف کا گلا دبا دے۔ ماں جی نے آج اپنے ہاتھوں ممتا کا گلا گھونٹ دیا تھا۔ عاق کرنے کی بات انہوں نے چندن سے پوشیدہ رکھی تھی۔ مجبوراً اسے اس وقت کھول کر اس کا دل دکھایا تھا مگر وہ کیا کرتیں؟

گھر کے تنگ ماحول سے اچانک گھبرانے لگی۔ اسے محسوس ہوا کہ اب اس کی حاضری یہاں غیر ضروری ہے۔ جاتے ہوئے وہ جگت کے باپو سے کہہ گئی۔

"تمہارے بیٹے کا پیغام میں نے چندن بھابی کو دے دیا ہے۔" سوہن سنگھ اور ماں جی چندن کو گھور رہے تھے مگر اچانک جا چکی تھی۔

بیساکھی سے چار روز پہلے چندن انور روانہ ہو گئی۔ مگر وہ لاعلم تھی کہ ارجن سنگھ کا آدمی اس کا تعاقب کر رہا تھا.....!!

○❖○❖○

دوپہر کا کھانا کھا کر ہزارہ ایک درخت کی چھاؤں میں لیٹا ہوا تھا۔ جگت کے باپو کی انور کی زمین کو کھیتی کے لائق بنانے کے لیے پانچ سال سے وہ کام کر رہا تھا۔ پنجاب چھوڑ کر راجستھان میں داخل ہونا بھی اسے پسند نہیں تھا مگر اسے جگت کے جیل سے رہا ہونے کا انتظار تھا تاکہ وہ اسے زمین سپرد کر کے چلا جائے۔ اس نے یہی سوچا تھا۔ بہن بہنوئی نے بھی ہزارہ کو یقین دلایا کہ تمہارے بھانجے کے جیل سے رہا ہونے کے دو چار ماہ بعد ہم سب وہاں رہنے آ جائیں گے مگر جگت دو ماہ بھی گھر میں نہ ٹک سکا اور ہزارہ کا تمام سوچنا بیکار گیا۔ جگت کے ہاتھوں موہن سنگھ کے قتل کے بعد ہزارہ نے پورے سات سال بعد گھر میں قدم رکھا تو نانا کا دل بھر آیا۔ سالوں پہلے جوش کی حالت میں انہوں نے بیٹے سے کہہ دیا تھا کہ جب تک جگت کا آخری دشمن ختم نہ ہو اس وقت تک تم گھر کی چوکھٹ پر قدم نہیں رکھو گے مگر آخری دو سال میں انہیں بیٹے کی جدائی بہت زیادہ ستانے لگی۔ بیٹے کو بیاہ کر گھر میں بہو لانے کے ارمان انہیں پریشان کر رہے تھے۔ آنگن میں جھولا بندھے تو تتلی زبان میں کوئی انہیں دادا دادا کہہ کر پکارے۔ معصوم بچہ ان کی پشت پر سوار ہو کر "چل میرے گھوڑے چل" کہہ کر کھیلے۔ وہ دن دیکھنے کے لیے ان کا بڑھاپا تڑپ رہا تھا۔

"بیٹا! اب جلد سے جلد تمہاری شادی کرنی ہے۔" نانا نے اس سے مشورہ طلب کیا مگر ہزارہ خاموش رہا۔ "جگت کی بیوی چندن کور کے رشتے داروں میں ایک لڑکی ہے، تم کہو تو بات کروں؟" تب ہزارہ کو بولنا پڑا۔

"باپو! آپ تو جانتے ہی ہیں کہ جگت اب کبھی گھر میں قدم نہیں رکھے گا۔ مجھے چندن کور کی فکر ہو رہی ہے۔ چار چھ ماہ تک شوہر نہ ملے یہ کون سی عورت برداشت کر سکتی ہے۔"

"بیٹا! اس بات کو کیوں درمیان میں لا رہا ہے؟" یہ بات نانا کی سمجھ میں نہیں آئی۔ وہ آخر میں بولے۔ "ہاں ہزارہ اس میں مایا کور کی غلطی تھی۔ جس طرح گھر میں ایک بار قدم نہ رکھنے کے لیے میں نے تم سے کہا تھا اسی طرح غصے میں اس نے بھی جگت سے یہی بات کہہ دی تھی۔ آخر تھی وہ میری بیٹی....." ان کی آواز میں جوش نہیں افسوس تھا پھر انہوں نے بنیادی بات کی۔ "مگر ہزارہ! چندن کور کے دکھ میں تم کنوارے نہیں رہو گے۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY DIGESTPK

"یہ بات نہیں باپو! میں بہن اور بھانجے کے درمیان نفرت دور کرنا چاہتا ہوں۔" وہ بولا۔ "جب جگت گھر میں آنے پر تیار ہوگا تو میں شادی کروں گا۔"

نانا کو اس کا ارادہ پسند آ گیا۔ مگر پھر سوچنے لگے۔ جگت یہ ضد ضرور پوری کرے گا' ایک بار اس سے کہا تو جائے۔ ماموں کے لیے بھانجا اتنا بھی نہیں کرے گا؟

اس بات کو چھ ماہ کا عرصہ گزر گیا۔ جگت ہزارہ کو نہ مل سکا۔ ہزرہ لیٹ کر ہرے بھرے کھیتوں کی جانب دیکھتا ہوا سوچ رہا تھا' اس بار بہن اور بہنوئی کی جانب سے بیساکھی منانے کے لیے خط بھی نہیں آیا۔ وہ دو دن سے ڈاکیے کا انتظار کر رہا تھا۔ شام تک رتیا یا دھرم پور سے کوئی خبر نہ آنے پر اس نے صبح پنجاب روانہ ہونے کے متعلق فیصلہ کر لیا تھا۔ کھیت کی حد کے قریب ایک ریڑھا نظر آیا۔ ہزارہ اٹھ کر بیٹھ گیا۔ "کون آیا ہوگا؟" وہ تیزی سے دوڑ گیا۔ چندن کور کو ریڑھے سے اترتے دیکھا تو سوچا کہ بہن بہنوئی بھی آئے ہوں گے مگر چندن کو اکیلی دیکھ کر وہ بے چین ہو گیا۔

"سب ٹھیک تو ہیں؟" اس نے پوچھا۔

دوپٹہ درست شانے پر کپڑوں کا بنڈل رکھتی چندن بولی۔ "سب خیریت سے ہیں۔"

"پھر تم اس طرح اکیلی.....؟" ہزارہ اس سے آگے نہ کہہ سکا۔ اسی لمحے چندن کور نے کن انکھیوں سے ریڑھے والے کی جانب دیکھا۔

"تمہارے رشتے کی خبر لائی ہوں۔" اور ہزارہ کو بولنے کا موقع دیے بغیر وہ مکان کی جانب بڑھی۔ ریڑھا آگے بڑھا۔ ہزارہ الجھن میں پھنسا رہا۔ چندن کور اس کے لیے رشتے کے متعلق خبر لے کر آئی ہوگی؟

"اس کے لیے تم نے یہاں تک آنے کی تکلیف گوارا کی۔" خبر معلوم کرنے کے لیے ہزارہ نے کہا۔

"تم جانتی ہو کہ جگت جب تک اپنی ضد نہ چھوڑے گا اس وقت تک رشتہ نہ کرنے کی میری ضد بھی جاری رہے گی۔" چندن کچھ دیر تک خاموش رہی۔ وہ مسکرا رہی تھی۔

سر جھکا کر اس نے کہا۔ "میں تم دونوں کی ضد چھڑانے آئی ہوں۔" پھر آہستہ سے بولی۔

"تمہارے بھانجے یہاں آ رہے ہیں۔"

"اچھا.....؟" ہزارہ کو حیرت ہوئی۔ "جگت اتنی دور آئے گا؟" خوشی کے جوش میں وہ بلند آواز میں بولا۔ چندن نے آس پاس نظر گھمائی۔

"یہاں کوئی چغلی کھانے والا تو نہیں ہے؟"

"فکر نہ کرو! بھانجے کا یہاں بال بیکا نہیں ہوگا۔" ہزارہ نے اطمینان دلایا۔ "بیساکھی کے بہانے کھیت میں کام کرنے والوں کو چار دن کی چھٹی دے دوں گا۔ لہٰذا ان کی حاضری نہیں رہے گی۔" چندن نے اطمینان کی سانس لی۔

"میں نے بڑی بے چینی سے سفر طے کیا ہے ممکن ہے کوئی مجھے دیکھ لے......پھر ملاقات کی بجائے زندگی بھر کی جدائی ہو جائے گی۔" چندن کی آواز بھرا گئی۔ ہر کوئی جانتا تھا کہ اب جگت کی گرفتاری ہونے کے بعد اسے کالے پانی سے کم سزا نہیں ملے گی جہاں سے کوئی واپس نہیں لوٹتا۔ چندن کور کی اس بے چینی نے ہزارہ کو ہوشیار کر دیا۔ اس کی خوشی اب اندیشوں میں گھر چکی تھی۔

(ان شاء اللہ باقی آئندہ ماہ)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com